جائزہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ، دہلی

مجلس ادارت

پروفیسر محمد مجیب　　ڈاکٹر سید عابد حسین

ڈاکٹر سلامت اللہ　　ضیاء الحسن فاروقی

عبداللطیف اعظمی (ناشر)

مطبوعات کا پتہ

رسالہ جامعہ، جامعہ نگر، نئی دہلی

P.O. JAMIA NAGAR, NEW DELHI-25

جامعہ

سالانہ چندہ
ڈیڑھ روپے

قیمت فی پرچہ
پچاس نئے پیسے

جلد ۴۶ | بابت ماہ نومبر ۱۹۶۱ء | شمارہ ۱

فہرست مضامین

قرآن مجید کے حروف مقطعات	ڈاکٹر ہاشم امیر علی	۳
حروف مقطعات کے متعلق مولانا فراہی کی تحقیق	مولانا امین احسن اصلاحی	۱۵
غزل	حضرت مرزا احسان احمد	۲۰
جگر کی نظریاتی شاعری (۲)	جناب محمود علی خاں جامعی	۲۱
نغمۂ دیگر	جناب سلام مچھلی شہری	۳۶
حالات حاضرہ	جناب عشرت علی صدیقی	۴۲
تنقید و تبصرہ	ع ل ا	۴۸
مجیب صاحب کا سفر کینیڈا	پروفیسر محمد مجیب	۵۱
گرد اکنف جامعہ	ع ل ا	۵۵

جامعہ

[illegible]نہ چندہ	قیمت فی پرچہ
[illegible] روپے	پچاس نئے پیسے

[illegible]د ۴۶	بابت ماہ نومبر ۱۹۶۱ء	شمارہ ۱

فہرست مضامین

قرآن مجید کے حروف مقطعات	ڈاکٹر ہاشم امیر علی	[illegible]
حروف مقطعات کے متعلق مولانا فراہی کی تحقیق	مولانا امین احسن اصلاحی	۱۵
غزل	حضرت مرزا احسان احمد	۲۰
جگر کی نظریاتی شاعری (۲)	جناب محمود علی خاں جامعی	۲۱
نغمۂ ٹیگور	جناب سلام مچھلی شہری	۳۶
حالاتِ حاضرہ	جناب عشرت علی صدیقی	۴۲
تنقید و تبصرہ	ع ل ا	۴۸
مجیب صاحب کا سفر کینیڈا	پروفیسر محمد مجیب	۵۱
کوائف جامعہ	ع ل ا	۵۵

قرآن مجید کے حروفِ مقطعات

ڈاکٹر ہاشم امیر علی

جامعہ طیبہ اسلامیہ سے تعلق پیدا کرنے کا ایک مقصد یہ بھی تھا کہ یہاں کے ارباب علم و فضل سے کچھ حاصل کروں۔ چنانچہ ایک سال قبل یہاں چند ہی روز رہنے کے بعد مولانا عبدالسلام قدوائی صاحب اور قاضی زین العابدین دمیرٹھی صاحب سے نیاز حاصل ہوا اور میں نے ہر دو اصحاب سے استدعا کی کہ قرآن مجید کے حروف مقطعات کے بارے میں زیادہ سے زیادہ مستند تفاسیر میں جو بیان کیا گیا ہے، اس کا خلاصہ لکھنے کی تکلیف گوارا فرما کر رہبری فرمائیں۔ دونوں بزرگوں نے ازراہ عنایت میری خواہش پر التفات فرمایا اور اپنا قیمتی وقت کر کے ایک ایک نوٹ ارسال فرما دیا۔ یہ میری بدقسمتی تھی کہ سال بھر ان کی اس محنت سے استفادہ نہ کر سکا۔ شکر ہے کہ تعطیلات گرما میں اس کا موقع ملا کہ ان کے مرتب کردہ خلاصہ جات کو بنیاد بنا کر ان نتائج کو تحریر میں لاؤں جو خود اس ناچیز کی بیس سالہ کاوش سے حاصل ہوئے ہیں۔

قاضی زین العابدین صاحب کی تحریر طویل و مفصل ہے، اس کو بطور ضمیمہ مولوی عبدالسلام صاحب کی جامع اور مختصر ہے، اس کو مکمل طور پر بطور تمہید پیش کر رہا ہوں۔ وہ یہ ہے :-

حروف مقطعات کے بارے میں ابن جریر طبری کی تحریر کا خلاصہ :-

۱- قرآن مجید کے نام ہیں (مجاہد - ابن جریج)

۲- افتتاحی الفاظ ہیں جن سے سورتوں کا آغاز کیا گیا ہے (مجاہد)

۳- سورتوں کے نام ہیں (عبدالرحمن ابن زید بن اسلم)

۴- اللہ تعالیٰ کے اسم اعظم ہیں (شعبی - سدی)

۵- قسمیں ہیں۔ (ابن عباس)

۶- الفاظ کے مخفف ہیں (سعید بن جبیر)

مثلاً الٓمٓ میں الف سے اللہ، ل سے جبریل، م سے محمدؐ یعنی اللہ تعالیٰ نے جبریل کے واسطے سے حضرت محمدؐ پر نازل کیا۔

۷۔ خدا کے اسماء و صفات کی جانب اشارات ہیں۔

۸۔ ابجد کے قاعدے سے اشخاص و امم کے متعلق سنین و اعداد ہیں (لیکن اس قول کو ابن جریر نے فضول قرار دیا ہے)

۹۔ صرف حروف معجم ہیں۔ عربوں میں اس قسم کی تحریر کا رواج تھا۔

مثلاً ایک شاعر کا مصرع ہے۔ قُلنا لہا قفی قالت قاف (یہاں قاف سے مُراد وقفتُ ہے)

۱۰۔ اسرار و رموز الٰہی ہیں۔ ان کی حقیقت سے صحیح واقفیت نہیں ہے۔

(مولانا عبدالسلام کا نوٹ ختم)

انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا میں مضمون "قرآن" کے تحت اندراج کا خلاصہ

مزید وضاحت کے لئے مغرب کے علماء نے اپنے وسیع مطالعہ اور چھان بین سے جو نتائج نکالے ہیں اور انگریزی زبان کے اس مستند ترین ذخیرۂ علم میں جو خلاصہ پیش کیا ہے، اس کا ترجمہ درج ذیل ہے:-

"قرآن کی ۲۹ سورتوں کی ابتداء میں چند حروف تہجی پائے جاتے ہیں (مثلاً الف ل م ح م وغیرہ) ان کے مختلف مفہوم پیش کئے گئے ہیں، مثلاً یہ کہ یہ الفاظ کے ناموں کے مخفف ہیں، یا یہ کہ ان اشخاص کے ناموں کے مخفف ہیں جن سے مختلف سورتوں کے مسودے حاصل کئے گئے تھے وغیرہ وغیرہ، لیکن کوئی نظریہ بھی عام مقبولیت حاصل نہ کر سکا۔" صفحہ ۴۷۹)

انسائیکلو پیڈیا آف اسلام میں اس مسئلہ پر بہت تفصیل سے بحث کی گئی ہے، لیکن اس کا لب لباب یہی ہے اور آخر میں یہ لکھا گیا ہے کہ اکثر مفسرین نے اس مسئلہ پر خیال آرائیاں کرنے کے بعد اپنے تبصروں کو "واللہ اعلم" پر ختم کیا ہے۔

اس مختصر تمہید کا خلاصۃ الخلاصہ یہ ہے کہ متقدمین و متاخرین و مستشرقین میں سے کسی نے بھی اس مسئلہ کو حل نہیں کیا اور جتنے مختلف نظریئے بیان کئے جائیں گے ان کا خلاصہ یہی ہوگا کہ کسی کو بھی اپنے یا کسی اور کے بیان کردہ نظریہ پر کامل اعتماد نہیں ہے۔

یہ اسی قسم کا مسئلہ بن گیا ہے جس کو حل کرنے سے عاجز آکر شاعر کہہ اٹھا ہے

حدیث از مطرب و مے گو و راز دہر کمتر جو
کہ کس نکشود و نکشاید بحکمت ایں معما را

ہر ہے کہ ایسے موضوع پر مجھ جیسے ہیچ مداں کی خامہ فرسائی جسارت جاہلانہ کی مترادف سمجھی جا سکتی ہے۔ ین جاہلوں کو عالموں پر ایک طرح سے ترجیح حاصل ہوتی ہے۔ کوئی نئی نرالی بات کہنے سے عالم کو ڈر تا ہے کہ کہیں اس کے کہنے کی اس وجہ سے اسے عالموں کے زمرہ سے خارج نہ کر دیا جائے اور جاہل کو ئی نرالی بات کہنے سے اس خوف کی گنجائش نہیں ہوتی۔ بہرحال میں پہلے اپنا نظریہ پیش کرتا ہوں ساتھ ہی ں کے لئے قرآن مجید سے ثبوت فراہم کرنے کی کوشش کروں گا۔

سادہ حقیقت یہ ہے کہ یہ سب حروف مقطعات، بلا استثناء، اس طرز تخاطب کے نمونے یں، جن سے حق تعالیٰ اپنے رسول کو انفرادی طور پر مخاطب کرتا ہے۔

ایک طرف یا ایہا المزمل (۷۳)، یا ایہا المدثر (۷۴)، یا ایہا النبی (۳۳) اور دوسری طرف طٰہٰ (۲۰)، یٰسین (۳۶) طسم ( ) الم وغیرہ میں فرق صرف اتنا ہے کہ اول الذکر طرز تخاطب کا ذریعہ "کلمات ندا" ہیں اور ثانی الذکر طرز تخاطب کا ذریعہ "حروف ندا" ہیں۔ ہر جگہ مراد ہے: "او محمد!" یہ ایسا نظریہ ہے، جس کا ثبوت مجھے دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ انتیس ۲۹ کی انتیس ۲۹ سورتوں کی تلاوت فرمایئے۔ ہر جگہ میرے نظریہ کا ثبوت حروف مقطعات کی مابعد آیتوں میں آپ کو خود مل جائے گا۔

چند مقامات کے متعلق تو ایک عرصے سے میرے نظریہ کا تسلیم کیا جانا ظاہر ہوتا ہے۔ مثلاً جامی کا قصیدہ ہے۔

طٰہٰ و یٰسین نام تو، انا فتحنا کام تو
قرآن ز حق پیغام تو، اے آفرینش را بہا

ان دو سورتوں (طٰہٰ ۲۰ اور یٰسین ۳۶) کے اردو ترجموں میں سے چند تو ایسے ہیں جنہیں حروف عات کے بعد قوسین میں (یا محمدؐ) لکھ بھی دیا گیا ہے۔ لیکن کوئی ترجمہ یا تفسیر نہیں جس میں انتیس کے

ن مقامات پر حروف مقطعات کا یہی مفہوم یا اس قسم کا شبہ ظاہر کیا گیا ہو۔ لیکن متقدمین
ناخرین یا مستشرقین میں سے اگر کسی نے بھی یہ بات نہیں کہی ہے، تو اس کے معنی یہ ہرگز نہیں کہ ایسی نئی
ت صحیح ہو ہی نہیں سکتی۔ قرآن مجید اپنی اصلی زبان میں ہمارے سامنے موجود ہے۔ مختلف زبانوں میں بیسیوں
ترجمے کئے گئے ہیں۔ اگر آپ عربی جانتے ہیں تو اصل متن میں ان انتیس سورتوں کی ابتدائی آیتوں کی تلاوت
فرمایئے۔ اگر عربی نہیں جانتے تو جس زبان سے بھی آپ واقف ہیں، اس زبان کے ترجمے کا مطالعہ کیجئے
اصل حروف مقطعات کو نظر انداز کر کے مابعد آیتوں کو دیکھئے تو میں دعوے سے کہتا ہوں کہ ہر جگہ واحد حاضر
سے مخاطبت ہے اور اکثر و بیشتر مقامات پر حروف ندا "یا ایہا" اور محمدؐ کے بعد حسب ذیل چار مضامین کے
منجملہ ایک یا ایک سے زیادہ مفہوم ضرور موجود ہے :-

۱۔ یہ کلام یا آیات یا کتابت من جانب اللہ ہے۔

۲۔ تم کو اللہ کی رہبری میسر ہے، نہ کہ شیطان کی۔

۳۔ تمہاری ہدایت سے وہ لوگ ضرور مستفید ہوں گے، جن کے دل حق کو ماننے کی طرف مائل ہیں۔
بس تم مایوس نہ ہو۔

۴۔ ان لوگوں کی پروا مت کرو جو اپنے غلط تصورات میں اس قدر گمن ہیں کہ کوئی نئی بات سننا یا
سمجھنا ہی نہیں چاہتے۔ تم پر ان کی ذمہ داری نہیں ہے۔

کیا یہ تصور بھی کیا جا سکتا ہے کہ ایسی نصیحت یا نصیحتیں سوائے رسول کے کسی اور کے لئے ہیں؟
اگر غور و فکر سے دیکھئے تو ان انتیس کی انتیس سورتوں کی ابتدائی آیتوں میں وہی خلوص و محبت و شفقت
پائی جاتی ہے، جو سورۂ شرح میں واضح ہے۔

"تیرے مرجھائے ہوئے دل کو ہم نے تازہ کیا یا نہیں؟
تیری کمر کو جھکا دینے والا بوجھ ہم نے ہلکا کیا یا نہیں؟
کیا ہم نے تیرے غیر معروف نام کو درخشاں نہیں کیا؟
تکلیف کے بجائے آرام
بے چینی کے بجائے چین

بس اپنے فرائض کی طرف توجہ کر
اور اپنے حقیقی رب کی خدمت میں منہمک ہو جا۔

ملاحظہ فرمایئے کہ اس سورۃ میں حروف مقطعات بھی موجود نہیں، لیکن مخاطب کون ہے؟ صاف ظاہر ہے۔ اس کے بعد ان انتیس سورتوں میں سے کسی سورۃ کو بغور تلاوت فرمایئے۔ آپ دیکھیں گے کہ حروف مقطعات بھی اسی لب و لہجہ کا جزو بن جاتے ہیں اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان حروف کے بجائے کوئی اور طرز تخاطب ہوتا تو اتنی محبت و شفقت کا اظہار نہیں ہو سکتا تھا۔

واقعہ یہ ہے کہ ناچیز کے اس نظریہ کا اس قدر ثبوت خود قرآن کریم میں واضح ہے کہ مجھے واللہ اعلم بھی کہنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اسی عالم حقیقی کی قدرت سے یہ جاہل مطلق دعویٰ کر سکتا ہے کہ جو کچھ پیش کیا گیا ہے، اس کا ثبوت من جانب اللہ موجود ہے۔

اس طویل اندھیرے میں اس نئی روشنی کے باوجود یہ ضرور کہا جائے گا کہ حروف مقطعات کا مفہوم پوری طرح واضح نہیں ہوا، تاکہ ان سے آں حضرت مراد ہیں مگر اتنے مختلف طرز ہائے تخاطب کیوں؟ اور الم اور المر اور کہیعص میں کیا فرق ہے؟ ان مختلف مجموعوں کا مفہوم بالکل ایک تو نہیں ہو سکتا، جب تک اس کی وضاحت نہ کر دی جائے اور ابہام کی کوئی گنجائش باقی نہ رہے، اس نظریہ کو پوری طرح سے قبول نہیں کیا جا سکتا۔

مجھے اس عدم تکمیل کا اعتراف ہے، لیکن میری رسائی یہیں تک ہے اور اس سے آگے نہیں۔ مجھے صرف اتنا بتانے کی توفیق ہے کہ "ن" سے دوات یا مچھلی مقصود نہیں ہے، "ق" سے خاموش کہنا مقصود نہیں ہے، نہ یہ اسماء قرآن ہیں، نہ اسماء سور، غرض طبری کے بیان کردہ دس کے دس نظریے بے بنیاد ہیں۔

یہ سب کے سب تخاطب کے وہ نمونے ہیں جن سے محب حقیقی نے اپنے محبوب کو خطاب کیا ہے۔ ان کا مفہوم کیا ہے؟ یہ پوچھنا بھی میرے لئے بے ادبی ہوگی۔ اور کسی نام کے معنی و مفہوم کے جاننے کی ضرورت ہی کیا ہے؟ کتنے ہزاروں، لاکھوں نام ہیں، جن کا مفہوم رہین طاق نسیاں ہے، اور جن کی حیثیت صرف نام کے حد تک باقی رہ گئی ہے۔

"طٰہٰ" کے متعلق ابوالکلام آزاد نے اپنے ترجمان القرآن میں حسب ذیل نوٹ دیا ہے۔
"طاہا" (یعنی اے شخص مخاطب) عربی میں طاہا ایک کلمۂ ندا ہے، کسی کو مخاطب کرنا ہو تو پکارتے
ہیں "طاہا" یعنی اے شخص۔
محمد علی نے لکھا ہے کہ چند خاص قبیلوں کی زبان میں طاہا کا مفہوم "یا رجل!" کے مماثل ہے۔ کیا
ممکن نہیں کہ عرب کے سینکڑوں قبیلوں میں اسی "یا رجل!" کا مماثل کہیں "الم" ہو اور کہیں "الم" ہو؟۔
مقامات حریری میں بتلایا گیا ہے کہ اصل حروف ندا چار ہیں۔ (۱) ہمزہ (۲) الف مع مد (۳) یا۔
(۴) ای۔ ان میں سے ہمزہ کا استعمال اس وقت موزوں ہے، جب شخص مخاطب قریب ہو اور الف مع مد
اس وقت موزوں ہے جب شخص مخاطب دور یا مماثل دور ہو یعنی کسی اور طرف منہمک ہو یا سو رہا ہو۔
یہ امر غور طلب ہے کہ تقریباً جملہ حروف مقطعات پر مد موجود ہیں، کیا اس کے معنی یہ نہیں ہو سکتے
کہ الم کو الف، لام، میم پڑھنا جائز نہیں ہو سکتا۔ ہم کو تو "آ لام میم" پڑھنا چاہیئے اور اگر یہ
ہے کہ آ لام رے، طا سین میم اور اسی طرح دوسرے مقامات میں بھی پہلے حرف کو مد سے پڑھا جا
تو کیا یہ حروف طرز تخاطب کی شکل اختیار نہیں کر لیں گے؟
اس ناچیز کا ہرگز ہرگز یہ دعویٰ نہیں ہے کہ اس نے حروف مقطعات پر آخری لفظ لکھ دیا
کار دنیا کسے تمام نکرد۔ خدا کرے سینکڑوں عربی داں و متجسس و کاوش پسند ارباب علم کے دلوں میں تحقیق
تفتیش کا ذوق و شوق پیدا ہو اور وہ ان حروف ندا کے مختلف نمونوں کے مختلف معنی نکال کر بتا
سکیں کہ کسی محب کے لئے اپنے محبوب کو خطاب کرنے کے لئے کیسے کیسے لطیف و معنی خیز مخفف
استعمال کئے جا سکتے ہیں۔
اب حروف مقطعات سے متعلق قدیم علمائے اسلام اور مفسرین قرآن کی رائیں ملاحظہ ہوں
جنھیں قاضی زین العابدین سجاد صاحب نے مرتب کیا ہے۔
قرآن کریم کی بعض سورتوں کے آغاز میں جو حروف مقطعات آئے ہیں ان کی تحقیق میں علماء تفسیر
کے مختلف قول ہیں۔
(۱) بعض مفسرین نے کہا ہے کہ ان سورتوں کے نام ہیں جن کے شروع میں یہ لائے گئے ہیں چنانچہ

الم سورہ بقرہ کا نام ہے۔

(۲) بعض کی رائے ہے کہ یہ دو سورتوں کے درمیان حد فاصل کا کام دیتے ہیں۔

(۳) بعض کا قول ہے کہ یہ حروف بعض کلمات کی طرف اشارہ کا کام دیتے ہیں۔ کلام شعراء عرب میں بھی اس کی مثال موجود ہے۔ مثلاً قلنا قفی لنا فقالت قاف" (ہم نے اس سے کہا کہ ٹھہر جا ہماری وجہ سے۔ تو اس نے جواب دیا" قاف" یعنی وقفت (میں ٹھہر گئی)

ابو العالیہؒ سے روایت ہے کہ الم میں الف سے "اللہ" لام سے "لطف الٰہی" اور میم سے اس کا ملک "زوال" مراد ہے۔

ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ المص اس جملے کی طرف اشارہ ہے انا اللہ اعلم و افصل (میں اللہ ہوں بہت زیادہ جاننے والا اور بہترین فیصلہ کرنے والا) وغیرہ۔

(۴) بعض اہل علم کا خیال ہے کہ حروف مقطعات سے قوموں اور جماعتوں کی مدت عمر میں اور انقلابات وحوادثات زمانہ مراد ہیں۔ چنانچہ ابن جریر نے بسند ضعیف روایت کیا ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کچھ یہودی آئے۔ آپ نے ان کو سورۂ بقرہ سنائی۔ انھوں نے الم کے اعداد جوڑے اور کہا الف ۱ لام ۳۰ میم ۴۰ کل اکھتر برس ہوئے۔ تو ہم ایسے دین میں کیونکر داخل ہو سکتے ہیں جس کی کل مدت اکھتر سال ہوتی ہے۔ اس پر حضور صلعم مسکرا کر خاموش ہو گئے۔ پھر انھوں نے کہا کیا الم کے علاوہ کچھ اور بھی آپ پر نازل ہوا ہے۔ آپ نے علی الترتیب تھوڑے تھوڑے وقفہ کے بعد فرمایا، ہاں المص، الر، المر۔ یہ سن کر یہودیوں نے کہا اے ابو القاسم اب تو ہم شبہ میں پڑ گئے اور کوئی فیصلہ نہیں کر سکتے۔

میں کہتا ہوں، کہ یہ اقوال جو اوپر ذکر کئے گئے علماء محققین کے نزدیک ناقابل قبول ہیں:۔

(۱) مقطعات کو سورتوں کے نام تسلیم کرنے سے لازم آتا ہے کہ ایک ہی نام کئی مسمیات میں مشترک ہو۔ اس سے نام رکھنے کی غرض فوت ہوتی ہے۔ نیز بعض سورتوں کا نام ہونا اور بعض کا بے نام ہونا بھی شان باری تعالیٰ سے بعید ہے۔

(۲) حروف مقطعات وضعاً یا عرفاً فصل اور انقطاع کے لئے مقرر نہیں کئے گئے، کہ دو سورتوں کے درمیان حد فاصل کا کام دیں اگر ایسا ہوتا تو ہر دو سورتوں کے درمیان حروف مقطعات لائے جاتے۔

(۳) مقطعات" کا بعض کلمات کی طرف مشیر ہونا بھی قابل تسلیم نہیں۔ شاعر کے جس شعر سے اس پر سند لائی گئی ہے وہ شاذ اور نادر الوجود ہے۔ نیز شعر میں "مشار الیہ" کی طرف قرینہ بھی موجود ہے۔ قفی (ٹھہر جا) اس بات کا قرینہ ہے کہ [illegible] وقفت (میں ٹھہر گئی) مراد لیا گیا ہے۔ برخلاف حروف مقطعات" کے کہ وہاں کوئی قرینہ موجود نہیں جس سے یہ سمجھا جا سکے کہ ان سے کیا مراد ہے۔

(۴) حروف مقطعات سے اقوام و ملل کی عمروں اور حوادث پر استدلال کرنا بھی صحیح نہیں۔ یہودیوں کے اس قسم کے استدلال پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مسکرانا ان کے قول کی صحت کو تسلیم کرنے کی بنا پر نہ تھا۔ بلکہ ان کی نادانی کا مذاق اڑانا مقصود تھا۔

بعض مفسرین نے لکھا ہے کہ حروف مقطعات قسمیہ حروف ہیں یعنی یہ حروف چونکہ مادہ اسمار الٰہی اور اصول [illegible] ہیں اس لئے اللہ تعالیٰ نے ان کی قسم کھائی ہے۔ مگر یہ قول بے دلیل ہے اور اس پر کوئی برہان قطعی قائم نہیں کیا گیا۔

قاضی بیضاوی نے ایک اور توجیہ اختیار کی ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ چونکہ حروف تہجی عنصر کلام اور مادہ لغات ہیں۔ کلام ان سے ہی مرکب ہوتا ہے اس لئے بعض سورتوں کے شروع میں ان حروف کو لا کر یہ تنبیہ مقصود ہے کہ اے منکرین وحی، یہ کلام بھی ان ہی حروف سے مل کر بنا ہے جن سے تمہارا کلام مرکب ہوتا ہے۔ تاہم یہ کلام معجز ہے۔ تم چھوٹی سے چھوٹی سورہ بھی اس جیسی نہیں بنا سکتے۔ تو اگر یہ خدا کا کلام نہیں ہے تو تم ان حروف سے جن کو ہر وقت استعمال کرتے ہو اس جیسا کلام کیوں نہیں بنا لاتے؟"

سبحانی ندوی فرماتے ہیں، کہ حروف مقطعات کے بارہ میں قرن اول کے اہل علم کا اس پر اتفاق ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے درمیان "راز" ہیں۔ یہ کہنا کہ مقطعات و متشابہات کا علم بجز خدا کے کسی کو نہیں بعید از قیاس ہے۔ اس سے لازم آتا ہے کہ پورا قرآن معلوم المعنی نہ ہو، نیز شارع کا ان کلمات سے لوگوں کو مخاطب کرنا مہمل اور بے معنی ہوگا اور قرآن کریم مکمل طور پر بیان و ہدایت نہ رہے گا۔ اور ثم ان علینا بیانہ کے وعدہ کے خلاف ہونا لازم آئے گا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ میں راسخین فی العلم میں سے ہوں اور جو لوگ متشابہات و مقطعات کی تفسیر کا علم رکھتے ہیں

ان میں سے ایک میں بھی ہوں۔"

اور یہی قول حضرت مجاہد کا بھی ہے۔

بعض سلف کا قول ہے کہ حروف مقطعات اسماء باری تعالیٰ عزاسمہ میں۔ ابن ابی نے روایت کیا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی دعا میں فرمایا کرتے تھے "یا کھیعص اغفرلی"۔ ربیع بن انس کہتے ہیں کھیعص کے معنی ہیں وہ ذات کہ جس کو چاہے پناہ دے اور کوئی اس کے مقابلہ میں کسی کو پناہ نہ دے سکے۔

بعض اہل علم کہتے ہیں حروف مقطعات قرآن کریم کے نام ہیں۔

بہر حال اگر مقطعات کے متعلق یہ تسلیم کر لیا جائے کہ وہ اسماء الٰہی ہیں تو یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ وہ خداوند تعالیٰ کی بعض صفات مخصوصہ پر دلالت کرتے ہیں جیسا کہ دیگر اسماء صفات۔ اسی طرح اگر ان کا اسماء قرآن ہونا تسلیم کر لیا جائے تو وہ فرقان نور حیات روح وغیرہ اسماء کی طرح مخصوص صفات قرآنی پر دلالت کریں گے۔ تاہم یہ دلالت مخصوص ہوگی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ یا جسے اللہ تعالیٰ سمجھانا چاہے۔ عام لوگ سمجھ سکیں گے۔ تو ان دونوں اقوال کا مقصد و مرجع بھی یہی ہوا کہ حروف مقطعات خدا اور اس کے رسول کے درمیان راز ہیں۔ ہاں اگر اللہ تعالیٰ چاہے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض کامل متبعین کو بھی ان کا فہم حاصل ہو سکتا ہے۔

اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ صفات باری تعالیٰ غیر محدود ہیں جیسا کہ فرمایا گیا ہے قل لو کان البحر مدادا لکلمت ربی لنفد البحر قبل ان تنفد کلمات ربی۔ (اے پیغمبر فرما دیجئے کہ اگر میرے رب کے کلمات کی تحریر کے لئے سمندر سیاہی بن جائے تو سمندر ختم ہو جائے اور میرے رب کے کلمات ختم نہ ہوں) اور بے شبہ جو الفاظ معانی کے مقابلہ میں وضع کئے گئے ہیں وہ محدود و متناہی ہیں۔ نیز عقول انسانی ذات و صفات باری تعالیٰ عزاسمہ کی کنہ و حقیقت دریافت کرنے سے عاجز و قاصر ہیں۔ ہاں معینہ ذاتیہ یا صفاتیہ غیر تکیفیہ میں سے کسی نوع کے ساتھ اس کا کسی قدر دریافت کرنا متصور ہو سکتا ہے۔ لیکن یہ بات فہم عوام بلکہ فہم خواص سے بھی بعید ہے کیونکہ خواص بھی باوجود حصول ادراک اس کی حقیقت کا ادراک مرتبہ ذات میں نہیں کر سکتے

مگر چونکہ بعض صفات باری تعالیٰ بعض نتائج یا بعض وجوہ مشاکلت و مشابہت میں صفات ممکنات کے ساتھ شریک ہیں اس لئے اللہ تعالیٰ نے ان کو ایسے اسماء کے ساتھ ذکر کیا ہے جو صفات

مخلوقات پر بھی دلالت کرتے ہیں۔ مثلاً حیاۃ، علم، سمع، بصر، ارادہ، رحمت، قہر وغیرہ۔ جب ایسی صفات خداوندی بیان کی جاتی ہیں تو انسان گمان کرتا ہے کہ میں جملہ صفات الٰہیہ کی حقیقت سے واقف ہوگیا۔ حالانکہ بعض وجوہ صفات کے علاوہ اس کو کچھ معلوم نہیں ہو پاتا۔

دیگر صفات الٰہیہ جو ان مشترک ناموں سے تعبیر نہیں کی جاتیں ان میں سے بعض وہ ہیں جن کا علم اللہ تعالیٰ ہی کے لئے مخصوص ہے۔ اور بعض وہ ہیں جن کا علم وہ اپنی مخلوقات میں سے خواص اور اخص الخواص کو عطا فرما دیتا ہے۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا میں ارشاد فرمایا ہے:۔

اے اللہ! میں تیرے ہر وہ نام کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں جو تیرے لئے مخصوص ہے۔ تو نے اپنی ذات پاک کو اس سے موسوم فرمایا ہے، یا اپنی کتاب میں اس کا ذکر کیا ہے یا مخلوق میں سے کسی کو اس سے آگاہ فرمایا ہے یا اسے اپنے علم غیب کے خزانہ میں محفوظ رکھا ہے۔ (ابن حبان وحاکم)

تو ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان صفات میں سے جو عام لوگوں سے پوشیدہ ہیں اور جن کے لئے ان کی زبان میں الفاظ وضع نہیں کئے گئے۔ کچھ اسماء رسول کریم صلعم اور ان کے مخصوص متبعین پر حروف مقطعات کے ذریعہ الہام فرما دئے ہوں۔ اور ان کی تلاوت کے وقت ان کے معانی قلب نبی پر جلوہ گر ہوگئے ہوں۔ جس طرح اللہ تعالیٰ نے الہام کے ذریعہ آدم علیہ السلام کو اسماء کا خصوصی علم عطا فرمایا۔ بغیر اس کے کہ ان کو یہ معلوم ہو کہ یہ لفظ ان معانی کے لئے وضع کیا گیا ہے۔

حضرت شیخ قدس سرہٗ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص قرآن کریم کو من اولہ الی آخرہ بنظر کشف دیکھے گا تو اس پر یہ بات واضح ہو جائے گی کہ قرآن کریم فیوض و برکات الٰہیہ کا ایک عمیق دریا ہے اور اس دریائے ناپیدا کنار میں حروف مقطعات ایسے ابلتے ہوئے چشمے معلوم ہوتے ہیں جن سے دریا جاری ہوتے ہیں۔ تو اس مکاشفہ کے اعتبار سے اگر مقطعات و اسماء صفاتیہ قرآن قرار دئے جائیں تو غیر مناسب نہیں۔ گویا یہ مقطعات مطالب قرآنیہ کا اجمال ہیں اور پورا قرآن کریم ان کی تفصیل و تشریح۔ (ماخوذ از التفسیر المظہری" للعلامۃ المحدث المفسر القاضی محمد ثناء اللہ البانی پتی رحمۃ اللہ تعالیٰ)

حافظ عماد الدین ابن کثیرؒ تفسیر ابن کثیر میں لکھتے ہیں۔

بعض اہل علم نے فرمایا ہے۔ کوئی شک نہیں کہ اللہ تبارک تعالیٰ نے ان حروف مقطعات کا

بیکار اور بے معنی نہیں نازل فرمایا۔ جن ناواقف لوگوں نے کہا ہے کہ قرآن میں بعض کلمات "تعبدی" ہیں۔ ان کے فی الحقیقت کوئی معنی نہیں، تو انھوں نے بڑی سخت غلطی کی ہے۔ بس یہ بات طے ہے کہ مقطعات کے بھی نفس الامر میں کچھ معانی ہیں۔ تو اگر ان کی تفسیر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی قول ثابت ہو جائے تو ہم اس کو اختیار کریں گے اور اس کے مطابق ان حروف کی تشریح کریں گے ورنہ توقف کریں گے اور کہیں گے آمنا بہ کل من عند ربنا (ہم اس پر ایمان لائے، سب ہمارے پروردگار کا اتارا ہوا ہے)

مقطعات کے معانی کے تعین پر علماء کا اجماع نہیں ہوا۔ ان میں اختلاف رائے ہے۔ تو جس کے لئے کوئی قول دلیل سے ثابت ہو جائے تو اسے اس کا اتباع کرنا چاہئے۔ ورنہ توقف کرنا چاہیئے۔ یہاں تک کہ مقام زیر بحث واضح ہو جائے۔

حافظ ابن کثیرؒ ان حروف کے سورتوں کے آغاز میں لانے کے نکات کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

بعض علماء نے فرمایا ہے، ان حروف سے ابتداء کرنے کا مقصد یہ ہے کہ ان حروف کو سن کر مشرکین جو قرآن کریم کو سننے سے اعراض کرتے تھے (متعجب ہو کر) کان لگائیں اور جب وہ ادھر راغب ہوں تو پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم مرکب کلمات بھی سنا دیں۔ اسے ابن جریر طبری نے نقل کیا ہے مگر یہ بھی ضعیف ہے اگر یہ مقصد ہوتا تو تمام سورتوں کے آغاز میں ایسے حروف لائے جاتے کیونکہ یہ ضرورت سب جگہ تھی۔ بلکہ جب کبھی انھیں مخاطب کیا جاتا یہ حروف لائے جاتے۔ خواہ سورۃ کا آغاز ہوتا یا نہیں۔ پھر بقرہ اور آل عمران تو مکی سورتیں ہیں بھی نہیں۔

بعض علماء نے فرمایا ہے کہ مقصد اعجاز قرآن کا اظہار ہے کہ مخلوق اس جیسا کلام پیش نہیں کر سکتی۔ حالانکہ یہ کلام بھی انہی حروف سے مل کر بنا ہے جنھیں یہ لوگ اپنی گفتگو میں استعمال کرتے ہیں (اس قول کی تفصیل گزر چکی)

اس قول کو امام رازی نے اپنی تفسیر میں مبرد سے اور قرطبی نے فراء سے نقل کیا ہے اور زمخشری کشاف میں اس کی تائید کی ہے اور حافظ ابن تیمیہ اور حافظ مزی نے بھی اسے اختیار کیا ہے زمخشری

نے کہا ہے ان حروف کو مختلف سورتوں میں بار بار اس لئے لایا گیا تاکہ تحدی زیادہ بلیغ طریقہ ہو سکے۔ جیسا کہ بعض قصص کو مکرر لایا گیا۔ پھر بعض حروف مقطعات ایک حرف پر مشتمل ہیں بعض دو پر بعض تین پر بعض چار پر بعض پانچ پر کیونکہ مخاطبین کے کلمات بھی اسی انداز پر مرکب ہوتے ہیں۔ پانچ سے زیادہ مرکب نہیں ہوتے۔

میں (حافظ ابن کثیرؒ) کہتا ہوں اسی لئے جن سورتوں کا آغاز ان حروف سے کیا گیا ہے ان میں قرآن کریم کی حمایت کا اعلان اس کے اعجاز کا بیان اور عظمت کا اظہار کیا گیا ہے۔ استقراء سے یہ بات معلوم ہو سکتی ہے۔ چنانچہ فرمایا گیا ہے۔ الٓمٓ۔ ذٰلِکَ الْکِتٰبُ لَا رَیْبَ فِیْہِ (الم۔ اس کتاب کے کتاب الٰہی ہونے میں کوئی شک نہیں)۔

الٓمٓ۔ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ نَزَّلَ عَلَیْکَ الْکِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْہِ

(الم۔ اللہ وہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ حی اور قیوم ہے۔ اے پیغمبر اس نے آپ پر قرآن اتارا حق کے ساتھ۔ جو اپنے سے پہلی کتابوں کا تصدیق کرنے والا ہے)

الٓرٰ۔ کِتٰبٌ اَنْزَلْنٰہُ اِلَیْکَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ بِاِذْنِ رَبِّھِمْ۔ (الر۔ یہ کتاب ہے جسے ہم نے آپ کی طرف اتارا۔ تاکہ آپ لوگوں کو اندھیروں سے نور کی طرف نکال کر لے جائیں۔ ان کے رب کے حکم سے) وغیرہا۔ واللہ اعلم۔

(امام حافظ عماد الدین ابن کثیر (وفات ۷۷۴ ہجری) کی تفسیر سے اقتباسات)

حروف مقطعات

کے متعلق مولانا فراہیؒ کی تحقیقات

مولانا امین احسن اصلاحی

(گذشتہ مضمون میں حروف مقطعات کے متعلق اہم علمائے قدیم کا نقطۂ نظر آچکا ہے، البتہ دور آخر کے ایک بہت اہم مفسر قرآن مولانا حمید الدین فراہیؒ کا نقطۂ نظر رہ گیا ہے۔ ان کے شاگرد مولانا امین احسن صاحب نے اپنی زیر تصنیف تفسیر "تدبر قرآن" میں سورۂ بقرہ کی تفسیر کے موقع پر مولانا فراہی رح کے خیالات کی بھی ترجمانی کی ہے، جسے ہم ذیل میں شائع کرتے ہیں۔)

الٓمّٓ :- یہ ایک مستقل جملہ ہے عربی زبان کے عام قاعدہ کے مطابق یہاں مبتدا محذوف ہے اس کو ظاہر کر دیا جائے تو پوری بات یوں ہوگی۔ ھٰذہ الٓمّٓ (یہ الف، لام، میم ہے) ہم نے ترجمہ میں اس حذف کو کھول دیا ہے۔

یہ اور اس طرح کے جتنے حروف بھی مختلف سورتوں کے شروع میں آئے ہیں چونکہ الگ الگ کر کے پڑھے جاتے ہیں، اس وجہ سے ان کو حروف مقطعات کہتے ہیں۔

یہ جس سورہ میں بھی آئے ہیں بالکل شروع میں اس طرح آئے ہیں جس طرح کتابوں، فصلوں، ابواب کے شروع میں ان کے نام آیا کرتے ہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ان سورتوں کے نام ہیں۔ قرآن نے جگہ جگہ ذٰلک اور تلک کے ذریعہ سے ان کی طرف اشارہ کر کے ان کے نام ہونے اور زیادہ واضح کر دیا ہے۔ حدیثوں سے بھی ان کا نام ہی ہونا ثابت ہوتا ہے۔

جو سورتیں ان ناموں سے موسوم ہیں اگرچہ ان میں سے سب اپنے انہی ناموں سے مشہور نہیں ہوئیں بلکہ دوسرے ناموں سے مشہور ہوئیں لیکن ان میں سے کچھ اپنے انہی ناموں سے مشہور بھی ہیں مثلاً طٰہٰ،

یٰس، ق اور ن وغیرہ۔

ممکن ہے یہاں کسی کے ذہن میں یہ سوال پیدا ہو کہ قرآن کا دعویٰ تو یہ ہے کہ وہ ایک بالکل واضح کتاب ہے، اس میں کوئی چیز بھی چیستاں یا معمے کی قسم کی نہیں ہے، پھر اس نے سورتوں کے نام ایسے کیوں رکھ دیئے جن کے معنی کسی کو بھی نہیں معلوم؟

اس سوال کا جواب یہ ہے کہ جہاں تک ان حروف کا تعلق ہے یہ اہل عرب کے لئے کوئی بیگانہ چیز نہیں تھے۔ بلکہ وہ ان کے استعمال سے اچھی طرح واقف تھے۔ اس واقفیت کے بعد قرآن کی سورتوں کا ان حروف سے موسوم ہونا کوئی ایسی بات نہیں ہے جس سے قرآن کے ایک واضح کتاب ہونے پر کوئی حرف آتا ہو۔ البتہ یہ سوال ضرور پیدا ہوتا ہے کہ اس طرح سے نام بنا لینا عربوں کے مذاق کے مطابق تھا بھی یا نہیں تو اس چیز کے مذاق عرب کے مطابق ہونے کی سب سے بڑی شہادت تو یہی ہے کہ قرآن نے نام رکھنے کے اس طریقہ کو اختیار کیا۔ اگر نام رکھنے کا یہ طریقہ کوئی ایسا طریقہ ہوتا جس سے اہل عرب بالکل ہی نامانوس ہوتے تو وہ اس پر ضرور ناک بھوں چڑھاتے اور ان حروف کی آڑ لے کر کہتے کہ جس کتاب کی سورتوں کے نام تک کسی کی سمجھ میں نہیں آسکتے اس کے ایک کتاب مبین ہونے کے دعوے کو کون تسلیم کر سکتا ہے۔

قرآن پر اہل عرب نے بہت سے اعتراضات کئے اور ان کے یہ سارے اعتراض قرآن نے نقل بھی کئے ہیں لیکن ان کے اس طرح کے کسی اعتراض کا کوئی ذکر نہیں کیا ہے جس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ ان ناموں میں ان کے لئے کوئی اجنبیت نہیں تھی۔

علاوہ بریں جن لوگوں کی نظر اہل عرب کی روایات اور ان کے لٹریچر پر ہے وہ جانتے ہیں کہ اہل عرب نہ صرف یہ کہ اس طرح کے ناموں سے نامانوس نہیں تھے بلکہ وہ خود اشخاص، چیزوں، گھوڑوں، جھنڈوں، تلواروں حتیٰ کہ قصائد اور خطبات تک کے نام اسی سے ملتے جلتے رکھتے تھے۔ یہ نام مفرد حروف پر بھی ہوتے تھے اور مرکب بھی ہوتے تھے۔ ان میں یہ اہتمام بھی ضروری نہیں تھا کہ اسم اور مسمیٰ میں کوئی معنوی مناسبت پہلے سے موجود ہو بلکہ یہ نام ہی بتاتا تھا کہ یہ نام اس مسمیٰ کے لئے وضع ہوا ہے۔ اور یہ ایک بالکل کھلی ہوئی بات ہے کہ جب ایک شے کے متعلق یہ معلوم ہو گیا کہ یہ نام ہے

پھر اس کے معنی کا سوال سرے سے پیدا ہی نہیں ہوتا کیونکہ نام سے اصل مقصود مسمّٰی اس نام کے ساتھ خاص ہو جانا ہے نہ کہ اس کے معنی کم از کم فہم قرآن کے نقطۂ نظر سے ان ناموں کے معانی کی تحقیق کی تو کوئی اہمیت ہے نہیں بس اتنی بات ہے کہ چونکہ یہ نام اللہ تعالیٰ کے رکھے ہوئے ہیں اس وجہ سے آدمی کو یہ خیال ہوتا ہے کہ ضرور یہ کسی نہ کسی مناسبت کی بنا پر رکھے گئے ہوں گے۔ یہ خیال فطری طور پر طبیعت میں ایک جستجو پیدا کر دیتا ہے اسی جستجو کی بنا پر ہمارے بہت سے پچھلے علماء نے ان ناموں پر غور کیا اور ان کے معنی معلوم کرنے کی کوشش کی۔ اگرچہ ان کی جستجو سے کوئی خاص فائدہ نہیں ہوا لیکن ہمارے نزدیک ان کا یہ کام بجائے خود غلط نہیں تھا اور اگر ہم بھی ان پر غور کریں گے تو ہمارا یہ کام بھی غلط نہیں ہوگا۔ اگر اس کوشش سے کوئی حقیقت واضح ہوئی تو اس سے ہمارے علم میں اضافہ ہوگا اور اگر کوئی بات نہ مل سکی تو اس کو ہم اپنے علم کی کوتاہی اور قرآن کے اتھاہ ہونے پر محمول کریں گے۔ یہ رائے بہرحال نہیں قائم کریں گے کہ یہ نام ہی بے معنی ہیں۔

اپنے علم کی کمی اور قرآن کے اتھاہ ہونے کا یہ احساس بجائے خود ایک بہت بڑا علم ہے۔ اس احساس سے علم و معرفت کی بہت سی بند راہیں کھلتی ہیں۔ اگر قرآن کا پہلا ہی حرف اس عظیم انکشاف کے لئے کلید بن جائے تو یہ بھی قرآن کے بہت سے معجزوں میں سے ایک معجزہ ہوگا۔ یہ اسی کتاب کا کمال ہے کہ اس کے جس حرف کا راز کسی پر نہ کھل سکا اس کی پیدا کردہ کاوش ہزارہا سربستہ اسرار سے پردہ اٹھانے کے لئے دلیل راہ بنی۔

ان حروف پر ہمارے پچھلے علماء نے جو رائیں ظاہر کی ہیں ہمارے نزدیک وہ تو کسی مضبوط بنیاد پر مبنی نہیں ہیں اس وجہ سے ان کا ذکر کرنا کچھ مفید نہیں ہوگا۔ البتہ استاذ امام مولانا حمید الدین فراہی رحمۃ اللہ علیہ کی رائے اجمالاً میں یہاں پیش کرتا ہوں۔ اس سے اصل مسئلہ اگرچہ حل نہیں ہوتا لیکن اس کے حل کے لئے ایک راہ کھلتی ضرور نظر آتی ہے کیا عجب کہ مولانا نے جو سراغ دیا ہے دوسرے اس کی رہنمائی سے کچھ مفید نشانات راہ اور معلوم کر لیں اور اس طرح درجہ بدرجہ تحقیق کے قدم کچھ اور آگے بڑھ جائیں۔

جو لوگ عربی رسم الخط کی تاریخ سے واقف ہیں وہ جانتے ہیں کہ عربی زبان کے حروف عبرانی سے لئے گئے ہیں۔ اور عبرانی کے یہ حروف ان حروف سے ماخوذ ہیں جو عرب قدیم میں رائج تھے۔ عرب قدیم کے ان حروف کے متعلق استاذ امامؒ کی تحقیق یہ ہے کہ یہ انگریزی اور ہندی کے حروف کی طرح صرف آواز ہی

نہیں بتاتے تھے بلکہ یہ چینی زبان کے حروف کی طرح معانی اور اشیاء پر بھی دلیل ہوتے تھے اور جن معانی یا جن اشیاء پر وہ دلیل ہوتے تھے عموماً انہی کی صورت و ہیئت پر لکھے بھی جاتے تھے۔ مولانا کی تحقیق یہ ہے کہ یہی حروف ہیں جو قدیم مصریوں نے اخذ کئے اور اپنے تصورات کے مطابق ان میں ترمیم و اصلاح کر کے ان کو اس خط تمثالی کی شکل دی جس کے آثار اہرام مصر کے کتبات میں موجود ہیں۔

ان حروف کے معانی کا علم اب اگرچہ مٹ چکا ہے تاہم بعض حروف کے معنی اب بھی معلوم ہیں اور ان کے لکھنے کے ڈھنگ میں بھی ان کی قدیم شکل کی کچھ نہ کچھ جھلک پائی جاتی ہے۔ مثلاً الف کے متعلق معلوم ہے کہ وہ گائے کے معنی بتاتا تھا اور گائے کے سر کی صورت ہی پر لکھا بھی جاتا تھا۔ ب کو عبرانی میں بیت کہتے بھی ہیں اور اس کے معنی بھی بیت (گھر) کے ہیں۔ ج کا عبرانی تلفظ گمل ہے جس کے معنی جمل (اونٹ) کے ہیں۔ ط سانپ کے معنی میں آتا تھا اور لکھا بھی کچھ سانپ ہی کی شکل پر جاتا تھا۔ م پانی کی لہر پر دلیل ہوتا تھا اور اس کی شکل بھی لہر سے ملتی جلتی بنائی جاتی تھی۔

مولانا اپنے نظریے کی تائید میں سورۂ نون کو پیش کرتے ہیں۔ حرف نون اب بھی اپنے قدیم معنی ہی میں بولا جاتا ہے اس کے معنی مچھلی کے ہیں۔ اور جو سورہ اس نام سے موسوم ہوئی ہے اس میں حضرت یونس علیہ السلام کا ذکر صاحب الحوت (مچھلی والے) کے نام سے آیا ہے۔ مولانا اس نام کو پیش کر کے فرماتے ہیں کہ اس سے ذہن قدرتی طور پر اس طرف جاتا ہے کہ اس سورہ کا نام قرآن اسی وجہ سے رکھا گیا ہے کہ اس میں صاحب الحوت (یونس علیہ السلام) کا واقعہ بیان ہوا ہے جن کو مچھلی نے نگل لیا تھا۔ پھر کیا عجب ہے کہ بعض دوسری سورتوں کے شروع میں جو حروف آئے ہیں وہ بھی اپنے قدیم معانی اور سورتوں کے مضامین کے درمیان کسی مناسبت ہی کی بنا پر آئے ہوں۔

قرآن مجید کی بعض اور سورتوں کے ناموں سے بھی مولانا کے اس نظریہ کی تائید ہوتی ہے مثلاً حرف طٰ کے معنی، جیسا کہ اوپر ذکر ہو چکا ہے۔ سانپ کے تھے اور اس کے لکھنے کی ہیئت بھی سانپ کی ہیئت سے ملتی جلتی ہوتی تھی۔ اب قرآن میں سورہ طٰہٰ کو دیکھئے جو طٰ سے شروع ہوتی ہے اس میں ایک مختصر تمہید کے بعد حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کی لٹھیا کے سانپ بن جانے کا قصہ بیان ہوتا ہے۔ اسی طرح طسم، طس وغیرہ بھی طٰ سے شروع ہوتی ہیں اور ان میں بھی حضرت موسیٰ علیہ السلام

کی لٹھیا کے سانپ کی شکل اختیار کر لینے کا معجزہ مذکور ہے۔

الف کے متعلق ہم بیان کر چکے ہیں کہ یہ گائے کے سر کی ہیئت پر لکھا بھی جاتا تھا اور گائے کے معنی بتاتا بھی تھا۔ اس کے دوسرے معنی اللہ واحد کے ہوتے تھے۔ اب قرآن مجید میں دیکھئے تو معلوم ہوگا کہ سورۂ بقرہ میں، جس کا نام الف سے شروع ہوتا ہے، گائے کے ذبح کا قصہ بیان ہوا ہے۔ دوسری سورتیں جن کے نام الف سے شروع ہوتے ہیں توحید کے مضمون میں مشترک نظر آتی ہیں۔ یہ مضمون ان میں خاص اہتمام کے ساتھ بیان ہوا ہے۔ ان ناموں کا یہ پہلو بھی خاص طور پر قابل لحاظ ہے کہ جن سورتوں کے نام ملتے جلتے ہیں بلکہ بعض سورتوں میں تو اسلوب بیان تک ملتا جلتا ہے۔

میں نے مولانا کا یہ نظریہ، جیسا کہ عرض کر چکا ہوں، محض اس خیال سے پیش کیا ہے کہ اس سے حروف مقطعات پر غور کرنے کے لئے ایک علمی راہ کھلتی ہے۔ میرے نزدیک اس کی حیثیت ابھی تک ایک نظریہ سے زیادہ نہیں ہے۔ جب تک تمام حروف کے معانی کی تحقیق ہو کر ہر پہلو سے ان ناموں اور ان سے موسوم سورتوں کی مناسبت واضح نہ ہو جائے اس وقت تک اس پر ایک نظریہ سے زیادہ اعتماد کر لینا صحیح نہیں ہوگا۔ یہ محض علوم قرآن کے قدردانوں کے لئے ایک اشارہ ہے، جو لوگ مزید تحقیق و جستجو کی ہمت رکھتے ہیں وہ اس راہ میں قسمت آزمائی کریں۔ شاید اللہ تعالیٰ اس راہ سے یہ مشکل آسان کر دے۔

غزل

حضرت مرزا احسان احمد

ہم کیا ہیں، کچھ نہیں ہیں، اعمال کیا ہمارے
دیکھے ہیں پھر بھی ہم نے صدہا کرم تمھارے

پہنچے ہیں جس جگہ ہم اس درد کے سہارے
انوارِ زندگی کے ہیں کچھ عجب نظارے

شب ہائے غم کو اپنی کر سوزِ دل سے روشن
دیتے نہیں ہیں کچھ کام یہ چاند یہ ستارے

حُسن آفریں تھی کتنی آخر نظر یہ اپنی
ہم نے خزاں کے دن بھی کچھ لطف سے گزارے

شائستہ ہو گئے سب انداز زندگی کے
کیسے تھے اس نظر کے وہ مختصر اشارے

مٹتی ہیں ظلمتیں سب، ہوتے ہیں مشتعل جب
پنہاں ہیں دل کی تہ میں ایسے بھی کچھ شرارے

پھر حسنِ سادگی دیکھ، پھر رنگ زندگی دیکھ
کر محو لوحِ دل سے نقش و نگار سارے

دل کی لطافتیں سب برباد ہو رہی ہیں
یہ علم و فن کے قائم کیسے ہیں اب ادارے

بے شغلِ جام و مینا، آسان نہیں ہے جینا
سمجھیں گے اس کو کب یہ حکمت کدے ہمارے

ٹکرا کے سب چٹانیں ہوتی ہیں ٹکڑے ٹکڑے
خود اپنی راہ پیدا کرتے ہیں تیز دھارے

توہینِ شانِ رندی ہوتی رہے گی کب تک
سمجھیں گے اس کو آخر کب بادہ کش ہمارے

یہ جامِ مے نہیں ہے، وہ سوزِ تشنگی ہے
ہوتے ہیں گرم دروش جس سے حواس سارے

جگر کی نظریاتی شاعری

(۲)

جناب محمود علی خاں جامعی

دور سوم

جگر کی شاعری کا دور سوم سنہ ۳۰ء سے سنہ ۴۰ء تک خیال کیا جا سکتا ہے۔ یہ دور جگر کی قطعی محرومی
رفراق کا دور تھا۔ اسی دور میں ان کی شاعری اپنے عروج پر پہنچی۔ شاعری کے لحاظ سے یہ ان کا بہترین دور
ا۔ اس دور میں ان کے یہاں تصوف کے رجحان میں بہت کمی ہوگئی اور خالص عشق مجازی ابھر کر سامنے
لیا۔ حسن و عشق یا محبت کے نظریات بہت واضح اور لطیف ہوگئے۔ رنگینی اور سرخوشی جو ان کا طرۂ امتیاز
ی نکھر آئی اور ان کا خود اپنا ایک رنگ قائم ہوگیا۔ جو داغ اور امیر دونوں کے اثر سے آزاد تھا۔ گویا
ن کی انفرادیت جلوہ گر ہوگئی۔

جگر سے نواب سید علی حسن خاں مرحوم خلف نواب صدیق حسن خاں (بھوپال) سے ملاقات
ہوئی اور انھوں نے انتہائی خلوص سے اپنے یہاں بھوپال ہاؤس لکھنؤ میں قیام کرنے کی پیش کش کی۔
خلوص کی کوئی پیش کش شکل ہی سے رد کر سکتے تھے۔ انھیں نواب صاحب مرحوم کی یہ خواہش بھی
ی کرنی پڑی اور انھوں نے مین پوری سے منتقل ہو کر لکھنؤ میں سکونت اختیار کر لی۔ مین پوری چھوڑنے
بعد "سرکار" اور ان کے "طور" سے بھی مہجوری ہوگئی۔ دل بستگی کی جو ایک صورت تھی وہ بھی ختم ہوگئی
لکھنؤ جیسی رواں انگیز فضا میں پہنچنے کے بعد بھی انھوں نے دلچسپی کا اور کوئی سامان پیدا نہیں کیا۔

اسی زمانے میں بھوپال کے نواب رشید الظفر خاں صاحب نے ان کا ایک صد روپیہ ماہوار
مقرر فرما دیا اس وظیفہ کے لئے کسی قسم کی کوئی شرط نہ تھی۔ یہی نہیں بلکہ نواب صاحب موصوف نے

یہ بھی طے کیا کہ جگر کا کل مجموعۂ کلام شائع کر دیا جائے۔ اس کے جمع کرنے ترتیب دینے اور اشاعت کا انتظام انھوں نے اپنے ایک متوسل حامد سعید خاں کے سپرد کیا۔ حامد سعید خاں اس اصول کے حامی تھے کہ شعرا کے یہاں رطب و یابس بہت ہوتا ہے۔ جگر کے یہاں سے اس سب کو الگ کر کے چیدہ چیدہ کلام اس مجموعہ میں شامل کیا جائے تاکہ جگر کی صحیح حیثیت واضح ہو سکے۔ چنانچہ انھوں نے ایک بہت ہی چھوٹا سا منتخب مجموعہ طبع کرا کے پیش کیا۔ یہ مجموعہ جگر نے سخت ناپسند فرمایا۔ اس سے ان کو سخت دلی اذیت پہنچی۔ میں نے دیکھا ہے کہ اس مجموعہ کے تذکرہ پر جگر صاحب تقریباً رو دیئے تھے۔ نواب رشید الظفر خاں صاحب کو جگر صاحب کے اس ردعمل کا جب علم ہوا، انھوں نے تمام کاپیاں محفوظ کر کے غالباً ضائع کر دیں کیونکہ اس کے بعد کبھی اس کا کوئی نسخہ کسی کے پاس نظر نہ آیا۔ اور جگر صاحب کو یقین دلایا کہ آپ خود ترتیب دے کر مجموعہ شائع کریں جس کا بیشتر بار وہ خود برداشت کریں گے۔ جگر صاحب سے خود یہ کام نہ ہو سکتا تھا لہٰذا جب وہ بھوپال سے لکھنؤ گئے تو تمام حالات نواب علی حسن خاں صاحب کے گوش گزار کئے۔ موصوف فوراً اس کام کے انجام دینے کے لئے تیار ہو گئے اور اپنے لڑکے نواب سید شمس الحسن صاحب بی اے ایل ایل بی کو جو خود شاعر بھی تھے، اس کام پر مامور کر دیا۔ شمس الحسن صاحب نے کلام جمع کرنا شروع کیا جس میں سب سے بڑے مجموعے میرے اور جلیل قدوائی کے تھے، بالآخر لکھنؤ کے نامی پریس سے زیور طبع سے آراستہ ہو کر شعلہ طور ۳۵ء میں شائع ہو گیا۔ اس کی ترتیب میں خود جگر صاحب کا ہاتھ تھا اور خود انھوں نے مختلف ادوار پر اپنے کلام کو تقسیم کیا تھا جو اب ہمارے لئے بہت مفید اور نتیجہ خیز ثابت ہوا ہے۔ اس کے ساتھ جگر صاحب نے اپنے کلام کے متعلق شروع میں کچھ اظہار رائے بھی فرمایا تھا اور مولانا سید سلیمان ندوی کا ایک مقدمہ بھی تھا۔

جگر صاحب پر لکھنؤ اور اس کے شاعرانہ ماحول کا کوئی اثر نہیں پڑا۔ انھوں نے الفاظ کو سامنے رکھ کر کبھی شاعری نہیں کی۔ ان کے یہاں خیال ہمیشہ مقدم رہا۔ جو خیال ان کے ذہن میں آتا اس کے اظہار کے لئے الفاظ خود ان کے سامنے گویا ہاتھ باندھے کھڑے رہتے تھے۔ اس کے علاوہ نواب علی حسن خاں کا ماحول بھی مذہبی تھا۔ اس مذہبیت نے جگر صاحب کے کلام میں کوئی خشکی پیدا نہیں ہونے دی۔ دراصل بات یہ تھی کہ جگر کا رنگ اب اتنا پختہ ہو چکا تھا کہ اس پر اب کوئی دوسرا

رنگ نہیں چڑھ سکتا تھا۔ اب ان کی انفرادیت قائم ہو چکی تھی۔

سماجی حالات کے سلسلے میں انگریزی تعلیم عام ہو گئی تھی۔ نہ صرف عام بلکہ ضروری بھی جانے لگی تھی۔ گویا ہمارے معاشرے پر چھا گئی تھی۔ اب مغربی خیالات اور مغربی تہذیب و تمدن کا ہماری معاشرت میں نفوذ شروع ہو گیا تھا اور قدیم مشرقی تہذیب و تمدن کا شمار اب آثار قدیمہ میں ہونے لگا تھا۔ مذہب سے فرار اب معیوب نہ رہا تھا۔ عورتوں میں بے پردگی اور آزادی بہت عام ہو گئی تھی غرضکہ مغربیت کے تمام عیوب کا تسلط ہو گیا تھا اور محاسن کی طرف زیادہ توجہ نہ تھی۔

جہاں تک سیاسی حالات کا تعلق ہے قومی تحریک بہت زور پکڑ گئی تھی اور وقتاً فوقتاً اس کی زبردست لہریں اٹھتی تھیں جو تمام دوسری تحریکات کو اپنی رو میں بہا لے جاتی تھیں۔ مولانا محمد علی کی سیاست ناکام ہونے لگی تھی اور مسلمان رفتہ رفتہ اپنی سیاسی زندگی کے تیسرے دور کی جانب رخ کرنے لگے تھے۔ اس تیسرے موڑ پر مسلم لیگ کا جھنڈا لئے قائد اعظم کھڑے تھے للکار للکار کر کہہ رہے تھے: "کالی بھلی نہ سفید۔ دونوں چھوڑو ایک ہی کھیت۔"

دنیا میں جنگ عظیم اول کے بعد عجیب کش مکش جاری تھی۔ ہاری ہوئی قومیں دوبارہ لڑنے کی تیاری کر رہی تھیں اور جیتی ہوئی قومیں آپس میں ایک دوسرے سے خائف تھیں اور اسلحہ پر اسلحہ تیار کئے جا رہی تھیں۔ روس کے انقلاب نے متضاد نظریوں کے ماتحت دنیا کو دو واضح گروہوں میں تقسیم کر دیا تھا۔ ایک سرمایہ داری کا حامی تھا، اور دوسرا اس کا مخالف دونوں طاقت کے بل پر ایک دوسرے کو قائل کرنا چاہتے تھے۔ ترقی پسندی اب کھل کر سامنے آ گئی تھی اور کساد بازاری نے اسے سہارا دیا تھا۔ اس ترقی پسندی کی سب سے بڑی خرابی یہ تھی کہ اپنے مقصد کے حصول کے لئے اچھے اور برے ذرائع کا کوئی امتیاز نہ تھا۔

غزل کا احیا ہو رہا تھا۔ اب وہ خواص میں بھی بار پانے لگی تھی۔ ادب میں مغربی نقطۂ نظر نمایاں ہونے لگا تھا اور تنقید نے بالکل نیا، مفید اور مغربی چولا بدل لیا تھا۔ اکبر، اقبال، اصغر کی رخصت ہو چکے تھے۔ صرف جوش، حسرت اور جگر باقی تھے۔ اب اس پس منظر کے سامنے آپ جگر کے پورے دور کی نظریاتی شاعری ملاحظہ کیجئے، اور دیکھئے کہ خود اعتمادی میں ولولہ کس حد تک بڑھ گیا ہے۔

اس تمام مضمون میں جو سنین دیے گئے ان کی کوئی تاریخی اہمیت نہیں بلکہ محض ایک دور کا اندازہ کرنے کے لئے دیئے ہیں۔

یہ حادثات زمانہ کیا ہیں اسی کے حسنِ طلب کے جلوے
دلوں کو ٹھوکر لگا لگا کر دلوں کی دنیا جگا رہے ہیں

کبھی شاخ و سبزہ و برگ پر کبھی غنچہ و گل و خار پر
میں چمن میں چاہے جہاں رہوں مرا حق ہے فصلِ بہار پر

مجھے دیں نہ غیظ میں دھمکیاں گریں لاکھ بار یہ بجلیاں
مری سلطنت یہی آشیاں مری ملکیت یہی چار پر

صیاد و برق ہی کی توجہ نہیں تو پھر
مجھ کو حصولِ خلد و خسِ آشیاں ہے کیا

زمانے کے ہم دوش ہم راز کب تک
زمانے کو پیچھے ہٹاتا چلا جا

مری ہمت دیکھنا میری طبیعت دیکھنا
جو سلجھ جاتی ہے گتھی پھر سے الجھاتا ہوں میں

ایک دل ہے اور طوفانِ حوادث اے جگر
ایک شیشہ ہے کہ ہر پتھر سے ٹکراتا ہوں میں

ہر ستم ہے کرم کے پردے میں
اس ستم کی کوئی مثال بھی ہے

مجھے دے رہی ہیں تسلیاں ہر ایک تازہ پیام سے
کبھی آ کے منظرِ عام پر کبھی ہٹ کے منظرِ عام سے

آنسو تو بہت سے ہیں آنکھوں میں جگر لیکن
بند جائے سو موتی ہے رہ جائے سو دانا ہے

کیا اسی کو کہتے ہیں آئینِ حسن
جو تمہارا ہو گیا ناکام ہے

ہوشیار اور کامیاب زندگی
زندگی ناکامیوں کا نام ہے

کیجئے کیا اور شرحِ زندگی
کچھ سحر کچھ دوپہر کچھ شام ہے

کرے نہ کام جو بلبل کا نالۂ حزیں
نہ چھیڑ نیند سے چونکیں نہ رنگ بو آئے

مرا قصہ عشق فانی نہیں ہے
یہ مردہ دلوں کی کہانی نہیں ہے

دل گیا رونقِ حیات گئی
غم گیا ساری کائنات گئی

دن کا کیا ذکر تیرہ بختوں میں
ایک رات آئی ایک رات گئی

یوں تو پیاسے ہیں سبزہ و گل بھی
کس نے دیکھی ہے پیاس شبنم کی

اللہ اللہ ہستیِ شاعر
قلب غنچے کا آنکھ شبنم کی

یارو اغیار سے محبت ہے — گل و گل خار سے محبت ہے
اب کہاں انساں جسے انساں کہیں — چلتی پھرتی دیکھ لو پرچھائیاں
دل کو کیا کیا سکون ہوتا ہے — جب کوئی آسرا نہیں ہوتا
مری طلب بھی انہی کے دم کا صدقہ ہے — قدم یہ اٹھتے نہیں اٹھائے جاتے ہیں
واللہ تیرے غم کی وسعتیں — کوئی عالم ترے خالی نہیں
نکہتِ گل کا بھی دماغ نہیں — کتنا آزردۂ بہار ہوں میں
میری ہستی شوقِ پیہم میری فطرت اضطراب — کوئی منزل ہو مگر گزرا چلا جاتا ہوں میں
اک نفس خلد اک نفس دوزخ — کوئی پوچھے یہ زندگی کیا ہے
بس ایک سمت اڑا جا رہا ہوں تخت میں — خبر نہیں کہ خود ہی کیا ہے بخود کا کیا ہے
میرے غم خانۂ مصیبت کی — چاندنی بھی سیاہ ہوتی ہے
ایک ایسا بھی وقت آتا ہے — ہر تمنا گناہ ہوتی ہے
خوب روئے فراق میں اے دل — کچھ طبیعت سنبھل ہی جاتی ہے
نازک ترے مریضِ محبت کا حال ہے — دن کٹ گیا تو رات کا کٹنا محال ہے
پھر کوئی مہرباں نہ ہو جائے — سعیِ غم رائیگاں نہ ہو جائے

حسن و عشق کے متعلق ان کے کچھ نظریات ملاحظہ ہوں۔

عشق جب تک نہ کر چکے رسوا — آدمی کام کا نہیں ہوتا
ٹوٹ پڑتا ہے دفعتاً جو عشق — بیشتر دیرپا نہیں ہوتا
حسن سے عشق جدا ہے نہ جدا عشق سے حسن — کون سی چیز ہے جو آغوشِ در آغوش نہیں
میں چلوں عشق میں وہ راہ جو ہو سب سے الگ — کچھ سجھائی بھی نہ دے راہ بھی ہموار نہ ہو
عشق مرنے پہ بھی نہیں مٹتا — یہ تعلق ضرور رہتا ہے
نارِ عشق یہاں ہے نفس نفس جاری — کبھی ادا ہی نہ ہوتی اگر قضا کرتے
جب تک شبابِ عشق مکمل شباب ہے — پانی بھی ہے شراب ہوا بھی شراب ہے

وہ بھی ہے اک مقام عشق کہ جہاں ہر تمنا گناہ ہوتی ہے
اس عشق کی تلافیِ مافات دیکھنا رونے کی حسرتیں ہیں جب آنسو نہیں رہے
اک لفظِ محبت کا ادنیٰ یہ فسانہ ہے سمٹے تو دلِ عاشق پھیلے تو زمانہ ہے
یہ عشق نہیں آساں اتنا ہی سمجھ لیجئے اک آگ کا دریا ہے اور ڈوب کے جانا ہے
عشق اپنی خوشی سے کون کرے عشق اگر ناگہاں نہ ہو جائے

ب عشق حقیقی کے بھی چند چھینٹے ملاحظہ ہوں۔

گو سراپا حجاب ہیں پھر بھی تیرے رخ کی نقاب ہیں ہم لوگ
ین سجدہ میں ایسی کبھی تڑپ تو نہ تھی وہ آج خود بھی مگر شاکلِ نماز رہے
یوں چشم شوق دیکھ ہی لیتی ہے کچھ نہ کچھ پردے کا ہے خیال تو پردا نہ کیجئے
سینہ نے یہ جو گزرتی ہے وہ لب نے نواز کیا جانے

مدی کے متعلق بھی ان کے چند نظریاتی اشعار ملاحظہ کیجئے۔

مگر یہ مے ارغوانی نہیں ہے ارے آگ ہے آگ پانی نہیں ہے
یہ میکشی ہے تو پھر شانِ میکشی کیا ہے بہک جائے جو پی کر وہ رند ہی کیا ہے
پئیں وہ شوق سے تنہا مگر یہ کیا ممکن ہمیں سرور نہ آئے انہیں سرور آئے
ترکِ مے سے اور بھی ہیں تو شرابی بن گیا روز آجاتا ہے میخانے سحر میرے لئے

دورِ چہارم

جگر کا دورِ چہارم ۴۰ء سے ۶۰ء تک سمجھنا چاہیئے۔ یہ دور چونکہ ہمارے آپ کے سب کے سامنے کے زمانے پر مشتمل ہے۔ اس لئے اس دور کی تصویر پیش کرنے کی چنداں ضرورت محسوس نہیں ہوتی البتہ تین اہم باتوں کی طرف توجہ منعطف کرا دینا ضروری معلوم ہوتا ہے۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ اس دور میں جنگ عظیم ثانی ہوئی جس نے تمام دنیا کے حالات اور ان کے ہر پہلو پر بڑا گہرا اثر ڈالا۔ دوسرے یہ کہ ملک میں فرقہ وارانہ فسادات کا سلسلہ بہت بڑے پیمانہ پر چھڑ گیا اور

بردست کشت وخون ہوا۔ تیسرے یہ کہ مملکت پاکستان اسی دور میں عالم وجود میں آئی۔ ان تین باتوں کے تذکرہ کے بعد جگر صاحب کا ذاتی ماحول لکھا جاتا ہے جو نہایت ضروری اور اہم ہے۔

حضرت اصغر گونڈوی سخت علیل ہوئے اور اپنی آخری علالت کے زمانے میں انھوں نے اپنی بیوی سے جو پہلے جگر کے نکاح میں تھیں یہ وصیت کی کہ میرے انتقال کے بعد تم جگر سے نکاح کر لینا بشرطیکہ شراب بالکل ترک کر دیں اس وصیت کے چند دن بعد ان کا انتقال ہو گیا۔ جگر کے دل میں علیحدگی کے باوجود نسیم کی محبت کی چنگاری دبی ہوئی تھی جسے بیس برس کی طویل مدت بھی بجھا کر راکھ نہ کر سکی۔ اب جبکہ ان کی واپسی کے امکانات پیدا ہو گئے تھے تو وہ چنگاری پھر سلگ اٹھی۔ لہٰذا عدت کے زمانے کے بعد انھوں نے اُن کے پاس کہلا بھیجا کہ وہ دوبارہ اِن کے ساتھ زندگی گزارنا قبول کر لیں انھوں نے آمادگی ظاہر کی لیکن اصغر صاحب کی وصیت کے مطابق یہ جواب دیا کہ صرف ایک شرط پر میں اس کے لئے تیار ہوں کہ آپ شراب بالکل ترک کر دیں۔ جگر یہ شرط سن کر پہلے تو بہت چیز بز ہوئے لیکن غالباً بعد میں انھیں اصغر صاحب کی وصیت کا حال بتایا گیا تو انھوں نے یک لخت شراب ترک کر دی ایسی کہ پھر کبھی منہ کو نہ لگائی۔ اور نسیم سے دوبارہ نکاح کر لیا۔ اب یہاں سے ان کی باقاعدہ متاہل زندگی شروع ہو گئی۔ گونڈے میں جو بیوی کا بھی وطن تھا اصغر کے مکان پر مستقل قیام کیا۔ اسے از سر نو تعمیر کرایا اور جگر لاج میں راحت و سکون کی زندگی گزارنے لگے۔

جگر کا ذاتی خلوص اور وسیع اخلاق۔ ان کے ترنم کی دل کشی اور ان کے کلام کے محاسن کی وجہ سے ملک یا ہر دو ممالک کے طول و عرض میں ان کی قدر و منزلت بہت بڑھ گئی اور ہر جگہ ان کی مانگ بہت زیادہ ہو گئی۔ ہر مشاعرے کی رونق جگر کی شمولیت پر منحصر تھی۔ وہ مشاعرہ بے جان اور پھیکا سمجھا جاتا جس میں جگر شریک نہ ہوں۔ ان غیر معمولی مطالبوں نے جگر کی مصروفیت کو اس حد تک بڑھا دیا کہ وہ عذاب جان بن گئی۔

دوسرے ملک کی معاشی اقدار بدلیں تو ادب میں بھی ان کا دخل ہوا۔ اب مشاعروں میں ٹکٹ لگنے لگے اور اکثر حضرات نے ان کو بھی تجارتی اغراض کے طور پر استعمال کرنا شروع کر دیا۔ جگر نے ان دونوں وجوہ کی بنا پر مشاعرے میں اپنی شرکت کا نذرانہ مقرر کر دیا۔ اس سے ان کو اتنی

اندنی ہونے لگی کہ جگر کو کسب معاش سے بے فکری ہوگئی اور اگر جگر احباب اور اہل وعیال کے سلسلہ میں زیادہ شاہ خرچی سے کام نہ لیتے تو وہ یقیناً آج فارغ البال ہوتے۔ تاہم اس کے بعد جگر کو کسی نے حاجت مند نہیں دیکھا اور انھوں نے پھر کبھی کسی کے سامنے ہاتھ نہیں پھیلایا بلکہ ہمیشہ دوسروں کی حاجت روائی کرتے رہے۔

ترک شراب۔ متاہل زندگی میں اطمینانِ قلب اور معاشی بے فکری نے جگر کی محرومیوں کا خاتمہ کر دیا جس سے ان کے کلام پر بھی فطرتاً اثر پڑا۔ اس کے علاوہ جگر کی عمر اب ۵۴ سے تجاوز ہو چکی تھی۔ کلام میں پختگی کے ساتھ ساتھ ذہنی پختگی بھی آگئی تھی۔ پھر کثرتِ شراب نوشی۔ شب بیداری کے معمول۔ اور غیر معمولی بے ضابطہ اور غیر متوازی زندگی نے جگر کی صحت پر بھی بہت خراب اثر کیا۔ وہ اکثر امراض کا شکار رہنے لگے۔ شدید الاحساس ہونے کی وجہ سے ہر تکلیف کو ضرورت سے زیادہ محسوس کرتے تھے۔ ان حالات میں انسان فطرتاً نظریات پرست اور نظریات آفرین ہو جاتا ہے۔ وہ جس طرف نظر ڈالتا ہے ایک نظریہ بناتا ہے۔ پھر جگر تو شاعر تھے۔ ہر چیز کو بہت زیادہ محسوس کرتے تھے۔ فکر و نظر میں بلوغیت اصغر صاحب کی صحبت میں پیدا ہو چکی تھی اس لئے ہر حادثے سے وہ متاثر ہوتے اور ہر مسئلے کے متعلق وہ ایک نظریہ قائم کرتے۔ اظہار کا ذریعہ ان کے پاس صرف شاعری تھا لہذا اشعار کی شکل میں ان کو پیش کرتے رہتے۔ اس لحاظ سے پہلے تین دور تو گویا اس بامِ عروج پر پہنچنے کی تین سیڑھیاں تھیں۔ ان کی اصل جگہ تو یہ ارفع و اعلیٰ مسند تھی جہاں وہ اب متمکن نظر آتے تھے۔ گویا ان کا یہ دور خود "شاعر" کا دور تھا۔ "شاعری" کا نہیں۔

جگر آزاد منش آدمی تھے اور غزل گو شاعر۔ سیاست سے انھیں کوئی واسطہ نہ تھا نہ انھوں نے کبھی عملی سیاست میں اپنی ٹانگ اڑائی۔ لیکن ان کی نظروں کے سامنے جو بہیمانہ حرکات ہوئی تھیں جن میں کم و بیش تمام فرقے پوری طرح ملوث تھے وہ ان کی طبیعت اور ان کی شاعری پر اثر انداز ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔ اور وہ جہلِ خرد کے اس دور میں انتہائی کرب اور دلگداز کے ساتھ "انسان اور انسانیت" کو تلاش کرنے لگے۔ ملاحظہ کیجئے:-

باہمہ ذوق آگہی ہائے رے پستیِ بشر
سارے جہاں کا جائزہ اپنے جہاں سے بے خبر

آدمی کے پاس سب کچھ ہے مگر ایک تنہا آدمیت ہی نہیں
تسخیرِ مہر و ماہ مبارک تجھے مگر دل میں اگر نہیں تو کہیں روشنی نہیں
عمریں بیتیں صدیاں گزریں ہے وہی ابتک عقل کا بچپن
کیا قیامت ہے کہ اس دورِ ترقی میں بشر آدمی سے آدمی کا حق ادا نہیں ہوتا

میں وہ صاف ہی نہ کہہ دوں جو ہے فرق مجھ میں تجھ میں
ترا درد دردِ تنہا۔ مرا غم، غمِ زمانہ

یہ جاتی کہاں تک فکرِ انسانی نہیں جاتی مگر اپنی حقیقت آپ پہچانی نہیں جاتی
بلندی چاہیئے انسان کی فطرت میں پوشیدہ کوئی ہو بھیس لیکن شانِ سلطانی نہیں جاتی
ہم نے دنیا ہی میں دنیائے حقیقت دیکھی یہیں دوزخ نظر آئی یہیں جنت دیکھی
خدا کرے کہ حقیقت میں زندگی بن جائے وہ زندگی جو زباں تک ہی پائی جاتی ہے

یہی ہے زندگی تو زندگی سے خودکشی اچھی
کہ انساں عالمِ انسانیت پر بار ہو جائے

یہ روز و شب یہ صبح و شام یہ بستی یہ ویرانہ سب ہی بیدار ہیں انساں اگر بیدار ہو جائے
اسی انساں میں سب کچھ ہے پنہاں مگر یہ معرفت دشوار بھی ہے
ابھی کمال کو پہنچی نہیں ہے فطرتِ عشق کہ آدمی کو ہنوز انتظارِ آدم ہے
حسنِ صورت کے نہ حسرت کے نہ ارمانوں کے اُف کہ انساں ہیں ملے ہوئے انسانوں کے

کونین کی ہوس میں ہے انساں ذلیل و خوار
کونین اپنے سینے کے اندر لئے ہوئے

سخت خونریز جب آشوبِ جہاں ہوتا ہے نہیں معلوم یہ انساں کہاں ہوتا ہے
شرح و تفصیل سے بیگانہ گزر جا اے دوست عقل بڑھتی ہے مگر دل کا زیاں ہوتا ہے

بات سادہ ہی سہی لیکن حکیمانہ بھی ہے
یعنی ہر انساں بقدر ہوش دیوانہ بھی ہے

کاروانہ جتنا جتنا
بنتا جائے بگڑتا جائے

کہاں کہاں اڑ کے پہنچے شعلے یہ ہوش کس کو یہ کون جانے
ہمیں بس اتنا ہے یاد اب تک لگی تھی آگ اپنے گھر سے پہلے

بس ایک دل اور کیف و لذت بس ایک ہم اور جمال فطرت
یہ زندگی کس قدر حسیں تھی شعور فکر و نظر سے پہلے

آدمی آدمی سے ملتا ہے
دل مگر کم کسی سے ملتا ہے

بشکل ناخدا جس میں ہیں اب تک جعفر و صادق
وہ کشتی غرق ہو جائے تو بیڑا پار ہو جائے

جہل خرد نے دن یہ دکھائے
گھٹ گئے انساں بڑھ گئے سائے

سیاسی تاثرات کے تحت چند نظریات پیش کئے جاتے ہیں۔

منصور ہر ایک دور میں بیدار ہوا ہے
افسانہ کہیں ختم سر دار ہوا ہے

اپنا زمانہ آپ بناتے ہیں اہل دل
ہم وہ نہیں کہ جن کو زمانہ بنا گیا

چمن تو برق حوادث سے ہو گیا محفوظ
مری بلا سے اگر میرا آشیاں نہ رہا

یہی زمیں ترا مسکن یہی ترا مدفن
اسی زمیں سے تو مہر و ماہ پیدا کر

قفس توڑ کر مطمئن ہو نہ بلبل
قفس صورت آشیاں اور بھی ہیں

خلوص شوق نہ جوش عمل نہ درد وطن
یہ زندگی ہے خدایا کہ زندگی کا کفن

سب جس کو اسیری کہتے ہیں وہ تو ہے اسیری ہی لیکن
وہ کونسی آزادی ہے یہاں جو آپ خود اپنا دام نہیں

کیا بتاؤں کس قدر زنجیر پا ثابت ہوئے
چند تنکے جن کو اپنا آشیاں سمجھا تھا میں

حق کی خاطر جیتے ہیں مرنے سے کہیں ڈرتے ہیں جگر
جب وقت شہادت آتا ہے دل سینوں میں قرباں ہوتے ہیں

ہم کو مٹا سکے یہ زمانہ میں دم نہیں
ہم سے زمانہ خود ہے زمانہ سے ہم نہیں

زندگی ہے نام جہد و جنگ کا
موت کیا ہے بھول جانا چاہیئے

لذتیں ہیں دشمن اوج کمال
کلفتوں سے دل لگانا چاہیئے

انقلابات سے کیا خوف کہ ہر عزم جگر — اسی آغوش میں پلتا ہے جواں ہوتا ہے
خود کھنچ آتے ہیں زنداں کی طرف دیوانے — کوئی تو وجہ کشش نالۂ زنجیر میں ہے
تشنہ لب ہاتھ پہ کیوں ہاتھ دھرے بیٹھے ہیں — کچھ نہیں ہے تو شکستِ غم و خم خانہ سہی

قفس کی نازک سی تیلیوں کی بھی کچھ حقیقت ہے ہم صفیرو
مگر الجھنا پڑے گا شاید خود اپنے ہی بال و پر سے پہلے
زمانہ ملنے نہ ملنے لیکن ہمیں یہی ہے یقینِ کامل
جہاں اٹھا کوئی تازہ فتنہ اٹھا تری رہگذر سے پہلے

وہ جن کے سائے سے بھی بجلیاں لرزتی تھیں — مری نظر سے کچھ ایسے بھی آشیاں گزرے
مرا تو فرض چمن بندیٔ جہاں ہے فقط — مری بلا سے بہار آئے یا خزاں گزرے
ہے جو ملنا ہی مقدر تو برابر سے ملے — قطرہ دریا میں سمائے بھی تو دریا ہو کر

یہ تو تھے عام سیاسی تاثر کے ماتحت نظریے۔ اب آپ ملاحظہ کیجئے ملکی انتشار۔ فسادات اور کشت و خون کے ماتحت خاص اشعار ؎

حکومت کے مظالم جب سے ان آنکھوں نے دیکھے ہیں — جگر ہم بمبئی کو کوچۂ قاتل سمجھتے ہیں
آنکھیں ابھی کچھ اور بھی ہیں منتظر جگر — چھپرا کی قتل گاہ کا منظر لئے ہوئے
انسان کے ہوتے ہوئے انسان کا یہ حشر — دیکھا نہیں جاتا ہے مگر دیکھ رہا ہوں
تعمیر کے پردے میں یہ اندازِ حکومت — تخریب بہ عنوان دگر دیکھ رہا ہوں
صیاد نے لوٹا ہے عنادل کا نشیمن — صیاد کا لٹتے ہوئے گھر دیکھ رہا ہوں
دہلی و دہر و دن و نو اکھالی و بہار — انساں ہے اور ماتم انساں آجکل
ہے زخم کائنات جو ہندو کو ان و نوں — ہے داغ زندگی جو مسلماں ہے آجکل
ی کا نام ہے اگر ترقی تو اس ترقی سے باز آئے — کہ خونِ مخلوق سے خدا کی زمیں ہو لالہ زار اب بھی
وہی انساں جسے سرتاجِ مخلوقات ہونا تھا — وہی اب سی رہا ہے اپنی عظمت کا کفن ساتی
ں کی کھوٹ ہو جس کے ضمیر میں شامل — نہ آئی ہے وہ سیاست نہ ساز گار آئے

ناز جس خاکِ وطن پر تھا مجھے آہ جگر — اسی جنت پہ جہنم کا گماں ہوتا ہے

دیکھئے ہر چیز کے تاریک پہلو کو کس طرح روشن کیا ہے۔ یہ جگر کی انفرادیت ہے۔

گلشن پرست ہوں مجھے گل ہی نہیں عزیز — کانٹوں سے بھی نباہ کئے جا رہا ہوں میں

کانٹوں کا بھی حق ہے کچھ آخر — کون بچائے اپنا دامن

بہت حسین سہی صحبتیں گلوں کی مگر — وہ زندگی ہے جو کانٹوں کے درمیاں گزرے

پھول وہی چمن وہی فرق نظر نظر کا ہے — عہدِ بہار میں تھا کیا دورِ خزاں میں کیا نہیں

وہ ہزار دشمنِ جاں سہی مجھے غیر پھر بھی عزیز ہے
جسے خاکِ پا تری چھو گئی وہ بُرا بھی ہو تو بُرا نہیں

جگر ان حوادث سے گھبرا نہ جاتا — یہی تو ہے دلچسپیوں کا زمانہ

اربابِ چمن سے نہیں پوچھو یہ چمن سے — کہتے ہیں کسے نکہتِ برباد کا عالم

برقِ حوادث اللہ اللہ — جھوم رہی ہے شاخِ نشیمن

بیدارِ عزائم ہوتے ہیں اسرار نمایاں ہوتے ہیں — جتنے وہ ستم فرماتے ہیں سب عشق پہ احساں ہوتے ہیں

یہ صحنِ عدو دشت یہ لالہ و گل ہونے دو جو ویراں ہوتے ہیں — تخریب جنوں کے پردے میں تعمیر کے ساماں ہوتے ہیں

میری زباں پہ شکوۂ اہلِ ستم نہیں — مجھ کو جگا دیا یہی احسان کم نہیں

ہر اُجالے میں تیرگی دیکھی — ہر اندھیرے میں روشنی پائی

ہائے وہ کیونکر دل بہلائے — غم بھی جس کو راس نہ آئے

چلتی پھرتی چھاؤں ہے پیارے — کس کا صحرا کس کا گلشن

جو گوشِ دل شنوا ہو تو بزمِ ہستی میں — سکوتِ ساز بھی اک نغمۂ مجسم ہے

اب ذرا ملاحظہ کیجئے کہ کس کس صورت سے درسِ عمل دیا ہے ؎

اجل خود زندگی سے کانپتی ہے — اجل کی زندگی پر دسترس کیا

جنوں کم جستجو کم تشنگی کم — نظر آئے نہ کیوں دریا بھی شبنم بھی

ہم تو ڈوب کر ہی ابھریں گے — وہ رہیں شاد جو کنارے ہیں

آسودۂ ساحل تو ہے مگر شاید یہ تجھے معلوم نہیں
ساحل سے بھی موجیں اٹھتی ہیں خاموش بھی طوفاں ہوتے ہیں

خود اپنی آگ میں جلتی ہے شمع جلنے دو — پرائی آگ میں جلنا ہے کارِ مردانہ
پھر بڑھ چلا ہے جوشِ طلب راہ دوست میں — سو فتح پر شکست یہ قرباں کئے ہوئے
یہی دنیا ہے بستی آنسوؤں کی — یہی دنیا تبسم زار بھی ہے
جسے ہوائے زمانہ کبھی بجھا نہ سکے — قدم قدم پہ وہ اک شمع پیدا کر
آگے قدم بڑھائیں جنھیں سوجھتا نہیں — روشن چراغِ راہ کئے جا رہا ہوں میں
حریمِ ناز میں اس کی رسائی ہو تو کیوں کر ہو — کہ جو آسودہ زیرِ سایۂ دیوار ہو جائے
اپنی اپنی وسعتِ فکر و نظر کی بات ہے — جس نے جو عالم بنا ڈالا وہ اس کا ہو گیا
جنوں کی بے سر و سامانیوں پر رنج نہ کر — اگر جنوں ہو سلامت ہزار ہا دامن

آنا ہے جو بزمِ جاناں میں پندارِ خودی کو چھوڑ کے آ
اے ہوش و خرد کے دیوانے یاں ہوش و خرد کا کام نہیں

تجھے حادثاتِ پیہم سے بھی کیا ملے گا ناداں — ترا دل اگر ہو زندہ تو نفس بھی تازیانہ
اے سہارے کی زندگی والو — کتنے انسان بے سہارے ہیں
وہ ہمیں ہیں کہ جن کے ہاتھوں نے — گیسوئے زندگی سنوارے ہیں
جان فدا اس پہ کہ جس نے جگر — زیست بسر کی نہ سہاروں کے ساتھ

اب کچھ مختلف نظریات ملاحظہ کیجیے ؎

جھوٹی ہے ہر ایک مسرت — روح اگر تسکین نہ پائے
تو محبت کو لازوال بنا — زندگی کو اگر نہیں ہے ثبات
مسرت زندگی کا دوسرا نام — مسرت کی تمنا مستقل غم

اللہ کے علم و حکمت کے محدود اگر اکرام نہیں
ہر سانس کے آنے جانے میں کیا کوئی نیا پیغام نہیں

رندوں نے جو چھیڑا زاہد کو ساقی نے کہا طنز سے آج
اوروں کی وہ عظمت کیا جانیں کم ظرف جو انساں ہوتے ہیں

باتیں ہیں دو مقصود ہے ایک • اپنی طلب یا تیری طلب
عمر بھر روح کی اور جسم کی یکجائی ہو کیا قیامت ہے کہ پھر بھی نہ شناسائی ہو
کر کے نظروں سے تری اس کا ٹھکانا ہی کہاں جس نے ظالم ترے دل میں بھی جگہ پائی ہو
وہیں وہیں سے اٹھے ہیں ہزار ہا فتنے جہاں جہاں سے میں گزرا ہوں بے نیازانہ
وہی ہیں شاہد و ساقی مگر دل بجھتا جاتا ہے وہی ہے شمع لیکن روشنی کم ہوتی جاتی ہے

صداقت ہو تو دل سینوں سے کھنچنے لگتے ہیں واعظ
حقیقت خود کو منوا لیتی ہے مانی نہیں جاتی

محبت میں ایک ایسا وقت بھی دل پر گزرتا ہے کہ آنسو خشک ہو جاتے ہیں طغیانی نہیں جاتی
اسے سمجھے نہ سمجھے کوئی لیکن واقعہ یہ ہے کہ ترکِ مے کشی پر بھی وہی ہے مے کشی اپنی
جگر رہ جائے بن کر آہ جو اک کاسۂ سائل نہ ایسی شاعری اپنی نہ ایسی زندگی اپنی
جو ہیں خاص چشم و چراغ محبت وہ آنسو نہیں ہے نظر آنے والے
نہیں جانتے کچھ کہ جانا کہاں ہے چلے جا رہے ہیں مگر جانے والے
تسکینِ روح جب کسی طرح ہو سکی سب اپنی اپنی دھن میں لگے کچھ پکارنے
بنا بنا کے جو دنیا مٹائی جاتی ہے ضرور کوئی کمی ہے کہ پائی جاتی ہے
قدم قدم مری ہمت بڑھائی جاتی ہے نفس نفس تری آہٹ سی پائی جاتی ہے
قریب منزلِ آخر ہے افراقِ جگر سفر تمام ہوا نیند آئی جاتی ہے
لاکھ آفتاب پاس سے ہو کر گزر گئے بیٹھے ہم انتظارِ سحر دیکھتے رہے

ہم اپنی کیوں طرزِ فکر چھوڑیں ہم اپنی کیوں وضعِ خاص بدلیں
کہ انقلاباتِ توبہ تو ہوا کئے ہیں ہوا کریں گے

یہ خام کار ان عشق سوچیں یہ شکوہ سنجان چمن سمجھیں
کہ زندگی خود حسیں نہ ہوگی تو پھر تجدید کیا کرینگے

اس نے اپنا بنا کے چھوڑ دیا
کیا اسیری ہے کیا رہائی ہے

نہیں مقابلہ کوئی مگر یہ کیا کم ہے
خود آفتاب درخشاں حریف شبنم ہے

خوشی میں بھول جانا گریۂ از حیات
کہ جو خوشی ہے یہاں اک امانت غم ہے

دنیا بھی کیا مقام ہے جس میں کہ بارہا
ہنسنا پڑا ہے قلب مکدر لئے ہوئے

کبھی اک زندہ حقیقت نظر آتا ہے جہاں
کبھی ہر علم و یقیں وہم و گماں ہوتا ہے

طنز و تعریض کی آخر کوئی حد ہوتی ہے
آدمی ہوں مرے منہ میں بھی زباں ہے ساقی

دیکھنا جبر مشیت کہ بقید زنداں
پاؤں زنجیر سے باہر ہے نہ زنجیر میں ہے

کس جگہ واقع ہوا ہے حضرت واعظ کا گھر
دور مسجد بھی نہیں نزدیک مے خانہ بھی ہے

پھول بننا تھا مسکرانا تھا
وہ کلی ہی نہ تھی جو مرجھائی

جب کبھی بچکر چلا ہوں جلوہ گاہ عام سے
کچھ گئے ہیں خود مری فکر و نظر کے دام سے

آج کل مے خانے میں تقسیم ہوتے ہیں جگر
زہر کے ساغر شراب زندگی کے نام سے

ہمیں تھے کیا جستجو کا حاصل ہمیں تھے کیا آپ اپنی منزل
وہیں پہ آکے ٹھہر گیا دل چلے تھے جس رہ گزر سے پہلے

لوگ جس میں ہوشیار وہ دور عشق و ہوش
نہ رائیگاں کبھی گزرا نہ رائیگاں گزرے

زمانہ تھا کبھی اپنا یہ دنیا تھی کبھی اپنی
مگر اب تو نہ شام غم نہ صبح زندگی اپنی

زندگی اک حادثہ ہے اور کیسا حادثہ
موت سے بھی ختم جس کا سلسلہ ہوتا نہیں

زمانہ گرم رفتار ترقی ہوتا جاتا ہے
مگر اک چشم شاعر ہے کہ پرنم ہوتی جاتی ہے

یہ میخانہ ہے بزم جم نہیں ہے
یہاں کوئی کسی سے کم نہیں ہے

نغمۂ ٹیگور

جناب سلام مچھلی شہری

مشہور فلسفی شوپنہار نے کہا تھا کہ اشعار میں خود یہ تمنا بھی مچلتی رہتی ہے کہ وہ سنگیت کا روپ بھار لیں۔ اور ٹیگور کی نظموں میں یہ تمنا کامیابی کی منزلوں سے پوری طرح ہم کنار ہے کیٹس کا یہ خیال "صداقت حسن ہے اور حسن صداقت" ٹیگور کی شاعری میں پوری طرح کارفرما ہے۔ مہاکوی نے پردۂ ساز پر جلوہ گر حسن کی مورتی کے خیر مقدم کے لئے موسیقی کا سہارا لیا اور اسی لئے ان کی شاعری روح کی گہرائیوں میں اتر کر خود ایک مقدس نور بن گئی۔ ٹیگور کی شاعری میں یہ بلندی اپنشد کی تعلیمات کے اثر سے پیدا ہوئی۔ ایک نظم میں وہ خود اپنا تعارف اس طرح کراتے ہیں۔

ایسے میں ہی میں سمجھا ہوں
اس کا ہی ایک سندیسہ ہوں
اس کے ہی ساز کا نغمہ ہوں

میں ایک کرن ہوں تاریکی کا سینہ چیر کے نکلا ہوں
پاکیزہ سحر کی یہ دولھن شبنم میں شرابور آئی ہے
ساحل کے درختوں میں جھلمل سورج کی کرن مسکائی ہے
شاخوں کے جھروکوں میں مانو شاخوں ہی کی انگڑائی ہے
یہ جو کچھ ہے خود ہستی ہے اور میں روح تابندہ ہوں
ایسے میں ہی میں سمجھا ہوں
اس کا ہی ایک سندیسہ ہوں
اس کے ہی ساز کا نغمہ ہوں

میں ایک کرن ہوں تاریکی کا سینہ چیر کے نکلا ہوں
رقاصِ ازل کے پاؤں کی بجتی جھانجھل ہے یہ دُنیا
چھو پائے نہ شبنم بھی جس کو اتنی کومل ہے یہ دُنیا
موجوں پر بحرِ تخیل کے رقصندہ کنول ہے یہ دُنیا
دُنیا کے مناظر میں کھو کر میں نورِ خدا پا لیتا ہوں
ایسے میں ہی میں سمجھا ہوں
اِس کا ہی ایک سندیسہ ہوں
اس کے ہی ساز کا نغمہ ہوں
میں ایک کرن ہوں تاریکی کا سینہ چیر کے نکلا ہوں

ٹیگور کو مناظرِ قدرت، ہندوستان اور خدا سے ایک خاص لگاؤ ہے یہ چیزیں انوار بن کر ان کی شاعری میں کچھ اس طرح جھلکتی نظر آتی ہیں کہ وہ خود شاعر کی روحِ حیات معلوم ہونے لگتی ہیں۔ اپنی مشہور تصنیف گیتا نجلی میں ایک جگہ کہتے ہیں۔

"زندگی کی یہی پر نور لہر جو میری رگوں میں دن رات دوڑتی رہتی ہے، یہی سارے جہاں میں ناچ رہی ہے۔ کائنات میں اس کی موسیقی جاری ہے۔ یہ زندگی کی لہر وہی کرن ہے جو دھرتی سے پھوٹتی ہے۔ ہری بھری گھاس کی شکل میں اور پھر نکھرتی ہے خوبصورت پتیوں اور رنگ برنگے پھولوں کے روپ میں!!"

اُپنشد میں ایک جگہ کہا گیا ہے کہ: خدا رحیم ہے اور اس کی ذات مکمل ہے ــــ! ہندوستانی عروں میں سب سے پہلے مہاکوی کالی داس نے اس تصور کو اپنایا لیکن ٹیگور کی شاعری میں بھی اپنشد یہ تصور تابناکی کے ساتھ موجود ہے۔ یہی کہ "خدا اپنی خلق کی ہوئی چیزوں میں خود تابندہ ہے، مسکرا رہا ہے!" اپنی ایک نظم بانگا لکشمی میں کہتے ہیں۔

اے لکشمی بنگال
[illegible]

کھیتوں میں، دریاؤں میں تُو
بچوں کی آشاؤں میں تُو
شہروں میں تُو، گاؤں میں تُو

میرے چمن بنگال
اے لکشمی بنگال
اے ماتا بنگال
میرے وطن بنگال

راہوں میں تُو، گھر گھر میں تُو
گنگ کنارے مندر میں تُو
شام و سحر کے منظر میں تُو

جلوہ فگن، بنگال
اے لکشمی بنگال
اے ماتا بنگال
میرے وطن بنگال

رقص میں تیرے پیار کا جادو
تیرا جلوہ، تیری خوشبو
لے اے ماں! پرنام مرا تُو

میرا فن، بنگال
اے لکشمی بنگال
اے ماتا بنگال
میرے وطن بنگال

شاید یہ وہی روشنی ہے جو ابتداً ٹیگور کی اس نظم میں نمودار ہوئی اور پھر اُس وقت سے

شباب پر آئی جب شاعر نے جن من گن" لکھا یہاں وہ کالی داس کی طرح پورے ہندوستان کے نمائندہ شاعر تھے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ مہاکوی کالی داس ہی وہ پہلے ہندوستانی شاعر ہیں جنھوں نے آسمان و زمین کی وسعتوں، اور اُفق کی لامحدود پہنائیوں میں اپنے خالق کو تبسم بار دیکھا، لیکن اس میں کوئی شک نہیں کہ ٹیگور نے اس نور کو اپنے فن اور اپنی شخصیت میں جذب کر لیا اور یہی وہ خوبی ہے جس نے ان کی شخصیت میں ایک گہرائی اور آفاقیت پیدا کر دی۔ ٹیگور کی ہر نظم، ہر گیت، ایک پرستش ہے، ایک دعا ہے بارگاہ خداوندی میں۔ ہندوستان کی آزادی کے لئے بھی انھوں نے کوئی شعلہ بار نعرہ نہیں لگایا، بلکہ خدا سے صرف یہ دُعا مانگی کہ

"اُن کا ملک اس طرح آزاد ہو۔ کہ اذہان پر خوف و ہراس کا پردہ نہ پڑا ہو۔
جہاں علم اور فکر آزاد ہوں۔
جہاں ظاہر فکر، عمل اور کامیابی کی انتہائی منزلوں کو چھونے کی کوشش کرے!"

پہلی جنگِ عظیم کے بعد دنیا جس تباہ کُن حالات سے دوچار ہوئی، اُن حالات میں بھی ٹیگور مایوس نہیں ہوئے۔ ان کا سینہ اسی نورِ یقین سے معمور تھا کہ آخر میں فتح کمزور دلوں اور مسکینوں ہی کی ہوگی۔" ان ہی حالات میں انھوں نے اپنے وطن والوں سے کہا تھا۔

جاگو۔ جاگو۔ جاگو
اس خواب سے جاگو
جاگو۔ جاگو۔ جاگو !!
صبح سہانی اور نُورانی
کھول دو تم اپنی پیشانی
آج ہے لیکن کل نہ رہے گی
یہ دنیا دیوانی !
جاگو۔ جاگو۔ جاگو

اس خواب سے جاگو
جاگو۔ جاگو۔ جاگو !
پنچھی نے چھیڑی ہیں لہاریں
صبح کی ہیں شاداب بہاریں
پنچھی ہی کے ساتھ اب اٹھو
اپنے خدا کو ہم بھی پکاریں
جاگو۔ جاگو۔ جاگو
اس خواب سے جاگو
جاگو۔ جاگو۔ جاگو !

بہرحال ٹیگور کا روحانی وجدان ہمیشہ ایک نور اور اُجالے کی طرف اشارہ کرتا رہا انھیں ہمیشہ انسان اور انسانیت کی اعلیٰ اقدار پر یقین رہا اور اسی لئے وہ برابر انسان کی ا عظمتوں کا گیت گاتے رہے ہیں جن کی وسعتوں میں انھیں اپنے معبود کا نور نظر آتا رہا۔ آخ میں یہ ایک نظم اور سنیئے۔

کس کی خوشی مُسکاتی ہے
کس کی خوشی مُسکاتی ہے
سوچ رہا ہوں ان چیزوں میں
کس کی ضیا لہراتی ہے !
صندل اور لوبان یہ چاہے خوشبو بن کر اُڑ جاؤں
خوشبو چاہے میں لوبان کو دل میں رکھ کر اِترا ؤں
کس کی خوشی مُسکاتی ہے
سوچ رہا ہوں ان چیزوں میں
کس کی ضیا لہراتی ہے

نغمہ چاہے، میں سُر تال کی پابندی سے دُور رہوں
سُر چاہے نغمے کو لے کر اُڑ جاؤں، آزاد پھروں
کس کی خوشی مُسکاتی ہے
سوچ رہا ہوں ان چیزوں میں
کس کی ضیا لہراتی ہے !
چاہتا ہے آزاد تخیل میں پیکر میں ڈھل جاؤں
اور صورت یہ چاہتی ہے میں صرف خیالوں پر چھاؤں
کس کی خوشی مُسکاتی ہے
سوچ رہا ہوں ان چیزوں میں
کس کی ضیا لہراتی ہے

غرضیکہ ٹیگور ہندوستان اور اس کے عظیم فلسفے کے ترجمان اور پیغام بر تھے۔

حالات حاضرہ

جناب عشرت علی صدیقی

قومی یک جہتی

ملک میں قومی یک جہتی کی کوششیں اس وقت نقطۂ عروج کو پہنچ گئیں۔ جب یکم اکتوبر کو وزیر اعظم کی زیر صدارت قومی یک جہتی کانفرنس نے چار روز کے مباحث کے بعد ایک طویل بیان منظور کر لیا۔ لیکن دو ہی دن بعد علی گڑھ اور اتر پردیش کے دوسرے شہروں کے فرقہ وارانہ فسادات نے یہ واضح کر دیا کہ یک جہتی کا حصول کتنا کٹھن اور کتنا ضروری ہے۔

یک جہتی کانفرنس میں مرکزی وزراء، ریاستی وزرائے اعلیٰ، ماہرین تعلیم، صنعت کاروں، اور ملک کے مختلف حصوں کے دوسرے سربرآوردہ لوگوں کے علاوہ مختلف جماعتوں کے خاص خاص لیڈر بھی شریک تھے جن میں سوتنتر پارٹی کے کنھیا لال مانک لال منشی، جن سنگھ کے اٹل بہاری باجپئی، اور ہندو مہا سبھا کے لکشمن چند سیٹھ بھی شامل تھے۔ کچھ تو اجتماع کی ملی جلی نوعیت کی وجہ سے اور کچھ جواہر لال نہرو کی صدارت کی وجہ سے ان لوگوں نے بھی جو فرقہ وارانہ رجحانات رکھتے ہیں اپنے جذبات اور خیالات کے اظہار میں ضبط سے کام لیا۔ اور بعض ایسی باتیں بھی منظور کر لیں جن پر وہ بظاہر عقیدہ نہیں رکھتے۔

کانفرنس نے یک جہتی کے لئے تعلیم کی اہمیت کو جس پر وزرائے اعلیٰ کی کانفرنس نے زور دیا تھا، تسلیم کیا۔ اور درسی کتابوں میں علاقائی نقطۂ نظر پر قومی نقطۂ نظر کو حاوی رکھنے کی سفارش کی۔ اس نے کہا کہ زبانوں کے معاملے میں تعصب نہ برتا جائے گا۔ اور طلبا کو انگریزی کے اور ہندی کے علاوہ کم سے کم ایک اور ہندستانی زبان سکھانے کی کوشش کی جائے۔

امن و اتحاد کی مہم کو عام کرنے کے لئے بالغ ہندوستانی کے لئے ایک عہد نامہ مرتب کیا جس میں وہ تمام جھگڑوں اور اختلافات کو پرامن طور پر طے کرنے اور کسی حال میں بھی تشدد نہ کرنے کا عہد کرے گا۔

کانفرنس میں سیاسی پارٹیوں کے لئے ایک ضابطہ اخلاق بھی طے پایا جس کی رو سے کوئی پارٹی ذات، فرقے، مذہب یا زبان کی بنیاد پر کوئی تفریق نہیں پھیلائے گی اپنی کسی تحریک سے تشدد کی ہمت افزائی نہیں ہونے دے گی، اور ذات مذہب فرقے یا زبان کی بنیاد پر کسی شکایت کے ازالے کے لئے کوئی ایسی تحریک نہیں چلائے گی جس سے امن میں خلل پڑنے یا عوام کے مختلف گروہوں میں تلخی اور کشاکش بڑھنے کا امکان ہو۔

کانفرنس کا سب سے اہم فیصلہ یہ تھا کہ ایک قومی یکجہتی کونسل قائم کی جائے جو اس سلسلے کے تمام مسائل پر غور کرے گی اور ان کے متعلق اپنی سفارشیں پیش کرتی رہے گی۔ اس کونسل کے ۳۷ ممبر ہوں گے اور اس کی ہیئت و پیش وہی ہوگی جو یکجہتی کانفرنس کی تھی۔ وزیر اعظم نے جو کانفرنس کی طرح یکجہتی کونسل کے بھی صدر ہوں گے اعلان کیا کہ کونسل کے سال میں تین چار اجلاس ہوا کریں گے۔ اور وہ ایک نظام مرتب کرے گی جس کے تحت اقلیتوں کی شکایتوں کی جانچ اور تلافی کی جا سکے۔

فرقہ واری جنون

کانفرنس کے شرکا ابھی دہلی سے اپنے اپنے گھروں کو واپس پہنچے ہی تھے کہ اتر پردیش کے فرقہ واری فسادات یکجہتی کی کوششوں کے لئے ایک ہیبت ناک چیلنج بن کر سامنے آگئے۔

ان فسادات کی ابتدا علی گڑھ سے ہوئی اور وہاں کے ہنگامے کا سبب شروع میں یہ بتایا گیا کہ مسلم یونی ورسٹی یونین کے الکشن میں سب ہندو امیدوار ہار گئے اور سب عہدوں کے لئے مسلم طلبا منتخب کر لئے گئے۔ اس کی وجہ سے ایسی ناخوشگوار فضا پیدا ہوئی کہ ہاتھا پائی کی نوبت آگئی۔ اور دونوں طرف کے کچھ طلبا زخمی ہو گئے۔ اس پر شہر میں اشتعال پھیل گیا اور اگرچہ یونی ورسٹی کی طرف آنے والے جلوس کو پولیس نے روک لیا لیکن شہر میں قتل و غارت خاصے بڑے پیمانے پر شروع ہو گیا۔

بعد میں معلوم ہوا کہ یونی ورسٹی کے ہوسٹل میں جو جھگڑا ہوا تھا اس کا سبب باہر کے طلبا تھے۔ انھوں نے صرف وہاں کے ہنگامے میں حصہ لیا بلکہ باہر جا کر ہندو طلبا کے ہلاک کر دئے جانے کی افواہ اڑا دی۔ یہ افواہ علی گڑھ تک ہی محدود نہ رہی بلکہ دوسرے شہروں یہاں تک کہ لکھنؤ میں بھی اڑائی گئی اور کئی جگہ اس کا نتیجہ وہی ہوا جو علی گڑھ میں ہوا تھا۔

اتر پردیش کی حکومت نے اس جنون پر قابو پانے کے لئے فساد زدہ شہروں میں کرفیو لگا دیا اور تقریباً

دو ہزار افراد فساد کرنے یا اس کی ترغیب دینے کے الزام میں گرفتار کئے جا چکے ہیں۔ وزیروں نے اپنے بیانوں میں اس بات پر خاص طور سے زور دیا ہے کہ تمام جانی نقصانات اور بیشتر مالی نقصانات ایک ہی فرقے کے ہوئے ہیں اور یہ مختلف مقامات کے فسادات کی یکسانیت نیز دوسرے حالات یہ بتلاتے ہیں کہ فساد ایک منظم سازش کے تحت کرائے گئے جس کا مقصد کانگریس کو ہندوؤں اور مسلمانوں میں بدنام کرنا اور آئندہ الیکشن میں ووٹ حاصل کرنا تھا۔

ان فسادات کی پوری ہولناکی ابھی سامنے نہیں آئی تھی کہ آل انڈیا کانگریس کمیٹی نے اپنے مدورائی کے اجلاس میں الکشن مینی فیسٹو منظور کرنے کے علاوہ جس میں قومی یکجہتی کو قومی تعمیر کے لئے بنیادی اہمیت کا حامل قرار دینے کے علاوہ اس مسئلے پر الگ سے بھی ایک رزولیوشن منظور کیا گیا اور شاید اسی لئے جب وزیر اعظم کو فسادات کا حال معلوم ہوا تو ان کا پہلا تاثر غصہ اور تشویش سے زیادہ دکھ کا تھا جس میں ایک طرح کی مایوسی بھی جھلکتی تھی لیکن مایوسی ایسی نہیں ہے جس سے کم ہمتی پیدا ہو۔ اور وزیر اعظم نیز ان کی حکومت نے فسادات کو روکنے اور اقلیتوں کو مطمئن اور محفوظ رکھنے کے لئے ان تھک کوشش جاری رکھنے پر زور دیا ہے۔

ان بیانات کے علاوہ وہ انسدادی اور امدادی اقدامات جو اتر پردیش میں کئے جا رہے ہیں نیز اس قسم کے واقعات جن میں اکثریتی فرقے کے عوام نے فسادی عناصر کا ساتھ نہیں دیا اور اقلیتی فرقے کی حفاظت کے لئے میں اترآئے اقلیت کے زخموں پر مرہم کا کام دیا ہے۔ لیکن دوسری طرف ان زخموں پر نمک پاشی کرنے والے بھی موجود ہیں۔ اور ان میں ان جماعتوں کے افراد بھی شامل ہیں جن کے ذمہ دار آدمیوں نے قومی یکجہتی کانفرنس شرکت اور اس کی تجویزوں کی تائید کی تھی۔

ہندو کن ونشن

مثال کے طور پر جن سنگھ کے لیڈر یہ کہتے پھر رہے ہیں کہ فساد مسلم اقلیت ہی شروع کرتی ہے جو ملک کی وفادار نہیں ہے۔ اور ہندو مہا سبھا کی کوششوں سے بلائے جانے والے ہندو کن ونشن نے ایک رزولیوشن میں کہا ہے پاکستان کے ساتھ ہمدردی رکھنے والوں نے جبلپور اور علیگڑھ میں جارحانہ حرکتیں کی ہیں۔ کن ونشن کے تقریر دو درجن مقرروں میں سے بیشتر نے اسی لہجے میں باتیں کیں مسلمانوں کی وفاداری کو مشکوک بتایا، مشترکہ کلچر کے بارے میں قومی یکجہتی کانفرنس کی باتوں کو غلط اور ہندو کلچر اور ہندو قوم کو ہندوستانی کلچر اور ہندوستانی قوم کا مترادف قرار دیا۔

کن ونشن کے شرکا میں سے دو آدمیوں پر لوگوں کی نظریں خاص طور سے گئیں۔ ان میں سے ایک وزیر ایات کے عہدے سے مستعفی ہو جانے والے اور یونی ورسٹی گرانٹس کمیشن کے سابق چیئرمین سی ڈی دیشمکھ اور دوسرے تھے سابق کمانڈر انچیف جنرل کے ایم کیری اپا۔ البتہ ان لوگوں کا لہجہ دوسرے مقررین کے لہجے سے مختلف تھا۔ جبکہ کانفرنس کا عام رجحان قومی یکجہتی کانفرنس کے فیصلوں کے خلاف تھا دیشمکھ نے انتشار پسند اور قوم دشمن عناصر کی روک تھام کے متعلق اس کانفرنس کے فیصلے کے بعد کن ونشن کی طرف سے اس مسئلے کے اٹھائے جانے کو بیکار بتایا۔ اسی طرح کیری اپا نے مذہب کو سیاسی زندگی سے الگ رکھنے پر زور دیا اور فرقہ واری ذہنیت کو ملک کے لئے خطرناک قرار دیتے ہوئے کسی خاص فرقے یا جماعت کا نام نہیں لیا۔ بعد میں دیشمکھ نے کن ونشن کی اس مجلس قائمہ میں شرکت سے بھی انکار کر دیا جو قومی سلامتی اور یکجہتی جیسی کہ وہ کن ونشن کی نگاہ میں ہی نظر رکھنے اور ان کو مستحکم بنانے کے لئے مقرر کی گئی ہے۔

برت کا بھی کھاتہ

ماسٹر تارا سنگھ نے پنجابی صوبے کی تشکیل کا مطالبہ منوانے کے لئے جو مرن برت ۱۵ اگست کو شروع کیا تھا اسے انھوں نے ۴۸ ویں دن ختم کر دیا۔ ان کے جیسے سن اور صحت کے انسان کے لئے یہ آزمائش بڑی سخت تھی اس لئے برت کے خاتمے کا سب نے خیر مقدم کیا گیا ہے۔ لیکن اس کے نتائج کے بارے میں بنیادی اختلافات پائے جاتے ہیں۔

ماسٹر جی نے برت شروع کرتے وقت کہا تھا کہ جب تک پنجابی صوبے کی تشکیل کو اصولی طور پر منظور نہیں کر لیا جائے گا اس وقت تک وہ اپنا برت جاری رکھیں گے۔ پھر انھوں نے اور ان کے ساتھیوں نے اس بات پر زور دیا کہ یہ مسئلہ کسی حکم کے سپرد کر دیا جائے۔ اور اس مسئلے میں نہ صرف ہندوستان کے اندر بلکہ باہر کے بھی بعض آدمیوں کے نام لئے گئے۔ حکومت نے یہ تجویز رد کر دی۔ صرف اس حد تک جانے کو تیار تھی کہ سکھوں کو بے انصافی یا مساوی سلوک نہ کئے جانے کی جو شکایتیں ہیں ان کی جانچ کرائی جائے۔ حکومت کے اسی وعدے پر ماسٹر جی نے اپنا برت ختم کیا ہے۔

کمیشن کے تقرر کا اعلان کیا جا چکا ہے۔ یہ کمیشن جیسا کہ اعلانیہ میں بتایا گیا ہے۔ وزیر اعظم کے پارلیمنٹ والے اعلان کے مطابق مقرر کیا جا رہا ہے۔ اس اعلان میں وزیر اعظم نے کہا تھا کہ پنجابی صوبے کا مطالبہ کمیشن

کے دائرہ اختیار سے باہر ہوگا۔ بعد میں ایک پریس کانفرنس کو خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ مجوزہ کمیشن پنجابی صوبے کے مسئلے پر نہیں بلکہ اس کے بعض پہلوؤں پر غور کرسکے گا جو شکایتوں اور ازالوں کے متعلق ہوں گے۔ اس لئے ماسٹر تارا سنگھ کے اس بیان کی کہ تحقیقاتی کمیشن ایک پنجابی بولی والی ریاست کی تشکیل کے مسئلے کی جانچ پڑتال کرے گا، کوئی بنیاد تو سرکاری اعلانیہ میں نظر آتی ہے اور نہ وزیر اعظم کے کسی بیان میں۔

اگر اکالی لیڈروں نے اپنی حکمت عملی کی ناکامیابی تسلیم کرلی ہے اور اپنے پیروؤں کی جن میں انھوں نے بڑی بڑی توقعات پیدا کردی تھیں مایوسی کے ڈر سے اس قسم کی باتیں کر رہے ہیں تو یہ دوسری بات ہے۔ لیکن اگر واقعی وہ ویسا ہی سمجھتے ہیں جیسا زبان سے کہتے ہیں تو آگے چل کر انھیں بہت ہی سخت مایوسی ہوگی اور ممکن ہے کہ اس کے زیر اثر پھر کوئی تحریک شروع کردی جائے۔ اس سلسلے میں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ اکالیوں میں ایک گروہ آخر تک اس بات سے متفق نہیں تھا کہ ماسٹر جی صرف اس بنیاد پر اپنا برت ختم کردیں کہ حکومت ایک تحقیقاتی کمیشن مقرر کرنے پر راضی ہوگئی ہے۔ خاص کر ایسی حالت میں جب کہ کمیشن کے ارکان تک کے بارے میں اکالی دل کی بات واضح طور پر یا اشارتاً منظور نہیں کی گئی تھی۔

شام میں بغاوت

بین اقوامی معاملات میں پچھلے مہینے کا سب سے اہم واقعہ متحدہ عرب جمہوریہ کے خلاف اس کے شمالی صوبے شام کی بغاوت ہے جس نے نہ صرف اس جمہوریہ کو بلکہ پوری عرب دنیا کو ایک زبردست خطرے سے دوچار کردیا تھا۔ مگر صدر ناصر کے تدبر نے اس خطرے کا بڑی کامیابی سے مقابلہ کیا ہے۔

باغی لیڈروں کی طرف سے بغاوت کا سبب یہ بتایا گیا ہے کہ مصر و شام کے انضمام اور متحدہ عرب جمہوریہ کے قیام کے بعد سے مصر والے شام پر اپنا اقتدار جمانے کی کوشش کر رہے تھے۔ اور بہت ممکن ہے کہ انتظامی اور فوجی عہدوں اور ملازمتوں کی تقسیم میں شام والوں کے ساتھ بعض زیادتیاں ہوئی ہوں۔ لیکن بغاوت کا اصل سبب وہ معاشی پالیسیاں ہیں جو متحدہ عرب جمہوریہ نے اختیار کی تھیں اور جن کو کامیاب بنانے کے لئے ادھر کچھ عرصے سے نظام حکومت میں مرکزیت پسندی کا رجحان خاصا نمایاں ہوگیا تھا۔

ان پالیسیوں کا مقصد یہ تھا کہ مصر کی طرح شام میں بھی جاگیرداری نظام ختم کردیا جائے اور صنعت و تجارت کو بڑی حد تک قومی ملکیت میں لے آیا جائے۔ ان مقاصد سے جن طبقوں کے مفاد پر ضرب پڑتی

تی۔ انھوں نے سیاست پیشہ اور ملازمت پیشہ طبقوں کے غیر مطمئن گروہ کو اپنا آلۂ کار بنالیا اور متحدہ عرب جمہوریہ سے شام کی علیحدگی کا اعلان کر دیا۔

اس بغاوت کی طبقہ داری رنگت اس بات سے ظاہر ہوتی ہے کہ نئی حکومت کے وزیر اعظم مامون زبری ایک ایسے گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں جو دوسرے چار گھرانوں کے ساتھ مل کر شامی معاشیات کے پچیس فیصدی حصے پر قابض تھا۔ اور جنھوں نے برسر اقتدار آتے ہی یہ اعلان کر دیا ہے کہ جو صنعتیں تجارتیں قومی ملکیت میں لے لی گئی تھیں وہ نجی مالکوں کو واپس کر دی جائیں گی۔

اگر صدر ناصر بغاوت کے خلاف فوجی اقدامات کرتے تو مصر کی بالادستی اور شام کی علاقائی قوم پرستی کے جو نعرے باغیوں کی طرف سے لگائے جا رہے تھے وہ نہ صرف شام بلکہ دوسرے عرب اور غیر عرب ملکوں کے عوام کو بھی بہت زیادہ متاثر کرتے اور صدر ناصر کے مخالفوں کو انھیں بدنام کرنے کا سنہرا موقع ہاتھ آجاتا۔ بغاوت کے پہلے دن انھوں نے کچھ اس قسم کا رجحان ظاہر کیا تھا جب یہ اعلان کیا کہ شام اور مصر کے اتحاد کو ہر قیمت پر برقرار رکھا جائے گا انھوں نے اپنی فوج کو کوچ کا حکم دے دیا تھا لیکن پھر فوراً ہی انھوں نے اپنا رویہ بدل دیا اور مصری چھاتے بردار دستے کو شام میں ہتھیار ڈالنے کی اجازت کر دی اور صاف لفظوں میں یہ اعلان کر دیا کہ اگر شام کو اپنی مرضی سے ۱۹۵۸ء میں مصر کے ساتھ تھا اس سے الگ ہونا چاہتا ہے تو الگ ہو جائے اور یہ کہ وہ اس کے ایک الگ ملک کی حیثیت سے انجمن متحدہ اقوام اور عرب لیگ میں شامل کئے جانے کی مخالفت نہیں کریں گے۔

ناصر کے اس رویہ کا ایک سبب شاید ان کا یہ احساس تھا کہ باغی شامی عوام کو بہکانے میں کامیاب ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ شاید انھوں نے یہ بھی محسوس کیا کہ شام کی بغاوت متحدہ عرب جمہوریہ کے خلاف بڑے اقدام کا پیش خیمہ بن سکتی ہے۔ اور اگر ان کی فوج شام میں الجھ گئی تو ممکن ہے کہ ان کے ملک پر دوسری طرف سے حملہ کر دیا جائے۔ ۱۹۵۶ء میں مصر پر برطانیہ فرانس اور اسرائیل نے مشترکہ طور سے جو حملہ کیا تھا اسے ناصر فراموش نہیں کر سکتے تھے۔ اور وہ اس بات سے بھی واقف تھے کہ ڈاکٹر بغاوت سے تھوڑے ہی دن پہلے برطانیہ گئے تھے، اگرچہ برطانی دفتر خارجہ نے ان کے اس دورے کو بتایا ہے۔

اگرچہ یہ اعتراضات زیادہ تر جذباتی اور انتقامی ہوتے تھے، نیز عصبیت (؟) اور تنگ نظری پر مبنی تھے، لیکن ادبی نکات سے خالی نہیں ہوتے تھے۔ حالی کی زبان، ان کا انداز بیان، شاعری کے متعلق ان کے خیالات و نظریات پر اکثر اعتراضات صحیح تھے۔ حالی اصلاح قوم کے جوش میں روح شاعری سے دور ہوتے گئے اور جادو بیانی یا اعجاز بیانی کے بجائے دو اور دو چار والی شاعری کرنے لگے۔ حکمت و فلسفہ، اخلاق و اصلاح کی وجہ سے ان کی شاعری میں وہ کیف و وجدان نہیں رہا جو شاعری کی جان ہے۔"

بہرحال ان معمولی خامیوں کے علاوہ جو محض ترتیب کے ذرا سے فرق اور معمولی توجہ سے دور ہو سکتی ہیں یہ کتاب بحیثیت مجموعی نہایت مفید اور قابل مطالعہ ہے اور مولانا حالی پر جو کتابیں لکھی گئی ہیں، ان میں قابل قدر اضافہ ہے۔

مجلس، مولوی عبدالحق نمبر : اڈیٹر : محمد منظور احمد

سائز ۲۰×۳۰/۸ حجم ۲۳۲ صفحات، کاغذ سفید اور طباعت ٹائپ میں دیدہ زیب۔

اس نمبر کی قیمت تین روپے۔ ملنے کا پتہ :- اردو مجلس۔ اردو ہال۔ حمایت نگر حیدرآباد (آندھرا پردیش)

اردو مجلس نے ۲۹ مئی ۶۰ء کو بابائے اردو مولانا عبدالحق کی ۹۰ ویں سال گرہ منائی تھی۔ اس موقع پر جو مضامین، نظمیں اور پیامات پڑھے گئے تھے، ان میں کچھ اور اضافہ کرکے اس ادارہ کے سہ ماہی ترجمان "مجلس" کا مولوی عبدالحق نمبر شائع کیا گیا ہے۔ اردو رسالوں کے مخصوص نمبر نکالنے میں بہت سی دقتیں پیش آتی ہیں، ان میں سب سے بڑی دقت معیاری اور کسی منصوبے کے مطابق مضامین کا حصول ہے، اس کی وجہ سے مضمون نگاروں میں انتخاب کا موقع نہیں رہتا اور نہ ان پر کوئی پابندی عائد کی جا سکتی ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ان کے مختلف مضامین میں تکرار تو یقینی طور پر ہوتی ہے۔ اس قسم کے عیب پذیر تبصرہ عبدالحق نمبر میں بھی ہیں، خصوصاً مضامین میں انتخاب کی سخت ضرورت تھی۔ لیکن بحیثیت مجموعی یہ سالہ اپنے مقصد میں کامیاب ہے مولانا عبدالحق کی شخصیت کے تمام پہلوؤں پر تفصیل سے لکھا گیا ہے اور موصوف کی مکمل تصویر پیش کی گئی ہے۔ خاص بات یہ ہے کہ بابا کے اردو کی علمی خدمات کو بھی جسے عام طور پر نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ بسط و تفصیل سے پیش کیا گیا ہے۔ مثلاً تحقیق و تنقید اور دکھنیات پر بابائے اردو نے جو کام کئے ہیں ان پر متعدد مضامین اس خاص نمبر میں شامل ہیں۔

مجیب صاحب کا سفر کینیڈا

(پروفیسر محمد مجیب صاحب میک گل یونیورسٹی (کناڈا) تشریف لے جا رہے تھے، تو ہم نے ان سے درخواست کی تھی کہ وہ اپنے لکچر اور دوسری علمی مصروفیات کی اطلاع دیتے رہیں، تاکہ ہم قارئین رسالہ جامعہ کی دلچسپی اور معلومات کے لئے انھیں شائع کر سکیں۔ خوشی کی بات ہے کہ موصوف نے یہ درخواست منظور کر لی ہے اور پہنچتے ہی ایک طویل خط لکھا ہے، جسے ذیل میں شائع کیا جا رہا ہے۔)

ہوائی جہاز سے اس لئے کہ ریل اور جہاز کی رفتار کافی تیز نہیں تھی، اور مجھے ہوائی سفر کا کافی تجربہ ہو چکا ہے۔ پھر بھی ہر دفع سفر کی کیفیت کچھ نئی معلوم ہوتی ہے۔ رات کو دوستوں سے پالم پر رخصت ہونا، صبح زیورچ میں دوسرے جہاز کا انتظار کرنا، پھر چالیس منٹ میں میونخ پہنچ جانا کچھ عجیب سا لگا۔ میونخ میں قیام طالب علموں کے ایک ہوسٹل میں تھا، اور وقت زیادہ تر بستر پر گزرا، مگر میونخ کے "انگریزی باغ" میں ٹہلنے اور دکانوں میں سامان کی فراوانی دیکھنے کا موقع مل گیا۔ آخر میں ہوسٹل کے پاس ایک درخت پر بھی نظر پڑی جس پر بہت سے جوتے لٹکے تھے۔ معلوم ہوا کہ اکثر طالب علم جاتے وقت جوتوں کا کوئی پرانا جوڑا درخت پر لٹکا جاتے ہیں، اور جاڑوں میں جب درخت کی پتیاں جھڑ جاتی ہیں اور زمین پر برف جمی ہوتی ہے تو یہ جوتے ایک عجیب کیف پیدا کرتے ہیں۔

میونخ کی حالت اس وقت بھی ویسی ہی معلوم ہوئی جیسی کہ سات برس پہلے تھی۔ لندن میں پہلے کے مقابلے میں خوش حالی کے آثار بہت زیادہ نظر آئے اور گرانی بھی بہت بڑھ گئی ہے۔ اب معاوضے کی شرح اتنی بڑھ گئی ہے کہ انگریز ادنےٰ کاموں کو، جیسے کہ بسوں کی ڈرائیوری یا کنڈکٹری، اور کم تنخواہ کے کاموں کو، جیسے کہ اسکولوں میں پڑھانا، چھوڑ رہے ہیں، اور یہ کام اب ویسٹ انڈیز، پاکستان اور ہندوستان کے لوگ، جو ہزاروں کی تعداد میں آکر آباد ہو گئے ہیں، کرنے لگے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ پاکستان کی حکومت نے اپنے شہریوں سے یہ معاملہ کیا ہے کہ جو روپیہ وہ اپنے گھروں کو بھیجتے ہیں وہ بنکوں کو دینے

کے بجائے اسے دے دیں، وہ پاؤنڈ کے بلیک مارکیٹ ریٹ کے مطابق پاکستان میں ادائگی کر دے گی۔ مگر غیر ملکوں کے لوگوں کا اس طرح آباد ہونا مسئلے بھی پیدا کرے گا، اور لوگ سوچ رہے ہیں کہ بیروزگاری کا ہلکا سا بھی دور ہوا تو کیا کیا جائے گا۔ میں جب لندن میں تھا تو موضوع گفتگو برٹرنڈرسل اور ان کی ۵۰۰ کی کمیٹی کے منصوبے تھے۔ برٹرنڈرسل نے قانون شکنی کا ارادہ کیا تھا، اور اس کا زور شور سے اعلان کیا تھا قاعدے کے مطابق ان کو گرفتار کرنا مناسب تھا، اور انھیں جو سزا دی گئی اس کی مدت انھوں نے جیل کے ہسپتال میں بہت آرام سے گزاری۔ مگر لوگ یہ بھی پوچھ رہے تھے کہ آخر یہ کون سا قانون تھا جس کی خلاف ورزی وہ کرنے والے تھے؟ یہی نا کہ کسی کو کھڑے ہو کر یا زمین پر بیٹھ کر آمد و رفت میں حائل نہ ہونا چاہیئے۔ تو کیا وہ شخص یا جماعت جو قوم کو ہلاکت سے بچانا چاہتی ہو، اور اس میں شک نہیں کہ برٹرنڈرسل کا اس کے سوا اور کوئی مقصد نہ تھا، اتنا بھی نہیں کر سکتی کہ قوم کو آگاہ اور متوجہ کرنے کے لئے چند سڑکوں پر آمد و رفت بند کر دے؟ انگریز بہت قاعدے کے لوگ ہیں، اور برٹرنڈرسل کی ہم خیال ایک اور جماعت نے جو کرسچین ایکشن کمیٹی کہلاتی ہے جس کے رہنما برطانوی کلیسا کے ایک بہت ممتاز آزاد خیال عہدہ دار مائکل کولنس ہیں۔ اس کا اعلان کر دیا ہے کہ وہ کسی قسم کی قانون شکنی کو پسند نہیں کرتی۔ برٹرنڈرسل نے یہ کہہ کر اپنا کام بگاڑا ہی ہوگا کہ مر جانے سے بہتر ہے کہ ہم کمیونسٹ ہو جائیں، کرسچین ایکشن کمیٹی کی طرف سے کبھی ایسی بات نہیں کہی جائے گی، اور وہ مذہبیت جو صرف انگلستان میں نہیں بلکہ یورپ اور یہاں کینیڈا میں بھی چپکے چپکے پھیل رہی ہے بالآخر زیادہ موثر ثابت ہوگی۔

ڈاکٹر سمتھ سے۔ اور مشیر صاحب سے بھی اس وقت ملاقات ہوئی جب ہوائی جہاز میں مقفل ہونے کے مرحلے طے ہو رہے تھے۔ ڈاکٹر سمتھ بہت قابل اور کارپرداز آدمی ہیں، مگر ان کی طبیعت میں کچھ پارسائی بھی ہے، جو انھیں اسی قدر زیب دیتی ہے جتنی کہ ان کی مسکراہٹ، اور اسی وجہ سے ان کو چھیڑنے میں بہت لطف آتا ہے۔ لیکن چھیڑ چھاڑ کا اثر صرف یہ ہوتا ہے کہ ان کی مسکراہٹ اور زیادہ پر کیف ہو جاتی ہے۔ وہ اپنی طرف سے صرف مجھے نہیں بلکہ ساری علمی دنیا کو چھیڑتے رہتے ہیں، اور انھیں شاید اس کا افسوس ہوگا کہ ان کی چھیڑ چھاڑ کا میرے اوپر کوئی اثر نہیں ہوتا۔ وہ ابھی مستشرقین کی ایک کانفرنس میں شرکت کے لئے برسلز (بلجیم) گئے تھے۔ وہاں انھوں نے ایک مقالے میں یہ ثابت کرنا چاہا کہ عربی کتابوں سے جو

جو انیسویں اور بیسویں صدی میں بدھ اور عیسائی مذہب اور اسلام پر لکھی گئی ہیں۔ یہ واضح ہوجاتا ہے کہ ان مذہبوں میں سے کسی کی کوئی ایسی مسلم شکل نہیں ہے کہ اسے ایک مذہب کہا جاسکے۔ انھوں نے اس کا بھی انتظار نہیں کیا کہ ہم ہوائی جہاز میں بیٹھ جائیں، راستے ہی میں اپنا خیال بیان کیا اور میری رائے پوچھی میں نے کہا کہ لطیفہ خوب ہے۔ مونٹریال پہنچنے کے دو تین دن بعد انھوں نے میری کتاب کے پہلے باب کا کچھ حصہ پڑھا اور جو کچھ کہا اس کا مفہوم غالب کے اس مصرع کا ادا ہوسکتا ہے۔ ع میں نے یہ جانا کہ گویا یہ بھی میرے دل میں ہے

آج کتاب کے متعلق پہلا سیمنار ہوا۔ چونکہ کتاب کا پہلا باب آخر وقت میں ٹائپ کرکے تقسیم کیا گیا تھا، اس لئے گفتگو زیادہ تر جامعہ کے نصب العین اور مسلمانوں کے خیالات میں جو انقلاب ہوئے ہیں ان کے بارے میں ہوئی۔ پرسوں ۲۷ ستمبر سے باقاعدہ کام شروع ہوجائے گا اور امید ہے کہ بہت دلچسپ بحثیں ہوا کریں گی۔

انسٹی ٹیوٹ فیک گل یونیورسٹی کے شعبہ دینیات کا ایک حصہ ہے۔ شعبہ کے ناظم (ڈین) مسٹر فروسٹ سے پہلی ملاقات ہوئی تو میں سمجھا کہ وہ جدید طرز کے پادری ہیں، اور کریدنے پر کلیسا کے نیازمند خدمت گزار ثابت ہوں گے۔ اس کے دو تین دن بعد مجھے ایک لکچر میں شرکت کی دعوت دی گئی۔ لکچرر انگلستان سے بلائے گئے تھے، اور کہا گیا کہ انھوں نے عیسائی مذہب کی تبلیغ میں بہت نمایاں کام کیا ہے۔ لکچر اچھا تھا مگر لکچرار یہ سمجھے تھے کہ انھیں دینداروں اور پادریوں کی محفل میں عیسائی مذہب کو دین کامل ثابت کرنا ہے اور ان کی تقریر اس انداز کی تھی کہ گویا مانی ہوئی باتوں کو دہرانا ہے۔ لکچر کے بعد کچھ سوالات کئے گئے جن سے وہ گھبرا گئے۔ رات کو انھیں کھانے پر بلایا گیا تھا، جب کھانا ہوچکا اور سب آرام سے ایک الگ کمرے میں بیٹھ گئے تو ناظم دینیات مسٹر فروسٹ نے کہا کہ ہم پادری لوگ جو کہا کرتے ہیں کہ ہم دین کامل کی نمائندگی کرتے ہیں اس سے سمجھ دار آدمی ہم سے برگشتہ ہوگئے ہیں۔ اس سے دوسروں کو شہ ملی اور فاضل مقرر پر اعتراضات کی بوچھار ہونے لگی۔ میں نے گفتگو کا موضوع بدلنا چاہا، مگر کامیابی نہ ہوئی۔ آخر میں میں نے ملزم سے کہا کہ آپ کے نزدیک عیسائی مذہب کے جو بنیادی تصورات ہیں وہ بیان کیجئے انھوں نے کہا کہ بنیادی تصورات دو ہیں، یوم جزا کا احساس اور حضرت عیسے کا سلیب پر چڑھایا جانا۔ میں نے کہا کہ یوم جزا کا احساس مسلمانوں میں بھی بنیادی حیثیت رکھتا ہے، اور دار پر چڑھنا ایک مرغوب استعارہ ہے۔ اس سے اعتراض کرنے والوں کو کچھ سوچنے کا موقع مل گیا، اور انھوں نے محسوس کیا کہ

وہ ایک سیدھے سادے عیسائی کو عالم اور مفکر سمجھ کر اس کے ساتھ زیادتی کر رہے ہیں۔ گھر جاتے ہوئے کچھ دور تک میرا اور فاضل مقرر کا ساتھ رہا۔ انھوں نے احسان مندی کے لہجے میں مجھ سے پوچھا کہ کہاں سے آئے ہیں، کیا کرنے آئے ہیں، اور پھر کہا کہ میں تو سمجھا تھا کہ طالب علموں سے گفتگو کرنا ہے مجھے ان عالموں اور ان کے علم سے کیا مطلب معلوم ہوتا۔ کہ اس طرح پنجے جھاڑ کر میرے پیچھے پڑ گئے تو میں ہرگز نہ آتا۔

لکچر اور لکچرر کا جو اثر ہوا اسے دیکھ کر مجھے یقین ہو گیا کہ یہاں کی مذہبیت سے کرسچن کا عنصر خارج کر دیا گیا ہے، اور اب پروٹسٹنٹ مذہبوں کے ماننے والے یہ نہیں سمجھتے کہ حقیقت کا علم اور خلوص عیسائیوں کا حصہ ہے۔ یونیورسٹی کے شعبۂ دینیات میں انسٹی ٹیوٹ کے ناظم ڈاکٹر ایڈمز اسلام اور تاریخ اسلام پر لکچر دیتے ہیں، اور ڈاکٹر سمتھ تقابلی مذہب کے بارے میں جو عقیدہ رکھتے ہیں اس کے مطابق مذہبوں کے درمیان برتر اور کمتر کی بحث آداب کے خلاف اور صحیح علم کے لئے سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ لیکن کینیڈا میں رومن کیتھلک کلیسا کا بھی بہت اثر ہے، اور اس کے نزدیک اس طرح کی آزاد خیالی بے دینی کا دوسرا نام ہے۔

کوائف جامعہ

ڈاکٹر سید عابد حسین صاحب قائم مقام شیخ الجامعہ

ہم ستمبر کے پرچے میں یہ اطلاع دے چکے ہیں کہ شیخ الجامعہ پروفیسر محمد مجیب صاحب ۵ ستمبر کو چار ماہ کے لئے وزیٹنگ پروفیسر کی حیثیت سے کینیڈا تشریف لے گئے۔ آج کل شیخ الجامعہ کے فرائض ڈاکٹر سید عابد حسین صاحب انجام دے رہے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب بہت ہی معروف اور عدیم الفرصت ہیں۔ خصوصاً آج کل جبکہ وہ ہندوستانی مسلمانوں کے مسائل پر ایک جامع کتاب لکھنے کے لئے ابتدائی تیاریوں میں مشغول ہیں، کسی اور کام کے لئے وقت نکالنا ان کے لئے بہت مشکل تھا، مگر لوگوں کے اصرار اور جامعہ کی ضرورت کے پیش نظر ان کو آمادہ ہونا پڑا۔

ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب جامعہ میں

ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب جب کبھی دہلی تشریف لاتے ہیں، تو اپنی ہزاروں مصروفیتوں کے باوجود جامعہ کے اساتذہ اور کارکنوں سے ملنے کے لئے کچھ نہ کچھ وقت ضرور نکالتے ہیں۔ اس مرتبہ ۲۸ ستمبر کو قومی یکجہتی کانفرنس میں شرکت کے لئے دہلی آئے تھے تو حسب معمول جامعہ بھی تشریف لائے اور اپنے پرانے ساتھیوں اور جامعہ کی نئی برادری کے ساتھ کچھ وقت صرف کیا۔

استادوں کے مدرسے میں یوم جامعہ

۱۶ اکتوبر کو استادوں کے مدرسہ میں انجمن طلبہ کے آزاد ہاؤس کی طرف سے یوم جامعہ منایا گیا۔ مدرسہ کے ہال میں اکابرین جامعہ کی تصاویر اور جامعہ سے متعلق مختلف چارٹ آویزاں کئے گئے تھے اور ایک جلسہ منعقد کیا گیا تھا، جس کے خصوصی مقرر جامعہ کے ایک قدیم طالب علم جناب رانا جنگ بہادر تھے۔ سب سے پہلے صدر جلسہ پرنسپل ڈاکٹر سلامت اللہ صاحب نے جامعہ کے اسٹاف کا مدرسہ کے طالب علموں کو تعارف کرایا۔ جناب سعید انصاری صاحب

نے، جو جامعہ کے اولین طالب علموں میں سے ہیں، جامعہ کے قیام کی غرض وغایت، اس کے پس منظر اور مختلف ادوار کی خصوصیات پر روشنی ڈالی۔ ڈاکٹر محمد اکرم صاحب نے جو استادوں کے مدرسہ کے اولین طالب علموں میں سے ہیں، مدرسہ کی ابتدائی زندگی کا ایک خاکہ پیش کیا۔ آخر میں جناب رانا جنگ بہادر صاحب نے ایک پرجوش، پراثر اور پرمغز تقریر کی، جس میں جامعہ کی ابتدائی زندگی کے ساتھ ساتھ یہ بھی بتلایا کہ انھوں نے جامعہ سے بی اے کرنے کے بعد سب سے پہلے مولانا محمد علی مرحوم کے کامریڈ میں کس طرح کام شروع کیا اور اس کے بعد انگریزی کے کن کن اخبارات میں اسسٹنٹ اڈیٹر اور اڈیٹر کی حیثیت سے کام کیا۔ آخر میں انھوں نے فرمایا کہ ملک کا تعلیمی نظام اور نصاب اب بھی پرانے ڈھرے پر چل رہا ہے اور کالج اور یونیورسٹیاں اب بھی کلرک پیدا کر رہی ہیں۔ یہ جامعہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ تعلیم کے میدان میں ملک کی رہنمائی کرے اور تعلیم میں اصلاح و انقلاب پیدا کرنے کی کوشش کرے۔

تصحیح

ستمبر کے رسالہ جامعہ میں پروفیسر محمد مجیب صاحب کا خطبۂ استقبالیہ شائع کیا گیا تھا خطبے اور اس کے نوٹ میں، کانفرنس کے کاغذات کی بنیاد پر لکھا گیا تھا کہ یہ خطبہ ہندوستان کی میزبان کمیٹی کی طرف سے ورلڈ کانفیڈریشن آف ٹیچنگ پروفیشنز کی کانفرنس کا استقبال کرنے کے لئے پڑھا گیا تھا۔ لیکن بعد میں معلوم ہوا کہ یہ دراصل "تعلیم کی بین اقوامی کونسل برائے تدریس" (انٹرنیشنل کونسل آف ایجوکیشن فار ٹیچنگ) کی چوتھی کانفرنس کا خطبہ استقبالیہ تھا۔ قارئین جامعہ تصحیح فرمالیں۔

جامعہ

سالانہ چندہ
چھے رُوپے

قیمت فی پرچہ
پچاس نئے پیسے

جلد ۴۶	بابت ماہ دسمبر ۱۹۶۱ء	شمارہ ۲

فہرست مضامین

جمال الدین افغانی	جناب ضیاء الحسن فاروقی	۵۹
محروم، وادیٔ غزل میں	جناب روش صدیقی	۶۹
غزل	جناب نشور واحدی	۷۲
ہندوستان میں چینی سیاح	جناب محمد شفیع الرحمٰن	۷۳
امریکہ اور مشرق وسطیٰ	جناب شاہ عبدالقیوم	۸۲
حالاتِ حاضرہ	جناب ظفر پیامی	۹۱
تنقید و تبصرہ	ع ل ا	۱۰۱
کوائف جامعہ	" "	۱۰۵

رسالہ جامعہ کا سالنامہ

فروری ۶۲ء میں شائع ہوگا

جس میں تفصیل سے ۶۱ء کی اُردو ادب کی رفتار، ملک کے تعلیمی حالات اور دنیا کے سیاسی واقعات و رجحانات کا جائزہ لیا جائے گا اور ان پر تبصرہ کیا جائے گا۔

ناشروں سے درخواست ہے کہ وہ ۶۱ء کی مطبوعات کی اطلاع دیکر اور اگر تبصرہ مقصود ہو تو ہر کتاب کے دو نسخے بھیج کر اردو ادب کے اس جائزے کو مفید اور مکمل بنانے میں مدد کریں

جمال الدین افغانی

جناب ضیاء الحسن فاروقی

تاریخ اسلام کے عہد جدید کی تاریخی شخصیتوں میں جمال الدین افغانی (۱۸۳۹ء - ۱۸۹۷ء) کی شخصیت بڑی دلچسپ ہے، عقیدت اور پروپیگنڈے نے اسے اور دلچسپ بنا دیا ہے اور اس میں افغانی کے مسلم معتقدین اور انگریز دوست اور قدردان دونوں شریک ہیں، دوسری طرف ان کے مخالفین نے جن میں انگریز سامراجی اور خاص طور سے جدید ترکی کے سیکولر قوم پرست شامل ہیں، ان کے کارناموں پر پردہ ڈالنے اور ان کی شخصیت کی تاریخی اہمیت کو کم کرنے کی کوشش کی ہے، معلوم نہیں حقیقت کیا ہے، بہرحال جن مراجع تک ہماری رسائی ہو سکی ہے ان کی روشنی میں ہم اپنے خیالات پیش کرتے ہیں۔

اس سے بحث نہیں کہ جمال الدین افغانی افغانستان میں اسعد آباد کے مقام پر پیدا ہوئے یا ایران میں ہمدان کے قریب اسد آباد میں، اس لئے کہ اُن کی شخصیت افسانوی نہیں بلکہ تاریخی ہے اور ہمارا موضوع بحث وہ جمال الدین ہے (خواہ وہ ایرانی ہو یا افغانی) جس نے انیسویں صدی کے نصف آخر میں اپنی انقلابی شخصیت سے سامراجیوں اور مطلق العنان بادشاہوں کی نیندیں حرام کر دی تھیں، وہ ایک متحرک اور جیتی جاگتی شخصیت تھی اور اس نے جس سرزمین پر قدم رکھا وہاں گہرے نقوش چھوڑے، اس کی عظمت کا اندازہ بیسویں صدی کی ایک عظیم شخصیت یعنی مجتہد اور مجاہد ابوالکلام آزاد کے اُس خراج عقیدت سے ہو سکتا ہے جو الہلال کے صفحات پر محفوظ ہے، ۱۳ر جولائی ۱۹۱۲ء کو مرحوم نے لکھا تھا:-

"یہ عجیب بات ہے کہ پچھلی صدی کے آخری نصف حصہ میں تقریباً تمام ممالک اسلامیہ میں اصلاح و تغیر کے لئے یکساں تحریکیں پیدا ہوئیں، مگر اس سے بھی عجیب تر واقعہ یہ ہے کہ مختلف اسلامی ملکوں کی اصلاح و تجدید ایک ہی شخص (سید جمال الدین افغانی) کے ظہور سے شروع ہوتی ہے، جو فی الحقیقت تاریخ اسلام کے سنین اخیرہ کا سب سے بڑا شخص تھا، خیالات کا

کا پیدا کرنا آسان ہے، مگر خیالات و افکار کے بقاء و قیام کے لئے اشخاص کا پیدا کرنا مشکل ہے اور مصلح کے لئے جن پیغمبرانہ اوصاف کی ضرورت ہے ان میں اولین وصف یہی ہے۔ (سید جمال الدین) کا اصلی کارنامہ غیر فانی یہ تھا کہ زمانے نے خود اس کو کام کرنے کی مہلت بہت کم دی لیکن وہ اپنے اندر ایک ایسی قوت تخلیق رکھتا تھا کہ جہاں جاتا تھا اپنی تحریک کو زندہ رکھنے کے لئے نئے (جمال الدین) پیدا کر لیتا تھا۔"

یہ کہنا مشکل ہے کہ مولانا آزاد افغانی کی بین اسلامزم سے کہاں تک متفق تھے، ہاں یہ بات یاد رکھنے کی ہے کہ مولانا آزاد کا یہ دور وہ تھا جب ان پر اسلامی روحانیت کا خاصا اثر تھا، اس زمانے میں عربی تصنیفات اور عرب دنیا میں شائع ہونے والے اخبارات و رسائل ان کے مطالعہ میں رہتے تھے، اس وقت عرب مصنفوں، صحافیوں اور سیاسی رہنماؤں میں بڑی تعداد اُن لوگوں کی تھی جو براہ راست یا بالواسطہ افغانی سے متاثر تھے اور اُس ذہنی اور سیاسی بیداری کا علم اٹھائے ہوئے آگے بڑھ رہے جسے افغانی نے بڑے نامساعد حالات میں بلند کیا تھا، اور عربوں کو افغانی سے جو عقیدت اور محبت تھی، (اور اس وقت بھی ہے) اس سے مولانا کا متاثر ہونا یقینی تھا۔

بہر حال مولانا نے اپنے خاص انداز میں افغانی کی متحرک شخصیت کا جو نقشہ پیش کیا ہے وہ خود افغانی کے اپنے قول کے عین مطابق ہے، ایک موقع پر انھوں نے کہا تھا کہ میں کتابیں نہیں لکھتا، میں افراد پیدا کرتا ہوں، افغانی نے اپنے خیالات و افکار کی تشریح میں کوئی مبسوط کتاب نہیں لکھی، اُن کے خیالات مختلف رسالوں، مضمونوں اور تقریروں میں بکھرے ہوئے ملتے ہیں اور اُن سب کے غائر مطالعہ کے بعد بھی قاری کو یہ کہنا پڑتا ہے کہ وہ ایسے مفکر نہیں تھے جن کے افکار کا کوئی سسٹم ہو، اس کا یہ مطلب نہیں کہ اُن کا کوئی فکر نہیں تھا، بغیر کسی فکر کے اصلاح تجدید کی تڑپ پیدا کرنا ناممکن تھا، ہاں اس کی نوعیت ذہنی تخلیقی کم تھی اور اصلاحی زیادہ۔

افغانی کو اس بات کا احساس بہت شدید تھا کہ مسلم سماج کو گھن لگ گیا ہے، زوال اور شکست و ریخت کے جو آثار اس میں پیدا ہو چکے ہیں وہ اس کے اپنے جمود اور غفلت کا نتیجہ۔ اس سماج کے فکری چشمے خشک ہو گئے ہیں، تقلید نے تخلیقی قوتیں سلب کر لی ہیں اور بے حسی کا یہ عالم

کہ اسے اپنے زوال اور اس کے اسباب کا کچھ ہوش نہیں ہے، مغرب، ایک زندہ اور متحرک حقیقت ہے، اس کے رجحانات جاندار اور اس کی طاقتیں بے پناہ ہیں۔ یہ ایک سیلاب ہے جس کی زد میں زوال آمادہ مسلم سوسائٹی کا انتشار و انحطاط ہے، اس لئے اگر اس سوسائٹی نے داخلی طور پر اپنی اصلاح و تجدید نہ کی اور متحد ہو کر اس خارجی طاقت کا مقابلہ نہ کیا تو تباہی و بربادی یقینی ہے، افغانی سے پہلے بھی ایسے مصلحین تھے جنھوں نے مسلم معاشرہ کی زبوں حالی کی طرف توجہ دلائی تھی، افغانی نے کہا کہ یہ زبوں حال ہی نہیں بلکہ بہت کمزور اور اندر سے کھوکھلا ہے۔ انھوں نے نہ صرف کہا اور بار بار کہا بلکہ اس بات کی شعوری کوشش کی کہ ان کے ہم مذہبوں کو اس نازک صورت حال کا اتنا ہی شدید احساس ہو جائے جتنی شدت سے وہ خود اسے محسوس کرتے تھے اور نہ صرف وہ اسے محسوس کریں، بلکہ محکم یقین اور پیہم عمل سے اس صورت حال کو بدل ڈالنے کا تہیہ کر لیں۔

افغانی نے اسی پر اکتفا نہیں کیا بلکہ عمل کے لئے چند مثبت امور کی طرف توجہ دلائی جنھیں ہم ان کے اصلاحی پروگرام سے تعبیر کر سکتے ہیں، ہمیں معلوم ہے کہ انھوں نے پرانے طرز کی تعلیم حاصل کی تھی، اور فلسفہ اور دوسرے علوم قطعیہ کا جو علم انھیں تھا وہ بھی روایتی طرز کا تھا، لیکن اس میں کوئی شبہ نہیں کہ عربی زبان و ادب اور علوم اسلامیہ میں انھیں پورا رسوخ حاصل تھا، قدرت نے انھیں ذہانت جرأت اور مجتہدانہ نظر دی تھی، ایران، ہندوستان، عرب دنیا، ترکی، اور یورپ کے قیام کے دوران میں انھیں جدید خیالات سے بھی کسی قدر واقفیت ہو گئی تھی، یہ بات دلچسپ اور عبرت آموز ہے کہ ہمارے مصلحین ابھی تک وہی ہوئے ہیں جنھوں نے بوریئے پر بیٹھ کر پرانے طرز کی تعلیم حاصل کی، اور پھر ان بوریہ نشینوں نے وہ کارہائے نمایاں انجام دئے جو جدید درسگاہوں کی عالی شان عمارتوں میں تعلیم حاصل کرنے والوں سے نہ ہو سکے۔ کیا یہ عجیب بات نہیں کہ ایک شخص افغانستان کے تقلید زدہ ماحول سے رواجی طرز کی تعلیم حاصل کر کے نکلتا ہے اور اپنے فکر کی جولانیوں اور اپنے عمل کی ہنگامہ آرائیوں سے عروق مردہ مسلم میں زندگی کا خون دوڑا دیتا ہے، ایران کی قاچار شاہی، مصر کی پاشائی، عثمانیوں کی سلطانی اور برطانوی استعمار کی قہر سامانی اس کے نام سے لرزہ براندام ہو جاتی ہے، مسلم معاشرہ

کی ساری رجعت پرست طاقتیں اس ایک شخص کو اپنا سب سے بڑا دشمن تصور کرتی ہیں۔ اور اُسے اتنی بڑی دنیا میں کہیں چین سے قیام کرنے کا موقع نہیں ملتا۔

افغانی اصطلاحی لحاظ سے خود مولوی تھے لیکن انھوں نے مولویوں کے طبقہ ہی کو مسلم معاشرے کے انحطاط کا بڑا ذمہ دار قرار دیا، اس لئے کہ وہ اپنی اُس قوم، کی کمزوریوں سے واقف تھے۔ پہلے تو انھوں نے اس طبقہ کے علمی غرور پر ضرب لگائی اور کہا کہ تقلید جامد کے صنم کدے کے یہ پجاری علم کی صحیح لذت سے بے بہرہ ہیں، علم صحیح کہ حقائق اشیاء کی اصلی ماہیت کی نقاب کشائی کرتا ہے، بغیر فلسفہ کے نہیں حاصل کیا جا سکتا، یہ بے چارے صدرا اور شمس بازغہ پڑھ کر یہ سمجھ بیٹھتے ہیں کہ انھیں فلسفہ آگیا، اس کے آگے اس میدان میں اور کچھ نہیں، حالانکہ خود مسلم فلاسفہ یونانی اور بازنطینی فلسفیوں کے خرمن کے خوشہ چیں ہیں، پھر بھلا ان کے حواشی علی الحواشی پڑھنے والے حقیقت سے کیا باخبر ہو سکتے ہیں! اور حقیقت سے بے خبری ہی انھیں تقلید بلا کیف کی زنجیروں سے آزاد نہیں ہونے دیتی، وہ فقہاء اور ائمہ مجتہدین کی رایوں کو نص قطعی کا درجہ دیتے ہیں، حالانکہ خود انھوں نے کبھی اس کا دعویٰ نہیں کیا اور نہ اپنی فقہی کاوشوں کو حرف آخر سے تعبیر کیا، اس جمود کو توڑنے کے لئے افغانی نے ضروری سمجھا کہ فلسفہ کی تعلیم کا چرچا ہو تاکہ تخلیقی فکر کے لئے فضا تیار ہو سکے، انھوں نے یہ بات اصرار کے ساتھ کہی کہ فلسفہ "انسان کو حیوانیت کی پستی کی تنگنائیوں سے باہر نکال کر انسانیت کی پہنائیوں کی طرف لے جاتا ہے۔ یہ انسانی ذہن کو جلا بخشتا ہے جس سے مکروہ توہمات ختم ہوتے ہیں اور دماغ کو روشنی اور "بینائی" نصیب ہوتی ہے، اس سے علم و دانش کی نئی نئی راہیں کھلتی ہیں اور خوف، جہالت اور حماقت کی لعنتوں سے نجات ملتی ہے۔" انھوں نے یہ بھی کہا کہ "تمام علوم و فنون کے لئے فلسفہ روح کا حکم رکھتا ہے جو علم کی مختلف شاخوں میں ایک جاندار ربط قائم رکھتا ہے، ان کا نگراں اور سرپرست ہوتا ہے اور انھیں زندہ رکھنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔"

طبقۂ علماء کو اس طرح جھنجھوڑنے کے بعد افغانی نے انھیں نئے علوم سیکھنے کی تلقین کی، اسی کے ساتھ انھوں نے کہا کہ ان کا فرض ہے کہ وہ عوام میں تعلیم پھیلائیں اور انھیں تعمیر و ترقی کے لئے آمادہ

کریں، افغانی کا خیال تھا کہ مسلم عوام میں تعلیم کی اشاعت کا نتیجہ یہ ہوگا کہ انھیں رفتہ رفتہ توہمات اور خیالات فاسدہ سے چھٹکارا نصیب ہوگا، ان میں جمہوری اسپرٹ پیدا ہوگی اور مسلم معاشرہ پر رجعت پرست عناصر اور مستبد حکمرانوں کا جو غلبہ ہے اس کی بنیادیں کمزور ہوں گی، مسلم عوام کی بیداری کے لئے وہ یہ ضروری سمجھتے تھے کہ انھیں قرآنی تعلیمات سے دلچسپی ہو اور وہ ان کی سچی روح کو پا جائیں، ان کا عقیدہ تھا کہ مسلم معاشرہ میں نئی زندگی اسی وقت پیدا ہو سکتی ہے جب وہ قرآن سے قریب آئے، قرآن ہی اس کی فلاح کا ضامن ہے، قرآن ہی اسے اتحاد کا سبق دے گا اور اس کے اندر صحیح لیڈر شپ پیدا کرے گا، افغانی اپنی تحریروں اور تقریروں میں آیات قرآنی کا کثرت سے استعمال کرتے تھے، مثلاً اس آیت، إن اللہ لا یغیر ما بقوم حتی یغیروا ما بأنفسہم[1]...، کا جتنا استعمال انھوں نے کیا اس عہد میں شاید ہی کسی مصلح نے کیا ہوگا، وہ اس اٹل قانون الٰہی کی طرف بار بار مسلمانوں کی توجہ دلاتے تھے، انھوں نے العروۃ الوثقیٰ کے ۲۵ ستمبر ۱۸۸۴ء کے شمارے میں اسی عنوان سے ایک معرکۃ الآرا مضمون لکھا اور کہا "یہ کتاب الحکیم کی وہ آیت ہے جو حق اور صراط مستقیم کی طرف ہدایت کرتی ہے، یہ اللہ کا وعدہ ہے اور اس میں کوئی رد و بدل نہیں ہو سکتا" مقصد یہ تھا کہ مسلمانوں کو خود اپنی حالت بدلنا ہوگی، وہ اگر اپنی اصلاح کی کوشش کریں گے تو تائید غیبی بھی حاصل ہوگی، ورنہ سوائے محرومی کے اور کچھ نہیں، اس طرح افغانی کا کارنامہ یہ ہے کہ انھوں نے مسلمانوں کو عمل اور سعی کے لئے اکسایا۔

افغانی مذہب اور اخلاق کو خالص علمی نقطۂ نظر سے دو الگ چیزیں نہیں تصور کرتے، ان کے نزدیک سچا مذہب اچھے اخلاق کا ضامن ہے، افغانی کے یہاں احیاء پرستی کے جو عناصر ملتے ہیں ان کا مطالعہ اگر گہری نظر سے کیا جائے تو یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ وہ اسلام کا احیاء محض احیاء کی غرض سے نہیں چاہتے تھے، بلکہ ان کا خیال تھا کہ اگر اسلام کی سچی روح کو پھر زندہ کیا جائے

---

[1] آیت کا شعری ترجمہ: خدا نے آج تک اس قوم کی حالت نہیں بدلی
نہ ہو جس کو خیال آپ اپنی حالت کے بدلنے کا

تو اس کے کچھ منطقی نتائج نکلیں گے اور سب سے پہلے خود مسلم معاشرہ کی اخلاقی خرابیوں پر اس کی ضرب پڑے گی، ایک مسلمان کی حیثیت سے ان کی یہ آرزو بڑی نیک اور خوش آیند تھی، اور اس کے خاطر خواہ نتائج بھی نکلتے لیکن خالص عقلیت پسندوں کے نزدیک یہ مبہم تھی، کیونکہ اُن کے عقیدے کے مطابق کوئی ایسا مذہب جس کی بنیاد وحی الٰہی پر ہو، بہت جلد ایک ادارہ بن جاتا ہے اور اس طرح ساری انسانیت کے لئے ایک ہمہ گیر ضابطۂ اخلاق پیش کرنے سے قاصر رہتا ہے، بہر حال عقلیت پسندوں کے اس انتہا پسندانہ نقطۂ نظر کی ذمہ داری خود مذہبی لوگوں پر ہے، افسوس اس کا ہے کہ عقل محض پر ایمان رکھنے والے بھی کوئی ہمہ گیر ضابطۂ اخلاق پیش نہیں کر سکے، تلاش ضرور جاری ہے شاید اسی تلاش کا نام ترقی ہے،

ہم نے شروع میں کہا تھا کہ افغانی ایسے مفکر نہیں تھے جن کے افکار کا کوئی باقاعدہ سسٹم ہو، افغانی کے لئے یہ مشکل بھی تھا، کیونکہ ان کی ساری زندگی ایجی ٹیشن میں گذری، وہ مسلم معاشرہ کو داخلی استبداد اور خارجی غلبہ سے آزاد دیکھنا چاہتے تھے، یہ کام خود اتنا بڑا تھا کہ خالص علمی کاوشوں کے لئے جس سکون اور فرصت کی ضرورت ہے اس کا عشر عشیر بھی انہیں نصیب نہیں ہو سکا دوسری وجہ غالباً یہ تھی کہ ایک مفکر کے لئے جن صلاحیتوں اور جس علم کی ضرورت ہوتی ہے وہ شاید ان میں بدرجۂ اتم موجود نہیں تھا۔ یہ بات میں اس لئے کہہ رہا ہوں کہ اُن کی واحد علمی کاوش الرد علی الدہریین کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ فلسفہ کے علم اور اُس کی تاریخ پر ان کی نظر گہری نہیں تھی، اس کتاب میں جن علمی باتوں سے انھوں نے اصولی نتائج نکالے ہیں اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ خالص علم اور فکر کے میدان کے وہ مرد نہیں۔

افغانی ایک عملی انسان تھے، یہاں تک کہ مطلق العنان بادشاہی نظام کے ختم کرنے کے لئے وہ ایسی سازش میں بھی حصہ لے سکتے تھے جس کا مقصد کسی مستبد بادشاہ کا قتل ہو چنانچہ کہا جاتا ہے کہ ناصر الدین شاہ قاچار کے قتل (۱۸۹۶ء) میں ان کا ہاتھ تھا، اُن کی یہ سب سرگرمیاں عالم اسلامی کے اتحاد کے لئے تھیں جسے پین اسلامزم کا نام دے کر انگریزی استعمار نے ایک ہوا بنا دیا، حقیقت یہ ہے کہ افغانی کے نزدیک عالم اسلامی کے اتحاد کا مفہوم وہ نہیں تھا جیسا کہ لوگوں نے سمجھ رکھا ہے، افغانی

بھی اس سے فکری سطح پر بحث بھی نہیں کی، وہ اسلامی دنیا کے اختلاف سے خائف تھے، وہ جانتے تھے کہ
روسی اقتدار اور مغربی استعمار کا مقابلہ مسلمان ممالک متحد ہو کر ہی کر سکتے ہیں، لیکن اس اتحاد کی راہ میں
ان ملکوں کا رجعت پرست سیاسی اور سماجی نظام حائل تھا، اس نظام کو بہر صورت اور بہت جلد ختم ہونا چاہئے
ورنہ مسلمانوں کی محکومی اور تباہی یقینی ہے، یہ نظام عوام کی بیداری اور جمہوری طاقتوں کے فروغ ہی سے
ختم ہو سکتا ہے۔

عالم اسلامی کے اتحاد سے افغانی کی مراد یہ نہیں تھی کہ ساری مسلم قومیں اپنی انفرادیت کو ختم کر دیں
اور ایک مضبوط مرکزی حکومت کے تحت آجائیں، وہ خلافت کے احیاء کے مبلغ نہیں تھے، ہاں یہ خلافت
اگر قائم ہو جاتی تو شاید اُن سے زیادہ خوشی کسی اور مسلمان کو نہ ہوتی، ان کے ذہن میں غالباً مسلم ریاستوں
کا ایسا وفاق تھا جو متحدہ فوجی طاقت سے مغربی استعمار کا مقابلہ کرتا، یہ عجیب بات ہے کہ ان کی اس
آرزو کی تعبیر ان کے عقیدت مندوں اور دشمنوں نے تقریباً ایک ہی انداز سے کی اور اسے اپنے اپنے
تحفظات ذہنی کے مطابق ایک رجعت پرست رجحان بنا دیا، سلطان عبدالحمید نے بھی جو مستبد مسلم
سلطانوں اور بادشاہوں کے سلسلے کی آخری کڑی تھا، اتحاد اسلامی کا نعرہ دیا تھا لیکن اس سے اس کا
مقصد اپنی خلافت اور سلطانی کا تحفظ تھا، اس وقت سلطان کی خارجہ پالیسی انگریزی سامراج کی مخالف
تھی، اور یہ وہ قدر مشترک تھی جس پر سلطان اور افغانی متحد ہو گئے، کہا جاتا ہے کہ سلطان افغانی کی طاقت
سے واقف تھا اور ناصر الدین شاہ قاچار کے قتل کے بعد وہ ان سے خائف ہو گیا تھا، بہر حال وہ انھیں قسطنطنیہ
بلانے میں کامیاب ہوا جہاں اُن کے آخری دن سخت نظر بندی میں گزرے، بعض لوگوں کا یہ خیال ہے کہ
قسطنطنیہ کی رجعت پرست طاقتوں نے انھیں زہر دیا اور اس کے بعد وہ ایک ایسے مہلک مرض میں
مبتلا ہوئے کہ جاں بر نہ ہو سکے۔

اب سوال یہ ہے کہ افغانی سلطان عبدالحمید کے بلانے پر قسطنطنیہ کیوں گئے؟ انھیں سلطان کے
غیر جمہوری خیالات اور رجعت پرست نظریات کا علم تھا، وہ اس سے بھی بخوبی واقف تھے کہ عثمانی علماء
کی تنگ نظری ان کے مجتہدانہ طرزِ فکر (جو معتدل تھا، انتہا پسند نہ تھا) کو برداشت نہیں کر سکتی،
۱۸۷۱ء میں جب وہ پہلی بار قسطنطنیہ گئے تھے تو شیخ الاسلام حسن فہمی نے اُن پر انقلابی خیالات کے حامل ہونے کا

الزام لگایا تھا اور ایسے حالات پیدا کر دیئے تھے کہ انھیں قسطنطنیہ چھوڑنا پڑا تھا۔ سلطان اور اس کے حاشیہ نشینوں کے ہاتھوں ترکی میں جمہوریت کے شیدائیوں اور دستوریت کے حامیوں پر جو کچھ گذر چکی اور گذر رہی تھی اُس سے وہ بے خبر نہ ہوں گے، مدحت پاشا کو اس نے جن پُراسرار حالات میں ہلاک کرایا وہ کوئی ڈھکی چھپی چیز نہیں تھی، لیکن عجیب بات ہے کہ افغانی نے سلطان اور عثمانی سلطنت کے خلاف کبھی ایک لفظ بھی نہیں کہا، ایران، مصر اور لندن و پیرس میں وہ جن خیالات کی اشاعت کرتے تھے اور مسلم ممالک کے داخلی استبداد کے خلاف وہ جس طرح اپنا علم بغاوت بلند کئے ہوئے تھے، عثمانی خلافت اور سلطنت کے خلاف جو اس وقت استبداد، ظلم، تنگ نظری اور مریضانہ ذہنیت کی پشت پناہی کر رہی تھی، ان کا وہ رویہ نہیں تھا، شاید اُن کے افکار میں تضاد تھا، شاید اپنی انگریز دشمنی میں وہ بڑی سے بڑی ظالم مسلم حکومت سے مفاہمت کر سکتے تھے، یہی وہ انگریز دشمنی تھی جس کی بنا پر وہ سرسید احمد خاں اور اُن کے ہم خیال ہندوستانی رفقاء سے سخت بدظن تھے، اور بیخبری کہ کر انھیں مسلمانوں اور اسلام کا سخت دشمن قرار دیتے تھے، حالانکہ بعد میں مصر میں اُن کے شاگرد اور رفیق کار مفتی محمد عبدہ نے ایک منزل میں وہی پالیسی اختیار کی جو سرسید نے ہندوستان میں اختیار کر رکھی تھی، یعنی انگریزی حکومت اور اقتدار سے اشتراک و تعاون کر کے تعلیم و تربیت کے ذریعہ مسلمانوں کی ذہنی بیداری کا سازوسامان کرنا، سرسید سے مذہبی اختلافات کی وجہ سمجھ میں آسکتی ہے خاص طور سے اُن لوگوں کے اختلاف کی جو سرسید کی مذہبی تحریروں سے براہِ راست واقف تھے، افغانی نے اپنا رسالہ الردّ علی الدہریین اپنے قیام حیدرآباد کے زمانہ میں (غالباً ۱۸۸۰ء) لکھا تھا، اغلب گمان یہ ہے کہ افغانی اردو زبان نہیں جانتے تھے اور اگر جانتے تھے تو بہت کم اس لئے ہم کہہ سکتے ہیں کہ وہ سرسید کے مذہبی اور معاشرتی خیالات سے براہِ راست اور کماحقہٗ واقفیت نہیں رکھتے تھے، ہو سکتا ہے کہ سرسید کے مخالفین نے افغانی کے سامنے ان کے خیالات کو اپنے رنگ میں پیش کیا ہو جس سے فوری طور پر متاثر ہو کر انھوں نے اپنے جذباتی ردعمل کا اظہار کیا ہو، العروۃ الوثقیٰ میں بھی دو مضمون ہیں جو ہماری نظر سے گذرے ہیں، ایک کا عنوان ہے "الدہریون فی الہند" اور دوسرے کا "سمیع اللہ خاں"، اول الذکر میں ایک موقع پر انھوں نے نواب صدیق حسن خاں کا حوالہ دیا ہے اور

ملا ہے۔" وہ (سرسید) جیسا کہ صدیق نواب حسن خاں (نواب صدیق حسن خاں) والی بھوپال نے جو کئی مشہور کتابوں کے مصنف ہیں، کہا ہے (احمد خاں) دجال آخر الزماں ہے[1]۔ سمیع اللہ خاں کے بارے میں انھوں نے لکھا ہے کہ "وہ سب سے بڑا دہریہ ہے اور مسلمانوں کو گمراہ کرنے میں اس کی کوششیں سب سے زیادہ ہیں[2]۔" ان دونوں مضمونوں کے مطالعہ سے یہ بات صاف ظاہر ہو جاتی ہے کہ وہ سرسید اور ان کے رفقاء کے مذہبی خیالات سے کس قدر واقف تھے، ان مضامین میں سرسید اور ان کے رفقاء کو وطن دشمن، خود غرض، انگریز پرست کہا گیا ہے اور مسلمانانِ ہند اور عثمانیوں کے مابین عداوت پیدا کرنے کا الزام بھی ان پر لگایا گیا ہے، سرسید کے مذہبی خیالات اور سیاسی پالیسی کا جو کچھ علم ہم ہندوستانیوں کو ہے اس کی روشنی میں ان سارے الزامات کی سطحیت واضح ہو جاتی ہے (خاص طور سے خود غرضی، انگریزوں کی کاسہ لیسی اور وطن دشمنی کے الزامات)، اور جس شدت کے ساتھ یہ الزامات لگائے گئے ہیں اس سے یہ بھی واضح ہو جاتا ہے کہ وہ سرسید کی تحریک اور ان حالات سے جن میں یہ تحریک شروع کی گئی تھی، اقرب قریب بالکل ناآشنا تھے۔ اس سلسلے میں افغانی کے حق میں اگر کوئی بات کہی جا سکتی ہے تو صرف یہ کہ وہ انگریزی اقتدار سے کسی قیمت پر بھی مفاہمت کرنے کے لئے تیار نہیں تھے اور اگر وہ کہیں بھی کسی شخص کو ایسا کرتے دیکھتے تھے تو اس کے خلاف اپنی ساری قوت لسانی اور سارا زور قلم صرف کر دیتے تھے، یہ بات بھی دلچسپی سے خالی نہیں ہے کہ افغانی خود ایک حد تک مغرب سے سیکھنے کے حامی تھے، مغرب کے سیاسی اقتدار کے پھیلاؤ کو بہر قیمت روکنا تھا لیکن اس کے ساتھ ساتھ مغرب سے سائنس، فلسفہ اور ٹیکنالوجی کا علم بھی حاصل کرنا تھا، تاکہ مغربی استعمار کی مزاحمت کی جا سکے، مسلمان بیک وقت مسلمان اور آزاد رہتے ہوئے، یہ دونوں مقصد کیسے حاصل کریں، اس سلسلہ میں افغانی نے کوئی لائحہ عمل نہیں بتایا۔

افغانی کے یہاں اس طرح کے کئی تضادات ملتے ہیں، مثلاً ایک طرف وہ مصر، ایران اور ہندوستان میں نیشنلزم کے رجحانات کے ساتھی تھے تو دوسری طرف ان کے یہاں اتحاد اسلامی کا بھی ایک

---

[1] العروۃ الوثقیٰ، ۲۸ اگست ۱۸۸۴ء [2] ایضاً۔

بہم تصور ملتا ہے، ایک طرف وہ صدر اول کے اسلام کی عظمت کو دوبارہ زندہ دیکھنا چاہتے ہیں تو دوسری طرف مسئلۂ اجتہاد کے بارے میں بہت سے تحفظات ذہنی سے کام لیتے ہیں، ایک طرف ان کے یہاں گہری رومانیت اور ماضی پرستی ملتی ہے تو دوسری طرف اصلاح و تجدید کی بے تاب آرزو اور ترقی کی تمنا، الغرض ان کی شخصیت بڑی رنگا رنگ تھی اور اُن کے فکر و عمل میں ایک ساتھ وہ سارے رجحانات موجود تھے جو بیسویں صدی کی اسلامی دنیا میں مختلف شخصیتوں کی رہنمائی میں، اور بدلتے ہوئے حالات کے اثر سے الگ الگ اپنی جگہ خود ایک تحریک بن گئے۔

محروم

(وادیٔ غزل میں)

جناب روش صدیقی

جناب تلوک چند محروم ہماری زبان کے برگزیدہ شعرا میں گنے جاتے ہیں۔ اُن کی علمی اور ادبی خدمات نے تقریباً نصف صدی کے دائرے کو اپنی شعری تخلیقات سے مکمل کیا ہے۔ وہ پنجاب کے ایک دور اُفتادہ علاقے میں پیدا ہوئے، جہاں نہ کوئی ادبی ماحول تھا، نہ شعر و سخن کی محفل آرائیاں لیکن ان کے ذوق خداداد اور طبع سلیم نے ایک جادو سا کر دکھایا۔ اپنی شاعری اور زبان دانی کی داد ان کو شیخ عبدالقادر اور مولوی عبدالحق جیسے بزرگوں سے ملی، زبان و محاورہ کی صحت و صفائی اور انداز بیان کی شستگی و شائستگی میں ان کا جو درجہ ہے، اس کا اعتراف اہلِ زبان بھی احترام کے ساتھ کرتے ہیں۔

محروم صاحب نے ہر صنف سخن میں بہت کچھ کہا ہے اور جو کچھ کہا خوب کہا۔ نظم ہو یا غزل رباعی ہو یا مثنوی، غرض تمام اصناف میں ان کی حُسن پسند اور حسن آفریں طبیعت نے نگار خانے سجا دیے ہیں۔ ان کی زندگی، شرافت کردار اور فضائل اخلاق کی راہوں سے گذری ہے، جذبات کی فراوانی میں بھی ایک لطیف سنجیدگی اور پاکیزہ متانت کا دامن، ان سے جُدا نہیں ہوتا۔ غزل کے رشتے میں انھوں نے اخلاقی قدروں کے آبدار موتی، بڑے حُسن اور سلیقے سے پروئے ہیں۔ جذبے کی صداقت اور ادائے بیان کی سادگی نے ان کے تغزل کو کہیں کہیں غزلِ سعدیؒ کی حدوں سے قریب کر دیا ہے۔

ابتدائی دور یا یوں کہیے کہ عہدِ شباب کی غزلوں میں رنگینی و سرمستی کا پرتو کچھ زیادہ جھلکتا ہے لیکن وسطی اور آخری دور کے کلام میں ایک سبک خرام متانت، ایک خوشگوار تامل اور ایک دلآویز اخلاقی رکھ رکھاؤ کا عالم نمایاں نظر آتا ہے۔

محروم صاحب نے اپنی روداد محبت کو بڑی ریاضت اور محنت سے چھپانا چاہا ہے لیکن عشق اور مشک کو کون چھپا سکتا ہے، اخلاق و فضائل کی بستی میں کبھی کبھی ان کے لب پر نعرۂ محبت آ ہی جاتا ہے۔

نوجوانی میں ترے رُخ پہ یہ زردی محروم
ہو نہ ہو، عشق کا آزار نظر آتا ہے

گیا دورِ عشق و جوانی ہمارا
مگر داغِ حسرت، ابھی دل نشیں ہے

جوانی کہ عہدِ گل کی سرشور و سرشار رنگینیوں سے عبارت ہے، ان کے لئے بہت جلد حدیقۂ اخلاق بن گئی پھر بھی وہ حادثہ جسے آغازِ محبت کہتے ہیں انھیں والہانہ طور پر یاد آتا رہا ہے ایک مسلسل غزل کے چند اشعار سنیئے

نگاہِ اولیں کی داستانی یاد آتی ہے
کسی نامہرباں کی مہربانی یاد آتی ہے
قریبِ شاخِ گل ہوتی ہے جب داستاں سرا بلبل
ہمیں بھی بھولی بسری اک کہانی یاد آتی ہے،
جوانی اور بوئے گل میں یارب کیا تعلق تھا،
کہ بوئے گل سے پیری میں جوانی یاد آتی ہے

ان اشعار میں نظیری کے نظریۂ عشق کا سا انداز ہے، وہی رنگینی اور وہی خود فراموشی۔

محروم کا مسلک حیاتِ محبت ہے، اور ان کی طریقت خلقِ خدا کی خدمت، اُن کی حق پرستی، کسی حلقۂ خیال میں محدود نہیں، وہ اپنے دل کو کعبہ سمجھ کر بھی خوش ہوتے ہیں اور بُت خانہ بنا کر بھی، انھیں ناقوس و اذان میں عجیب یک رنگی محسوس ہوتی ہے۔

مجھے کیا ہے جو میں شیخ و برہمن کی طرح بھٹکوں بنا لیتا ہوں دل کو گاہ کعبہ گاہ بُت خانہ

کفر و دیں میں اتحادِ جاوداں پیدا کریں
نالۂ ناقوس سے بانگِ اذاں پیدا کریں

وہ لباسِ مجاز میں بھی، حُسنِ حقیقت کی جھلک دیکھ لیتے ہیں اس حق شناسی کے اشارے
کے اشعار میں جا بجا ملتے ہیں۔

ساقی ترا عکسِ رخ ہے، ورنہ
صہبا رنگیں، نہ جام رنگیں

حُسن یہ سارا اُسی کا ہے، کہ جس کے عشق میں
چاک روزِ ابتدا سے ہے گریبانِ سحر

کس ستارے میں تجلی سرِ طُور نہیں　　جلوۂ حُسنِ ازل آج بھی مستور نہیں

سادہ سے سادہ خیال میں بھی محرومِ اپنی ندرتِ فکر اور حُسنِ بیان سے ایک نیا رنگ بھر
تے ہیں

مایۂ نازشِ دوراں، یہ پریشانی ہے
روز ہوتے ہیں کہاں ہم سے پریشاں پیدا

آخری منزل میں اک سنگیں حقیقت بن گئی
زندگی جس کو سمجھتے آئے تھے، افسانہ ہم

یوں زندگی سے مل کے جوانی جُدا ہوئی　　جیسے کوئی کسی سے سرِ رہگذر ملے

(آل انڈیا ریڈیو کے شکریہ کے ساتھ)

غزل

جناب نشور واحدی

سلسلہ حُسنِ تغافل کا، وفا ہے یہ بھی
میں نے اک جانِ تمنا سے سنا ہے یہ بھی

صفحۂ شامِ الم پر یہ چراغوں کی لکیر
خونِ دل سے کوئی افسانہ لکھا ہے یہ بھی

چشمِ نم کا یہ مسافر بھی تھکا راہی ہے
رات بھر چل کے تو پلکوں پہ رکا ہے یہ بھی

کتنی افسردہ و بیکیف ہے صہبائے خودی
پھینک دے جام سے ساقی کہ دوا ہے یہ بھی

دل میں محسوس جو ہوتی ہے امیدوں کی خلش
غم کی چٹکی سے کوئی تیر چُھٹا ہے یہ بھی

عشق نے حُسن کو دیکھا تو وہیں چونک پڑا
سرحدِ ہوش پہ دیوانہ ہوا ہے یہ بھی

اب نہ آنسو ہے نہ شکوہ ہے نہ بیتابیٔ شوق
دل سے کچھ بات نہ کرنا کہ خفا ہے یہ بھی

ساقیا دُور یہ کہتا ہے کہ اُٹھ جام بدست
بعد مدت کے تو اک وقت پڑا ہے یہ بھی

آج کیوں طائرِ غم دیدہ کے نالے ہیں خموش
خاک کیسی ہے نشیمن سا جلا ہے یہ بھی

امتحاں تلخ پسندی کا ہے یہ تشنہ لبو
بادہ آلودۂ سم ہے تو روا ہے یہ بھی

زاہد کہنہ ردا پر بھی نہ ہنس یوں اے دوست
ڈھونڈتے ڈھونڈتے کعبہ میں ملا ہے یہ بھی

آدمی بستۂ زنجیر تعلق ہے نشور
زندگی نام ہے تسلیم و رضا ہے یہ بھی

ہندوستان میں چینی سیّاح

جناب محمد شفیع الرحمٰن

چین کے شہنشاہ وُوْ (۱۴۱-۸۷ قبل مسیح) کے زمانہ میں ہیونگ نو ترکی تاتاری قبائل نے چینی شہنشاہ کی سلطنت پر مسلسل حملے کر کے شہنشاہ کو پریشان اور سلطنت کو کمزور کر دیا تھا۔ اس زمانہ میں ہان شہنشاہیت کی سلطنت اس تمام علاقے پر تھی جو آج کل شمالی چین کہلاتا ہے۔ کانسو کے صوبے کے علاوہ دیوار چین تک کل علاقہ اس سلطنت میں شامل تھا۔ شمالی قبائل کے پے در پے حملوں اور سلطنت کی کمزوری کی وجہ سے تمام صوبے آزاد ہو گئے تھے اور چینی شہنشاہ کی سلطنت کو تسلیم نہیں کرتے تھے۔

ہیونگ نو قبیلہ کا سردار اور بادشاہ شین یُو اور اس کے خانہ بدوش قبائلی سلطنت کے لئے مسلسل خطرہ کا باعث تھے۔ چینی شہنشاہ، وُوْ نے ۱۳۵ء قبل مسیح میں اپنے فوجی جنرل کے مشورے سے شین یو اور اس کی جنگلی فوجوں کو گھیرنے اور گرفتار کرنے کے لئے ای (۱۸۱ M) تک حملہ کیا۔ شین یو اس حملہ سے دیوار چین کی آخری چوکی سے پار فرار ہو گیا اور اپنی فوجوں کو بچا کر لے گیا۔

چینی شہنشاہ کو باوجود اپنی کمزوری کے ایسی مہمیں جاری رکھنی پڑتی تھیں۔ ان ہی جنگوں کے دوران میں چینیوں کو ہیونگ نو قبیلہ کے قیدیوں سے معلوم ہوا کہ ٹایوچ جی قوم کو ہیونگ نو قبیلوں نے شدید شکستیں دے کر مغرب کے ملک میں بھگا دیا ہے۔ ۱۳۸ء قبل مسیح میں شہنشاہ وُوْ کو یہ جستجو ہوئی کہ ٹایوچ جی قوم اور ان کے موجودہ ملک کا پتہ دریافت کر کے ان کو ہیونگ نو قبائل پر حملہ کرنے کے لئے آمادہ کیا جائے۔ اور دشمن کی قوت توڑنے اور مسلسل حملے کو روکنے کے لئے ٹایوچ جی قوم کی دشمنی کو کام میں لایا جائے۔

شہنشاہ وُوْ نے غیر معلوم ملک کی تلاش اور ٹایوچ جی قوم کو تلاش کرنے کے لئے ایک تجربہ کار شخص چانگ چین کو منتخب کیا، ۱۳۸ قبل مسیح میں چانگ چین کانسو کی سرحد سے ایک سو چینی ہمراہ لے کر اپنی مہم پر روانہ ہوا۔ لیکن وہ بہت ہی جلد ہیونگ نو قبیلہ کے لوگوں کے ہاتھ گرفتار ہو گیا۔ اور دس سال

تک ان کی قید میں رہا۔ آخر کار قبیلہ نے مطمئن ہو کر اس کو چھوڑ دیا۔ اس رہائی کے بعد چانگ چین نے تمام وسطی ایشیا اور موجودہ روسی ترکستان کا بحر خضر تک سفر کیا اور ان ملکوں کے حالات معلوم کئے۔

چانگ چین کو ان ملکوں میں سفر کرنے سے ان ملکوں کی کیفیت دیکھنے کے علاوہ وہاں کے باشندوں سے دوسرے ملکوں کے حالات بھی معلوم ہوئے۔ یونانی باختر حکومت کے باشندوں سے ہندوستان کے علوم و فنون، یہاں کی دولت تجارت اور صنعت کی تفصیلات معلوم کر کے وہ حیران ہو گیا۔ اور ہندوستان کے متعلق اس کا اشتیاق بڑھتا گیا۔ چانگ چین نے اپنے بادشاہ سے ہندوستان کا راستہ معلوم کرنے کی مہم کی درخواست کی۔ بادشاہ نے ین یان کے راہ سے ہندوستان کا راستہ دریافت کرنے کے واسطے سفیر اور سیاح بھیجے۔ وہ راستہ بہت سخت دشوار گذار تھا۔ اس کو عبور کر کے چینی سیاح برما کے راستے سے ہندوستان پہنچے۔ یہ راستہ تقریباً اس علاقے سے ہو کر گذرتا تھا جس جگہ گذشتہ عالمی جنگ میں برما چین کی سڑک بنائی گئی تھی۔

چین سے ہندوستان کی آمد و رفت کا یہ آغاز تھا۔ اس کی غرض سیاسی اور معاشرتی تھی۔ اس کے بعد چین اور ہندوستان میں جو آمد و رفت ہوئی وہ مذہبی ضرورت سے ہوئی تھی۔ ہندوستان میں مہاتما گوتم بدھ (۶۲۳-۵۴۴ قبل مسیح) کا مذہب رائج ہو چکا تھا۔ اس نئے مذہب اور عقیدہ کی اشاعت روز بروز بڑھتی گئی۔ ہندوستان کے شہنشاہ اشوک (۲۷۳-۲۳۲ قبل مسیح) نے بودھ مذہب اختیار کیا اور اس مذہب کی تبلیغ کی انتہائی کوشش کی۔ شہنشاہ اشوک کی سلطنت وسطی ایشیا کی سرحد تک تھی۔ ہندوستان کے کسی بادشاہ کی کسی زمانہ میں اس قدر وسیع سلطنت نہیں ہوئی۔

شہنشاہ اشوک نے ملک کے خاص مقامات اور بودھ مذہب کے مقدس مقامات پر مندر خانقاہیں اور آشرم تعمیر کرائے، مذہبی فرمان شائع کئے۔ میناروں، ستونوں اور چٹانوں پر مختلف مقامات پر احکام کندہ کرائے۔ تمام قریبی اور معلوم ملکوں کو بودھ مذہب کے مبلغ اور عالم اشاعت مذہب اور تبلیغ کے لئے بھیجے۔ یونان، مصر، وسطی ایشیا۔ ایران۔ تبت، چین تک اور جنوب کی طرف ڈراوڑ ملک لنکا، سماترا، جاوا، بالی، وغیرہ ملکوں تک بودھ مذہب کی تعلیمات شائع کر دیں ان اس تبلیغ کا بہت گہرا اثر صدیوں تک عالم گیر رہا۔ وسطی ایشیا: ترکستان اور تبت کے راستے سے بدھ

کے ہندوستانی مبلغ چین کے ملک میں بھی پہنچے اور مہاتما بدھ کی تعلیمات کی اشاعت کی۔

چین کے ملک میں کنفیوشس کا مذہب بہت قدیم زمانہ سے ملک کا عام مذہب تھا۔ بعد میں اس کے ساتھ ٹاؤ مذہب رائج ہو کر عام ہو گیا تھا۔ ان دونوں مذہبوں کا تمام ملک پر گہرا اثر تھا۔ اور ان مذہبوں کے بہت بڑے عالم اور بے شمار پیرو ملک میں موجود تھے۔ بودھ مذہب کے مبلغ بھی ہندوستان وسطی ایشیا موجودہ ترکستان اور باختر سے چین پہنچ چکے تھے۔ لیکن اس مذہب کی زیادہ اشاعت ہان سلطنت کے زمانے میں ہوئی۔ چینی تاریخوں میں لکھا ہے کہ چینی شہنشاہ ہان مینگ ٹی نے خواب میں دیکھا کہ مغرب کے کسی ملک میں نہایت قوی روحانیت موجود ہے۔ بادشاہ کو بہت زیادہ اعتقاد اور اشتیاق ہوا۔ اور اس نے ایک سفیر کی ماتحتی میں ایک مہم بھیجی کہ اس ملک کی تلاش کرے اور اس عقیدہ کے متعلق زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل کرے۔

ہان مینگ ٹی کے حکم سے ۶۷ عیسوی میں یہ مذہبی سفارت ہندوستان کی تلاش میں روانہ ہوئی۔ یہ لوگ ہندوستان پہنچے اور ایک عرصہ کی جستجو کے بعد مہاتما بدھ کی مورتیاں، ان کے تبرکات، بودھ مذہب کی پالی زبان اور سنسکرت کی کتابیں لے کر چین واپس پہنچے۔ اس سفارت کے ساتھ دو ہندوستانی بودھ عالم کسیاپا متانگا اور دھرم آریا نا ہندوستان سے چین گئے۔ چین کے بادشاہ نے ایک خاص آشرم "سفید گھوڑا" نام کا ان عالموں کے واسطے تعمیر کرایا اور ان عالموں نے وہاں بودھ مذہب کی کتابوں کا ترجمہ چینی زبان میں کیا اور چینی شاگردوں سے ترجمہ کا کام لیا۔

ہان سلطنت کے زمانے میں بودھ مذہب کی بہت خدمت ہوتی رہی۔ بودھ مذہب کی کتابوں کے ترجمہ ہوتے رہے۔ آشرم خانقاہیں قائم ہوتی رہیں۔ بودھ تعلیمات کی اشاعت جاری رہی البتہ سلطنت کے زوال کے وقت تمام ملک میں بدنظمی پھیل گئی ملک کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ہو گئے۔ وحشی جنگجو، تاتاری، ترک قبائل نے مسلسل حملے کر کے ملک کی سلطنت کو کمزور کر دیا۔ اس عرصہ میں مذہبی انقلاب بھی رونما ہو گیا۔ ٹاؤ مذہب اور کنفیوشس مذہب والے بودھ مذہب کی زیادہ مخالفت کرتے تھے وہ مخالفت بھی کم ہو گئی۔ ہندوستانی بودھ عالم چینی بودھوں کی امداد سے مذہبی کتابوں کے ترجمے شائع کرتے رہے۔

تاتار قبائل نے شمالی چین پر حملہ کر کے شمالی صوبے فتح کر لئے تو وہاں ان کو بودھ بھکشو ملے ان سے تاتاری متاثر ہوئے۔ کنفیوشس مذہب کے عالم، یو لانگ کے فتح ہو جانے کے بعد جنوب کے ملک میں بھاگ گئے اور اس مذہب کے جو لوگ باقی رہے ان کو فاتح تاتاری شبہ کی نظر سے دیکھتے تھے اور ان کا اعتبار نہ کرتے تھے۔ تاتاریوں کو عالموں اور پڑھے لکھے آدمیوں کی ضرورت ہوئی تو ان کاموں کے واسطے بودھ لوگوں کو پسند اور منتخب کیا۔ چوتھی پانچویں صدی عیسوی میں بودھ مذہب کی اور زیادہ اشاعت ہوئی۔ شمالی چین کی ہونگ اور ٹونگس خاندانوں کی حکومتوں نے بودھ مذہب کی بہت زیادہ سرپرستی و اشاعت کی کوشش کی۔ ان حکومتوں کا علاقہ وسطی ایشیا کے تجارتی راستہ کے قریب تھا۔ اس راستے سے ہی ہندوستان سے تعلقات قائم ہوئے۔

۳۹۹ عیسوی میں، چانگ آن کا باشندہ، چینی بودھ بھکشو فاہیان چین کے ملک میں بودھ مذہب کی نامکمل حالت سے بیتاب ہو کر، بودھ مذہب کی صحیح تعلیمات حاصل کرنے کے لئے ہندوستان کو روانہ ہوا۔ فاہیان نے اپنے ساتھی ہیو چنگ، ٹاؤ چینگ، ہیو مینگ اور ہیوی سے طے کیا کہ سب مل کر ہندوستان چلیں اور وہاں سے بودھ مذہب کی شرع اور احکام لے کر آئیں۔ یہ لوگ چانگ آن سے کنسوہ کے علاقے میں چانگ یہہ پہنچے۔ وہاں ان کی چیہہ ین ہوئی چین، سینگ شاؤ اور پاؤ یون کے قافلے سے ملاقات ہوئی۔ یہ لوگ بھی اسی مقصد سے ہندوستان کے سفر کے لئے چلے تھے۔

فاہیان چانگ یہہ سے ٹون ہانگ اور شان شان کے ملک میں پہنچا۔ اس علاقے میں بودھ مذہب موجود تھا۔ وہاں سے دوسرے ملک میں پہنچا تو وہاں تاتاری زبان بولی جاتی تھی اور بودھ مذہب، ہندوستانی کتابیں اور ہندوستان کی زبان موجود تھی۔ فاہیان اور ان کے ساتھی موجودہ ترکستان کے ملک میں قرا شہر اور پھر خطن پہنچے۔ وہاں کے حاکم نے ان کو اعزاز سے ایک خانقاہ میں ٹھہرایا۔ یہاں ایک بڑا جلوس گاڑی کا نکلنے والا تھا۔ فاہیان اس تقریب کو دیکھنے کے لئے وہاں ٹھہر گیا۔ کچھ ساتھی علیحدہ ہو کر کشمیر کو چلے گئے۔ اور کچھ ساتھی اس سے پہلے راستہ سے ہی واپس ہو گئے تھے۔

فاہیان اور اس کے ساتھی خطن سے قرغلیک اور تاش کرغان ہو کر کاشغر پہنچے۔ وہاں مہاتما بدھ کا ایک پتھر کا اوگالدان موجود تھا۔ اور ان کا ایک دانت تھا جس کے احترام اور یادگار کے لئے ایک

پگھلا ہوا تھا۔ وہاں سے برف ناغ پہاڑ کو طے کر کے یہ لوگ ہندوستان کی سرحد پر پہنچ گئے اور چھ سال کی مدت میں پشاور کے راستے سے ہندوستان کے اندر پہنچے۔ فاہیان کے دو ساتھی پشاور میں مر گئے تین ساتھی پشاور سے چین کو واپس چلے گئے صرف ٹاؤ چینگ ہندوستان تک ساتھ آیا۔ اس وقت ہندوستان میں چندر گپت دوم کی سلطنت تھی۔

ہندوستان پہنچ کر فاہیان اور ٹاؤ چینگ نے متھرا، قنوج، سراوستی، کپل وستو، ویسالی، کوکٹ پاوا بنارس، کوسنگارا اور مہاتما بدھ سے متعلق سب تیرتھوں کی یاترا کی۔ پاٹلی پتر، راج گرہ، گیا، نالندا مذہبی مقامات اور مرکزوں میں قیام کیا۔ تعلیمات حاصل کیں اور کتابوں کی نقلیں اور تبرکات جمع کئے۔ پاٹلی پتر میں تین سال اور دوسرے مقامات پر تین سال قیام کیا۔ ٹاؤ چینگ کو ہندوستان کے بودھ مذہب کے طریقے بہت زیادہ پسند آئے۔ اور اس مذہب کے چینی طریقوں سے زیادہ بددل ہوا۔ اس لئے اس نے چین کو واپس جانے کا ارادہ ترک کر کے ہندوستان میں ہی اقامت کا ارادہ کر لیا۔

ہندوستان سے فاہیان، مہاسنگھیکا اور سروستی وادا مذہبی طریقوں کی کتابیں، مہاپری نروان سوترا اور ابھی دھرم ہردے شاستر کی نقلیں چین کو لے گیا۔ اس نے ہندوستانی بودھ بھکشو، بدھ بھدرا کی مدد سے بہت سی کتابوں کا ترجمہ چینی زبان میں کیا۔ بہت علمی، مذہبی معلومات اور کتابیں حاصل کر کے چین کو لے گیا فاہیان نے ۳۰ ملکوں کا سفر کیا۔ ۴۱۳ عیسوی میں لنکا اور جاوا کے سمندری راستے سے برہمنوں کے ایک جہاز میں چین کو واپس گیا۔ فاہیان نے اپنا مفصل سفرنامہ "فوکودی" یعنی بودھ ملکوں کے حالات، لکھا۔ اس سفرنامہ کا ۱۸۳۶ میں فرانسیسی زبان میں ترجمہ ہوا۔ اور ۱۸۶۹ میں انگریزی میں ترجمہ ہوا۔

چین سے چوتھی پانچویں اور چھٹی صدی عیسوی میں بودھ مذہب کے بہت سے متلاشی ہندوستان آتے رہے ہیں لیکن ان کے سفر کے حالات محفوظ نہیں رہے۔ ۶۴۱۸ میں سوان یوں اور ہوئی سینگ دو طالبان مذہب ہندوستان آئے۔ اور یہاں سے ۱۷۰ کتابیں اور تبرکات لے کر چین واپس گئے۔ چین کے شہنشاہ تیانگ وو ٹی نے ۶۵۱۷ میں مذہبی عالموں کو تحقیقات مذہبی کیواسطے ہندوستان بھیجا اور اپنے حکم سے مذہبی کتابیں ترجمہ اور شائع کرائیں۔ بادشاہ خود بھکشو ہو گیا اور خانقاہ میں اقامت اختیار کر لی۔

چین کے ٹانگ خاندان کے شہنشاہ ٹائی تسنگ کے عہد میں ایک ۲۴ سالہ نوجوان عالم ہیون تسانگ نے تحقیقات مذہبی اور علم کے ذوق میں ہندوستان کا ارادہ کیا۔ وہ ۶۰۵ عیسوی میں کیوشی کے ضلع میں پیدا ہوا۔ اس زمانہ کے اعلیٰ سماج میں بودھ مذہب کا بہت زیادہ اثر تھا۔ ہیون تسانگ کو بودھ مذہب کی تعلیم دی گئی تھی۔ بہت جلد اس نے علم و فضل میں مرتبہ اور شہرت حاصل کر لی۔ بودھ مذہب کے علوم میں کمال حاصل کرنے کے لئے اس نے ہندوستان کا ارادہ کیا۔ کچھ ساتھیوں کو لے کر ہیون تسانگ اگست ۶۲۹ء میں ہندوستان کے سفر پر روانہ ہوا یہ قافلہ جب ریگستان کے قریب پہنچا تو ہیون تسانگ کے ساتھیوں کی ہمت نے جواب دے دیا۔ سب واپس چلے گئے۔ صرف دو ساتھ دینے کے لئے باقی رہ گئے۔ ان میں سے بھی ایک ریگستان کی صعوبتوں سے بیزار اور عاجز ہو کر واپس چلا گیا۔ اور آخری ساتھی ٹون ہوانگ راستہ میں مفقود الخبر ہو گیا۔ ہیون تسانگ کے سوانح نگاروں نے لکھا ہے کہ وہ تن تنہا گوبی کے ریگستان میں کود پڑا۔ اس ریگستان کو شامو، بحر ریگ کہتے ہیں۔ ہیون تسانگ ریگستان کی بے اندازہ سختیاں برداشت کر کے ایگو پہنچ گیا۔ اس مقام کو اب کاشی کہتے ہیں۔ اس وقت وہاں ترکوں کی سلطنت تھی۔

ہیون تسانگ، ٹیان شیان پہاڑ کے دامن کو جنوب کی طرف سے طے کر کے جھیل اسیک کل کے درمیان سے گزرا اور برف کے پہاڑ کے درمیان کے ایک درہ میں سے گزر کر ان شہروں میں پہنچا جو اب تاشقند اور سمرقند کہلاتے ہیں۔ اس زمانہ میں اس علاقہ میں آتش پرست رہتے تھے وہاں سے ہیون تسانگ سفید ہونوں قوم کی سلطنت میں پہنچا۔ ان کا نام یونانیوں نے توکاری لکھا ہے اور ہیون تسانگ ان کو توخارا لکھتا ہے اس نے چھوٹی چھوٹی سلطنتوں کا ذکر بھی کیا ہے۔ جو توخارا سلطنت کے ختم ہونے کے بعد بنیں۔ ہیون تسانگ کے بیان سے اس علاقہ کے مقامات کی شناخت بہت اچھی ہوتی ہے۔

ہیون تسانگ بامیان سے گزر کر ہندوکش پہاڑ پر پہنچا۔ وہاں سے دریائے کابل کی وادی کے مقامات نگراہار اور فیرہ (متصل موجودہ جلال آباد) اور گندھارا کی سلطنت سے گزر کر پورشاپورا (موجودہ پشاور) سے اس نے اپنے سفر کا رخ بدل دیا۔ شمال کی طرف موجودہ ریاست سوات اور ریاست دیر کے علاقہ سے گزر کر دریائے سندھ کے راستے سے وہ پھر پشاور پہنچا۔ یہ درمیانی انحراف سفر یقیناً مذہبی ضروریات کیا ہوگا۔ اس علاقہ میں بودھ مذہب سے متعلق قدیمی آثار موجود ہیں اور برآمد ہوتے رہتے ہیں۔ پشاور۔

ہیون ٹسانگ اس ریاست میں پہنچا جو ٹیکسیلا یا ہیون ٹسانگ کی تحریر کے مطابق ٹاچاسیلا کی تباہ شدہ
ورت تھی۔

ہندوستان میں اس وقت شہنشاہ ہرش وردھن کی عظیم الشان سلطنت تھی۔ جنوبی ہند میں چالوکیا اور
دو بڑی سلطنتیں ایک دوسرے کی حریف تھیں۔ شہنشاہ ہرش وردھن کا مذہب ہندومت تھا۔ لیکن بعد
وہ بودھ ہو گیا تھا اس نے بودھ مذہب کی بہت خدمت کی۔ اس کے عہد میں نالندہ کے رشی کل اور آشرم میں
ہزارہا طالب علم اور عالم رہتے تھے۔ ہیون ٹسانگ نے سندھ کی وادی میں دو برس قیام کیا اور اس علاقہ کی
خانقاہوں اور مقدس زیارت گاہوں کی زیارت کی۔ اس حصہ ملک میں بھی بودھ مذہب کا بہت زیادہ اثر تھا
وادیٔ ہند سے ہیون ٹسانگ شہنشاہ ہرش وردھن کی سلطنت میں پہنچا۔ موٹیولو (موجودہ متھرا) کے
ہی مقامات کی زیارت کے بعد تھانیسر اور وہاں سے قنوج کے دارالسلطنت میں پہنچا۔ بادشاہ نے
بہت زیادہ احترام اور خاطر تواضع کی۔ یہ ملک علمی، تاریخی، روحانی اور مذہبی معلومات کا مخزن اور مصدر
تھا۔ بودھ مذہب کی متبرک مقدس یادگاریں اور وسیع علمی ذرائع موجود تھے۔ اجودھیا، پریاگ، کوسمبی
سراوستی، کپل وستو، کوسینگارا، پاٹلی پترا (بقول یونانیوں کے (PALIBOTHRA) (موجودہ پٹنہ)
گیا، راج گڑھ، نالندہ وغیرہ تمام مقدس اور علمی اور مذہبی مقامات پر ہیون ٹسانگ نے قیام کیا
اور علوم کی تحصیل و تحقیق کی۔

سکیامنی کی تعلیمات اور تصنیفات کی تعلیم کا بڑا مرکز نالندہ تھا۔ ان کی یادگار کے متعلق مقامات
قدیم، آشرم، خانقاہیں اور دارالعلوم کثرت سے تھے۔ بہت بڑے بڑے بادشاہوں کی اس مرکز علوم
پر توجہ رہی تھی۔ ہیون ٹسانگ نے دو برس اور ایک دوسری تحریر کے مطابق پانچ برس وہاں قیام کیا۔
اور تحقیقات علمی میں مصروف رہا۔ سنسکرت کے علوم اور بودھ مذہب کے فلسفہ کی تعلیم حاصل کی۔ نالندہ مہایانا
علوم کا خاص مرکز تھا۔ اگرچہ ہنیایانی طریقہ بھی عام طور پر رائج تھا لیکن اس زمانہ میں بودھ مذہب والوں
کا زیادہ رجحان اور میلان مہایانا طریقہ کی طرف تھا۔ بادشاہ نے ہیون ٹسانگ کی ملاقات اس
زمانہ کے رشی، منی اور ذی علم بزرگوں سے کرائی۔ نالندہ کی بڑی یونیورسٹی کے صدر سیلا بھدرا سے تعارف اور
ملاقات کرائی۔

ہیون تسانگ نے سولہ برس میں ہندوستان کا سفر کیا اور خشکی کے راستے سے موجودہ افغانستان، وسطی ایشیا، ترکستان کے راستے سے ۶۴۵ عیسوی میں چین واپس پہنچا وہ ہندوستان سے مہایانا سوترا کی ۲۲۳ کتابیں مہایانا شاستروں کی ۱۹۲ کتابیں، ستھاویرا طریقہ کی ۱۴ کتابیں، مہاسینگیکا طریقہ کی ۱۵ کتابیں، سمتیا کی ۲۲ کتابیں، کاسیا کیا کی ۱۰ کتابیں، مہی ساسکا کی ۲۲ کتابیں، دہرم گپتیا کی ۴۲ کتابیں، سراوستی وادا کی ۶۷ کتابیں، تیہو ودیا کی ۳۶ کتابیں، سبد ودیا (صرف ونحو) کی ۱۳ کتابیں، کل ۵۲۰ پلندے اور ۶۵۷ جلدیں مہاتما بدھ کے ایک سو پچاس تبرکات اور مورتیاں حاصل کر کے چین لے گیا۔

ہندوستان میں ہیون تسانگ نے تصورِ حقیقت کی خاص طور پر تعلیم حاصل کی اور چین میں بودھ مذہب کے طریقہ تصورِ حقیقت کا وہ بانی سمجھا جاتا ہے اس کے سوانح نگار اس کو بودھ مذہب کے علوم کا بڑا عالم لکھتے ہیں۔ ہیون تسانگ نے اپنے سفرنامہ میں ۱۱۰ ملکوں کے اپنے چشم دید حالات اور ۲۸ ملکوں کے حالات دوسرے ذرائع سے معلوم کر کے لکھے ہیں، جمبو دیپ، وسطی ایشیا کے حالات، اگنی سے کیسپیا تک کا راستہ، جاگودھ سے خطن کے ملک، توخارا، باختر کی سلطنتوں، ایران وران، گندھارا، اودیانا اور اور اسا ملکوں کے جغرافیائی اور تاریخی حالات، عام زندگی کے رسم و رواج کے اور معاشری حالات، مصنوعات پیداوار کی کیفیت اور ہندوستان کے ہر حصۂ ملک ہر سلطنت، ہر قوم و مذہب کے لوگوں کے حالات ایسے لکھے ہیں کہ اس زمانہ کی دوسری کتابوں میں موجود نہیں ہیں۔

ہیون تسانگ نے اپنا سفرنامہ "تا ٹانگ سی یو کی" خود لکھا اور شہنشاہ تائی تسنگ کے حکم سے شائع ہوا۔ اس کے شاگرد، بین چی نے ۶۴۶ عیسوی میں اپنے استاد کا سفرنامہ "سی یو چی" مغربی ممالک کے حالات، ۱۲ جلدوں میں لکھے ہیں۔ تمام ملکوں کے تفصیلی حالات، بودھ مذہب کے علوم ذی علم لوگوں کے حالات، بودھ مذہب کے مراسم اور طریقے وغیرہ لکھے ہیں۔ یہ کتاب اس حیثیت سے نادر اور لاجواب ہے کہ اس زمانہ کے ہندوستان کے حالات خاص طور پر اور چینی لوگوں کے مطابق مغربی ممالک اور موجودہ زمانہ کی اصطلاح کے مطابق مشرقی ممالک کے ہر قسم کے حالات معلوم کرنے کے لئے ایک ہی ذریعہ ہے۔ اسی کتاب کو ٹاؤ ہیان نے ۸۵۰ء میں ۸ جلدوں میں دوبارہ مرتب کیا۔ ۶۶۵ء میں ہوئی لی نے دس جلدوں میں اس سفرنامہ کو لکھا تھا۔ اسٹینیسلاس جولین نے ۱۸۵۷ء میں فرانسیسی زبان میں اس کا ترجمہ کیا جیول بر

نے ۱۸۸۴ء میں انگریزی میں دو جلدوں میں ترجمہ کیا۔ ٹامس ویٹرس نے ہیون ٹسانگ کے لکھے ہوئے مقامات کی مطابقت اور تشریح پر کتاب لکھی ہے۔ اس کی کتاب سے ہیون ٹسانگ کی تحریرات کا صحیح اندازہ کرنے میں مدد ملتی ہے۔ اس کی کتاب میں ونسنٹ اسمتھ نے اپنی تشریح شامل کی ہے۔

ہیون ٹسانگ کے بعد بہت سے چینی سیاح ہندوستان آئے ہوں گے۔ بہت ہی کم لوگوں کا لکھا ہوا تذکرہ ملتا ہے۔ فاہیان اور ہیون ٹسانگ کے سفرنامے تو اپنے زمانہ کی عجیب کتابیں ہیں۔ دوسری زبانوں میں اور چینی سیاحوں کا حال لکھا ہے۔ لیکن ہمارے ملک کی زبانوں میں کسی کا حال نہیں لکھا ہے۔

۶۷۱ء میں ایک اور مشہور چینی سیاح، آئی ٹسانگ (I TSA NG) وسطی ایشیا کے راستے ہندوستان آیا۔ اس کے ساتھ پانچ چھ معتقد روانہ ہوئے تھے۔ اکثر راستہ کی صعوبتوں کی وجہ سے ساتھ چھوڑ کر واپس چلے گئے۔ اور بالآخر صرف ایک شان ہینگ ثابت قدم رہا۔ اور اس کا ساتھ دے سکا۔ یہ دونوں تیس ملکوں کا سفر کر کے مہاتما بدھ کے مقدس مقامات کی زیارت سے فایز ہوئے اور دس برس (۶۷۵ - ۶۸۵ء) نالندہ یونیورسٹی میں رہے اور خاص طور پر دنائے کا مطالعہ کیا۔ ۶۹۵ء میں آئی ٹسانگ ایک ایرانی جہاز میں سماترا کے سمندری راستے سے گنگ ٹونگ کو واپس گیا۔ یہ اپنے ساتھ ۴۰۰ کتابیں اور تقریباً پچاس لاکھ اشلوک لے گیا تھا۔ اور چین پہنچ کر اس نے بودھ مذہب کی تعلیمات اور بودھ مذہب کی کتابوں کا ایک نیا نظام قائم کر دیا۔ ان چینی سیاحوں نے بودھ مذہب کی تعلیمات، فلسفہ اور روحانیات کو چین میں پہنچا کر چین کو بودھ مذہب کا ایک مرکز بنا دیا۔

امریکہ اور مشرقِ وسطیٰ

جناب شاہ عبدالقیوم

دوسری جنگِ عظیم سے پہلے مشرق وسطیٰ میں امریکہ کی دلچسپی صرف مذہبی، تہذیبی اداروں کے قیام اور تجارت کے فروغ تک محدود تھی۔ براہ راست کوئی سیاسی تعلق نہ تھا، لیکن جنگِ عظیم میں شرکت کے باعث ترکی، ایران، مصر، شام، لبنان، لیبیا اور دیگر ممالک کی سیاست اور معاشرتی ترقی کے منصوبوں میں دلچسپی لینا ناگزیر ہوگیا۔

ایشیا، افریقہ، اور روس کی سرحدوں کے درمیان واقع اس خطۂ زمین کو دورانِ جنگ میں بہت اہم حیثیت حاصل ہوئی اور کامیابی اور ناکامی کا تمام تر دارومدار اس علاقہ کے کنٹرول پر نظر آنے لگا۔ روسی فوجوں کو رسد پہنچانے کے تمام راستے انہی ممالک سے ہو کر گذرتے تھے۔ اس کے علاوہ شمالی افریقہ، چین، برما، ایران اور ہندوستان میں کہ جہاں جنگ کے شعلے زیادہ تیزی سے بھڑک رہے تھے، امریکہ اور دیگر متحدہ طاقتوں کو فوجی کیمپ، رسد و رسل و رسائل کے مرکز اور ہوائی اڈے قائم کرنا پڑے، اور اس طرح امریکہ مشرق وسطیٰ سے کچھ اس طرح وابستہ ہوگیا کہ اسے یہاں کے معاملات کی دیکھ بھال کے لئے ایک خصوصی شعبہ قائم کرنا پڑا ——— لیکن اس تمام بندوبست کو امریکہ نے محض عارضی سمجھا۔

۱۹۴۵ء میں جنگ کے اختتام پر بھی امریکہ اس نظریہ پر قائم رہا۔ چنانچہ ایران، مصر اور جہاں کہیں بھی امریکی فوجیں تعینات تھیں، واپس ہٹنے لگیں۔ اس کی سب سے بڑی وجہ یہ تھی کہ امریکہ نے جنگ میں شمولیت محض اس خیال سے کی تھی کہ جرمن اور اس کے ساتھی دیسوں کو شکست دینا ہے۔ دوسرے امریکہ اس بات کو پوری طرح تسلیم کر چکا تھا کہ ان ممالک سے برطانیہ اور فرانس کا براہ راست سیاسی مفاد وابستہ ہے، اور یہ سارا علاقہ انہی دو طاقتوں کے زیر اثر ہے۔ لہٰذا امریکہ کی مداخلت

لحاظ سے نامناسب ہے۔ اس خیال کو مزید تقویت اس امر سے حاصل ہوئی کہ جنگ کے بعد اور خاص
ور سے لبنان اور شام سے فرانسیسی اثرات کے ہٹ جانے کے بعد یونان، مصر، ترکی، ایران اور لیبیا
لفانی اثر و اقتدار پہلے سے زیادہ مستحکم ہو گیا ——— لیکن بہت جلد اقتدار کی گرفت ڈھیلی پڑنے
لی۔ اس کا باعث کچھ تو آزادی کی وہ تحریکیں تھیں جو ایشیا اور افریقہ میں اب اپنے عروج کو پہنچ رہی
تھیں، اور کچھ خود برطانیہ کی مالی بدحالی، سیاسی ابتری اور مابعد جنگ کی وہ بحرانی صورت حال تھی
جس کے باعث بیرونی مقبوضات کے کنٹرول پر پوری توجہ دشوار تھی۔

اس سلسلے میں قابل ستائش ہے کہ امریکہ نے جو خود نظریاتی طور پر قوموں کی آزادی اور
حق خود ارادیت پر یقین رکھتا ہے اور امریکی عوام نے جو اپنی روایات اور طبعی رجحان کی بنا پر چھوٹی اور
کمزور قوموں کی ترقی اور یک جہتی کے خواہاں ہوتے ہیں۔ مشرق وسطیٰ کی جد و جہد آزادی کو پوری
طرح سراہا اور ہر مناسب موقع پر قومی تحریکوں کا ساتھ دیا۔

لیکن جنگ کے بعد امریکہ کی بیرونی پالیسی میں ایک زبردست تغیر ہوا۔ امریکہ جو اب تک
باہر کی دنیا میں سیاسی دلچسپی اور کسی بھی ملک کے داخلی معاملات میں مداخلت سے گریز کرتا رہا تھا
اب گہری دلچسپی لے رہا تھا، اس تبدیلی کی ایک اہم وجہ یہ تھی کہ دوسری عالمی جنگ میں آزادی،
جمہوریت اور مساوات کے دشمن کو شکست دینے کے بعد امریکہ کو یہ محسوس ہوا کہ روس ان اعلیٰ تصورات
کے لئے جرمنی سے زیادہ خطرناک ثابت ہو رہا ہے، اور درپے ہے کہ مشرق وسطیٰ اور دیگر اہم علاقوں
سے مغربی طاقتوں کے تجارتی، سیاسی اور تہذیبی رشتوں کو ہمیشہ کے لئے توڑ دے۔ ان حالات
میں بڑھتے ہوئے روسی اثرات اور جارحانہ سیاسی اقدامات کو روکنے کے لئے امریکہ نے یہاں
کی سیاست میں دلچسپی لینا شروع کیا۔

اس کے علاوہ دورانِ جنگ میں متحدہ طاقتوں نے جو عارضی معاہدے کئے تھے روس
اس کے برخلاف نہ صرف ایران سے اپنی فوجیں ہٹانے کے لئے تیار نہیں تھا، بلکہ مقامی کمیونسٹ
تحریک کو ہوا دے رہا تھا۔ آذربائیجان میں کمیونسٹوں نے قیامت برپا کر رکھی تھی، گورنر کو معزول
کر دیا گیا تھا، اور اپنی ایک خود مختار حکومت قائم کر لی گئی تھی۔ اس بغاوت کو ختم کرنے کے لئے

تہران سے جو فوجیں روانہ ہوئیں انھیں روسی سپاہیوں نے راستے میں روک لیا۔ اس کے علاوہ کُرد اقلیت کو سرکشی پر ابھارا اور اپنی آزاد ریاست قائم کرنے کے لئے مرکزی حکومت کے خلاف بغاوت پر اُکسایا۔ سوویت یونین نے شمالی ایران میں تیل نکالنے کے حقوق اور مراعات کے لئے تہران پر دباؤ ڈالا، اسی طرح ترکی کو مجبور کیا کہ مانٹری ایکس کے معاہدہ ۱۹۳۶ء پر نظرِ ثانی کی جائے، جس میں باسفورس اور درۂ دانیال میں روس کی اصلی حیثیت کو تسلیم کیا جائے اور ترکی کے سرحدی علاقوں کو بلغاریہ اور روس کے سپرد کر دیا جائے۔ اسی کے ساتھ روس نے یونان کی خانہ جنگی میں کمیونسٹوں کو اس طرح کی امداد دی، ادھر فلسطین میں اپنے سیاسی مفاد کی خاطر، عربوں اور یہودیوں کے بڑھتے ہوئے تنفر کو ہوا دی، تاکہ مغربی طاقتیں جو اس نازک مسئلہ کا حل تلاش کر رہی تھیں، عربوں کی نظر سے گر جائیں۔

روس کی اس پالیسی نے عالمی سیاست کا نقشہ ہی بدل دیا۔ کمیونسٹ نظام اور جمہوریت کے بنیادی اختلافات اور سیاسی اثر و اقتدار بڑھانے کی خواہش نے دنیا کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا ایک وہ جو امریکہ کے زیرِ قیادت "آزاد دنیا" کے نام سے موسوم کی گئی، جس کی بنیاد انفرادی آزادی، سیاسی حقوق مساوات اور جمہوری طرزِ حکومت پر قائم کی گئی، دوسری وہ دنیا جو روس کے ماتحت تصور کی گئی اور جس کی اساس مادیت، لامذہبیت اور تخیلی مساوات پر رکھی گئی، جس میں فرد کی کوئی حیثیت نہیں، اور ریاست کا اختتام جس کی منزل قرار دی گئی، جس میں انسان کے فکر، تخیل، طاقت اور صفات پر حکومت کا کنٹرول ہوگا، جہاں فرمانبرداری اور خاموشی وفاداری کا پیمانہ ہوگا۔

اس طرح ایک دوسرے کے متضاد جو دو طاقتیں قائم ہوئیں، ان میں اپنے نظام اور نظریات کی اشاعت اور سیاسی اثرات کو بڑھانے کا مقابلہ شروع ہو گیا۔ ایک دوسرے پر سبقت لے جانے کے لئے "سرد جنگ" کا بازار گرم ہونے لگا، جس سے اتفاق اور اتحاد کی سب امیدیں ختم ہونے لگیں اور ایک نئی ہولناک جنگ کی تیاریاں شروع ہو گئیں۔

اس سیاسی کش مکش میں مشرقِ وسطیٰ کو اپنی جغرافیائی حیثیت، کثیر آبادی، بے پناہ قدرتی دولت اور آمد و رفت کے اہم راستوں، دریاؤں اور نہروں کی بنا پر مرکزی حیثیت حاصل ہوئی۔ اس کے علاوہ چونکہ مشرقِ وسطیٰ اور جنوبی ایشیا کے اکثر ممالک سے برطانیہ اور فرانس کا سیاسی اقتدار ختم ہو جانے سے

ایک قسم کا خلاء پیدا ہو گیا تھا، جسے مقامی حکومتیں، سیاسی ناپختگی اور معاشی کمزوری کی بنا پر خود پر نہیں کر سکتی تھیں، لہٰذا امریکہ اور روس میں اس خلاء کو بھرنے کے لئے طاقت اور اثر کی آزمائش ہونے لگی۔

۱۹۴۷ء تک چونکہ برطانیہ اور فرانس اس قابل نہیں ہو سکے تھے کہ ترکی اور یونان کی کمیونسٹ تحریکوں کو کچلنے میں مقامی حکومتوں کو مدد دے سکتے۔ اس لئے یہ ذمہ داری بھی امریکہ کے سپرد کی گئی چنانچہ مئی ۱۹۴۷ء میں صدر ٹرومین کی سفارشات پر امریکی کانگریس نے ایشیائی ممالک کو کمیونسٹ حملوں اور اثرات سے محفوظ رکھنے کے لئے فوجی اور مالی امداد کی ایک اسکیم منظور کی، جسے مشرق وسطیٰ کے کئی ملکوں نے خوش آمدید کہا، لیکن مصر نے کسی بھی معاہدے میں شریک ہونے کی پالیسی اختیار کی، خاص کر اس وقت تک جب تک مصر سے برطانیہ کی فوجیں مکمل طور پر نہیں ہٹ جاتیں۔

جنگ کی ابتداء سے اب تک امریکہ کو جو عزت اور وقار حاصل ہوا تھا، وہ تقسیم فلسطین کے مسئلہ پر یہودیوں کی طرف داری کے سبب ختم ہو گیا۔ عربوں کا یہ یقین ہے کہ اسرائیل کا وجود میں آنا محض امریکی دلچسپی اور کوششوں کا نتیجہ ہے۔ اور یہ حقیقت بھی ہے کہ صدر ٹرومین نے امریکی یہودیوں کے دباؤ، داخلی سیاست کے تقاضوں اور ۱۹۴۸ء کے جنرل الیکشن میں کامیابی کی ضرورتوں کے پیش نظر، فلسطین کی تقسیم کے مسئلہ پر یہودیوں کا غیر معمولی طور پر ساتھ دیا اور اسرائیلی حکومت کے قیام کو سب سے پہلے تسلیم کیا۔

اسرائیلی حکومت کا قیام عربوں کی غیرت اور خودداری کو ایک چیلنج تھا، اور فلسطین میں عربوں کی تہذیب، اعلیٰ سماجی حیثیت اور معاشی ذرائع پر کنٹرول کے خاتمے کا اعلان تھا، چنانچہ فوراً ہی عربوں اور اسرائیلیوں میں باقاعدہ جنگ شروع ہو گئی۔ امریکہ نے یو این او کے ذریعہ فوراً ہی جنگ بندی کی کوشش کی، یہاں تک کہ دونوں فریقوں کے درمیان ۱۹۴۹ء جنگ بندی کا معاہدہ ہو گیا، لیکن صلح نامہ نہیں ہو سکا۔ اس لئے عرب اسرائیل کے وجود کو تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں، لہٰذا انھوں نے اسرائیل جانے کے تمام راستے بند کر دیئے اور تجارت اور آمد و رفت قطعی طور پر منسوخ کر دی۔ ان حالات میں امریکہ نے یہ کوشش کی کہ کسی صورت سے دونوں پارٹیوں میں تصفیہ ہو جائے۔ اس طرح کہ اسرائیل کا وجود بھی باقی رہے اور عربوں کی ناراضگی بھی دور ہو جائے۔

ین اسرائیل کے ناخوشگوار اور جارحانہ رویہ کی بنا پر جھگڑا ہنوز باقی ہے۔

۱۹۴۹ء میں صدر ٹرومین نے اپنے خطبہ میں کانگریس کے سامنے "چار نکاتی" تجویز پیش کی جس میں کم ترقی یافتہ ممالک کو صنعتی اور مالی امداد دینے کی سفارشات کی گئی تھیں، کانگریس کی منظوری کے بعد امداد کا یہ سلسلہ شروع ہو گیا۔ امریکی صدر کے خصوصی نمائندوں نے مشرق وسطیٰ کا فوری دورہ کیا تاکہ اس امداد کو قبول کرنے اور امریکہ کے ساتھ دفاعی معاہدے کرنے پر مختلف ممالک کو آمادہ کر سکیں جن ممالک نے اس امداد کو ناکافی اور اس کے شرائط سے اتفاق نہ ہونے کی وجہ سے نامنظور کیا ان میں مصر اور شام پیش پیش تھے۔

۱۹۵۰-۵۱ء میں کوریائی جنگ، روس کی دھمکیوں، کمیونسٹ چین کے حملوں نے کمیونزم اور روس کے بارے میں امریکی خدشات کو یقین میں بدل دیا، چنانچہ مشرق وسطیٰ اور مشرق بعید میں اپنے دفاعی انتظامات کو مضبوط سے مضبوط تر کرنا امریکہ کے لئے اشد ضروری ہو گیا۔ نیٹو، سیٹو اور دیگر فوجی معاہدوں کی تشکیل کا مقصد دراصل کمیونزم کو پھیلنے سے روکنا اور روس کے خلاف دفاعی محاذ قائم کرنا تھا۔ ہندوستان اور دیگر آزاد قوموں نے امریکہ کے ان خدشات کو بے بنیاد خیال کیا اور اسی لئے فوجی انتظامات کو غیر ضروری سمجھا۔

۱۹۵۳ء میں امریکی حکومت کی زمام کار ری پبلکین نے سنبھال لی۔ سیکریٹری آف سٹیٹس مسٹر ڈلس نے فوراً ہی مشرق وسطیٰ کے ممالک کا دورہ کیا اور اس نتیجہ پر پہنچے کہ اگرچہ اکثر ممالک امریکہ کے ساتھ کسی قسم کے فوجی معاہدے میں شامل ہونا پسند نہیں کرتے، لیکن خود آپس میں ایک متحدہ محاذ قائم کرنے کے لئے کوشاں ہیں، اور یہ کہ عرب ممالک کو روس یا کمیونزم سے زیادہ اسرائیل سے خطرہ ہے۔ اگر ان دونوں خطرات کے خلاف ہمدردی کا اظہار کیا جائے اور مصر اور برطانیہ کے جھگڑوں کو طے کرنے میں مدد دی جائے تو ناممکن نہیں کہ بعض عرب ممالک امریکہ کی سرپرستی میں کسی نہ کسی نوعیت کی فوجی تنظیم میں شامل ہو جائیں۔ اس سلسلے میں انھیں زیادہ مایوسی بھی نہیں ہوئی۔ ۱۹۵۵ء میں بغداد پیکٹ قائم ہوا جس کے ذریعے ترکی، ایران، عراق اور پاکستان برطانیہ کے ساتھ ایک سلسلہ کی کڑیوں کی طرح منظم ہو گئے۔

یہاں یہ بات البتہ قابل غور ہے کہ امریکہ بذات خود اس معاہدے سے علیحدہ رہا۔ غالباً اس وجہ

سے کہ مصر، شام، سعودی عربیہ اور ہندوستان جیسے امن کے حامی اور غیر جانبدار ممالک اس معاہدے کی سخت مخالف تھے۔ اور امریکہ کو یہ خطرہ تھا کہ یہ ممالک روس کے زیر اثر نہ چلے جائیں۔ اس کے علاوہ ان ممالک میں تجارت، تیل کی سپلائی، اور امریکی سامان کی منڈیوں کو قائم رکھنا بھی لازمی تھا۔ لیکن پھر بھی امریکہ غیر سرکاری طور پر مشیر کی حیثیت سے اس تنظیم کی مختلف کمیٹیوں میں شامل رہا ..... اور اس طرح کمیونسٹ ممالک کے خلاف بغداد پیکٹ کے ذریعے سیٹو اور نیٹو کے درمیان فوجی معاہدوں کی نامکمل زنجیر اس کڑی سے نہ صرف مکمل ہوگئی بلکہ پہلے سے زیادہ مضبوط ہوگئی۔

اسی زمانہ میں روس اپنی خارجہ پالیسی میں نمایاں رد و بدل کر رہا تھا، سٹالن کی روایات سے انحراف کرتے ہوئے ان کے جانشین اپنے رویہ میں تبدیلی لا رہے تھے۔ ایشیا اور افریقہ کے ممالک سے بہتر تعلقات پیدا کر رہے تھے، مالی امداد اور تجارتی لین دین بڑھا رہے تھے، اور اس طرح روس ان قوموں کو جو اپنی آزادی کے لئے مغربی ممالک کے خلاف لڑ رہی تھیں، اخلاقی امداد دے رہا تھا۔

مصر کے فوجی انقلاب (جولائی ۱۹۵۲ء) کے بعد امریکہ کو یہ توقع تھی کہ مصر جو اب شاہ فاروق کی بے راہ روی اور سیاسی پارٹیوں کی بدحالی، حکومت کی بدانتظامی اور دفاتر کی بدعنوانیوں سے آزاد ہوگیا ہے، معاشی اور سماجی حیثیت سے بہتر ہو سکے گا۔ اب تک جو ملک سیاسی انتشار میں مبتلا تھا وہ اب ایک مضبوط سیاسی نظام قائم کر سکے گا، ترقی اور خوشحالی حاصل کر سکے گا، روزگار، تعلیم اور تمدن کی بہتری پر توجہ کر سکے گا، اور پھر کمیونسٹ تحریکوں کے خلاف لڑ سکے گا، ان حالات کے پیش نظر امریکہ نے پوری کوشش کی کہ مصر کے ساتھ اس کے تعلقات پہلے سے زیادہ بہتر ہو جائیں چونکہ مصر اس وقت تمام عرب ممالک کی سیاست کی رہبری کر رہا تھا۔ مصر اور برطانیہ کے درمیان نہر سوئز کے انخلاء اور سوڈان کی آزادی کے سلسلے میں اکتوبر ۱۹۵۴ء کو جو معاہدہ ہوا، اس میں امریکہ کی کوشش اور ہر دو پارٹیوں پر دباؤ کا نتیجہ تھا۔ امریکہ نے دباؤ اس لئے ڈالا کہ وہ مصر کا تعاون اسی وقت پا سکتا تھا جب برطانیہ کے ساتھ مصر کے معاملات کا فیصلہ ہو جائے ——

لیکن اس کے باوجود مصر امریکہ کا ساتھی نہیں بن سکا، ۱۹۵۵ء میں جب عراق بغداد پیکٹ میں شامل ہوگیا اور جب اسرائیل کے آئے دن کے حملوں سے جنگ کا خطرہ بہت بڑھ گیا تو مصر

مشام کو اپنی فوجی طاقت بڑھانے کی فکر دامن گیر ہوئی، چنانچہ امریکہ، برطانیہ اور فرانس سے تجارتی پیمانے پر فوجی اسلحے خریدنا چاہے لیکن اس میں کامیابی نہیں ہو سکی..... اور بالآخر مغربی طاقتوں سے مایوس ہو کر روس کی طرف مائل ہونا پڑا جو افریشائی قوموں کو ہر قسم کی مدد دینے کو تیار تھا چنانچہ روس کے ساتھ ان ممالک کے تجارتی اور ثقافتی تعلقات بڑھنے لگے ـــــ منڈیوں میں عرب ممالک کا مال دستیاب ہونے لگا۔ اس کا فوری ردِ عمل یہ ہوا کہ مغربی ممالک میں خطرہ اور بے چینی کی لہر دوڑ گئی۔ چنانچہ روس کی ہمنوائی کو روکنے کے لئے امریکہ نے آسوان بند کی تیاری کے لئے مالی امداد پیش کی، جسے مصر نے فوراً قبول کر لیا لیکن روس کی طرف اپنی پالیسی میں کوئی تبدیلی نہ کر سکا۔ بلکہ اسی زمانہ میں چیکوسلاویہ سے کثیر مقدار میں سامانِ جنگ خریدا اور نہر سوئز کے انخلاء کے موقع پر تقریبات میں روسی مہمانوں کو نمایاں حیثیت دی چنانچہ کچھ ہی عرصہ بعد امریکہ نے اپنی مالی پیش کش واپس لے لی۔ اور عذر یہ پیش کیا کہ مصر کی موجودہ مالی حالت اس بار کو اٹھانے کے قابل نہیں ہے، امریکہ کے اس غیر متوقع ردِ عمل سے مصر کو صدمہ پہنچا۔ آسوان بند کی تکمیل سے مصر کی ترقی اور خوش حالی کے تمام منصوبے وابستہ تھے۔ ساری قوم ایک نئی آسودگی کی زندگی کے سپنے دیکھ رہی تھی، سارے ملک میں امریکہ کے خلاف غم و غصہ کی لہر دوڑ گئی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ۲۶ جولائی ۱۹۵۶ء کو صدر ناصر نے نہر سوئز کمپنی کو قومی ملکیت قرار دے دیا، تاکہ کمپنی کی بے پناہ آمدنی جو اب تک برطانیہ اور فرانس کے حصہ داروں کی جیب میں جاتی تھی، اب آسوان بند کی تعمیر میں لگائی جا سکے۔

مصر کے اس اقدام سے برطانیہ اور فرانس چراغ پا ہو اٹھے۔ یہ وقت امریکہ کی یورپ سے وفاداری میں بڑی آزمائش کا تھا۔ اور حقیقتاً امریکہ نے اس موقع پر بڑی دانشمندی کا ثبوت دیا اور پوری کوشش کی کہ برطانیہ اور فرانس مصر پر فوج کشی کے ارادے سے باز رہیں، لیکن بے سود۔ طاقت اور خودسری کے زعم میں دونوں مغربی طاقتوں نے اسرائیل کے ساتھ مل کر مصر پر حملہ کر دیا اور لندن میں جمع مصری سرمایہ ضبط کر لیا، تاکہ مصر کی تجارت نہ چل سکے۔ جنگ کے شعلے بھڑکتے ہی امریکہ نے اقوام متحدہ کے ذریعہ اس آگ کو بجھانے کی کوشش شروع کر دی۔ اس

انجمن میں دنیا کی ساری قومیں اس مسئلہ پر امریکہ کی ہم خیال تھیں، چنانچہ عالمی دباؤ اور مقامی جنگ کے خطرناک شکل اختیار کر لینے کے ڈر سے برطانیہ اور فرانس کو جنگ بند کرنی پڑی اور مصر کے مقبوضہ علاقوں کو خالی کرنا پڑا۔

اس موقع پر امریکی رویہ کو ایشیا، اور افریقہ کی قوموں نے کافی سراہا، لیکن روس بھی اس میدان میں پیچھے نہیں رہا۔ اس کی ہمدردیوں اور اخلاقی تعاون کے لئے مصری عوام اس کے احسان مند ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ روس کی جنگ میں مداخلت کی دھمکیوں نے ہی دراصل انھیں سامراجیوں کے ہاتھوں تباہ ہونے سے بچایا۔ چنانچہ اس احسان مندی کے صلے میں روس اور دیگر کمیونسٹ ممالک کے ساتھ تجارتی اور ثقافتی تعلقات پہلے سے زیادہ بہتر ہونے لگے جس سے امریکہ کو پھر یہ خطرہ محسوس ہوا کہ مشرق وسطیٰ کے یہ اہم علاقے مستقل طور پر روس کے ساتھی نہ بن جائیں لہذا کمیونسٹ تحریکوں کے خلاف دفاعی محاذ قائم کرنے کے لئے یہاں کی سیاست میں مزید دلچسپی لینا ناگزیر ہو گیا۔ جنوری ۱۹۵۷ء میں صدر آئزن ہاور نے امریکی کانگریس کے سامنے ایک تجویز پیش کی، جس کی رو سے مشرق وسطیٰ کی ہر اس قوم کو امریکی تعاون حاصل ہوگا جو خود اس کی طالب ہو، اس نئے فارمولے کے ذریعے امریکہ ایشیا اور افریقہ کے اہم ترین ممالک کی فوجی طاقت کو بڑھانا اور ان کی معاشی اور سماجی زندگی کو بہتر بنانا چاہتا تھا۔ لیکن وہ ممالک جو پہلے ٹرومین فارمولے کے مخالف تھے وہ آئزن ہاور فارمولے کے بھی اسی قدر مخالف رہے۔

اس فارمولے کے اعلان کے بعد ہی حالات کچھ اس انداز سے بدلنا شروع ہوئے کہ یہ ڈر پیدا ہوا کہ مستقبل قریب میں ہی اس فارمولے کو آزمائش کے سخت دور سے گزرنا ہوگا، اس لئے کہ اسی زمانے میں ملک شام سے امریکہ کے سفارتی تعلقات ٹوٹ گئے تھے، جس کی سب سے بڑی وجہ یہ تھی کہ شام کی سیاست پر اس وقت کمیونسٹوں کا گہرا تسلط تھا، روس شام کو بے پناہ امداد دے رہا تھا، جس میں بڑے قرضے مشینی مال، مشینری اور اسلحے شامل تھے، کمیونسٹ بلاک کے تقریباً سب ہی ممالک نے شام کے ساتھ تجارتی معاہدے کئے۔ ادھر برطانیہ 'بغداد پیکٹ' میں شرکت کے لئے اردن پر دباؤ ڈال رہا تھا، جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ اردن نے برطانیہ سے اپنے معاہدے ختم کر لئے اور مصر و شام کی طرف رجوع کیا۔ دونوں ممالک نے اردن کو مالی امداد دینے اور خارجی حملوں کے خلاف پوری حفاظت کا وعدہ کیا، اس کے ساتھ مل کر فوراً ہی ایک "متحدہ عرب محاذ" قائم کر لیا۔ لیکن یہ اتحاد دیرپا ثابت نہ ہو سکا۔ کچھ ہی عرصہ بعد

اردن کو یہ محسوس ہوا کہ عرب ممالک اس کی ضروریات کو پورا کرنے سے قاصر ہیں اس کے علاوہ اردن کے شاہی اقتدار اور اختیارات کے کچھ ایسے مسائل پیدا ہو گئے کہ اردن کو بھران ہی سے رجوع کرنا پڑا جن سے رابطہ توڑ چکا تھا۔ اس تبدیلی کے فوراً بعد ہی صدر آئزن ہاور نے اعلان کر دیا کہ اردن کی آزادی اور سالمیت امریکہ کے مفاد اور حفاظت کے لئے بہت اہمیت رکھتی ہے۔ اس کی آزادی سے ہمارے مفاد وابستہ ہیں جن کی حفاظت ہمارا فرض ہے چنانچہ اس اعلان کے ساتھ ہی امریکہ کا چھٹا جنگی بیڑہ اردن کی حفاظت کے لئے چل پڑا۔

تب سے اب تک امریکہ اسی کوشش میں ہے کہ عرب ممالک خصوصاً مصر کے ساتھ برطانیہ اور دیگر مغربی طاقتوں کے تنازعات ختم ہو جائیں اس کوشش میں اگرچہ امریکہ کو بڑی حد تک کامیابی حاصل ہوئی ہے لیکن اگر امریکہ اپنا کھویا ہوا وقار پھر سے حاصل کرنا چاہتا ہے تو ضروری ہے کہ زیادہ توجہ عرب اور اسرائیل کے جھگڑوں کو طے کرنے پر کی جائے۔ اسی لئے اب دس لاکھ سے زائد عرب مہاجرین کو پھر سے بسانے اور اردن کے فلسطین میں چھوڑے ہوئے سرمایہ کی واپسی کے معاوضہ کا مسئلہ سب سے زیادہ ضروری ہے۔

آج مشرق وسطیٰ میں مکمل آزادی، قومی سالمیت اور ترقی و خوشحالی پانے کا جو جذبہ موجزن ہے اس کی قدر کرنے اور ان کے منصوبوں کو روبہ کار لانے میں بے غرض امداد کرنے ہی سے امریکہ اپنی پہلی جیسی عزت پا سکتا ہے۔ کمیونزم تو ایک تحریک ہے ایک نظریہ ہے جس کا مقابلہ محض ہتھیاروں اور فوجی معاہدوں سے نہیں کیا جا سکتا۔ اس کے لئے تو ضروری ہے کہ ان حالات کو بدلا جائے کہ جن میں یہ نظریہ یا کمیونسٹ پروپیگنڈہ مقبول ہوتا ہے۔ مشرق وسطیٰ کے ممالک کو اگر خوشحالی میسر ہو، تعلیم، روزگار اور سکون حاصل ہو تو کمیونزم کسی بھی شکل میں یہاں پنپ نہیں ہو سکتا۔ اس لئے کہ یہاں اکثر ممالک کی مذہبی اور تہذیبی قدریں کمیونسٹ نظام کو کبھی برداشت نہیں کر سکتیں۔

عالمی سیاست میں کھنچاؤ کو کم کرنے اور چھوٹی قوموں کی آزادی اور ترقی کے سلسلے میں صدر کینیڈی کے نظریات اور کوششیں قابل تحسین ہیں۔ مشرق وسطیٰ کے سب ہی ممالک نئے امریکی نظام کو قدر اور امید کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ عرب جمہوریہ اور دیگر عرب ممالک میں آج امریکی وقار بڑھ رہا ہے اور یقین ہے کہ وہ اپنی آزادی اور سالمیت کو برقرار رکھتے ہوئے امریکہ اور دنیا کے سب ہی آزاد اور جمہوریت پسند ملکوں سے خوشگوار تعلقات بڑھانے کے خواہش مند ہیں اور ان کے راستے پر ترقی یافتہ ممالک کے دوش بدوش چلنے کی آرزو رکھتے ہیں۔ امریکہ اگر کلی طور پر اس جذبے کی قدر کرے تو یقیناً عربوں کی دوستی اور وفاداری پر اعتبار کر سکتا ہے۔

حالات حاضرہ

جناب ظفر پیامی

اس مہینے کے آغاز کے ساتھ دہلی راجدھانی میں موسم سرما کی روائتی گہما گہمی بھی شروع ہوگئی۔ عالمی فلمی میلے سے لے کر وائس چانسلروں کی کانفرنس تک اجتماعوں کا ایک بہت بڑا سلسلہ ہے جس میں سے ہر ایک اپنی اپنی جگہ پر خصوصی اہمیت کا حامل تھا۔

سیاست کے میدانوں میں زیادہ تر سرگرمی آنے والے انتخابات ہی کے سلسلے میں تھی۔ مختلف سیاسی پارٹیاں اپنے اپنے انتخابی منشور مرتب کرکے زیادہ عملی تیاریوں میں مصروف ہوگئیں۔ حزب مخالف کی اکثر پارٹیوں نے اپنے زیادہ تر امیدوار طے کرلئے تھے۔ حکومتی ذمہ داریوں کے باعث کانگریس کی تیاریاں زیادہ ہمہ گیر تھیں اور پیچیدہ بھی۔ فی الحال زیادہ سرگرمی امیدواروں کے انتخاب ہی پر مرکوز تھی۔ امید تھی کہ نومبر کے آخر تک بیشتر نشستوں کے بارے میں فیصلے ہوجائیں گے لیکن تادم تحریر اس بات کی امید نظر نہیں آتی کہ تمام فیصلے آسانی سے ہوجائیں گے۔ جمہوری روایتوں کے نقطۂ نظر سے دیکھا جائے تو اس بحث و مباحثے کا ایک فائدہ ضرور نظر آتا ہے ہوسکتا ہے کہ انگلستان اور امریکہ کی طرح ہندوستان میں بھی امیدواروں کے کھڑے کرنے اور انتخاب لڑنے کی چند مخصوص روایتیں پیدا ہوجائیں لیکن قومی سیاست کا سب سے اہم واقعہ وہ تھا جو ہندوستان میں نہیں بلکہ یہاں سے ہزاروں میل دور امریکہ کی سرزمین پر پیش آیا۔

پنڈت نہرو کا دورۂ امریکہ

پنڈت نہرو کے حالیہ غیر ملکی دورے میں یوں تو میکسیکو متحدہ عرب جمہوریہ اور انگلستان بھی شامل تھے لیکن اس کی اولین اہمیت وزیر اعظم کے سفر امریکہ ہی سے وابستہ تھی۔ امریکہ اور ہندوستان کے درمیان

ت سے بحث طلب مسائل تھے بھی اور نہیں بھی۔ جہاں تک کسی براہ راست حل طلب مسئلے کا تعلق تھا فوری
بات کی ایسی کوئی بات نہ تھی جس پر تشویش کا پہلو نکلتا ہو۔ امریکی پریس کے بعض رجعت پسند عناصر ہندوستان
غیر جانبدار پالیسی سے کچھ چھپے ہوئے پہلوؤں سے یقیناً خوش نہیں تھے۔ انھوں نے اپنے اخباروں میں دل
ول کر اس ناراضگی کا اظہار بھی کیا کہ ہندوستان امریکی امداد حاصل کرنے کے باوجود امریکی سیاست خارجہ
کے لئے سود مند ثابت ہونے کے لئے تیار نہیں۔ پچھلے دنوں ایک فرد واحد یعنی وزیر دفاع شری کرشنا مینن
کی ذات کو بھی نشانہ تیغ بنانے کی کوششیں کی گئیں۔ ایٹمی تجربات کے بارے میں ہندوستان کی غیر مشروط
مخالفت بھی امریکنوں کے ایک طبقے کو پسند نہیں تھی۔ بعض لوگ خصوصاً امریکہ کا وی پبلکن پریس (اور
اکثر بڑے امریکی اخبارات ری پبلکن کے ہیں) ہندوستان کی کونگو پالیسی سے بھی زیادہ خوش نہیں تھا
ان حالات میں خطرہ پیدا ہوا کہ کہیں امریکہ اور ہندوستان کے درمیان سرکاری سطح پر بھی افسوسناک
غلط فہمیاں نہ پیدا ہو جائیں۔ ان غلط فہمیوں سے ہندوستان کو اقتصادی لحاظ سے کچھ نقصان تو ضرور
ہوتا لیکن امریکہ کو بھی سیاسی میدان میں اس تناؤ کی خاصی مہنگی قیمت ادا کرنی پڑتی۔ سب سے بڑھ کر
یہ کہ ایک ایماندار غیر جانبدار کی حیثیت سے ہندوستان کی مقبولیت کم ہونے کا اثر عالمی صورت حال پر
بھی پڑتا اور سرد جنگ کی کش مکش کو اور زیادہ تقویت ملتی۔

پنڈت نہرو کے دورے کے اس پس منظر کو اگر ہم سامنے رکھیں تو نتائج کو خاصا اطمینان بخش
کہا جا سکتا ہے۔ صدر کینیڈی اور پنڈت نہرو کے درمیان غیر نمائشی اور غیر رسمی بات چیت کافی مفید
ثابت ہوئی۔ پنڈت نہرو نے خود ہی واضح کر دیا تھا کہ ان کے دورے کو ظاہری نمود و نمائش سے حتی الامکان
محفوظ رکھا جائے۔ یہ فیصلہ بہت مفید ثابت ہوا۔ رسمی تقریبوں سے نجات پا کر وزیر اعظم کو موقعہ ملا کہ وہ
ہر سطح پر اپنے میزبانوں سے مل سکیں۔ صدر کینیڈی نے خود اعتراف کیا کہ وہ اس بات چیت کے بعد بھی
ہر مسئلے پر ایک دوسرے سے متفق نہیں ہو سکے۔ لیکن کسی بھی معاملے میں فریق ثانی کی صدق دلی پر
انھیں کوئی شک و شبہ نہیں رہا۔ صدر کینیڈی کا یہ جملہ بھی معنی خیز تھا کہ انھیں احساس ہے کہ کسی بھی ملک
کی خارجہ سیاست کا اعتماد کن مخصوص لوازمات۔ مثلاً جغرافیہ، تاریخ، اقتصادی پوزیشن اور علاقائی خصوصیات
پر ہوتا ہے۔ اس سے ہندوستان اور امریکہ کے درمیان چند معاملات پر اختلافات ہو سکتے ہیں جو

کینیڈی کا یہ اعتراف ان امریکی انتہا پسندوں کی کافی حد تک خاموشی کر سکے گا جو سمجھتے ہیں کہ دنیا میں جو شخص امریکہ کے ساتھ نہیں ہے وہ کوئی بہت بڑا گناہ گار ہے۔ اطمینان کا پہلو یہ تھا کہ ایسا ہوا بھی امریکی پریس کے رویئے میں دورے کے بعد خاصی اہم تبدیلی محسوس کی گئی۔ صدر کینیڈی نے اپنے مہمان کی جن الفاظ میں تعریف کی (پنڈت نہرو کا مقام وہی ہے جو ابراہیم لنکن اور فرینکلن روزویلٹ کا مقام تھا) اس نے ثابت کر دیا کہ حکومت امریکہ اپنے غیر ذمہ دار پریس سے اتفاق نہیں رکھتی۔

جہاں تک ٹھوس اور عملی نتائج کا تعلق ہے فی الحال کچھ کہنا مشکل ہے۔ بات چیت کے بعد شائع ہونے والے مشترکہ اعلانیے میں وہی کچھ موجود ہے جو ہمیشہ ایسے اعلانیوں کا طرۂ امتیاز ہوتا ہے لیکن پھر بھی چند مسائل پر اظہار رائے صفائی سے کیا گیا اور اس کی اہمیت کو نہ سمجھنا غلطی ہوگی۔

۱۔ حکومت امریکہ نے واضح کر دیا کہ کونگو کے بارے میں ہندوستان کی پالیسی سے اسے کوئی اختلاف نہیں۔ یہ وضاحت بہت ضروری تھی کئی مغربی ملکوں میں ہندوستانی سپاہیوں کے خلاف خاصا زہر اگلا جا رہا تھا اور امریکہ کے بعض عناصر بھی اس کا ساتھ دے رہے تھے۔ لیکن سرکاری طور پر صدر امریکہ نے واضح کر دیا کہ ان کی نظر میں بھی کونگو کی پیچیدگیاں سلجھانے کا واحد طریقہ یہی ہے کہ اس کا اتحاد برقرار رکھتے ہوئے اسے سرد جنگ کی سیاست سے دور رکھا جائے۔ اس اعلان کا اثر برطانیہ، فرانس اور حتیٰ کہ بلجیم جیسے ملکوں پر ضرور ہوگا۔ شاید اسی کا ایک اظہار بلجیم کے وزیر خارجہ کا یہ اعلان تھا کہ ان کا ملک کاٹنگا کے خود ساختہ صدر شومبے کی نہیں بلکہ کونگو کی مرکزی حکومت کی حمایت کرتا ہے۔ اس اعلان سے اور کچھ نہ ہوگا تو کم از کم اخلاقی طور پر تو ہندوستان اور دوسرے افریشیائی ملکوں کا مقدمہ مضبوط ضرور ہوگا۔

۲۔ ایٹمی تجربات کے متعلق امریکہ نے دبی زبان سے واضح کر دیا کہ وہ ہندوستان کے اس مطالبے کی حمایت نہیں کر سکتا کہ تجربوں پر فوراً پابندی لگا دی جائے لیکن اعلانیے میں جس اعتذارانہ ڈھنگ سے یہ بات کہی گئی وہ ہندوستان کے مخالف عناصر کی تنقید کو ناکام بنانے میں کافی موثر ثابت ہوگا۔ یوں بھی اخلاقی بنیادوں پر تو ہندوستانی موقف کے درست ہونے میں کوئی شبہ نہیں رہا۔

۳۔ لاؤس کے بارے میں بھی مشترکہ اعلانیے نے ہندوستانی موقف کو مناسب قرار دیا کہ اس مسئلہ کا

مدمل موثر قسم کی غیر جانبداری ہے۔ اگر یہ بات پہلے ہی قبول کر لی جاتی تو شاید آج اس قدر پیچیدگیاں ہی نہ ہوتیں۔ اب بھی یہ نہیں کہا جا سکتا کہ اس پوزیشن پر کس حد تک عمل ہو سکے گا لیکن پھر بھی امریکہ صدر کا اتنا اعتراف ہی بہت ہے کہ مسئلہ لاؤس کا صحیح حل غیر جانبداری ہی ہے۔

۴۔ اعلانیے میں یہ بات بھی واضح ہے کہ امریکی پریس کے ہند دشمن عناصر کے مخالفانہ پروپیگنڈے سے ہندوستان کو دی جانے والی امریکی امداد پر اثر انداز نہیں ہونے دیا جائے گا۔ بلکہ جن الفاظ میں ہندوستان کی تعمیری کوششوں کو پنڈت نہرو کے میزبانوں نے سراہا ہے اس سے تو یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہ تعاون بڑھے گا، کم نہیں ہوگا۔ اس سے یہ خدشات اگر دور نہیں ہوئے تو کم یقینا ہوں گے کہ امریکہ ایک بار پھر اقتصادی امداد کو سیاسی لین دین کا معیار بنانا چاہتا ہے۔

۵۔ اعلانیے میں پاک ہند تعلقات کا کوئی ذکر نہیں کیا گیا۔ ظاہر ہے کہ یہ امر اتفاقی نہ تھا۔ اس کے پیچھے ہندوستان کا یہ اصرار کارفرما رہا ہوگا کہ ہمارے دونوں پڑوسی ملکوں کے مسائل ہمیں خود طے کرنے چاہئیں اور کسی دوسرے کو ان میں دخل دینے کا کوئی حق نہیں ہے۔ اعلانیے کی یہ معنی خیز خاموشی پڑوسی دیش کے حکمران حلقوں میں یقینا گراں گزرے گی۔ اس لئے کہ اس سے اتنا تو ظاہر ہو ہی گیا کہ سخت ترین دباؤ کے باوجود اس معاملے میں امریکہ اپنے حلیف کو خوش کرنے کے لئے کچھ زیادہ دور جانے کے لئے تیار نہیں ہوگا۔

۶۔ اعلانیے کے علاوہ دورے کے عام تقریبوں سے یہ واضح ہو گیا کہ پنڈت نہرو اپنے بہترین ساتھی شری کرشنا مینن کے [illegible] امریکی پریس کی تنقید کو کوئی اہمیت نہیں دیتے بلکہ ان کے میزبانوں کو بھی احساس ہو گیا ہوگا کہ اس معاملے میں اختلافات کو طول دینا مناسب نہیں۔ پنڈت نہرو نے نہ صرف امریکی اخباری نمائندوں پر واضح کر دیا کہ اقوام متحدہ میں ہندوستانی وفد لیڈر کے لئے ضروری نہیں ہے کہ وہ امریکہ میں ہر گروپ کی خوشنودی حاصل کرے۔ بلکہ شری مینن کی موجودگی نے ان کے قول کو عمل کے سانچے میں ڈھال دیا۔ دوسری جانب صدر امریکہ اور شری مینن کی ہونے والی ملاقات اس حقیقت کا اظہار ہوگی کہ اس معاملے میں بھی امریکہ حقیقت پسندی کی جانب مائل ہو رہا ہے۔ اگر اعلانیے میں نوآبادیاتی نظام اور خصوصاً برگیزی۔ امراج اور نسلی امتیاز کے متعلق بھی امریکی نظریے

وضاحت ہو جاتی تو دورے کی کامیابی ہر لحاظ سے مکمل ہو جاتی۔ بہر حال سرد جنگ کی مصلحتوں کے پیش نظر اتنا بھی بہت ہوا کہ اب امریکہ خواہ مخواہ اپنے حلیفوں کی خاطر غیر جانبدار ملکوں سے اُلجھنے کے لئے تیار نہیں ہے۔ ہو سکتا ہے آئندہ یہ غیر جانبداری مثبت حقیقت پسندی میں بھی بدل جائے۔ بہر حال مجموعی لحاظ سے اس دورے کو کامیاب ہی کہنا چاہیے۔ اس کا سہرا جہاں پنڈت نہرو کی روایتی صاف گوئی اور پُر وقار رویے کے سر ہے کہ انھوں نے اپنے میزبان ملک میں اپنے میزبانوں کی خوشنودی کی خاطر کسی نامناسب بات کی ضرورت نہیں سمجھی۔ وہاں اسے امریکی اعتدال پسندوں کی کامیابی بھی کہا جا سکتا ہے۔ امید ہے کہ اس دورے سے امریکی خارجہ سیاست کا وہ گروہ جس کی رہنمائی نائب وزیر خارجہ چسٹر باؤلز سفیر امریکا گلبرائتھ اور ایڈلائی اسٹیونسن کرتے ہیں مضبوط ہوگا۔ ان کی کامیابی دونوں ملکوں کو قریب لانے اور ایشیا میں امن کی ساکھ کو بڑھانے میں نمایاں رول ادا کر سکتی ہے۔

میکسیکو میں

امریکہ کے علاوہ پنڈت نہرو میکسیکو بھی گئے۔ یہاں ہر ان کا بے مثل گرمجوشی کے ساتھ خیر مقدم کیا گیا اور عالمی مسائل میں ہندوستان اور میکسیکو کے تقریباً یکساں نقطۂ نظر پر زور دیا گیا۔ مثلاً میکسیکو کے صدر جناب موتاس نے میکسیکو کو لاطینی امریکہ کا ہندوستان کہا اور پنڈت نہرو کی ذات کو نوع انسانی کی سلامتی کے لئے بہت بڑی ضمانت بتلایا ہے۔ ان الفاظ کی اہمیت محض روایتی میزبانی کی خوشگواریوں ہی تک محدود نہیں۔ میکسیکو لاطینی امریکہ کے اہم ترین ملکوں میں سے ہے۔ آٹھ کروڑ آبادی اور ہندوستان سے تقریباً دوتہائی رقبے کا یہ ملک نئی دنیا میں امریکی سیاست کے لئے کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ آج سے چند برس پہلے یہ ممکن ہی نہ تھا کہ یہاں پر کسی بھی عالمی مسئلے پر کسی ایسی رائے کا اظہار کیا جاتا جو امریکہ کی سرکاری پالیسی سے مطابقت نہ رکھتی ہو۔

لیکن اب یہ عالم ہے کہ امریکی ملکوں کی برادری کا ایک اہم رکن ہوتے ہوئے بھی میکسیکو کے رہنما عالمی مسائل پر آزادانہ رائے رکھنے میں فخر محسوس کرتے ہیں۔ ایٹمی تجربات سامراجی مقبوضات اور برلن وغیرہ کے معاملات میں میکسیکو کی پالیسی امریکہ کی نسبت ہندوستان سے کہیں زیادہ قریب ہے۔

عملی حقائق کی روشنی میں دیکھا جائے تو میکسیکو کی اس حمایت کی اہمیت بذاتِ خود بہت زیادہ معلوم نہیں ہوتی لیکن اگر اسے لاطینی امریکہ کے ایک اہم رجحان کا نمائندہ کہا جائے تو یہ پہلو دوررس نتائج کا حامل

نظر آتا ہے۔ غیر جانبداری کبھی صرف ایک ایشیائی بلکہ ہندوستانی تصور ہی تھا۔ چند برسوں کے بعد وہ مصر کے راستے افریقہ میں اور یوگو سلاویہ کے راستے یورپ میں پہنچا۔ اس کے بعد براعظم امریکہ پر کیوبا نے امن و سلامتی کا یہ علم بلند کیا۔ کیوبا کے بارے میں پھر بھی کہا جا سکتا تھا کہ اس پر کمیونسٹ بلاک کا اثر زیادہ ہے (حالانکہ میں ایسا نہیں سمجھتا) لیکن میکسیکو ایسے ملک کا غیر جانبداری کے جدید نظریے کی جانب مائل ہونا ایک نئے رجحان کا پتہ دیتا ہے۔ ہم نہیں چاہتے کہ اس نئے رجحان کو طاقتی پیمانوں سے ناپ کر امریکی اثر کی کمزوری سے تعبیر کیا جائے۔ بہتر یہ ہوگا کہ اس سے امید باندھی جائے کہ اس کی بدولت گروہ بند سیاست کے طریقۂ کار میں فرق آئے گا اور حقائق کی سرد جنگ کی مصطلحات کے پیمانوں سے ناپنے کے بجائے امن و آزادی کے تقاضوں سے جانچنے کا رجحان زیادہ مضبوط ہو سکے گا۔

قاہرہ کانفرنس

غیر جانبداری یہ ہے کہ وہ کسی قسم کی وابستگی حتیٰ کہ باہمی گروہ بندی کے امکانات سے بھی دور رہے گی۔ اس لئے قاہرہ میں ہونے والی نہرو ناصر ٹیٹو مذاکرات سے یہ توقع نہیں کی جا سکتی تھی کہ اس سے غیر جانبدار دنیا کے سامنے کوئی مشترک لائحہ عمل پیش ہو سکے گا۔ یوں بھی ان تینوں رہنماؤں میں سے کوئی بھی یہ دعویٰ نہیں کرنا چاہتا کہ وہ باقی غیر جانبدار ملکوں کا رہنما ہے۔ لیکن اس سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا کہ ان تینوں کو اپنے اپنے طور پر غیر جانبداری کے اہم ترین نمائندے کہا جاتا ہے۔ جس وقت یہ سطریں لکھی جا رہی تھیں تو ان کی ملاقات کی تفاصیل پوری طرح موصول نہیں ہوئی تھیں۔ پھر بھی یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ یہ ملاقات باہمی مشورے کی ایک صحت مند روایت کو مضبوط کرنے کا باعث بنے گی۔ یہ ملک کسی طاقتی یا فوجی گروہ بندی کے اراکین نہیں ہیں۔ فوجی یا اقتصادی لحاظ سے بھی ان کی طاقت اتنی قابل لحاظ نہیں ہے کہ بڑی طاقتوں کو ان کی خوشنودی کی فکر ہو۔ لیکن ایک عجیب اتفاق یہ ہے کہ دونوں بلاکوں کی جتنی دلچسپی اس ملاقات پر مرکوز رہی وہ سیٹو، ناٹو اور وارسا پیکٹ ایسی گروہ بندیوں کی میٹنگ سے بھی وابستہ نہیں کی جاتی۔ آج کی دنیا میں اخلاقی قوت کا بھلے ہی مذاق اڑایا جائے لیکن اس قوت کے اثر سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ قاہرہ کانفرنس کی اہمیت یہی ہے کہ وہ عالمی مسائل میں اسی اخلاقی قوت کے تقاضوں کا اہم ترین اظہار تھی۔ مغرب و مشرق میں اس سے جس غیر معمولی دلچسپی کا اظہار کیا گیا اس نے ظاہر کر دیا کہ میگا ٹن بموں اور میزائلوں کی

اس دنیا میں اس آواز کو بھی کلیتاً نظر انداز نہیں کیا جا سکتا جس کا سہارا اخلاقی قوت کے سوا کچھ بھی نہیں۔

روسی چینی تنازعہ

عالمی کمیونسٹ تحریک کے نقطۂ نظر سے بھی یہ مہینہ اولین اہمیت کا حامل رہا۔ سوویت یونین کی جانب سے ایٹمی تجربات شروع کرنے کے فیصلے نے تو ایک دنیا کو مایوس اور پریشان کیا ہی تھا لیکن سوویت کمیونسٹ پارٹی کی بائیسویں کانگریس میں کی گئی تقریریں خود کمیونسٹوں کے لئے بہت بڑا مسئلہ بن گئیں۔ بلکہ حقیقت تو یہ ہے کہ اس کانگریس کے ساتھ عالمی کمیونسٹ تحریک میں زبردست بحث مباحثہ شروع ہوا اس نے بہت حد تک اس احتجاج کو بھی پس پشت ڈال دیا تھا جو ایٹمی تجربات کے خلاف بڑے زور کے ساتھ شروع ہوا تھا بائیسویں کانگریس کے سامنے ایجنڈے کی اہم ترین مد تو یہ تھی کہ سوویت کمیونسٹ پارٹی کا وہ پروگرام پیش کیا جا سکتا جس کے ذریعے پندرہ برسوں بعد سوویت یونین صحیح معنوں میں ایک کمیونسٹ ملک بن جائے گا۔ یہ پروگرام پیش بھی کیا گیا۔ لیکن اصل بحث مستقبل کے پروگرام پر نہیں بلکہ ماضی کے مسائل پر ہوئی۔ خروشچوف ساڑھے تین برس پہلے ہی اسٹالن کی غلطیوں کو بے نقاب کر چکے تھے۔ لیکن اس وقت انہیں اسٹالن کے خلاف اس قسم کے سخت اقدامات کی ضرورت محسوس نہیں ہوئی جن پر کہ اب عمل کیا گیا۔

اسٹالن کی لاش کو لینن کے پہلو سے ہٹا کر ایک معمولی سے قبرستان میں دفنانے کی اہمیت علامتی زیادہ اشتراقی ہے۔ لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ خروشچوف نے یہ سب کچھ اس وقت کیوں کیا؟ سوویت یونین میں اس وقت ان کی پوزیشن مسلمہ ہے۔ کمیونسٹ تحریک میں بھی اسٹالن کے سخت گیرانہ طور طریقوں کے لئے کوئی خاص ہمدردی نہیں رہی اور کمیونسٹوں کے مخالفوں میں اسٹالن سے ہمدردی کا سوال پیدا ہی نہیں ہوتا۔

ان حالات میں اسٹالن دشمنی کا یہ مظاہرہ بظاہر ذاتی رنجش کے ایک افسوسناک اظہار سے زیادہ نہیں تھا۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ اسٹالن کے مرنے کے بعد تقریباً اتنا ہی بڑا مسئلہ پیروکاروں کے لئے بن گیا ہے جتنا کہ جیتے جی اپنے مخالفوں کے لئے تھا۔ خروشچوف نے اسٹالنی طریقوں کی مخالفت کی تھی۔ تو اس کی وجہ محض یہ تھی کہ انہیں احساس ہو رہا تھا کہ نئی سوویت سوسائٹی میں ازمنہ وسطیٰ کے طریقۂ کار کی کوئی گنجائش نہیں رہی خواہ یہ پرولتاری ڈکٹیٹر شپ ہی کے نام پر کیوں نہ ہو۔

سویت یونین میں سائنس صنعت اور فوجی طاقت کی عظیم الشان کامیابیوں کا یہ تقاضا تھا کہ ان کامیابیوں کے ہیرو عوام کو کچھ نہ کچھ آزادی ضرور دی جاتی۔ عالمی حالات کا رُخ بھی اس طرف تھا کہ پرانی قسم کی انتہا پسندی کے لئے گنجائش نہیں رہی۔ نہ صرف غیر جانبدار ملکوں سے میل جول بڑھانا ضروری ہوگیا بلکہ ان تعلقات کو قائم رکھنے کے لئے مارکسزم کی کلاسکی تھیوری کے چند لوازمات سے قطع تعلق کرنا پڑا۔ مثلاً خروشچوف نے ہندوستان اور برطانیہ کے بارے میں یہ تسلیم کیا کہ وہاں سوشلزم پرامن طریقے سے بھی آسکتا ہے۔ مغربی اور ایشیا کے اکثر ملکوں سے تعلقات یہ جانتے ہوئے بھی بڑھائے گئے کہ وہ کمیونزم کے سخت مخالف ہیں مصر، گھانا، برما، افغانستان، اور حتیٰ کہ ہندوستان کو قریب لاکر خروشچوف کو یہ فائدہ ضرور ہوا کہ مغرب کا اثر کم ہوگیا اور روس ان ملکوں کے لئے ایک ہوّا نہ رہا لیکن کمیونسٹ تحریک کو کوئی بڑا فائدہ نہ مل سکا۔

بس یہیں سے اس کش مکش کا آغاز ہوتا ہے جس کا کھلم کھلا اظہار بائیسویں کانگریس میں ہوا۔ سوویت یونین کے اندر خروشچوف کے مخالفوں نے آواز بلند کی خروشچوف کی "موقعہ پرست" پالیسی عالمی کمیونزم کی راہ میں کانٹے بچھا رہی ہے۔ پرانا وقت ہوتا تو خروشچوف ان سے وہی سلوک کرتے جو استالن اپنے مخالفوں سے کرتا تھا۔ لیکن وہ اپنی ہی زبان اور بدلے ہوئے حالات میں کم از کم ان کا جسمانی وجود برداشت کرنے پر مجبور تھے۔

اسی سے بحث شروع ہوئی۔ اس بحث کو دو اہم واقعات نے تقویت پہنچائی۔ ایک تو یہ کہ کمیونسٹ یورپ کے سب سے چھوٹے ملک البانیہ (آبادی ستر لاکھ) نے خروشچوف کی اعتدال پسندی کے خلاف علم بغاوت بلند کر دیا۔ دوسرا بڑا واقعہ یہ تھا کہ چین کی کمیونسٹ پارٹی نے خروشچوف سے شدید اختلافات کا کھلم کھلا اظہار کرنے لگی۔ اس عالمی موڈ سے روس کے اندر استالن پسند طاقتیں اور بھی مضبوط ہوئیں اور خروشچوف کو خطرہ پیدا ہوا کہ کہیں اس نظریاتی بحث میں وہ مولوٹوف اور ماؤزے تنگ کے اتحاد سے مات ہی نہ کھا جائیں۔

غالباً اسی خطرے کا مقابلہ کرنے کے لئے انھوں نے استالن کے بھوت کو دوبارہ زندہ کرنے کی کوشش کی۔ اسی سے ان کا خیال تھا کہ انھیں ان لوگوں کی حمایت حاصل ہو جائے گی جو استالن کی سخت گیری

کا انکار رہ چکے ہیں۔ یہ اندازہ غلط ثابت ہوا یا درست اس سے بحث نہیں لیکن اتنا ضرور ہوا ہے کہ اس سے پوری کمیونسٹ تحریک اپنی تاریخ کے سب سے زبردست تنازعے میں مبتلا ہو گئی۔

اس بحث کے اصل فریق اب صرف دو ہیں روس اور چین۔ درمیان میں البانیہ یا روس کے استالن پرست گروہ کا ذکر آ سکتا ہے لیکن ان کی حیثیت ضمنی فریقوں سے زیادہ نہیں۔

بنیادی طور پر چین کا مقدمہ کچھ اس طرح سے پیش کیا جا سکتا ہے۔

ا۔ خروشچوف نے استالن کی غلطیوں کو نشر کر کے کمیونسٹ طریقہ کار سے عوام کو بدظن کیا ہے اب لوگ پوچھیں گے کہ کیا گارنٹی ہے کہ آئندہ ایسا نہیں ہوگا۔ اس سے برسوں کے موافق پروپیگنڈے پر بھی پانی پھر گیا اور آئندہ کے لئے بھی کمیونسٹ دعووں سے اعتماد اٹھ گیا۔

ب۔ پرامن بقائے باہم ایک انحراف کن نعرہ ہے۔ سرمایہ داری بنیادی نوعیت ہی ایسی ہے کہ ایک نہ ایک دن آخری جنگ ہو کر ہی رہے گی جس میں سرمایہ داری کا خاتمہ ہو جائے گا۔ اس جنگ کے امکانات کو جذباتی امن پسندی سے ٹالنا کمیونزم کی فتح کے امکانات سے غداری کے مترادف ہے۔

ج۔ خروشچوف شخصی آزادی کے نام پر روس کے کمیونسٹ دشمن عناصر کو مضبوط کر کے ذاتی فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں تاکہ سچے کمیونسٹوں کے خلاف ان کے ہاتھ مضبوط ہو سکیں۔

د۔ کمیونزم کے نظریات کا سب سے اہم مفسر ڈولے تنگ ہے خروشچوف نہیں! اسی طرح عالمی کمیونسٹ تحریک میں روس کی غیر مشروط رہنمائی کا حق تسلیم نہیں کیا جا سکتا۔

ہ۔ روس کو یہ اختیار حاصل نہیں ہونا چاہیئے کہ وہ غیر کمیونسٹ ملکوں سے معاملات طے کرتے وقت تمام کمیونسٹ ملکوں کی کلی نمائندگی بھی کرے۔

و۔ نہرو، ناصر اور ٹیٹو ایسے غیر جانبدار اور بنیادی طور پر سامراج نواز اشخاص سے دوستی گانٹھ کر خروشچوف نے انحراف کن قوتوں کو تقویت بخشی اور مقامی کمیونسٹ تحریکوں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا۔ کمیونزم کی کامیابی کے لئے ضروری ہے کہ اسے قومی مفاد کے وقتی تقاضوں سے بالاتر رکھا جائے۔

اب تک خروشچوف نے ان تمام الزامات کا جواب صرف ایک ہی بات سے دیا ہے۔ وہ ہے سوویت

ین کی قابل رشک کامیابی بے مثل طاقت۔ غیر کمیونسٹ پیمانوں سے دیکھا جائے تو ان کی ڈپلومیسی بھی خاصی کامیاب رہی (حالیہ ایٹمی تجربات کے سوا) اور سوویت یونین کا رسوخ اور وقار بھی بلند ہوا۔

موجودہ بحث کو ایک عام پسرل آدمی وسعت اور ہمہ گیری کا اظہار بھی سمجھ سکتا ہے جس سے اطمینان ہونا چاہیئے اشتعال نہیں۔ ہو سکتا ہے اس سے کمیونسٹ تحریک میں جمہوری روایتوں کو بڑھاوا ملے اور خوف و شک کی سیاست کا اثر کم ہو سکے۔ لیکن کمیونسٹ تحریک کے موجودہ تقاضوں کو پورا کرنے کے لئے اس تاویل سے کام نہیں چلے گا۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ مارکسزم کے کلاسکی دلائل و براہین کو استعمال کرتے ہوئے عالمی کمیونسٹ تحریک کو اپنے نقطۂ نظر کی درستی کا قائل کروایا جا سکے۔ اب تک خروشچوف کو اس معاملے میں بھی دشواری نہ تھی۔ دنیا کی اکثر و بیشتر کمیونسٹ پارٹیاں ان کے ساتھ رہی ہیں البانیہ کے علاوہ یورپ کی پارٹیاں اب بھی ان کے ساتھ ہیں۔ لیکن اب پہلی بار یہ محسوس ہو رہا ہے کہ تین چار ملکوں کی کمیونسٹ لیڈرشپ ان کی صاف طور پر مخالفت کر رہی ہے۔ ایشیا اور افریقہ کی کمیونسٹ پارٹیوں کی اکثریت اس جھگڑے میں فی الحال غیر جانبدار رہنا چاہتی ہے۔ یہ لوگ آخر میں کس کا ساتھ دیں گے۔ اسی پر عالمی کمیونسٹ تحریک کے لیڈر کی حیثیت سے خروشچوف کے مستقبل کا دارومدار ہوگا۔ اگر یہاں پر فیصلہ ان کے حق میں نہ ہوا تو خود سوویت یونین میں بھی ان کی پوزیشن مخدوش ہو جائے گی۔

ماسٹر رام چندر

اور

اُردو نثر کے ارتقا میں اُن کا حصہ

مؤلفہ

ڈاکٹر سیدہ جعفر

قیمت: تین روپے پچاس نئے پیسے ۳/۵۰

ملنے کا پتہ

ابوالکلام آزاد اورنٹیل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ، ایوان اُردو حیدرآباد آندھرا پردیش

تنقید و تبصرہ

(تبصرے کے لئے ہر کتاب کے دو نسخے آنا ضروری ہیں)

نیرنگِ نظر

از روحی علی اصغر

سائز ۲۰×۳۰/۱۶ حجم ۱۵۹ صفحات۔ کتابت، طباعت اور کاغذ عمدہ۔ مجلد مع گرد پوش۔ تاریخ طباعت اگست ۱۹۶۱ء قیمت ڈھائی روپے۔ کتاب مصنف سے حسب ذیل پتے پر مل سکتی ہے۔

۲۱-اے۔ یو۔ بی، اڈگ مٹ۔ حیدرآباد (آندھرا پردیش)

روحی صاحب حیدرآباد کے نئے دور کے مقبول شعراء میں سے ہیں۔ ڈاکٹر سید محی الدین قادری زور نے جناب روحی صاحب کے بارے میں مقدمہ میں لکھا ہے کہ "یہ نظمیں اور غزلیں اور قطعے اور رباعیاں غرض ہر صنف سخن پر قادر ہیں۔۔۔۔ انھوں نے نظمیں بھی اعلیٰ پایہ کی لکھی ہیں اور غزلوں کو جدید معیار غزل تک پہنچانے کی سعی بلیغ بھی کی ہے۔" (صفحہ ۱۳)

اس مجموعے میں نظمیں، غزلیں اور چند قطعات اور رباعیاں شامل ہیں۔ بیشتر غزلیں چھوٹی، بحر میں ہیں۔ ان کے کلام میں بڑی روانی اور بے انتہا گداز ہے، ان کے خیالات میں پختگی اور بلندی ہے اور طرز ادا میں سادگی کے ساتھ ندرت ہے۔ چند شعر ملاحظہ ہوں:۔

پیش آؤ نہ مہربانی سے — دل دھڑکتا ہے شادمانی سے
حسن رنگیں نے لے لئے شاید — چند غاکے مری کہانی سے
کچھ محبت کا حق ادا نہ ہوا — مجھ کو شکوہ ہے زندگانی سے
دیکھتے ہیں حالِ دل روحی — میرے اندازِ بے زبانی سے

جو لیتے کام ہم عمرِ رواں سے — گئے ملتے حیات جاوداں سے

نکالا گلستاں سے باغباں نے — محبت ہو گئی جب گلستاں سے
یہاں کتنا گراں ہے مسکرانا — کلی کا کوئی دل لائے کہاں سے!

اب گراں ہے ہر ایک چیز مگر — صرف ارزاں حیات کا غم ہے
تیری رحمت کو کیوں کروں رسوا — میری فریاد میں اثر کم ہے

ہے شوقِ عبادت تو کر ذوقِ نظر پیدا — دل میں جو بسے کعبہ آنکھوں میں ہو بت خانہ
ہم دیر سے گزرے ہیں کعبہ کو بھی دیکھا ہے — یہ بھی ہے صنم خانہ وہ بھی ہے صنم خانہ

اسلامی نظم و نسق تالیف: بدرالدین ابن جماعہ۔ ترجمہ: ابو یوسف حکیم سید عبدالباقی شطاری

سائز: ۲۰×۳۰/۱۶ حجم ۲۰۹ صفحات۔ کتابت طباعت اچھی، مجلد، سنہ طباعت، دسمبر ۱۹۵۹ء
قیمت ساڑھے تین روپے۔ ناشر: اسلامک پبلشنگ ایجنسی ۲۔۱۰۲ اڈک میٹ حیدرآباد (دکن)

زیر تبصرہ کتاب مصر و شام کے قاضی القضاۃ ابن جماعہ کے رسالہ "تحریر الاحکام فی تدبیر اہل الاسلام" کا ترجمہ ہے۔ شروع میں جناب ابو النصر محمد خالدی صاحب (استاد تاریخ اسلام جامعہ عثمانیہ) کا ایک مبسوط مقدمہ ہے، جس میں موصوف نے مصنف کی شخصیت اور ان کے علمی کارناموں اور مذہبی خدمات کو تفصیل سے بیان کیا ہے۔ موصوف نے اس کتاب کے بارے میں لکھا ہے کہ "آج کل کی زبان میں تحریر الاحکام کی حیثیت قریب قریب ایسی ہی ہے جیسی کہ جدید مملکت کے مکتوبی دستور کی ہوتی ہے ..... ابن جماعہ کا مقصد ایک ایسی مملکت کے لئے جس کی حکومت نسبتاً جدید تھی ایسا دستور مہیا کرنا تھا جو جامع ہونے کے باوصف پیچیدہ و مبہم نہ ہو، انتظامی ضابطے بھی مختصر لیکن واضح ہوں، جو روزمرہ ضروریات میں کارآمد و قابل عمل ہو سکیں۔ ممالک کا حکمراں طبقہ اس رسالہ کا حقیقی مخاطب ہے" (صفحہ ۴۸-۴۹) اس میں شبہ نہیں کہ روزمرہ کے مسائل کے متعلق اس زمانہ کے خیالات اور تصورات کو سمجھنے کے لئے یہ کتاب بہت مفید ہے۔ لیکن اردو کتاب کے نام "اسلامی نظم و نسق" سے جو وسیع تصور ذہن میں آتا ہے وہ اس کتاب کا موضوع نہیں ہے۔

آجکل ٹیگور نمبر: اڈیٹر: بال مکند عرش ملسیانی۔ اسسٹنٹ اڈیٹر: مظفر شاہ
اس نمبر کی قیمت: ایک روپیہ۔ پتہ: پبلیکیشنز ڈویژن۔ پوسٹ بکس ۱۰۱ دہلی ۶

رابندرناتھ ٹیگور کی صد سالہ سال گرہ کے موقع پر مئی میں یہ ٹیگور نمبر شائع کیا گیا تھا۔ اس میں شاعر اعظم کے حالات زندگی، ان کی شاعری، ان کے مختصر افسانے، ان کی مصوری اور ان کے نظریۂ تعلیم پر قابل قدر مضامین شامل ہیں۔ نیز ٹیگور کے کلام کے کچھ ترجمے اور ان کی مختلف زبانوں اور مختلف مواقع کی تصویریں اور خود ان کی بنائی ہوئی کچھ تصویروں کے نمونے بھی شائع کئے گئے ہیں۔ غرض شاعر اعظم کی ہمہ گیر شخصیت کے مطالعہ کے لئے یہ نمبر بہت مفید ہے۔

قند ڈراما نمبر مرتبہ: تاج سعید

سائز ۲۰×۳۰/۸، حجم ۹۰۴۔ کتابت، طباعت اور کاغذ معمولی۔ آرٹ پیپر پر متعدد تصاویر۔ اس نمبر کی قیمت پاکستان میں چھ روپے۔ ہندوستان میں ساڑھے چھ روپے۔

پتہ: پریمیئر شوگر ملز اینڈ ڈسٹلری کمپنی لمیٹڈ۔ مردان (پاکستان)

پاکستان کے اردو رسالوں نے خاص نمبروں کا مواد اور حجم دونوں لحاظ سے معیار بہت اونچا کر دیا ہے۔ زیر تبصرہ نمبر بھی ان دونوں خصوصیات کا حامل ہے۔ اس میں نہ صرف یہ کہ مختصر اور طویل ڈرامے شائع کئے گئے ہیں بلکہ اردو اسٹیج کی ابتدا اور نشو و نما، ڈرامے کا فن اور ڈرامہ نگاروں پر بھی مضامین شامل ہیں۔ اس میں ایک باب پاکستان کے موجودہ تھیٹر کے بارے میں بھی ہے۔ ایک دو مضمون اگر ہندوستان کے موجودہ تھیٹر کے متعلق ہوتے تو اچھا تھا۔ بہرحال یہ ڈراما نمبر مفید اور قابل مطالعہ ہے۔

صبح نو جگر نمبر۔ مجلس ادارت: شکیلہ اختر، عزیزہ امام، کلام حیدری۔ مدیر: وفا ملک پوری

اس نمبر کی قیمت، سوا روپے۔ پتہ: ماہنامہ صبح نو۔ پوسٹ بکس نمبر ۴۲۔ پٹنہ ۴

یہ خاص نمبر بنگال اور بہار کی طرف سے، جگر مرحوم کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے شائع کیا گیا ہے۔ جگر کی شخصیت اور ان کی شاعری پر متعدد مضامین شریک اشاعت ہیں۔ مرحوم کے ماتم میں بہت سی نظمیں بھی شائع کی گئی ہیں۔ ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب کی بہ حسن اتفاق سے اس وقت بہار کے گورنر ہیں، ایک تعزیتی تقریر بھی شامل ہے جو مختصر ہونے کے باوجود جگر کی شاعری پر بہترین اور جامع تبصرہ ہے۔

ادیب نصاب نمبر مدیر : ابن فرید - مدیر معاون : کبیر احمد جائسی۔

حجم ۲۶۳ صفحات۔ اس نمبر کی قیمت تین روپے پتہ :- جامعہ اردو علی گڑھ

جامعہ اردو، علی گڑھ نے اردو کے چند امتحانات کا انتظام کر کے اردو کی بہت بڑی خدمت کی ہے۔ اس ادارے کے ماہنامہ ترجمان ادیب کا نصاب نمبر انہیں امتحانات کی تیاری کے لئے شائع کیا گیا ہے۔ اس کے مضامین نصاب تعلیم اور پرچۂ امتحان کی مناسبت سے گھرائے گئے ہیں۔ ان امتحانات کا نصاب تعلیم میرے پیش نظر نہیں ہے اس لئے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ آیا نصاب کے معیار اور ضرورت کو شامل پورا کرتا ہے یا نہیں۔ البتہ میرا خیال ہے کہ اگر اور کوشش کی جاتی تو اس سے زیادہ بہتر اور مفید ہو سکتا تھا۔ میرا یہ بھی خیال ہے کہ طالب علموں کے لئے جب کوئی چیز لکھی جائے، تو اخلاقی باتوں کو اہم مسئلہ کی حیثیت سے پیش کرنے سے حتی الوسع احتراز کرنا چاہیئے اور اگر ایسا ضروری ہو جائے تو دلائل کے ساتھ، نہ کہ چلتی ہوئی بات کہہ دی جائے۔ امتحان کی کاپیوں کے اقتباسات میں بھی احتیاط کی ضرورت تھی۔ ان معمولی نقائص پر قطع نظر یہ نمبر اردو کے طالب علموں کے لئے خاصا مفید اور کارآمد ہے۔

ترتیل القرآن مولفہ : خدیجہ بنت سیدنا طاہر سیف الدین طیب

یہ مختصر کتاب گجراتی میں ہے اور اس میں قرآن کو صحت کے ساتھ پڑھنے کے طریقے بتلائے گئے ہیں۔ نو عمر طالب علموں کے لئے نہایت مفید ہے۔ بڑا اچھا ہو اگر دوسری زبانوں میں بھی خاص طور پر اردو میں اس کو شائع کیا جائے۔ قیمت درج نہیں ہے۔ ملنے کا پتہ : الادارۃ الثقافیہ العلیہ معرفت دار البرکۃ۔ فیضی بلڈنگ۔ فرسٹ فلور۔ نظام اسٹریٹ، کلی ۲ بمبئی ۳۔

امراض شکم مولفہ : ڈاکٹر چمن لال پرنگ۔

سائز : ۲۰×۳۰/۱۶، حجم ۲۳۲ صفحات۔ قیمت پانچ روپے۔

کہا جاتا ہے کہ بیشتر بیماریاں معدے کی خرابی سے پیدا ہوتی ہیں۔ اس کتاب میں پیٹ کی جملہ بیماریوں کے اسباب، ان کی تشخیص اور ان کا علاج درج ہے۔ آخر میں بہت سے ڈاکٹروں اور حکیموں کی رائیں دی گئی ہیں جن میں اس کتاب کو مفید اور مستند بتلایا گیا ہے۔ کتاب مولف سے "میڈیکل آفس لٹریری" ایسٹ پارک روڈ۔ نئی دہلی ۵ کے پتے پر مل سکتی ہے۔

کوائف جامعہ

وائس چانسلروں کی کانفرنس میں جامعہ کی شرکت

جامعہ کے ہمدردوں کے لئے یہ اطلاع مسرت کا باعث ہوگی کہ ۲۸ اور ۲۹ اکتوبر کی وائس چانسلر کانفرنس میں شرکت کے لئے شیخ الجامعہ صاحب کو بھی مدعو کیا گیا تھا اور کانفرنس کے افتتاح کے وقت یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کے چیرمین نے شرکت کرنے والوں کو اطلاع دی کہ یو جی سی نے امسال تین اداروں کو یونیورسٹی کا درجہ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ان تین اداروں میں جامعہ طیبہ اسلامیہ بھی شامل ہے۔

جلسۂ یوم تاسیس

۲۹ اکتوبر کو حسب معمول یوم تاسیس کا جلسہ منعقد ہوا۔ اس مرتبہ جلسے کا انتظام کالج کی یونین انجمن اتحاد نے کیا تھا۔ سب سے پہلے قائم مقام شیخ الجامعہ ڈاکٹر سید عابد حسین صاحب نے پرچم کشائی کی رسم ادا کی اس کے بعد جلسے کی کاروائی شروع ہوئی، جس میں جامعہ کے تمام تعلیمی اداروں، انجمن اساتذہ اور انجمن طلبائے قدیم کے نمائندوں نے جامعہ کے کسی نہ کسی پہلو پر مضمون پڑھ کر سنایا۔

ڈاکٹر سید عابد حسین صاحب کو وائس چانسلروں کی کانفرنس میں شرکت کے لئے جانا تھا اس لئے انھوں نے اپنی صدارتی تقریر تلاوت قرآن اور نرسری اسکول کے بچوں کے کورس کے فوراً بعد کی اور اس کے بعد اس تقریب کے خصوصی مہمان اور جامعہ کے قدیم طالب علم جناب سی کے نائر صاحب کی صدارت میں جلسے کی بقیہ کاروائی انجام پائی۔ ڈاکٹر صاحب نے فرمایا کہ "ابھی پرچم کشائی کے وقت جھنڈے میں گتھی پڑ گئی تھی، اس طرح ملک کی زندگی میں بھی بہت سی گتھیاں پڑ گئی ہیں۔ بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ یہ گتھیاں سلجھنا مشکل ہیں، لیکن جیسے آج جھنڈے کی گتھی کو چھوڑ دیا جاتا تو یہ اسی طرح پڑی رہ جاتی، لیکن کوشش اور تدبیر کرنے سے وہ سلجھ گئی اس طرح ملک کی گتھیاں بھی سلجھائی جا سکتی ہیں اور ملک کا جھنڈا آج کی طرح شان سے لہرائے گا۔" آپ نے فرمایا: دوسری جگہوں پر ایسے موقع پر بانی کی یاد تازہ کی جاتی ہے۔ جامعہ کے بانی خوش قسمتی سے ایک کے بجائے کئی ایک تھے۔ مثلاً مولانا محمد علی، حکیم اجمل خاں، ڈاکٹر انصاری، مہاتما گاندھی، مولانا ابوالکلام آزاد، شیخ الہند

مولانا محمد احسن نے اس کا افتتاح کیا تھا، اس لئے ان کو بھی بانیوں میں شمار کیا جاتا ہے۔ ان بانیوں کی فہرست میں ان باہمت لوگوں کو بھی شامل کر لینا چاہیئے، جنھوں نے جامعہ کو بند کرنے کے فیصلے کے بعد، اس کو چلانے کا فیصلہ کیا اور اس کی ذمہ داری لی۔ ان میں سے کچھ لوگ اب ہم میں موجود نہیں ہیں مثلاً شفیق صاحب مرحوم اور سعد انصاری صاحب مرحوم۔ اس موقع پر ان لوگوں کی یاد کو بھی تازہ کرنا چاہیئے۔ یوم تاسیس پر ادارے کے مقاصد کو بھی یاد کرنا چاہیئے اور مستقبل کے بارے میں بھی سوچنا چاہیئے۔"

ڈاکٹر عابد صاحب نے جامعہ کے مقاصد کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ "جامعہ کے مقاصد کو سمجھنے اور ان کی وضاحت کے لئے اقبال کی دو اصطلاحوں عقل و عشق سے بہت مدد مل سکتی ہے۔ عقل سے مراد ہے علم کی تحقیق و تفتیش اور عشق سے مراد ہے خدا کی محبت و اطاعت اور خلق خدا کی محبت اور خدمت۔ میرا خیال ہے کہ جامعہ کا مقصد تھا کہ ان دونوں کو سمجھا جائے اور ان کو زندگی میں اختیار کیا جائے۔ جامعہ کا قیام اور یہ دونوں مقاصد مسلمانوں کی دو تحریکوں کے اتحاد کا نتیجہ تھے۔ اس وقت مسلمانوں کی حالت بہت نازک تھی، جو لوگ تاریخ کو گہری نظر سے دیکھتے ہیں، ان کے نزدیک اس سے بھی زیادہ نازک اور خطرناک تھی، جتنی بظاہر معلوم ہوتی تھی۔ سر سید مرحوم نے علی گڑھ کالج کھولا۔ اس کا مقصد تھا کہ مسلمانوں کو جدید علوم کی تعلیم دی جائے اور ان کی مادی فلاح و بہبود کے وسائل سوچے جائیں۔ اس کو اقبال عقل کہتے ہیں۔ دوسری طرف مسلمانوں میں دینی تعلیم اور دینی احیاء کی تحریک شروع ہوئی، وہ دیوبند کی تھی۔ وہاں یہ تھا کہ خدا کی محبت اور اطاعت اور خلق خدا کی محبت و اطاعت۔ اس کو اقبال کی اصطلاح میں عشق کہتے ہیں۔ یہ دونوں ادارے اپنے اپنے طور پر مسلمانوں میں زندگی پیدا کر رہے تھے۔ پھر بہت اہم دور آیا۔

بے خطر کود پڑا آتش نمرود میں عشق
عقل ہے محو تماشائے لب بام ابھی

علی گڑھ نے تحریک آزادی میں وضع احتیاط کو بنایا اس کا رویہ ارباب عقل کا رویہ تھا یعنی "محو تماشائے لب بام"۔ دوسری طرف عشق تھا جو بے خطر کود پڑا۔ عقل و عشق کی یہ دو لہریں اس وقت علی گڑھ میں تھیں۔ ان ہی کے تصادم سے جامعہ وجود میں آئی۔ جامعہ میں دو طرح کے لوگ آئے۔ ایک مرد مجاہد مہاتما گاندھی جی، دوسرے مولانا محمد علی جو عقل کا سرمایہ لے کر آئے تھے اور ساتھ ہی ساتھ عشق کا جذبہ بھی۔ گویا جامعہ کا مقصد تھا خدا کی محبت

اور اطاعت اور خلق خدا کی خدمت۔ یہاں یہ عرض کر دوں کہ خلق خدا کسی مذہب و ملت تک محدود نہیں ہے۔

آخر میں شیخ الجامعہ صاحب نے یہ خوش خبری سنائی کہ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن نے جامعہ کو یونیورسٹی کا درجہ دینے کی حکومت ہند سے سفارش کی ہے۔ آپ نے فرمایا کہ جامعہ پر اب بہت بڑی ذمہ داری آنے والی ہے۔ خدا ہمیں توفیق دے کہ ہم اپنے کو اس کا اہل ثابت کریں۔ آپ نے اپنی تقریر کو انیس کی مشہور رباعی پر ختم کیا۔

کیا فائدہ فکر بیش و کم سے ہوگا ہم کیا ہیں جو کوئی کام ہم سے ہوگا
جو کچھ ہوا، ہوا کرم سے تیرے جو کچھ ہوگا، تیرے کرم سے ہوگا

پروگرام کے مطابق مضامین پڑھے جا چکے تو محترمہ بیگم صالحہ عابد حسین صاحبہ نے ایک مختصر سی تقریر کی اور فرمایا کہ جامعہ کے اساتذہ نے جو قربانیاں کی ہیں، اتنی بلکہ بعض لحاظ سے ان سے بھی زیادہ ان کی بیویوں نے کی ہیں کیونکہ اُس زمانے میں تنخواہ تو برائے نام تھی ہی۔ وہ بھی وقت پر نہیں ملتی اور جو کچھ ملتی قسطوں میں۔ یہ بیچاری عورتیں ہی جانتی ہیں کہ انھوں نے کس طرح گھر کا کام کاج چلایا۔ اس لئے آج ان عورتوں کو بھی ہمیں یاد کرنا چاہیئے، خاص طور پر جرمن آپا کو، جنھوں نے غیر ملکی ہوتے ہوئے بھی جامعہ کے لئے اپنی زندگی وقف کر دی اور مرحومہ صدیقہ قدوائی کو، جنھوں نے خدمت، رواداری اور شرافت کی نہایت شاندار اور قابلِ فخر مثال پیش کی ہے۔

آخر میں سی کے نائر صاحب نے قومی یکجہتی کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ ضرورت ہے کہ جامعہ ملک کی یونیورسٹیوں کی رہنمائی کا فرض انجام دے۔ جامعہ کی جتنی ضرورت سنہ ۲۰ء میں تھی اس سے کہیں زیادہ ضرورت آج ہے۔ جلسہ قومی گانے پر ختم ہوا۔

استادوں کے مدرسے کے طلبہ کے جلسے

۱۔ اسٹوڈنٹس یونین کے عہدے داروں کے انتخابات ستمبر ۶۱ء کے پہلے ہفتے میں منعقد ہوئے۔ ۲۰ ستمبر کو مدرسے کے ہال میں یونین کا افتتاحی جلسہ ہوا۔ صدارت جناب ڈاکٹر عابد حسین صاحب قائم مقام شیخ الجامعہ نے فرمائی۔ موصوف نے اس مسئلے پر روشنی ڈالی، کہ تعلیم میں طلبہ کی انجمنوں کا کیا رول ہے اور استادوں کے مدرسے کے طلبہ کو جامعہ کی تعلیمی سرگرمیوں اور غیر تعلیمی مشغلوں سے کیوں کر فائدہ اٹھانا

چاہیئے۔ موصوف نے اس بات کا بھی یقین دلایا کہ حکومت دہلی حسب سابق استادوں کے مدرسے کے فارغ التحصیل طلبہ کی ہمت افزائی کرتی رہے گی۔

۲۔ استادوں کے مدرسے کے گاندھی ہاؤس کی طرف سے امسال بھی گاندھی جینتی منانے کا اہتمام کیا گیا۔ ۲۹ ستمبر کی شام کو ۴½ بجے اکھنڈ کتائی کا پروگرام شروع ہوا۔ اور ۲ ستمبر کی شام کو ۴½ بجے ختم ہوا۔ اس موقع پر ہال میں گاندھی جی کی زندگی سے متعلق کتابوں اور تصویروں کی ایک نمائش کی گئی اور ایک جلسہ بھی کیا گیا جس میں گاندھی جی کی چند پسندیدہ نظمیں پیش کی گئیں۔ اس موقع پر جناب پیارے لال صاحب، جو گاندھی جی کے عرصہ تک سکریٹری رہ چکے ہیں، ہماری دعوت پر تشریف لائے تھے۔ موصوف نے ایک بہت بصیرت افروز تقریر فرمائی، جس میں ان اخلاقی روایات کا خاص طور پر ذکر کیا جو گاندھی کے خاندان میں نسلاً بعد نسلٍ قائم رہی ہیں اور جن کا گاندھی جی کی شخصیت کی تعمیر میں بڑا ہاتھ ہے۔

۳۔ استادوں کے مدرسے میں طلبہ کی ایک تنظیم ہے یونیسکو کلب، اس میں طلبہ مختلف ممالک کی تہذیب و تمدن کا مطالعہ کرتے ہیں اور اس طرح دوسری تہذیبوں کی قدر کرنا سیکھتے ہیں۔ اس کلب کا افتتاح مسز میوریل وسی صاحبہ، ڈپٹی ایجوکیشنل ایڈوائزر، حکومت ہند نے فرمایا۔ موصوفہ نے اپنی تقریر میں اس بات پر زور دیا کہ استادوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ دوسرے ممالک کی تہذیب و تمدن کو خود سمجھیں اور اپنے طلبہ کو سمجھائیں اور اس طرح ایک متحدہ دنیا کے تصور کو مضبوط کریں۔

۴۔ استادوں کے مدرسے کے یونیسکو کلب کے زیر اہتمام ۲۴ اکتوبر کو یو۔ این۔ ڈے منایا گیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر کلودس متصور نے ایک بہت پُر مغز تقریر فرمائی۔ موصوف ان دنوں ہندوستان میں عرب لیگ کے خاص نمائندے کی حیثیت سے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ انھوں نے اپنی تقریر میں خاص طور پر زور دیا کہ ایشیا اور افریقہ کے وہ ممالک جو ابھی حال میں آزاد ہوئے ہیں، ان کا یو۔ این۔ او میں ایک اہم رول ہے۔ یہ ممالک دنیا کی دونوں بڑی طاقتوں سے رشتہ جوڑے بغیر امن اور خوش حالی قائم کرنے میں موثر ثابت ہو سکتے ہیں۔

تعلیمی میلا

تعلیمی میلہ جامعہ کی اہم سالانہ تقریبوں میں سے ہے۔ اس موقع پر جامعہ کے تعلیمی کاموں کی نمائش

کی جاتی ہے اور تین دن کے میلے میں مختلف قسم کے ایسے تعلیمی، سماجی، ثقافتی اور ادبی پروگرام پیش کئے جاتے ہیں، جن میں جامعہ کا امتیازی رنگ نمایاں ہوتا ہے۔ دلی کے تعلیمی اور سماجی کام کرنے والوں اور اصحاب نظر کے لئے دعوت عام ہوتی ہے کہ وہ آئیں اور ان کاموں کو دیکھیں۔ جامعہ کے تعلیمی کاموں اور اس کے مخصوص طریق کار کو سمجھیں اور ضرورت سمجھیں تو اپنے مشوروں اور تنقیدوں سے استفادہ کا موقع دیں۔

امسال یہ میلا ۳، ۴ اور ۵ نومبر کو منایا گیا۔ پہلے دن موجودہ شیخ الجامعہ ڈاکٹر سید عابد حسین صاحب نے جامعہ کا جھنڈا لہرایا اور جامعہ کا ترانہ گایا گیا۔ اس کے بعد دلی کے چیف کمشنر جناب بھگوان سہائے صاحب نے میلے کا افتتاح فرمایا۔ ڈاکٹر عابد صاحب نے افتتاح کی درخواست کرتے وقت فرمایا کہ آپ دہلی ایڈمنسٹریشن کے سب سے بڑے حاکم ہیں۔ اور اس کے سب سے بڑے خادم بننا چاہتے ہیں۔ آپ کو آج مدعو کرنے کا بڑا مقصد یہ ہے کہ آپ جامعہ ملیہ کی تعلیمی اور سماجی خدمات سے واقف ہوں۔ آگے چل کر ڈاکٹر صاحب نے فرمایا کہ آزادی سے قبل لوگ انڈین سول سروس سے بہت بدگمان تھے۔ ہمارے ایک بزرگ نے اپنی کتاب میں لکھا تھا کہ انڈین سول سروس نہ تو انڈین ہے، نہ سول اور نہ سروس۔ اکبر الہ آبادی نے بھی اپنے مخصوص انداز میں فرمایا ہے کہ

عزیزان وطن سوچیں سول سروس سے کیا حاصل
عزیزوں میں رہیں بیگانہ ہو کر اس سے کیا حاصل

مگر اب حکومت کے کارپردازوں اور عوام کے درمیان اس قسم کی دیوار حائل نہیں رہی ہے اور تعلیمی اور سماجی کام کرنے والوں کو یہ یقین ہونا چاہیئے کہ حکومت ان کے کاموں کی قدر کرے گی ان کی مناسب مدد کرے گی۔" چیف کمشنر جناب بھگوان سہائے صاحب نے میلے اور نمائش کا افتتاح کرتے ہوئے جامعہ سے اپنی دیرینہ عقیدت کا اظہار کیا، جامعہ کو قومی درسگاہ کا ایک عمدہ نمونہ قرار دیا اور اس بات پر اظہار مسرت کیا کہ جامعہ میں قومی یکجہتی اور پریم کے آدرش کو اپنانے کے لئے سازگار ماحول اور مناسب فضا پیدا کی گئی ہے۔ آخر میں میلے کے داعی جناب ابوالکلام صاحب نے چیف کمشنر صاحب اور دوسرے معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔

ویسے تو میلے کے سبھی پروگرام اہم اور قابلِ ذکر ہیں، مگر ان میں سے خاص طور پر دو پروگرام کا میں یہاں ذکر کرنا چاہتا ہوں۔ ایک استادوں کے مدرسے کے اہتمام میں "قومی یکجہتی اور تعلیم" کے نام سے پیش کیا گیا تھا، دوسرا مکتبہ جامعہ کی طرف سے "فن اور فنکار" کے نام سے پچھلے ایک سال کے اردو ادب کا جائزہ لیا گیا تھا۔ سیمینار کی صدارت دلی کالج کے پرنسپل جناب مرزا محمود بیگ صاحب نے فرمائی اور اس میں دلی کے بہت سے اساتذہ نے حصہ لیا۔ قومی یکجہتی کا تعلیم سے کتنا گہرا تعلق ہے اور تعلیمی ادارے اس کام کو کس خوبی اور کس کامیابی کے ساتھ انجام دے سکتے ہیں۔ اس پر اس سیمینار میں تفصیل سے بحث و گفتگو کی گئی اور اس مسئلے کے مختلف نکتہ ہائے نظر سامنے آئے۔

"فن اور فنکار" کی صدارت ڈاکٹر سید عابد حسین صاحب نے فرمائی۔ حاضرین جلسہ میں دلی کے بہت سے ادیبوں اور ناشروں کے علاوہ حکومت کشمیر کے تعلیمی مشیر جناب خواجہ غلام السیدین صاحب اور پاکستان کے محبوب و مقبول شاعر حضرت حبیب جالب تھے۔ جناب راجندر ناتھ شیدا صاحب نے گذشتہ ایک سال میں اردو نثر کی اور جناب رشید حسن خاں صاحب نے اردو شاعری کی رفتار ترقی پر مبسوط مقالے پڑھے، شاعری کے جائزے میں جن شعراء کے مجموعوں پر تبصرہ کیا گیا تھا ان کا منتخب کلام بھی ترنم کے ساتھ سنایا گیا اس کے بعد حضرت عرش ملسیانی اور حضرت حبیب جالب نے اپنا کلام سنایا۔

آخر میں صدر جلسہ ڈاکٹر سید عابد حسین صاحب نے فرمایا کہ "دو ممتاز نقادوں نے اردو نثر و شاعری کا جو جائزہ پیش کیا ہے، آپ نے سنا، راجندر ناتھ شیدا کا میں مدت سے قائل ہوں۔ ان کو ہر شخص جانتا ہے۔ رشید حسن خاں کے تحقیقی مضامین میں نے پڑھے اور مجھے پسند آئے۔ ان کا تنقیدی مضمون میں نے پہلی مرتبہ سنا ہے۔ خوشی ہوئی کہ تنقید کے میدان میں ایک نئے نقاد آرہے ہیں، جن کی رائے میں توازن ہے نظر میں گہرائی ہے اور انداز دلچسپ ہے۔

ایک زمانے میں اردو کے رسالوں اور انجمنوں میں بڑے زور شور سے یہ بحث جاری تھی کہ اردو ادب پر جمود طاری ہے۔ اس وقت کی تمام بحثوں کو پڑھنے کے بعد بھی میں کسی خاص نتیجہ پر نہیں پہنچا تھا لیکن آج کے یہ دونوں جائزے سننے کے بعد واقعی مجھے تسلیم کرنا پڑا کہ اردو ادب پر جمود طاری ہے۔ یہ افسوسناک بات ہے کہ پچھلے ایک سال میں جو چیزیں شائع ہوئی ہیں، ان میں تنقیدی اور تحقیقی چیزیں

ہیں مگر تخلیقی ادب کی کوئی قابلِ ذکر کتاب نہیں ہے۔ تنقید ادب کو پرکھتی ہے اور تحقیق اس کے باریک گوشوں پر روشنی ڈالتی ہے لیکن اگر تخلیقی ادب کا وجود ہی نہ رہے تو تنقید کس چیز کو پرکھے گی۔

دوسری افسوسناک بات یہ ہے کہ نظم کی طرف توجہ کم ہو گئی ہے۔ غزل کا جہاں تک تعلق ہے اس نے بہت پہلے کافی ترقی کر لی تھی، اس کے موضوع میں وسعت پیدا ہوئی ہے اور محدود دائرے میں محصور نہیں رہی، لیکن فن کے لحاظ سے زیادہ سے زیادہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ پرانے معیار کو قائم رکھا گیا۔ نظم نے البتہ چونکہ ہمارے زمانے میں ترقی کی تھی۔ اس لئے اس کی طرف توجہ کا کم ہونا یقیناً جمود کی علامت ہے۔ سوال یہ ہے کہ اس کے اسباب کیا ہیں؟ ادب کی ترقی رکنے کی ایک وجہ یہ ہے کہ سنہ ۳۶ء سے پہلے اس پر زور دیا گیا کہ ادب کو زندگی سے گہرا تعلق رکھنا چاہیئے۔ مگر اس پر زیادہ زور دینے کا نتیجہ یہ نکلا کہ ادب میں بے جا تکلف اور تصنع پیدا ہو گیا۔ گویا آمد، اپج اور جو دلی جذبات کے جوش کا نتیجہ ہوتی ہے دب گئی اور یہ فکر ہو گئی کہ سماجی مسائل کی آئینہ داری ہو۔ دراصل اپنی اپنی جگہ دونوں چیزیں اہمیت رکھتی ہیں، وہ بھی جسے مقصدی ادب کہتے ہیں اور وہ بھی جس کا پہلے سے کوئی مقصد متعین نہ ہو۔ اصل میں بے مقصد تو کوئی چیز ہوتی ہی نہیں، البتہ ایسا ضرور ہوتا ہے کہ کہنے یا لکھنے سے پہلے کوئی خاص مقصد سامنے نہیں ہوتا۔ دریا کی روانی میں کوئی مقصد نہیں ہوتا، مگر اس کی کیفیت کا اندازہ ایک ادیب ہی کر سکتا ہے۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ آج کل مغرب کی تقلید کی طرف توجہ بہت زیادہ ہو گئی ہے۔ تقلید کو لوگ آسان سمجھتے ہیں، لیکن یہ بہت مشکل کام ہے۔ تقلید بڑی آسانی سے نقالی بن سکتی ہے۔ اس زمانے میں ہم نے ادبی نقالی بہت کی ہے جسے میں ترکیبی ادب کہتا ہوں۔ یہ بھی ایک جمود کی علامت ہے۔

تیسری وجہ یہ ہے کہ اس زمانے میں اردو ادب بڑی بے توجہی کا شکار ہو گیا ہے۔ اردو زبان بڑے نازک دور سے گزری ہے۔ اردو کے لکھنے والے پہلے بھی زمانہ کی ناقدری کے شکار تھے۔ ادیب عمریں کھپا دیتے، مگر مالی فائدہ بہت کم ہوتا، لیکن آج کل کی مشکلات پہلے سے مختلف اور کہیں زیادہ صبر آزما ہیں۔ اردو کی اچھی اور سنجیدہ کتابوں کی اشاعت بہت کم ہو گئی ہے۔ اچھے شاعر

اور ادیب فلم کی طرف چلے گئے ہیں۔ اس سے فلم کو تو فائدہ ہوا، مگر ادب کو نقصان پہنچا۔

شاعر یا ادیب بے شک مالی مشکلوں سے متاثر ہوتا ہے، مگر اس کی ہمت کو پست کرنے کے لئے یہ ایک چیز کافی نہیں ہے۔ البتہ جب وہ دیکھتا ہے کہ دنیا پر جنگ کے بادل منڈلا رہے ہیں، ملک میں تفریق و انتشار کی قوتیں زور پکڑ رہی ہیں، تو چوں کہ وہ بہت حساس ہوتا ہے، اس لئے اس پر مایوسی طاری ہو جاتی ہے۔ کچھ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے شاعروں اور ادیبوں پر بھی مایوسی چھا گئی ہے۔ سوال یہ ہے کہ آئندہ کیا ہوگا؟ میرے خیال میں مایوسی اور بے دلی کی یہ کیفیت عارضی اور سطحی ہے۔ اس کی تہ میں امید اور عقیدے کا مستقل جذبہ چھپا ہوا ہے جو ابھر کر رہے گا۔ میر اور غالب کی زندگیاں بھی مشکلات میں گزریں۔ ان کے زمانے کے حالات بھی امید افزا نہیں، دلشکن تھے، لیکن ان کا رویہ کیا رہا۔ میر نے کہا ہے۔

مرے سلیقہ سے میری نبھی محبت میں
تمام عمر میں ناکامیوں سے کام لیا

غالب نے کہا ہے۔

سوزشِ باطن کے ہیں احباب منکر ورنہ یاں
دل محیطِ گریہ و لب آشنائے خندہ ہے

طوفانِ یاس کی پہلی لہر کے گزر جانے کے بعد ہمارے شاعر اور ادیب بھی ناکامیوں سے کام لیں گے، گریۂ باطن کے ساتھ مسکراتے رہیں گے۔ یہاں تک کہ بہتر زمانہ آجائے۔

جامعہ

سالانہ چندہ
پچھے روپے

قیمت فی پرچہ
پچاس نئے پیسے

جلد ۴۶ | بابت ماہ جنوری ۱۹۶۲ء | شمارہ ۳

فہرست مضامین

بنیادی قومی تعلیم کا سماجی کردار	ڈاکٹر سلامت اللہ	۱۱۵
"آتشِ گل" کے اشعار آئینۂ ایام میں	جناب عبداللہ ولی بخش قادری	۱۲۵
بابرنامہ	پروفیسر محمد مجیب	۱۴۴
بازگشت (نظم)	محترمہ ساجدہ زیدی	۱۴۸
حالات حاضرہ	ض ع ف	۱۵۰
تعلیمی مسائل		
قومی یکجہتی اور تعلیم	"معلم"	۱۵۹
تنقید و تبصرہ	ع ل ا	۱۶۰
کوائف جامعہ	ادارہ	۱۶۲
سالنامہ کے مضامین کی تفصیل	مرتب	۱۶۸

سالنامہ

رسالہ "جامعہ" کا اگلا شمارہ سالنامہ ہوگا، جس میں ۱۹۶۱ء کے اردو ادب کا بسط و تفصیل سے جائزہ لیا جائے گا۔ اس کا حجم تقریباً ۱۴۰ صفحات ہوگا، اور قیمت ڈیڑھ روپے ہوگی۔

سالنامہ ڈاک خانہ سے رسید لے کر بھیجا جائے گا، لیکن پھر بھی راستہ میں کھو جانے کا امکان ہے، اس لئے جو حضرات چاہتے ہوں کہ سالنامہ انھیں یقینی طور پر مل جائے، وہ فیس رجسٹری کے پچاس نئے پیسے بھیج دیں، ورنہ رسالہ کے نہ ملنے کا دفتر ذمہ دار نہیں ہوگا اور دوبارہ طلب کرنے پر تعمیل کرنے سے قاصر ہوگا۔

جن خریداروں نے دوسرے سال کا چندہ ابھی نہیں بھیجا ہے، ان سے درخواست ہے کہ مع فیس رجسٹری جلد بھیج دیں۔

سالنامہ کے مضامین کی تفصیل اس شمارے کے آخری صفحہ ۱۶۸ پر ملاحظہ ہو

بنیادی قومی تعلیم کا سماجی کردار

ڈاکٹر سلامت اللہ

قومی زندگی کے ہر پہلو سے متعلق آج ہمارے دیس ہندوستان میں بحث و مباحثہ کا بازار گرم ہے یہاں تک کہ ہم اپنی منزل کے بارے میں متفق نہیں ہیں کہ ہمیں کہاں پہنچنا ہے۔ اس معاملے میں کہ ہماری سماجی زندگی کا کیا نقشہ ہونا چاہیئے، مختلف جماعتوں کے خیالات ایک دوسرے سے آپس میں ٹکراتے ہیں۔ مثال کے طور پر ایک طرف ملک کی موجودہ حکومت اور لوگوں کی ایک خاصی بڑی تعداد سمجھتی ہے کہ ہماری مادی اور روحانی دونوں قسم کی ترقی کے لئے سوشلسٹ سماج قائم کرنا نہایت ضروری ہے۔ ایک ایسا سماج جس میں سب ایک دوسرے کے ساتھ مل جل کر کام کریں اور اپنی قابلیت اور طاقت کے مطابق ملک کی خوش حالی کو بڑھانے کی کوشش کریں اور اس کی برکتوں سے سب ہی فیضیاب ہوں۔ کسی کو دوسرے کی محنت سے ناجائز فائدہ اٹھانے کا حق نہ ہو۔ اس کے خلاف دوسری طرف ہم دیکھتے ہیں کہ ملک کی ایک چھوٹی مگر بااثر جماعت سماج کے موجودہ ڈھانچے کو برقرار رکھنا چاہتی ہے۔ جس کی بنیاد اشتراک عمل کی بجائے باہمی مقابلے پر قائم ہے اور جس میں اکثریت اپنی محنت کے پھل سے بڑی حد تک محروم رہتی ہے اور اس کا فائدہ وہ چھوٹا سا طبقہ اٹھاتا ہے جس کے قبضے میں دولت پیدا کرنے کے ذریعے ہیں۔

جب قومی زندگی کے مقصد جیسے بنیادی مسئلے میں اس قدر اختلاف رائے ہے، تو یہ کوئی تعجب کی بات نہیں کہ تعلیم کے معاملے میں جو محض ایک وسیلے کی حیثیت رکھتی ہے، مختلف جماعتوں کے خیالات جدا جدا ہیں۔ یوں تو ہمارے ہاں ابتدائی سے لے کر اعلیٰ تعلیم کی ہر ایک منزل کے بارے میں الگ الگ رائیں ہیں کہ اس کی شکل کیا ہونی چاہیئے، لیکن جتنے شدید اختلافات ابتدائی تعلیم کے بارے میں ہیں، اتنے شاید اور کسی منزل کی تعلیم کے بارے میں نہیں ہیں۔ ابتدائی تعلیم کا مقصد

ردروپ کیا ہو، اس موضوع پر اُس وقت سے ایک مسلسل بحث چھڑی ہوئی ہے جبکہ مہاتما گاندھی نے ۱۹۳۷ء
قوم کے سامنے بنیادی تعلیم کا خیال پیش کیا تھا۔ آج کم و بیش ایک چوتھائی صدی کی مدت ختم ہو چکی ہے، مگر
ث اب بھی جاری ہے کہ بنیادی قومی تعلیم میں کون سی چیزیں اہم ہیں۔ یہاں تک کہ ملک کی مختلف ریاستوں
یا جو تھوڑے بہت مدرسے بنیادی اسکول کے نام سے کھولے گئے ہیں، ان کے بارے میں شبہ ظاہر کیا
جا رہا ہے کہ وہ صحیح معنوں میں بنیادی مدرسے کہلانے کے مستحق ہیں بھی یا نہیں۔

ایسا کیوں ہے؟ اسے سمجھنے کے لئے ضروری ہے کہ ہم بنیادی تعلیم کے تصور کو تاریخی اور سماجی
پس منظر میں دیکھنے کی کوشش کریں۔

ہندوستان پر برطانیہ کا قبضہ ہو جانے کے بعد یہاں کی حکومت کا ڈھانچا بھی بدلا لیکن اس سے
کہیں زیادہ اہم بات یہ ہوئی کہ وہ بنیادیں ہل گئیں جن پر پرانے سماج کی عمارت کھڑی تھی۔ وہ سماجی
نظام جو صدیوں سے اس دیس میں قائم تھا، ڈگمگانے لگا۔ اس سماج کی خصوصیت یہ تھی کہ اس میں اندرونی
طور پر کسی بڑی تبدیلی کا پیدا ہونا قرین قیاس معلوم نہیں ہوتا تھا۔ یہاں لوگوں کے حقوق و فرائض ان کے
اپنے اپنے طبقے کے اعتبار سے متعین تھے اور ان کی پابندی کرانے میں سرکاری حکم یا باضابطہ قانون کا اتنا دخل
نہیں تھا، جتنا کہ روایات اور عقائد کا، مثال کے طور پر لوگوں کے پیشے، اختیارات اور سماجی رتبے کا انحصار
ذات پات پر تھا۔ یا جو لوگ دولت مند تھے، جن کے پاس جاگیریں تھیں، اُن کے اور اُن کی رعایا کے درمیان
حقوق و فرائض کے رشتے واضح تھے۔ اگرچہ ہندوستان میں انگریزوں کے آنے سے پہلے کئی ایک حکومتیں
بنیں اور بگڑیں، سینکڑوں حاکم، راجے مہاراجے، بادشاہ اور شہنشاہ آئے اور گئے، لیکن ملک کے سماجی
نظام میں کوئی بنیادی تبدیلی واقع نہیں ہوئی۔ اس کا اقتصادی ڈھانچا جوں کا توں برقرار رہا۔ بہت پرانے
زمانے سے ہندوستان کی دولت کا سب سے بڑا ذریعہ کھیتی باڑی تھا۔ گاؤں کی زندگی میں زراعت اور گھریلو
دستکاری میں ایسا تال میل تھا کہ زندگی کی تمام بنیادی ضرورتیں گاؤں ہی میں پوری ہو جاتی تھیں۔ گاؤں
اس طرح کسی باہر کی ایجنسی کے محتاج نہیں تھے۔ لیکن دیہی زندگی کی اس تصویر سے یہ غلط فہمی نہیں
ہونی چاہیئے کہ وہ مادی یا تہذیبی لحاظ سے بھری پوری تھی۔ حقیقت یہ ہے کہ اُس سماج میں زندگی کی
ضرورتیں بہت محدود تھیں۔ اور اندرونی طور پر اُس زندگی کے امن اور شانتی کو درہم برہم کرنے والے

اسباب موجود تھے۔ بظاہر لوگ اپنی موجودہ حالت پر قانع تھے۔

اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ملک میں کبھی کوئی ہل چل پیدا نہیں ہوئی۔ بلکہ اصل یہ ہے کہ کبھی کبھی ہنگامے برپا ضرور ہوئے، بغاوتیں، جنگیں اور خوں ریزیاں بھی ہوئیں، مگر ان حاکموں کی تبدیلی، اور ایک وقتی اتھل پتھل سے زیادہ گہرا نہیں ہوا۔ سماجی زندگی پر جمود رہا۔ اور سماج کے مختلف طبقے اور گروہ اپنے اپنے معینہ درجے کے مطابق زندگی گزارتے اور سماج کے اقتصادی نظام میں توازن قائم رہا۔

برطانوی حکومت کی پالیسی اور طریق کار نے ہندوستان کی سماجی زندگی کو تہ و بالا کر اور اس کے اقتصادی توازن کو بگاڑ دیا۔ صنعتی انقلاب کی بدولت انگلستان میں ملک ضرورت سے زیادہ چیزیں مشینوں سے بننے لگیں۔ ان کی کھپت کے لئے انگلستان کو ہندوستان سے بہتر منڈی اور کہاں مل سکتی تھی۔ چنانچہ ان چیزوں کی تجارت کو ہندوستان میں ہر جائز اور ناجائز طریقے سے بڑھاوا دیا گیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ملک کی گھریلو دستکاریاں تباہ ہو گئیں۔ ملک کی زراعت کا بھی یہی حشر ہوا۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ حکومت نے زمینداری کی جو سنتھا کی، اس سے زرعی پیداوار کو بہت بڑا دھکا لگا اور کسان تباہ ہو گئے۔ اب تک زمین کسان کا اپنا قبضہ تھا اور وہ اپنی پیداوار کا ایک مقررہ حصہ براہ راست سرکار کو ادا کر دیتا لیکن اب زمینداری کے نئے نظام میں سرکار اور کسان کے درمیان ایک تیسرا شخص "زمیندار" حائل ہو گیا اور وہ خود پیداواری عمل میں کوئی خاص حصہ لئے بغیر کسان کی محنت سے فائدہ اٹھانے لگا۔ زمیندار کو ہر قسم کی لوٹ کھسوٹ کرنے کی چھوٹ تھی، کیونکہ وہ برطانوی حکومت کو قائم رکھنے اور مضبوط بنانے میں ہر ممکن مدد دینے کے لئے تیار تھا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ کسان کی حالت بد سے بدتر ہوتی چلی گئی۔ کسان کی بربادی کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ کھیتی باڑی سے روزی کمانے والوں کی تعداد میں برابر اضافہ ہو رہا تھا۔ اس لئے کہ برطانوی صنعت کے حملے کا مقابلہ دیسی دستکاری نہ کر سکی اور دستکاروں کو زندہ رہنے کے لئے مجبوراً زراعت کا سہارا لینا پڑا۔ یہ اتنی بھیانک اور دل ہلا دینے والی تباہی تھی کہ اس کا احساس حکومت کے اعلیٰ حلقوں کو بھی ہوا۔ چنانچہ

ولیم بنٹنک گورنر جنرل نے ایک اپنے سرکاری مراسلے میں صورت حال کو ان الفاظ میں بیان کیا ہے
ہوں (بن کر دل) کی ہڈیاں ہندوستان کے میدانوں کا رنگ پھیکا کر رہی ہیں۔"

جہاں برطانوی حکومت نے ہندوستان پر اتنی بڑی مصیبت نازل کی، وہاں نادانستہ طور پر اس سے
ب فائدہ بھی ہوا۔ ہندوستانی سماج صدیوں سے جمود کے عالم میں تھا اور لوگوں نے سمجھ لیا تھا کہ ہماری
لت ہمیشہ ویسی ہی رہے گی۔ ان کا عقیدہ تھا کہ جو کچھ بھی ہے وہ ہماری قسمت میں لکھا ہے۔ یہی وجہ
ہے کہ وہ بڑی سے بڑی سماجی ناانصافی، بے عزتی، ظلم و تشدد اور حکمراں طبقے کی خودسری کے سامنے
سر جھکانے پر مجبور تھے۔ وہ طرح طرح کی توہم پرستی کا شکار تھے اور انھیں اس تاریکی سے باہر نکلنے کا
کوئی راستہ دکھائی نہیں دیتا تھا۔ جو حالات برطانوی حکمت عملی سے پیدا ہوئے، انھوں نے اس جمود
کو توڑا۔ عام تباہ حالی نے ہندوستانیوں کو بری طرح جھنجھوڑا اور یہ سوچنے پر آمادہ کیا کہ آخر اس صورت
حال سے کیوں کر چھٹکارا حاصل کیا جا سکتا ہے۔ ادھر انگریزی تعلیم کے ذریعے ہندوستان کے پڑھے
لکھے طبقے میں نئے خیالات ترقی کر رہے تھے، جو دراصل یورپ کے صنعتی انقلاب کی دین ہیں جمہوریت
مساوات اور آزادی۔ یہ وہ انقلابی خیالات ہیں جن سے سرشار ہو کر ہندوستانیوں نے مختلف قسم کی سیاسی
سماجی اور تہذیبی تحریکیں شروع کیں۔ اور ان کی بدولت وہ جمود ٹوٹا، جو صدیوں سے ہندوستانی
سماج کو میٹھی نیند سلا رہا تھا۔

برطانوی تسلط کے خلاف ملک میں جو بھی اندولن شروع ہوئے، وسیع معنوں میں ان سب کا
کسی نہ کسی طرح عوام کی تعلیم سے تعلق تھا۔ باضابطہ طور پر نہ سہی، بے ضابطہ طور پر سہی تعلیم کا ذریعہ
تھے، کیوں کہ وہ عوام میں ایک نئی ذہنیت اور ایک نیا شعور پیدا کرنا چاہتے تھے۔ لیکن اس قسم کی
بالواسطہ تعلیم کچھ زیادہ کارگر نہیں ہو سکتی تھی۔ جمہوریت کا نیا تصور یورپ سے حاصل ہوا تھا۔
اس کا تقاضا تھا کہ عوام کی باضابطہ تعلیم کا سرکاری طور پر انتظام کیا جائے تاکہ کم از کم تہذیبی میدان
میں ترقی کرنے کے سب کو برابر مواقع حاصل ہوں۔ اس احساس ضرورت نے آگے چل کر عوام کی
مفت اور لازمی تعلیم کے مطالبے کی شکل اختیار کر لی۔

انگریزی حکومت کو اپنے ابتدائی دور میں ہندوستانیوں کی تعلیم کی ضرورت کا کوئی احساس

نہیں تھا۔ لیکن کچھ عرصے بعد حکومت کو اس طرف تھوڑی بہت توجہ دینی پڑی۔ اس لئے کہ اسے اپنے دفتری کام چلانے کے لئے ایسے ہندوستانیوں کی ضرورت تھی جو انگریزوں کے مقابلے میں کم تنخواہ پر سرکاری نوکری کر سکیں اور اس کے ساتھ ساتھ ان سے یہ بھی فائدہ حاصل ہو کہ وہ حکومت اور عوام کے درمیان ایک کڑی کا کام کر سکیں۔ یعنی یہ ہندوستانی ملازمین حکومت کا آلۂ کار بن کر اسے تقویت پہنچا سکیں۔ گو کہ اس تعلیم کا دائرہ بہت محدود تھا۔ ملک کی آبادی کے ایک بہت چھوٹے حصے نے اس تعلیم سے فائدہ اٹھایا۔ مگر سیاسی اور سماجی لحاظ سے دیکھئے، تو ملک پر اس کا بہت گہرا اثر پڑا۔

یہ سچ ہے کہ انگریزی تعلیم کی بدولت ہندوستان کی سیاسی، سماجی اور تہذیبی آزادی کی تحریک کے لئے چند غیر معمولی رہنما حاصل ہوئے ہیں، جنھوں نے مغربی تہذیب و تمدن کے بہترین عناصر سے اپنی ذات کو سنوارا۔ جمہوریت، آزادی، مساوات، انسان دوستی، سائنسی طریقہ، وغیرہ کو خود اپنایا اور ان ہی قدروں کا سہارا لے کر مختلف تحریکوں کی رہنمائی کی۔ لیکن عام طور پر انگریزی تعلیم کا نتیجہ ملک کے حق میں مفید ثابت نہیں ہوا۔ اور ہوتا بھی کیسے جب کہ اس کا منشا یہ تھا ہی نہیں؟ جن لوگوں نے یہ تعلیم پائی، ان کی اکثریت نے برطانوی حکومت کے مقاصد پورے کئے۔

انگریزی تعلیم کا ایک نتیجہ یہ ہوا کہ ہمارے سماج میں ایک نیا طبقہ پیدا ہو گیا، جو رنگ روپ کے لحاظ سے تو ہندوستانی تھا مگر اس کی عادتیں، دلچسپیاں اور رہن سہن کے طریقے انگلستان کے حکمران طبقے سے زیادہ ملتے جلتے تھے۔ پھر کیا تعجب کہ اس طبقے نے ہمیشہ انگریزی حکومت کو قائم رکھنے اور آزادی کی جدوجہد کو کمزور بنانے میں اہم حصہ لیا۔

اس تعلیم سے ایک نقصان اور ہوا۔ ہندوستانی سماج پہلے ہی دولت اور ذات پات کی بنا پر مختلف گروہوں میں بٹا ہوا تھا۔ اب انگریزی تعلیم نے اس میں ایک اور دراڑ ڈال دی۔ انگریزی تعلیم حاصل کرنے کے بعد لوگ خود کو کسی اور دنیا کی چیز سمجھنے لگے اور دوسروں کو حقارت کی نظر سے دیکھنے لگے۔ ان دونوں گروہوں میں کسی قسم کا تعلق باقی نہ رہا۔ سچ تو یہ ہے کہ انگریزی تعلیم عوام کے لئے تھی ہی نہیں۔ اس سے صرف خواص ہی فائدہ اٹھا سکتے تھے، صرف

ہی لوگ جن کے پاس دولت تھی، جو پہلے ہی سماج کے اونچے طبقے سے تعلق رکھتے تھے۔ کیونکہ اولاً تو یہ تعلیم خاصی مہنگی تھی اور دوسرے، اس کے لئے شہروں میں اسکول قائم کئے گئے تھے، جہاں مالی لحاظ سے کم حیثیت والے اور خاص کر گاؤں کے غریب اور متوسط طبقے کے لوگ اپنے بچوں کی تعلیم کا انتظام نہیں کر سکتے تھے۔

اس میں شک نہیں کہ انگریزی تعلیم سے گاؤں اور قصبے کے چند مال دار لوگوں نے بھی ذاتی طور پر فائدہ اٹھایا۔ لیکن اس تعلیم کا سماجی زندگی سے کوئی تعلق نہیں تھا، اور تعلیم یافتہ لوگوں کو شہر اپنی طرف کھینچ لیتے تھے جہاں وہ اپنے لئے جنت بنا سکتے تھے۔ اس لئے گاؤں اپنی آبادی کے ان عناصر سے محروم ہوتے چلے گئے جو شاید نئے زمانے کے تقاضوں کو سمجھ کر مادی اور تہذیبی لحاظ سے گاؤں کی زندگی کو خوب صورت اور خوش حال بنانے میں کچھ مدد کر سکتے۔ اس طرح دیہی زندگی جو دیسی حکومت کے ہاتھوں لٹ کھسٹ کر ہر لحاظ سے ویران اور مفلس ہو رہی تھی، اور زیادہ پست ہوتی چلی گئی۔

ہندوستان کو انگریزی تعلیم سے جو سب سے بڑا نقصان پہنچا وہ یہ ہے کہ اس نے سماجی زندگی کی بنیادی حقیقتوں سے تعلیم یافتہ طبقے کو بالکل الگ تھلگ کر دیا۔ یوں تو یہ تعلیم ایک نئی تہذیب کی دعوے دار تھی، لیکن اس نے اس بنیادی حقیقت سے آنکھیں چرا لیں کہ تمام تہذیب کا سرچشمہ انسانی محنت ہے کہ اس کے بغیر نہ تو تہذیبی زندگی کی مادی چیزیں حاصل ہو سکتی ہیں اور نہ صحیح معنوں میں وہ اخلاقی اور روحانی قدریں جو حقیقت میں تہذیب کی جان ہیں۔ انگریزی تعلیم کا نتیجہ یہ ہوا کہ تعلیم یافتہ طبقہ اتنا اپاہج ہو گیا کہ نہ وہ کسی قسم کی پیداوار میں حصہ لینے کے قابل رہا اور نہ ہی اس میں سماجی زندگی کو سنوارنے کی کوئی اہلیت باقی رہی۔ یہ طبقہ ہر قسم کی جسمانی محنت و مشقت سے گریز کرنے لگا۔ ہر وہ کام جس میں ہاتھ اور لباس کے میلے ہونے کا اندیشہ ہو، اس کے نزدیک گھٹیا اور ہیچ قرار پایا۔ ہندوستانی سماج میں پہلے ہی دولت اور ذات پات کی بنا پر اونچ نیچ کا خیال کیا کم تھا! انگریزی تعلیم نے اسے اور غضب کر دیا۔ زمانے کا تقاضا تو یہ تھا کہ ملک میں جمہوریت کے خیال کو تقویت پہنچائی جاتی اور لوگوں میں برابری اور باہمی عزت و احترام کے رجحان کو ترقی دی جاتی اور ملک کی خوشحالی

کے لئے پیداوار بڑھانے کی مہم میں بھی شریک ہوتے۔ مگر انگریزی تعلیم کا بالکل اُلٹا اثر ہوا۔ یہاں تک کہ یہ ہر قسم کی سماجی ترقی کی راہ میں روڑا بن گئی۔

انگریزی تعلیم کے ان مضر اثرات سے آزادی کی تحریک کے لیڈر باخبر تھے۔ چنانچہ قومی پلیٹ فارم سے برطانوی حکومت کی اس تعلیمی پالیسی پر کڑی نکتہ چینی ہونے لگی۔ ۱۹۳۷ء میں ۱۹۳۵ء کے گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ کی رُو سے تعلیم کی ذمے داری صوبوں کی نمائندہ حکومتوں کے سپرد کی گئی۔ تو ہندوستانیوں کو پہلی بار یہ موقع ملا کہ وہ اپنے تصورات کے مطابق ملک کی تعلیمی پالیسی مرتب کریں۔ مہاتما گاندھی نے اس موقع پر ملک کے سامنے بنیادی قومی تعلیم کا خاکہ پیش کیا۔ گاندھی جی نہ صرف آزادی کے اندولن کے سب سے بڑے نیتا تھے، بلکہ تعلیمی معاملات میں بھی ان کی اچھی نظر تھی۔ انھوں نے اپنے جنوبی افریقہ کے قیام کے دوران اور بعد میں سابرمتی آشرم میں کچھ تعلیمی تجربے بھی کئے تھے۔ اور اس سے بھی اہم بات یہ تھی کہ ان کے ذہن میں ہندوستان کی سماجی ترقی اور خوش حالی کا ایک جامع اور واضح تصور موجود تھا۔ وہ جسمانی محنت و مشقت کو بہر حال تعلیم کا ایک ضروری حصہ سمجھتے تھے۔ ان کے نزدیک کوئی بھی تعلیم اُس وقت تک تعلیم کہلانے کی مستحق نہ تھی، جب تک کہ اُسے سماجی زندگی کی ضرورتوں کو پورا کرنے کا ذریعہ نہ بنایا جائے، اس لئے کہ وہ جس قسم کے سماج کو قائم کرنا چاہتے تھے، اس میں ہر ایک فرد کے لئے ایسے کاموں میں حصہ لینا ایک لازمی فرض کی حیثیت رکھتا تھا، جن پر سماج کی خوش حالی اور ترقی کا دارومدار ہو۔ ان کا عقیدہ تھا کہ تعلیم کے اعلیٰ مقاصد، اخلاقی خوبیاں اور قدریں حاصل کرنے کا موثر طریقہ یہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ گاندھی جی نے بنیادی قومی تعلیم میں دستکاری اور دوسرے پیداواری کاموں کو مرکزی جگہ دی اور اس کے ساتھ ساتھ ان مشغلوں پر بھی زور دیا جو سماجی زندگی کو بہتر بنانے کے لئے ضروری ہیں۔ مثلاً بستی کی صحت و صفائی کی مہم میں حصہ لینا، سڑکیں بنانا، مریضوں کی دیکھ بھال کرنا، وغیرہ۔ گاندھی جی کا خیال تھا کہ اس طرح تعلیم ایک خاموش سماجی انقلاب کی علم بردار بنے گی۔ اور ایک ایسا سماج بنانے میں مدد دے گی جس میں سب مل جُل کر زندگی بسر

ہیں گے، کوئی کسی کی محنت سے ناجائز فائدہ نہ اُٹھا سکے گا، ہر ایک شخص سب کی بھلائی کے لئے کام کرے گا اور سب کی کوششوں کا پھل ہر ایک کو نصیب ہوگا۔ گاندھی جی کے آدرش سماج کا روپ یہ ہے اور اسی کو وہ جمہوریت کی رُوح اور سوشلزم کا نچوڑ کہتے تھے۔

یہ ہے بنیادی قومی تعلیم کا وہ پہلو، جس میں نئے سماجی نظام کی ایک جھلک دکھائی دیتی ہے۔ گاندھی جی نے بنیادی تعلیم کے اسی پہلو پر سب سے زیادہ زور دیا تھا۔ اس کا ثبوت یہ ہے کہ انھوں نے کہا تھا کہ بنیادی مدرسے کا مستقل خرچ بچوں کے کام سے پورا ہونا چاہیئے۔ مگر ہوا یہ کہ بنیادی تعلیم کے اسی پہلو کو عمل میں سب سے کم زور بنایا گیا۔ آزادی کے پہلے بھی یہی حالت تھی اور آج بھی آزادی کے چودہ سال بعد یہی حالت ہے۔ اگرچہ اب یہ بات سرکاری پالیسی کے طور پر تسلیم کر لی گئی ہے کہ پورے ملک میں ابتدائی تعلیم کا روپ بنیادی تعلیم ہی ہوگا، لیکن اکثر مدرسوں میں اس قسم کے کام شروع نہیں کئے گئے ہیں۔ ایسے مدرسے بہت تھوڑے ہیں جہاں دستکاری یا حرفے کا کام ہوتا ہو۔ مگر یہ بھی کچھ اس طرح کیا جاتا ہے گویا کئے کی لاج رکھنی ہے۔ نہ کوئی کام کی چیز بنتی ہے اور نہ کوئی اور تعلیمی فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ ایسا تعلیمی فائدہ، جس کا ماہرین تعلیم کی مجلسوں میں آئے دن چرچا ہوتا رہتا ہے۔

آخر، یہ صورت حال کیوں ہے؟ یوں تو بہت سے اسباب ہیں جن کا تعلق تعلیم کا انتظام کرنے والوں، استادوں، بچوں کے سرپرستوں وغیرہ سے ہے، لیکن اصل وجہ معلوم کرنے کے لئے مدرسے کی چہار دیواری سے باہر جانا پڑے گا۔ ہماری حکومت نے ہندوستان میں سوشلسٹ سماج قائم کرنے کا اعلان تو ضرور کیا ہے۔ مگر جو طریقے اختیار کئے ہیں ان سے اس مقصد کو حاصل کرنے میں بڑی رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ہمارا موجودہ سماج مختلف طبقوں میں بٹا ہوا ہے۔ اگرچہ یہاں تعداد کے اعتبار سے وہ طبقہ بہت بڑا ہے جو جسمانی محنت و مشقت کے ذریعے اپنا پیٹ پالتا ہے اور ملک کی پیداوار اور دولت میں اضافہ کرتا ہے۔ لیکن

طاقت کے لحاظ سے دیکھئے تو یہ طبقہ بہت کم مایہ ہے۔ اس کے مقابلے میں دولت مندوں کا چھوٹا سا طبقہ بہت طاقت ور ہے۔ اس کا ملک کی سیاسی اور سماجی زندگی پر بڑا اثر ہے۔ اس طبقے کو جسمانی محنت کرنے اور پیداوار کے کام میں خود حصہ لینے کی ضرورت نہیں ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ طبقہ کسی ایسی چیز کو گوارا نہیں کرے گا جس سے اس کی سماجی برتری کو خطرہ ہو۔ بنیادی قومی تعلیم کا یہ اصول کہ دستکاری اور ہاتھ کے کام کو تعلیم میں مرکزی جگہ دی جائے، دولت مند طبقے کے نزدیک اسی قسم کا ایک خطرہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ طبقہ بنیادی تعلیم کو نہ تو آزادی سے پہلے خوشی خوشی قبول کرنے کے لئے تیار تھا اور نہ اب ہے۔ اس طبقے نے شروع ہی سے اس اصول کی روح کو مسخ کرنے کی کوشش کی ہے۔ مثال کے طور پر اس طبقے کی طرف سے یہ خیال پیش کیا گیا ہے کہ دستکاری کو تعلیم میں جگہ دینا تو اچھا ہے کیوں کہ اس سے بچے کی تخلیقی قوت کو ابھرنے کا موقع ملتا ہے اور اس کے ذریعے بچے کی شخصیت کے وہ نقوش ابھرتے ہیں جنھیں کتابی تعلیم دبا کر رکھتی ہے۔ مگر اس طبقے نے اس خطرے کا بھی اعلان کیا ہے کہ اگر تعلیم میں پیداوار پر زور دیا گیا تو تعلیم کے اعلیٰ مقاصد کا خون ہو جائے گا۔ اور بچہ محض کارخانے کا مزدور بن کر رہ جائے گا۔ اسی طرح دوسرے سماجی کاموں مثلاً مدرسہ اور بستی کی صحت و صفائی کے پروگرام میں بچے کی شرکت پر اس طبقے کی طرف سے یہ اعتراض کیا گیا ہے کہ اس قسم کے کاموں میں مدرسہ کا قیمتی وقت ضائع ہوتا ہے جو بہر کیف پڑھنے لکھنے پر صرف ہونا چاہیئے۔ اور اس کے علاوہ بچے کا جسم اور لباس گندا ہو جاتا ہے۔ غرض، بنیادی تعلیم کے اُس رول کو کم زور بنانے کے لئے طرح طرح کی دلیلیں اور تاویلیں پیش کی گئی ہیں، جس کا تعلق سماج کی اصلاح اور ترقی سے ہے۔ اس کا اثر یہ ہوا ہے کہ بنیادی تعلیم کے اس اہم پہلو پر بہت کم توجہ دی جا رہی ہے۔

اسی سلسلے میں ایک بات اور غور طلب ہے۔ فرض کیجئے کہ بنیادی مدرسوں میں پیداواری مشغلوں اور دوسرے سماجی کاموں کو عملاً ویسی ہی اہمیت دی جاتی جیسی کہ ایک سوشلسٹ سماج کی تعمیر کے لئے ضروری ہے۔ مگر اس قسم کے مدرسے محض نمونے کے طور پر

تھوڑی تعداد میں کھولے جاتے اور ملک کے باقی سب مدرسوں میں پرانے ڈھنگ کی کتابی تعلیم ہی ہوتی رہتی، تو کیا بنیادی تعلیم کا مقصد پورا ہو جاتا؟ ہرگز نہیں۔ یہ چند مثالی مدرسے سماجی ڈھانچے میں کوئی بنیادی تبدیلی کیسے پیدا کر سکتے! اس قسم کی تبدیلی کے لئے ضروری ہے کہ پوری قوم کی ذہنیت بدلی جائے۔ بنیادی تعلیم دراصل پوری قوم کی تعلیم کا ایک باضابطہ پروگرام ہے سماج پر اس کا اثر پورے طور پر صرف اسی وقت محسوس کیا جا سکتا ہے، جبکہ ملک کے تمام بچوں کی ابتدائی تعلیم لازمی طور پر صرف بنیادی مدرسوں ہی میں ہو، اور ان مدرسوں میں پیداواری مشغلوں اور سماجی کاموں کو کھیل کود اور تماشے کے طور پر نہیں بلکہ اس نیت سے اپنایا جائے کہ وہ نئے سماج کی زندگی کے ضروری اجزا ہوں گے۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ چھ سے چودہ سال تک کی عمر کے تمام بچوں کے لئے صرف ایک ہی قسم کے مدرسے ہونے چاہئیں، یعنی بنیادی مدرسے اس عمر کے بچوں کے لئے، ان کا تعلق چاہے کسی طبقے سے ہو کسی اور قسم کے مدرسے نہیں ہونے چاہئیں۔

آتشِ گُل کے اشعار آئینۂ ایام میں

جناب عبداللہ ولی بخش قادری

شخصیت کسی خلا میں تشکیل نہیں پاتی بلکہ حالات وحادثات، واقعات ومعاملات کے آئینے میں اُبھرا کرتی ہے۔ ہمارے من اور تن کی دنیا کا اپنے ماحول کے ساتھ کچھ انوکھا سمجھوتہ ہو جاتا ہے، ایسا سمجھوتہ جس کی کوئی نظیر نہیں ہوا کرتی اور جو ہمارے مخصوص نظریۂ حیات کا غماز ہوتا ہے۔ جگر نے اس حقیقت کو یوں بیان کیا ہے۔

اپنی اپنی وسعتِ فکر و یقیں کی بات ہے　　جس نے جو عالم بنا ڈالا، اُسی کا ہو گیا

اُن کی اپنی وسعتِ فکر و یقیں کے دو نمایاں دَور آئے۔ ایک وہ زمانہ جب اُن کی نگاہیں شعلہ طور سے خیرہ تھیں۔ وہ محض ایک شاہد در بغل، توبہ شکن مے کش تھے۔ اور دوسرا وہ عہد جب آتشِ گُل کی تپش اُن کے سوز دروں نے بڑی شدت سے محسوس کی۔ انھوں نے اپنے ماضی کو 'خدا حافظ' کہا اور اُن کی چشمِ بصیرت نے انھیں ایک نئے عالم سے باخبر کیا۔ گرد و پیش کے حالات اس شاعرِ رنگیں نوا سے کچھ تقاضے کرنے لگے اور وہ کارزارِ حیات میں مُدّاخوانی کرتا ہوا چل پڑا۔ ع

مجھے کرنی ہے اب کچھ خدمتِ دار و رسن ساقی

جگر اب رمز شناسِ حیات بن چکے تھے۔ انھیں اپنی اس قلبِ ماہیت کا خود بھی بخوبی احساس تھا۔ ع

پہلے شرابِ زیست تھی، اب زیست ہے شراب

انھیں اپنی حیثیت کا بھی احساس ہو گیا۔ وہ سمجھ گئے کہ میں منجملہ خاصانِ میخانہ ہوں اور:

مرے شعر میں ہیں نزاکتیں، مری نظم میں ہیں لطافتیں　　مری فکر میں کہیں اے جگر ادب کثیف کی جا نہیں

ان کے نزدیک سیاست کارگہِ مکر و ضلالت تھی۔ لیکن ہر ایک باہوش شہری اپنے دیس کے سماجی، معاشی اور سیاسی حالات سے متاثر ہوا کرتا ہے۔ جگر کی ذات پر بھی وطن کے حالات کا اثر پڑا۔ اگرچہ انھوں نے

مروجہ مخصوص اصطلاح میں سیاسی شاعری نہیں کی۔ وہ کسی سیاسی جماعت یا سماجی اور معاشی نظام کے نقیب بن کر سامنے نہیں آئے لیکن اُن کے کلام میں ماحول کا عکس نمایاں ہے۔ ان کا دل، ایک صاحبِ نظر اور مخلص وطن پرست کا دل ہے۔ ایک پاک طینت اور صاف باطن فرد کا دل ہے۔ اور ان سب سے بڑھ کر ایک شاعر کا دل دھڑکتا ہوا ہے۔ اسی لئے آتش گل کے اشعار میں جو دراصل ان کی زندگی کی نشاۃ ثانیہ کی بہار ہیں ان کے دور کی پوری آئینہ داری ملتی ہے۔

بدیسی سامراج کے زمانے میں دنیا کی مادی ترقی کی کچھ بھیک ہمارے نصیب میں بھی آئی۔ کوتاہ بینوں اور نفس پرستوں کو اس میں آقا کی فراخ دلی، دکھائی دی اور کچھ سادہ لوح صورتِ حال پر قناعت گزیں ہو کر روزمرہ کی زندگی میں رنگ و بو تلاش کرنے لگے۔ جگر نے ابنائے وطن کی رگِ حمیت کو ٹٹولا:

پرائے ہاتھوں جینے کی ہوس کیا — نشیمن ہی نہیں تو پھر قفس کیا
کرم صیاد کے صدہا ہیں پھر بھی — فراغِ خاطرِ اہلِ قفس کیا
قفس سے ہے اگر بیزار بلبل — تو پھر یہ شغلِ تزئینِ قفس کیا

آپ نے دیکھا کہ آزادی یا غلامی پر نہ تو کوئی فلسفیانہ بحث ہے اور نہ بندھے ٹکے الفاظ میں "نعرۂ انقلاب" یہاں کسی چوبدار کی بے کیف تکرار یا فوجی افسر کی بلند آہنگی بھی نہیں۔ اور وقتی طور پر جذبات مشتعل کرنے کا کوئی سامان بھی نہیں کیا گیا ہے تاہم ذہن کو بیدار کرنے اور دل گرمانے کے لئے بہت کچھ موجود ہے۔

اسی اثناء میں ملک کے اندر بیداری بڑھی اور غیر ملکی نظام پر بوکھلاہٹ کا عالم طاری ہونے لگا۔ جگر نے صورتِ حال سمجھی اور بڑے معصومانہ انداز میں چوٹ کی:

اسی اک جرم پر اغیار میں برپا قیامت ہے — کہ ہم بیدار ہیں اور اپنا مستقبل سمجھتے ہیں

مگر ان کا حقیقت شناس دل جانتا تھا کہ اصل حالات اغیار کی اس گھبراہٹ کے متقاضی نہیں ہیں۔ وطنِ پاک بے دست و پا ہے۔ لہٰذا احباب کو حقیقت کا احساس بھی دلاتے ہیں اور اغیار کی حالت پر طنز بھی کر جاتے ہیں:

صیاد کی نظر میں وہ نشتر سے کم نہیں — اک لغزشِ خفی جو مرے بال و پر میں ہے

انگریز نے دوسری جنگِ عظیم میں جیت کے باوجود اپنے آپ کو گھاٹے میں پایا۔ اب فضائے عالم میں سلطانیٔ نعرہ بلند تھا۔ ہندوستان کی سرزمین سے بھی اُسے اپنا آب و دانا اٹھتا دکھائی دیا۔ طیش میں آکر نقاہت جسے ساتھ لایا تھا اور جس کی آبیاری برابر کرتا چلا آرہا تھا، اپنے الوداعی تحفے کے طور پر گھر گھر بانٹنے لگا۔ جو کچھ ہوا، ہم سب بخوبی واقف ہیں۔ عروسِ آزادی سے ہم کنار ہونے کے لئے بھائی سے بھائی دست و گریباں ہو گیا اور وہ بھی اس طرح کہ قبائے انسانیت تک چاک کر ڈالی۔ جگر کا حساس دل بالکل بجھ گیا:

بے کیف دل ہے اور جیئے جا رہا ہوں میں — خالی ہے شیشہ اور پیئے جا رہا ہوں میں
وہ دل کہاں ہے اب کہ جسے پیار کیجئے — مجبوریاں ہیں ساتھ دیئے جا رہا ہوں میں

اب ان کے پیغامِ محبت و مروّت کا سننے والا کون تھا۔ مذہب کے نام پر سیاسی صف بندی تھی۔ اس آواز کی بے اثری اور حالات کی ابتری پر کڑھ کر رہ گئے۔

مرا نالہ ہوش رُبا ہو کیا، مرا نغمہ روح فزا ہو کیوں — کہ چمن میں پھول تو ہیں وہی مگر ان میں بوئے وفا نہیں

یہ ایک شعر نہیں بلکہ اس غزل (۲۹) کے بیشتر اشعار یہی کیفیت لئے ہوئے ہیں۔ اگلی غزل (۳۰) میں ماحول کی تلخی کا اور بھی صاف صاف اظہار موجود ہے۔ پوری سترہ اشعار کی یہ غزل اس وقت کے حالات اور ان سے پیدا شدہ جگر کے جذبات کا ایک سچا مرقع ہے۔ ہر ایک شعر، خون آلود نشتر ہے جو قلب کی گہرائیوں سے گزر کر آیا ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ جگرِ مجروح تڑپ رہا ہے۔ شدتِ احساس و خلوص نے اسے پاش پاش کر دیا ہے:

خلوصِ شوق، نہ جوشِ عمل، نہ دردِ وطن — یہ زندگی ہے خدایا کہ زندگی کا کفن

کبھی یہ علیل سی فضائیں یہ مریضِ سا زمانہ، کہہ کر خود کو بہلایا جاتا اور کبھی اپنی ہی ذات سے بشانِ خود فریبی سوال ہوتا:

تجھے اے جگر ہوا کیا کہ بہت دنوں سے پیارے — نہ بیانِ عشق و مستی، نہ حدیثِ دلبرانہ

ایسا لگتا ہے کہ نئے سیاسی حالات نے اُن کے جسم سے جان ہی نکال لی ہو۔ وہ دیکھتے ہیں کہ رنگِ زمانہ کیسا بدل گیا۔ بظاہر وہی صورتیں ہیں لیکن دلوں میں کیسا تغیر پیدا ہو چکا ہے۔ ایسے حادثاتِ زمانہ، ان سے لذتِ حیات ہی چھینے لیتے ہیں۔ غزل (۵۵) کے قریب قریب سب ہی اشعار سے یہ بات

نح ہے۔ یہاں تک کہ آخر میں وہ کہہ پڑتے ہیں :

وہی ہے زندگی لیکن جگر یہ حال ہے اپنا　　کہ جیسے زندگی سے زندگی کم ہوتی جاتی ہے

وطن کے حالات نے انھیں بے وطن سا محسوس کرایا۔ اس سانحے کی شدت برداشت نہ ہو سکی۔ بس پکار اٹھے :

مغاذ اللہ اس کی واردات غم معاذ اللہ　　چمن جس کا وطن ہو اور چمن بیزار ہو جائے

فرقہ پرستی اور تنگ نظری کے مظاہرے بڑے جاں سوز تھے۔ جگر نے گردش فلک کی شکایت ہی نہیں کی بلکہ اپنا دل چیر کے رکھ دیا :

آ پڑا کچھ وقت ایسا گردش ایام سے　　زندگی شرما رہی ہے زندگی کے نام سے

آج کل میخانے میں تقسیم ہوتے ہیں جگر　　زہر کے ساغر شراب زندگی کے نام سے

اس گندے ماحول میں ان کے لئے سانس لینا دوبھر تھا۔ آزادی کے نام پر یہ بربادی دیکھی نہ جاتی تھی مگر بے بس لاچار تھے۔ بس یہی کہہ سکتے تھے :

بھری بہار میں تاراجی چمن مت پوچھ　　خدا کرے نہ پھر آنکھوں سے وہ سماں گزرے

اس تاراجی وطن میں بلاشبہ سب سے بڑا ہاتھ فرقہ وارانہ فسادات کا تھا۔ اور یہی وہ پستی تھی جس کو جگر کی عالی ظرفی کسی طور پر برداشت نہ کر سکتی تھی۔ ان کی اس بے زاری اور مایوسی کے ذمہ دار یہی ناگفتہ بہ واقعات ہیں۔ انھیں اس فرقہ واریت کے جنون میں نہ ایک فرقے کی جیت نظر آئی اور نہ دوسرے کی بھلائی دکھائی دی۔ وہ جانتے تھے کہ دونوں کی ہار ہے۔ لہٰذا زبان سے بے ساختہ طور پر نکل ہی گیا :

اللہ رے اس گلشن ایجاد کا عالم　　جو صید کا عالم، وہی صیاد کا عالم

ذرا سنبھلے تو خون ناحق پر نظر پڑی اور ان کی صوفی منشی پکار اٹھی :

منصور تو سر دے کے سبک ہو گیا لیکن　　جلاد سے پوچھے کوئی جلاد کا عالم

لیکن ان کی بات سننے والا کون تھا! سب ہی بے راہ روی کا شکار تھے، انھیں دراصل افراد کی تباہی کا غم نہیں تھا بلکہ اس خلفشار میں بربادیٔ چمن کا نقشہ صاف نظر آ رہا تھا۔ انھیں ساری سرزمین چمن ہی گریہ کناں نظر آ رہی تھی۔ اس کرب نے بے چین کر رکھا تھا :

ارباب چمن سے نہیں پوچھو یہ چمن سے　　کہتے ہیں کسے نکہت برباد کا عالم

مگر اس عالم آہ و بکا میں جگر خستہ تن کی آواز کون سنتا۔ آزادی کے تصور نے سرشار کرنے کے بجائے بدمست کر دیا تھا۔ فرقہ واریت کا عفریت دیس کے نواسیوں کو ذاتوں میں بانٹ کر ان کی کاٹ چھانٹ کر رہا تھا۔ تو یہاں تک پہنچی کہ جن ہاتھوں کو سرپرستی کرنی چاہیئے تھی وہ بھی زبردست کے طرفدار دکھائی دینے لگے۔ یہ صورت، ناقابلِ برداشت تھی۔ ظاہر مصلحت اندیشی بھی اس شاعرِ خوش گفتار کو نہ روک سکی۔ خلوصِ نیت اور جذبۂ صداقت پکار اٹھا:

حکومت کے مظالم جب سے ان آنکھوں نے دیکھے ہیں　　جگر ہم بمبئی کو کوچۂ قاتل سمجھتے ہیں

اور اسی احساس کے تحت انھوں نے یہ بھی کہا:

کہتے ہیں بھائی بھائی ہیں اہلِ وطن تمام　　پھرتے ہیں آستینوں میں خنجر لئے ہوئے

صرف یہ ایک شعر نہیں بلکہ اس سلسلے کے تمام اشعار اس وقت کے حالات کے سچے مرقعے ہیں اور جگر کے دردِ پنہاں کا مظہر۔ انھوں نے لوگوں کے وحشی پن اور درندگی کو دیکھا تو کہا۔ ایک بار نہیں بلکہ بار بار:

آدمی کے پاس سب کچھ ہے مگر　　ایک تنہا آدمیت ہی نہیں

ہر چند کائناتِ دو عالم میں اے جگر　　انساں ہی ایک چیز ہے، انساں مگر کہاں

آدمی کو آدمی سے بُعد، وہ بھی کس قدر　　زندگی کو زندگی کا راز داں سمجھا تھا میں

کیا قیامت ہے کہ اس دورِ ترقی میں جگر　　آدمی سے آدمی کا حق ادا ہوتا نہیں

انھیں یہ زندگی قطعی گوارا نہ تھی۔ وہ موت کو ترجیح دے رہے تھے:

یہی ہے زندگی تو زندگی سے خودکشی اچھی　　کہ انساں، عالمِ انسانیت پر بار ہو جائے

بعض اوقات کسی ایک حادثے کا اثر ان کے ذہن پر اتنا گہرا پڑا کہ وہ صاف صاف کہے بغیر نہ رہ سکے:

آنکھیں ابھی کچھ اور بھی ہیں منتظر　　چھپرا کی قتل گاہ کا منظر لئے ہوئے

ملک کے ان حالات سے اکتا کر آجکل میں وہ قطعی بے روک ہو گئے۔ زخمِ جگر کھول کر رکھ دیے ہیں:

فکرِ جمیل خواب پریشاں ہے آج کل　　شاعر نہیں ہے وہ جو غزل خواں ہے آج کل

سازِ حیات، سازِ شکستہ ہے ان دنوں　　بزمِ خیال، جنتِ ویراں ہے آج کل

یہ پہلے دو شعر نہیں بلکہ باقی تیئس اشعار بھی اس وقت کے حالات کے اسی طرح مرثیہ خواں ہیں۔ جگر کے حساس دل نے ماحول کی ہر ایک تلخی کو محسوس کیا۔ مخلص رہبرانِ قوم کی بے بسی کو بھی سمجھا، قومیت کے نام پر شیطنت کا غلبہ بھی دیکھا اور کانٹے کسی کے حق میں کسی کو گل و ثمر والا اہتمام گلستاں بھی آبا و اجداد سے جو مقدس ترکہ اردو زبان کی شکل میں ملا تھا، اسے بھی تنگ نظری کا شکار پایا۔ دل کی اذیت نے طنز کی شکل اختیار کر لی:

ہونے کو یوں تو روز نئی ہیں عنایتیں　　اردو زباں پر خاص کرم اس کا آجکل

ان ابتر شب و روز کے باوجود اربابِ حل و عقد خاموش نظر آئے۔ کچھ کے نزدیک یہ خاموشی مصلحت وقت کا تقاضا بنی ہوئی تھی۔ جگر کے لئے یہ تاویل نمک پاشی کے مصداق تھی۔ وہ دیکھ رہے تھے کہ شائستگی کے بھیس میں روحِ درندگی رواں دواں ہے، ایسے آڑے وقت پر بھی اگر ہاتھ پر ہاتھ دھر کر بیٹھ رہا جائے، تو وہ زندگی کیا!

اس سے تو خودکشی ہی غنیمت ہے اے جگر　　وہ مصلحت جو پیشۂ مرداں ہے آج کل

پھر ایک منحوس گھڑی آئی، جبکہ گاندھی جی کی شہادت کا سانحہ پیش آیا۔ جگر نے گاندھی جی کی یاد میں، جو عقیدت کا اظہار کیا ہے وہ اپنی آپ مثال ہے۔ بالخصوص جب ہم اس وقت کے حالات کے پیش نظر کا یہ خراج عقیدت پڑھیں تو بین السطور بہت کچھ نظر آئے گا۔ انھیں قومی زندگی میں بہتیرے ایسے افراد نظر آئے، جو گاندھی جی کا نام زبان پر من کے اندر چور رکھتے تھے۔ آوازیں، دراصل جگر اپنی آوازیں ہیں جنھیں [illegible] سمجھنا چاہیے [illegible] انھوں نے صاف طور پر پکار کر کہا:

چمن کے مالی اگر بنا ہیں موافق اپنا شعار اب بھی　　چمن میں آسکتی ہے پلٹ کر چمن سے روٹھی بہار اب

کوئی یہ چپکے سے ان کو پوچھے کہاں گئے آپ کے وہ نعرے　　نچوڑتا ہے لہو غریبوں کا دستِ سرمایہ دار اب

انھوں نے صرف رہبرانِ قوم کو ہی متوجہ نہیں کیا بلکہ اہلِ وطن سے بھی کہا:

اگرچہ آزادیٔ وطن کو گزر چکا ایک سال کامل　　مگر خود اہلِ وطن کے ہاتھوں فضا ہے ناسازگار اب

اسی کا ہے نام اگر ترقی تو اس ترقی سے باز آئے　　کہ خونِ مخلوق سے خدا کی زمیں ہے لالہ زار اب

یہی وہ زمانہ ہے جبکہ دیس کے کج فہم اور خود غرض لوگوں کے طرزِ عمل سے پوری ایک جماعت کی

حواس اور پریشان تھی۔ نہ حال کا اطمینان تھا اور مستقبل میں امید کی کوئی کرن جھلملاتی دکھائی دیتی تعصب اور جذبات کا غلبہ تھا۔ اس وقت بہت سے لوگوں پر عرصۂ حیات تنگ ہوتا دکھائی دیتا ان کا یہ حالِ تباہ بھی تنگ نظر اہلِ وطن کی نظروں میں خار تھا۔ لہذا جگر نے کہا :

ہمیں لا کر بھی خاک و خوں میں نہیں ہیں وہ مطمئن ابھی تک ہماری لحد کے ذرّے ہیں ان کے دامن پہ بار اب

اس نظم میں جس کا عنوان "آوازِ ہند" ہے، انھوں نے بہت کچھ کہہ دیا ہے اگر گوشِ نصیحت نیوش ہو یکایک انھیں خیال آیا کہ کہیں کوئی یہ نہ سمجھ لے کہ وہ بالکل مایوس ہیں۔ اس لئے یاد دلایا :

کبھی کبھی خود کرتے رہیئے، جگر کا مصرع یہ پڑھتے رہیے چمن میں آسکتی ہے پلٹ کر چمن کی روٹھی بہار اب

اور تنگ ظرفیٔ زمانہ کے خیال سے اپنی نیت کا بھی اعلان کیا۔ لیکن پورے وقار کے ساتھ :

جگر کی ہے زندگی محبت، نہیں ہے اس کو کسی سے نفرت جگر کے دل میں ہے سب کی عزت جگر ہے یاروں کا یار اب

ان کی نظم "نوائے وقت" دراصل "نوائے وقت" ہے :

اٹھو اٹھو کہ زندگی ہی زندگی پہ بار ہے بڑھو بڑھو کہ چار سو پکار ہی پکار ہے
وہ وقت ہے کہ علمِ حق ہے علمِ شیطنت میں گم وہ وقت ہے کہ آدمی کا آدمی شکار ہے
کہاں کے مطرب و غزل کہاں کے شاہد و چمن کہ زندگی تمام تر بساطِ کارزار ہے

اور یہ تک کہنے پر مجبور ہو گئے :

کھلا بابِ زنداں تو کیا اس سے حاصل کہ خود زندگی بن گئی قید خانہ

جگر کی اس مایوسی نے جو فسادات اور آزادی سے کچھ قبل اور کچھ بعد کے حالات کی بنا پر پیدا ہوئی تھی کہیں کہیں طنز کی شکل بھی اختیار کر لی جب بھی انھیں جھنجھلاہٹ ہوئی، ان کا لہجہ تند و تیز ہو گیا۔ اکتاہٹ، پریشانی اور بے بسی نے طبیعت میں جو تناؤ اور کھنچاؤ پیدا کیا، اسے کم کرنے کی یہی راہ ملی۔ مثلاً نویدِ آزادی کے ساتھ ساتھ ابتری بڑھی، گھٹی نہیں۔ عوام میں بے چینی پھیلی۔ کچھ دلِ ناصبور اپنے محبانِ وطن کو ہی موردِ الزام قرار دینے لگے۔ جگر کی طبعِ نازک پر یہ تنگ ظرفی بہت گراں گزری۔ وہ بس جھلا گئے :

گلشن کی تباہی پر کیوں رنج کرے کوئی الزام جو آنا تھا، دیوانوں کے سر آیا

ہمارے دیس کو کچھ بڑے ممالک کی اعانت درکار ہوئی۔ جگر کی غیور طبیعت کو ٹھیس لگی۔ ذرا تیور ملاحظہ فرمایئے:

کم نہ ہوئیں ان سے بھی کچھ ظلمتیں ربط بڑھایا تھا ستاروں کے ساتھ

اس پُرآشوب زمانے میں جھوٹی تسلیاں دینے والوں کی بھی کمی نہ تھی۔ بہت سے اربابِ اقتدار صرف 'گندم نمائی' پر اکتفا کئے ہوئے تھے۔ جگر نے اِن واعظانِ قوم کو براہِ راست مخاطب کیا:

صداقت ہو تو دل سینوں سے کھنچنے لگتے ہیں واعظ
حقیقت خود کو منوا لیتی ہے، مانی نہیں جاتی

یہ بات تو انھوں نے ان سب کی طرح کی جو تنگ نظری زمانہ کا شکار ہو رہے تھے لیکن کچھ ایسے بھی تھے جو اپنی سطحی اور وقتی آسودگی سے مطمئن ہو کر، ان کی ذاتی حالت پر ترس کھاتے ہوئے بے جگر ان احبابِ کم نظر کی نادانی پر کیسے ضبط کرتے۔ یہ عنوان شائستہ کہہ ہی دیا:

یہ غور اپنی جانب بھی اے کاش دیکھیں مرے حال پر رحم فرمانے والے

انھوں نے لوگوں کے قول و فعل میں تضاد پایا تو اس اخلاقی پستی پر کڑھے۔ ان میں بہت سے اکابر بھی شامل تھے۔ اب کیا کہتے، دل کے پھپھولے، دعا بن کے نکلے:

خدا کرے کہ حقیقت میں زندگی بن جائے وہ زندگی جو زباں تک ہی پائی جاتی ہے

انھوں نے یہ بھی دیکھا کہ اہلِ وطن جامِ آزادی سے سرشار ہوئے بغیر ہی بہکنے لگے۔ اس تنگ ظرفی پر انھیں ملال بھی ہوا اور مستقبل کی طرف سے اندیشہ بھی۔ یہ کہہ کر اپنی خلش مٹائی اور دوسروں کو ٹوکا:

نہ تابِ مستی، نہ ہوشِ ہستی کہ شکرِ نعمت ادا کریں گے
خزاں میں جب ہے یہ اپنا عالم، بہار آئی تو کیا کریں گے

مذہب کے نام پر بہت سے لوگ زمانے کے ہاتھوں کچھ ایسے ستائے گئے کہ ہمت ہی پست ہو گئی۔ انھوں نے فرقہ پرستی کو اپنی بدحالی کا ذمہ دار سمجھا اور سعی کے پاس جانے کی جرأت ختم کر بیٹھے۔ جگر کو اس رویے میں جوہرِ ذاتی کی توہین نظر آئی۔ اور انھوں نے پھر ٹوکا:

یہ غلام کارانِ عشق سوچیں، یہ شکوہ سنجانِ حُسن سمجھیں کہ زندگی خود حسین نہ ہو گی تو پھر تو جو وہ کیا کریں گے

جب رقصِ ابلیس ہر چہار طرف نظر آیا تو زبان سے نکلا :

حسن و صورت کے نہ حسرت کے نہ ارمانوں کے　　اُف کہ انسان ہیں ملے ہوئے انسانوں کے

ایسے حالات میں عظمتِ رفتہ کا دھیان آیا تو کچھ مسدس حالی والی کیفیت طاری ہوگئی :

اسی کشتی کو نہیں تابِ تلاطم صد حیف
جس نے منہ پھیر دیئے تھے کبھی طوفانوں کے

بہت سے اہلِ وطن نازِ بے جا میں مبتلا نظر آئے۔ اپنے آپ کو بزمِ خود باعثِ رونقِ گلستاں سمجھنے والوں کی کمی نہ تھی۔ جگر کو ان اوچھی طبیعتوں کے قرینے گراں گزرنا لازمی تھے۔ خودداری مانع تھی۔ کہ اپنے منہ سے اپنی تعریف کی جائے مگر یہ بھی بتانا ضروری تھا کہ حبِ وطن میں ہم کسی سے پیچھے نہیں! صرف اپنی ہی طرف سے بالکل شخصی طور پر نہیں بلکہ وطنِ عزیز کی ایک قابلِ لحاظ آبادی کی طرف سے :

پھولوں کو نازِ حسن اگر ہے تو ہو جگر　　کانٹے بھی ہیں غرورِ گلستاں لئے ہوئے

فسادات میں جس طرح انسانی اقدار پامال ہوئیں ان کی چبھن کا اندازہ تو ہم کر چکے ہیں لیکن جب یہ احساس طنزیہ شکل اختیار کر لیتا ہے تو کچھ اور دوآتشہ ہو جاتا ہے۔ مثلاً :

جہلِ خرد نے دن یہ دکھائے　　گھٹ گئے انساں بڑھ گئے سائے

رہبرانِ قوم میں کچھ ایسے بھی نظر آئے جو رہزن کہلانے کے مستحق تھے۔ جگر کو طیش آیا۔ بددعا نکلی :

بہ شکلِ ناخدا جس میں ہیں اب تک جعفر و صادق
وہ کشتی غرق ہو جائے تو بیڑا پار ہو جائے

لیکن جگر نے طنز پر تکیہ نہیں کیا اور نہ مایوسی میں آسودگی تلاش کی۔ یہ محض وقتی احساسات بن کر ان کی شاعری میں نمودار ہوئے۔ دراصل ان کا میلانِ طبع اثباتی تھا۔ اور وہ بڑے حق بیں تھے۔ یہی ان کی عالی ظرفی اور بلندیٔ کردار کی علامت ہے۔ انھوں نے یاس کے تیز جھونکوں کے دوران میں بھی نہ امید کا دامن چھوڑا اور نہ صداقت سے منہ موڑا۔ وہ حق گو بھی رہے اور حقیقت پسند بھی۔ انھوں نے بربریت کے مظاہرے دیکھے لیکن شعلۂ امید

سے اپنے چشم دل کو روشن رکھا۔ فسادات کے اس تاریک دور میں بھی ان کی آنکھیں کھلی رہیں۔ حیوانیت کی چیرہ دستیوں کے ساتھ ساتھ، اُس محبت کے پیکر بھی وہ دیکھ سکے اور انھوں نے نہ صرف اپنی ڈھارس بندھائی بلکہ اوروں کو بھی یہ مژدہ سنایا:

میں نے انھیں تاریک فضاؤں میں بھی اکثر　　دیکھے ہیں برستے ہوئے انوارِ محبت

اور تلقین کی،

خلوصِ عشق و یقینِ حیات کے ہمراہ　　جنونِ شوق و فسونِ نگاہ پیدا کر
یہی زمیں ترا مسکن، یہی ترا مدفن　　اسی زمیں سے تو مہر و ماہ پیدا کر

ان کا حقیقت شناس دل، آزادی کے نام سے مطمئن ہونے والا نہ تھا۔ انھوں نے اہلِ وطن کو مختلف قیود میں جکڑا ہوا دیکھ کر انھیں اس صورتِ حال سے آگاہ کرنا، اپنا فرض سمجھا:

قفس توڑ کر مطمئن ہو نہ بلبل　　قفس صورتِ آشیاں اور بھی ہیں

انھوں نے اپنے مزاج کو حرماں نصیب نہ ہونے دیا اور برابر اپنے آپ کو سمجھاتے رہے:

طولِ غمِ حیات سے گھبرا نہ اے جگر　　ایسی بھی کوئی شام ہے جس کی سحر نہیں

جب انسانوں نے درندوں کو مات کر دیا، اس وقت بھی انسان کے خلقِ انس پر ان کا ایمان باقی رہا:

وہی ہے روحِ محبت وہی ہے جسمِ وفا　　بدلتا رہتا ہے لیکن مذاقِ پیراہن

صدق دلی کا یہ عالم ہے کہ اپنی ذرا سی چوک بھی گوارا نہیں۔ خراب حالات نے بددل بنایا تھا جب حالات بدلتے دیکھے تو فوراً اعتراف کیا:

عشق کی بربادیوں کو رائیگاں سمجھا تھا میں
بستیاں نکلیں جنھیں ویرانیاں سمجھا تھا میں

حق گوئی میں کسی وقت بھی تکلف سے سروکار نہیں رکھا۔ اگر حالات کی سختی نے بھاگ مسافر، میرے وطن میرے چمن سے، کہلوانے پر مجبور کیا تو اسی کے ساتھ ساتھ وطن مالوف کی محبت عناں گیر بھی رہی:

کیا بتاؤں کس قدر بے خبر یا ثابت ہوئے　　چند تنکے جن کو اپنا آشیاں سمجھا تھا میں

بربادی اور تباہی کے عالم میں ہر چند مایوسی نے کمندیں ڈالیں لیکن وہ نکل ہی بھاگے۔ ان کی روشن ضمیر

ہمیشہ کام آئی اور وہ عارفانہ شان سے کہتے ہوئے ملے:

یہ صحن و روش، یہ لالہ و گل ہونے دو جو ویراں ہوتے ہیں
تخریب جنوں کے پردے میں تعمیر کے ساماں ہوتے ہیں
منڈلائے ہوئے جب ہر جانب طوفاں ہی طوفاں ہوتے ہیں
دیوانے کچھ آگے بڑھتے ہیں اور دست و گریباں ہوتے ہیں

ان کو یوں تو یقین کامل تھا کہ شہیدانِ وطن کا خون رائیگاں نہ جائے گا لیکن ان کا دل حق نگر یہ بھی کہتا تھا کہ اگر اس خون سے تعمیر وطن ہوتی تو کتنا اچھا ہوتا:

یہ خون جو ہے مظلوموں کا، ضائع تو نہ جائے گا لیکن
کتنے وہ مبارک قطرے ہیں جو صرفِ بہاراں ہوتے ہیں

انھوں نے اپنی ہمت بھی خود بندھائی اور دوسروں کا حوصلہ بھی بڑھایا:

جو طوفانوں میں پلتے رہے ہیں — وہی دنیا بدلتے رہے ہیں
نکھرتا آرہا ہے رنگِ گلشن — خس و خاشاک جلتے رہے ہیں
چراغِ دیر و کعبہ اللہ اللہ — ہوا کی زد پہ جلتے رہے ہیں

کبھی مذاق مذاق میں پتے کی بات کہہ کر مایوس ہونے سے بچانے کی کوشش کی:

یہ فتنے جن کو اک دنیا ہے نالاں — انہی سے گرمیٔ بازار بھی ہے
مگر ان حادثات سے گھبرا نہ جا! — یہی تو ہے دلچسپیوں کا زمانہ

اور اسی مطمح نظر کے تحت اپنی زندگی کے مقصد کی وضاحت کی:

مرا تو فرض چمن بندیٔ جہاں ہے فقط — مری بلا سے بہار آئے یا خزاں گزرے

نوائے وقت، میں ماحول کی پستی کا ذکر کرنے کے بعد بھی یہی کہا:

زبیں کو روندتے ہوئے، صنموں کو چیرتے ہوئے — بڑھے چلو، بڑھے چلو! یہ وقت کی پکار ہے

اعلانِ جمہوریت، تو عنوان ہی صاف بتا رہا ہے کہ میں کیا ہوں۔ یہاں پر انھوں نے بڑے خلوص کے ساتھ اربابِ اقتدار اور ابنائے وطن کی خدمت میں چند گذارشات پیش کی ہیں۔ انھیں اپنے

منصب سے آگاہ کیا ہے اور جمہوریت کے تقاضوں کی طرف رجوع کرایا ہے۔ یہ سب کچھ اس لئے اور بھی ضروری تھا کہ حالات دگرگوں تھے:

چمن چمن ہی نہیں جس کے گوشے گوشے میں — کہیں بہار نہ آئے کہیں بہار آئے
یہ میکدے کی، یہ ساقی گری کی ہے توہین — کوئی ہو جام بکف، کوئی شرمسار آئے

لہذا جتایا:

خلوص و ہمتِ اہلِ چمن پہ ہے موقوف — کہ شاخِ خشک میں بھی پھر سے برگ و بار آئے
نہ ہو عام مسرت، محال ہے اے دوست — کہ زندگی کو کسی حال میں قرار آئے

اور ان کا یہ ایمان رہا:

نمودِ صبح کاذب ہی دلیلِ صبح صادق ہے
افق سے زندگی کی دیکھ وہ ابھری کرن ساقی

حق گوئی ان کا شعار تھا۔ اس وقت کے سیاسی حالات کے پس منظر میں یہ شعر پڑھئے:

اس جہد و طلب کی دنیا میں کیا کارِ نمایاں ہوتے ہیں
ہم صرف شکایت کرتے ہیں، وہ صرف پشیماں ہوتے ہیں

دنیا کے حالات پر جب ان کی نظر گئی تو سائنس کی حیرت انگیز ترقی کے باوجود انھیں انسان کی اخلاقی پستی نظر آئی۔ ایک طرف آسائش و آرام کا سامان فراہم ہوتے دیکھا تو دوسری طرف مہلک ہتھیاروں کی تیاریاں بھی نظر آئیں۔ فوراً زبان سے نکلا:

تسخیرِ مہر و ماہ مبارک تجھے مگر — دل میں اگر نہیں ہے تو کہیں روشنی نہیں

جب انسان کو فضا اور خلا کی پرواز کے لئے آمادہ پایا تو کہا:

طعن کیا کیا نہ فرشتوں نے کیسے تھے جس پر
عرش پیما ہے وہی خاک کا پتلا ہو کر

دنیا کے مدبرین کو جب جنگ و جدل کے منصوبے باندھتے دیکھا تو اظہار تاسف کیا:

عمریں بیتیں، صدیاں گذریں — ہے وہی اب تک عقل کا بچپن

انھوں نے دیکھا کہ دیس کی نعمتیں سب کے لئے نہیں ہیں کوئی نادار ہے اور کوئی مال دار، تو زبان سے نکلا

پھول کھلے ہیں گلشن گلشن　　لیکن اپنا اپنا دامن

افراد کی نااہلی نے شمع آزادی کی لو بہت دھیمی کر رکھی تھی۔ ان کی صاف گو، اور حق گو، طبیعت بغیر کہے نہ

کام ادھورا اور آزادی　　نام بڑے اور تھوڑے درشن
شمع ہے لیکن دھندلی دھندلی　　سایہ ہے لیکن روشن روشن

لیکن اظہار حقیقت سے انھیں آسودگی نہیں ہوتی۔ وہ اکتساب بھی کرتے ہیں اور اپنی بالغ نظری کا گلا بھی:

وسعتِ فکر و نظر بھی نہ مجھے راس آئی　　ہر تبسم پہ جراحت کا گماں ہوتا ہے
سازِ مطرب کے کرشموں پہ نہ جانا کہ یہاں　　اکثر اس طرح سے بھی رقصِ فغاں ہوتا ہے

آخر کار اس وقت کے معاملات اس حقیقت کو سامنے لے آتے ہیں:

کارگہِ حیات میں اے دوست　　یہ حقیقت مجھے نظر آئی
ہر اُجالے میں تیرگی دیکھی　　ہر اندھیرے میں روشنی پائی

قحط بنگال نے ہر ایک حساس طبیعت کو جھنجھوڑا۔ جگر کا دل بھی خون ہوا۔ جو لکھا، انسانی ہمدردی میں لکھا اور ان کی دُور رس نگاہوں نے ان حالات کا انجام بھی بھانپ لیا۔ اس ناگہانی افتاد کی اوٹ میں انھیں سامراجی نظام کا تختہ اُلٹتا نظر آیا:

اربابِ وطن کو میری جانب سے ہو مژدہ　　اغیار کو مجبورِ سفر دیکھ رہا ہوں

ان کی حق گوئی و حق شناسی "ساقی سے خطاب" میں پوری فن کاری کے ساتھ نمایاں ہے۔ ہر شعر ایک حقیقت ہے، اعلان ہے۔ اس سائنسی دَور کی عظمتوں کے باوجود عالمِ انسانی میں جو انتشار پھیلا ہوا ہے، اس سے اپنی بات کا آغاز کرتے ہیں:

وہی انسان جس پر تاجِ مخلوقات ہونا تھا　　وہی اب سی رہا ہے اپنی عظمت کا کفن ساقی
لباسِ حریت کے اُڑ رہے ہیں ہر طرف پرزے　　یسارِ آدمیت ہے شکن اندر شکن ساقی
کہیں خود محو رہ جائے نہ قومی کلیت بن کر　　کہیں خود عشق ہو جائے نہ محدودِ وطن ساقی

اپنے معاشرے کی پست حالت کو بسا اوقات انھوں نے بے کم و کاست یونہی شعر کے قالب میں پیش کر دیا ہے :

شرافت کا معیار، افراطِ دولت — صداقت کی معراج، لفظی ترانہ
زبانوں پہ اصلاحِ قومی کے نعرے — مگر طبیعتیں بیشتر مفسدانہ

جگر کی اس تمام حق شناسی و حق گوئی میں اُن کی خود اعتمادی کو بڑا دخل تھا۔ انھیں ہر حال میں اپنی ذات پر بھروسہ رہا اور خودی کی تذلیل کبھی گوارا نہ کی۔ وہ رہینِ منت ہو کر زندگی گزارنا نہیں چاہتے تھے اگرچہ حوادثِ زمانہ کے تقاضے کچھ ایسے ہی تھے۔ جب اپنے گرد و پیش دیکھتے تو قدم ڈگمگانے لگتے۔ اسی لئے اپنے اندر خود اعتمادی پیدا کرنے کی خاطر اور دوسروں کے لئے مثال قائم کرنے کی غرض سے برابر اقدار کی بات کرتے۔ جگہ بہ جگہ ان کے کلام میں یہ تاثر موجود ہے مثلاً

جان فدا اس پہ کہ جس نے جگر — زیست بسر کی نہ سہاروں کے ساتھ
وہ ہمیں ہیں کہ جن کے ہاتھوں نے — گیسوئے زندگی سنوارے ہیں

جو حق کی خاطر جیتے ہیں، مرنے سے کہیں ڈرتے ہیں جگر
جب وقتِ شہادت آتا ہے، دل سینوں میں قصاں کہتے ہیں

ہم کو مٹا سکے، یہ زمانے میں دم نہیں — ہم سے زمانہ خود ہے زمانے سے ہم نہیں
میری زباں پہ شکوۂ اہلِ ستم نہیں — مجھ کو جگا دیا، یہی احسان کم نہیں
پھول بسر کرتے ہیں خاروں کے ساتھ — کھیلتے ہیں ہم بھی شراروں کے ساتھ
زندگی ہے نام جہد و جنگ کا — موت کیا ہے؟ بھول جانا چاہیئے

توبہ زمانہ بساز" کی بات سنی تو پھر اپنے مسلک کی وضاحت کی :

ہر ایک غم کو فروغ دے کر یہاں تک آراستہ کریں گے — وہی جو رہتے ہیں دُور ہم سے، خود اپنی آغوش وا کریں گے
جو عمر سے گزریں گے سرفروشانہ کارنامے سنا کریں گے — وہ اپنے دل کو ہزار روکیں، مری ہمت کو کیا کریں گے
ہم اپنی کیوں طرزِ فکر چھوڑیں، ہم اپنی کیوں وضع خاص لیں — کہ انقلابات تو یہ تو ہوا کئے ہیں، ہوا کریں گے

اس طرح جگر نے ملک کے مظلوم طبقے کی ترجمانی کی۔ صاف صاف بتایا کہ ہمیں اپنی صداقت پر بھروسہ ہے۔ ہم محنت کے بندے ہیں۔ ہم سے اپنی زبان، تہذیب اور روایات ترک کرنے کی بات نہ کرو۔ یہ چھوٹے دل کی باتیں ہیں۔ جگر نے یہ سب کچھ کہا اور پورے اعتماد کے ساتھ کہا اور ساتھ ہی ساتھ احباب کے سامنے ایک نصب العین بھی رکھا۔ اور جتایا کہ تمھارا فرض کیا ہے:

خود اپنے سوزِ باطن سے نکال اک شمع غیب رفانی
چراغ دیر و حرم تو لے دل جلا کریں گے، بجھا کریں گے

جب مہاتما گاندھی کی آواز کو ملک کی ایک بڑی تعداد مجذوب کی بڑ سمجھنے لگی، اس وقت جگر کا اپنا ایمان بھی متزلزل ہو گیا، لیکن جلد ہی وہ خود کو ہوش میں لے آئے:

ناز ہے شاہدِ فطرت کو بھی جس پر ہم دم — وہ چمن سب میں لگائے ہوئے دیوانوں کے

تغیرات زمانہ سے گھبراہٹ ہوئی تو پھر دہرایا:

انقلابات سے کیا خوف کہ ہر عزم جگر — اسی آغوش میں پلتا ہے، جواں ہوتا ہے

انھیں اپنے منصب کا بھی پورا احساس رہا۔ اس منحوس دور سے گزرے لیکن اپنی ہستی کو فراموش نہیں کیا۔ آلامِ روزگار کے مارے ہوئے اپنے حرماں نصیب بھائیوں سے پکار کر کہا:

آگے قدم بڑھائیں جنھیں سوجھتا نہیں — روشن چراغِ راہ کئے جا رہا ہوں میں

جن لوگوں نے ان پر اعتبار نہیں کیا اور ان کی عظمت کے قائل نہ ہوئے یا انھیں سمجھ ہی نہ سکے ان سب کو بھی انھوں نے مخاطب کیا اور اپنی شانِ امتیاز بتائی:

میں وہ صاف ہی نہ کہہ دوں جو ہے فرق مجھ میں تجھ میں
ترا درد، دردِ تنہا، مرا غم، غمِ زمانہ

جگر نہ رہ جائے بن کر آہ جو اک کاسۂ سائل — نہ ایسی شاعری اپنی، نہ ایسی زندگی اپنی

اتنا کہہ کر وہ چپ نہیں ہو گئے بلکہ واضح طور پر انھوں نے رہنمائی بھی کی۔ وہ جانتے تھے کہ گمراہ کن حالات کا سامنا ہے۔ پریشان طبیعتیں اور سہمے ہوئے دل بڑی جلدی بدگمان بھی ہو جاتے ہیں اور مایوس بھی۔ وہ دیکھ رہے تھے کہ اہلِ غرض اور فتنہ پرور سارے ملک میں چھائے ہوئے ہیں

ایسے وقت میں انھوں نے "گزرجا" میں بازیچۂ ارباب سیاست سے نہ صرف نفرت و بیزاری کا اظہار کیا بلکہ ہر اک گمرہی کی طرف سے متنبہ کیا اور واضح الفاظ میں لائحہ عمل سامنے رکھا۔ ان سب کے لئے جو اُن کی طرح زمانہ کے ہاتھوں بیزار تھے:

ہر تنگ نظر اہلِ صحافت سے گزرجا ہر سادہ و پُرکار عبارت سے گزرجا
الفاظ نہیں دام ہیں یہ مکر و دغا کے ہر سادہ و پُرکار عبارت سے گزرجا

اس پوری نظم میں اس وقت کے پیش نظر لطیف اشاروں میں نہ صرف بے راہ روی سے بچنے کو کہا ہے بلکہ راہ راست پر گامزن ہونے کی تلقین بھی کی ہے:

سر تا بقدم پیکرِ ایثار و عمل بن مرحلۂ شکر و شکایت سے گزر جا

پھر ایک وقت وہ آیا جب انھوں نے وطن کو راہِ راست پر گامزن دیکھا۔ اس وقت بڑی سادگی اور نیک نفسی سے رہبرانِ قوم کی خدمت میں خراجِ عقیدت پیش کیا:

سعیٔ ماکِ فکر و نظر دیکھتا ہوں میں منزل رواں دواں ہے جدھر دیکھتا ہوں میں

جگر کے اس اثباتی میلانِ طبع اور خود اعتمادی کا راز، ان کی حب الوطنی میں پنہاں ہے۔ وہ اپنے وطن کے سچے پرستار تھے۔ انھیں فرقہ وارانہ فسادات اور اس زمانے کے خراب حالات نے بددل کیا اور جب انھیں ہر طرف بربادیٔ چمن کے سامان نظر آئے اور انھوں نے ہر شے میں کسی شے کی کمی پائی، وہ تلخیٔ دوراں کا بُری طرح شکار ہو گئے۔ مایوسی اور بیزاری طبیعت میں دخل کرنے لگی، لیکن یہ کیفیت ان کا مزاج نہ بن سکی۔ ان کی شخصیت نے حالات کے آگے سپر نہیں ڈالی بلکہ ان کا جوہرِ ذاتی اُبھرا انھوں نے دلِ ناداں کو بہر طور سمجھایا اور سادہ گیتی کے سچے پسوت ہونے کی بنا پر گمراہ ہونے سے بچ نکلے جب انھیں انسان گھٹتے ہوئے اور سائے بڑھتے ہوئے دکھائی دئے تو ان کی چشم بصیرت نے اسے فریبِ نظر سے زیادہ اہمیت نہیں دی اور وہ آخر کار خود کو سمجھانے اور دوسروں کو بتانے میں کامیاب ہوئے:

پھول وہی چمن وہی فرقِ نظر نظر کا ہے عہدِ بہار میں تھا کیا، دورِ خزاں میں کیا نہیں

مگر انھوں نے دیکھا کہ ان کا یہ جذبہ سادہ لوحی پر محمول کیا گیا۔ ان کے اپنے بھی ان کو ناعاقبت اندیش

بھی بیٹھے۔ ان اہلِ دنیا کے نزدیک، برے کو برا ہی کہنا مناسب بات تھی اور بد سے اجتناب برتنا ہی کچھ عاری تصور کیا جا سکتا تھا۔ جگر نے ایسے آڑے وقت میں اپنے آپ کو بھی سمجھایا اور تنقید بین نظروں کو بھی جواب دیا:

گلشن پرست ہوں مجھے گل ہی نہیں عزیز　　کانٹوں سے بھی نباہ کئے جا رہا ہوں میں

ساقی سے خطاب، میں ان کا جذبۂ وطنیت ایک والہانہ انداز اختیار کر گیا ہے اور وہ کہہ اٹھتے ہیں:

یہ سنتا ہوں کہ پیاسی ہے بہت خاکِ وطن ساقی
خدا حافظ چلا میں باندھ کر سر سے کفن ساقی

اور آخر میں وارفتگی کا عالم طاری ہو جاتا ہے اور وہ اپنے ساقیٔ خانۂ روحانیت کے حضور میں بس یہی ایک آرزو لئے ہوئے نظر آتے ہیں:

بدہ جامِ مے باقی کہ در جنت نہ خواہی یافت
سوادِ ساحلِ گنگا و گلگشتِ چمن ساقی

جگر کی دیدہ وری اپنے وطن کے حالات تک ہی محدود نہیں رہی۔ انھوں نے ہندوستان کے سیاسی حالات کا بھی جائزہ لیا اور دنیا کے اسبابِ انتشار پر بھی نظر ڈالی۔ پھر وہ اس نتیجے پر پہنچ گئے کہ ساری خرابی کی جڑ، امتیازِ رنگ و نسل اور وطنیت کا محدود تصور ہے۔ ان کی وسعت فکر نے جغرافیائی حدود سے بالاتر ہو کر دیکھنے پر اکسایا اور وہ وطن پرستی سے گزر کر انسان دوستی کی منزل میں اتر آئے۔ اس نقطۂ نظر کا نمایاں اظہار ان کی نظم 'گذر جا' میں موجود ہے:

انسانیتِ عام کے مرکز کی بنا ڈال　　ہر ناقص و محدود جماعت سے گذر جا
ہے خدمتِ مخلوق ہی نعم البدل اپنا　　کر خدمتِ مخلوق، تجارت سے گذر جا
تو حسن کے اک دائرۂ کل کی طرف آ　　ہر جزوی و محدود حقیقت سے گذر جا
انسان بن انسان، یہی ہے تری معراج　　رنگ و وطن و قوم کی لعنت سے گذر جا

انھوں نے ہر ایک کو اپنی اپنی عینک کا پابند پایا اور تعلیم و تربیت کی بھٹی سے حسب خواہش اور حسب ضرورت سانچوں میں ڈھلے ڈھلائے انسان نکلتے دیکھے۔ اس پابندیٔ حالات و خیالات میں انھیں

اشرف المخلوقات کی سراسر تذلیل نظر آئی:

بشر کی یہ پستی ارے توبہ توبہ　　زمانے کا آقا، غلامِ زمانہ

وہ برابر بلند ہمتی کا درس دیتے رہے۔ حسن عمل اور حسن یقین کی تلقین کرتے رہے۔ اک جنت جاوید پیدا کرنے کے لئے اُبھارتے رہے کیونکہ ان کے سامنے زندگی کا واضح تصور موجود تھا:

عشق ہی زندہ و پائندہ حقیقت ہے جگر　　عشق کو عام بنا، ذوقِ یقین پیدا کر

یہ جائزہ نامکمل بھی ہے اور شخصی تصورات کا پابند بھی مگر ان کوتاہیوں کو دور کرنے کی کوشش نہیں کی گئی ہے، کیونکہ 'آتش گل' کی شاعری میں جگر کی شخصیت کا پرتو اور ماحول کا عکس تلاش کرنا تھا، اس غرض سے اس مجموعے کے متعدد اشعار کو ان کے پس منظر میں بقدر ظرف دیکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ 'آتشِ گل' میں آزادی سے قبل کے تفرقے سے متاثر ہو کر بھی کہا گیا ہے اور آزادی کے بعد رونما ہونے والے انسانیت سوز واقعات بھی جگر کا حساس دل، خونِ جگر کے برابر رقم کرتا چلا گیا ہے۔ کبھی وہ کرب سے چیخ اٹھے اور لہجہ سخت ہو گیا اور کبھی اس کے دامن کی گرفت بالکل ڈھیلی پڑ گئی۔ لیکن ہر بار انھوں نے اپنے آپ کو سنبھالا اور روشن پہلو کو پیش نظر رکھ کر اپنے آپ کو تازگی بخشی۔ اس رویے کو اختیار کرنے میں ان کی حب الوطنی بڑی کام آئی اور ان کی حق شناس نظریں انجام کار انسان دوستی پر جا کر ٹکیں۔ بس یہی تمام کیفیات 'آتشِ گل' کے اشعار میں جھلکتی ہیں۔ کبھی پس پردہ اور کبھی منظر عام پر۔ کہیں اشاروں میں اور کہیں پوری بے تکلفی کے ساتھ۔ کسی وقت زیرِ لب اور کسی وقت بہ بانگ دہل۔ سچ تو یہ ہے کہ انھوں نے اپنے بارے میں ذرا بھی غلط نہیں کہا:

تکلف سے تصنع سے بری ہے شاعری اپنی
حقیقت شعر میں جو ہے وہی ہے زندگی اپنی

'آتشِ گل' اس شعر کی تائید بھی ہے اور جگر کی زندگی کا آئینہ دار بھی۔ اس بات کا سب سے بڑا ثبوت یہی ہے کہ شعلہ طور' میں اس جہان کی خبر اس طرح نہ ملے گی۔ انسان یوں تو بذاتِ خود اک محشر خیال ہے، لیکن اس کی شخصیت اپنے ماحول کے ردِ عمل سے ہی بنتی ہے۔ جگر نے کسی مخصوص سیاسی مسلک یا

فلسفیانہ نظریے کے لئے اپنی شاعری کو فرضِ کفایہ کے طور پر پیش نہیں کیا۔ وہ 'ترقی پسندی' اور 'ادب اور قومی شاعری' جیسی ٹکسالی اصطلاحات کے رعب میں بھی نہیں آئے۔ اور یہی ان کے جو ذاتی یا نفسی وجود کا کرشمہ ہے جو انھیں دوسروں سے نہ صرف ممیز کرتا ہے بلکہ ممتاز و نمایاں اور گراں بھی بنا دیتا ہے۔ 'آتشِ گل' کا خالق، انسان دوستی کا علم بردار ہے۔ وہ حقیقت پسند بھی ہے اور ترقی پسند بھی۔ تنگ ظرفی، تعصب اور محدود عقائد کے خلاف جد و جہد بھی کر رہا ہے اور راہِ نیک کی نشان دہی بھی۔ اس نے اپنے افکار سے اہلِ وطن کو چونکایا بھی، کبھی نرم لہجے میں، کبھی درشتی سے لیکن اس کا خلوصِ نیت بہرحال شامل رہا۔ 'آتشِ گل' کی شاعری کے عہد میں ان کی شخصیت کا ایک نمایاں موڑ آیا۔ وہ 'چیزے دیگر' بن گئے۔ ماحول کے ردِ عمل سے ان کے جوہر کھلے اور ان کی شخصیت نے جلا پائی۔ اس آب و تاب کے ساتھ انھوں نے یہ سب کچھ کہا اور پوری فنی مہارت کے ساتھ کہا۔ اس طرح انھوں نے غزل کے پیرہن کو وسعت دی، اس کو کچھ اور حسین بنایا اور پہلے سے زیادہ کام کی چیز بھی۔ اسی لئے جبکہ اس دور کے بہت سے مقبول و معروف شعراء کا کلام کسی سیاسی جلسے کی ہنگامہ آرائی کی طرح بہت جلد فراموش کر دیا جائے گا، جگر کی 'آتشِ گل' صاحبانِ دل کو برابر گرماتی رہے گی۔

بابرنامہ

پروفیسر محمد مجیب

دنیا میں بہت سے مصور گزرے ہیں، جنھوں نے اپنی تصویر بنائی ہے اور اس طرح اپنی طبیعت کے وہ رنگ دکھائے ہیں، جو ہمیں اور کہیں نظر نہیں آتے۔ بابرنامہ میں ہمیں ایک شخصیت کی تصویر ملتی ہے، جو وقفوں کے ساتھ قریب چھتیس برس تک کھینچی جاتی رہی۔ بابرنامہ کو جس حیثیت سے دیکھئے ایک شاہکار ہے۔ اس کی زبان چغتائی ترکی کا نمونہ ہے، اسے بابر نے اپنے ہاتھ سے لکھا اور اس کا خط اتنا خوب صورت تھا کہ وہ خط بابری کے نام سے مشہور ہوا۔ بابر کی طبیعت ایسی نہیں تھی کہ وہ کسی کام کو روز پابندی کے ساتھ کرتا رہتا۔ روزنامچے کے لحاظ سے بابرنامہ مکمل نہیں ہے، بابر نے اپنی سوانح عمری ۱۴۹۴ء سے شروع کی ہے، جب وہ بارہ برس کی عمر میں فرغانہ کا بادشاہ ہوا اور غالباً اس کے چند سال بعد سے وہ ایک یادداشت لکھنے لگا، جس کی مدد سے اس نے بعد میں کتاب مرتب کی۔ جو کچھ یادداشت میں نہیں تھا وہ کتاب میں بھی رہ گیا، لیکن اس سے بابرنامہ کی تاریخ اور ادبی قدر کم نہیں ہوتی، اس کے کئی زبانوں میں ترجمے ہوئے ہیں اور ہر ملک اور ہر مذاق کے لوگ اس کی سادگی، صفائی اور بے تکلفی کی تعریف کرتے ہیں۔

اپنے باپ عمر شیخ مرزا کا خاکہ بابر نے اس طرح کھینچا ہے: ٹھگنا قد، چہرے کا رنگ سرخ، چھوٹی گھنی ڈاڑھی، بدن بھاری، مزاج خدا چالاک، کپڑے بہت چست پہنا کرتے تھے۔ چنانچہ بند باندھتے تھے تو پیٹ سکیڑ لیتے تھے، اکثر ایسا ہوتا کہ باندھنے کے بعد بدن چھوڑ دیتے یا سانس لیتے تو بند ٹوٹ جاتے تھے..... وہ خاصے پڑھے لکھے تھے، خمسین، مثنوی اور تاریخ کی کتابیں ان کی نظر سے نکلی ہوئی تھیں۔ شاہنامہ کو بہت دیکھا کرتے تھے، اگرچہ موزوں طبیعت تھی، مگر شعر گوئی پر توجہ کرتے تھے..... وہ سخی بھی بہت تھے اور سخاوت ہی جیسی ان کی اور خصلتیں بھی تھیں، خوش مزاج

شیریں کلام اور بہادر آدمی تھے ... تیر انداز اوسط درجے کے تھے، گھونسا زبردست مارتے تھے، یہ ممکن نہ کہ وہ کسی کو گھونسا ماریں اور گھونسا کھانے والا گر نہ پڑے، ملک گیری کے خیال میں بہت دوستوں سے بچھڑ گئی تھی اور بہت سے لوگ ان سے کھٹک گئے تھے۔ شروع میں بہت شراب پیتے تھے پھر ہفتہ میں دو ایک مرتبے نوشی کا جلسہ ہونے لگا، خوش صحبت آدمی تھے۔ ایسے موقعوں پر مناسب اشعار پڑھا کرتے تھے۔ آخر میں معجون بہت کھانے لگے تھے۔ معجون کھانے کے بعد مزاج چڑچڑا ہو جاتا تھا۔ رحم دل بہت تھے، ہمیشہ جو سر کھیلتے رہتے، کبھی جوا بھی کھیل لیتے تھے۔"

بابر ایسے باپ کا بیٹا تھا، باپ کے بارے میں اس نے جس طرح سے لکھا ہے اس سے ہم سمجھ سکتے ہیں کہ اپنے بارے میں بھی اس نے بے تکلفی سے، گویا بغیر تیاری کے، جیسے کوئی کسی دوست سے بات کرتا ہے، سب کچھ بیان کر دیا ہوگا۔ اس نے اپنے وطن فرغانہ، سمرقند، کابل، اور ہندوستان کا جغرافیہ خاصی تفصیل سے بیان کیا ہے۔ آدمیوں کا ذکر کرتے ہوئے، اس نے خیال نہیں رکھا ہے کہ ہم انھیں نہ جانتے ہوں گے اور یہ مشکل بھی بہت تھا کہ وہ سینکڑوں آدمیوں اور جھگڑوں کا پورا حال لکھے جن سے اس کو واسطہ پڑا مگر اس کا ہمیں خوب اندازہ ہو جاتا ہے کہ یہ ایسی دنیا تھی، جس میں نہ آدمی کا بھروسہ تھا نہ بات کا، جس کی تقدیر میں بے چینی لکھی ہوئی تھی، جس میں مرد آدمی وہ تھا جو ہر وقت جان اور مال کو داؤ پر لگائے رکھتا اور بے فکری سے دوستوں کے ساتھ مل بیٹھتا، شعر پڑھتا اور شراب پیتا، غفلت اور بیداری، نشہ اور ہوشیاری کی دھوپ چھاؤں کے خوب مزے لیتا۔ بابر پانی پت کی طرف ابراہیم لودھی سے مقابلے کے لئے بڑھ رہا تھا، سب کچھ ہار جیت پر منحصر تھا اور وہ کسی وقت غافل نہیں ہوا۔ لیکن کسی شوق میں کمی نہیں ہوئی۔ وہ ایک ہی سلسلہ میں لکھتا ہے کہ خواجہ کلاں غزنی سے شراب کے کئی ادنٹ ملایا تھا، اس کا مکان قریب ہی تھا، وہیں محفل جمی۔ پھر اس علاقے کی کھیتی باڑی کا ذکر آتا ہے، وہ کہتا ہے کہ مقام خوب صورت ہے، اس کے قریب دو مرغزار ہیں، پہاڑ چھوٹے چھوٹے ہیں، جہاں کبادی ہے، وہاں سوداور بندر بہت ہیں۔ اس کے بعد جنگ کی کارروائیاں بیان ہوتی ہیں پھر نظر قدرت کے مناظر کی طرف جاتی ہے، ایک جگہ پسند آئی ہے۔ وہ کہتا ہے کہ میں نے یہاں ایک

چار باغ بنانے کا حکم دیا۔ پھر ایک لڑائی ہوتی ہے، اس کا حال بیان کرکے وہ لکھتا ہے کہ اسی مقام پر ہمایوں نے اپنی ڈاڑھی منڈائی۔ اس کو آج اٹھارہواں سال ہے اور مجھ کو چھیالیسواں اب وہ سرسادہ کے پاس پہنچ گیا تھا۔ یہاں ایک چشمہ تھا جس میں برابر پانی رہتا تھا۔ اس میں سیر کرنے کے لئے ایک کشتی بنائی گئی، جس میں دالان تھا۔ فضا کا لطف اٹھانے اور ہر طرف نظر دوڑانے کے اصل مقصد پر کوئی بڑا اثر نہیں پڑا۔ پانی پت کے میدان میں اسے کامیابی ہوئی دہلی پر قبضہ ہوا، اس کے بعد آگرہ پر۔ مگر اس وقت گرمی بہت بڑھ گئی تھی، آگرہ کے باشندے مغلوں سے ڈر کر بھاگ گئے تھے، اس لئے بابر کے سرداروں اور اس کی فوج کو غلہ اور چارہ کی کمی سے بڑی تکلیف پہنچی۔ اچھے اچھے سرداروں اور سپاہیوں کے جی چھوٹ گئے۔ اس حالت کو دیکھ کر بابر نے سب کو بلایا اور کہا: "غور کرو، مدتوں کوشش کی، محنت اٹھائی، فوجیں لے کر چڑھائیاں کیں، ہم نے اپنی جان کو اور فوجوں کو لڑائی کی جلتی آگ میں ڈالا۔ خدا نے فضل کیا کہ ایسے ایسے زبردست دشمن زیر کئے، یہ وسیع ملک ہاتھ آیا۔ اس وقت کونسی زبردستی ہے اور کیا دباؤ ہے کہ جس ملک کو اتنی جان کاہی سے لیا ہے، اسکو یوں ہی چھوڑ کر چلتے بنیں اور تنگ دستی کی بلا میں پھنسیں؟ جو میرا دوست ہے وہ بیہودہ باتیں منھ سے نہ نکالے، جس کو ٹھہرنے کی تاب نہ ہو اور جو جانا چاہے بسم اللہ کرے۔"

گویا شمالی ہندوستان پر حملہ کرکے وہاں کی حکومت حاصل کرنا کوئی سیاسی پالیسی نہیں تھی، بس کچھ دوست تھے جو خوشی اور رنج میں ایک دوسرے کا ساتھ دینا چاہتے تھے اور لڑائیاں صرف اس وجہ سے لڑتے تھے کہ اس کے سوا زندگی گزارنے کی اور کوئی صورت نہ تھی۔ تھوڑے دنوں میں حالات اور بدلے، بابر کی بارہ تیرہ ہزار فوج کچھ اور کم ہوگئی۔ ایک طرف رانا سنگرام مقابلے کے لئے تیار ہوا، دوسری طرف پٹھان سرداروں نے جگہ جگہ مخالفت شروع کی، محمد شریف، فوج کے نجومی نے پیشین گوئی کی کہ اس وقت جو لڑے گا وہ نقصان اٹھائے گا۔ کھانوا کی لڑائی سے پہلے معاملہ اتنا نازک ہوگیا تھا کہ بابر کو اپنے گناہ سب یاد آگئے۔ اس نے شراب ساری پھینکوا دی، سونے چاندی کے پیالے اور صراحیاں خانقاہوں میں اور غریبوں میں

تقسیم کرادیں، شیشے کے برتن سب توڑ ڈالے بابر کے ساتھ اس کے تین سو کے قریب سرداروں نے اس طرح توبہ کی جب لڑائی ہونے والی تھی تو بابر نے اپنے سرداروں اور سپاہیوں کو جمع کر کے کہا کہ جس نے ماں کا پیٹ دیکھا ہے وہ ضرور ایک دن قبر بھی دیکھے گا، جو دنیا میں آیا ہے، وہ یہاں سے جائے گا بھی .... اب سب کو حلف اٹھانا چاہیئے تاکہ کوئی اس موت سے نہ بھاگے اور جب تک دم میں دم ہے اس لڑائی سے منہ نہ پھیرے" یہ پہلا اور آخری موقع تھا جب لڑائی کو ایک مذہبی حیثیت دی گئی، ورنہ اسے ایسا کام سمجھا گیا جسے مرد آدمی کرتے ہیں اور مرد آدمی ہونے کی وجہ سے کرتے ہیں۔

بابر کی نظر ہندوستان کی ایک ایک چیز پر پڑتی، پہاڑوں، میدانوں، دریاؤں اور چشموں پر، درختوں، پودوں اور پھولوں پر جانوروں اور پرندوں پر، اس نے ہر چیز کا مقابلہ اپنے وطن کی چیزوں سے کیا اور آخر میں جو رائے قائم کی وہ ہندوستان کے حق میں نہیں تھی، مگر یہ رائے ایک آزاد شخص کی تھی، جو اچھے اور برے میں تمیز کر سکتا تھا اور جو کچھ پسند ہوتا اس سے واقعی لطف اٹھا سکتا تھا۔ اس نے اپنے کسی عیب اور کسی غلطی کو چھپایا ہوتا تو ہم کہتے کہ اسے ہندوستان پر اعتراض کرنے کا حق نہیں تھا، لیکن وہ مرد تھا، قدر شناس تھا، بے تکلف تھا، اس نے جس آئینے میں اپنی صورت دیکھی اس میں سب کو ان کی صورت دکھائی۔

بازگشت

محترمہ ساجدہ زیدی

رات خاموش ہے تاروں کے دیے بھی خاموش
آج بیتابیٔ دل سوزِ دروں ساکت ہے
جیسے طوفانِ بلا دل میں لئے ہجر نصیب
سطحِ دریا کی ہر اک موج بھی یوں ساکت ہے
ہر شجر سہما سہما سا نظر آتا ہے
شب مہتاب کا ہر کیف فسوں ساکت ہے
ہم نفس تیرگیٔ شب کے سوا کوئی نہیں

کتنے بے نور ہیں بجلی کے ستارے اس شب
درد میں لپٹی ہوئی رات کی پہنائی ہے
سوز میں ڈوب کے نکلا ہے سفینہ دل کا
کیسے بتلاؤں میں کس طرح یہ رات آئی ہے
ماہِ امید بجھا شوق کے تارے ڈوبے
بس یہاں میں ہوں مرے درد کی تنہائی ہے
شبِ مہ کیف سحر، بادِ صبا کوئی نہیں

اے شبِ ناز تجھے قصۂ دل کیسے سناؤں
کیا یہ ممکن ہے کہ لے آئے تو اس دل کی تاب
کس طرح کھول کے رکھ دوں ترے سناٹے میں
جس کا عنواں ہے غمِ دل وہ تمنا کی کتاب
یاس و حرماں مرے سوز و تپشِ دل کا صلہ
کم نگاہی مری دیرینہ وفاؤں کا جواب
ہاں مگر دشتِ تمنا سے گلہ کوئی نہیں

تند طوفانِ بلا شوق کی لو لرزاں سی
دل کی نازک سی تمنائیں کڑی راہ گذر
ایک دہکا ہوا شعلہ سا رگِ جاں کے قریب
یاس کی تپتی دوپہروں میں امیدوں کے سفر
دشتِ تنہائی میں بکھرے ہوئے یادوں کے نجوم
شبِ فرقت میں پروئے ہوئے اشکوں کے گہر
صلۂ راہروِ کوئے وفا کچھ بھی نہیں

وادیٔ فکر کے رستے بڑے پُر پیچ سہی
ذہن بیتاب کو ملتی تھیں پناہیں لیکن

دل مرا درد کے صحراؤں میں بھٹکا کیا کیا؟
شوقِ آوارہ کی پیاسی تھیں نگاہیں لیکن

ہر نفس جادۂ امید کا رہرو تھا مرا
بند تھیں عشرتِ امروز کی راہیں لیکن

اور اس کش مکشِ غم کا صلہ کچھ بھی نہیں

تجربے غم کے سناؤں جو عنوانِ حیات
زندگی کر دوں برہنہ تو ہزاروں ناسور

لاکھوں پیاسے رہے میخانے کی دیوار تلے
جن کو صہبائے نشاط اور مئے رنگین تھی دُور

مضمحل دستِ جنوں کو وہ گراں غم کے اٹھائے
شعلۂ دل نہ بجھے پائے وفا گو رہے دور

وہ مظاہر کہ نظر جن سے چرائی نہ گئی

ظلم سرمایہ کے اور پیکرِ تہذیب کا درد
محنتِ روز و شبِ شام و سحر گریہ کناں

محنتِ شب کی طرح سخت کڑی دھوپ کے دن
شام کی گود میں پھیلا ہوا کیٹوں کا دھواں

یاس کی گرد سے مٹ جائے ہوئے عارضِ زرد
حسنِ تہذیب کے چہرے پہ سیاہی کے نشاں

وہ سیاہی کہ جو غازوں کی چھپائی نہ گئی

دھوپ کی آنچ سے کمھلاتے رہے پھول سے جسم
وہ نسلیں کہ تصور سے لرز جائے حیات

خونِ مزدور کی گلرنگ حسینوں کے لباس
دلِ مضطر کی تمنا تھی کہ ڈھل جائے یہ رات

محنتِ سخت کا غازہ رخِ محبوبی پر
نگہِ دل کا تقاضا کہ سنور جائے حیات

ظلم و بیداد کا اس دور میں چرچا ہی نہیں

پھر بھی میں راہِ تمنا سے اٹھا لائی ہوں
ریزہ ہائے غمِ دل، سوزِ دروں، خونِ جگر

سلسلہ ایک ہی وحشت کا وہ دل ہو کہ حیات
ایک ہی فردِ جنوں تارِ نفس تارِ نظر

اے شبِ تار بتا ان کو کہاں لے جاؤں
دل کے دامن میں سمیٹے ہیں وفا کے جو گہر

دہر میں جنسِ وفا کا کہیں سودا ہی نہیں

جون ۱۹۶۱ء

حالات حاضرہ

چین اور ہندوستان

چین نے دھمکی دی ہے کہ اگر ہندوستان اپنی فوجی سرگرمیوں سے باز نہ آیا اور سرحدوں پر نئی فوجی چوکیاں قائم کرتا رہا تو اس کی فوجیں میک ماہن لائن کو پار کر جائیں گی، ہندوستان کی حکومت نے اس کے جواب میں یہ واضح کر دیا ہے کہ اگر ایسا ہوا تو ہندوستان اس کی مزاحمت کرے گا اور ضرورت پڑی تو وہ جنگ کر کے چین کو مجبور کرے گا کہ وہ ہندوستان کی سرحدوں پر اپنے جارحانہ عزائم سے باز آئے۔ چین نے ہندوستان کے ساتھ اب تک جو کچھ کیا تھا وہ بغیر اعلان کے کیا تھا، اس مرتبہ باقاعدہ اعلان ہے، دھمکی ہے اور بہانہ یہ ہے کہ ہندوستان اپنی سرحدوں کی حفاظت کر رہا ہے، ہلکا خیال ہے کہ بین الاقوامی دنیا کے لئے چین کے اس رویہ میں کوئی ایسی بات نہیں جس سے وہ دم بخود رہ جائے، اس قسم کے بیسیوں تماشوں سے دنیا کی تاریخ بھری پڑی ہے، معلوم ہے کہ جب کوئی قوم بین الاقوامی جرائم کے لئے اپنا پروگرام بناتی ہے تو اس کی تکمیل کے لئے خود ایسی صورت حال پیدا کرتی ہے جو اس کے حصول مقاصد کے لئے بہانہ بن سکے، مغرب اور مشرق میں ہر جگہ اس کی مثالیں مل سکتی ہیں، تعجب اس پر ضرور ہے کہ چین کا یہ رویہ اُس ہندوستان کے لئے ہے جس نے چینی انقلاب کی تاریخی حقیقت کو نہ صرف تسلیم کیا، برابر اس کی کوشش کرتا رہا کہ منکر قومیں بھی اسے تسلیم کریں اور نئے چین کو عالمی برادری کا ایک اہم تصور کریں،

کہا جا سکتا ہے کہ چین پر یہ ہندوستان کا کوئی احسان نہیں، یہ تو ایک جیتی جاگتی حقیقت تھی، ہند اگر اسے نہ مانتا تو دوسری منکر قوموں کی طرح مجرم ہوتا، ہم بھی اسے مانتے ہیں لیکن ہندوستان کی یہ کوشش کہ ساری دنیا اس تاریخی حقیقت کو تسلیم کرے، اس کا سیاسی فرض نہیں تھا، ہاں اخلاقی

فرض تھا اور اس نے کما حقہٗ اسے پورا کیا، اور اس سلسلے میں وہ بہت سی قوموں کے نزدیک مورد عتاب بھی رہا، اس کے علاوہ دوسرے طریقوں سے بھی وہ چین پر واضح کرتا رہا کہ اس کی طرف سے اُسے ہمیشہ خیر سگالی اور دوستی کا یقین رہنا چاہیئے، اس کی بنیادی پالیسی قیام امن ہے، زندہ رہو اور دوسروں کو زندہ رہنے دو، اس کا فلسفۂ حیات ہے، شروع شروع میں چین نے بھی اس جذبہ اور اس پالیسی کی قدر کی، مگر معلوم ہوا کہ ہر اخلاقی قدر کو اضافی حیثیت دینے کا فلسفہ دوستی کو بھی اسی نظر سے دیکھتا ہے، چین نے ہندوستان کے جذبۂ خیر سگالی کو بھی اسی پیمانے پر ناپا اور دوستی کے اُس جامہ کی جس میں چینی سلک کے بھی تار تھے، دھجیاں اڑا کر اپنے پُرامن ہمسایے کی علاقائی سالمیت پر حملہ کر دیا، فرض کر لیجئے کہ سرحدوں سے متعلق کوئی غلط فہمی تھی، یا دونوں ملکوں کے نقطۂ ہائے نظر میں کوئی اختلاف تھا، تو کیا یہ اختلاف دوستانہ فضا میں گفت و شنید کے ذریعے طے نہیں کیا جا سکتا تھا۔ تبت میں چین نے اپنا اقتدار قائم کیا، اور جس طرح سے قائم کیا اُسے ہندوستان نے پسند نہیں کیا، وہاں کے بے خانماں لاما کو پناہ دی لیکن اس پر کچھ پابندیاں بھی لگا دیں، یقیناً چین کو یہ بات اچھی نہیں لگی لیکن اُسے اس حقیقت کا اعتراف کرنا چاہیئے کہ ہندوستان ایک آزاد ملک ہے، اس کا اپنا ایک طریقہ ہے، ایک اصول ہے، وہ اس کی توقع بھی کرتا ہے کہ دوسرے اس اصول کا احترام کریں گے، اگر احترام نہ کریں تو کم از کم اس کے آزادی اور آزاد پالیسی کے حق کو ضرور تسلیم کریں گے، اس لئے تبت کے واقعہ کے بعد بھی باہمی اختلافات پُرامن طریقے سے دور ہو سکتے تھے۔

اب سوال یہ ہے کہ چین نے جارحانہ طریقۂ کار کیوں اختیار کیا؟ یہ سوال مشکل ہے اگر اخلاقی اصول میں اس کا جواب ڈھونڈنے کی کوشش کی جائے، سیاسی اور خالص سیاسی وجوہ کئی ہو سکتے ہیں، اور چین کے معاملے میں ہمیں سیاسی وجوہ ہی سمجھنے کی کوشش کرنا چاہیئے۔

چین کے ساتھ دنیا کے بعض اہم اور بڑے ملکوں نے جو سلوک کیا ہے اسے وہ آسانی سے بھول نہیں سکتا، نئی امنگوں اور نئے حوصلوں کے ساتھ گراں خوابی سے بیدار ہوتی ہوئی قوم کو اہمیت نہ دینا ویسی ہی غیر دانشمندی ہے جیسے کسی ایسے نوجوان کے جذبات کی قدر نہ کرنا جو عنفوان شباب کی منزلوں سے گزر رہا ہو، اس سے میں چڑچڑاپن اور غصہ پیدا ہوتا ہے اور وہ سب سے بیزار ہونے لگتا ہے، امریکہ اور اس کے بعض ساتھیوں نے حقیقت کو نظر انداز کیا ہے اور اس کی وجہ سے چینی قوم چڑچڑے پن میں ایسے کام کرتی رہی ہے جو اس کی قدیم

روایات کے عین منافی ہے، غم و غصہ میں اس نے معقولیت اور ہوشمندی کا دامن چھوڑ دیا ہے، اور اپنے وجود کی حقیقت کو ثابت کرنے اور یہ جتلانے کے لئے کہ اگر اسے بین الاقوامی دنیا میں ضابطہ کے ساتھ وہ پوزیشن نہیں مل سکتی، تو دوسرے طریقوں سے وہ اسے حاصل کر کے رہے گا، وہ غلط اور صحیح ہر طرح کا اقدام کرتی رہی ہے۔ اس سلسلہ میں اس نے اندرونی طور پر اور خارجی معاملات میں ایسے مجرمانہ کام بھی کئے ہیں جسے مہذب دنیا معاف نہیں کر سکتی۔

چین اور مارکس کے فلسفہ کا علمبردار ہے اور انقلاب کا نقیب، اس کے اپنے مسائل بھی ہیں، معاشی، سماجی اور سیاسی غرض ہر قسم کے، جنھیں وہ کم سے کم مدت میں حل کرنے کی کوشش کر رہا ہے، اس کے معاشی نظام میں ابھی استحکام نہیں پیدا ہوا ہے، وہ اپنے یہاں مکمل انقلاب کا خواہاں ہے، اسی کے ساتھ وہ اپنا فرض سمجھتا ہے کہ دنیا میں کمیونزم کی اشاعت اور مارکسی نظام کے حامیوں کی مدد کرے، خاص طور سے ایشیا اور وہ بھی جنوب مشرقی ایشیا میں وہ جلد از جلد اس انقلاب کا خواہاں ہے، ابھی زیادہ عرصہ نہیں گذرا کہ وہاں سے ایسی خبریں موصول ہوئی تھیں کہ اس کے ذمہ دار رہنما اشتراکی انقلاب کی کامیابی کے لئے جنگ ضروری سمجھتے ہیں، ان کا خیال ہے کہ جنگ ہوگی تو سرمایہ داری نظام جس کی بنیادیں پہلے سے ہی کمزور ہو چکی ہیں ختم ہو جائے گا اور اشتراکی انقلاب کی کامیابی کے امکان بہت بڑھ جائیں گے، یہ بات بھی ان کی طرف منسوب کی گئی ہے کہ وہ اسی کو صحیح مارکسزم کہتے ہیں اور اس سلسلہ میں روس سے ان کا اختلاف بھی ہے، وہ روس کے نعرۂ امن اور مواسات (CO-EXISTENCE) کے نظریہ کو اصولی مارکسزم سے انحراف تصور کرتے ہیں اور انھیں بدعت قرار دیتے ہیں، یہ اور بات ہے کہ روس خود کہاں تک امن کا خواہاں ہے اور امن کا صحیح مفہوم اس کے نزدیک کیا ہے۔ روس اور چین کا یہ نظری اختلاف اگر خالص علمی سطح پر ہوتا تو کوئی مضائقہ نہ تھا لیکن جب چین کی طرف سے یہ عملی صورت میں ظاہر ہوتا ہے اور اس کے امن پسند ہمسائے اس کی زد میں آتے ہیں تو صورت حال تشویشناک ہو جاتی ہے۔

اس وقت ایشیا میں مغربی طرز کی جمہوریت اور اشتراکیت کی سرد جنگ جاری ہے، چین جو اشتراکی انقلاب کا نقیب ہے ہندوستان کو اپنا حریف تصور کرتا ہے جہاں جمہوری طریقہ کار سے معاشی اور سماجی انقلاب لانے کی جدوجہد ہو رہی ہے، پنڈت نہرو کی قیادت میں ہندوستان کا یہ عزم ہے کہ تشدد اور خونریزی سے گریز کرتے ہوئے پرامن طریقہ سے، سماجی اور معاشی انصاف کی بنیادوں پر ایک ایسا جمہوری نظام قا

کیا جائے جہاں فرد کی اہمیت بھی باقی رہے اور ساتھ ہی ساتھ استحصال بالجبر کے لئے کوئی موقع نہ ہو، دوسرے لفظوں میں یہ کہ جمہوری طریقہ کار اختیار کرکے سوشلزم قائم کیا جائے، یہ تجربہ اگر کامیاب ہو جاتا ہے تو جمہوریت کو اپنی بقا کے لئے ایک سہارا مل جاتا ہے، چین کا جس فلسفۂ حیات پر ایمان ہے اس کا تقاضا کچھ اور ہے، وہ ایشیا کے پسماندہ ملکوں کے مسائل کا حل صرف اشتراکی انقلاب میں دیکھتا ہے، ہندوستان اس کا منکر ہے، اس لئے ہندوستان کی ترقی اور کامیابی میں چین کو اپنی شکست کے آثار نظر آتے ہیں، ہندوستان بنیادی طور پر امن پسند ہے اور وہ اپنے سیاسی اور معاشی تجربہ کے لئے بھی امن کا خواہاں ہے، چین کا منصوبہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان کو یکسوئی کے ساتھ تعمیر و ترقی کے کام کے لئے امن کی فضا نہ ملے اور اس طرح ایشیا میں جمہوریت کا کوئی ٹھکانا نہ ہو، ہندوستان کی کامیابی کا اثر ایشیا اور افریقہ کی اُن قوموں کے فکر و عمل پر بھی پڑے گا جو ابھی ابھی سامراج کی زنجیروں سے آزاد ہوئی ہیں اور آزاد ہو رہی ہیں، اسی لئے ہر صورت ہندوستان چین کی عالمی انقلاب کی تمنا کی راہ میں ایک بڑا مانع ثابت ہوگا۔

خبریں موصول ہو رہی ہیں کہ چین کو کچھ داخلی پریشانیاں بھی ہیں، غلہ کی وہاں بہت کمی ہے، کمیون کا پروگرام تقریباً ناکام ثابت ہو چکا ہے، وہاں کے عوام بددلی کا شکار ہو رہے ہیں وغیرہ وغیرہ، معلوم نہیں حقیقت کیا ہے، ویسے اگر پریشانیاں ہوں تو کوئی تعجب کی بات نہیں، اس لئے کہ وہ بھی ابھی تجربہ کی منزل سے گزر رہے ہیں اور اپنی جلد بازی میں بعض باتیں غلط بھی کر رہے ہیں یا مقابلہ اور سابقہ کے جذبے منصوبہ بندی میں کوتاہیاں رہ جاتی ہیں یا عوام اس سرعت کا ساتھ نہیں دے پاتے، یہ ہوتا ہے، ہندوستان میں بے شمار مسائل ہیں، الجھنیں ہیں، لیکن اپنی پریشانیوں اور الجھنوں پر پردہ ڈالنے یا ان کی طرف سے اپنی قوم کی توجہ ہٹانے کے لئے اگر چینی حکومت ہمالہ کی بلندیوں پر جارحانہ عزائم کا ایک ڈھول دے تو جہاں ایک طرف دنیا کا امن خطرہ میں پڑ سکتا ہے وہاں خود اُس نظام کی کمزوریاں اس سے نہیں دور ہو سکتیں اور نہ اس کی الجھنیں ہی دور ہو سکتی ہیں، ہندوستان کمزور ملک نہیں ہے، اگر ہندوستان چین میں جنگ شروع ہو جاتی ہے تو جیسا کہ پنڈت نہرو نے کہا ہے، یہ طویل جنگ ہوگی اور عالمی جنگ ہوتی ہے، اس لئے دفاعی تیاریوں کے ساتھ یہ کوشش بھی جاری رہے گی کہ دوسرے طریقوں سے اس کی تنازعہ کو ختم کیا جائے، ہندوستان میں بھی بعض ایسی جماعتیں اور افراد ہیں جو پنڈت نہرو

کی اس پالیسی کو کمزوری اور بزدلی پر محمول کرتے ہیں اور ممکن ہے کہ چین کو بھی یہی مغالطہ ہو لیکن حقیقت اس کے برعکس ہے۔

گوا اور پاکستان

ہندوستان کی مشکل یہ ہے کہ وہ سنجیدگی سے پُرامن فضا چاہتا ہے، وہ عدم تشدد کی بنیادی اچھائیوں پر ایمان رکھتا ہے، اس کے ذمہ دار رہنماؤں نے بار بار یہی کیا ہے، اگر اُسے مجبور ہو کر کسی قوم سے لڑنا پڑا تو اس سے اس کے ضمیر کو سخت صدمہ پہنچے گا، مگر جارحیت کو برداشت کرنا اور ملک کی علاقائی سالمیت کو خطرہ میں ڈال دینا اُسے قبول نہ ہوگا اور اسے مجبوراً ہتھیار اٹھانا ہوگا، یہی وجہ ہے کہ وہ آج تک اپنے سینے پر پرتگالی سامراج کے پنجے کو برداشت کرتا رہا ہے، لیکن اب گوا میں پرتگالیوں کا ظلم اور تشدد اتنا بڑھ گیا ہے کہ ہندوستان اپنے سمندروں میں بھی آزادی کے ساتھ کچھ نہیں کر سکتا، پرتگال نے بھی جارحیت پر کمر باندھ لی ہے، ہندوستان اس سے نبرد آزما ہونے کے لئے تیار ہے مگر یہاں بھی وہی مشکل اس کے سامنے ہے، جنگ نہ ہو اور خوش اسلوبی سے معاملات طے ہو جائیں اور پرتگال ہندوستان چھوڑ کر چلا جائے تو ہندوستان اس کے لئے اور انتظار کر سکتا ہے۔

ان حالات میں پاکستان کا جو رویہ ہے وہ بھی دلچسپی سے خالی نہیں ہے، ہمیں معلوم ہے کہ پچھلے دنوں چین نے کشمیر کی شمالی سرحدوں سے متعلق پاکستان کو رام کرنے کی کوشش کی تھی اور یہ اشارہ کیا تھا کہ وہ اس سے معاملہ کرنے کو تیار ہے، لیکن اس سلسلے میں کوئی واضح بات سامنے نہیں آئی تھی، اور شاید مختلف اسباب اور اپنی قومی مصلحتوں کی بنا پر پاکستان نے چین کی کچھ زیادہ ہمت افزائی بھی نہیں کی تھی، اب پھر اس کا امکان ہے کہ پاکستان میں چین کی ڈپلومیٹک سرگرمیاں بڑھ جائیں اور چین پاکستان سے کوئی معاملہ کرنے کا سلسلہ شروع کر دے، ابھی ابھی خبر آئی ہے کہ پاکستان میں چین کے سفیر نے صدر ایوب اور وزیر خارجہ منظور قادر سے ملاقات کی ہے اور چینی سفیر کے بیان کے مطابق گفتگو کامیاب رہی ہے، گوا سے پاکستان کو خواہ مخواہ کی دلچسپی رہی ہے اور اس معاملے میں اس نے بڑی رجعت پرستی اور سامراج دوستی کا مظاہرہ کیا ہے، یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ بعض معاملے میں وہ پرتگالیوں سے دوستی کا دم بھر رہا ہے، بہرحال دونوں دھان منفی رجحان کے حامل ہیں اور اس سے خود پاکستان کو نقصان پہنچ سکتا ہے، اور

غالباً پہنچ رہا ہے۔ دہلی میں باوثوق ذرائع سے یہ خبر شائع ہوئی ہے کہ جب سے پرتگالیوں نے گوا میں ہنگامہ کھڑا کیا ہے اور اپنی فوجی پوزیشن مضبوط کرنا شروع کی ہے کشمیر میں جنگ بندی لائن پر پاکستانی فوجیوں کی سرگرمیاں بڑھ گئی ہیں اور کئی بار اس کی کوشش کی گئی ہے کہ اس لائن کو پار کیا جائے۔ یہ بھی پتہ چلا ہے کہ گوا میں پرتگالیوں سے پاکستان اپنا تعلق قائم کئے ہوئے ہے، کراچی کے ہوائی اڈے پر پرتگالی ہوائی جہاز اپنی ضرورتوں سے اترتے ہیں اور پرتگالیوں کے اسلحے کراچی ہو کر گوا پہنچتے ہیں، دوسری طرف صدر ایوب نے ہندوستان کو مشترکہ دفاع کی دعوت دی ہے لیکن یہ دعوت مشروط ہے، صدر ایوب نے کہا ہے کہ اگر ہندوستان کھلے دل کے ساتھ کشمیر کے مسئلے حل کرنے کے لئے پیش کش کرے تو پاکستان ہندوستان کے ساتھ مشترکہ دفاعی معاہدہ کرنے کو تیار ہے اور پھر دونوں مل کر بیرونی حملہ کا مقابلہ کریں گے، پاکستان کا یہ رویہ توقع کے عین مطابق ہے اور ہندوستان کو اس پر جیں بہ جبیں نہیں ہونا چاہیئے، افسوس پاکستان کی غیر دانشمندانہ حرکت پر ہوتا ہے جہاں کے عوام اس کا خمیازہ بھگتتے رہے ہیں۔

کانگو میں اقوام متحدہ

کانگو میں بھی اس وقت ہندوستانی سپاہی لڑ رہے ہیں جہاں اقوام متحدہ کے وقار کا مسئلہ درپیش ہے، ہندوستان اقوام متحدہ کے وجود کو اور پُر اثر وجود کو امن عالم کے لئے ضروری تصور کرتا ہے، اور اس بار امریکہ اور ہندوستان دونوں اس معاملہ میں عملی طور پر متفق ہوتے ہیں، مغربی یورپ کی بعض اہم قوموں کو کنگو سے زیادہ دلچسپی ہے اور وہ اقوام متحدہ کی زیادہ پروا نہیں کرتے، ان کے سامنے اپنا قومی مفاد ہے، ان میں انگلستان بھی شامل ہے جو اقوام متحدہ میں تو اس ریزولیوشن کی تائید میں تھا جس کو عمل میں لانے کی کوشش ہو رہی ہے لیکن عملی طور پر اس کا رویہ اس کے برخلاف ہے، اس سلسلہ میں ہندوستان سے اس کا سخت اختلاف ہے، گوا کے معاملے میں بھی وہاں کے سرکاری حلقے ہندوستان کے ساتھ نہیں ہیں، اور وہ بیچ بچاؤ کے لئے تیار ہیں، حقیقت یہ ہے کہ وہ گوا پر پرتگالی قبضے کے حق میں ہیں خاص طور سے اس لئے کہ اگر پرتگال کو گوا چھوڑنا پڑا تو اس کا اثر افریقہ میں ان کے مفاد پر پڑے گا، ان کی طرف سے یہ منطق پیش کی جاتی ہے کہ اگر پنڈت نہرو نے ایشیا اور افریقہ کی قوموں کو خوش کرنے کے لئے گوا میں پرتگالیوں کے خلاف کچھ کیا تو اس سے ان کا بین الاقوامی وقار خطرہ میں پڑ جائے گا دلچسپ بات یہ ہے کہ انھیں اس وقت اپنے وقار سے زیادہ پنڈت نہرو کے وقار کی فکر ہے، سچ ہے استعمار کی چالیں مختلف انداز سے سامنے آتی رہتی ہیں۔

تعلیمی مسائل

قومی یک جہتی اور تعلیم

پچھلے دنوں ہمارے رہبرانِ قوم کو دیس کے اندر انتشار کے آثار دیکھ کر بڑی تشویش ہوئی۔ آج جبکہ ہر فرد اور اس کا ہر لمحہ وطن کی تعمیرِ نو کے لئے وقف ہونا چاہیئے تاکہ فی الحقیقت ایک مہذب و شائستہ جمہوری نظام قائم ہو کر تفرقہ پرور عناصر کی ریشہ دوانیاں واقعی بڑی پریشان کن ہیں۔ ایک ناسور کی طرح جسے خارجی مرہم پٹی سے ایک مدت تک تہہ داماں رکھا گیا ہو، یہ جسدِ قوم کا فساد جگہ بہ جگہ، اتفاقیہ اور ارادتاً موقع بے موقع برابر نمودار ہو رہا ہے۔ ایسی تخریبی کارروائیاں جب وطن کے نوجوان بھی کرنے لگیں تو مسئلہ اور نازک ہو جاتا ہے۔ ان علامتوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ مشترکہ قومیت کی اساس ابھی بڑی ناپائیدار ہے اور یہ خطرہ محسوس ہونے لگتا ہے کہ اتحادِ قومی کی روایات جنھیں بڑی جاں سوزی سے قائم کیا گیا ہے اور جو ہماری عزت و ناموس اور بقا کے لئے بڑی اہم ہیں، کہیں نصیبِ دشمناں، طیامیٹ ہو کر نہ رہ جائیں۔

قومی یک جہتی کانفرنس نے جو اکتوبر میں دلی میں منعقد ہوئی تھی شعوری طور پر اس مسئلے کو ملک کے سامنے پیش کیا اور متنبہ کیا کہ ہم علاقائی تعصب، فرقہ پرستی، ذات پات کی تفریق، لسانی مغائرت اور کچھ اس سے بھی زیادہ تنگ و تاریک تصورات کے مہلک اثرات کا اپنے آپ کو شکار ہونے سے محفوظ رکھیں اور اپنے احساسِ قومی کو فراموش نہ کریں۔ اس کانفرنس نے مسئلے کے تمام پہلوؤں پر غور کرنے کے بعد یہی نتیجہ نکالا کہ ان تمام علائق سے نجات حاصل کرنے کا واحد ذریعہ تعلیم ہے۔ کیونکہ قومی یک جہتی کا راز ہمارے نظریات کی استواری میں مضمر ہے۔ اور تعلیم ہی اپنے وسیع معنی میں وہ سب سے موثر ذریعہ ہے جس سے خیالات، احساسات اور معتقدات و تصورات کو استوار کیا جا سکتا ہے۔

آزادی کے بعد سے برابر تعلیم کے کاموں کی تنظیم کی جا رہی ہے۔ مختلف تبدیلیاں لائی جا چکی ہیں اور مسلسل یہ کوشش ہو رہی ہے کہ جلد از جلد تعلیم کو نئے جمہوری نظام کے تقاضوں سے پوری طرح ہم آہنگ

کر دیا جائے۔ تاہم ہم دیکھتے ہیں کہ مدرسوں سے لے کر یونیورسٹیوں تک ہر جگہ نظم و ضبط کا فقدان ہے۔ شب و کوئی نہ کوئی ایسا حادثہ رونما ہو جاتا ہے جس سے قومی تذلیل ہوتی ہے اور جن نونہالانِ چمن کو دیکھ کر فرحت نصیب ہونی چاہیے تھی اور جن سے مستقبل کی امیدیں وابستہ ہیں، وہی بے راہ روی اور خودسری میں گرفتار نظر آتے ہیں۔ انھیں سے نازیبا اور ناروا حرکات سرزد ہوتی ہیں اور ان کے دست و بازو تعمیرِ وطن کے لئے اٹھنے کے بجائے قومی عمارت کو مسمار کرنے میں مصروف نظر آتے ہیں۔ اس لئے یہ ضروری ہو جاتا ہے کہ ہم معلوم کریں کہ اس صورتِ حال کے اصل اسباب کیا ہیں۔ وہ کونسے نکات ہیں جن پر ہماری نظر نہیں گئی یا اب تک ہم نے پوری توجہ ان پر نہیں کی ہے بلکہ فروعی معاملات میں ہی اُلجھے رہے ہیں۔ اس سلسلے میں بہت سی باتیں کہی جا رہی ہیں لیکن درسی کتابوں کا معاملہ جیسا کہ اس قومی یک جہتی کی کانفرنس میں بھی کہا گیا ہے، بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ اس ذریعے جبکہ چھپے ہوئے حروف ہی سب سے زیادہ ہمارے ذہن پر چھائے ہوئے ہیں، درسی کتابوں کے ذریعے ہی سے زیادہ موزوں اور باضابطہ طور پر مناسب رجحانات کو پیدا کیا جا سکتا ہے۔ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کی یہ تجویز کہ ایک قومی مشاورتی بورڈ قائم کیا جائے جو دیس کی تمام ریاستوں کے لئے مشترکہ طور پر درسی کتابیں تیار کرنے کے سلسلے میں مشورہ دے، فوری اور پوری توجہ کی مستحق ہے۔ یہ بھی نہایت ضروری ہے کہ مدرسوں میں پڑھائی جانے والی زبان، تاریخ، و جغرافیا اور دیگر مضامین کی درسی کتب کا جائزہ لیا جائے۔ پچھلے سو سال میں بدیسی دانشوروں نے ہماری تاریخ کو بُری طرح مسخ کیا ہے اور قومی احساس کو ہر جگہ مجروح کرنے کی سعی کی ہے۔ نفاق کے بیج کو جہاں بھی مٹی زرنرم اور زرخیز نظر آئی ہے، بڑی فراخ دلی کے ساتھ بویا ہے۔ ہمیں اپنی تاریخ کی کتابوں پر صرف نظرِ ثانی ہی نہیں کرنا ہے بلکہ انھیں قوم پرور اور صحت مند نظریات کے تحت از سرِ نو ترتیب دینا ہے۔ اس فریضے کو انجام دینے میں اس بات کی پوری احتیاط برتی جانی چاہیے کہ مذہبی جوش و خروش کے ساتھ کسی تاریخی کردار کو نہ پیش کیا جائے۔ زبان کی کتابوں میں بھی اس بات کا خیال رکھنا ضروری ہے، ہمیں کسی بھی شخصیت کو کسی خاص مذہب یا جماعت کے خلاف کسی دوسرے مذہب یا جماعت کی طرف سے ایک علمبردار بنا کر پیش نہیں کرنا چاہیے۔ یہ خامی ہماری موجودہ درسی کتابوں میں اکثر و بیشتر پائی جاتی ہے۔ اسی طرح ایسے اساطیری اور دیومالائی قصوں سے بھی گریز کرنا چاہیے جو قدامت پرستی اور رجعت پسندی

کی طرف رجوع کرتے ہوں یا تن بہ تقدیر کا مطیع بنا لیتے ہوں۔ اس طرح پھر مجموعی طور پر ہمیں اپنی درسی کتابوں کے ذریعے مشترکہ قومیت کے جذبے کو ابھارنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔ بہرکیف، کتابیں ایسی ہونی چاہئیں کہ وہ ہمارے ماضی کی صحیح تصویر پیش کریں اور ہماری رنگا رنگ تہذیب کی گل کاریوں سے انھیں بخوبی واقف کرائیں اس طرح ہمارے طلبہ میں تہذیبی ہم آہنگی پیدا ہوگی اور وہ جذباتی طور پر اپنے آپ کو قوم کا ایک فرد سمجھ سکیں گے۔ ایسے اقدام ہی ہمیں تعلیم کی اس شاہراہ پر جادہ پیما کر سکیں گے۔ جو قومیت کی منزل پر پہنچاتی ہے۔

اس طرح درسی کتابوں کی طرف توجہ مبذول کرانے سے، استاد کے منصب کو کم کرنا مقصود نہیں ہے دراصل استاد ہی اس کاغذی پیرہن میں رُوح پھونکتا ہے اور اسی کی ذات کی بدولت بے جان الفاظ سے حقائق آشکارا ہوتے ہیں۔ یہ ہمارے اساتذہ ہی ہیں، خواہ ابتدائی جماعتوں میں درس دیتے ہوں یا اعلیٰ تعلیم کے اداروں میں، جن پر قومیت کے صحت مند تصور کو فروغ دینے کی ذمہ داری آتی ہے۔ یہ ان ہی کا فرض ہے کہ وطنیت کا ایسا جذبہ پیدا کریں جو روح کو تڑپانے اور قلب کو گرمانے کا باعث ہو، جو تازگی بخشے اخوت اور اپنائیت پیدا کرے۔

معلّم اپنے اس منصب کو اس وقت تک پورا نہیں کر سکتا جب تک کہ تعلیم کے ذریعے طلبہ میں احساسِ ذمہ داری پیدا نہیں کیا جاتا یوں تو ذمہ داری کا لفظ مختلف معنی میں استعمال کیا جاتا ہے اور بالکل نجی ضروریات کو پورا کرنے سے لے کر قومی رہنمائی اور انسانیت کے محسن بننے تک سب ہی کچھ اس میں شامل ہے اور اکثر ان سب کو ایک دوسرے کی راہ میں حائل بھی خیال کیا جاتا ہے لیکن ذرا ہم غور کریں تو اندازہ ہوگا کہ یہ سب ہی ذمہ داری کے مدارج ہیں اور ایک دوسرے کے لئے اُن کی حیثیت پیش رو یا نقشِ اوّل کی سی ہوتی ہے۔ سب سے پہلے بچہ کا سماجی محور اس کا گھر اور خاندان ہوا کرتا ہے۔ ہمیں اپنے متعلقین کے حقوق کا خیال رکھنا ضروری ہے پھر دیگر اعزا، اور احباب کے پاسِ خاطر کا سوال پیدا ہوتا ہے۔ بعد ازیں برادری، محلہ اور شہر کے ایک فرد ہونے کا دھیان رکھنا ہے۔ اب ذرا شعور پیدا ہونے کے بعد دیس اور پھر دیس بہ دیس سے تعلق پیدا کرنے، اور اس بڑے دائرے میں اپنے آپ کو پابند اور ایک دوسرے سے منسلک سمجھنے کا سوال اٹھتا ہے۔ اس طرح بالآخر انسانیتِ عام کے مرکز سے اپنا الحاق ہو جاتا ہے۔ اور اس حیثیت سے کچھ ذمہ داریاں ہمارے اُوپر عائد ہو جاتی ہیں۔ آج کی دنیا میں تیز رفتار سواریوں نے تمام جغرافیائی

حدود کو بے معنی کر دیا ہے۔ اب مسافت دنوں کی جگہ گھنٹوں میں طے ہونے لگی ہے اور بشر کی پرواز نے نہ کوہ فلک پیما کو گردانا ہے اور نہ قعرِ دریا اور کامِ نہنگ کا خوف باقی رکھا ہے۔ اب تو زمین کی تنائیں کچھ ایسی کھنچ گئی ہیں کہ وہ ہماری دست رس میں آگئی ہے۔ آج بُعدِ مکانی کا معاملہ نہیں ہے تاہم طبقاتی اونچ نیچ اور تہذیبی امتیازات نے خلیجیں حائل کر رکھی ہیں۔ اس بنا پر نہ صرف بین الاقوامی اشتراک و تعاون میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے بلکہ ایک قومی معاشرے میں بھی یہی عناصر ابتری پھیلاتے ہیں۔ اس تفرقے کو کم کرنے اور مٹانے کی اشد ضرورت ہے۔ تعلیم ہم سے سب سے پہلے ذاتی طور پر ہی ذمہ دار ہونے کا مطالبہ کرتی ہے اور جہالت کی تنگ نائے سے نکلنے کا مطلب ہی یہی ہوتا ہے کہ محدود عقائد کی پیروی چھوڑ کر ہم وسعتِ فکر و نظر کی اقلیم میں اُتر آئیں۔ تعلیم اپنے اس منصب کو درسی کتب اور اساتذہ کی ہی بدولت پورا کر سکتی ہے۔

اعلیٰ تعلیم کے ادارے ہر ایک دور میں اپنے دیس کے تہذیبی اور ثقافتی سرمائے کا گہوارہ رہے ہیں۔ آج ہمارے سامنے بھی اقدار کا مسئلہ درپیش ہے۔ آئینِ نو سے ڈرنے اور طرزِ کہن پر اڑنے کی منزل بلاشبہ بڑی کٹھن ہوتی ہے۔ تاہم ہمیں آگے قدم بڑھانا ہے۔ یہ مرحلہ ایک اچھا تعلیمی نظام ہی طے کرا سکتا ہے۔ ہمیں اس وقت ایسے نظام کی ضرورت ہے جو صرف ذہن ہی کی نشوونما نہ کرے بلکہ جذبات کو سُدھارے، ستھرا مذاق پیدا کرے اور اقدار کا تابع بنائے اور پھر ایسے کردار تشکیل پائیں جو ماضی کی صالح روایات کے سچے امین کہلائیں اور عظمتِ وطن کے حقیقی علم بردار اور پاسبان۔

"معلم"

تنقید و تبصرہ

چند خاص نمبر

ترجمان القرآن: منصب رسالت نمبر

ترجمان القرآن جو مولانا سید ابو الاعلیٰ مودودی کی ادارت میں نکلتا ہے، مذہبی رسالوں میں اپنی سنجیدگی اور علمیت کے لحاظ سے ایک خاص حیثیت کا مالک ہے۔ زیر تبصرہ شمارہ میں منکرین حدیث کے خیالات پر تنقید کی گئی ہے اور ان کے اعتراضات کے جوابات دیئے گئے ہیں۔ یہ نمبر دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلے حصے میں ڈاکٹر عبد الودود صاحب جو غالباً پاکستان کی اس جماعت سے تعلق رکھتے ہیں، جسے منکرین حدیث کہا جاتا ہے، اور مولانا مودودی صاحب کی وہ تمام مراسلت شائع کی گئی ہیں، جو سنت کی آئینی حیثیت کے بارے میں ہوئی تھی، دوسرے حصے میں مغربی پاکستان ہائی کورٹ کے ایک رکن جسٹس محمد شفیع صاحب کے ایک فیصلہ کا تفصیل سے جائزہ لیا گیا ہے۔ اس فیصلہ کے بارے میں مولانا مودودی صاحب کا خیال ہے کہ "یہ کلیتہً انکار سنت کی بنیاد پر صادر ہوا ہے"۔ جو لوگ اس مسئلہ کے دونوں پہلوؤں کو سمجھنا چاہتے ہیں، ان کے لئے یہ نمبر بہت مفید ثابت ہوگا۔ البتہ وہ جدید ذہن، جو نہ اس جماعت سے تعلق رکھتا ہے اور نہ اس کو اور جو آج کل کے مسائل پر معروضی طور پر غور کرتا ہے اور جسے علمائے اسلام کی توضیحات میں عصری مسائل کا تسلی بخش حل نہیں ملتا، شاید اس نمبر کے مباحث کو اپنے لئے زیادہ مفید نہ پائے۔

شاعر — ادارہ: اعجاز صدیقی۔ مہندر ناتھ

ماہنامہ شاعر، اردو کے بہت پرانے پرچوں میں سے ہے۔ پہلے آگرہ سے، اردو کے مشہور شاعر، مولانا سیماب اکبر آبادی مرحوم کی ادارت میں نکلتا تھا۔ اس کے بعد مولانا کی زندگی ہی میں ان کے صاحبزادے جناب اعجاز صدیقی صاحب اس کی ادارت کے فرائض انجام دینے لگے۔ اب یہ ماہنامہ ایک طویل عرصہ

بمبئی سے شائع ہوتا ہے۔

زیر تبصرہ شمارہ سنہ ۶۱ء کا خاص نمبر ہے، جس میں چند اچھے تنقیدی مضامین ہیں اور اردو کے اچھے افسانہ نگاروں اور قریب قریب سبھی اچھے شعراء کی نظمیں اور غزلیں شامل ہیں۔

حجم ۲۰۲ صفحات اور اس نمبر کی قیمت ایک روپیہ ۷۵ نئے پیسے ہے۔

ملنے کا پتہ: مکتبۂ قصر الادب۔ پوسٹ بکس ۴۵۲۶ بمبئی ۸

افکار جوش نمبر مدیر: صہبا لکھنوی

سائز ۲۰×۳۰/۸ حجم ۶۵۵ صفحات۔ جوش کی عہد بہ عہد کی متعدد تصاویر۔ کاغذ اخباری، کتابت طباعت غنیمت۔ قیمت آٹھ روپے۔ پتہ: مکتبہ افکار، رابسن روڈ۔ کراچی۔

اب زندہ شخصیتوں کے بارے میں رسالوں کے خاص نمبر نکالنے کا رواج بڑھ رہا ہے۔ اس میں خطرے بھی ہیں اور فائدے بھی۔ فائدہ یہ کہ متعلقہ شخصیت کے بارے میں اس کی زندگی میں زیادہ آسانی اور صحت کے ساتھ مواد جمع کیا جا سکتا ہے اور اس کی خدمات کا اعتراف کر کے ملک و قوم کسی حد تک اپنے فرض سے عہدہ برآ ہو سکتی ہے۔ خطرہ اس کا ہے کہ اگر متعلقہ شخصیت متفقہ طور پر بزرگ اور محترم نہ ہوئی یا زیادہ سے زیادہ لوگوں کے نزدیک نہ ہوئی تو بحث و مباحثہ کا ایک ناخوشگوار سلسلہ شروع ہو جائے گا۔ چنانچہ جوش نمبر کے بارے میں پاکستان کے بعض گوشوں سے کچھ نامناسب آوازیں اٹھی بھی ہیں۔ علاوہ ازیں جب تک ایک شخص زندہ ہے اس کی شخصیت پایۂ تکمیل کو نہیں پہنچتی، اس لئے اس کے بارے میں کوئی قطعی فیصلہ نہیں کیا جا سکتا، جیسا کہ خود جوش نے بھی کہا ہے کہ "جب تک اس جوہر گراں مایہ کو تنگی و بستگی کے فشار سے رہائی نہیں دی جاتی اس جوہر میں اس قدر طاقت پیدا نہیں ہوتی کہ وہ کسی شخص کی ذات کو تکمیل و اتمام کی دولت سے مالا مال کر دے۔"

بہر نوع یہ نمبر اپنے مقصد میں پوری طرح کامیاب ہے۔ جوش کی شخصیت اور ان کی شاعری کا بہت تفصیل سے جائزہ لیا گیا ہے اور ان کے کلام کا انتخاب شائع کیا گیا ہے، جس میں بہت سا غیر مطبوعہ بھی شامل ہے۔ خاص بات یہ ہے کہ مضمون نگاروں کو پوری آزادی کے ساتھ اظہار خیال کا موقع دیا گیا ہے، چنانچہ بعض مضامین میں جوش کی شخصیت اور کردار پر سخت تنقید بھی کی گئی ہے۔ البتہ، جیسا کہ میں نے اس

(بقیہ صفحہ ۱۶۷ پر ملاحظہ ہو)

کوائف جامعہ

"میں مسلمان کیوں ہوں؟" ـــــ ایک تقریر

نومبر کے اواخر میں ورلڈ کونسل آف چرچز کی کانفرنس نئی دہلی میں منعقد ہوئی تھی، اس میں شرکت کے لئے میک گل یونیورسٹی کے انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز کے ایک پروفیسر ڈاکٹر رافع اسمٰعیل فاروقی صاحب جو اس وقت سنٹرل انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک ریسرچ کراچی میں ایک سال کے لئے آئے ہوئے ہیں، دہلی تشریف لائے اور جامعہ میں مقیم ہوئے، ڈاکٹر فاروقی فلسطینی عرب ہیں اور فلسفہ ان کا خاص مضمون ہے لیکن ادھر عرصہ سے وہ اسلام اور دیگر مذاہب کا گہرا مطالعہ کرتے رہے ہیں، چنانچہ ابھی حال میں انھوں نے عیسائی مذہب پر ایک معرکۃ الآراء کتاب لکھ کر میک گل یونیورسٹی کے شعبۂ الٰہیات کے سپرد کی ہے، جامعہ میں وہ تقریباً ایک ہفتہ تک مقیم رہے اور اس عرصہ میں یہاں کے ارباب ذوق کو اُن سے تبادلۂ خیال کا اچھا موقع ملا، جامعہ کالج کے حلقۂ مطالعہ میں انھوں نے ایک تقریر بھی کی جس کا عنوان تھا: "میں مسلمان کیوں ہوں"۔ موضوع کافی دلچسپ تھا اس لئے اجتماع بہت اچھا ہوا، تقریر انھوں نے انگریزی میں کی، تقریر ۴ بجے سہ پہر میں شروع ہوئی اور ۵½ بجے ختم ہوئی، اس کے بعد سوالات وجوابات کا سلسلہ شروع ہوا جو بلا مبالغہ ۱۰ بجے تک جاری رہا، اس دوران میں ڈنر پر بھی مذاکرات جاری رہے۔

تقریر کا موضوع جیسا کہ ظاہر ہے سوانحی تھا لیکن اس کی وجہ سے تقریر میں خیالات کی گرمی اور معتقدات کا جوش بھی شامل ہوگیا تھا لیکن چونکہ دوسری طرف فلسفیانہ دلائل بھی تھے اور تحقیق اور ریسرچ کے ٹھوس نتائج بھی اس لئے سننے والوں کا خیال یہ تھا کہ عرصہ کے بعد اسلام پر اتنی اچھی تقریر سننے کو ملی ہے۔ تقریر میں انھوں نے اپنے ذہنی سفر کا حال بھی سُنایا اور یہ بتایا کہ شروع میں کس طرح وہ عیسائی مشنری اسکول کے اثر سے متاثر ہوئے اور اعلیٰ تعلیم کی ابتدائی منزلوں میں وہ کیونکر شک کی راہ سے گزرے، اور پھر برطانوی استعمار اور فلسطینی عربوں کی جد وجہد آزادی نے کس طرح ان کے دل ودماغ میں ذہنی اور مذہبی

کی لہر پیدا کی، اسرائیل کی ریاست کے قیام کے بعد وہ امریکہ چلے آئے جہاں انھوں نے مشہور یونیورسٹی ہارورڈ میں اپنی تعلیم کی تکمیل کی، امریکہ میں انھوں نے مادی ترقی کا عروج دیکھا لیکن اس ترقی کو انھوں نے زندگی کی روحانی قدروں سے عام طور پر معرا دیکھا، الغرض مشاہدہ اور مطالعہ نے اُن پر یہ ثابت کیا کہ اسلام ہی ایک ایسا مذہب ہے جو ایک متوازن نظام حیات پیش کرتا ہے، اور جہاں "معنوی خیر" اور "مادی خیر" میں ایک حسین امتزاج ملتا ہے، انھوں نے اسلامی تعلیمات کی رجائیت پر اور اس خصوصیت پر کہ ان میں عمل اور سعی کی پرزور تلقین کی گئی ہے، بہت زور دیا، ان کے خیال کے مطابق وہ مسلمان مسلمان نہیں ہے جو "انفرادیت" کی تنگ نائیوں سے نکل کر دوسروں کے لئے کچھ نہیں کرتا، لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ اسلام میں فرد کی بحیثیت فرد کے کوئی حیثیت نہیں لیکن یہ ضرور ہے کہ اسلام اُس انفرادیت کا قائل نہیں جس کا دامن اجتماعی فلاح وخیر سے نہ وابستہ ہو، یہ توازن نہ تو سرمایہ داری نظام کی لبرل فلاسفی میں ملتا ہے اور نہ سوشلزم کی اجتماعی آمریت میں، انھوں نے اس کا اعتراف کیا کہ بدھ دھرم اور ہندومت سے متعلق ان کا مطالعہ گہرا نہیں ہے لیکن جو کچھ ان مذاہب کے بارے میں انھیں معلوم ہے اس کی روشنی میں وہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ مذاہب اُس صحت مند رجائیت سے عاری ہیں جو اسلام میں ملتی ہے، عیسائی مذہب اور یہودی مذہب میں جن کا مطالعہ انھوں نے گہری نظر سے کیا ہے خیر اور مادہ کے وہ حسین امتزاج نہیں ملتا اور یہودی مذہب میں "برگزیدہ" قوم کا جو تصور ملتا ہے وہ ساری انسانیت کی وحدت کی ضد ہے لیکن اسلام کی موجودہ صورت میں انھوں نے اجتہاد کی اہمیت پر زور دیا اور کہا کہ بغیر اجتہاد کے اس زمانہ میں اسلامی تعلیمات کے صحیح خدوخال نہیں اُبھر سکتے۔

ڈاکٹر اسمٰعیل فاروقی نے "العروبۃ" یعنی ARABISM پر ایک مفصل کتاب دو جلدوں میں لکھی ہے جو زیر طبع ہے، یہ کتاب انھوں نے دو تین سال کی سخت محنت کے بعد انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز کی خاموش اور پرسکون فضا میں ترتیب دی ہے، اس کے علاوہ وہ اچھے مترجم بھی ہیں، اور انھوں نے کئی عربی کتابوں کا انگریزی میں ترجمہ کیا ہے۔

(ض، ح، ف)

طلبائے کالج کی یونین کی تنظیم نو

انجمن اتحاد جامعہ کے زمانۂ قیام سے طلبائے کالج کی یونین رہی ہے اور جامعہ کی بہت سی

سرگرمیوں میں، اس نے ممتاز حصہ لیا ہے۔ مگر چند سال ہوئے بعض مصالح کے پیش نظر فوقانی انسٹی ٹیوٹ اور کالج کی مشترک یونین بنائی گئی تھی، مگر چند برسوں کے تجربے کے بعد دونوں اداروں کی الگ الگ یونین بنادی گئیں اور انجمن اتحاد کی از سر نو تنظیم عمل میں آئی۔

اس تنظیم کے بعد ۳ر دسمبر کو جناب شیخ الجامعہ کی صدارت میں اس کا پہلا جلسۂ مسند نشینی منعقد ہوا۔ ایڈہاک کمیٹی کے کنوینر ناظم محمد ادریس صاحب نے اپنی رپورٹ پیش کی، اس کے بعد انجمن کے ایک جاتی رکن عبد اللطیف اعظمی نے انجمن اتحاد کی شان دار روایات پر مختصر تقریر کی اور اراکین انجمن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ "ضرورت ہے کہ انجمن کی زندگی اور اس کی سرگرمیوں میں وہ اعلیٰ قدریں پیدا کی جائیں، جو پچھلی انجمن اتحاد کی طرۂ امتیاز تھیں... زمانہ آگے بڑھ رہا ہے، جامعہ وسیع سے وسیع تر ہو رہی ہے، حالات تیزی سے بدل رہے ہیں، آپ کی کوشش یہ ہونی چاہیے کہ جامعہ کی اعلیٰ قدریں اور صحت مند روایات زندہ رہیں اور ان کا روزمرہ کی زندگی میں عمل دخل ہو۔" اس کے بعد منتخب نائب صدر عبد الوکیل صاحب نے اپنا خطبۂ صدارت پڑھا جس میں موصوف نے انجمن کی ذمہ داریوں کو یاد دلایا اور اپنے کام کا ایک نقشہ پیش کیا۔ انھوں نے اس پر زور دیا کہ "ہمارا اولین کام یہ ہوگا کہ طلبہ میں اتحاد اور یکجہتی کا جذبہ پیدا کیا جائے۔ ہم سب اس سے واقف ہیں کہ آج ہمارے ملک اور قوم کے سامنے ایک چیلنج ہے، انتشار اور اختلاف کی قوتیں بڑی تیزی سے سر اٹھا رہی ہیں اور ملک و قوم کی یکجہتی اور ہم آہنگی کی راہ میں رکاوٹ بن رہی ہیں۔ ظاہر ہے یہ مسئلہ بڑا ہے، لیکن ہم اپنے چھوٹے سے حلقے میں، جہاں پر مذہب و ملت کے لوگ آزاد خیالی کے ساتھ رہتے ہیں اور رواداری کی فضا میں تعلیم و تربیت پاتے ہیں، نمونے کی ایک چھوٹی سی ایسی برادری بنا سکتے ہیں، جو قومی یکجہتی اور جذباتی ہم آہنگی کی اچھی مثال ہو۔"

آخر میں شیخ الجامعہ ڈاکٹر سید عابد حسین صاحب نے انجمن کے نئے عہدہ داروں کو ان کے انتخاب پر مبارکباد دیتے ہوئے فرمایا کہ "مجھے آج بہت خوشی ہے کہ انجمن اتحاد جو کچھ عرصے کے لئے غروب ہو گئی تھی، پھر طلوع ہو گئی ہے۔ مگر اس خوشی کے ساتھ کچھ خوف بھی ہے۔ وہ یہ کہ آج کل کالجوں کی بزم یا انجمن اتحاد جھگڑے اور فساد کا باعث ہوتی ہیں۔ یہ مسئلہ صرف تعلیم گاہوں کا

نہیں ہے، بلکہ سارے ملک کی فضا ہی کچھ ایسی ہے۔ اگر یہ اختلافات ـــــ چاہے طالب علموں میں ہوں یا لیڈروں اور بزرگوں میں ـــــ اصولی ہوتے تو فوری طور پر چاہے جتنا بھی نقصان ہوتا، مگر آئندہ چل کر فائدہ ہوتا۔ کیونکہ جب دو اصولوں میں ٹکر ہوتی ہے تو بہتر اصول کی جیت ہوتی ہے، مگر چونکہ یہ اختلافات ذاتی اور شخصی ہوتے ہیں، اس لئے ان سے نقصان ہی نقصان ہوتا ہے۔ ملک میں جو اختلافات کی فضا نظر آتی ہے، وہ بہت بڑا تعطل کا باعث ہے۔ اس نے ہماری تہذیبی قدروں کو تباہ کر دیا ہے۔ تہذیب شائستگی، مذہب اور اخلاق کی کوشش یہ رہی ہے کہ فطری برائیوں کو دور کیا جائے۔ ان برائیوں میں نفسانیت اور انانیت نے سب سے زیادہ نقصان پہنچایا ہے۔ ہماری تہذیب یہ تھی کہ خود پیچھے ہو جاتے اور دوسروں کو آگے بڑھا دیتے۔ کہا جاتا۔ پہلے آپ، پہلے آپ۔ مگر اب تمام قدروں کو روند کر آگے بڑھنے کی کوشش کی جاتی ہے اور زبان حال سے کہا جاتا ہے پہلے میں، پہلے میں۔ مجھے امید ہے کہ آپ میں قدیم روایت باقی رہے گی کہ آپ پہل نہ کریں گے اور نہ دوسروں کو دکھا دے کر آگے بڑھنے کی کوشش کریں گے۔ مجھے خوشی ہے کہ آپ کے انتخابات بغیر جھگڑے اور بغیر مقابلے کے ہو گئے۔ مجھے امید ہے کہ آپ کی یہ یکجہتی باقی رہے گی۔ جامعہ پر بہت بڑی ذمہ داری آنے والی ہے۔ اس سے جامعہ کے لوگ اسی وقت عہدہ برا ہو سکتے ہیں، جب اس کے اساتذہ، کارکنوں اور طالب علموں میں مکمل اتفاق و اتحاد ہو اور سب لوگ کاندھے سے کاندھا ملا کر کام کریں۔"

(ع ل ا)

ندوں کے مدرسہ میں یوم انسانی حقوق

۱۰ دسمبر ۱۹۶۱ء کو ٹیچرس کالج کی طرف سے یوم انسانی حقوق Human Rights Day منایا۔ اس موقع پر شری رامچندرن جی سکریٹری گاندھی سمارک نیدھی، نئی دہلی نے مندرجہ بالا موضوع پر بصیرت افروز تقریر فرمائی۔ شری رام چندرن نے اس بات پر خاص طور سے زور دیا کہ صحیح قسم کی تعلیم سے انسانی حقوق کا تحفظ یقینی طور پر کیا جا سکتا ہے۔ اس پروگرام میں انگریزی میں مضمون نویسی اور تقریروں کا انعامی مقابلہ بھی شامل تھا۔ ہمارے کالج کے جونیئر اور سینیئر ڈپلوما کورس کے طلبہ نے ان مقابلوں میں حصہ لیا۔ بہترین کامیابی حاصل کرنے والے تین تین امیدواروں کو ہر ایک

بدلے میں انعام کے طور پر کتابیں پیش کی گئیں۔ تقسیم انعامات کی یہ رسم ہمارے خصوصی مہمان شری راجندر جی کے دست انجام پائی۔ (س)

تقسیم سرٹیفکیٹ کی تقریب

۱۰ دسمبر کو ایک مختصر سی تقریب میں ڈاکٹر سید عابد حسین صاحب، قائم مقام شیخ الجامعہ نے یوتھ فیسٹول میں شریک ہونے والے طلبہ اور طالبات کو سرٹیفکیٹ تقسیم کئے۔ اس کے بعد ان طالب علموں کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ سرٹیفکیٹ جو آپ کو دئے گئے، ان تمغوں کے مانند ہیں، جو ہماری مشرقی سرحد، نیفا سے ہو کر آنے والے فوجی سپاہیوں کو دئے جاتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو فیسٹول میں شرکت کا موقع ملا۔ جو آپ کی زندگی کی سرحد کو وسعت دیتا ہے۔ یوتھ فیسٹول کا اصل مقصد یہ ہے کہ ہمارے دیش کے مختلف حصوں کے لوگ اکٹھا ہوں۔ اگرچہ آمد و رفت کی سہولت کی وجہ سے میل ملاقات کی بہت سی صورتیں نکل آئی ہیں، مگر پھر بھی نوجوان طالب علموں کو اس کے مواقع بہت کم ملتے ہیں اور نئے ہندوستان میں، جہاں قومی اتحاد اور یکجہتی کی سخت ضرورت ہے، اس کے لئے یہ بہت اچھا ذریعہ ہے۔ ہمارے دیش کا کلچر اگرچہ الگ الگ ہے، مگر ان سب کی روح ایک ہے۔ چنانچہ ہندوستان کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ کثرت میں وحدت کا نظارہ دکھائی دیتا ہے۔ یوتھ فیسٹول کے اجتماع کا مقصد یہ ہے کہ ملک کی مختلف ریاستوں کے لوگ ایک دوسرے سے ملیں اور سوچیں کہ یہ سب تھوڑے تھوڑے فرق کے ساتھ ایک ہی تہذیب رکھتے ہیں۔" تعلیم کے مقصد کی وضاحت کرتے ہوئے موصوف نے فرمایا کہ "تعلیم کا تصور بہت وسیع ہے۔ اس میں وہ تمام مقاصد شامل ہیں، جنھیں کلچرل مشاغل، ڈرامے، مباحثے وغیرہ کہتے ہیں، لیکن دوسرے مشاغل کے لئے، جو تعلیم کا اہم جزو ہیں، کوئی موقع نہیں ملتا تھا۔ یوتھ فیسٹول کا ایک مقصد اس ضرورت کو پورا کرنا بھی ہے۔" اپنی تقریر کو ختم کرتے ہوئے ڈاکٹر صاحب نے فرمایا کہ شرکت کا مقصد صرف انعام حاصل کرنا نہیں ہونا چاہیئے بلکہ اس سے بلند ہو کر پوری تیاری کے ساتھ شریک ہونا چاہیئے اور اس کی کوشش ہونی چاہیئے کہ آپ جو چیز بھی پیش کریں اس کا حاضرین پر اچھا اثر پڑے قطع نظر اس کے کہ انعام ملتا ہے یا نہیں۔ میر نے کہا ہے کہ

شکست و فتح نصیبوں سے ہے ولے اے میر
مقابلہ تو دلِ ناتواں نے خوب کیا

کامیابی اور ناکامی، شکست و فتح کے مختلف اسباب ہوتے ہیں بہر حال "دلِ ناتواں کو مقابلہ خوب کرنا چاہیئے"۔

اس سے قبل یوتھ فیسٹول کمیٹی کے داعی جناب عبداللہ ولی بخش قادری صاحب نے شیخ الجامعہ سے سرٹیفکیٹ تقسیم کرنے کی درخواست کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ "جامعہ میں کتابی تعلیم کے علاوہ غیر رسمی طور پر مقاصد کو پورا کرنے کی ہمیشہ کوششیں ہوتی رہی ہیں اور غیر نصابی مشاغل کی یہاں ہمیشہ ہمت افزائی کی گئی ہے اور اس پر زور دیا گیا ہے لیکن اس صورت میں افراد کی ذمہ داری بڑھ جاتی ہے۔ اب تک یہاں طلبہ کی تعداد بہت زیادہ نہیں تھی، اس لئے اساتذہ کو شخصی اور خصوصی توجہ کرنے کا پورا موقع حاصل تھا، لیکن اب ان کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے، اور آئندہ اس تعداد میں بہت بڑے اضافہ کی توقع ہے، اس لئے ضرورت ہے کہ طلبہ کی تہذیبی زندگی کو بہتر بنانے اور تفریحی مشاغل کو زیادہ منظم اور باقاعدہ بنانے کی طرف توجہ کی جائے۔ یوتھ فیسٹول کی شرکت اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ مجھے امید ہے کہ آئندہ مزید تیاری کے ساتھ اور ایک منصوبے کے ماتحت اس میں شرکت کی جائے گی"

(ع ل ا)

(بقیہ تنقید و تبصرہ (صفحہ ۱۶۱)

تبصرہ کے شروع میں یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ کسی زندہ شخص کی زندگی ہی میں خاص نمبر نکالنے سے یہ فائدہ ہو سکتا ہے کہ غلط واقعات کی تصحیح اور بے بنیاد افواہوں کی تردید کا اچھا موقع ہوتا ہے، مگر اس نمبر میں اس طرح کی کوئی کوشش نہیں کی گئی ہے، بلکہ ایک ہی واقعہ کے متعلق دو متضاد بیانات بغیر کسی اختلافی یا توضیحی نوٹ کے شائع کر دیئے گئے ہیں۔ اسی طرح ۶۱ء کے شروع میں جوش صاحب ہندوستان آئے تو یہاں کے متعدد اخبارات نے لکھا کہ وہ ہندوستانی شہریت حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اس کے متعلق ایک روزنامہ کا اداریہ اس نمبر میں نقل کیا گیا ہے لیکن اس کی تردید یا وضاحت میں نہ تو جوش صاحب کی طرف سے کوئی چیز شائع کی گئی ہے اور نہ ادارہ کی طرف سے۔ حالانکہ ضرورت تھی کہ یا تو اس کا جواب شائع کیا جاتا یا سرے سے اس اداریہ کو شائع ہی نہ کیا جاتا ——— بہر حال اس میں شبہ نہیں کہ اس نمبر میں حضرت جوش صاحب کے بارے میں بہت کافی مواد جمع کیا گیا ہے اور جوش کی شخصیت اور شاعری کو سمجھنے کے لئے اس وقت اس سے بہتر کوئی اور چیز نہیں ہے۔

سنہ ۱۹۶۱ء کے اُردو ادب کا جائزہ

ہم نے اس سے قبل اعلان کیا تھا کہ رسالہ جامعہ کے سالنامہ میں سنہ ۱۹۶۱ء کے ادبی تعلیمی اور سیاسی حالات کا جائزہ لیا جائے گا، مگر رسالہ کی مالی حالت کے پیش نظر بہت ضخیم نمبر نکالنا ممکن نہیں ہے، اس لئے اب صرف اُردو ادب کی رفتار ترقی کا جائزہ لیا جائے گا۔ اس خاص نمبر کے مجوزہ مضامین اور مضمون نگار حسب ذیل ہیں:۔

۱۔ پاکستان کی اردو مطبوعات پر ایک نظر	ڈاکٹر عبادت بریلوی
۲۔ تعلیمی کتابیں	ڈاکٹر سلامت اللہ
۳۔ علمی و مذہبی کتابیں	جناب ضیاء الحسن فاروقی
۴۔ تنقید و تحقیق	جناب راجندر ناتھ شیدا
۵۔ ناول و افسانے	ڈاکٹر قمر رئیس
۶۔ ڈرامے	ڈاکٹر محمد حسن
۷۔ طنز و مزاح	جناب فرقت کاکوروی
۸۔ تراجم	عبد اللطیف اعظمی
۹۔ بچوں اور بالغوں کی کتابیں	جناب محمد حسین حسان
۱۰۔ اُردو شاعری	جناب رشید حسن خاں
۱۱۔ سنہ ۱۹۶۱ء میں جن ادیبوں کا انتقال ہوا	جناب عابد رضا بیدار
۱۲۔ مطبوعات سنہ ۱۹۶۱ء پر ایک نظر	ع ل ا

سالنامہ

جامعہ

سالانہ چندہ
چھ روپے

قیمت سالنامہ
ایک روپیہ

جلد ۴۶ | بابت ماہ فروری ۱۹۶۲ء | شمارہ ۴، ۵

فہرست مضامین

پاکستان کی اردو مطبوعات پر ایک نظر	ڈاکٹر عبادت بریلوی	۳
پچھلے دو سال کا تحقیقی اور تنقیدی ادب	جناب راجندر ناتھ شیدا	۱۵
اردو افسانہ اور ناول	ڈاکٹر قمر رئیس	۲۷
۱۹۶۰، ۶۱ء کا مزاحیہ ادب	جناب غلام احمد فرقت کاکوروی	۳۴
تراجم	عبداللطیف اعظمی	۴۴
بچوں اور بالغوں کی کتابیں	جناب محمد حسین حسان	۵۵
نظم (۶۰ اور ۶۱ء میں شائع ہونے والے مجموعے)	جناب رشید حسن خاں	۶۲
وفیات ۱۹۶۱ء	جناب خواجہ حافظ نبی احمد	۹۰
مطبوعات ۶۱ء پر ایک نظر	ع ل ا	۹۲
کچھ سالنامہ کے متعلق	مرتب	۱۰۳

پاکستان کی اُردو مطبوعات پر ایک نظر

ڈاکٹر عبادت بریلوی

پاکستان میں آج کل ہر سال اردو کی بے شمار کتابیں شائع ہوتی ہیں۔ ان میں معیاری اور غیر معیاری ہر قسم کی کتابیں شامل ہیں۔ اس میں شبہ نہیں کہ ان میں زیادہ تعداد عام طور پر غیر معیاری کتابوں کی ہوتی ہے۔ جو محض کاروباری مقصد سے شائع کی جاتی ہیں۔ لیکن ایسی کتابوں کی بھی کمی نہیں ہے جن کو شائع کرنے کا مقصد علمی اور ادبی ہوتا ہے۔ علمی و ادبی کتابیں کچھ تو وہ ادارے شائع کرتے ہیں جن کو خود حکومت نے قائم کیا ہے۔ یا پھر وہ ادارے ہیں جن کو حکومت کی طرف سے مالی امداد ملتی ہے۔ ان میں ادارۂ ثقافت اسلامیہ، مجلس ترقی ادب، بزم اقبال، اردو اکیڈمی، مغربی پاکستان، پنجابی اکیڈمی، پشتو اکیڈمی، اردو اکیڈمی بہاول پور، ترقی اردو بورڈ کراچی، اقبال اکیڈمی پاکستان کراچی وغیرہ خاص طور پر اہمیت رکھتے ہیں۔ ان کے علاوہ بعض ایسے ادارے بھی ہیں جن کے پیش نظر اردو زبان کی خدمت ہے اور جو اسی جذبے سے اُردو کی علمی و ادبی کتابیں شائع کرتے ہیں۔ ان میں انجمن ترقی اُردو پاکستان کراچی اور اکادمی پنجاب لاہور خصوصیت کے ساتھ قابلِ ذکر ہیں۔ بعض ناشر بھی ایسے ہیں جو باوجود اپنی کاروباری مصروفیتوں کے علمی اور ادبی کتابیں شائع کرتے رہتے ہیں۔ ان میں اُردو اکیڈمی سندھ کراچی، اُردو دنیا کراچی، اُردو مرکز لاہور، مکتبۂ جدید لاہور، مکتبۂ اُردو لاہور، نیا ادارہ لاہور، فیروز سنز لاہور اور شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور وغیرہ کا نام سرِ فہرست ہے۔ ۱۹۶۱ء میں بھی یہی ادارے علمی اور ادبی کتابیں شائع کرنے میں پیش پیش رہے ہیں۔ اور انھوں نے سینکڑوں کی تعداد میں ایسی علمی اور ادبی کتابیں شائع کی ہیں جن سے پاکستان کے علمی اور ادبی ماحول پر روشنی پڑتی ہے۔

گزشتہ کئی سال سے پاکستان میں کلاسیکی اور اُردو ادب کی ان کتابوں کو از سرِ نو شائع کرنے

کی ضرورت شدت سے محسوس کی جاتی رہی ہے جو عرصہ ہوا چھپی تھیں، لیکن اب نایاب ہیں۔ چنانچہ لاہور میں مجلس ترقی ادب نے اور کراچی میں ترقی اُردو بورڈ اور انجمن ترقی اُردو پاکستان نے کلاسیکی ادب کو از سرِ نو شائع کرنے کے منصوبے بنائے۔ گزشتہ سال اس منصوبے نے عملی شکل اختیار کی اور لاہور اور کراچی دونوں مقامات سے بعض اہم کتابوں کے سستے اڈیشن شائع ہوئے۔ مجلس ترقی ادب لاہور نے مسافران لندن، کے نام سے سرسید کا سفر نامہ شائع کیا۔ اس کتاب میں سرسید کے سفر لندن کے حالات ہیں اور اب یہ پہلی بار کتابی صورت میں شائع ہوئے ہیں۔ ماسٹر پیارے لال آشوب اور کرنل ہالرائیڈ نے مل کر جو کتاب رسوم ہند کے نام سے مرتب کی تھی اور جو اس سے قبل شائع بھی ہو چکی تھی وہ اب مجلس ترقی ادب لاہور سے از سرِ نو شائع ہوئی ہے۔ مولانا محمد حسین آزاد کی کتاب قصص ہند، عرصے سے نایاب تھی۔ گزشتہ سال اس کو مکمل صورت میں مجلس نے شائع کر دیا ہے۔ مولانا حالی کی حیات سعدی اور سوانح مولانا روم کے نئے اڈیشن بھی چھپ کر شائع ہوئے ہیں۔ ناولوں میں نذیر احمد کے ابن الوقت اور شرر کے فردوس بریں کو شائع کیا گیا ہے۔ ان کے علاوہ داغ کا دیوان مہتاب داغ اور دیوان خواجہ میر درد صحت کے ساتھ چھاپے گئے ہیں۔ مہاکوی کالی داس کا ڈرامہ وکرم اروسی جس کا ترجمہ عزیز مرزا لکھنوی نے کیا تھا، اور جو عرصے سے نایاب تھا اب اس کا نیا اڈیشن شائع ہوا ہے۔ بزم اقبال لاہور نے علامہ اقبال کے جاوید نامہ کا ترجمہ بھی انگریزی میں شائع کر دیا ہے۔ اس کے مترجم عبدالکریم خاں ہیں اور انھوں نے علامہ کی فارسی نظموں کو انگریزی نظم کے سانچے میں بڑی خوبی سے ڈھالا ہے۔

کراچی میں جو ترقی اُردو بورڈ اُردو لغت کا کام کر رہا ہے۔ اس نے لغات کے دو حصوں کے علاوہ گزشتہ سال اُردو کی چند نایاب کتابوں کو شائع کرنے کا اہتمام کیا ہے۔ ان میں نذیر احمد کی منتخب الحکایات اور مراۃ العروس خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ منتخب الحکایات کو شاہد احمد دہلوی نے مرتب کیا ہے۔ شروع میں مقدمہ اور آخر میں فرہنگ بھی شامل ہے۔ مراۃ العروس کو ڈاکٹر بیگم شائستہ اکرام اللہ نے مرتب کیا ہے۔ یہ کتاب بھی مقدمہ اور فرہنگ کے ساتھ شائع ہوئی ہے۔ راشد الخیری کی کتاب منازل السائرہ بھی ترقی اُردو بورڈ کے زیر اہتمام شائع ہوئی ہے۔ اس کو

ملا تقی الغیری صاحب نے مرتب کیا ہے اور اُن کے مقدمہ و فرہنگ کے ساتھ یہ بھی کراچی سے شائع ہوئی ہے۔

یہ کام اپنی جگہ اہم ہے۔ کیونکہ اس طرح اُردو کی بعض ایسی کتابیں جو عرصہ ہوا شائع ہو کر نایاب ہو چکی تھیں اب از سرِ نو شائع ہو گئی ہیں لیکن ابھی تک اردو شاعروں کے بہت سے دیوان اور تذکرے اور بعض داستانیں اور قصے کہانیاں غیر مطبوعہ ہیں۔ بے شمار مخطوطے ہندوستان، پاکستان اور انگلستان کے کتب خانوں میں ایسے ہیں جن کی اشاعت اردو کلاسیکی ادب کے سرمائے میں بہت بڑا اضافہ ثابت ہو سکتی ہے۔ اگر یہ ادارے اس کام کو اپنے ہاتھ میں لیتے تو شاید انھیں ایک اہم ذمہ داری سے عہدہ برآ ہونے کا موقع ملتا۔

گزشتہ سال علمی، ادبی اور تنقیدی کتابیں ہمارے یہاں خاصی تعداد میں شائع ہوئی ہیں انجمن ترقی اردو پاکستان اس کام میں پیش پیش رہی ہے۔ قاموس الکتب کی ترتیب و تدوین کا کام عرصے سے بابائے اُردو ڈاکٹر مولوی عبدالحق صاحب مرحوم کی زیرِ نگرانی ہو رہا تھا۔ انتظام اللہ شہابی اس کام میں اُن کے دست راست کی حیثیت رکھتے تھے۔ اب یہ قاموس الکتب بڑے سائز کے کئی ہزار صفحات پر چھپ کر شائع ہوئی ہے۔ اس میں صرف اُردو کی کتابوں کا تذکرہ ہے ـــــ ابتدا میں بابائے اُردو کا مقدمہ بھی شامل ہے ـــــ بابائے اُردو مرحوم کی کتاب 'قدیم اُردو' بھی گزشتہ سال انجمن نے شائع کی ہے۔ اس میں ان کے وہ مقالات شامل ہیں جو انھوں نے قدیم اُردو کے شاعروں اور نثر نگاروں پر لکھے تھے۔ حضرت شاہ میراں جی شمس العشاق رح، حضرت شاہ برہان الدین جانمؒ حضرت شاہ امین الدین اعلیٰؒ، شاہ علی محمد جیو گام دھنیؒ، میاں شیخ خوب محمد چشتیؒ، حسن شوقی، قاضی محمود دریائی، مُلا عشرتی، سید احمد ہنر، علی احسان، پُرانی اُردو میں قرآن مجید کے ترجمے اور تفسیریں دکنی اُردو میں شاہنامے کی داستانیں، اُردو زبان کا اپنا قدیم کتبہ، کلیات سلطان محمد قلی قطب شاہ شمس خلق باری، شرح تمہید ہمدانی، مثنوی وفات نامہ حضرت فاطمہ، مُلا وجہی کی سب رس اور سب رس منظوم۔ اس مجموعے کے اہم مقالات اور تبصرے ہیں۔ اس کے علاوہ انجمن نے وحید الدین سلیم کے متفرق مضامین بھی مضامین سلیم کے نام سے یک جا کر کے شائع کئے ہیں۔ ڈاکٹر شوکت سبزواری کی کتاب غالب کا فکر و فن، بھی انجمن سے شائع ہوئی ہے۔ ڈاکٹر سید لطیف حسین ادیب

کی کتاب سرشار کی ناول نگاری بھی گزشتہ سال شائع ہوئی ہے ـــ یہ ۴۱۶ صفحے کی مبسوط کتاب ہے جس میں سرشار کے فن کا تنقیدی مطالعہ ہے۔ انجمن نے نئی علمی کتابیں شائع کی ہیں ان میں کارل مارکس کی کتاب داس کیپٹل، کا اردو ترجمہ قابل ذکر ہے۔ اس کا ترجمہ سید محمد تقی صاحب نے کیا ہے اور اس پر جو محنت کی ہے اس کا اندازہ کتاب کو دیکھ کر ہی ہو سکتا ہے۔ انجمن نے گزشتہ سال اپنی بعض نایاب کتابوں کے نئے اڈیشن بھی شائع کئے ہیں۔ راقم کی کتاب اردو تنقید کا ارتقاء قیام پاکستان کے فوراً بعد انجمن سے شائع ہوئی تھی۔ بہت تھوڑے عرصے میں اس کا اڈیشن ختم ہو گیا تھا اور وہ ایک زمانے سے نایاب تھی۔ انجمن نے اس کا نیا اڈیشن شائع کر دیا ہے لیکن افسوس ہے کہ یہ کتاب نظر ثانی کے بغیر چھپی ہے۔ یہ کتاب آج سے سترہ اٹھارہ سال قبل لکھی گئی تھی۔ اس عرصہ میں اردو تنقید میں خاصہ کام ہوا ہے۔ اس لئے اس میں ترمیم و اضافہ ضروری تھا۔ اب انشاء اللہ جلد اس کا نیا اڈیشن ترمیم و اضافہ کے بعد راقم کی نگرانی میں شائع ہوگا۔ ارسطو کی بوطیقا مترجمہ عزیز احمد بھی عرصہ سے نایاب تھی۔ انجمن نے یہ کتاب بھی از سر نو شائع کر دی ہے۔

اُردو دنیا کراچی نے گزشتہ سال راقم کی دو کتابیں شائع کی ہیں۔ ایک تو جدید شاعری، اور دوسری مومن اور مطالعۂ مومن ـــ جدید شاعری بڑے سائز پر ساڑھے چھ سو صفحات کی ضخیم کتاب ہے۔ اس میں ۱۸۵۷ء سے لے کر اس وقت تک کی جدید شاعری کے رجحانات اور جدید شعرا کے کارناموں کا تنقیدی تجزیہ ہے۔ جدید شاعری کے مسائل پر بھی اس میں بحث ہے اور تمام جدید شعراء کے حالات بھی درج ہیں ـــ مومن اور مطالعۂ مومن میں انیسویں صدی کی دلی کے مشہور شاعر حکیم محمد مومن خاں مومن دہلوی کے حالات، ان کی شخصیت، فارسی و اردو تصانیف، غزل گوئی، مثنوی نگاری اور ادبی اہمیت کا جائزہ ہے ـــ اس کی ضخامت ساڑھے پانچ سو صفحات ہے اور یہ بھی بڑے سائز پر چھپی ہے۔

کراچی کا ایک اور ادارہ اُردو اکیڈمی سندھ بھی گزشتہ سال علمی تحقیقی اور تنقیدی کتابیں شائع کرنے میں پیش پیش رہا ـــ اس ادارے نے جو علمی کتابیں شائع کیں ان میں تذکرہ صوفیائے سندھ، اور تاریخ تعلیم اہمیت رکھتی ہیں ـــ اول الذکر میں سندھ کے صوفیا کے حالات ہیں ـــ یہ اعجاز الحق قدوسی صاحب

کی تالیف ہے اور انھوں نے اس کتاب پر خاصی محنت کی ہے۔ آخر الذکر کتاب کے مولف خالد یار خاں صاحب ہیں۔ انھوں نے قدیم زمانے سے لے کر اس وقت تک کے تعلیمی نظریات کو اس کتاب میں بڑے سلیقے سے پیش کیا ہے ـــــ ادبی اور تنقیدی کتابوں میں دکنی ادب کی تاریخ، مکتوبات بابائے اُردو، داستان سے افسانے تک، اُردو ادب میں سوانح نگاری کا ارتقا، علمی نقوش، اُردو کی تین مثنویاں، تخلیق و تنقید اور انتخاب خطوط غالب اور مقالات یوم شبلی خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ دکنی ادب کی تاریخ کوئی دو سو صفحے کی مختصر سی کتاب ہے جس کے مولف ڈاکٹر سید محی الدین قادری زور ہیں۔ اس میں بہمنی عہد قطب شاہی، عادل شاہی عہد اور مغلیہ عہد کی دکنی شاعری اور نثر کا تاریخی اور تنقیدی جائزہ ہے۔ مکتوبات بابائے اُردو حکیم امامی بنگلوری صاحب کی تالیف ہے۔ دو سو صفحے کی اس مختصر سی کتاب میں انھوں نے وہ خطوط جمع کر دئے ہیں جو ڈاکٹر مولوی عبدالحق صاحب نے انھیں اپنی زندگی میں لکھے تھے ـــــ یہ خطوط نجی ہیں لیکن ان میں جگہ جگہ ایسے بیانات ہیں جن سے لسانی، ادبی اور تنقیدی معاملات و مسائل پر روشنی پڑتی ہے۔ "داستان سے افسانے تک" سید وقار عظیم صاحب کی تالیف ہے۔ بڑے سائز پر چھپی ہوئی کوئی چار سو صفحات کی یہ کتاب اپنے موضوع پر ایک ہی کتاب ہے۔ اُردو ادب میں سوانح نگاری کا ارتقا الطاف فاطمہ کا وہ مقالہ ہے جو انھوں نے ایم اے کے امتحان کے لئے لکھا تھا گزشتہ سال یہ کتابی صورت میں شائع ہوا ہے۔ اس میں اُردو سوانح نگاری کا تاریخی اور تنقیدی جائزہ ہے۔ چھوٹے سائز کے ساڑھے تین سو صفحے کی یہ کتاب اپنی جگہ مکمل ہے اور اس سے اردو سوانح نگاری کے ارتقائی مدوجزر کا پوری طرح اندازہ ہو جاتا ہے۔ "علمی نقوش" ڈاکٹر غلام مصطفےٰ خاں صاحب کے تحقیقی اور تنقیدی مقالات کا مجموعہ ہے۔ اس میں بعض مضامین مثلاً ولی ویلوری کی تین مثنویاں، ولی گجراتی کا غیر مطبوعہ کلام خاکی، حضرت شرف الدین یحییٰ منیری کے فارسی ملفوظات شیخ وجیہہ الدین گجراتی، اُردو املا کی تاریخ، میر کی مثنوی دریائے عشق کا ایک ملفوظ عبدالحی تاباں۔ متین برہان پوری کے اردو مرثیے اور خلاصۃ الاخبار قابل ذکر ہیں ـــــ اردو کی تین مثنویاں رشید اللہ خاں صاحب کے تین مضامین کا مجموعہ ہے اس میں میر حسن کی سحر البیان دیا شنکر نسیم کی گلزار نسیم اور زہر عشق کا تنقیدی مطالعہ ہے۔ "تخلیق و تنقید" عبدالسلام صاحب کے

یدی مضامین کا مختصر سا مجموعہ ہے۔ اس میں ابن الوقت، فردوس بریں، امراؤ جان ادا، خواجہ
درد، رقعات غالب، غالب کا نظریۂ عشق، فسانۂ عجائب، آتش، آخر شیرانی کا مطالعہ
ہے۔ یہ مضامین طالب علموں کے لئے لکھے گئے ہیں اور اس اعتبار سے مفید ہیں۔ راقم کا مرتب کیا ہوا
ب کے خطوط کا انتخاب کوئی چھ سات سال قبل اردو اکیڈمی سندھ کراچی سے شائع ہوا تھا۔
ب اس کا نیا اڈیشن شائع کیا گیا ہے۔ غالب کے خطوط کا یہ انتخاب اس طرح کیا گیا ہے کہ اس
سے غالب کی زندگی کے حالات سامنے آجاتے ہیں۔ انھوں نے جو کچھ اپنے بارے میں لکھا ہے اس کو
ن کے خطوط سے نکال کر اس مجموعے میں کچھ اس طرح ترتیب دیا گیا ہے کہ یہ کتاب ان کی آپ بیتی
معلوم ہوتی ہے شروع میں خطوط غالب کی اہمیت کے بارے میں ایک مفصل مقدمہ بھی شامل ہے۔
مقالات یوم شبلی کو اردو اکیڈمی سندھ کی شاخ اردو مرکز لاہور نے شائع کیا ہے۔ یہ کتاب بڑے
سائز پر خوبصورت ٹائپ میں چھپی ہے۔ تین سو صفحے کی اس کتاب میں وہ مضامین شامل ہیں جو
اسلامیہ کالج پشاور کے رسالے "البصیر" کے شبلی نمبر میں شائع ہوئے تھے۔ ان کے علاوہ کچھ نئے
مضامین کا اس مجموعے میں اضافہ بھی کیا گیا ہے۔ اس کے مرتب اسلامیہ کالج پشاور کے استاد
عبید اللہ خاں صاحب ہیں اور انھوں نے اس میں شبلی کی تصانیف، شبلی کی سیاسی شاعری
شبلی کی تنقید نگاری، مقالات شبلی، شبلی اور سیرۃ النبی، علی گڑھ میں شبلی کا قیام کے لیے
اہم موضوعات پر معروف لکھنے والوں کے مقالات جمع کر دیئے ہیں۔

اردو اکیڈمی سندھ اور اردو مرکز کے علاوہ بعض دوسرے اداروں نے بھی کچھ علمی اور
ادبی کتابیں شائع کی ہیں۔ کراچی کے ایک ناشر نے حکومت پاکستان کی مدد سے نور اللغات کی
تمام جلدیں شائع کر دی ہیں۔ آخری جلد گزشتہ سال شائع ہوئی ہے۔ اس طرح نور اللغات
اب نایاب نہیں رہی۔ پاکستان اکیڈمی پبلشرز کراچی نے تاریخ ادب اردو کی پہلی جلد شائع کی
ہے۔ اس کو عبد القیوم صاحب نے مرتب کی ہے اور اس میں ابتدا سے ۱۷۰۰ء تک کے اردو ادب
کا تاریخی جائزہ ہے۔ انجمن مصنفین پاکستان (پاکستانی رائٹرز گلڈ) کے اشاعت گھر نے ڈاکٹر سید
شاہ علی کی کتاب "اردو میں سوانح نگاری" شائع کر دی ہے۔ یہ کتاب دراصل پی ایچ ڈی کا

مقالہ ہے جو انھوں نے لکھنؤ یونیورسٹی میں پیش کیا تھا۔ اب یہ کتابی صورت میں چھپا ہے۔ اس میں اُردو سوانح نگاری کا تاریخی و تنقیدی جائزہ ہے جس کو مؤلف نے محنت سے تیار کیا ہے۔

علامہ اقبالؒ کے فکر و فن پر ہمارے یہاں آج کل خاصا کام ہو رہا ہے۔ بزم اقبال لاہور اور اقبال اکیڈمی کراچی نے علامہ کے بارے میں اب تک بعض اہم کتابیں چھاپی ہیں۔ لاہور سے پروفیسر عابد علی عابد کی کتاب شعرِ اقبال اور سید نذیر نیازی کی کتاب تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ اس سے قبل شائع ہو چکی ہیں۔ اول الذکر علامہ کے فن کا تنقیدی جائزہ ہے اور آخر الذکر علامہ کے انگریزی لکچروں کا اردو ترجمہ ہے جس کو سید نذیر نیازی صاحب نے اُردو کا جامہ پہنایا ہے۔ گزشتہ سال جاوید نامے کے ترجمے کے علاوہ لاہور کی بزم اقبال نے کوئی قابلِ ذکر کتاب شائع نہیں کی۔ البتہ کراچی کی اقبال اکیڈمی نے علامہؒ کے بارے میں بعض اہم کتابیں چھاپی ہیں۔ ان میں ڈاکٹر نور الدین کی کتاب تصوف اور علامہ اقبال، ڈاکٹر عاشق حسین بٹالوی کی کتاب اقبال کے آخری دو سال، نظر حیدر آبادی کی کتاب اقبال اور حیدر آباد، محمد عثمان صاحب کی "اسرار و رموز پر ایک نظر" رئیس احمد جعفری صاحب کی "اقبال اور سیاست ملی" اور علامہ اقبال کی کتاب "علم الاقتصاد" خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ ان کتابوں سے علامہ کی زندگی ان کی شخصیت اور فن کے بعض نئے گوشے ہمارے سامنے آتے ہیں۔

تحقیق و تنقید کے ساتھ ساتھ ہلکے پھلکے مضامین، خاکے اور انشائیے بھی گزشتہ سال ہمارے یہاں خاصی تعداد میں شائع ہوئے ہیں۔ بابائے اردو ڈاکٹر مولوی عبدالحق صاحب کی کتاب "چند ہم عصر" کا نیا اڈیشن اس سال پھر شائع ہوا ہے۔ اس سے قبل مولوی صاحب مرحوم کے یہ دلچسپ خاکے انجمن ترقی اُردو سے شائع ہوئے تھے۔ اب ان کو اردو اکیڈمی سندھ کراچی نے شائع کیا ہے۔ فرحت اللہ بیگ کا خاکہ "نذیر احمد کی کہانی" بھی اسی ادارے سے شائع ہوا ہے دلی کا ایک یادگار مشاعرہ اکیڈمی لائبریری کی سیریز میں از سرِ نو چھاپا گیا ہے ــــ جگر صاحب مرحوم کی شخصیت پر ایک مختصر سی کتاب تذکرۂ جگر کے نام سے محمود علی خاں صاحب جاسی نے لکھی ہے۔ اس لئے بہت دلچسپ ہے۔ ضیاء الدین احمد برنی صاحب کی کتاب "عظمت رفتہ" تعلیمی مرکز کراچی

سے شائع ہوئی ہے۔ ۵۱۲ صفحے کی یہ کتاب ٹائپ میں بہت خوب صورت چھپی ہے۔ اس کتاب میں برنی صاحب نے ان شخصیتوں کے حالات لکھے ہیں جن کو انھوں نے دیکھا یا جن سے انھیں ملنے کا موقع ملا ــــ ۹۳ شخصیتوں پر انھوں نے اس کتاب میں اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے۔ ان مضامین کو پڑھ کر ان شخصیتوں کی تصویریں سامنے آجاتی ہیں۔ شخصیتوں میں سیاسی رہنما، معلم، ادیب، شاعر، صحافی، سب ہی شامل ہیں۔ بیسویں صدی کے ہندوستان کی شاید ہی کوئی اہم شخصیت ہو جس پر برنی صاحب نے اظہار خیال نہ کیا ہو ــــ ہلکے پھلکے مضمون اور انشائیوں کے تین مجموعے گزشتہ سال شائع ہوئے ہیں۔ ایک تو نظیر صدیقی کا "شہرت کی خاطر" دوسرے مشتاق احمد یوسفی کا "چراغ تلے" اور تیسرے وزیر آغا کا "خیال پارے" شہرت کی خاطر ہلکے پھلکے مضامین کا مجموعہ ہے، جس میں جگہ جگہ مزاح کا پہلو اپنی جھلک دکھاتا ہے۔ اس کو پاک کتاب گھر ڈوالی ڈھاکہ مشرقی پاکستان نے شائع کیا ہے ــــ چراغ تلے، مکتبہ جدید لاہور سے شائع ہوا ہے۔ یہ بھی چند ہلکے پھلکے مزاحیہ مضامین کا مجموعہ ہے۔ ان میں سے ہر مضمون کو پڑھ کر طبیعت باغ باغ ہو جاتی ہے اور جینے کو جی چاہتا ہے۔ اسلوب اور انداز بیان میں بھی ایک انفرادی شان ہے۔ خیال پارے میں وزیر آغا صاحب کے کچھ انشائیے شامل ہیں۔ انشائیوں کے اس مختصر مجموعے کو اکیڈمی پنجاب لاہور نے شائع کیا ہے۔ یہ انشائیے انگریزی کے (LIGHT ESSAY) کے طرز پر لکھے گئے ہیں اور اردو میں ایک نیا تجربہ ہیں۔ اس لحاظ سے ان میں دلچسپی کا خاصا سامان ہے۔

ناولوں کا بازار اگرچہ اب بڑی حد تک سرد ہو گیا ہے لیکن اب بھی تاریخی یا جنسی اور رومانی ناول عام پڑھنے والوں کے لئے شائع ہو رہے ہیں۔ ان میں ایسے ناول نہ ہونے کے برابر ہیں جن میں ناول کی فنی اقدار موجود ہوں۔ گزشتہ سال بھی ایسے کئی ناول شائع ہوئے ہیں۔ قدیم ناولوں میں منشی سجاد حسین کا مزاحیہ ناول حاجی بغلول، از سر نو شائع ہوا ہے۔ جمیل جالبی صاحب نے مقدمہ اور فرہنگ کے ساتھ اس کو کراچی سے شائع کیا ہے۔ نذیر احمد توبۃ النصوح اور فسانۂ مبتلا کے بھی نئے اڈیشن شائع ہوئے ہیں۔ مرزا محمد ہادی رسوا کے ناول امراؤ جان ادا، شریف زادہ، ذات شریف اور اختری بیگم کو بھی از سر نو شائع کیا گیا ہے ــــ ان ناولوں کے سستے اڈیشن اردو اکیڈمی سندھ کراچی نے شائع کئے ہیں اور یہ ایک مستحسن اقدام ہے۔ نئے لکھنے والوں کے معیاری ناول گزشتہ سال بہت کم منظر عام پر آئے ہیں۔ کرشن چندر

کے دو ناول "سڑک واپس جاتی ہے" اور "ایک عورت ہزار دیوانے" مکتبۂ افکار کراچی سے شائع ہوئے ہیں۔ ان دونوں ناولوں میں رومان و حقیقت کا حسین امتزاج موجود ہے۔ ان دونوں پہلوؤں کی دھوپ چھاؤں کو یک جا کرنا کرشن چندر کے فن کا نمایاں ترین وصف ہے۔ "سڑک واپس جاتی ہے" میں بمبئی میں فٹ پاتھ پر زندگی بسر کرنے والوں کا نقشہ بڑی خوبی سے کھینچا گیا ہے "ایک عورت ہزار دیوانے" میں خانہ بدوشوں کی زندگی کی حقیقت سے بڑی ہی بھرپور تصویر کشی ہے۔ یہ ناول دلچسپ ہیں۔ ان میں افادیت کا رنگ بھی موجود ہے لیکن ان کا کینوس بہت بڑا نہیں ہے۔ اسی لئے یہ ناول سے زیادہ ناولٹ کی تکنیک سے قریب ہیں۔ کرشن چندر کے دل موہ لینے والے انداز نے ان کو بہت دلچسپ بنا دیا ہے۔ ڈاکٹر احسن فاروقی کا ناول سنگم بھی کراچی سے شائع ہوا ہے۔ یہ ناول ایک تجربہ ہے۔ اس میں ہند و پاکستان کے تاریخی مد و جزر کے اثرات کو پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس سلسلے میں فاروقی صاحب نے ورجینا وولف کی تکنیک کو اپنے لئے شمع راہ بنایا ہے۔ ناول دلچسپ ہے اور پڑھنے سے تعلق رکھتا ہے ـــــ علی پور کا ایلی ممتاز مفتی کا ضخیم ناول ہے جس کو داستان گو لاہور نے شائع کیا ہے۔ ڈیڑھ ہزار صفحے کے اس ناول میں متوسط طبقے کے ایک فرد کی زندگی کے نشیب و فراز کو بڑی خوبی سے پیش کیا گیا ہے۔ دراصل یہ مصنف کی آپ بیتی معلوم ہوتی ہے جس کو ناول کا روپ دے دیا گیا ہے۔ ہماری انفرادی اور اجتماعی زندگی کی بہت اچھی تصویر اس ناول میں موجود ہے۔ اردو میں اپنی نوعیت کا یہ ایک ہی ناول ہے۔ اس نے ہماری ناول نگاری کی روایت میں گراں قدر اضافہ کیا ہے۔ جمیلہ ہاشمی کا ناول "تلاش بہاراں" بھی گزشتہ سال شائع ہوا ہے۔ اس میں عورتوں کے مسائل کو موضوع بنایا گیا ہے۔ اس میں اصلاح کا پہلو غالب ہے۔ تکنیک کے اعتبار سے اس میں کوئی خاص بات نہیں ہے۔ یہ اوسط درجے کا ناول ہے۔ اس موضوع پر خاصی تعداد میں ناول لکھے جا چکے ہیں۔

ادھر چند سال سے مختصر افسانوں اور ڈراموں سے دلچسپی کچھ کم ہوتی جا رہی ہے۔ اس کا اثر یہ ہوا کہ ہر سال بس گنتی کے چند مجموعے چھپ جاتے ہیں۔ گزشتہ سال افسانوں اور ڈراموں کے جو مجموعے شائع ہوئے ہیں انھیں انگلیوں پر گنا جا سکتا ہے۔ عصمت چغتائی کے

افسانوں کے جو مجموعے کلیاں اور چوٹیں کے نام سے چھپے تھے، اب ان کے نئے اڈیشن اردو مرکز لاہور سے شائع ہوئے ہیں۔ محمد حسن عسکری کے افسانوں کا مجموعہ جزیرے بھی آئینہ ادب لاہور نے شائع کر دیا ہے۔ کرشن چندر کے افسانوں کا نیا مجموعہ "ایک خوشبو اڑی اڑی سی" مکتبہ افکار کراچی سے شائع ہوا ہے۔ اس میں کرشن چندر کے مندرجۂ ذیل افسانے شامل ہیں:-

جنتا سے ابنتا تک، گل دان، ایک خوشبو اڑی اڑی سی، کھٹے انار میٹھے انار، چینی پنکھا، موہن جو دارو کا خزانہ، پرتیو، دودھ کا دودھ پانی کا پانی، بیمار باپ، بلی اور وزیر اور زیروں کا کلب، اشوک کی موت، چور، بے داغ فولاد، دل کسی کا دوست نہیں، سیرن ـــــ ان افسانوں میں کرشن چندر کا مخصوص انداز نمایاں ہے۔ ان کو پڑھ کر یہ اندازہ ہوتا ہے کہ ان کی افسانہ نگاری کا فن اب بھی شباب پر ہے ـــــ انجمن مصنفین پاکستان (پاکستان رائٹرز گلڈ) کے اشاعت گھر نے گزشتہ سال افسانوں کے دو مجموعے شائع کئے ہیں۔ ایک تو ہاجرہ مسرور کا "تیسری منزل" اور دوسرا انور کا "سورج بھی تماشائی"۔ ہاجرہ مسرور کے افسانوں کا یہ چوتھا مجموعہ ہے، اور اس میں ان کے مندرجۂ ذیل پندرہ افسانے شامل ہیں:-

"تیسری منزل، موج اور تہہ، مول تول، فاصلے، نئے اور پرانے، کنیز، بھالو، صندوقچہ، بے چاری، فضل دین، ایک سفر ایک اشتہار، گلے، بھاگ بھری، موت اور دودھ، محبت اور ـــــ ہاجرہ مسرور نے ہماری زندگی کے مختلف پہلوؤں کی عکاسی ان افسانوں میں بڑی خوبی سے کی ہے۔ انور کا مجموعہ "سورج بھی تماشائی" ان کے افسانوں کا تیسرا مجموعہ ہے جس میں ان کے یہ بارہ افسانے شامل ہیں: جنس اور جینیس، کند، انتخاب، زرنگار، صبح کرنا شام کا، کالی انگلی، بحر ہے پایاب مجھے، دل کی گہرائیوں میں، طوفان، ہیروں کا ہار، نروان ـــــ یہ افسانے دلچسپ ہیں کیونکہ ان میں زندگی اور فن کا امتزاج موجود ہے۔ فہمیدہ اختر کے افسانوں کا مجموعہ "اپنے دیس میں" گزشتہ سال یونیورسٹی بک ایجنسی پشاور سے شائع ہوا ہے۔ فہمیدہ اختر نے پٹھانوں کی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر بعض بہت اچھے افسانے لکھے ہیں۔ اس مجموعے میں جو افسانے شامل ہیں، ان میں سے بیشتر میں فضا کی مصوری ہے۔ فنی اعتبار سے بھی یہ کامیاب افسانے ہیں ـــــ یکسانی کلداموں کا صرف

ایک مجموعہ "فصیل شب" انجمن مصنفین پاکستان نے شائع کیا ہے۔ اس کے مصنف مرزا ادیب ہیں جو متوسط طبقے کی زندگی پر ڈرامے لکھتے رہے ہیں۔ اس مجموعے میں ان کے مندرجۂ ذیل نو ڈرامے شامل ہیں۔ اماں اماں جان، اپنا اپنا راگ، دعدہ، اندھیروں کے سائے، آقائے ولی نعمت، دروازہ، شیشے کی دیوار، جمیلہ، کالا آدمی، اس کے علاوہ شیخ غلام علی اینڈ سنز نے اُردو ڈراموں کا ایک انتخاب بھی دو جلدوں میں شائع کیا ہے۔ اس کے مرتب کمال احمد رضوی ہیں اور اس میں ڈاکٹر عابد حسین صاحب، مجیب صاحب، کرشن چندر، عصمت، منٹو، بیدی اور ابراہیم جلیس وغیرہ کے ڈرامے شامل ہیں۔

گزشتہ سال نظموں اور غزلوں کے بعض اہم مجموعے شائع ہوئے ہیں۔ جذبات نادر کے نام سے نادر کاکوروی کے نظموں کا مجموعہ اُردو اکیڈمی سندھ کراچی نے شائع کیا ہے۔ اس کے علاوہ پاکستان کے مشہور شاعر صوفی غلام مصطفےٰ تبسم کا مجموعۂ کلام "انجمن" مکتبۂ جدید لاہور سے شائع ہوا ہے۔ اس میں ان کا اُردو، فارسی اور پنجابی کلام یک جا کیا گیا ہے۔ صوفی صاحب پختہ مشق شاعر ہیں۔ ان کی غزلوں میں ایک دل موہ لینے والی کیفیت ہوتی ہے۔ اس مجموعے کی غزلوں میں بھی یہی خصوصیت پائی جاتی ہے۔ یوسف ظفر کا مجموعہ "صد البحرا" انجمن مصنفین پاکستان پاکستان رائٹرز گلڈ کے اشاعت گھر نے شائع کیا ہے۔ اس میں ان کی غزلیں اور نظمیں شامل ہیں۔ یوسف ظفر صاحب کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ ان کا مخصوص انداز اس مجموعے میں بھی نمایاں ہے۔ مشہور نوجوان شاعر احمد ریاض مرحوم کا مجموعۂ کلام "سرخ خون" کے نام سے مجلس یادگار ریاض کل یور نے شائع کیا ہے۔ اس مجموعے میں نظمیں بھی ہیں غزلیں بھی ـــ احمد ریاض زندگی کا گہرا شعور رکھتے تھے۔ ان کا زاویۂ نظر ترقی پسندانہ تھا۔ اس کی جھلک اس مجموعے میں بھی نظر آتی ہے ـــ جمیل ملک نوجوان غزل گو شاعروں میں ایک نمایاں مقام رکھتے ہیں۔ ان کی غزلوں کا مجموعہ سرد چراغاں، گزشتہ سال گوشۂ ادب لاہور نے شائع کیا ہے ـــ مشہور نوجوان شاعر رفیق رازی کا دوسرا مجموعہ کلام "جنگل میں دھنک" نیا ادارہ لاہور نے شائع کیا ہے۔ منیر رفیق پسند شاعر ہیں۔ یہ جدت پسندی اس مجموعے کی نظموں میں بھی نمایاں ہے ـــ یہ نظمیں بہت دل کش ہیں۔ انجم اعظمی کا مجموعہ کلام لہو کے چراغ، کراچی آرٹ اکیڈمی سے شائع ہوا ہے۔

اس میں انجم کی نظمیں شامل ہیں۔ ان نظموں میں ایک نیا انداز ملتا ہے ـــ جدید شاعروں میں عبدالعزیز خالد کا نام بہت نمایاں ہے۔ گزشتہ سال ان کے کئی مجموعے شائع ہوئے ہیں۔ ان میں سرودرفتہ غزل الغزلات، زنجیر رم آہو، دکان شیشہ گر اور سلومی خاص طور پر اہمیت رکھتے ہیں۔ سرودرفتہ یونانی شاعرہ سیفو۔۔ کی نظموں کا منظوم ترجمہ ہے۔ غزل الغزلات عہد نامہ عتیق کے نغمۂ سلیمان کا منظوم ترجمہ ہے زنجیر رم آہو میں خالد کی طویل اور مختصر طبع زاد نظمیں شامل ہیں۔ دکان شیشہ گر اور سلومی منظوم ڈرامے ہیں۔ عبدالعزیز خالد جدت پسند شاعر ہیں۔ یہ جدت پسندی ان کے ان مجموعوں میں بھی نمایاں ہے۔ ابن انشا نے چینی نظموں کا ایک مجموعہ مرتب کیا ہے جو لاہور اکیڈمی سے شائع ہوا ہے۔ اس میں قدیم و جدید چینی نظموں کے ترجمے شامل ہیں۔ ترجمہ بہت اچھا ہے۔ ابن انشا خود اچھے شاعر ہیں، اس لئے انھوں نے اصل چینی نظموں کی شعریت کو حتی الامکان برقرار رکھنے کی کوشش کی ہے۔

آج کل ہمارے یہاں ترجموں کا بہت زور ہے۔ مکتبۂ فرینکلن نے بہت سی امریکی کتابوں کے اردو ترجمے شائع کئے ہیں۔ ان میں آبادی کا مسئلہ (مترجمہ شبلی ۱۴۱۴) فلسفے کی نئی تشکیل (مترجمہ انتظار حسین) عجائبات کیمیا (مترجمہ محمد فاروق) سائنس باتوں باتوں میں (مترجمہ علی ناصر زیدی) عرب دنیا (مترجمہ ڈاکٹر محمود حسین) ستاروں کے آگے (مترجمہ مولانا صلاح الدین احمد) حیوانی زندگی کا ماضی و حال (مترجمہ ڈاکٹر نذیر احمد) وغیرہ اہمیت رکھتی ہیں ـــ ٹی ایس ایلیٹ کے مضامین کا ترجمہ "ایلیٹ کے مضامین" اردو اکیڈمی سندھ کراچی سے شائع ہوا ہے۔ اس کے مترجم جمیل جالبی صاحب ہیں، اور انھوں نے یہ ترجمہ کرکے ایک اہم ادبی خدمت انجام دی ہے۔ اس میں ایلیٹ کے دو مضامین شامل ہیں جو اس نے شاعری پر لکھے ہیں ـــ امریکی ناول کا ترجمہ سید وقار عظیم صاحب نے کیا ہے اور آئینہ ادب لاہور نے اس کو شائع کیا ہے ـــ بعض عربی کتابوں کے ترجمے بھی لاہور اور کراچی سے شائع ہوئے ہیں۔ لیکن ان میں بیشتر کا مقصد کاروبار ہے ـــــــ یہ ہے مختصر جائزہ پاکستان کی ان اردو مطبوعات کا جو گزشتہ سال شائع ہوئی ہیں۔ اس سے اُس ادبی ماحول کی ایک جھلک نظر آتی ہے جو آج کل ہمارے یہاں موجود ہے، اور ان رجحانات کا اندازہ بھی ہوتا ہے جو آج ہمارے ادبی ماحول میں نمایاں ہیں۔

پچھلے دو سال کا تحقیقی اور تنقیدی ادب

جناب راجندر ناتھ شیدا

[پیش نظر مضمون جامعہ کے تعلیمی میلا منعقدہ نومبر ۱۹۶۱ء میں پڑھا گیا تھا۔ اس میں دو سال کے ادب کا جائزہ لیا گیا ہے، نظر ثانی اور اضافے کے بعد سالنامہ میں شائع کیا جا رہا ہے۔]

۱۹۶۰ء اور ۱۹۶۱ء میں اردو میں تحقیقی اور تنقیدی ادب کا جو اضافہ ہوا ہے اس پر ایک نظر ڈالنے سے پیشتر میں یہ واضح کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ میرے اس مقالے کا تعلق محض ان تصانیف سے ہے جو ان دو برسوں میں ہندوستان میں شائع ہوئی ہیں۔ شک نہیں کہ اسی زمانے میں پاکستان میں بھی اس طرح کی کتابیں شائع ہوئی ہیں لیکن فی الحال وہ میرے پیش نظر نہیں ہیں۔ یہ بھی ممکن ہے کہ ہندوستان میں شائع ہونے والی بھی کوئی واقعی اچھی کتاب نظر انداز ہو گئی ہو یا انتخاب کے معاملے میں کوئی صاحب مجھ سے متفق نہ ہوں اگر ایسا ہے تو یہ کوئی عجیب بات نہیں اس لئے اس سے قطع نظر ہمیں اپنی توجہ کو محض انہی مطبوعات پر مرکوز رکھنا چاہیے جن کا ذکر آگے آ رہا ہے۔ ان کے نام ہیں "گل کرسٹ اور اس کا عہد"۔ "غالب کی نادر تحریریں"۔ "پردیسی کے خطوط"۔ اور "انشاء اللہ خاں، عہد اور فن"۔

تحقیق اور تنقید ادب کی دو جداگانہ شاخیں ہیں اگرچہ اکثر اوقات یہ یکجا نظر آتی ہیں۔ ان کے مقاصد میں بھی بڑا اختلاف ہے۔ تحقیق کا کام زیادہ تر معلوم ادبی حقائق کے صحیح یا غلط ہونے کا پتہ چلانا اور نئے حقائق کی جستجو کرنا ہے جب کہ تنقید کا کام ادب کی قدروں کا تعین ہے۔ یہ دونوں چیزیں اس لئے گھل مل جاتی ہیں کہ محقق کو ادبی قدروں کو بھی ملحوظ خاطر رکھنا ہوتا ہے اور نقاد حقائق سے

روگردانی کر کے اپنے فرض منصبی سے عہدہ برآ نہیں ہو سکتا۔ بہرکیف تنقید کا کام نسبتاً زیادہ علمی نوعیت کا ہے اور تنقید کا زیادہ جانچ پرکھ کا۔ آج ادبی قدروں کا تعین محض جمالیاتی اور فنی حقائق ہی کو نظر میں رکھ کر نہیں کیا جا سکتا بلکہ نقاد کے لئے ادب کے محرکات اور اثرات کا جائزہ لینا بھی ضروری ہے۔ اسے ادب کو سماج کے وسیع تر رجحانات کی روشنی میں دیکھنا ہوتا ہے اور تاریخ کے پراگندہ واقعات میں سے ان حقائق کو تلاش کرنا پڑتا ہے جو ادیب کے شعور پر اثر انداز ہو کر اس کے ادب کو ایک مخصوص صورت دینے کا باعث بنے۔ ایسا نہ کر سکنے کی صورت میں نقاد کی رایوں کو زیادہ قابل اعتنا قرار نہیں دیا جا سکتا۔ یہاں ایک اور بات بھی یاد رکھنے کی ہے اور وہ یہ کہ نقاد کو واقعی اچھا نقاد بننے کے لئے انسان کے متعلق مختلف علوم کے وسیع علم ہی کی ضرورت نہیں پڑتی بلکہ اس کا انصاف پسندی اور دیانت داری کی خوبیوں سے متصف ہونا بھی ضروری ہے۔ پھر یہ بھی ظاہر ہے کہ عمرانی تصورات اور تاریخی حقائق نازک چیزیں ہیں۔ ان سے متعلق اظہار رائے کرنا اختلاف و تصادم کو دعوت دینا ہے اور ایسا صرف وہی شخص کر سکتا ہے جس میں اپنے محسوسات کو بے جھجک قوم کے سامنے پیش کرنے کی اخلاقی جرات بھی موجود ہو۔

مذکورہ مطبوعات پر نظر ڈالنے سے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اگرچہ آج بھی تحقیقی کام میں اضافہ ہو رہا ہے لیکن تنقید میں ٹھہراؤ ہی نہیں انحطاط بھی پیدا ہو گیا ہے۔ اب نقاد کی نظر نہ تو زندگی اور شعور کے باہمی روابط کے بارے میں نئی گہرائیوں میں پہنچنے کی کوشش کرتی دکھائی دیتی ہے اور نہ اس میں حق گوئی کی ہمت ہے۔ اس کی سب سے بڑی وجہ قوم کے فکری اور اخلاقی معیار کا گرنا ہے۔ سیاسی آزادی بیشک ایک بڑی نعمت ہوتی ہے اور ہے۔ یہ بھی صحیح ہے کہ حصولِ آزادی سے ہمارے سیاسی حقوق میں اضافہ ہوا ہے، بین الاقوامی معاملات میں بحیثیت قوم ہماری قدر و منزلت بڑھ گئی ہے، ہمیں سامراجی استحصال سے چھٹکارا بھی مل گیا ہے، اقتصادی لحاظ سے ہم نے اپنے محدود وسائل کے باوصف بہت قلیل عرصے میں کافی ترقی بھی کی ہے لیکن اس حقیقت سے بھی انکار ممکن نہیں کہ اخلاقی اور روحانی اعتبار سے ہم زوال آمادہ نظر آتے ہیں۔ ہمارا کردار گرتا جا رہا ہے۔ نئی نسل کوئی بھی ایسا بڑا مفکر یا رہنما پیدا نہ کر سکی جو قوم کے کردار کو گرنے سے روک سکتا اور اسے زندگی کا کوئی پُرکشش مطمحِ نظر دے کر اس کے حصول کے لئے سینوں میں تڑپ پیدا کر سکتا۔ سیاسی آزادی اہلِ قوم کو راحت اور عیش و عشرت کا سامان ہی فراہم نہیں

کرتی ان سے کچھ مطالبے بھی کرتی ہے کچھ ذمہ داریاں بھی ان پر عائد کرتی ہے۔ ہم آزادی کی عطا کردہ سہولتوں سے استفادہ کرنے کے آرزومند تو ہیں لیکن آزاد شہریوں کی ذمہ داریوں سے چشم پوشی کرتے ہیں، ہم ذاتی اغراض گروہ بندیوں، باہمی سازشوں اور سیاسی مصلحت کوشیوں کو قومی مفاد پر ترجیح دینے لگے ہیں۔ ان آزمودہ میں ہم زندگی کے اعلیٰ مقاصد کی شاہراہ سے بھٹک گئے۔ اپنے چھوٹے چھوٹے مفادات کے لئے سچائی، انصاف، اخوت، خدمت اور ایثار ایسی قدروں سے روگرداں ہو گئے۔ مطلب برآری کے لئے گھٹیا قسم کے جوڑ توڑ دانش مندی قرار دی جانے لگی۔ آدمی جن باتوں کا دوسروں کے سامنے ذکر کرتے ہوئے ہچکچاتا اور شرماتا تھا اب انہی باتوں کو وہ علانیہ اور فخریہ بیان کرنے لگا۔ اس صورت حال کا ادب کی تخلیق اور خصوصاً تنقید پر اثر پڑنا ناگزیر تھا۔ آج نقاد میں نہ تو غور و فکر کی قرار واقعی صلاحیت نظر آتی ہے اور نہ اس میں سچ بات کہنے کی اخلاقی جرأت ہے۔ وہ عافیت اسی میں سمجھتا ہے کہ معروف اور صاحب اقتدار ادیبوں اور ان کے سرپرستوں کی ہاں میں ہاں ملائے۔ ان کے محسوسات اور مفادات کو ملحوظ رکھ کر ادب کی تعبیریں اور قدریں متعین کرے، ان کا اشاعت کار بن جائے۔ سستی شہرت حاصل کرنے، مخالفتوں کے طوفان سے بچنے اور طرح طرح کے فائدے اٹھانے کا سب سے آسان، مفید اور بے خطر راستہ یہی ہے، سہل پسندی، مفاد پرستی اور پست ہمتی کے اس دور میں زیادہ تر نقادوں نے یہی راہ اختیار کر لی ہے اس لئے تنقید اگر آج ایک جسد بے روح بن کر رہ گئی ہے تو اس میں حیرت کی کوئی بات نہیں۔

مجھے تنقید کی یہ کمزوری اس لئے بھی زیادہ کھٹکتی ہے کہ میں سمجھتا ہوں جب قوم اخلاقی انحطاط کا شکار ہو، ناقص سیاست کی پیدا کردہ فضا میں تنگ نظری اور خود پروری کے امراض عام ہو گئے ہیں تو ادب کا فرض ہے کہ وہ قوم کو اس کی بے راہ رویوں اور غلط اندیشیوں سے آگاہ کرے اور اسی طرح اگر ادب سماج کے لئے اپنے فرض سے عہدہ برآ نہ ہو رہا ہو تو نقاد کا فرض ہو جاتا ہے کہ وہ ادب کے نقائص بتا کر اس کی رہنمائی کرے لیکن یہ ہو کیسے؟ آج تو نقاد خود وقت کی عام میں بہتا نظر آتا ہے۔

میں نے اس تبصرے کے لئے جو کتابیں منتخب کی ہیں ان میں زیادہ تحقیقی ہیں لیکن جیسا کہ میں ہی کہہ چکا ہوں، تحقیق تنقید سے قطعی بے نیاز نہیں رہ سکتی۔ لہٰذا ان تحقیقی کتابوں میں بھی ضمنی طور پر

ہی سہی، تنقیدی عناصر موجود ہیں اگرچہ ان تنقیدات میں گہرائی شاذ و نادر ہی نظر آتی ہے۔

ان دو برسوں میں شائع ہونے والی اس قسم کی کتابوں میں میرے نزدیک سب سے زیادہ قابل محمد عتیق صدیقی کی کتاب گل کرسٹ اور اس کا عہد ہے جسے انجمن ترقی اردو نے علی گڑھ سے شائع ہے۔ اس کتاب کی ایک بڑی خوبی یہ ہے کہ مصنف نے اصل ماخذوں کا مطالعہ کر کے معلومات فر کی ہیں۔ انھوں نے نیشنل آرکائیوز اور لائبریریوں میں اس سلسلے میں چھان بین کر کے جن مفید دستاویز اور مطبوعات کا پتہ چلایا ان کا ذکر بھی کیا گیا ہے جس سے مصنف کی کاوش کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

گل کرسٹ کو پہلے بھی اُردو ادب کے بڑے سرپرستوں میں شمار کیا جاتا تھا اور زیر نظر تصنیف سے تو ان کی ادبی دلچسپیوں اور خدمات کے اور بھی نئے پہلو نظروں کے سامنے آگئے ہیں۔ ہندوستان میں قیام کے دوران میں گل کرسٹ کی زندگی، ہندوستانی زبان سے ان کا لگاؤ، زبان سیکھنے اور اس پر عبور حاصل کرنے کے لئے ملازمت کو خیرباد کہنے، شمالی ہندوستان کے مختلف شہروں میں ان کا قیام اور وہاں لسانی اور ادبی کاموں میں مصروفیت، ان کی مالی حالت کا نشیب و فراز، ان کے کام میں کمپنی کے حکام کی اعانت اور حوصلہ افزائی یہ اور ایسی ہی باتوں کے بارے میں اب تک جو معلومات حاصل تھیں ان میں اس کتاب سے بہت کافی اضافہ ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ کچھ کچھ غلط فہمیاں جو گل کرسٹ کے متعلق پیدا ہو گئی تھیں وہ بھی اس کی روشنی میں دور ہو جاتی ہیں مثال کے طور پر گل کرسٹ کو فورٹ ولیم کالج کا پرنسپل تصور کیا جاتا رہا ہے لیکن مصنف کا کہنا ہے کہ وہ کالج کے پرنسپل نہ ہو کر محض ہندوستانی کے پروفیسر تھے، اس کے علاوہ کچھ نسبتاً کم اہم حقائق ہیں مثلاً صدیقی کی تحقیق کے مطابق گل کرسٹ ۱۷۸۳ء میں کمپنی کے ملازم ہو کر کلکتے میں وارد نہیں ہوئے بلکہ وہ ۱۷۸۲ء میں خود بخود بمبئی آئے اور اس کے بعد سورت میں کمپنی کے ایک فوجی دستے میں اسسٹنٹ سرجن مقرر ہوئے جہاں سے تبدیل ہو کر ۱۷۸۳ء کے اواخر میں فتح گڑھ آئے۔ گل کرسٹ کی آئندہ زندگی کی تفصیلات بھی دلچسپ ہیں۔

اس کتاب سے گل کرسٹ کی تالیفات کے متعلق بھی معلومات میں اضافہ ہوتا ہے۔ وہ کب کب اور کن کن حالات میں لکھی گئیں اور شائع ہو سکیں۔ ان کی قیمتیں کیا کیا تھیں اور فروخت کا طریقہ

کیا تھا۔ نیز یہ کہ اس طرح کا کام گل کرسٹ سے پیشتر کون کون کر چکے تھے اور اس زمانے میں کون کون کر رہے تھے پھر مصنف نے گل کرسٹ کی تالیفات کے عکس بھی نمونتہً پیش کئے ہیں جن سے اصل کا اندازہ لگانے میں سہولت ہوتی ہے۔

اردو ادب کے طالب علموں کے لئے اس کتاب میں اس سے بھی زیادہ دلچسپی کا سامان ان مصنفین سے متعلق معلومات ہیں جنھوں نے فورٹ ولیم کالج میں ملازمت کر کے اردو میں کتابیں لکھیں۔ مصنف نے ان کی تصنیفات کے بھی نمونے پیش کئے ہیں اور ان میں سے کچھ کے خود نوشت سوانح حیات بھی ضمیمے کے طور پر درج کر دئے ہیں۔

غرض جس طرح پروفیسر مسعود حسن رضوی کی قیمتی تصانیف "لکھنؤ کا شاہی اسٹیج" اور "لکھنؤ کا عوامی اسٹیج" اردو ڈراما کی تاریخ کے ایک اہم دور کو روشنی میں لاتی ہیں اسی طرح محمد عتیق صدیقی کے اس کام سے اٹھارہویں صدی کے ربع آخر اور انیسویں کے اوائل میں اردو نثر کے ارتقا اور لسانی قواعد و لغات سے متعلق واقعات سے پردہ اٹھتا ہے۔

سال رواں کی مطبوعات میں ایک دلچسپ کتاب پردیسی کے خطوط ہے جس کے مصنف مجنوں گورکھپوری ہیں اور جسے مکتبہ جامعہ لمیٹڈ نئی دہلی نے شائع کیا ہے۔ کتاب لکھنے کا مقصد کچھ ایسے موضوعات پر روشنی ڈالنا بتایا گیا ہے جو مصنف کے زیر غور رہے ہیں۔ یہ موضوعات علمی بھی ہیں اور ادبی بھی۔ اگرچہ زیادہ تر ادبیات بلکہ شاعری سے متعلق ہیں پھر بھی ایسا محسوس ہوتا ہے کہ مباحث میں تنوع کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔ کیونکہ جن شاعروں اور ادیبوں سے خاص طور پر بحث کی گئی ہے ان میں اردو، فارسی، انگریزی اور روسی زبانوں کے مشاہیر شامل ہیں۔ شاد عظیم آبادی، اکبر الہ آبادی، میر تقی، مرزا بیدل، شیلی اور پاسترنک پر خاص طور پر توجہ کی گئی ہے۔ پاسترنک کو ایک بڑا شاعر تسلیم کرتے ہوئے بھی اس پر اظہار افسوس کیا گیا ہے کہ اس نے "ڈاکٹر ژیواگو" لکھ کر اپنی قوم کو رسوا کیا۔ اس سلسلے میں انفرادیت اور اجتماعیت کا نظریاتی بحث بھی آگئی ہے جسے معقول تصور کیا جائے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ کوئی فرد بھی اپنی قوم سے برسر اقتدار طبقے اور جماعت کے قول و فعل کے خلاف لب کشائی کا حق نہیں رکھتا۔ اس طرح مجنوں انگریزی کے مشہور شاعر شیلی کی روحانی زندگی پر بحث کے ضمن میں عشق سے متعلق تصورات پر بحث

کی گنجائش نکال لی ہے۔ کچھ علمی بحثوں کے لئے ایسی صورتیں پیدا کرنے کی بھی ضرورت محسوس نہیں کی گئی۔ یہ براہِ راست آتی ہیں مثلاً ایک موقع پر لفظ "مہربان" کے ماخذ اور ارتقائی پیچ و خم پر روشنی ڈالی گئی ہے اور ایک جگہ حضرت موسیٰ اور ان سے متعلق روایات سے مفصل بحث کی گئی ہے۔

مجنوں کو محقق قرار دینا تو دشوار ہے لیکن وہ ایک افسانہ نگار اور نقاد ضرور ہیں۔ چنانچہ زیرِ نظر کتاب میں انھوں نے ان تمام مباحث کو ایک افسانوی رشتہ میں منسلک کر کے پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ یہ کالج میں پڑھنے والی ایک نوجوان طالبہ یاسمین کے نام آٹھ خطوط کی صورت میں ہے۔ یاسمین مصنف سے علمی اور ادبی امور سے متعلق استفسارات کرتی رہتی ہے کیونکہ وہ اس کی ادبی عظمت اور علمی تجربے سے مرعوب ہے اور مصنف استفسارات کے جوابات ان خطوط کی شکل میں دیتا ہے۔ مجنوں نے تمہیدی سطروں میں کچھ خطوط کے بارے میں قارئین کے تاثرات کا ذکر کرتے ہوئے علمی اور ادبی مباحث کے لئے یہ اسلوبِ بیان اختیار کرنے کی تین خاص وجہیں بتائی ہیں۔ اول تو یہ کہ وہ پہلے ہی سے سنجیدہ مضامین کو دلچسپ اسالیب میں شامل کرتے رہے ہیں تاکہ آسانی سے ذہن نشین ہو سکیں۔ دوسرے ان کا کہنا ہے کہ وہ کچھ سال سے واقعی خود کو اپنے ملک میں "غریب در وطن" محسوس کرتے ہیں اس لئے انھوں نے خود کو پردیسی کے لفظ سے تعبیر کیا اور تیسرے چونکہ انھوں نے اپنی زندگی کے تقریباً تیس برس درس و تدریس میں گزارے اس لئے ان کے دل میں نوجوانوں کو معلومات فراہم کرنے کی فطری خواہش موجود ہے۔ نوجوانوں سے خطاب اس لئے کیا گیا کیونکہ ان میں بڑوں کے مقابلے میں نئی باتیں سیکھنے کی نسبتاً زیادہ صلاحیت ہوتی ہے۔

بہرکیف یہ مخصوص اسلوب بیان اختیار کرنے میں مصنف کے پیشِ نظر کوئی بھی مصلحتیں کیوں نہ رہی ہوں میری نظر میں اس کی زیادہ اہمیت نہیں۔ علمی باتوں پر مباحث کا عالمانہ اسلوب بھی اپنی جگہ اہمیت اور افادیت رکھتا ہے۔ اور ہلکے پھلکے انداز میں بھی ایسے مباحث کی مثالیں ناپید نہیں۔ اگر نیٹشے "بقول زرتشت" کا مصنف ہونے کے باوصف اپنے فلسفیانہ وقار کو برقرار رکھ سکتا ہے بلکہ اس پر ہی اس کی مفکرانہ عظمت کو منحصر قرار دیا جا سکتا ہے اور مولانا آزاد کی "غبارِ خاطر" ایسے ہی خطوط پر مشتمل ہوتے ہوئے بھی مصنف کی عالمانہ وجاہت کو نقصان نہیں پہنچاتی تو اصولاً مجنوں کے لئے ایسا

اسلوب اختیار کرنا کس طرح ناقص قرار پا سکتا ہے۔ علمی باتوں کی قدر کا تعین درحقیقت سچائی اور اس کی گہ
سے ہوتا ہے نہ کہ کوئی مخصوص اسلوب اختیار کرنے یا نہ کرنے سے۔

یہ سوال البتہ الگ ہے کہ مجنوں کے ایسا کرنے سے مباحث کے مقبول عام بننے میں واقعی کوئی ا
ہوا بھی ہے یا نہیں؟ میرا اپنا خیال یہ ہے کہ اس قسم کی بحثوں میں دلچسپی انہی لوگوں کو ہو سکتی ہے جو علم و
ادب کا اچھا ذوق رکھتے ہوں۔ محض ہلکے پھلکے ناول پڑھنے والے ان میں زیادہ دلچسپی نہیں لے سکتے۔ اس
لئے اگر مصنف نے انہیں مقالات کی صورت میں بھی پیش کیا ہوتا تب بھی ان کی مقبولیت کم و بیش انہی حلقوں
میں ہوتی۔ اس کے علاوہ یہ بھی ہے کہ جب ہم علمی مباحث کو افسانوی رنگ میں پیش کرتے ہیں تو پڑھنے والوں
کی توجہ کلیتاً مباحث ہی پر مرکوز نہیں رہتی بلکہ قارئین کتاب میں افسانوی لوازم کو بھی تلاش کرنے لگتے ہیں
اگر اس اعتبار سے کتاب میں خامیاں نظر آتی ہیں تو قدرتی طور پر ان کا ردعمل خوشگوار نہیں ہوتا۔ ویسے
مجنوں گورکھپوری ایک سلجھے ہوئے ادیب اور نقاد ہیں۔ ان کا ادبی ذوق اور نکتہ رس نظر انہیں دقیق ادبی
مسائل کی تہوں تک پہنچا دیتی ہے۔ ادب اور زندگی کے باہمی رشتوں کا بھی ان کا اچھا مطالعہ ہے۔ ان کی
مدد سے وہ علمی اور ادبی مسائل کے متعلق اپنی نجی رائے قائم کر سکتے ہیں اس کی شہادت ہمیں "پردیسی کے
خطوط" میں بھی جا بجا ملتی ہے۔ ادھر غالب میں بہت دلچسپی لی گئی ہے۔ یہاں میں غالب سے متعلق دو حالیہ
کتابوں کا ذکر کرنا چاہتا ہوں۔ ان میں ایک ڈاکٹر خورشید الاسلام کی ہے جو "غالب" ہی کے نام سے ہے
اور دوسری "غالب کی نادر تحریریں" ہے جسے خلیق انجم نے مرتب کیا ہے۔ اول الذکر انجمن ترقی اردو علی گڑھ
نے شائع کی ہے اور دوسری مکتبۂ شاہراہ دہلی نے۔ دونوں کا غالب سے تعلق ہونے کے باوصف موضوعات
کی نوعیت کے اعتبار سے ان میں بڑا فرق ہے۔

خورشید الاسلام نے اپنی کتاب میں غالب کے ابتدائی دور یعنی تقریباً پچیس سال کی عمر تک کی شاعری
سے بحث کی ہے۔ مصنف کے قول کے بموجب اس کتاب کا مقصد یہ ہے کہ غالب کی ابتدائی شاعری میں جو
اثرات کام کر رہے ہیں ان کا جائزہ لیا جائے اور ہر اس شاعر کو سمجھنے اور سمجھانے کی کوشش کی جائے
جس کا براہ راست اثر غالب کی ابتدائی شاعری پر پڑا۔ خورشید الاسلام ان لوگوں سے متفق نہیں ہیں جو
سمجھتے ہیں کہ ابتدائی دور میں غالب کی کج روی کا اصل باعث بیدل کا اتباع ہے۔ یہ تو وہ مانتے ہیں

کہ غالب نے فارسی کے شعرائے متاخرین فوقت، اسیر، بیدل، غنی، ناصر علی، صائب اور یہاں تک کہ ناسخ کی کوتاہ خصوصیات کو اپنایا لیکن ساتھ ہی وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ غالب پر نظیری، عرفی، میر تقی میر اور سودا کے مثبت اثرات بھی ابتدا ہی سے پڑ رہے تھے جن کے باعث آئندہ زمانے میں غالب نے اپنی شخصیت پہچانا اور اپنی انفرادیت قائم کی۔ اس کے ثبوت میں غالب کی ایسی غزلیں نقل کی گئی ہیں جو ان اساتذہ کی زمینوں میں ہیں۔

غالب کے فکری رجحانات اور ان کے عوامل کو مصنف نے شاعر کے ذاتی اور عصری ماحول اور تاریخی روایات میں بھی تلاش کرنے کی کوشش کی ہے۔ ان کا یہ خیال صحیح ہے کہ شاعر کا شعور اکثر و بیشتر اس کے ماحول کی پیداوار ہوتا ہے اس لئے جہاں کسی مخصوص دور کے شاعروں میں طبیعتوں کا اختلاف پایا جاتا ہے وہیں ان کے یہاں کچھ مشترکہ قدریں بھی ہوتی ہیں۔ ہندوستانی سماج کا انحطاط خورشید الاسلام کے خیال میں بیدل ہی کے زمانے میں شروع ہو چکا تھا جو ایک مدت تک برقرار رہا۔ فارسی کے ہندوستانی شعرائے متاخرین کا تعلق چونکہ اس انحطاطی دور سے رہا ہے اس لئے ان میں سے ہر ایک کے یہاں اس کے اثرات نمایاں ہیں۔ ہاں اثرات کی صورتوں اور کمی بیشی میں فرق ضرور ہے۔ مصنف نے یہ بھی کہا ہے کہ غالب نے جس ماحول میں آنکھ کھولی تھی اس میں بھی اس سماجی انحطاط کے اثرات موجود تھے پھر غالب کی ذاتی زندگی کا ماحول بھی ایسا تھا جو فطری طور پر انھیں شکست خوردگی اور بے عملی کی طرف مائل کرتا تھا اس پر فارسی کے شعرائے متاخرین کے مطالعے نے سونے پر سہاگے کا کام کیا۔ لیکن جیسا کہ ذکر آچکا ہے یہ تصویر کا ایک رُخ ہے۔ مصنف کے قول کے بموجب غالب کی طبیعت ساتھ ہی ساتھ مثبت اثرات بھی قبول کرتی جا رہی تھی۔

خورشید الاسلام نے ہم عصر شعر و ادب پر سماجی انحطاط کے جن بُرے اثرات کا ذکر کیا ہے اس میں اگرچہ کوئی خاص جدت نظر نہیں آتی لیکن اس سے اختلاف کی بھی گنجائش بہت کم ہے۔ یہ ایک بدیہی حقیقت ہے کہ جب زندگی کے فطری بہاؤ میں ٹھہراؤ آجاتا ہے اس میں اپنی قوت سے آگے بڑھنے کی صلاحیت باقی نہیں رہتی، تو وہ لازمی طور پر غلط سمتوں میں بہہ نکلنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ چنانچہ ان شعرائے متاخرین کی نظروں سے بھی زندگی اور شاعری کے اصل مقاصد اوجھل ہو گئے

تھے۔ وہ روایت کے مقابلے میں روایت کو اور خارجی کے مقابلے میں داخلی زندگی کو زیادہ اہم تصور کرنے لگے تھے۔ ان کے یہاں حسن و عشق چند بے سروپا تصورات کا مجموعہ بن کر اپنی فطری دل کشی اور حرارت کھو بیٹھے۔ اس طرح انھوں نے کچھ فنی مفروضات کو حقیقت سمجھ کر شاعری شروع کی، فن نے صناعی بن کر اپنے حسن کی قدریں بدل لیں۔ ان مفروضہ محاسن میں خیال بندی، نکتہ آفرینی، سیدھی سادی بات کو گھما پھرا کر کہنا، رعایت لفظی اور صنائع بدائع کا کثرت سے استعمال، حُسن تعلیل اور مبالغے کی بے اعتدالی، عروضی اصول کی نہایت سختی سے پابندی، زبان اور محاورے کے روایتی استعمال پر اصرار سنگلاخ زمینوں کا انتخاب ۔ یہ اور ایسی ہی بہت سی باتیں شامل ہیں۔

ان باتوں کی وضاحت کے لئے کتاب کو چار ابواب میں منقسم کیا گیا ہے۔ پہلے باب میں غالب کے خاندانی حالات اور عہد عالم گیری سے اٹھارہویں صدی کے اختتام تک کے اہم رجحانات کا خاکہ پیش کیا گیا ہے، دوسرے میں شوکت بخاری، مرزا جلال، اسیر، بیدل، غنی، ناصر علی اور ناسخ کی شاعری کی ایسی خصوصیات کا ذکر ہے جو مصنف کے خیال میں غالب کے ابتدائی دور کے کلام پر اثر انداز ہوئیں۔ تیسرے باب میں ہیئتی اثرات پر روشنی ڈالی گئی ہے اور آخری میں غالب کی امتیازی خصوصیات کا ذکر ہے۔ ساتھ ہی ساتھ کتاب میں دو ضمیمے بھی شامل ہیں ایک میں غالب کی غزلوں کے ساتھ نظیری، عرفی، میر اور سودا کی ہم طرح غزلیں نقل کی گئی ہیں اور دوسرے میں کچھ الفاظ سے تلازمے ہیں، غالباً یہ دکھانے کے لئے کہ ان شعراء کا غالب پر واقعی اثر پڑا اور اس دور کے شاعروں کے یہاں فکر کا اصل محور زندگی نہ ہو کر چند الفاظ اور ان کے متعلقات بن گئے تھے۔

غرض مصنف نے غالب کی شاعری کے ابتدائی دور میں اس کے شعور کا تجزیہ کر کے اس کے محرکات کی جو نشان دہی کی ہے عمومی حیثیت سے تو وہ ایک بڑی حد تک حقیقت پر مبنی نظر آتی ہے لیکن ان محرکات کی تفصیلات جس وثوق سے پیش کی گئی ہیں اس سے اتفاق کرنا دشوار ہے۔ سچ یہ ہے کہ اس دور کے شاعروں کی امتیازی خصوصیات کا تعین ان کی طبیعتوں کے رجحانات کی کمی بیشی کی بنیاد پر تو کیا جا سکتا ہے، رجحانات کے عدم و وجود کی بنیاد پر نہیں کیا جا سکتا۔ اس کے علاوہ کائنات اور زندگی کو بے حقیقت اور کردہ سمجھنے اور ان سے بھاگ کر

روح کے خلوت کدے میں پناہ لینے وغیرہ کے میلانات اس انحطاطی دور ہی کی پیداوار نہیں ہیں
وہ ان ادوار میں بھی موجود تھے جنھیں مورخین انحطاط کے دور قرار نہیں دیتے۔ وجہ یہ ہے کہ میلانات
وقتی حالات کا نتیجہ نہیں تھے بلکہ زندگی کے عمیق تر حقائق کے زیر اثر وجود میں آئے تھے۔ یوں دیکھا
جائے تو غالب پر سب سے زیادہ اثر (کم از کم ابتدائی دور میں) بیدل کا تھا۔ خود مصنف نے نکات بیدل
سے جو اقتباسات نقل کئے ہیں انہی سے یہ بات بخوبی ثابت ہو جاتی ہے حالانکہ اپنی جگہ پر یہ بات
بھی صحیح ہے کہ غالب کو تصوف سے بیدل کا سا لگاؤ نہیں تھا اور نہ اس کے ذہن میں بیدل کی طرح
صوفیانہ نظریات ایک منضبط صورت میں موجود تھے۔ ایک بات اور۔ اس کتاب میں امثال اور
اقتباسات کی اس قدر فراوانی ہے کہ اس کا تقریباً آدھا حصہ انہی کی نذر ہو گیا ہے جن میں اکثر
بے مصرف ہیں۔ ان سے موضوع بحث کے سمجھنے میں کوئی مدد نہیں ملتی۔

غالب سے متعلق دوسری کتاب "غالب کی نادر تحریریں" ہے۔ اس میں خلیق انجم نے غالب کی نظم
نثر کی ان چیزوں کو یکجا کرنے کی کوشش کی ہے جو مختلف رسائل میں تو شائع ہو چکی ہیں لیکن غالب
کی مروجہ کتابوں میں سے کسی میں شامل نہیں۔ غالباً اسی لئے مرتب نے انھیں "نادر" کہا ہے۔ مگر ساتھ
ہی مشمولہ تحریروں کے متعلق مقدمے میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ "دو تین خطوط ایسے بھی ہیں جو خطوط غالب
مرتبۂ مولوی مہیش پرشاد اور خطوط غالب" مرتبۂ غلام رسول مہر میں آگئے ہیں۔ ان خطوط کو چند
مصلحتوں کی وجہ سے اس مجموعہ میں شامل کیا گیا ہے۔ مصلحتوں کی بات تو مرتب ہی کو معلوم ہوگی
ہاں یہ واضح ہے کہ اس طرح اس مجموعے میں کچھ ایسی چیزیں بھی شامل کر لی گئی ہیں جو غالب کے
خطوط کے معروف مجموعوں میں پہلے ہی سے شامل تھیں۔ دوسری طرف اس میں ایک ایسا خط
بھی نقل کیا گیا ہے جسے خود خلیق انجم جعلی خیال کرتے ہیں اور جس کے متعلق حاشیے میں لکھا گیا ہے
کہ اسے قاضی عبدالودود نے معتبر دلائل سے جعلی ثابت کر دیا ہے۔ پھر اسے غالب کی نادر تحریروں
میں شامل کرنے کی ضرورت ہی کیا تھی اس کا علم بھی مرتب ہی کو ہوگا۔

اس مجموعے میں خطوط کے علاوہ لطائف غیبی، تیغ تیز اور انتخاب غالب کے دیباچے، چند
مختصر مضامین، نظمیں اور لطائف، سوال و جواب اور متفرق اشعار وغیرہ ہیں۔ مرتب نے حواشی میں

اپنے ماخذوں کی نشان دہی بھی کی ہے اور کتاب کے آخری حصے میں ان پر مزید روشنی ڈالی ہے۔ مرتب کے احساس ذمہ داری کا پتہ دیتا ہے۔ لیکن یہ سوال ضرور پیدا ہوتا ہے کہ کیا یہ تمام چیزیں غالب کی ہیں، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مرتب نے اُن لوگوں کے بیانات پر بھروسہ کیا ہے جنھوں نے انھیں رسائل میں شائع کرایا۔ بہرحال اگرچہ ان سب کی واقعیت کو مسلمہ قرار دیا جانا مناسب ہے، پھر بھی اتنا قیاس کرنا صحیح ہوگا کہ ان میں سے اکثر تحریریں غالب ہی کی ہوں گی۔ اور بادی النظر میں معلوم بھی ایسا ہی ہوتا ہے۔ مختصر یہ کہ ان تحریروں میں زیادہ تر تو تبرکات کی حیثیت رکھتی ہیں لیکن کچھ واقعی دلچسپ ہیں۔ ان سے غالب سے متعلق معلومات میں کچھ نہ کچھ اضافہ ضرور ہو سکتا ہے۔

مکتبۂ شاہراہ ہی نے اسلم پرویز کی کتاب "انشاء اللہ خاں، عہد اور فن" بھی شائع کی ہے۔ یہ بھی ایک تحقیقی مقالہ ہے جس میں کچھ قلمی اور مطبوعہ کتابوں اور کچھ رسائل میں شائع ہونے والے مقالات کی مدد سے انشاء کی زندگی، کردار، ادبی تخلیقات اور اس کے زمانے کے بارے میں مواد اخذ کرکے مرتب کیا گیا ہے۔ ماخذوں کے ضروری حوالے اس کتاب میں بھی درج ہیں۔ انشاء کو اردو شاعری کے دبستان لکھنؤ کے بانیوں میں شمار کیا جاتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ جن خصوصیات کو لکھنوی شاعروں کی امتیازی خصوصیات سمجھا جاتا ہے وہ امتیازی محض ان معنوں میں ہیں کہ ان پر لکھنؤ کے شاعروں نے خاص طور پر زور طبع صرف کیا اور انھیں اپنی جدت پسند طبیعتوں کے مایۂ ناز کارناموں کے طور پر پیش کرنے کی کوشش کی ورنہ دیکھا جائے تو اردو، فارسی کے دوسرے شاعروں کے یہاں بھی یہ رجحانات ناپید نہیں ہیں۔ یہ کہنا البتہ صحیح ہوگا کہ لکھنؤ کی فضا نے ان مخصوص رجحانات کو فروغ دے کر ان کی شدت میں اضافہ کر دیا۔

انشاء کی زندگی کا بھی زیادہ حصہ تمول اور فارغ البالی میں بسر ہوا۔ وہ نواب الماس علی خاں، مرزا سلیمان شکوہ اور سعادت علی خاں ایسے لوگوں کے ممتاز مصاحبین میں شامل رہے۔ مصاحبین کا اختلاط پذیر سماج اور درباداری کے اثرات پڑنا ناگزیر تھا چنانچہ انشاء پر بھی یہ اثرات پڑے۔ اس کے علاوہ انشاء کے سپاہیانہ مزاج کو میدان جنگ سے زیادہ درباروں میں ادبی معرکہ آرائیاں

کے موقعے ملے جس سے دلّی میں عظیم اور فائق سے اور لکھنؤ میں قتیل اور مصحفی وغیرہ سے ان کی جھڑپیں ہوائیں۔ یہ معرکے اردو ادب کی تاریخ کا ایک افسوسناک باب بن کر رہ گئے ہیں۔ اسلم پرویز نے بھی ان کا مجملاً ذکر کیا ہے اور اس ذکر میں انھوں نے جانب داری سے کام نہیں لیا۔ مجموعی حیثیت سے دیکھا جائے تو محسوس ہوتا ہے کہ مصنف نے مواد کی فراہمی، ترتیب اور نتائج اخذ کرنے میں کافی محنت کی ہے اور سلیقے سے کام کیا ہے۔

آئندہ اُردو میں ادبی تخلیق کی کیا صورت ہوگی اس کے بارے میں کوئی پیشین گوئی کرنا آسان نہیں کیونکہ یہ بہت کچھ مستقبل کے حالات پر منحصر ہوگا۔ پھر بھی اتنا کہہ دینا غلط نہ ہوگا کہ اُردو ملک کی ایک ایسی زبان ہے جسے کروڑوں آدمی سمجھتے بولتے اور طرح طرح سے استعمال میں لاتے ہیں۔ اس میں بڑا قیمتی ادب موجود ہے اور اس سے بھی بہتر ادب پیدا ہونے کا امکان ہے بشرطیکہ اچھے ادب کی تخلیق کے لئے زیادہ سازگار ماحول پیدا کیا جا سکے اور ادیب ادب تخلیق کرتے وقت اپنے وقتی مصالح اور مفادات سے زیادہ اپنے فرض منصبی اور زندگی کی اعلیٰ قدروں کو ملحوظ خاطر رکھ سکیں۔ اور نقادوں کے لئے تو اس کا خیال رکھنا اور بھی زیادہ ضروری ہے۔ اس لئے کہ ان کی رائیں ادب کی تخلیق کو اوروں کی بہ نسبت زیادہ متاثر کرتی ہیں۔

چند اہم ادبی کتابیں

اردو ادب کی معیاری اور صاف ستھری کتابیں خریدنی ہوں، تو مکتبہ جامعہ کو لکھئے۔

روح اقبال ۔ از ڈاکٹر یوسف حسین خاں ۔ قیمت : سات روپے

پردیسی کے خطوط ۔ پروفیسر مجنوں گورکھپوری " : دو روپے ۵۰ نئے پیسے

ذکر غالب ۔ مالک رام ایم اے " : تین روپے ۵۰ "

حسرت کی شاعری ۔ ڈاکٹر یوسف حسین خاں " : ایک روپیہ

مکتبہ جامعہ، جامعہ نگر، نئی دہلی ۲۵

اُردو افسانہ اور ناول

ڈاکٹر قمر رئیس

صرف ایک سال ۱۹۶۱ء کی مدت میں شائع ہونے والے افسانوی ادب کا جائزہ اور اس صنف میں نمایاں ہونے والے رجحانات اور معیاروں کی تلاش بہت نازک اور دشوار کام ہے۔ اگرچہ اعظمی صاحب مدیر جامعہ کی اس ہدایت نے یہ کام کچھ آسان کر دیا ہے کہ یہ جائزہ صرف ہندوستانی ادیبوں یا ہندوستان میں شائع ہونے والی تحریروں تک محدود ہو۔ مختصر ہو اور صرف کتابوں کو پیش نظر رکھا جائے۔ تاہم اس پابندی سے جہاں کچھ آسانیاں ہوئیں وہاں کچھ مشکلات بھی پیدا ہوئیں۔ پہلی بات تو یہ کہ رجحانات یا ادب میں فکر و فن کے تغیرات کیلنڈر کے پابند نہیں ہوتے۔ گزرتا ہوا وقت اتنی سرعت سے ادبی روایات پر اثر انداز نہیں ہوتا جس تیزی سے وہ سیاسی، تمدنی یا زندگی کے مادی مظاہر اور حالات کو متاثر کرتا ہے۔ دوسری بات یہ کہ ہمارے ادیبوں کی تحریریں پہلے رسائل میں شائع ہوتی ہیں اور کتاب کی شکل میں ذرا دیر میں سامنے آتی ہیں اس لئے صرف کتابوں کی روشنی میں ایک سال کے افسانوی ادب کی جو تصویر بنے گی وہ بہت دھندلی بلکہ ادھوری ہوگی۔ اس لئے رسائل میں شائع ہونے والی بعض نمائندہ تحریروں کا ذکر بھی نامناسب نہ ہوگا۔

جہاں تک میری رسائی اور مطالعہ کا تعلق ہے گزشتہ سال اردو میں سب سے زیادہ اور سب سے وقیع کتابیں نظم کی شائع ہوئیں۔ اس کے بعد تنقید و تحقیق اور سب سے آخر میں افسانہ اور ناول۔ یہاں یہ بتانے کی ضرورت نہیں کہ یہ کہتے ہوئے ادبی لحاظ سے قابلِ ذکر تحریروں کو ہی میں نے ذہن میں رکھا ہے۔ ورنہ سستے رومانی ناول اور افسانے اس سال بھی کثرت سے شائع ہوتے رہے ہیں۔ ہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ کچھ مدت سے ہندوستانی رسالوں میں نئے اور نومشق افسانہ نگاروں کی کہانیاں زیادہ نظر آتی ہیں۔ اس لئے کہ ہمارے بیشتر ممتاز اور کہنہ مشق ادیب پاکستان کے مستند ادبی پرچوں

ہی شائع ہونا پسند کرتے ہیں۔ بلکہ بعض ہندوستانی ادیب تو اپنی کتابیں بھی پاکستان ہی میں شائع کرا رہے
یں۔ ہوسکتا ہے کہ اس میں ان کی کچھ مجبوریاں ہوں اور کچھ فائدے۔ تاہم چونکہ پاکستانی کتب و رسائل
ندوستان میں بہت کم اور مشکل سے دستیاب ہوتے ہیں اس لئے ہندوستانی پرچوں کا پیٹ بھرنے
الی ادنیٰ درجہ کی کہانیاں پڑھ کر اگر ہندوستانی قارئین یہ سوچنے پر مجبور ہوں کہ اردو افسانہ مائل بہ انحطاط
ہے تو یہ ایسی تعجب کی بات نہیں ہوگی۔

سچ تو یہ ہے کہ قومی آزادی تک اردو افسانہ اپنے ارتقاء و ارتقاء کی جس منزل تک پہنچ گیا تھا آزادی کے
د پانچ چھ برسوں میں جو کچھ لکھا گیا وہ اس معیار و مرتبہ تک نہ پہنچ سکا۔ اس دور کے بعض ہنگامی اور ہیجان خیز
اقعات کے زیر اثر اگر ایک طرف فن میں سطحیت اور بے روح جذباتیت نمایاں رہی تو دوسری طرف عشقیہ
ور رومانی کہانیوں نے عارضی طور پر اپنا تسلط جما لیا۔ لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ گزشتہ چند سال کی مدت
یں اردو افسانہ فن اور فکر و نظر کی نئی منزلوں کی طرف بڑھا ہے۔ اس نے نئی حقیقتوں کو جذب کیا ہے
نئی صلاحیتوں اور نئے زاویوں کی ترجمانی کی ہے۔ اس طرح اس میں تنوع تازگی اور توانائی کے
نئے آثار پیدا ہوتے ہیں۔ ہمارے بعض ممتاز اور معمر ادیب جیسے ماندگی کے وقفہ کے بعد دم لے کر
آگے بڑھے ہیں۔ اور بڑھ رہے ہیں اس دور میں راجندر سنگھ بیدی کرشن چندر اختر اور نیوی آہیل
عظیم آبادی اور پریم ناتھ قدر نے جو کہانیاں لکھی ہیں وہ اس حقیقت کا احساس دلاتی ہیں کہ افسانہ صرف
زندگی کی تصویر کشی نہیں۔ اس کی تخلیق کا عمل فی الاصل ایک فلسفیانہ اور حکیمانہ عمل ہے۔ وہ زندگی
کی ترجمانی سے زیادہ اس کی تفہیم اور تنقید کا عمل ہے۔ اور اردو افسانہ اس منزل تک پہنچ گیا ہے
اسی دور میں بعض نئے اور نوعمر افسانہ نگاروں نے بھی کچھ چونکا دینے والی کہانیاں لکھیں اور اپنی انچ
اور انفرادیت سے اپنی طرف متوجہ کیا۔ ان میں بلونت سنگھ جیلانی بانو واجدہ تبسم رتن سنگھ اور ڈاکٹر
(قاضی) عبدالستار کے نام خصوصیت سے قابل ذکر ہیں۔ بلونت سنگھ اگرچہ آزادی کے قبل سے لکھ رہے
ہیں لیکن واقعہ یہ ہے کہ ان کی بہترین کہانیاں اسی دور میں شائع ہوئی ہیں۔

سنہ ۱۹۶۱ء میں بھی اردو افسانہ اسی رنگ و آہنگ اور رفتار کے ساتھ داخل ہوا۔ تاہم یہ
سال اس لحاظ سے ممتاز اور اہم ہے کہ ایک مدت کے بعد اردو میں دو قابل قدر ناول شائع ہو کر

سامنے آئے۔ میری مراد قرۃ العین حیدر کے ناول "آگ کا دریا" اور شوکت صدیقی کے ناول "خدا کی بستی" سے ہے۔ قرۃ العین اور شوکت صدیقی اگرچہ پاکستانی ادیب ہیں۔ لیکن چونکہ ان کے ناولوں کے ہندوستانی اڈیشن اسی سال شائع ہوئے ہیں۔ اس لئے یہاں ان کے ذکر کا جواز مل گیا ہے۔

اردو ناول اس فن کے عالمی معیاروں سے اتنا بچھڑ گیا ہے کہ اب ان معیاروں تک پہنچنے کے لئے تدریجی ارتقا کی نہیں جست کی ضرورت ہے۔ اور "آگ کا دریا" بلاشبہ ایک طویل جست ہے۔ اس کی صحیح تنقید اور تحسین کے لئے فن کے کلاسکی تصور سے زیادہ اس کے جدید معیاروں اور نئے سانچوں کو ذہن میں رکھنے کی ضرورت ہے۔ شعور کی رو، زمان و مکان کی قید سے آزاد ہوتی ہے۔ اس ناول میں اس آزادی کا استعمال بڑے سلیقہ توازن اور تخلیقی حسن کے ساتھ کیا گیا ہے۔ ڈھائی ہزار سال کی ہندوستانی تہذیب اور تاریخ کے بے کراں سمندر میں گوتم نیلمبر، ابو المنصور اور چمپا کی رو میں نہ جانے کتنے طوفانوں سے گزرتی ہیں اور کتنے روپ بھرتی ہیں لیکن اپنی تنہائی خاموشی اداسی اور باطنی محویت سے ایک پل کے لئے جدا نہیں ہوتیں۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ ان کے وجود کی نیرنگی اور ان کے تجربات کی تازگی میں اذیت واقعیت اور انسانی جذب و شعور کا رنگ کچھ اس طرح مل گیا ہے کہ اس مرقع کا ہر نقش اور ہر تصویر بے مثل نظر آتی ہے۔

'خدا کی بستی' میں شوکت صدیقی نے بڑی بے باکی اور بصیرت سے اس معاشرہ کا مطالعہ پیش کرنے کی کوشش کی ہے جو دنیا کی سب سے بڑی اسلامی مملکت پاکستان میں تشکیل پا رہا ہے۔ یہ ناول وہاں کی شہری زندگی کے ہر گوشہ اور ہر ادارہ پر محیط ہے۔ لیکن اس میں زندگی کے تاریک گوشے روشن ہیں۔ ناول پڑھ کر پہلا تاثر یہی ہوتا ہے جیسے افلاس جہالت سیاسی ابتری اور اہل اقتدار کی سیاہکاری نے اس زندگی کو کھوکھلا کر دیا ہے۔ اس کے اندر زہر گھول دیا ہے۔ اس ناول میں حقیقت نگاری کا وہی تصور کارفرما ہے جو شوکت صدیقی کے بیشتر افسانوں میں نظر آتا ہے۔ سماجی طور سے مظلوم پامال مجہول اور منفی کردار انھیں عزیز ہیں۔ پیشہ ور مجرم جیب کترے لٹیرے گداگر بیمار اور فٹ پاتھ پر سونے والے بے روزگار اور آوارہ نوجوان ان کے فن کا محرک اور موضوع ہیں اس ناول میں بھی ایسے کرداروں کی کثرت ہے۔ راجہ نوشا شاہی نیاز ڈاکٹر موٹو کالے صاحب

اور خان بہادر فرزند علی سب جیتے جاگتے کردار ہیں۔ یہ ایسے کہنہ ناسور ہیں جن کی عفونت سے اس سماج میں مہلک وبائیں پھوٹ رہی ہیں۔ یہاں تک کہ سلمان صفدر، بشیر احمد علی اور سلطانہ جیسے معصوم نوجوان بھی اس مسموم اور گھٹے گھٹے مریضانہ ماحول میں دم توڑتے نظر آتے ہیں۔ اپنی پُرجوش انسانیت اور بے پناہ عملی قوت کے باوجود وہ قدم قدم پر شکست کھاتے ہیں اور ان کے سماجی اصلاح کے منصوبے خاک میں مل جاتے ہیں۔

فنی اعتبار سے اس ناول میں بعض اہم خامیاں بھی ہیں۔ ناول نگار کا نقطۂ نظر سلجھا ہوا اور صاف نہیں۔ تاریخی اور سماجی اعتبار سے اس نے زندگی کے بعض بنیادی حقائق کو نظر انداز کیا اور بعض کو بے ہ اہمیت دی ہے۔ حقیقت نگاری میں ہمواری نہیں۔ فلک پیما کی سرگرمیاں کہیں کہیں ایک تخیلی اور تمثیلی رنگ اختیار کر لیتی ہیں لیکن ان کوتاہیوں کے باوجود اس ناول کو اردو کے چند معیاری ناولوں کے ساتھ جگہ دی جائے گی۔ یہ ناول 'گئودان' کی عظمت کو نہ پہنچ سکا لیکن اس کا مصنف یقیناً 'گئودان' سے بلند تر ناول لکھنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

ناول کے باب میں خواجہ احمد عباس کے ناولٹ 'سیاہ سورج، سفید سائے' کا ذکر بھی بے جا نہ ہوگا۔ موضوع اور تکنیک کے اعتبار سے یہ ایک اچھوتی تخلیق ہے۔ اس کا موضوع افریقہ کی حریت رہنما لومبا کی شہادت ہے اور اس کی تکنیک میں علامتی اور ایمائی رنگ غالب ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ قومی ادب کی اصطلاح صحیح ہے تو اس ناولٹ کو بین الاقوامی یا آفاقی ادب کا نمائندہ کہا جائے ہے۔ حریت کے اس دیوتا کی موت پر ساری دنیا کی حریت پسند قوموں نے جو ماتم کیا اور اس کے نتیجہ میں سامراجی درندوں کے خلاف نفرت کے جو شعلے بھڑکے اس ناول میں ایک اچھوتے اور ڈھنگ سے اس کی مصوری کی گئی ہے۔

افسانوی ادب میں اس سال سب سے قابلِ ذکر حصہ خواجہ احمد عباس، کرشن چندر اور سہ عظیم آبادی کی نگارشات کا ہے۔ خواجہ صاحب ادھر بڑی تیزی سے لکھ رہے ہیں۔ دانے کی کہ سے لے کر 'واپسی کا ٹکٹ' تک انھوں نے کئی دلکش کہانیاں لکھی ہیں۔ ان کی کہانیوں میں گہرائی تو نہیں جس کے بارے میں بعض ناقدین کا خیال ہے کہ انسان اور کائنات کے ابدی مسائل

غور و فکر کرنے سے پیدا ہوتی ہے۔ لیکن اگر انسان کی معاشی اور معاشرتی غلامی کے مسائل کچھ اہمیت رکھتے ہیں تو خواجہ صاحب کی کہانیوں میں ان کے بارے میں ہمدردانہ غور و فکر کے آثار واضح طور پر نظر آئیں گے۔ خطابت بلند آہنگی سیاسی اشارے اور سماجی انقلاب کا عزم ایسے پہلو ہیں جو ان کے افسانوں میں کہیں تو جلا کا تاثر پیدا کر دیتے ہیں اور کہیں محض صحافت بن جاتے ہیں۔

کرشن چندر نے متعدد کہانیوں کے علاوہ اس سال بچوں کے لئے بھی دو قصے "خرگوش کا سپنا" اور "ستاروں کی سیر" لکھے ہیں۔ "خرگوش کا سپنا" لوک کہانیوں کے انداز پر لکھا گیا ہے۔ ایک غریب اور نحیف خرگوش کس طرح اپنی عقل حوصلہ اور ہمت سے دوسرے خوفناک اور چالاک جانوروں کے جبر و ظلم کا مقابلہ کرتا ہے۔ یہی اس کا موضوع اور مرکزی خیال ہے۔ "ستاروں کی سیر" ایک سائنسی ناول کہا جا سکتا ہے۔ یہ دونوں کتابیں اتنی دلچسپ واقعات اتنے بامزہ اور انداز تحریر اتنا دلنشیں ہے کہ صرف بچے ہی نہیں ہر عمر کے لوگ انھیں ذوق و شوق سے پڑھیں گے۔ کرشن چندر نے ان سیدھی سادی کہانیوں میں معنویت کی کئی تہیں پیدا کی ہیں اور ایک علامتی رنگ میں دور حاضر کی زندگی کے بعض بنیادی مسائل پر روشنی ڈالی ہے۔ ان کے علاوہ کرشن چندر نے "تائی ایسری" "شہزادہ" اور "جولی" جیسی کامیاب کہانیاں بھی لکھی ہیں۔ اور اس طرح اردو افسانہ کو کچھ جیتے جاگتے موثر اور حقیقت سے معمور کردار بھی دئے ہیں۔ یہی وہ کہانیاں ہیں جن میں کرشن چندر نے فن کی بعض روایات کو برقرار رکھ سکے ہیں۔ ورنہ "پھول کی تنہائی" "دو چور" اور "چوراہے کا کنواں" ایسی کہانیاں عام لوگوں کے لئے دلچسپ اور دلکش سہی فنی اعتبار سے زیادہ قابل قدر نہیں ان میں اقلیت پسندی کے بجائے تخیلی، تمثیلی اور ظریفانہ انداز رنگ غالب ہے۔

سہیل عظیم آبادی نے ایک طویل وقفہ کے بعد پھر قلم اٹھایا ہے۔ اس سال ان کی متعدد کہانیاں ہندو پاک کے رسالوں میں شائع ہوئی ہیں۔ "دل کا کانٹا" اور "یوں بھی ہوتا ہے زمانہ میں" ایسی کہانیاں ہیں جن میں ان کے فن کی سلامت روی تنقیدی بصیرت اور انفرادیت نمایاں ہے۔ ان کی کہانیوں میں خلوص، انسانی دردمندی، سادگی اور سچائی کے وہی عناصر ملتے ہیں جو منشی پریم چند کا سب سے ورثہ ہیں۔ سماجی بے انصافی اور دولت کی غیر منصفانہ تقسیم سے پیدا ہونے والی آلودگیاں

ان کا خاص موضوع ہے۔ تاہم ان کی تازہ کہانیاں پڑھ کر یہ احساس بھی ہوتا ہے کہ آزاد ہندوستان میں پیدا ہونے والے اہم مسائل نے ابھی ان کی توجہ کو جذب نہیں کیا ہے۔

اس سال افسانوں کے جو مجموعے شائع ہوئے ان میں واجدہ تبسم کا 'شہر ممنوع' اور ایک نئے افسانہ نگار جوگیندر پال کا مجموعہ 'دھرتی کا کال' خصوصیت سے قابل ذکر ہیں۔ واجدہ تبسم کی کہانیوں نے گزشتہ چند سال میں اردو افسانہ کو ایک نئی سمت ہی نہیں نئی سطح بھی دی ہے۔ 'حوا' 'گناہ'۔ اے رود موسیٰ اور 'پاندان' خوبصورتی نزاکت اور فنی مہارت سے تراشی ہوئی کہانیاں ہیں۔ سماج میں عورت کی پامالی، متوسط طبقہ کی معاشی زبوں حالی اور گھریلو زندگی میں پیدا ہونے والی الجھنیں کش مکش اور گھٹن ان کی کہانیوں کے خاص محرکات ہیں۔ وہ اردگرد کی مانوس چیزوں سے ایسی فضا پیدا کرتی ہیں کہ قاری اس میں ڈوب جاتا ہے اور تاثرات کی دھیمی دھیمی لہروں کے سہارے حقائق کی تہ تک پہنچتا ہے۔

جوگیندر پال کی کہانیوں کا موضوع افریقہ کی زندگی ہے۔ وہ ایک مدت سے افریقہ میں رہ رہے ہیں وہاں کی تہذیب و معاشرت، عوام کی معاشی حالت اور قومی آزادی کی تحریک کا مطالعہ انھوں نے بہت قریب سے کیا ہے۔ ان کہانیوں میں بھی انھوں نے افریقہ کی سرزمین پر گوروں اور کالوں کی کش مکش اور ان کی زندگی کو پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ جوگیندر پال کا مطالعہ وسیع ہے مغربی ادیبوں میں وہ موپساں اور اس کے مقلدین کے فن سے متاثر نظر آتے ہیں۔ ان کی اکثر کہانیوں کا طلسم آخر میں کھلتا ہے۔ اشخاص سے زیادہ حیرت زا اور تجسس خیز واقعات پر ان کی نظر رہتی ہے۔ اس مجموعہ میں 'معجزہ'، 'سب کا سوال'۔ اور 'دھرتی کا کال' ان کی نمائندہ کہانیاں ہیں۔ یہ صحیح ہے کہ ابھی ان کی کہانیوں میں ایک آنچ کی کمی کا احساس ہوتا ہے۔ لیکن ان کہانیوں سے اندازہ ہوتا ہے کہ جلد ہی ان کے فن میں زیادہ پختگی صفائی اور دلکشی پیدا ہوگی۔

اس سال کے افسانوی ادب پر نظر ڈالتے ہوئے اس بات کا بھی احساس ہوا کہ چند نوجوان اور ہونہار افسانہ نگار جنھوں نے ۵۵ء کے بعد کچھ کامیاب کہانیاں لکھی تھیں۔ اس سال خاموش ہے۔ ان میں مسیح الحسن قیصر تمکین اور ظفر پیامی کے نام قابلِ ذکر ہیں۔ یہاں تک کہ جیلانی بانو جیسی

باشعور اور ذہین افسانہ نگار کا قلم بھی اب کچھ تھکا تھکا سا نظر آتا ہے۔ اس کا ثبوت ان کا افسانہ "نیا حاتم طائی" ہے۔ جو کسی طرح ان کے پچھلے دور کے افسانوں "ڈریم لینڈ" اور "موم کی مریم" کے مقابل نہیں رکھا جا سکتا۔ سچ تو یہ ہے کہ اس سال پرانے افسانہ نگاروں کی تحریریں اور کاوشیں غالب رہیں۔ نئے افسانہ نگار اپنی تخلیقی صلاحیتوں کے باوصف محنت فنی ریاضت مطالعہ اور غور و فکر سے گریز کر رہے ہیں جبکہ پرانے فنکار نئے حوصلوں سے لکھنے اور نئے تقاضوں کو پورا کرنے کی جد و جہد کر رہے ہیں۔ صالحہ عابد حسین نے بھی اس سال 'محرومی' اور 'فنکار' جیسی دو موثر اور دلکش کہانیاں لکھی ہیں جن میں ٹیگور کا اثر نمایاں ہے۔ 'محرومی' میں ماتا کا جذبہ بڑے لطیف اور شدید تاثراتی رنگ میں نمایاں ہوا ہے۔ اس کے علاوہ پرانے افسانہ نگاروں میں علی عباس حسینی، بلونت سنگھ اور رام لال کی چند کہانیاں بھی اس سال کے افسانوی ادب کا قابل قدر حصہ ہیں۔

جہاں تک اردو افسانوی ادب کے نئے رجحانات کا تعلق ہے اس کے لئے ذرا تفصیلی تجزیہ کی ضرورت ہے اور اس کا یہاں موقع نہیں۔ اس کے علاوہ اس مطالعہ کے لئے زمان و مکان کی قید بھی مناسب نہیں تاہم یہاں مختصر الفاظ میں ان میلانات کا ایک اجمالی خاکہ دیا جا سکتا ہے جو اس دور میں نمایاں رہے یا نمایاں نظر آئے۔

(۱) یوں تو ہر دور میں سنجیدہ ادب کے مقابلہ میں غیر سنجیدہ یا تفریحی اور سستے رومانی ادب کی کثرت رہی ہے لیکن اس دور میں شائع ہونے والے تفریحی ناولوں اور افسانوں کے سیلاب نے سنجیدہ ادبی تخلیقات کی رفتار اور کردار کی پہلوؤں سے نقصان پہنچایا ہے۔ (۲) واقعیت پسندی اور حقیقت نگاری کے نئے امکانات کی تلاش کے بجائے فضا کے اعتبار سے غیر ارضی اور تخیلی کہانیاں لکھنے کے تجربے ہو رہے ہیں لیکن کوشش یہ ہے کہ ایسی کہانیوں کو ایک علامتی رنگ دے کر معنویت پیدا کی جائے۔ (۳) نئی پود کے ادیب اب مغربی زبانوں کے ادب ان کے میلانات اور معیاروں سے باخبر رہنے اور ان سے استفادہ کرنے کی ضرورت نہیں سمجھتے۔ اس کے بجائے وہ اپنے ادب کی اعلیٰ روایات کے زیر اثر ــــ اپنے مشاہدہ اور تجربہ کی بنیاد پر اعتماد سے لکھ رہے ہیں۔ ان کے افسانے نقش گر حادثات نہیں ان میں معمولات کا گہرا رنگ جزئیات پر اور تحلیل نفسی کی روشنی ہے۔ تاہم یہ کہنا مشکل ہے کہ یہ رنگ نکھر کر کیا رخ اختیار کرے۔

۱۹۶۰،۶۱ء کا مزاحیہ ادب

جناب غلام احمد فرقت کاکوروی

طنز و مزاح کے گل بوٹے اور شگوفے صرف ایسی فضا میں چٹکنے اور آنکھ کھولنے کے عادی ہوتے ہیں جو تموّل، اطمینان اور سکون میں رچی بسی ہو اس لئے ۶۰ء اور ۶۱ء کے بحرانی دور میں اگر اردو ادب میں مزاحیہ مضامین کے صرف گنے چنے مجموعے شائع ہوئے ہوں تو اس پر حیرت و استعجاب سے آنکھیں پھاڑنے دیدے نکالنے یا بوٹیاں نوچنے کی چنداں ضرورت نہیں بلکہ ان لوگوں کے دل گردوں پر ضرور حیرت کرنا چاہئے جنھوں نے اس سنگ لاخ دور میں پتھر میں جونک لگا کر اور مزاحیہ مضامین لکھ کر ہماری اور آپ کی دلبستگی کا سامان فراہم کیا۔

۱۹۶۰،۶۱ء میں احمد جمال پاشا کے طنزیہ اور مزاحیہ مضامین کا مجموعہ 'اندیشۂ شہر' تخلص بھوپالی کے مزاحیہ خاکوں کا مجموعہ 'پوسٹ مارٹم'، فکر تونسوی کا ناول 'پروفیسر بدھو'، چودھری وجاہت علی سندیلوی کے مزاحیہ مضامین اور کہانیوں کا مجموعہ 'بے ساختہ اور بے ضابطہ'، کنہیا لال کپور کے مزاحیہ مضامین کا مجموعہ 'گرد کارواں' اور راقم الحروف کے مزاحیہ مضامین کا مجموعہ 'مردہ دل خاک جیا کرتے ہیں' شائع ہو سکے یا ان نثری مجموعوں کے علاوہ پروفیسر دلاور فگار صاحب کی مزاحیہ اور طنزیہ نظموں اور غزلوں کا مجموعہ 'ستم ظریفان'۔

جمال پاشا ہمارے اُن نوجوان مزاح نگاروں میں ہیں جنھوں نے گزشتہ آٹھ دس سال کے عرصہ میں بعض ایسے طنزیہ مضامین لکھے ہیں جنھیں اُردو کے مزاحیہ ادب میں ایک اضافہ قرار دیا جا سکتا ہے بالخصوص ادب میں پوسٹ مارٹم اور مرزا ظاہر دار بیگ کافی ہاؤس میں، ان کے اندازِ بیان میں بڑا ٹھہراؤ اور سنجیدگی ہے ان کے یہاں ایک اچھے مزاح نگار کا سلیقہ اور ایک خوش فکر طنز نگار کا شعور ملتا ہے۔ موضوعات کی تلاش سے ان کے غیر معمولی ذہین

ہونے کا اندازہ ہوتا ہے وہ بغیر فقرہ بازیوں کے بھی اپنے طنز میں مزاح کی چاشنی پیدا کرنے کا پورا سلیقہ رکھتے ہیں۔ وہ دوسروں کی کمزوریوں پر ہنستے ہیں مگر اس ہنسی میں اس کا لحاظ بھی رکھتے ہیں کہ جس پر وہ ہنس رہے ہیں اس کے ماتھے پر شکن تو نہیں پڑ رہی ہے اور ایک طنز نگار کی یہی سب سے بڑی خوبی ہے کہ وہ جس پر طنز کرے اُسے بھی اپنے مزاح میں شریک کرلے ان میں نثر کی پیروی کرنے کا غیر معمولی سلیقہ ہے۔ ڈاکٹر وزیر آغا نے ان کی اس کتاب پر جو مقدمہ لکھا ہے اس میں اگرچہ انھوں نے جمال صاحب کو طنز نگار سے زیادہ مزاح نگار قرار دیا ہے۔ مگر راقم الحروف کو ان کی اس رائے سے اتفاق نہیں۔ راقم الحروف ان کو مزاح نگار سے زیادہ طنز نگار سمجھتا ہے۔ ان کا یہ مجموعہ غالباً پہلا مجموعہ ہے جو زمانۂ طالب علمی سے اس وقت تک کے تمام مضامین پر مشتمل ہے اسی لئے اس میں نرم گرم ہر قسم کے مضامین شامل ہیں۔ ان کے بعض مضامین ان کے درخشاں مستقبل پر روشنی ڈالتے چلتے ہیں۔

دوسرا مزاحیہ خاکوں کا مجموعہ عبدالاحد خاں تخلص بھوپالی مدیر بھوپال پنچ کا ہے جو پوسٹ مارٹم کے نام سے شائع ہوا ہے اس میں کچھ بھوپالی اور کچھ غیر بھوپالی حضرات شامل ہیں جن سے تخلص صاحب کی یا تو یاد اللہ ہے یا غیر معمولی بے تکلفی۔ تخلص صاحب اگرچہ اس کوچہ کے نو واردوں میں ہیں مگر خدا جانے کیوں وہ اس وقت تک اپنی غیر معمولی صلاحیتوں کی پال ڈالے پڑے رہے اور ان کا خمیر اتنی دیر میں کیوں پھولا۔ ان کی تحریروں میں بلا کا رکھ رکھاؤ اور قیامت کا طنز ہوتا ہے۔ ان سے اگرچہ راقم الحروف کا تعارف محض تحریری ہے مگر ان کے طنز میں اس بلا کی شوخی ہے کہ ان کی تحریر پڑھ کر اُن سے ملنے کو دل چاہتا ہے۔ ان کے مضامین پڑھ کر زلیخا کی جوانی کا بھی قائل ہی ہونا پڑتا ہے کیونکہ انھوں نے زلیخا کی تجدید جوانی کے لگ بھگ زمانہ گمنامی میں بسر کیا ہے ان کے فقروں میں تہ کو ایک ماندہ زمانہ طنز ملتا ہے۔

ایں سعادت بزور بازو نیست
تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

ان کی تحریریں بڑی، شوخی، رنگینی اور مٹھاس ہے وہ جگہ جگہ فقرے بھی چست کرتے چلتے ہیں بایں اعتبار عمر خواہ ان کے قویٰ کمزور ہو گئے ہوں مگر ان کے قلم میں وہ زندگی اور جان ملتی ہے کہ پڑھنے والے کے

سامنے ایک ایسے گبرو جوان کی تصویر آجاتی ہے جو جوان بھی ہے اور گرگ باراں دیدہ بھی ان کے خاکوں مجموعہ جوان کے کہنے کے مطابق نقش اول ہے بہتوں کے نقش نجم اور ششم کو ماند کر دینے کی بدرجۂ اتم صلاحیت رکھتا ہے۔

یارب اس ساغر لبریز کی کیا ہوگی

تخلص کے طنز میں توازن، گہرائی اور سلیقہ مندی کے ساتھ ساتھ روزمرہ بھی شامل ہے جس پر انھیں بڑی قدرت ہے جب وہ عورتوں کی زبان استعمال کرتے ہیں تو بعض اوقات ان کے عبدالاحد خاں ہونے میں شک ہونے لگتا ہے۔ وہ ہنس ہنس کر اس انداز میں نشتر زنی کرتے ہیں کہ مریض ان کی ہنسی میں گم ہو کر اپنی تکلیف بھول جاتا ہے۔ وہ ایک کامیاب طنز نگار صحافی بھی ہیں اس کوچہ میں آنے کے بعد اگرچہ طنز نگار کی عزت و آبرو خطرہ میں پڑ جاتی ہے مگر وہ صحافت کے داؤں پیچ بھی پیٹ سے لے کر آئے ہیں۔ ان کے اخبار بھوپال پنچ کے سیاسی اور طنزیہ مضامین پڑھ کر اودھ پنچ والے منشی سجاد حسین کاکوروی مرحوم کی یاد تازہ ہو جاتی ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ موجودہ سیاست کے اُتار چڑھاؤ اور پریس ایکٹ کی دفعات کے وار بھی بخوبی سمجھتے ہیں اور ان کو خالی دینے کے گُر سے بھی واقف ہیں۔ وہ ایک ایسے شاعر کے بارے میں جو غالباً داڑھی زدہ اشتراکی ہے ایک جگہ لکھتے ہیں:

"جب رب کا شکر ادا کر بھائی" سے متاثر ہوئے تو کلام مجید کو منظوم کرنا شروع کر دیا۔ بیک وقت ماسکو اور مکہ شریف پر اعتقاد رکھتے ہیں۔ دونوں کے شاعر ہیں اور دونوں سے دور۔"

جوہر قریشی کے بارے میں لکھتے ہیں:

"حضرت آصف شاہجہری نے بہ بانگ دہل آواز دی ــــ بھائیو۔ مٹی دو اچاروں طرف سے پبلک پل پڑی اور دیکھتے ہی دیکھتے مرحوم منوں مٹی کے نیچے خاموشی سے دب گئے مٹی اس قدر کثرت سے دی گئی کہ آس پاس کی دوسری لاوارث قبریں مرحوم کی قبر میں ضم ہو کر پہاڑ گنج کی صورت اختیار کر گئیں۔ اور اس طرح ہزاروں من مٹی میں بھوپال کے شہنشاہ طنز و مزاح پناہ کو داب دیا کہ مبادا پھر نہ نکل آئیں۔ قبرستانی رجسٹر میں وجہ موت کے خانہ میں محض طنز و مزاح لکھ دیا گیا۔ قبر کے سرہانے ایک دیوالیہ اردو پریس کا پتھر جس کو کباڑیوں نے

جزائے خیر کے لئے فی سبیل اللہ دیا تھا۔ تاریخ وفات حسرت آیات اور سن وفات کا نصف قطعہ ـــــ جوہر پیوند زمیں شد۔ لکھ کر آخری تکمیل بھی کر دی گئی۔"

ایک مشہور ادیب کے بارے میں ارشاد ہوتا ہے۔

"مقدمہ چلا ـــ صفائی کا موقع دیا گیا ـــ آپ نے مدعی کو منہ توڑ جواب دیا کہ ـــ حضور! مدعی پیدائشی بے عزت ہے غیر ملکیوں نے بارہا اس کو گرفتار کر کے ذلیل کیا ہے۔"

"نادم صاحب نے اس تحریک میں حصہ لینے سے صاف انکار کر دیا۔ اور وجہ اختلاف یہ بتائی کہ قصبہ سیتاپور میں کوئی انگریز نہیں ہے اور اگر ہے تو ایک بوڑھا پادری جو اس روز خدا میں ہندوستان تو ہندوستان دنیا ہی چھوڑ دے گا۔ ہائی کمانڈ نے ہدایت کی کہ آپ بمبئی یا کلکتہ جا کر اس تحریک کو چلاؤ تو آپ نے صاف کہہ دیا کہ بمبئی اور کلکتہ کے رہنے والے انگریزوں سے میں قطعاً ناواقف ہوں اور مجھے اتنی دوری پر رہنے والے انگریزوں سے کوئی ذاتی پرخاش بھی نہیں۔ نیز انگریزی زبان سے بھی ناواقف ہوں پھر کس طرح انگریزوں کو ہندوستان چھوڑنے پر ہموار کر سکوں گا۔"

فکر تونسوی کے یوں تو طنزیہ مضامین کے کئی مجموعے شائع ہو چکے ہیں مگر پروفیسر بدھوان کا پہلا طنزیہ ناول ہے جو جنوری ۱۹۶۱ء میں چھپ کر منظر عام پر آیا ہے۔ چونکہ ۱۹۶۱ء کا پورا سال اس کو کتابت اور طباعت کے قید و بند میں گزارنا پڑا اس لئے اس کی لکھائی چھپائی پر وہ رونق اور شادابی آپ کو نظر آئے گی جو اصل ناول میں ہے۔ اس ناول میں فکر تونسوی نے اپنے مخصوص انداز میں سماج کی بہت سی دکھتی رگوں کو چھیڑ کر طنز کی ضربیں لگائی ہیں۔ پروفیسر بدھو جو اس ناول کے ہیرو ہیں ان کے کندھوں پر رکھ کر فکر صاحب نے بندوق چلائی ہے اور بعض جگہ تو موجودہ سیاست اور نظام حکومت پر ایسے فنی وار کئے ہیں کہ پڑھنے والا لوٹ پوٹ ہو جاتا ہے۔ فکر صاحب صحافتی طنز نگاری میں جواب نہیں رکھتے۔ وہ بے کہنہ مشق ترقی پسند ہیں۔ ملاپ کے مزاحیہ کالم میں وہ پیاز کے چھلکوں کی طرح سماجی کمزوریوں کو چیر کر رکھ دیتے ہیں۔ وہ ادب میں ایک صحافی اور صحافت میں ایک ادیب کی حیثیت رکھتے ہیں پروفیسر میں ایک جگہ وہ کس درجہ لطیف انداز میں سیاست پر طنز کرتے ہیں۔

"آخر وہ کون لوگ تھے جو ماضی میں لافانی عشق کر گئے۔ مثلاً ایک فرہاد تھا جو پہاڑ کھود کر نہر نکال لایا تھا۔ پہاڑ آج کل بھی موجود ہیں۔ مگر نہریں نکالنے کا کام فرہاد کے بجائے گورنمنٹ نے سنبھال لیا ہے اور شاید کوئی فرہاد اگر پہاڑ کاٹنے کے لئے جائے بھی تو اُسے سرکاری جائداد کو نقصان پہنچانے کے جرم میں دھر لیا جائے۔"

اگلے زمانہ کی گورنمنٹیں کچھ زیادہ فراخ دل ہوا کرتی تھیں مگر آج کل کی گورنمنٹیں .....؟ آہ.... عشق کو بھی سرکاری جائداد سمجھتی ہیں۔"

فکر کا دماغ معلومات کا ایک اچھا بھلا مال گودام ہے جس میں ارسطو کے وقت سے اب تک کے نئے اور پرانے اقوال، ضرب الامثال، محاورات اور لطائف بھرے پڑے ہیں صحافت نگاری میں ادیب کو قدم قدم پر باادب باملاحظہ ہوشیار کے نعرے بلند کرنا پڑتے ہیں مگر اب وہ اس قدر مشاق ہو گئے ہیں کہ وہ بغیر کسی جھجک مسکرا مسکرا کر انچھر پھینکتے جاتے ہیں اور لوگ انھیں گل کھا کر اپنے دل کے دامن میں جمع کرتے رہتے ہیں۔

چودھری وجاہت علی سندیلوی کے مزاحیہ مضامین اور افسانوں کا مجموعہ "بے ساختہ اور بے ضابطہ" کے نام سے ۶۰ء کے آخر میں شائع ہوا ہے وجاہت صاحب ہمارے ادب میں ایک سنجیدہ افسانہ نگار کی حیثیت سے خاصی شہرت کے مالک ہیں۔ حالات کی ستم ظریفی نے ان کو وکالت کا پیشہ اختیار کرنے پر مجبور کر دیا ورنہ وہ ایک محقق کا دماغ، ایک ادیب کا مزاج، ایک طنز نگار کا شعور اور انگریزی اور اُردو کے بلند پایہ صحافی کی صلاحیتیں لے کر پیدا ہوئے تھے۔ "بے ضابطہ اور بے ساختہ" ان کے کم و بیش چوبیس مزاحیہ مضامین، خاکوں اور کہانیوں کا مجموعہ ہے جس میں سنجیدہ مزاح اور سماج پر گہرا طنز ملتا ہے۔ ان کے انداز بیان میں مغربی طنز نگاری کی شوخی اور مسکراہٹیں ملتی ہیں ان کی زبان شگفتہ ہے وہ اس دنیا میں بھی ہارے ہوئے مقدمات کی اس طرح وکالت کرتے ہیں کہ آخر میں فتح اور کامرانی ان کے قلم کا مقدر ہوتی نظر آتی ہے۔ ان کو روزمرہ اور زبان پر بڑی قدرت ہے۔ سندیلے میں اب لے دے کر کوئی چیز مشہور ہے تو اول سندیلے کے لڈو، دوسرے وہاں کے ڈاکٹر نور الحسن ہاشمی، اور تیسرے وجاہت سندیلوی۔ اور سیاسی دنیا میں بیگم اعزاز رسول جن کے بارے میں سنا جاتا ہے کہ وہ اپنی

الٰہیہ کی غیر معمولی شہرت سے اس درجہ متاثر ہیں کہ خود اپنا تعارف ان الفاظ میں کراتے ہیں۔ میں ہوں مکرم اعزاز رسول کا شوہر۔

اس دو سال کے عرصہ میں موجودہ مزاح نگاروں کا کنہیا یعنی جناب کنہیا لال کپور کے مزاحیہ مضامین کا بھی ایک نیا مجموعہ گرد کارواں کے نام سے شائع ہوا ہے۔ اس مجموعہ کا نام جس قدر شاعرانہ ہے اسی قدر اس کے تمام تر مضامین طنزیہ ادب کا شاہکار ہیں۔ یہ مجموعہ چودہ پندرہ خاکوں، افسانوں، کہانیوں اور فیچروں پر مشتمل ہے۔ جس میں ترقی پسند غالب۔ سامع اور اندیشۂ شہر بی جالو۔ اور مقتل صاحب کے عنوان سے جو مضامین شامل ہیں وہ ہمارے ادب میں ایک اضافہ ہیں۔ ان مضامین کو لکھ کر کپور صاحب نے ہمارے ادب میں نئے تجربوں کا آغاز کیا ہے۔ ترقی پسند غالب کے عنوان سے جو مضمون ہے اس میں انھوں نے غالب ہی کے اشعار کے ایک ہی بحر کی دو غزلوں سے دو علیحدہ علیحدہ مصرعے لے کر ایسا تاثر پیدا کیا ہے کہ زبان بے اختیار چٹخارے لیتی ہے۔ ان اشعار کے چند نمونے ملاحظہ ہوں۔

بک رہا ہوں جنوں میں کیا کیا کچھ
ابر کیا چیز ہے ہوا کیا ہے
موت کا ایک دن معین ہے
اور درویش کی صدا کیا ہے
میں نے مانا کہ کچھ نہیں غالب
کیوں کسی کا گلہ کرے کوئی
دل سے تری نگاہ جگر تک اتر گئی
حیران ہوں دل کو روؤں کہ پیٹوں جگر کو میں
دل کے خوش رکھنے کو غالب یہ خیال اچھا ہے
گر نہیں ہیں مرے اشعار میں معنی نہ سہی

اسی مضمون میں ایک طنزیہ نظم بھی ہے جو اشتراکی اور ترقی پسند شاعروں پر ہے جو ادب سے سیاسی پروپیگنڈے کا کام لینے لگے ہیں۔

کبھی قلم ہاتھ میں تھا میرے
غزل بھی کہہ لیتا تھا میں خاصی
نہ جانے کیا میرے دل میں آئی
کہ توڑ ڈالا قلم کو ساتھی
پکڑ کے ہاتھوں میں اک ہتھوڑا
ادب کی تخلیق کر رہا ہوں
ہتھوڑے سے یعنی لکھ رہا ہوں
ادب برائے یہ ماسکو ہے
نہیں ادب یہ برائے دلی
میں صاف اعلان کر رہا ہوں
کہ بن گئی ہے مرکھنی گائے
ہوا جو کرتی تھی بھیگی بلی
قسم مجھے گورکی کی ساتھی
ادب کو رہنے ادب نہ دوں گا
قسم مجھے ایلیا کی ساتھی
میں شاعری تو نہیں کروں گا
لگاؤں گا میں ادب میں نعرے
کہ آ رہا ہے نیا سویرا
کہ شاعری ختم ہو چکی ہے
درانتیاں گیت گا رہی ہیں

اسی مجموعہ میں "نو کا تڑکا ہوا" کے عنوان سے ایک مضمون ہے جس میں سویرے سویرے جو ڈھے اور ان کا اپنی صحت درست کرنے کی غرض سے پارکوں اور میدانوں میں ٹہلنے نکلتے ہیں اُن کی بات چیت کا انداز

ہی لطیف انداز میں بیان کیا ہے۔ ملاحظہ ہو: دوسرے نے جواب دیا: اجی آپ ہماری توند کی فکر میں سوکھ کر کانٹا ہو گئے ہیں نانوے کے پھیر سے نکلئے اور کچھ کھایا پیا کیجئے۔ اس تمہید کے بعد جو دوسری دلچسپ باتیں ہوئیں وہ اس قسم کی تھیں۔

کہیئے خارش کا کیا حال ہے ؟
ایک پل چین نہیں لینے دیتی
جوڑوں کے درد سے کچھ افاقہ ہوا
اجی کہاں ہڈی ہڈی دکھتی ہے
آپ کی آنکھ کا کیا حال ہے
جب سے آپریشن کرایا ہے نگاہ کمزور ہو گئی ہے
سُنا ہے آپ نے بھینس فروخت کر دی
جی ہاں اب مرغیاں پالنے کا خیال ہے
پیاز اوپر جا رہے ہیں سٹاک کرنے کا بہت اچھا موقع ہے
آپ کے پاس کھٹی ڈکاروں کا نسخہ تھا وہ ہمیں بھی دیجئے۔

ان ہی مزاحیہ مجموعوں میں ایک مجموعہ راقم الحروف کے مزاحیہ مضامین کا بھی ہے جو "وہ دل خاک جیا کرتے ہیں" کے عنوان سے نسیم بک ڈپو لکھنؤ نے ۶۱ء میں شائع کیا ہے۔ اس کی ایک جلد راقم الحروف نے قومی آواز لکھنؤ کو بغرض ریویو بھیجی تھی مگر خدا جانے کس غلط فہمی کے تحت اس کے تبصرہ نگار مولانا رضا انصاری نے بجائے کتاب کے ناشر کی ذات پر ریویو کر دیا اور کتاب اپنی جگہ اسی طرح بے داغ رہی اس سے آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ میری مزاح نگاری کس درجہ انفرادیت سے پُر ہے اور خاکسار دوسرے مزاح نگاروں سے کس درجہ پست یا بلند درجہ کا انسان ہے۔ بہر صورت جہاں تک طنز و مزاح کے ضوع کا تعلق ہے میں اُس خاکہ انشا یا مضمون کو کسی قیمت پر طنزیہ یا مزاحیہ ماننے کو تیار نہیں جس کسی قسم کی دل آزاری کا پہلو ہو اور جس سے پڑھنے والے کے ماتھے پر شکن آجائے۔ میں نے اب تک قدر مزاحیہ مضامین یا انشا لکھے ان میں اس اصول کو ہمیشہ پیش نظر رکھا چنانچہ اس مجموعہ میں

بھی آپ کو اسی نوعیت کا مزاح یا طنز ملے گا۔

مجھے تو پسند اور مجنوں کو لیلیٰ
نظر اپنی اپنی پسند اپنی اپنی

پروفیسر دلاور فگار جو ابھی ڈال کے ٹوٹے مزاحیہ شاعر ہیں ان کی غزلوں نظموں اور قطعات کا ایک مجموعہ "ستم ظریفاں" کے نام سے ابھی حال میں شائع ہوا ہے۔ ان کے طنزیہ اور مزاحیہ کلام کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ اسے پڑھ کر ہر شخص اُن کی جوانی کا منکر ہو جاتا ہے۔ چنانچہ ان کی نظموں کے چند اقتباسات ملاحظہ ہوں:

ان کی ایک نظم انٹرویو کے چند اشعار ملاحظہ ہوں۔

کوئی لڑکا؟ ایک وہ بھی ناخلف — گر قبول افتد زہے عز و شرف
جائے پیدائش؟ بھگوتی پور حضور — رچھورہ سے صرف بارہ کوس دور
ایج یعنی عمر؟ پورے تیس سال — اور سرکاری سند سے بیس سال
کوئی والی ہے تمہارا نزد و دُور — جو بھی کچھ ہیں اوّل و آخر حضور
کیا کوئی اونچی سفارش لائے ہو؟ — جی نہیں۔ تو پھر یہاں کیوں آئے ہو؟

کرکیٹ میچ بھی ان کی ایک مزاحیہ اور طنزیہ نظم ہے اس کے چند اشعار ملاحظہ ہوں۔

یہاں کچھ ایسے بھی کپتان پائے جاتے ہیں
جو رن بناتے نہیں ہٹ لگائے جاتے ہیں
ادب نوازوں میں شاؤٹ یہاں بھی ہوتے ہیں
یہ بدنصیب رن آؤٹ یہاں بھی ہوتے ہیں
بجائے فضل کے سکسر پہ مرحبا کہنا
مگر فراق کی باؤنڈری کا کیا کہنا
حنیف بھی کوئی بوگس کریکٹر تو نہیں
مگر حدم سے زیادہ فری ہٹر تو نہیں

میرے خیال کو اہلِ نظر کریں گے کیچ
مشاعرہ بھی ہے اک طرح کا کرکیٹ میچ

ان کی ایک نظم "اے خاصۂ خاصانِ ادب" جو مسدس حالی کے رنگ میں ہے بہت ہی اچھی ہے۔ اس کے چند اشعار ملاحظہ ہوں۔

اب شعر ہے ہر جملۂ بے معنی و موزوں
لیلیٰ کی کہانی ہے نہ افسانۂ مجنوں
تشریح کرے اس کی کوئی یوں تو کوئی یوں
مطلب مگر اس کا نہ سمجھ پائے فلاطوں
مطلب ہی نکل آئے تو پھر شعر ہی کیسا ہے
اے خاصۂ خاصانِ ادب وقتِ دعا ہے

ان کی ایک نظم مشاعرہ کے عنوان سے ہے جو غالباً ان کی سب سے زیادہ کامیاب نظم ہے افسوس کہ اس وقت ان کی اُس نظم کا کوئی بند مجھے یاد نہیں۔

ان کا کلام پڑھنے سے ان کے عربی النسل ہونے کا ثبوت بھی ملتا ہے جہاں لڑکیاں سن بلوغ کو پہنچنے سے قبل ہی بالغ ہو جاتی ہیں۔ اس عمر میں جب ان کے کلام میں یہ پختگی ہے تو آئندہ ان کی پختگی اگر قطب مینار اور تاج محل کو شرمائے تو حیران حیران ہونے کی ضرورت نہیں۔

تراجم

عبداللطیف اعظمی

ہر زبان کی نشوونما اور اس کی ترقی میں ترجموں کو بہت دخل ہے۔ یہ دور اردو ادب میں بھی آیا اور اس میں شبہ نہیں کہ ترجموں سے، بالخصوص مغربی ادب کے ترجموں سے اردو ادب کو بہت کافی فائدہ پہنچا ہے۔ آج بھی جبکہ اردو ادب بہت کافی ترقی کر چکا ہے، ترجموں سے بے نیاز نہیں رہ سکتا۔

آزادیٔ وطن سے قبل جن اداروں نے ترجموں کے ذریعہ اردو ادب کی قابلِ ذکر خدمت ہے، ان کی تعداد اچھی خاصی ہے لیکن آخری دور کے اداروں میں دارالترجمہ حیدرآباد اور مکتبہ جامعہ کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ اول الذکر کے ترجموں کی زبان مشکل اور ان کے اسلوب میں پیچیدگی اور الجھاؤ ہے، اس لئے وہ زیادہ مقبول نہ ہو سکے لیکن اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ اس کی کوششوں سے اردو کے خزانے میں بڑا قیمتی سرمایہ منتقل ہوا ہے مگر افسوس کہ یہ ادارہ نئے حالات میں جاری نہ رہ سکا۔ مکتبہ جامعہ کے ترجمے سلیس اور عام فہم ہیں اور انھیں بڑی مقبولیت حاصل ہوئی، مگر اب اس ادارہ کی توجہ اس طرف بہت کم ہو گئی ہے۔ اس وقت جو ادارے ٹھوس علمی اور کلاسیکی ادب کے اردو میں ترجمے شائع کر رہے ہیں، ان میں دو نیم سرکاری ادارے ـــــ ساہتیہ اکیڈیمی اور نیشنل بک ٹرسٹ کو بہت اہمیت حاصل ہے اور دراصل اس وقت ان ہی کی بدولت اردو ترجمے کی آبرو قائم ہے۔

۶۱ء میں اردو ترجموں کی تعداد اچھی خاصی ہے، مگر میری جن ترجموں تک رسائی ہو سکی اگر ان میں کلاسیکی ادب کا کوئی ترجمہ نہیں ہے۔ ساہتیہ اکیڈیمی کے پروگرام میں مختلف زبانوں کے کلاسیکی ادب کے اردو ترجمے شامل ہیں اور پچھلے برسوں میں، ڈاکٹر سید عابد حسین صاحب نے گوئٹے کے مشہور ناول ولہیلم مائسٹر کی جلد اول کا ترجمہ براہِ راست جرمن زبان سے کیا ہے، جو دو جلدوں میں

شائع ہو چکا ہے۔ اب وہ اصل کتاب کی دوسری جلد کا ترجمہ کر رہے ہیں۔ غالباً یہ ترجمہ بھی اردو میں دو جلدوں میں شائع ہوگا۔ اسی طرح سجاد ظہیر صاحب نے فرانسیسی کے مشہور ادیب والتیر کے طویل افسانے کا ترجمہ کیا ہے، جو کاندید کے نام سے شائع ہوا ہے۔ مگر زیر تبصرہ سال میں ساہتیہ اکیڈیمی کی تمام توجہ ٹیگور کے ڈراموں، ناولوں اور نظموں کی طرف رہی۔ یہ کام بھی بہرحال اہم ہے اور اکیڈیمی نے ہندوستان کے شاعر اعظم کے علمی کارناموں سے اردو خواں طبقہ کو روشناس کر کے بہت بڑی خدمت انجام دی ہے۔ ٹیگور کے ڈراموں، افسانوں، ناولوں اور نظموں کے ترجمے اردو میں پہلے سے موجود ہیں، مگر عام طور پر یہ ترجمے تاجرانہ نقطۂ نظر سے کئے گئے ہیں اور ایک دو کے علاوہ تمام ترجمے مستند ادیبوں کے کئے ہوئے ہیں۔ ساہتیہ اکیڈیمی یقیناً شکریہ کی مستحق ہے کہ اس نے اردو کے بہترین مترجمین کی خدمات حاصل کر کے ٹیگور کی نمائندہ چیزیں اردو میں منتقل کیں۔ ان مترجمین میں ڈاکٹر سید عابد حسین، پروفیسر محمد مجیب، اور فراق گورکھپوری جیسے ادیب و شاعر شامل ہیں۔ ڈاکٹر سید عابد صاحب نے ٹیگور کے ایک ناول چوکھیر بالی کا ترجمہ کیا ہے۔ موصوف اردو کے ان چند بلند پایہ مترجمین میں سے ہیں، جن کے ترجمے اور خالص تخلیق میں کوئی فرق نہیں ہوتا اور جنھیں اپنی زبان اور دوسری زبان پر یکساں عبور حاصل ہوتا ہے اور دوسری زبان کے مطلب کو پوری صحت کے ساتھ ادا کرنے پر قدرت رکھتے ہیں۔ پروفیسر مجیب صاحب نے ٹیگور کے تین مشہور ڈراموں — لال کنیر، راجہ اور ڈاک خانہ — کے ترجمے کئے ہیں۔ مجیب صاحب کو ڈراموں سے فطری لگاؤ ہے اور خود نہ صرف یہ کہ کئی ڈراموں کے مصنف ہیں، بلکہ ٹیگور کی طرح ڈرامے کے فن اور اسٹیج کی تکنیک سے بخوبی واقف ہیں، اس لئے ان ڈراموں کے ترجمے کے لئے ان سے زیادہ اور کوئی شخص موزوں نہیں ہو سکتا تھا۔ پروفیسر فراق گورکھپوری انگریزی ادب کے استاد رہ چکے ہیں اور اردو کے بہترین شاعروں میں سے ہیں، اس لئے ایک طرف ادب کے رمز شناس ہیں، دوسری طرف شاعری ان کی گھٹی میں پڑی ہوئی ہے، لہٰذا ان سے یہ توقع رکھنا بے جا نہ ہوگا کہ انھوں نے ٹیگور کے شاعرانہ کمال کو بڑی حد تک اردو ترجمے میں باقی رکھا ہوگا۔ اس ترجمے کے کچھ نمونے "آجکل" کے ٹیگور نمبر میں شائع ہوئے تھے۔ اس ترجمے پر ایک تنقیدی مضمون بھی شائع ہوا ہے، جس میں ترجمے کی خامیاں بیان کی گئی ہیں

مگر جب تک پوری کتاب چھپ کر سامنے نہ آجائے فی الحال کچھ کہنا قبل از وقت ہے۔

ٹیگور کے یہ ترجمے جن کا میں نے ابھی ذکر کیا ہے، زیر تبصرہ سال میں کئے گئے ہیں، مگر ابھی کتابی صورت میں مکمل ہو کر شائع نہیں ہوئے ہیں۔ شاید ابھی کچھ وقت لگے گا۔ البتہ حسب ذیل کتابیں ۶۱ء میں شائع ہو چکی ہیں:-

(۱) INDIA WINS FREEDOM از مولانا ابوالکلام آزاد مرحوم۔

(۲) EDUCATIONAL RECONSTRUCTION IN INDIA از ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب

(۳) KALKI OR THE FUTURE OF CIVILISATION از رادھا کرشنن۔

(۴) INDIA: TODAY & TOMORROW از پنڈت جواہر لال نہرو۔

(۵) امریکی ناول اور اس کی روایات۔ از رچرڈ چیز۔

(۶) مسالک الابصار فی ممالک الامصار۔ مولف ابن فضل اللہ عمیری

(۷) تفسیر مظہری، مولف قاضی محمد ثناء اللہ عثمانی مجددی پانی پتی مرحوم۔

(۸) آتم کتھا۔ از ڈاکٹر راجندر پرشاد۔

(۹) شکنتلا از کالی داس۔

(۱۰) ASPECTS OF SCIENCE از سی، وی رامن

مولانا آزاد مرحوم کی کتاب اپنے دور کی مقبول ترین اور اہم ترین کتاب ہے ترجمہ ہماری آزادی کے نام سے پروفیسر محمد مجیب صاحب نے کیا ہے۔ یہ کتاب جتنی اہم ہے، اس کا تقاضا تھا کہ اتنا ہی اہم مترجم بھی ہو۔ مجیب صاحب کا خاص مضمون تاریخ اور سیاست ہے اور جن لوگوں نے پچھلے دور کے رسالہ جامعہ کا پابندی اور غائر نگاہ سے مطالعہ کیا ہے، وہ جانتے ہیں کہ سیاست حاضرہ پر مجیب صاحب کے ماہانہ تبصرے کتنے متوازن اور ان کی رائیں کتنی معروضی ہوتی تھیں۔ اس کتاب کے لئے ایک ایسے ہی مترجم کی ضرورت تھی۔ البتہ مجیب صاحب کے طرز تحریر پر مغربی اسلوب کا بہت اثر پڑا ہے۔ وہ جرمن، فرانسیسی، اور روسی سے بھی بخوبی واقف ہیں اور ان سب کی خوبیوں کو بڑی فیاضی سے اپنایا ہے۔ اس کی وجہ سے کبھی کبھی ان کی تحریروں میں مغربی اسلوب نمایاں ہو

اور ترجمے میں تو اس کا احساس اکثر ہوتا ہے۔ لیکن چونکہ اردو کی طرح انگریزی کے بھی بہترین مصنفین میں سے ہیں اور ان کا انگریزی طرز نگارش بھی بڑا دل کش ہوتا ہے، اس لئے ان کے ترجموں میں انگریزی کی نزاکتیں اور باریکیاں بھی اسی خوبی کے ساتھ منتقل ہو جاتی ہیں۔

دوسری کتاب کا ترجمہ ڈاکٹر سید عابد حسین صاحب نے کیا ہے، جو نیشنل بک ٹرسٹ کی طرف سے شائع ہوئی ہے۔ اس کتاب کے مصنف ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب اردو کے صاحب اسلوب ادیب ہیں۔ اگر انہوں نے اسے اردو میں لکھا ہوتا یا خود ان ہی نے اس کا ترجمہ کیا ہوتا، تو یہ کتاب زبان اور طرز تحریر کے لحاظ سے بھی اردو ادب میں ایک مستقل جگہ کی مالک ہوتی، لیکن ان کے علاوہ اگر کوئی اور مترجم ذاکر صاحب کی خوبیوں کو باقی رکھ سکتا تھا، تو وہ صرف ڈاکٹر عابد صاحب ہیں۔ عابد صاحب ذاکر صاحب کے نہ صرف یہ کہ ہم دیرینہ ہیں، بلکہ تعلیم کا بھی وسیع تجربہ اور گہرا مطالعہ رکھتے ہیں، اس لئے ایک طرف وہ ذاکر صاحب کی اداؤں کو سمجھتے ہیں، دوسری طرف تعلیم کے پیچ و خم سے بھی خوب واقف ہیں، اس لئے اس ترجمے میں وہ تمام خوبیاں موجود ہیں، جو ایک خالص تخلیقی کتاب میں ہوتی ہیں۔

تیسری کتاب کا ترجمہ بھی کلکی یا تہذیب کا مستقبل کے نام سے نیشنل بک ٹرسٹ سے شائع ہوا ہے۔ اس کا ترجمہ اردو کے مشہور اور مستند ادیب پروفیسر سید احتشام حسین صاحب نے کیا ہے۔ جہاں تک مجھے معلوم ہے احتشام صاحب کا یہ پہلا ترجمہ ہے۔ ترجمہ ایک مستقل فن ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ جو شخص اپنی زبان میں اچھا لکھتا ہے، وہ دوسری زبان سے اچھا ترجمہ بھی کر سکتا ہے۔ مگر احتشام صاحب کا ترجمہ دیکھنے کے بعد میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ جتنا اچھا وہ لکھتے ہیں، اتنا اچھا ترجمہ بھی کر سکتے ہیں۔ اس کتاب کو پڑھتے وقت بہت کم محسوس ہوتا ہے کہ ہم ترجمہ پڑھ رہے ہیں۔ البتہ کہیں کہیں بعض چیزیں کھٹکتی ہیں، تو بظاہر اس کی دو وجہیں ہیں۔ ایک تو ہمارے یہاں اصطلاحات کے تعین ترجمے نہیں ہیں، اس لئے کبھی کبھی یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ مترجم نے یہاں انگریزی کی کس اصطلاح کا ترجمہ کیا ہے۔ اس ابہام یا الجھاؤ کی وجہ سے مفہوم کے تعین میں دقت ہوتی ہے۔ مثلاً ایک جگہ احتشام صاحب نے ترجمہ کیا ہے "وہ نئی قدروں اور مطابقتوں کو قبول کر لیں"۔ یہاں اردو خواں کو "مطابقتوں" کے مفہوم کے تعین میں بڑی دقت پیش آئے گی۔ اسی طرح ایک جگہ (صفحہ) "خود اظہاری" کا لفظ

استعمال کیا گیا ہے، جو مناسب نہیں ہے۔ دوسری بات میں نے یہ محسوس کی کہ ہر جگہ لفظ کی جگہ لفظ نہیں رکھنا چاہیئے، بلکہ اُردو خواں طبقہ کی مناسبت اور اس کے ماحول کے لحاظ سے اس مفہوم کو ادا کرنا چاہیئے۔ مثلاً ایک جگہ احتشام صاحب نے ترجمہ کیا ہے: "سماجی انتشار کا واحد حل آزمائشی شادیاں ہی معلوم ہوتی ہیں" (ص ۱۳) میرا خیال ہے کہ ہندوستان کے لوگ آزمائشی شادیوں سے واقف نہیں ہیں۔ احتشام صاحب نے اردو خواں طبقہ کی مناسبت سے جا بجا مفید فٹ نوٹ دئے ہیں۔ اگر اس کی بھی وضاحت کر دیتے تو اچھا تھا۔

اس ضمن میں ایک بات اور کہنی چاہتا ہوں۔ میرا خیال ہے کہ اگر کسی مفہوم کو ادا کرنے کے لئے اُردو میں پہلے سے کوئی لفظ یا محاورہ موجود ہے، تو لفظی ترجمہ کے بجائے اُردو کے مروّج لفظ کو ترجیح دینا چاہیئے۔ مثلاً ایک جگہ احتشام صاحب نے ترجمہ کیا ہے: "..... عجیب عجیب باتوں کے متعلق: غیر منہضم معلومات اکٹھا کر دی ہیں" (ص ۲۰) غیر منہضم Undigested کا لفظی ترجمہ ہے۔ یہ لفظ جب فیکٹس (Facts) کے ساتھ استعمال ہوتا ہے تو اس کے معنی غیر مرتب یا غیر مربوط کے ہوتے ہیں۔ یہی ترجمہ یہاں مناسب تھا۔ "غیر منہضم" معلومات اُردو محاورے کے خلاف ہے۔ ان چھوٹی چھوٹی خامیوں کے علاوہ یہ ترجمہ ہر لحاظ سے قابلِ قدر ہے۔

چوتھی کتاب کا ترجمہ راقم الحروف نے کیا ہے، جو نیشنل بک ٹرسٹ سے "بھارت — آج اور کل" کے نام سے شائع ہوا ہے۔ مجھے ترجمہ سے دلچسپی ہے، اور چاہتا ہوں کہ ترجمے کے مسائل کو اصحاب فکر و نظر کی مدد سے حل کیا جائے۔ جامعہ ملیہ میں اس کے مواقع بھی ہیں، رسالہ جامعہ میں بھی اصطلاحات کے ترجمے کا آغاز کرنے کا خیال آیا، مگر ابھی اس خیال کو عملی شکل دینے کی صورت پیدا نہیں ہو سکی۔ یہ ترجمہ چوں کہ خود میرا ہے، اس لئے ظاہر ہے اس کی خامیوں کا اندازہ دوسرے حضرات ہی کر سکتے ہیں، اس لئے اس پر تبصرہ ان کے لئے چھوڑتا ہوں۔

پانچویں کتاب کا ترجمہ اُردو کے مشہور نقاد سید وقار عظیم صاحب نے کیا ہے۔ مجھے یہ کتاب مضمون لکھنے کے بعد اتفاق سے ایک دوکان پر نظر آئی، اس لئے غور سے پڑھنے کا موقع نہیں ملا۔ مترجم نے مصنف اور کتاب کے بارے میں لکھا ہے کہ "ڈاکٹر رچرڈ چیز کولمبیا یونیورسٹی میں انگریزی کے اُستاد ہیں اور ان کا شمار امریکہ کے ممتاز نقادوں میں ہوتا ہے۔ اس کتاب میں انھوں نے امریکی ناول

کی بعض بنیادی اور امتیازی خصوصیات کی نشان دہی کی ہے۔ ان کی رائے میں امریکی ناول تاریخ نگاری اور ان کے امتزاج و عروج کی تاریخ ہے اور اس میں غالب عنصر رومان کا ہے۔" (ص۷)

چھٹی کتاب کا ترجمہ مولانا خورشید احمد فارق صاحب نے عربی سے کیا ہے، جو تاریخ ہند پر نئی روشنی کے نام سے شائع ہوا ہے۔ فارق صاحب اس سے پہلے بھی عربی سے کافی ترجمے کر چکے ہیں ان کے ترجمے سلیس اور شگفتہ ہوتے ہیں۔ کتاب پر تبصرہ تنقید و تبصرہ کے ماتحت کیا جائے گا۔

ساتویں کتاب بھی عربی سے ترجمہ کی گئی ہے، مگر ٹائیٹل کی عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ حسب ضرورت تشریح اور اضافے بھی کئے گئے ہیں۔ یہ پہلی جلد ہے، جو ابتدائی دو پاروں کی تفسیر پر مشتمل ہے۔ تفسیر کا انداز پرانا ہے اور ترجمے کی زبان بھی وہ ہے، جو عام طور پر قدیم مذہبی مدارس میں بولی اور لکھی جاتی ہے۔

آٹھویں کتاب کا ترجمہ ہندی سے جناب گوپی ناتھ آمن نے کیا ہے، جو اپنی کہانی کے نام سے ساہتیہ اکیڈیمی سے شائع ہوا ہے۔ آمن صاحب تجربہ کار جرنلسٹ اور اچھے ادیب ہیں۔ موصوف اُردو ہندی دونوں زبانوں پر یکساں قدرت رکھتے ہیں اور قومی تحریکوں میں ہمیشہ شریک رہے ہیں۔ اس لئے ہندی کی اس کتاب کی، زبان، مواد اور جذبات کے لحاظ سے ترجمانی ان سے بہتر اور کون کر سکتا تھا، لہذا آمن صاحب کا انتخاب ہر لحاظ سے موزوں اور مناسب ہے، لیکن تعجب ہے کہ بعض مواقع پر ترجمہ بری طرح کھٹکتا ہے بعض جگہ زبان میں وہ روانی اور سلاست نہیں ہے جس کی آمن صاحب سے توقع کی جاتی ہے، اس کے علاوہ کہیں کہیں عربی کے ناموزوں اور ہندی کے نامانوس الفاظ اور عامی محاورے ذوق پر بہت گراں گزرتے ہیں مثال کے طور پر ذیل کے جملوں میں خط کشیدہ الفاظ ملاحظہ ہوں۔

" یہ انتخاب کہیں زیادہ بسیط تھا (ص۷۷) "سب جھگڑوں کا وہی نبٹارہ کرتے۔" (ص۸۴) وہ عہد و پیمان کی توثیق رکھتے تھے۔ (ص۸۷۷) "انھوں نے اَن شَن (ترک غذا) شروع کر دیا۔ (ص۸۷۷) "مشرکی سے ست سنگھ رہا۔ (ص۱۰۵۱)۔

پورا ترجمہ یکساں نہیں ہے۔ شروع میں بہت رواں اور سلیس ہے، لیکن آخر میں کچھ زیادہ

اچھا نہیں۔ اس کا ایک نمونہ ملاحظہ ہو۔ کانگریس کے منشورہ کا تذکرہ ہے:۔

"مزدوروں کی حالت سدھارنے کا وعدہ تھا۔ ان کی نوکری مستقل بنا کر، ان کے رہن سہن کا معقول تدارک کرا کر اور ان کی مزدوری میں ترقی دلا کر ساتھ ہی مزدور جماعتوں کو قائم و منظم کر کے حقوق دلوانے اور دوسرے طریقے سے ان کی حالت سدھارنے کی بات بھی کہی گئی تھی۔" (ص ۶۹)

اس خامی کی وجہ اس کے علاوہ اور کیا ہو سکتی ہے کہ شاید موصوف کو اپنی روزمرہ کی مصروفیات کی وجہ سے ترجمے میں جس ریاض کی ضرورت ہوتی ہے اس کا موقع نہیں ملا۔

نویں کتاب سنسکرت کے زندہ جاوید شاعر کالی داس کی مشہور و معروف کتاب شکنتلا کا منظوم ترجمہ ہے، جسے اردو کے مقبول ترین شاعر حضرت ساغر نظامی نے انجام دیا ہے۔ کتاب ظاہری حسن کے لحاظ سے بڑی دیدہ زیب اور ساغر صاحب کے ستھرے ذوق کی آئینہ دار ہے۔ ۱۹۶۱ء میں ہندوستان و پاکستان میں حسن و خوب صورتی میں اس کے مقابلہ میں کوئی کتاب شائع نہیں ہوئی ہے۔ لیکن اس کو صحیح معنی میں ترجمہ کہنا مشکل ہے۔ اولاً تو نظم میں مصنف کے خیالات، اسلوب اور الفاظ کی پابندی ممکن ہے ہی نہیں۔ دوسرے اصل زبان سے جب تک براہِ راست گہری واقفیت نہ ہو، مصنف کے جذبات و خیالات کو بے کم و کاست ترجمہ میں ادا کرنا مشکل ہے۔ خود مترجم نے اس کا اعتراف کیا ہے کہ انھوں نے ترجمہ میں اصل کی پوری پابندی نہیں کی ہے۔ ان کے الفاظ یہ ہیں:۔

"یہ ترجمہ کہیں اصل کا ڈائرکٹ (پابند؟) ترجمہ ہے، کہیں کالیداس کے جذبات اور مقاصد کو ایک مختار اسلوب میں ظاہر کیا ہے اور کہیں کہیں اپنی تخلیقی اہلیت سے کام لے کر ان کے دائرہ مطالب و مفاہیم میں لطیف اضافے کئے ہیں۔ یہ اضافے کالیداس کے مقاصد منجلی (؟) کرنے کے لئے ہیں۔ (صفحہ ۹۸)۔

فن شاعری کے لحاظ سے اس ترجمے پر ایک اعتراض یہ ہے کہ قدم قدم پر اس کی بحریں بدل جاتی ہیں۔ کہیں کہیں نظم معریٰ بھی شروع ہو جاتی ہے۔ اس "بدعت" کی حمایت یا توجیہہ میں ساغر

نے مقدمہ میں بڑی تفصیل سے لکھا ہے۔ مجھے معلوم نہیں کہ "ادبی معنی" اس وضاحت کے بعد اس بدعت کو جائز سمجھیں گے یا نہیں، مجھے تو بحروں کی یہ تبدیلی ذوق پر بہت گراں گزرتی ہے اور ذہن میں ایک جھٹکا سا محسوس ہوتا ہے۔

ساغر صاحب نے ایک طویل اور مبسوط مقدمہ بھی لکھا ہے، جو واقعی بڑی محنت اور تلاش و جستجو کے بعد لکھا گیا ہے۔ اس میں انھوں نے یہ الفاظ خود "سنسکرت زبان کے آغاز و ارتقا، اس کی تاریخ اور مدارج، اس کے ادب، ناٹک، اس کی تاریخ آغاز و ترقی اور جملہ متعلقات پر اجمالی طریقے سے روشنی ڈالنے کی کوشش کی ہے۔" (صفحہ) میرے خیال میں اس موضوع پر اس قدر بسط و تفصیل سے اردو میں کسی نے نہیں لکھا ہے اور واقعی ساغر صاحب کی سعی و کوشش تعریف کی مستحق ہے لیکن اس کو پڑھتے وقت ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ساغر صاحب بہترین ادب اسے سمجھتے ہیں، جس میں بڑے بڑے الفاظ استعمال کئے گئے ہوں۔ ان کے اس شوق نے مقدمہ کی سلاست اور روانی کو بری طرح مجروح کیا ہے اور کہیں کہیں عبارت آرائی میں مطلب بالکل خبط ہو کر رہ گیا ہے۔ موصوف نے ان بوجھل الفاظ کے استعمال کی حسب ذیل توجیہہ کی ہے:۔

"لیکن خالص اردو ہندی کے الفاظ کے استعمال کے ساتھ میں اس کا قائل نہیں کہ فارسی کے پر شکوہ اور خوش آہنگ لفظوں سے ارادتاً بچا جائے جیسے ان کی مسموم ہوائیں ہمارے جذبہ و خیال کو جھلسا دیں گی۔ صدیوں میں اُردو کا جو سانچہ بنا ہے اس میں فارسی کی شیرینی اور قوت اس کی زندگی کا تازہ خون بن کر حل ہوئی ہے۔ یہ قوت برسوں کی مسلسل کوششوں کے بعد ایک کارگر عنصر بن سکی ہے، اس سے بچنا قوت سے محروم ہو جانے کے مترادف ہے۔ (صفحہ ۸۱)۔

ساغر صاحب کے اس خیال سے اختلاف کی گنجائش نہیں کہ خوش آہنگ الفاظ سے ارادتاً بچنا مناسب نہیں لیکن ساغر صاحب کے یہاں تو پر شکوہ الفاظ کے شوق میں عبارت کا آہنگ بگڑ گیا ہے اور الفاظ کے معنی غلط ہو گئے ہیں۔ مثلاً موصوف نے ایک جگہ لکھا ہے: "سنسکرت کرداروں کی تشکیل بہت فنکارانہ ہوتی ہے مگر مشخص نہیں بلکہ تمثیلی ہوتے ہیں۔" (۳۸) یہاں "مشخص" کا استعمال

قلمی غلط ہے۔ ڈاکٹر اقبال نے اپنی شاعری میں "نفس گرم" بہت استعمال کیا ہے۔ ساغر صاحب کے اس ترجمے میں گرم "تنفس" ہو گیا ہے۔ (۴۶) موصوف نے کئی جگہ لفظ "امتداد" تنہا استعمال کیا ہے۔ (۴۶) مقصد ہے امتداد زمانہ۔ ایک جگہ ساغر صاحب نے لکھا ہے: "ہماری زبان کی اثرت اور انجذابی اہلیت مصدق ہو گی (۸۵) "انجذاب" لازم ہے متعدی نہیں۔ میں نے اوپر ایک جگہ ساغر صاحب کا ایک مختصر اقتباس نقل کیا ہے۔ اس میں موصوف نے "منجلی" استعمال کیا ہے۔ اردو میں جلا لکھتے اور بولتے ہیں۔ عبارت میں شکوہ پیدا کرنے کیلئے جلا سے انجلاء اور انجلاء سے منجلی بنایا گیا۔ انجلاء بھی لازم ہے جس کے معنی ہیں روشن اور نمایاں ہونا۔ منجلی اسم فاعل ہے، جس کے معنی ہوئے روشن ہونے والا۔ ظاہر ہے یہاں یہ لفظ غلط ہے۔ ایک روزمرہ ہے "عوام کالانعام"۔ اسے ساغر صاحب نے "عوام کالنعام" کر دیا۔ معلوم نہیں موصوف نے "عام" کے کیا معنی لئے ہیں اور کیا سمجھ کر استعمال کیا ہے۔ ایک جگہ موصوف نے لکھا ہے: "نئی بحروں کی تخلیق، الفاظ کی تال اور سُر اور متعارفہ الفاظ سے غریب الفاظ کی حقد کا ذمہ دار ہے" (ص۹۱) اگر "الفاظ" کی رعایت سے "متعارفہ" لکھا گیا ہے تو بچارے "غریب" نے کیا قصور کیا تھا کہ اسے "ۃ" سے محروم رکھا گیا؟ اگر "متعارفہ" لکھنا تھا تو صحیح ترکیب ہوتی: "الفاظِ متعارفہ اور الفاظِ غریبہ" لیکن زیادہ بہتر یہ ہوتا کہ "معروف الفاظ اور غریب الفاظ لکھا جاتا۔

دسواں ترجمہ نیشنل بک ٹرسٹ سے: "سائنس کے چند پہلو" کے نام سے شائع ہوا ہے اس کے مترجم کوئی سید حسین صاحب ہیں۔ سائنس کے ترجمے عام طور پر اچھے نہیں ہوتے۔ میرے خیال میں اس کی دو خاص وجہیں ہیں۔ ایک یہ کہ سائنس کے استاد عام طور پر ادیب اور زبان دان نہیں ہوتے، اس لئے انھیں ترجمہ پر پوری قدرت نہیں ہوتی، دوسری وجہ یہ ہے کہ اردو میں اصطلاحات کا ترجمہ نہیں ہوا ہے، اس لئے بھانت بھانت کے ترجمے کئے جاتے ہیں۔ اصطلاحات کے انفرادی ترجمے یوں بھی سب کے لئے قابل قبول مشکل ہی سے ہو سکتے ہیں، لیکن اگر مترجم یا مترجمین عربی سے اچھی واقفیت نہ رکھتے ہوں تو ان کے ترجمے اکثر مضحکہ خیز ہو جاتے ہیں: "زیر تبصرہ ترجمہ "سائنس کے چند پہلو" کی زبان اور اسلوب میں بڑا الجھاؤ ہے، متعدد مقامات پر غور کرنے پر بھی آسانی سے

مطلب سمجھ میں نہیں آتا۔ اصطلاحات کے بارے میں بھی اختلاف کی بہت کافی گنجائش ہے۔

ڈاکٹر سید عابد حسین صاحب نے جن کو میرے نزدیک اردو کے مترجمین میں ترجمے کی کمیت اور کیفیت دونوں لحاظ سے سب سے بلند مرتبہ حاصل ہے۔ اچھے اور بُرے ترجمے کی بہت مناسب تعریف کی ہے۔ موصوف نے ترکیبی ادب کے نام سے ایک مختصر مضمون لکھا ہے، جس میں اچھے ترجمے کے بارے میں فرماتے ہیں: "ایک شخص جو اپنی زبان کا مانا ہوا ادیب ہے اپنی زبان پر پوری قدرت اور دوسری زبان سے گہری واقفیت رکھتا ہے، اس زبان کے ادبی فن پاروں کے مطالعے میں ڈوب کر تہ تک پہنچ جاتا ہے اور ان کے مطلب کو صحت اور وضاحت، روانی اور بے تکلفی کے ساتھ اپنی زبان میں ڈھال دیتا ہے، تو یہ ترکیبی ادب نہیں بلکہ بڑی حد تک تخلیق ادب ہے جسے خالص تخلیق سے الگ کرنے کے لئے ترجمہ کہہ دیتے ہیں۔" ایسے ترجمے جو مذکورہ بالا تعریف پر پورے اترتے ہیں شاذ و نادر ہوتے ہیں اور جو لوگ ایسے ترجمے کر سکتے ہیں، ان کی خدمات حاصل کرنا آسان نہیں، لیکن کلاسیکی کتابوں کے ترجمے ادب کے لئے مفید اور اس میں اضافہ اسی وقت سمجھے جائیں گے، جب مذکورہ بالا معیار کے مطابق ترجمے کئے جائیں۔

بے ترجمے کی تعریف ڈاکٹر صاحب نے یہ کی ہے کہ "دوسری زبانوں کی کتاب سامنے رکھ کر، ڈکشنری کی مدد سے لفظ کے مقابلے میں لفظ ٹانکتے چلے گئے تو یہ ترجمہ نہیں بلکہ اندھا دھند نقل ہے جسے محاورے میں کھی پرکھی اتارنا کہتے ہیں۔ کسی خیال یا مضمون کو ایک زبان سے دوسری زبان میں اکھڑی اکھڑی، اناموار، الجھی ہوئی عبارت میں ادا کرنا جسے عام طور پر ترجمہ کہا جاتا ہے، ترکیبی ادب کا سب سے سہل نسخہ اور اس کی سب سے بھدی صورت ہے۔" رسالہ کی طرح ۱۹۶۱ء کے ترجموں میں بھی بہت سی مثالیں مل جائیں گی۔ میں نے اس مضمون میں ان ترجموں کا تبصرہ کیا ہے، جو مجھے مل سکے عام طور پر ترجمے بہت کثرت سے ہوتے رہتے ہیں۔ بیرونی ممالک کے سفارتخانوں، سیاسی ضرورتوں نے ترجمے کے معاوضے کو کافی اونچا اور ترجمے کے معیار کو کافی پست کر دیا ہے، جس کی وجہ سفارت خانوں میں مترجمین کی قطار کی قطار نظر آئے گی، جس میں اگر اتفاق سے کوئی اہل نظر پھنس جائے تب کا مشہور شعر "ہر بوالہوس۔۔۔۔ پڑھتا ہوا واپس جاتا نظر آئے گا۔ اگر اصل سے ملا کر دیکھا جائے تو ترجمے بہت مل جائیں گے، جنھیں ڈاکٹر عابد حسین صاحب کی اصطلاح میں ترکیبی ادب کہتے ہیں۔ ترجموں سے اردو ادب کو فائدہ پہنچنے کے بجائے نقصان پہنچے گا۔ اردو میں بہت سے غلط ترجمے رائج ہو گئے

ہیں، مثلاً Co-existence کا ترجمہ بقائے باہم اور Vested Interest کا مفاد پرست اور ان میں اضافہ ہی ہوتا جا رہا ہے۔ ترجمہ کا کوئی معیار نہیں ہے۔ علمی و ادبی اصطلاحوں کا کوئی مستند ترجمہ نہ ہونے کی وجہ سے ایک ہی اصطلاح کے مختلف ترجمے کئے جاتے ہیں مثلاً Satire کا ترجمہ کوئی طنز کرتا ہے کوئی طنز۔ Irony کا ترجمہ کوئی رمز کرتا ہے، کوئی طنز۔ نیز ایک ہی ترجمہ کئی اصطلاحوں کے لئے استعمال ہوتا ہے، مثلاً ایمائیت یا اشاریت Suggestiveness اور Symbolism دونوں کا ترجمہ کیا جاتا ہے، اسی طرح مزاح Humour کا بھی ترجمہ کرتے ہیں اور WIT کا بھی۔ ایک ادیب نے تضاد Incongruity کا ترجمہ کیا ہے اور ایک استاد سائنس نے Contrast کا ——— ضرورت ہے کہ اردو کے علمی و ادبی ادارے اس طرف فوری توجہ کریں اور وضع اصطلاحات کا اہم کام شروع کریں۔ ورنہ ہمارے بیشتر ترجمے مصنوعی ادب میں اضافہ تو کریں گے، اچھا ادب پیدا نہ کر سکیں گے۔

نوٹ :

اس مضمون کی کتابت ہو چکی تھی، اس وقت ایک کتاب "ہندوستان کا دستور اور اس کی شرح" موصول ہوئی۔ یہ ہندوستان کے دستور کا انگریزی سے ترجمہ ہے اور جہاں تہاں مترجم نے وضاحت اور تشریح بھی کر دی ہے۔ یہ ترجمہ بھی ۱۹۶۱ء میں شائع ہوا ہے۔ اس پر تبصرہ "تنقید و تبصرہ" کے صفحات میں ملاحظہ ہو۔

بچّوں اور بالغوں کی کتابیں

جناب محمد حسین حسّان

اُردو زبان میں بچّوں کا ادب اور بالغوں کا ادب دونوں ہمیشہ بے توجہی کا شکار رہے انھیں اتنی اہمیت کبھی حاصل نہ ہوئی جتنی اہمیت کے یہ مستحق ہیں۔

بالغوں کی تعلیم کا مسئلہ تو اب سے کوئی ۲۵، ۳۰ برس پہلے سامنے آیا ہے، اس سے پہلے ہندوستان کی بیشتر آبادی کے اَن پڑھ ہونے کا احساس ضرور تھا مگر اسے دور کرنے کے لئے عملی قدم اٹھانے کی نوبت بعد میں آئی۔ ۱۹۳۷ء میں جب انگریزوں کی بنائی ہوئی اسمبلیوں اور کونسلوں میں قومی رہنماؤں نے شرکت کی تو اور مفید کاموں کے ساتھ انھوں نے ادھر بھی توجہ کی اور لوگوں میں خاصا جوش پیدا کر دیا اردو پڑھانے کے لئے قاعدے بھی تیار ہو گئے 'ہل' کے نام سے ایک رسالہ بھی جاری ہو گیا۔ لکھنؤ اصدیق بک ڈپو سے بھی ایک رسالہ اسی مقصد سے نکلنے لگا۔

مگر یہ سب ابتدائی کوششیں تھیں کام کرنے والوں کے سامنے ایک لق و دق میدان تھا مگر کوئی صحیح راہ متعین نہیں ہوئی تھی کوئی علمی واقفیت نہیں تھی کوئی تجربہ نہ تھا۔ نہ دوسرے ترقی یافتہ ملکوں کے تجربات نظر کے سامنے تھے۔ ملک میں جگہ جگہ بالغوں کے لئے شبینہ مدرسے قائم ہو گئے تھے مگر پڑھانے کے لئے موزوں کتابیں نہیں ملتی تھیں اور یہ اس راستے میں بڑی رکاوٹ تھی۔

اَن پڑھ بالغوں کی تعلیم کی طرف جامعہ نے بھی توجہ کی۔ بہت دنوں تک شبینہ مدرسے چلتے رہے مگر اس اسکیم نے منظم شکل اس وقت اختیار کی جب شفیق الرحمٰن قدوائی مرحوم نے اسے اپنے ہاتھ میں لیا۔ انھوں نے اس سلسلے میں ایک جامع اسکیم بنائی اور بالغوں کے لئے کتابوں کی تیاری کو اس اسکیم میں خاص اہمیت دی۔ خود کتابیں لکھیں، اپنے ساتھیوں اور اس وقت کے منجھے ہوئے ادیبوں سے لکھوائیں اور لکھتے دیکھتے بالغوں کے ادب کا ایک قابلِ قدر ذخیرہ سامنے آ گیا۔ ۱۹۴۷ء سے پہلے لگ بھگ

۹۲ کتابیں شائع ہو چکی تھیں اور بہت سی کتابیں اشاعت کی منتظر تھیں۔ اتنے میں ملک کی تقسیم کے سلسلے میں ایک طوفان آیا اور ادارۂ تعلیم و ترقی کا سارا کام درہم برہم ہو گیا لیکن شفیق صاحب ہار ماننے والے نہیں تھے انھوں نے دلّی میں پوری طرح حالات سازگار ہونے کا بھی انتظار نہیں کیا اور اپنے کام میں لگ گئے۔ اسی ہمت اسی تندہی اور اسی لگن کے ساتھ۔ اس مرتبہ دیس کی آزاد حکومت نے بھی ان کی ہمت افزائی کی اور کتابوں کی تیاری کے لئے ایک بڑی رقم تعلیم و ترقی جامعہ کو مرحمت کی لیکن یہ رقم ہندی کتابوں کی اشاعت کے لئے تھی۔ تاہم شفیق صاحب نے بہت سی ہندی کتابوں کے اردو اڈیشن بھی مکتبہ جامعہ سے شائع کرائے۔ اور اس طرح اردو میں بھی بالغوں کے ادب کا ذخیرہ کچھ نہ کچھ بڑھتا رہا۔ یہ بات ذہن میں رکھئے کہ شروع سے اب تک بالغوں کے ادب کی تیاری کرنے والا ہندوستان میں لے دے کے یہی ایک ادارہ ہے۔ اسی لئے اس کی ذمّے داری اور بھی بڑھ جاتی ہے۔

۱۹۴۷ء کے بعد کچھ عجیب ہمت شکن فضا پیدا ہو گئی تھی۔ اردو میں بالغوں کے ادب کی تیاری بس ایک سہانا خواب معلوم ہوتی تھی بارے خدا کا شکر ہے کہ شیخ الجامعہ پروفیسر محمد مجیب صاحب کی دُور اندیشی اور کارکنوں کی سوجھ بوجھ سے اب یہ فضا چھٹ گئی ہے اور اُردو میں بھی اس ادب کی تیاری کو غیر معمولی اہمیت دی جا رہی ہے۔ ادارہ تعلیم و ترقی نے سائنس، جغرافیہ، اور دوسرے اہم، مفید اور کارآمد عنوانات کے تحت کافی کتابیں مرتب کر لی ہیں۔ ان میں سے چند چھپ گئی ہیں کچھ زیر طبع ہیں۔ سرمایے کی کمی ان کتابوں کی اشاعت میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔

کئی سال سے بالغوں کی کتابیں لکھنے والوں کی ہمت افزائی کے لئے مرکزی حکومت انعام بھی دیتی ہے۔ یہ انعام چودہ زبانوں کے لئے ہے۔ انھی میں اردو بھی ہے۔ اردو میں اس طرح کی بہت سی کتابیں نکل چکی ہیں یہ کتابیں لکھائی، چھپائی، کاغذ اور ظاہری خوشنمائی کے اعتبار سے بہت دیدہ زیب ہوتی ہیں۔ اس سال ان دو انعامی کتابوں کے علاوہ صالحہ عابد حسین صاحبہ کی "پریم اور سیوا کی جیت" بھی چھپی ہے۔ اردو میں صالحہ عابد حسین کا نام محتاج تعارف نہیں ہے۔ شروع شروع میں ایک عرصے تک آپ نے بچوں کی بھی سرپرستی فرمائی ہے۔ پھر بڑوں کے لئے لکھنے لگیں۔ اب عرصے سے بالغوں کی طرف بھی آپ نے توجہ ہے۔ "پریم اور سیوا کی جیت" بہت آسان اور سادہ زبان میں ایک چھوٹا سا ناول یا ناولچہ ہے۔

بھی بہت ولولہ انگیز ہے محترمہ صالحہ عابد حسین نے کتاب میں ہندی الفاظ بھی بڑی فراخدلی سے کھپائے ہیں۔ ہندی الفاظ موقع موقع سے استعمال کئے جائیں تو مزہ دے جاتے ہیں ورنہ خواہ مخواہ کی ٹھوس ٹھانس معلوم ہوتی ہے اصلے چاری اردو زبان کی درگت بن جاتی ہے۔ یہ کتاب بہت اہتمام سے چھپی ہے سوائے کاغذ کے لکھائی چھپائی ٹائیٹل ہر چیز معیاری ہے۔ اندر کی عبارت دو رنگوں میں چھپی ہے۔

بالغوں کے ادب کے مقابلے میں بچوں کے ادب کی حالت کچھ غنیمت ہے۔ اسے شروع سے اردو کے چوٹی کے ادیبوں کی سرپرستی حاصل رہی ہے۔ ان میں مولانا اسمٰعیل میرٹھی کا نام سرفہرست ہے پھر شمس العلماء مولانا ممتاز علی کا نام آتا ہے۔ آپ کی بدولت بچوں کا بہت صاف ستھرا اور مفید لٹریچر وجود میں آیا اور آپ کی سرپرستی کی بدولت بچوں کے اچھے اچھے ادیب اور شاعر پیدا ہوئے۔ ان کے علاوہ بعض شخصی اور انفرادی کوششوں سے بھی اسے سہارا ملا، اور بچوں کا ادب دھیمی رفتار سے سہی کچھ نہ کچھ ترقی کرتا رہا۔

بچوں کے ادب کی ترقی میں جامعہ نے بھی اپنے بس بھر کوشش کی ہے۔ جامعہ کے دارالاشاعت مکتبہ جامعہ نے بڑوں کی کتابوں کے ساتھ ساتھ بچوں کی کتابوں کی اشاعت کو بھی پیش نظر رکھا۔ ذاکر صاحب، عابد صاحب، پروفیسر محمد مجیب صاحب نے اس طرف خاص توجہ کی، خود کہانیاں لکھیں، ڈرامے لکھے، اور معلوماتی مضمون لکھے۔ یہ بچوں کے ادب کے لئے گویا ایک نیا موڑ تھا۔ مکتبہ سے پیام تعلیم بھی بچوں کے لئے نکلتا تھا۔ اس رسالے کے ذریعے اس کام کو آگے بڑھانے میں بہت مدد ملی۔ اس نے بہت سے اچھے لکھنے والوں کو ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر نکالا بہت سے اچھے لکھنے والے پیدا کئے۔ ان کوششوں کی بدولت خود پیام تعلیم بہترین مضامین کا گلدستہ بن گیا۔ بچوں کے لئے اچھے لکھنے والوں کا ایک حلقہ پیدا ہو گیا۔ بہت سی اچھی اچھی کتابیں وجود میں آ گئیں۔ مکتبہ جامعہ کے علاوہ دارالاشاعت لاہور، فیروز سنز لاہور، انڈین پریس الہ آباد وغیرہ چند اپنے گنے ادارے نسبتاً سستے سے یہ کام انجام دے رہے تھے۔

لیکن ۱۹۴۷ء کے ہنگاموں نے اردو زبان اور اردو کا کام کرنے والے اداروں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا۔ مکتبہ جامعہ خصوصاً بری طرح ہنگامے کا شکار ہوا۔ ساری کتابیں آگ کی نذر ہو گئیں۔ اکثر مصنف اور بچوں کے لئے لکھنے والے تتر بتر ہو گئے۔ ادارہ تعلیم و ترقی کی طرح جامعہ نے اس کی بھی

از سر نو تنظیم کی۔ اور شکر ہے کہ بڑی جد وجہد کے بعد اب وہ اپنی اصلی حالت پر آ رہا ہے۔

خوشی کی بات یہ ہے کہ اسے اس مرتبہ بھی بچوں کے لئے خاص طور پر چند اچھے اچھے لکھنے والے مل گئے۔ ان میں کرشن چندر، عصمت چغتائی، اور قدسیہ زیدی (مرحومہ) کے نام خاص طور سے قابل ذکر ہیں۔ ہمیشہ کی طرح اب بھی مکتبہ جامعہ کی کوشش یہ ہے کہ معیاری قصے کہانیوں کے ساتھ بچوں کے لئے معلوماتی مواد فراہم کیا جائے تاکہ ایک طرح کا توازن رہے۔

اس سال اس نے پچھلی چھ سات کتابوں کے نئے ایڈیشن شائع کئے ہیں۔ تین نئی کتابیں شائع کی ہیں۔ ۱۔ خرگوش کا سپنا۔ ۲۔ ستاروں کی سیر۔ ۳۔ نہرو دادا۔

"خرگوش کا سپنا" میں یہ بتایا گیا ہے کہ کس طرح ایک خرگوش جس کے چاروں طرف اس کے دشمنوں کا حلقہ سا بنا ہوا تھا محض اپنی سوجھ بوجھ اور عقل کی بدولت ان کی زد سے محفوظ رہا۔ نہ صرف محفوظ رہا بلکہ بہت سے دشمنوں کو اپنی چالوں سے موت کے گھاٹ اتار دیا۔ اصل میں خرگوش سے متعلق بہت سی کہانیوں کو کرشن چندر نے کچھ اس ڈھب سے جوڑا ہے کہ کتاب نے ناول کی شکل اختیار کر لی ہے۔ پھر اس میں انھوں نے اخلاقی قدروں کو بڑی خوبی سے سمویا ہے۔ کتاب شروع سے آخر تک بڑی دلچسپ ہے اور یہ یقین ہے کہ لکھتے لکھتے کرشن چندر کو "بچوں والی" زبان لکھنے پر پورا عبور ہو جائے گا۔ دوسری کتاب "ستاروں کی سیر" بھی بچوں کا ناول ہے۔ یہ اب سے پچاس برس بعد کا قصہ ہے: آپس کی ایٹمی لڑائیوں کی بدولت دنیا تباہ ہو چکی ہے۔ ایک سائنس داں نے ان حالات سے بددل ہو کر ایک پہاڑ پر پناہ لی ہے۔ وہ امن کی فاختہ کی تلاش میں ستاروں میں جانا چاہتا ہے۔ اس کے لئے اس نے ایک راکٹ تیار کیا تھا۔ وہ اس راکٹ میں بیٹھ کر اڑنا ہی چاہتا تھا کہ پولس نے آ کر اسے گرفتار کر لیا۔ اس نے اپنے بچوں کو راکٹ چلانا سکھا دیا تھا۔ گرفتار ہونے سے پہلے اس نے اپنے بچوں کو تاکید کر دی کہ وہ اکیلے اس پر سوار ہو کر جائیں اور امن کی فاختہ کو تلاش کر کے لائیں۔ چنانچہ بچے اس مہم پر نکل کھڑے ہوئے اور طرح طرح کی مصیبتیں اٹھانے اور کئی ستاروں میں گھومنے کے بعد آخر انھیں امن کی فاختہ مل گئی اور بڑی ردوکد کے بعد اپنے بچوں کو بھیجنے پر راضی ہو گئی۔ ان بچوں کے زمین پر پہنچتے ہی یہ برباد دنیا پھر آباد ہونے لگی یہ ایک سائنسی کہانی ہے اور بڑے ہی اچھے انداز میں لکھی گئی ہے۔ البتہ زبان دو چار جگہ اکھڑی

اگرچہ یہ مختصر مگر بس دو چار جگہ اس کہانی میں بھی جگہ جگہ اخلاقی قدروں کو بڑی خوب صورتی سے سمویا گیا ہے۔ دادا نہرو پنڈت موتی لال نہرو کی مختصر سوانح حیات ہے۔ ان کی صد سالہ جینتی کی تقریب پر حضرت منور لکھنوی سے لکھوائی گئی ہے۔ پنڈت موتی لال نہرو دیس کی آزادی کی تاریخ میں بہت اہمیت رکھتے ہیں۔ انھوں نے اپنی باوقار اور بھاری بھرکم شخصیت، ہوش مندی، سیاسی بصیرت، جرأت و بے باکی سے ہندوستان کی آزادی کی تحریک میں نئی زندگی پیدا کر دی تھی۔ ہندوستان کے لئے یہ بڑے فخر کی بات ہے کہ اس کے غلامی کے دور میں ایسے بڑے لوگ پیدا ہوئے اب اس آزادی کے دور میں ایسی مخلص اور باوقار شخصیتوں کو آنکھیں ڈھونڈھتی ہیں۔ کتاب کی زبان بہت سادہ اور آسان ہے۔ انداز بیان بھی بچوں کے لئے بہت موزوں ہے۔ منور صاحب نے بڑی خوبی سے دریا کو کوزے میں بند کر دیا ہے ایک سو چار صفحے کی اس مختصر کتاب میں پنڈت موتی لال نہرو کی شخصیت ابھر کر سامنے آگئی ہے۔ ان تینوں کتابوں کی ظاہری خوشنمائی بھی کتنے کے معیار کے مطابق ہے۔

کچھ عرصے سے اطہر پرویز صاحب نے بھی بچوں کی کتابوں کے سلسلے میں ایک اردو اشاعت گھر (علی گڑھ) کی بنیاد ڈالی ہے۔ پرویز صاحب خود بھی بچوں کے لئے لکھتے ہیں دوسروں سے بھی لکھواتے ہیں اس مرتبہ اپنے اردو گھر سے انھوں نے تین قیمتی کتابیں شائع کی ہیں (۱) کاغذ کی کہانی (۲) ہماری سائنس (۳) سائنس کے کرشمے۔ کاغذ کی کہانی محمد آفاق صاحب نے لکھی ہے۔ اس میں انھوں نے بڑے دلچسپ انداز میں کاغذ کی پوری تاریخ بیان کر دی ہے۔ کتاب کی تمہید بھی بچوں کے لئے مزے دار پہیلی ہے مصنف نے اس کی زبان بھی بہت سادہ اور آسان رکھی ہے۔ لیتھو کی اور بلاک کی تشریحی تصویریں بھی اولانی کے ساتھ ہیں۔ غالباً اسی لئے کتاب کی تیاری کی لاگت بڑھ گئی ہے اور اڑتالیس صفحے کی کتاب کی قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے رکھنا پڑی ہے۔

ہماری سائنس اور سائنس کے کرشمے دونوں کتابیں وزارت حسین صاحب (استاد مسلم یونیورسٹی اسکول) نے لکھی ہیں۔ ان کی ترتیب کے وقت ساتویں آٹھویں نویں درجے کے تعلیمی معیار کا خیال رکھا گیا ہے۔ دونوں کتابوں میں سائنس کے نصابی اور غیر نصابی مسئلوں کو بہت سادہ زبان میں سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے۔ وزارت حسین صاحب استاد بھی ہیں اور بچوں کے معیار، فہم اور ان کی نفسیات کو

باخبر ہیں۔ اس لئے انھیں اس سلسلے میں بہت کامیابی ہوئی ہے۔ دونوں میں تشریحی تصاویر بھی بے شمار ہیں۔ ان دونوں کتابوں کی کتابت نسبتاً خفی اور ضخامت ڈیڑھ سو صفحات سے زیادہ ہے۔ ان تینوں کتابوں کی ظاہری زیب و زینت پر بھی اردو گھر نے پوری توجہ کی ہے۔

یہاں ہندوستان کی صرف ان چند کتابوں کا ذکر کیا گیا ہے جو ہمیں بڑی کوششوں کے بعد مل سکیں۔ ہمیں یقین ہے کہ اتنے بڑے ملک میں بچوں کے لئے کتابیں اور بھی لکھی گئی ہوں گی۔ لیکن افسوس ہے کہ اس سلسلے میں ہمیں زیادہ معلومات حاصل نہ ہو سکیں۔ بعض اداروں نے خطوط کے جواب کی زحمت بھی نہ کی۔ ایک ادارے کی طرف سے یہ جواب ملا "ہم دوسروں کی کتابوں پر تبصرہ کرتے ہیں نہ اپنی کتابیں تبصرے کے لئے بھیجتے ہیں۔" اس ایک مثال سے اپنے اردو کے پبلشرز کی خوش اخلاقی کا آپ کو اندازہ ہو سکتا ہے۔

مجموعی حیثیت سے دیکھئے تو اردو میں بچوں کے ادب کی ترقی کی رفتار خود ملک کی بہت سی زبانوں کے مقابلہ میں بہت سست ہے۔ یورپ کی زبانوں کے مقابلے میں تو یہ منزلوں پیچھے ہے۔ صورت حال یہی رہی تو شاید سو پچاس برس میں بھی ہم اس معیار تک نہ پہنچ پائیں۔

اس سست رفتاری کے بہت سے اسباب ہیں۔ پہلی بات تو یہ کہ ۱۹۴۷ء کے بعد عام اردو ادب کی ترقی پر نمایاں اثر پڑا۔ بچوں کا ادب خاص طور پر کس مپرسی کا شکار ہوا۔ دوسرے ملک میں بچوں کے ادب اور ادیبوں کی قدر و قیمت کبھی صحیح طور پر محسوس نہیں کی گئی۔ بچوں کے بہت سے جوٹی کے ادیب گمنامی کی موت مر گئے اور کوئی ان کے ناموں سے بھی واقف نہیں۔ مرزا فہیم بیگ چغتائی اور سید ابو طاہر داؤد کے نام مثال کے طور پر پیش کئے جا سکتے ہیں۔ (۲) بچوں کے رسالے مضامین کا معاوضہ نہیں دیتے نہ پبلشر کتابوں کا اتنا معاوضہ دے پاتے ہیں کہ لکھنے والا اطمینان و آرام سے زندگی گزار سکے اور اسی کام کو اوڑھنا بچھونا بنا لے۔ اس لئے بہت سے لکھنے والے محض اپنے شوق کی بنا پر محض کے مشغلے کے طور پر یہ کام کرتے ہیں اور جب زندگی کے دوسرے مشاغل میں گھر جاتے ہیں تو یہ غیر ضروری شغل آپ سے آپ ان سے چھوٹ جاتا ہے۔

بچوں کے ادیبوں کی حوصلہ افزائی کے لئے مرکزی حکومت اچھی کتابوں پر سالانہ انعام بھی دیتی ہے۔ اردو کا بھی اس میں حصہ ہے۔ اس انعام کی بدولت دو ایک اچھی کتابیں شائع ہو جاتی ہیں

گران کی حیثیت یوں سمجھئے کہ آٹے میں نمک کے برابر بھی نہیں۔ ضرورت ہے کہ لوگوں میں بچوں کے ادب کی قدر شناسی عام ہو۔ نیز عام لوگوں کو اس اہمیت کا احساس پیدا ہو۔ یہ کام مکتبہ جامعہ کا ہے۔ وہ اب بھی اپنی بساط کے مطابق یہ کام کر رہا ہے۔ پر اب قدم کو تیز کرنے کی ضرورت ہے۔ انجمن ترقی اردو نے اب تک بڑوں کے ادب کے لئے اپنے کو مخصوص کر رکھا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ انجمن کے ارباب حل وعقد اس ضروری مسئلے پر بھی سنجیدگی سے غور کریں گے اور بچوں کے ادب کی ترقی کے لئے بھی نئی راہیں نکالیں گے۔

بچوں کے لئے نئی کتابیں

اگر آپ بچوں کی تعلیم و تربیت اور ان کی معلومات کے لئے اچھی کتابیں چاہتے ہوں تو مکتبہ جامعہ کو لکھئے۔ ذیل میں چند نئی کتابیں درج کی جاتی ہیں۔

دادا نہرو	(سوانح)	منور لکھنوی	ایک روپیہ ۵۰ نئے پیسے
خرگوش کا سپنا	(ناول)	کرشن چندر	ایک روپیہ ۷۵ نئے پیسے
ستاروں کی سیر	(ناول)	کرشن چندر	ایک روپیہ ۷۵ نئے پیسے
تین اناڑی	(ناول)	عصمت چغتائی	ایک روپیہ ۴۰ نئے پیسے
دہلی	(تاریخ و تمدن)	مجاہد حسین یزدی	ایک روپیہ ۵۰ نئے پیسے
ہماری پارلیمنٹ	(شہریت)	کیلاش چندر	ایک روپیہ ۵۰ نئے پیسے
پاک کہانیاں (اول)	(کہانیاں)	مقبول احمد سہروردی	۹۵ نئے پیسے
پاک کہانیاں (دوم)	(کہانیاں)	مقبول احمد سہروردی	ایک روپیہ ۵۰ نئے پیسے
رسول پاک صلعم	(مذہبی)	عبدالواحد سندھی	ایک روپیہ ۵۰ نئے پیسے

مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، جامعہ نگر، نئی دہلی

نظم

۱۹۶۰ء اور ۱۹۶۱ء میں شائع ہونے والے مجموعے

جناب رشید حسن خاں

پیش نظر مضمون جامعہ کے تعلیمی میلا منعقدہ نومبر ۱۹۶۱ء میں پڑھا گیا تھا۔ فاضل مضمون نگار نے نظر ثانی اور اضافے کے بعد سالنامے کے لئے عنایت فرمایا ہے۔ (مرتب)

۱۹۶۰ء سے اب تک نظم کے بہت سے مجموعے سامنے آئے ہیں۔ پرانے اور معروف شاعروں کے دوش بدوش، نوواردانِ بساط ہوائے دل نے بھی، جرأت عرضِ ہنر سے کام لیا ہے۔ بعض مجموعے ہندوستان کے ایسے دور دراز گوشوں سے شائع ہوئے ہیں کہ اردو کی ہمہ گیری پر ایمان لانا پڑتا ہے۔ جیسے اڑیسہ سے امجد نجمی کی نظموں کا مجموعہ "طلوعِ سحر" اور ناسک سے ادیب مالیگانوی کی غزلوں کا مجموعہ "تبسم"۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ بے حد نامواقف حالات کے باوجود، ہر گوشۂ بساط پر شعر و ادب کی شمعیں جل رہی ہیں۔

۲۰، ۲۲ ماہ کی اس مدت میں شائع ہونے والے بیش تر مجموعوں میں، شعرا کی دس پندرہ سال کی ذہنی کاوشیں محفوظ ہیں۔ دوسری جنگ عظیم کے بعد، شاعری میں کئی میلانات اُبھرے اور کئی عنوانات عمر برق و شرار کے حریف ثابت ہوئے۔ یہ مجموعے شاعری کے موجودہ معیار، مزاج اور میلانات کے عکاس بھی ہیں، اور پچھلے پندرہ بیس سال کے ادبی انتشار کے آئینہ دار بھی ـــــ میں یہاں پر یہ بات واضح کر دوں کہ محرکات یا میلانات، کیلنڈر کی طرح ہر سال نہیں بدلتے ہیں، لیکن اُن کے تہ نشین اثرات کام کرتے رہتے ہیں۔ پس منظر کو سمجھنے کے لیے، اُن کو پیش نظر رکھنا ضروری ہے۔

جن لوگوں نے ۴۷ء سے پہلے اور اُس کے بعد کی شاعری کا مطالعہ کیا ہے، اُن کو اندازہ ہے کہ ۴۷ء تک ایجی ٹیشنل شاعری، معراج پر پہنچ چکی تھی۔ طویل سیاسی جد و جہد اور مختلف پر شور

تحریکات کے سبب سے، ذہن بے انتہا مشتعل رہتے تھے۔ اس لیے ایسی نظمیں بہت پسند کی جاتی تھیں۔ تقسیم ہند کے ہنگامۂ خون نے، ہیجانی موضوعات کے ختم ہوتے ہوئے ذخیرے میں، کئی تلخ و تند عناصر کا اضافہ کر دیا اور پھر چند سال کے لیے، موضوعات کا ایک چھوٹا سا سرمایہ ہاتھ آ گیا۔ ۵۰ء کے بعد جب سیاسی اور ہنگامی موضوعات، یا تو دم توڑ چکے تھے، یا اُن کی تکرار دبالِ ہوش و گوش ہو کر رہ گئی تھی، ہمارے ادیبوں اور شاعروں کو یک وقت عظیم خلا کا احساس ہوا، جس کو جمود سے تعبیر کیا گیا۔ ۱۵، ۲۰ سال کی لمبی مدت میں، اس وسیع کائنات کے ان گنت مناظر و مظاہر اور غیر محدود جذبات انسانی کی عکاسی سے کچھ زیادہ ربط نہیں رکھا گیا تھا۔ غم و آلام کو سیاسی نظریوں کی عینک سے دیکھنا اور بنے بنائے فارمولوں کے سانچے میں ڈھال لینا، نئی رکھ رکھاو، طرز ادا کے آداب، اور خیال یا حادثے کے ردِ عمل کو، فکر کی آنچ میں تپا کر اس طرح پیش کرنا، کہ وہ خلوص فکر اور تاثیر سے مرکب ہو جائے، اِن باتوں سے بہت دور کا تعلق رہ گیا تھا — اس لیے ہنگامی موضوعات کے ختم ہوتے ہی اُس برجستہ نگاری پر بھی زوال آ گیا۔ ڈیڑھ دو سال کی اس مدت میں جو مجموعے شائع ہوئے ہیں، اُن میں اچھی نظمیں کم ہیں، لیکن یہ ضرور اندازہ ہوتا ہے، کہ ماندگی کے لمبے وقفے کے بعد، کچھ نئے شاعروں نے قدم بڑھانا شروع کیا ہے، اُن کے یہاں موضوعات کا تنوع بھی ہے اور انداز بیان میں بھی وہ تلخی نہیں ہے۔ یہ بات لائق تحسین ہے۔ اچھے رسالوں کی ورق گردانی کی جائے تو ہر ماہ ایسی ایک دو نظمیں مل جائیں گی۔

ترقی پسند تحریک کے آغاز کے ۴، ۶ سال بعد ہی، اس کے دائرۂ اثر میں اتنی توسیع ہوئی، کہ نہ تخت جانوں کے سوا، سب ہی اس کے زیر سایہ آ گئے۔ کچھ لوگ اس کو دینِ حق سمجھ کر، اور کچھ نے محض اس ڈر سے کہ رجعت پرست نہ کہلائیں — موضوعات کو ترقی پسندی اور رجعت پرستی خانوں میں تقسیم کر دیا گیا تھا۔ حقیقت نگار اور باشعور ہونے کے لیے لازمی تھا کہ اس شریعت مبلغین کی ہر بات کو آیت و حدیث سمجھا جائے۔ دس بارہ سال تک یہ جہادِ کم نظری جاری رہا کا نتیجہ یہ ہوا کہ شاعری چند ہنگامی موضوعات میں محصور ہو کر رہ گئی۔ دوسری طرف اسلوب شعر اس سے بھی برا ہوا۔ مطالعہ، مشق، قدرت کلام، صحت زبان، غرض ہر معقول بات کو

نظرانداز کر دینا، لازمۂ ترقی پسندی سمجھا جاتا تھا۔ اس کے فیض سے، حسنِ بیان، دل کشی اور تاثیر معدوم ہو گئی تھی۔

لیکن اب محسوس ہوتا ہے، کہ مفروضات کا وہ طلسم ٹوٹ چکا ہے، اور شاعری اس پنچایتی عدالت کی عطا کی ہوئی قید بے میعاد سے آزاد ہو چکی ہے۔ اب موضوعات کو ترقی پسندی یا رجعت پرستی کی نظر سے نہیں دیکھا جاتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ حسنِ ادا، اور صحت زبان کی طرف بھی توجہ کی جا رہی ہے۔ یہ فالِ نیک ہے۔

دو سال کی اس مدت میں جو مجموعے شائع ہوئے ہیں، ان کا بہ غور مطالعہ کیا جائے، تو محسوس ہوگا، کہ نئے شاعروں میں جلد سے جلد صاحب کتاب بن جانے کا رجحان بڑھ رہا ہے۔ شہرت کی خواہش اور مصنف بن جانے کی ہوس نے بہت سی برائیوں کے دروازے کھول دیے ہیں۔ شاعری ایسی چیز نہیں، جس میں 'کاتا اور لے دوڑی' کی گنجائش ہو۔ شعر کہہ لینا کوئی قابلِ ذکر بات نہیں مشق و مطالعہ، اور قدرت کلام سے، جب تک ذہن و فکر پر جلا نہ ہو، اور ہر مصرعے پر حسن و تاثیر کی مہر نہ لگ جائے، اس وقت تک بات نہیں بنتی۔ کئی مجموعوں میں یہ بات کھٹکتی ہے کہ سہل پسندی یا عجلت پسندی نے، خوب سے خوب تر کی منزل پر پہنچنے سے ہی باز نہیں رکھا ہے، کلام کی خوبی پر بھی حرف آ گیا ہے۔

مشہور ناقدین کے مقدمات نے اس کج خرامی کو بڑا سہارا دے رکھا ہے۔ اس غلط نوازش سے بے راہ روی اور بے جا خود اعتمادی کو برابر شہ ملتی رہتی ہے۔ اور شاعر دوسروں کی صحیح باتیں سننے اور سمجھنے سے ہمیشہ کے لیے محروم ہو جاتا ہے۔ ستم یہ ہے کہ بعض سنجیدہ حضرات بھی اس بدمذاقی میں مبتلا نظر آتے ہیں۔ جس طرح الکشن کے زمانے میں کمزور امیدوار، کسی بڑے لیڈر کو بلانا اور اس سے کلمات خیر کہلانا ضروری سمجھتا ہے، اسی طرح بعض شاعر کسی مشہور ناقد سے مقدمہ لکھوانا سمجھتے ہیں۔ اس کی سب سے بری مثال خورشید الاسلام کے مجموعے 'رگِ جاں' پر جناب مجنوں گورکھپوری کا دیباچہ ہے۔ مجنوں صاحب نے اس مجموعے میں وہ ساری خوبیاں بتائی ہیں، جو کئی واقعی شاعروں کے یہاں الگ الگ ملیں گی۔ جب کہ اس مجموعے میں بہ مشکل ایک یا دو نظمیں ایسی ہیں

ذکر کیا جا سکے، اور غزل کے چار، چھ شعر ایسے ہیں، جن کو گوارا کیا جا سکے۔

ایک زمانے میں نظم آزاد کا بہت چرچا تھا۔ سلیقے سے کام لیا جاتا تو یہ بھی ایک اضافہ ہوتا، لیکن یہ بری طرح مشق ناز کا شکار ہوئی، یہاں تک نظم اور نثر کا فرق ختم ہوتا ہوا نظر آیا۔ جو مجموعے ان دو برسوں میں شائع ہوئے ہیں، ان میں آزاد نظمیں نسبتہً کم ہیں۔ اور جو ہیں، وہ دل کشی سے معرا ہیں۔ رسالوں میں بھی یہ عجیب الخلقت مخلوق کم دیکھنے میں آئی ہے۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ نظم آزاد ہماری شاعری کو ابھی تک راس نہیں آئی ہے۔

میراجی اور ان کے بعض ساتھیوں کے اثر سے نظم میں ابہام کا رواج اس حد تک بڑھا تھا کہ اہمال اور ابہام پر ہم معنی لفظ ہونے کا گمان گزرتا تھا۔ پاکستان میں کچھ شاعر پھر اس جادۂ پر پیچ و خم پر تیزی کر چل رہے ہیں۔ لیکن ہندوستان میں اس کی مثالیں کم یاب ہیں۔ کبھی کبھی کسی رسالہ میں اس ذہنی ورزش کا مظاہرہ دیکھنے میں آجاتا ہے۔ البتہ یہ رجحان ایک اور شکل میں ظاہر ہو رہا ہے۔ اور وہ ہے بے حد مختصر نظمیں کہنا۔ اس کا ایک سبب یہ ہے کہ تسلسل فکر، اور نظم کے وسیع کینوس پر گل کاری بہت سے شعرا کے بس کی بات نہیں۔ اس لیے چند لائنیں لکھ کر فرض کفایہ ادا کر دیا جاتا ہے۔ ایسی نظموں میں غیر ضروری یا صحیح الفاظ میں، غیر فطری اختصار سے وہی الجھاؤ پیدا ہو جاتا ہے، جو ابہام پسندی کا خاصہ ہے۔ (خورشید الاسلام کی بعض نظمیں صرف تین مصرعوں پر مشتمل ہیں) بعض نوجوان شاعر اس مرض کا بری طرح شکار ہیں۔ ان کی ایسی اعجوبہ زائیاں کبھی کبھی رسائل کے صفحات پر نظر آجاتی ہیں۔

ایک قابل ذکر بات یہ ہے کہ بعض نہایت معروف شاعروں کے مجموعے پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے انھوں نے پچھلے سرمایے میں مطلق اضافہ نہیں کیا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ ٹھٹک کر رہ گئے، گویا ساری متاع شوق صرف رہ گزر کر چکے ہیں، اب نہ ہاتھوں میں جنبش ہے نہ آنکھوں میں دم۔ جذبی کا مجموعہ سخن مختصر اس کی سب سے اچھی مثال ہے۔ اور بعض نئے شاعروں نے اس محفل میں اس انداز سے قدم رکھا ہے کہ ان کی ہوش مندی گراں مایگی مستقبل کی بشارت دیتی ہوئی نظر آتی ہے۔

لومات

اس زمانے میں اردو کے بزرگ شاعر، تلوک چند محروم کی نظموں کے تین مجموعے شائع ہوئے ہیں

۱۔ کاروانِ وطن ۲۔ نیرنگِ معانی ۳۔ بہارِ طفلی ۔۔۔ بہارِ طفلی بچوں کے لیے مرتب کی گئی ہے۔ یہ مجموعہ اس لحاظ سے قابلِ قدر ہے کہ ایسے مجموعے اردو میں کم ہیں۔ کتاب میں جگہ جگہ تصویریں بھی ہیں جن سے اس کی دلکشی بڑھ گئی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ چھٹے ساتویں درجے کے بچوں کے لیے اس مجموعے کی بیش تر نظمیں نہایت مفید ہیں۔ یہ کتاب بہت معمولی کاغذ پر چھپی ہے۔ یہی اس کا سب سے بڑا عیب ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ اس کی بعض نظمیں یقیناً بچوں کے معیار پر پوری نہیں اتریں گی۔ مثلاً ایک نظم ہے "نرم گفتاری" اس کا پہلا بند ہے۔

کرو کلام بہ نرمی کہ نرم گفتاری ہزار سخت کلامی سے کارگر ہے سوا
کرو کلام بہ نرمی کہ تیز و تند کلام نہ کارِ خیر کو کردے ذلیل و رسوا

اچھا تھا کہ اس کا بھی لحاظ رکھا جاتا۔

"کاروانِ وطن" اس لحاظ سے قابلِ قدر ہے کہ یہ آزادی کی لمبی جدوجہد کی مختلف شخصیتوں، تحریکوں اور حادثوں کی آئینہ دار ہے۔ یہ صحیح ہے کہ اس کی بیش تر نظموں میں شعریت اور فکرِ بلیغ کا وہ رنگ نہیں ہے جو آج پسندیدہ بھی ہے اور ضروری بھی۔ لیکن یہ بات قابلِ لحاظ ہے کہ اس کی ہر نظم سے ہندوستان کی سرزمین اور اس کی ترقی سے بے پناہ شغف کا اظہار ہوتا ہے۔ تقسیمِ ہند کے بعد کئی سال تک آزادی کا ماتم کرنا، اور ایک نئے انقلاب کی بشارت دینا فریضۂ شاعری رہا۔ اس اندازِ فکر اور طرزِ سخن نے وطن دوستی اور تعمیر و ترقی کی طرف توجہ کو مبذول نہیں ہونے دیا۔ اسی طرزِ فکر کا یہ اثر ہے کہ آج بھی ہماری شاعری میں نشاطِ کار کی جھلکیاں بہت کم دکھائی دیتی ہیں۔ کئی سال تک مسلسل اس شدومد کے ساتھ بہت سی مفروضہ مصیبتوں کا رونا رویا گیا، اور اس حد تک کہ شاعری پر یاسیت کے پہرے بیٹھ گئے۔ ایک مفروضہ نئی صبح کے انتظار نے اس طرزِ فکر کو اور دو آتشہ کر دیا۔ جس کے کچھ اثرات آج تک کارفرما ہیں۔

"نیرنگِ معانی" غیر سیاسی نظموں کا مجموعہ ہے۔ محروم صاحب بڑے قادرالکلام شاعر ہیں۔ مشقِ سخن اور قدرتِ کلام ان کے ایک ایک مصرع سے نمایاں ہے۔ لیکن اس بات کا شدت کے ساتھ احساس ہوتا ہے کہ ان مجموعوں میں اصولِ انتخاب کو بالکل نظر انداز کر دیا گیا ہے۔ آدمی دن بھر جتنی باتیں کرتا ہے وہ سب درج گزٹ ہونے کے لائق نہیں ہوتیں۔

علی جواد زیدی کا مجموعہ "دیارِ حرف" نظموں اور غزلوں کا ملا جلا مجموعہ ہے۔ موضوعات کے تنوع کے لحاظ سے یہ مجموعہ ضرور قابلِ لحاظ ہے۔ لیکن اثر انگیزی کی کمی بری طرح محسوس ہوتی ہے۔ جو نظمیں خالص سیاسی موضوعات پر کہی گئی ہیں، ان میں برہنہ گوئی کا انداز پیدا ہو گیا ہے۔ جو آدابِ شاعری کے خلاف ہے۔

ساحر لدھیانوی کا مجموعہ "تلخیاں" چودھویں بار شائع ہوا ہے۔ یہ مقبولیت شاید ہی کسی نئے شاعر کے مجموعے کو حاصل ہوئی ہو۔ اس میں رومانی نظمیں بھی ہیں اور خالص سیاسی نظمیں بھی ہیں بہت سے نئے نظم گو شعرا کے مقابلے میں، ساحر حسنِ ادا اور طرزِ اظہار پر زیادہ توجہ صرف کرتے ہیں۔ اُن کے یہاں نہ لفظوں کی بازی گری ہے نہ اندازِ بیان کا پیچ و خم۔ لیکن فکر کی گہرائی اور گیرائی کم سے کم ہے۔ خالص رومانی نظموں میں، ان کا حسنِ بیان کچھ اس طرح چمک اٹھا ہے کہ یہ چمک نوجوان نگاہوں کو بے طرح خیرہ کر دیتی ہے۔ مثلاً ان کی ایک مشہور نظم کے یہ دو بند دیکھیے۔

میں سلگتے ہوئے رازوں کو عیاں تو کر دوں — لیکن ان رازوں کی تشہیر سے جی ڈرتا ہے
رات کے خواب اجالے میں بیاں تو کر دوں — لیکن ان خوابوں کی تعبیر سے جی ڈرتا ہے

تیری سانسوں کی تھکن تیری نگاہوں کا سکوت — درحقیقت کوئی رنگین شرارت ہی نہ ہو
میں جسے پیار کا انداز سمجھ بیٹھا ہوں — وہ تکلم وہ تبسم تری عادت ہی نہ ہو

یہ انداز عام نوجوانوں خصوصاً طالب علموں اور طالبات کو بے طرح متاثر کر سکتا ہے اور کرتا ہے یہی اس مجموعے کی مقبولیت کی بڑی وجہ ہے۔ اس مجموعے کی سیاسی نظمیں، رومانی نظموں سے بھی کہیں کم رتبہ ہیں۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ حوادث کو فکر و خیال کی آنچ میں تپائے بغیر نظم کر دیا گیا ہے۔ واقعات یا حوادث کو اس طرح نظم کر دینا، کہ محض کچھ دیر کے لیے دل کی دھڑکن بڑھ جانے کا احتمال ہو، وقتی مقبولیت کا ذریعہ تو بن سکتا ہے، مستقل قدر و قیمت کا نہیں۔ یہ مجموعہ نہایت نفیس کاغذ پر شائع ہوا ہے۔ لیکن لیتھو کی چھپائی نے اس کے حسن کو محدود

کر دیا ہے اور کہیں مجروح۔ اس اشاعت میں کچھ نئی نظمیں بھی شامل ہیں۔

جذبی کے تازہ مجموعے "سخن مختصر" میں کئی نظمیں ہیں، اور مختلف موضوعات پر، ان میں دو نظمیں "احساس" اور "تیرے سوا" قابلِ ذکر ہیں۔ ان میں رومانیت کی جھلکیاں اور تغزل کی لہریں یہ نظمیں ہیں۔ جس کے فیض سے ان میں حسن بیان بھی ہے اور دل کشی بھی، لیکن باقی نظمیں تلخی بیان سے معمور ہیں۔ ان نظموں میں تقسیم، آل احمد سرور کی خدمت میں، میری شاعری اور نقاد، میرا ماحول، خصوصیت کے ساتھ قابلِ ذکر ہیں۔ جذبی بنیادی طور سے رومانی شاعر ہیں۔ اس لیے ویسے بھی اس سے دامن چھڑا کر نظم کہنا ان کے بس کی بات نہیں۔ خصوصاً جبکہ ہر مصرع پر تلخی بیان کی مہر لگی ہوئی ہو۔ یہ المیہ کئی شاعروں کے ساتھ ہوا ہے کہ وہ صرف رومانی شاعری کے لیے پیدا ہوئے تھے، لیکن انھوں نے اپنی صلاحیتوں کو پہچانا نہیں، اور دوسرے متضاد موضوعات میں الجھ کر اپنی صلاحیتوں کو ضائع کرتے رہے۔ جذبی کی ان نظموں میں جو تلخی ہے وہ ایک عجیب گھٹن، احساس کمتری اور گھٹے گھٹے سے احساس نفرت کی پیدا کردہ ہے۔ یہ کوئی خوبی نہیں ہے — جذبی کی نظم نگاری میں ایک اور عیب ہے اور وہ ہے عدم توازن! ایسا محسوس ہوتا ہے کہ وہ کسی طویل نظم کو تناسب بیان اور نظم کی تکنیک کے لحاظ سے مکمل کرنا، یا مناسب نہیں سمجھتے ہیں یا اس پر انھیں قدرت نہیں ہے۔ اس کی سب سے اچھی مثال وہ مشہور نظم ہے، جو انھوں نے مجاز کی موت پر کہی ہے۔ اس کا پہلا بند خوب ہے۔ لیکن دوسرا بند پہلے بند کے مقابلے میں کمزور اور بے ربط باتوں کا مجموعہ ہے۔

خورشید الاسلام کے مجموعے "رگ جاں" کا ذکر اس سے پہلے بھی آچکا ہے۔ کچھ نظموں پر حد سے بڑھی ہوئی مختصر نویسی کی چھاپ لگی ہوئی ہے۔ مثلاً ایک نظم "انقلاب" صرف چار مصرعوں پر مشتمل ہے اور نظم "ایک تاثر" صرف تین مصرعوں پر۔ ان کو پڑھ کر ناتمامی کا شدید احساس پیدا ہوتا ہے۔ یہ انداز تقلید کرنے والوں کے لیے بھی خطرناک ہے اور خود شاعر کے لیے بھی۔ اردو میں قطعہ اور رباعی بھی اصناف سخن میں شامل ہیں۔ اور مختصر گوئی کے کام آتے ہیں۔ ایک اور بات یہ ہے کہ کئی نظمیں غزل اور نظم کے درمیان معلق نظر آتی ہیں نیز زبان و بیان پر مکمل قدرت حاصل نہ ہونے کے نتیجے میں جگہ جگہ سخت ناہمواری کا احساس ہوتا ہے۔ آل احمد سرور اور مجنوں گورکھپوری نے بھی کھول کر اس مجموعے کی تعریف کی ہے۔ اس مجموعے میں بعض

جگر خوش ذاتی کے دل چسپ نمونے دیکھنے میں آتے ہیں۔ صرف ایک نمونے کی طرف اشارہ کرتا ہوں۔ اس مجموعے کا انتساب جان ہار قدسیہ آپا کے نام کیا گیا ہے "قدسیہ آپا" کے نام کے نیچے یہ مصرع بھی درج ہے ؎

اے دریغا نیست معشوقے سزاوار غزل

اس خوش ذوقی کی داد بھی سرور صاحب ہی دے سکتے ہیں مجموعی طور پر ان کی نظمیں فکر کی گہرائی اور انداز بیان کے حسن سے محروم ہیں۔ مشق کی کمی نے اس عیب کو اور زیادہ نمایاں کر دیا ہے۔

باقر مہدی کا مجموعہ "شہر آرزو" پہلی بار ۵۸ء میں شائع ہوا تھا۔ دوسرا اڈیشن ۶۰ء میں شائع ہوا۔ اس میں رباعیاں، غزلیں اور نظمیں سب ہیں۔ باقر مہدی کی نظموں کا بڑا حصہ کراہتے ہوئے انسان کی کرب آمیز پکار بن گیا ہے۔ جس میں ذاتی غم کی ایسی آمیزش ہے کہ اکثر جگہ تلخی بہت بڑھ گئی ہے۔ اس سے دائرہ اثر اور حسن نظم دونوں پر برا اثر پڑا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ایک شخص ضبط غم کی منزل سے قصداً دور رہنے کی کوشش کر رہا ہے۔ ذاتی غم کا بیان کوئی قابل اعتراض بات نہیں ہے۔ لیکن اس میں اس حد تک تلخی کا پیدا ہو جانا کہ حسن بیان اور تاثیر دونوں مجروح ہو جائیں، مناسب نہیں فریاد کی کوئی مقررہ لے نہ سہی۔ لیکن اس کو آداب فریاد کی حدوں میں ضرور رہنا چاہیے ـــــ البتہ جو نظمیں اس رنگ سے ہٹ کر کہی گئی ہیں۔ ان میں وہ ساری خوبیاں ہیں جو ہونا چاہیے مثلاً "خط"، "ایک ملاقات" باقر مہدی میں شاعرانہ صلاحیتوں کی کمی نہیں معلوم ہوتی، ہاں ان کی خود ساختہ ذہنی یا جذباتی حد بندی نے ان کی شاعری کا دائرہ بہت محدود کر دیا ہے۔

نوجوان شاعروں میں مخمور سعیدی کا مجموعہ "گفتنی" خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ہے۔ اس کا پہلا اڈیشن ۶۰ء میں شائع ہوا تھا اور دوسرا اڈیشن ۶۱ء میں شائع ہوا ہے۔ اس میں غزلیں نظمیں رباعیاں سب ہی ہیں۔ موضوعات کے تنوع، فکر، اور حسن ادا کے اعتبار سے اس مجموعے کی کئی نظمیں نظم کے معیار پر پوری اترتی ہیں۔ ان نظموں میں ناسٹک، ماضی، ایک لڑکی، زندانی، خرابے میں، اعتراف، سرراہ، زیادہ قابل توجہ ہیں۔ ان کو پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے، کہ شاعر میں نظم کہنے کا سلیقہ ہے۔ ان نظموں میں فکر اور جذبے کی آمیزش اور ترتیب، اس خوبی کے ساتھ عمل میں آئی ہے، اور حسن ادا کا اس حد تک لحاظ رکھا گیا ہے۔ کہ گہرائی کے باوجود ملال ہے نہ ابہام۔ شاعر نے محض جدت پسندی کے زعم میں، یا صرف چونکا دینے والا انداز پیدا کرنے کے لیے

کہیں غیر شاعرانہ دراز دستی سے کام نہیں لیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ فرسودگی کی جھلک بھی نظر نہیں آتی۔ موضوعات کے تنوع سے شاعر کی دیدہ وری اور فکر پسندی کا اندازہ ہوتا ہے ـــــ اس مجموعے میں چند نظمیں خالص سیاست زدہ ہیں، ان کو پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ یہ محض "ضد" میں لکھی گئی ہیں۔ اسی لیے یہ حسن بیان اور تاثیر، دونوں سے معرا ہیں۔ کسی نقطۂ نظر کی خواہ مخواہ تردید، یا اس کے اعلانِ اشتہار کے لیے جو کچھ کہا جائے گا، اس میں اگر حسن و تاثیر نہ ہو، تو یہ کوئی قابل تعجب بات نہیں ہوگی۔

مخدوم محی الدین کی نظموں اور غزلوں کا مجموعہ "گل تر" اسی سال شائع ہوا ہے۔ اس میں نظمیں زیادہ ہیں۔ اس مجموعے کو پڑھ کر مخدوم کی شاعری کے متعلق کوئی اچھی رائے قائم کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اسکو، "تلنگانہ، نیا چین، گگارن" کے عنوان سے جو نظمیں ہیں، ان کو تو نظم کہنا، نظم کی جان پر ستم کرنا ہے۔ ان میں وہی نعرہ زنی اور بے کیفی بیان ہے، جو ایک زمانے میں حاصل شاعری سمجھی جاتی تھی۔ دوسری نظمیں بھی، شاعری سے زیادہ "سطر نگاری" کا مجموعہ ہیں۔

سلیمان اریب کے مجموعے "پاس گریباں" میں غزلیں بھی ہیں اور نظمیں بھی۔ انھوں نے مقدمہ میں خود لکھا ہے: "میں اگرچہ ۳۲ء سے شعر کہتا ہوں لیکن "پاس گریباں" میں جو تخلیقات شامل ہیں وہ ۴۲ء سے ہیں۔ اس سے پہلے میں نے جو کچھ کہا تھا، یا ۱۹۶۰ء تک جو کچھ کہا بالخصوص ۱۹۵۱ء تک جو نظمیں لکھیں، ان کا بڑا حصہ میں نے خارج کر دیا ہے۔ اس لیے کہ ان میں سے اکثر نظمیں مسائلی اور سیاسی ہیں، شاعری مقصدی ہو یا غیر مقصدی..... اسے پہلے ادب ہونا چاہیے اور میں نے جو نظمیں اور اشعار قلم زد کر دیے ہیں وہ اس بنا پر کہ ان میں نعرہ بازی زیادہ آگئی تھی۔ اور ادب کا تناسب کم ہو گیا تھا۔"

اریب نے جس وضاحت کے ساتھ اپنے خیال کا اظہار کیا ہے وہ قابل تعریف ہے اور نئے شعرا کے لیے قابل توجہ۔ اس مجموعے میں اس احتیاط کے باوجود، کئی نظمیں ایسی ہیں، جن پر غیر شاعرانہ مقصدی ادب کی چھاپ لگی ہوئی ہے۔ ان میں شعریت بالکل نہیں ہے۔ رومانی نظموں میں تغزل تو نہیں ہے لیکن حسن بیان کا نکھار بھی نہیں ہے۔ یہ نتیجہ ہے برسوں تک شعریت سے معرا نظم کی مشق کا۔ کہ اس اندازِ فکر سے دامن کش ہو جانے کے باوصف، ابھی تک لہجے اور طرزِ اظہار پر نثر

کلام اور حسن بیان کی چھوٹ نہیں پڑی ہے۔ جگہ جگہ غیر متناسب تشبیہیں، تعبیریں۔ اور غیر مانوس طرز کلام بھی حسن کلام کے راستے میں سنگ گراں بن گیا ہے۔ مثلاً ؎

آگ اور خون کے بپھرے ہوئے اندھے دھارے

ع کتنے پائل کی چھما چھم کتنے جاموں کی کھنک

ع بطون خاک میں بوتے ہوئے مہ و انجم

ع وہی گھنا دنے منظر وہی کریہہ جذام

ع کیا عشق میں یونہی ہوتا ہے اک آگ سی ہے دل تا بہ جگر

"طلوع سحر" امجد نجمی کی نظموں کا مجموعہ ہے۔ اس میں کوئی قابل ذکر بات نہیں ہے۔ البتہ اس مجموعے کی یہ خصوصیت ضرور قابل ذکر ہے، کہ اس میں بارہ ارباب قلم کی رائیں بطور دیباچہ شامل ہیں۔ ایک طویل مقدمہ مزید برآں۔ ان ۱۳ حضرات میں معروف نقاد بھی ہیں اور معمولی شاعر بھی۔ بیشتر رائیں پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ معتبر ناقدین نے حسب معمول مجموعہ پڑھنے کی زحمت گوارا نہیں کی ہے۔

"شبنم شبنم" کرشن موہن کا مجموعہ ہے۔ اس کی یہ خصوصیت ہمیشہ یاد رکھی جائے گی کہ اس نے حسن طباعت کا ایک معیار قائم کر دیا ہے۔ کرشن موہن بہت شریف انسان ہیں۔ اسی مناسبت سے ان کی نظمیں بھی سیدھی سادی ہیں۔ وہ دل کی بات بے جھجک کہنے کے قائل معلوم ہوتے ہیں اور یہ پسند نہیں کرتے ہیں کہ اس کو دوسرے عناصر سے بوجھل بنائیں۔ اس مجموعے میں کچھ آزاد نظمیں بھی ہیں۔ ان کی یہ خصوصیت مجھے پسند آئی کہ ان میں دوسرے بہت سی آزاد نظموں کی طرح، جگہ جگہ ترنم یا آہنگ کو دم توڑنے پر مجبور نہیں ہونا پڑتا ہے۔ ایک آہنگ آخر تک قائم رہتا ہے یہ بڑی بات ہے۔ یہ مجموعہ بھی پہلی بار سنہ ۶۰ء میں شائع ہوا تھا۔ دوسرا اڈیشن سنہ ۶۱ء میں شائع ہوا ہے

قصائد

محسن کاکوروی اور عزیز لکھنوی کے بعد، نعت و منقبت کے قصائد کا چلن اٹھ گیا تھا۔ یہ بڑا اچھا تھا۔ قصیدے میں تشبیب، گریز، مدعا اور خاتمہ پر مشتمل کئی حصے ہوتے ہیں۔ بلیغ ہو تو یہ کئی رنگوں کا غریب مجموعہ بن سکتا ہے۔ قدما نے اس سے صرف بادشاہوں کی مدح طرازی کا کام نہیں

یا ہو، اور بہت سی باتیں بھی کہی ہیں۔ قصیدے میں ایک خاص انداز بیان کی ضرورت ہوتی ہے، جو ہر شخص کے بس کی بات نہیں، معنی آفرینی، زور بیان اور قدرت کلام کی اس میں بنیادی حیثیت ہے —— اقبال سہیل مرحوم کی نعت و منقبت پر مشتمل نظموں اور قصیدوں کا مجموعہ "ارمغان حرم" اس لحاظ سے قابل ذکر ہے۔ اس مجموعے کے قصیدے معیار قصیدہ گوئی پر پورے اترتے ہیں۔ خصوصاً تشبیبیں نہایت دل کش ہیں۔ مثلاً

سرشت حسن تغافل مزاج عشق غیور — وہ التفات سے ہم التجا سے ہیں معذور
بہت بلند نظر ہیں شہید ناوک دوست — وہ اور ہیں جنھیں ہوگی تلاش جلوۂ طور
مری بلا کرے دریوزۂ زکوٰۃ جمال — لب سوال پہ ہے مہر لن ترانی طور
نہ پوچھ اسیر محبت کی لذت تعذیر — ہر ایک دام بلا ہے شکنج طرۂ حور

ان اشعار سے شاعر کی قوت شعر گوئی کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ ان قصائد میں شکوہ الفاظ اور چستی بندش کی کمی نہیں۔ ہاں وہ شیفتگی و ربودگی نہیں ہے۔ جو بعض خالص نعت گو شعرا کا حصہ ہے۔ جو مثلاً شہیدی کے کلام میں ہے۔ اس کی وجہ کچھ تو قصیدے اور نعت کا فرق ہے اور کچھ اختلاف طبع۔ کہیں کہیں فارسی عربی الفاظ کی کثرت نے بھی روانی کو مجروح کر دیا ہے۔

غزلیات

دوسری جنگ عظیم کے آغاز ہی سے سیاسی و سماجی انتشار اور بعض دوسرے محرکات کے سبب سے بہت سے اچھے شاعروں کی توجہ غزل گوئی کی طرف سے ہٹ گئی تھی۔ سنہ ۵۰ء کے بعد جب ہنگامی موضوعات کا خزانہ قریب قریب ختم ہو گیا، اس وقت پھر یہ صنف یاد آئی اور بے طرح یاد آئی۔ غزل کے حسن ظاہر میں مشق سخن اور آداب تغزل کی رعایت کا بڑا حصہ ہوتا ہے۔ اور حسن باطن کے لیے گداز کی ضرورت ہوتی ہے۔ ۱۰، ۱۵ سال تک غزل سے بے تعلق رہنے کی بنا پر اور چیخ پکار کو الفاظ کا لباس پہناتے رہنے کی وجہ سے، نہ مشق سخن رہی نہ دل دوزی۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ یہ رجعت بہتوں کو راس نہیں آئی —— سنہ ۵۰ء کے قریب قریب، جب مختلف حالات کی وجہ سے، ذہن و قلب میں مایوسی و ناکامی کی لہریں دوڑ رہی تھیں، قدیم شعرا کے رنگ میں شعر کہنے کا رجحان

ان حالات میں سب سے زیادہ میر کی یاد آئی۔ اور کئی اچھے شاعر اس طرف متوجہ ہوگئے۔ یہ کوئی صحت مند رجحان نہیں تھا۔ میر کے زمانے کے کچھ لفظ استعمال کرنے سے، یا محض ناکامی و نامرادی کے بیان سے تقلید میر ہونے سے رہی۔ اس کے لیے تو اس دل خوں شدہ اور اس خلوص و وفا کی بھی ضرورت ہے، جو میر کا طرۂ امتیاز تھا ـــــ نتیجہ یہ ہوا کہ دو چار سال کے بعد، اس رجحان نے دم توڑ دیا ـــــ اس وقفۂ مختصر میں ذاتی رجحانات اور انفرادیت کو ٹھیس پہنچتی رہی۔

اب اندازہ ہوتا ہے کہ یہ رنگ ختم ہو گیا ہے۔ نیز ہمارے بعض غزل گو آداب غزل گوئی کا احترام ضروری سمجھنے لگے ہیں۔ یہ فال نیک ہے۔ البتہ سہل پسندی، عجلت پسندی، عدم مطالعہ، اور عدم قدرت کا احساس ضرور ہوتا ہے۔ خوب سے خوب تر کی جستجو، اور ڈوب کر شعر کہنے کا انداز کم دیکھنے میں آتا ہے حالاں کہ معیاری غزل گوئی کے لیے یہ لازمی شرائط ہیں۔

ایک زمانے میں غزل کے خلاف خاصا جہاد کیا گیا۔ ایک گروہ نے تو اس کو جاگیردارانہ محرکات کی امین بتا کر اس سے زبان و قلم کو آلودہ نہ کرنے کی ہدایت فرمائی تھی۔ یہ سارے مہمل دعوے خود بخود ختم ہو گئے ہیں۔ جو لوگ پہلے غزل کو کشتی سمجھتے تھے، اب کفارہ ادا کرنے کے لیے سب سے زیادہ غزلیں کہہ رہے ہیں۔

صرف غزلوں کے جو مجموعے میرے پیش نظر ہیں، ان میں شاہد صدیقی اور غلام ربانی تاباں کے مجموعے خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ہیں۔ شاہد صدیقی کا مجموعہ پڑھ کر یہ احساس ایک بار پھر تازہ ہو جاتا ہے کہ جب تک ڈوب کر شعر نہ کہا جائے، بات نہیں بنتی۔ شاہد صدیقی کی غزلوں میں مقصدی یا مسائلی شاعری کی بہتات ہے۔ انھوں نے زندگی کی محرومیوں اور سماجی مصیبتوں کا بار بار ذکر کیا ہے۔ لیکن کچھ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ انھوں نے اس بیان غم کو محض انسانی فرض سمجھ کر شریک غزل کیا ہے، یہ نہ ان کے ذاتی تجربات کا جزو بن سکا ہے، نہ شریک فکر و خیال ہو سکا ہے ـــــ ہمارے یہاں ایک رسم ہے کہ شاعر محض اس خیال سے کہ اس کا شمار باشعور اور حقیقت نگار شعرا میں کیا جائے، غم دوراں، شکایت، نامرادی، محرومی، اور ایسے ہی کچھ حقیقی اور کچھ مفروضہ بیانات کی تکرار ضروری سمجھتے ہیں۔ لیکن چونکہ یہ تصورات دل کی گہرائیوں میں جا نشین نہیں ہوتے ہیں۔ اس لیے حقیقت نگاری

کے باوصف، حسن بیان، اور تاثیر دونوں عنصر معدوم رہتے ہیں — ورنہ یہ بات سمجھ میں نہیں آتی جب کوئی شاعر مسائلی شاعری پر زور طبع صرف کرتا ہے تو اکثر پیش تر اس میں تکرار محض اور بے کیفی کے سوا کچھ نہیں ہوتا، اور جب وہی شخص کچھ دیر کے لیے اس مصنوعی نوحہ گری سے دامن کش ہو جاتا ہے، تو شعر خلوص و تاثیر کی روشنی میں ڈوب جاتے ہیں۔

شاہد کے اس مجموعے میں زیادہ غزلیں، غم زمانہ کے سادہ و بیرنگ بیان کی آئینہ دار ہو کر رہ گئی ہیں۔ لیکن جہاں وہ اس عام انسانی فرض کو ادا کرنے سے کچھ دیر کے لیے رک گئے ہیں، اور آداب تغزل کا لحاظ رکھا ہے، وہاں دل کشی و حسن بیان کا رنگ چمک اٹھا ہے۔ مثلاً

ان کو منظور نہیں درد کا رسوا ہونا — آہ کرتا ہوں تو آواز بدل جاتی ہے

ترا کرم کہ مجھے سوز زندگی بخشا — مری خطا کہ اسے زندگی بنا نہ سکا

ایک پل کے رکنے سے دور ہو گئی منزل — صرف ہم نہیں چلتے راستے بھی چلتے ہیں

آداب تغزل کی رعایت کے فیض سے کہیں کہیں سیاسی اشارے بھی جزو غزل بن گئے ہیں۔

مثلاً ہم ہی رہ گئے پیاسے ورنہ بزم ساقی میں — جس طرف نہ تھا کوئی اس طرف بھی جام آیا

رفتہ رفتہ یاد ان کی بن گئی غم دنیا — زندگی کا سرمایہ زندگی کے کام آیا

یہ صحیح ہے کہ ان اشعار میں، اول الذکر اشعار کی طرح، شعریت کا وفور نہیں ہے، پھر بھی ایک حسن ضرور ہے، لیکن ایسے اشعار کی تعداد اس مجموعے میں بہت کم ہے۔ زیادہ غزلیں ایسی ہیں، جو محض فرض انسانیت کی یادداشتوں کا مجموعہ، اور عام مفروضہ حقیقت نگاری کا بے رنگ مرقع ہیں۔ یہ مجموعہ اس لحاظ سے نئے شعراء کے لیے عبرت و نصیحت کا مرقع ہے، کہ ایک ہی شاعر کے یہاں دو رنگ ہیں۔ بہت واضح، ایک طرف پل کل اندھیرا ہے، دوسری طرف کچھ چنگاریاں چمک رہی ہیں۔ کتنی حسرت کے ساتھ دل چاہتا ہے کہ یہ چنگاریاں شعلوں میں تبدیل ہو جائیں اور آتش مقدس کی طرح مجموعۂ نور و حرارت بن کر رہ جائیں۔

بعض شاعر جن کو فطرت نے غزل گوئی کی بہترین صلاحیتیں عطا کی تھیں، ایک مدت تک سیاسی شاعری کے پھیر میں پڑے رہے۔ لیکن اس تضاد کو دیر تک نہیں نباہا جا سکا۔ عرصے تک بے روح شاعری

پر زور طبع صرف کرنے کے بعد وہ بالآخر صحیح راستے پر آگئے۔ ایسے شاعروں میں غلام ربانی تاباں خصوصیت کے ساتھ قابلِ ذکر ہیں۔ موصوف نے ایک زمانے میں دوسرے بہت سے شعرا کی طرح اپنی فطرت کے تقاضوں کو نظر انداز کرکے، سیاست زدہ نظم نگاری کو مطمحِ نظر بنا لیا تھا۔ جس میں شعریت سے زیادہ نعرہ زنی کا پرشور آہنگ تھا۔ لیکن ان کی غزلیات کے مجموعے "حدیثِ دل" کو پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ انھوں نے اب اُس بدمذاقی سے بھی قطع تعلق کر لیا ہے۔ اور نظم گوئی سے بھی، جو درحقیقت ان کے مزاج سے میل نہیں کھاتی تھی۔ تاباں کی غزلوں میں کلاسکل اندازِ سخن کی کیفیت پیدا ہو چلی ہے اور اشعار میں گداز دل کی آنچ محسوس ہوتی ہے۔ اس مجموعے میں چند غزلیں ایسی ضرور ہیں، جن میں سیاسی اشاریت حسنِ ادا پر غالب آگئی ہے۔ ان میں وہی بے رنگی ہے جس کو ہونا چاہیے، لیکن ایسے شعر نسبتہً کم ہیں۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ انھوں نے اپنی صلاحیتوں کا اندازہ کر لیا ہے۔ اور عرفانِ ذات کی منزل پر پہنچ گئے ہیں۔ جس کے اثرات جگہ جگہ نمایاں نظر آتے ہیں۔ چند اشعار سے ان کے اس رنگِ سخن کا کچھ اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

کہاں سے لائیں گے اہلِ حرم مذاقِ سجود — مری جبیں بھی نہیں تیرا نقشِ پا بھی نہیں

عشق کیا خود حسن محوِ آرزو رہنے لگا — دل فریبی تمنا کارگر ہونے لگی

پیام آتے رہے اکثر کسی محوِ تغافل کے — ادائے برملا بن کر نگاہِ شرمگیں بن کر

لبِ نگار کو زحمت نہ دو خدا کے لیے — ہم اہلِ شوق زبانِ نظر سمجھتے ہیں

بسمل سعیدی کے مجموعے "مشاہدات" میں نظمیں بھی ہیں اور غزلیں بھی، لیکن وہ دراصل غزل کے شاعر ہیں۔ ان کے اچھے اشعار میں سوز و گداز کی فراوانی ہے۔ لیکن اس کا تعلق سوزِ عشق سے نہیں، سوزِ زندگی سے ہے۔ کچھ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ بہت سی مایوسیوں، ناکامیوں اور حادثوں نے ان کو گدازِ دل کی دولت بخشی ہے۔ بسمل صاحب بہت مشاق اور باخبر شاعر ہیں۔ ان کی غزلوں میں استادانہ رچاؤ اور فکر و فن کا اچھا امتزاج ملتا ہے۔ ان کے بہت سے دلدوز شعر پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ یہ شخص ہے جو حالات و حوادث کی دھوپ چھاؤں سے گزرتا چلا جا رہا ہے۔ اور اس کے تاثرات

اشعار کی صورت میں نمایاں ہوتے جا رہے ہیں۔ چند اشعار سے ان کے اس رنگِ سخن کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

وہ کچھ اس طرح مجھ کو دیکھ کر منہ پھیر لیتے ہیں ٭ کہ جیسے میری حالت واقعی دیکھی نہیں جاتی
غضب ہے ٹھیس لگنا عشق کی خودداریِ فطرت کو ٭ بس اے چشمِ کرم اب التفاتِ رائگاں کب تک
ولے بیدادِ جنوں دشت میں دیوانے کو ٭ ہر طرف کچھ در و دیوار نظر آتے ہیں

لیکن مجموعی طور سے یہ مجموعہ اُن کے پچھلے مجموعوں سے ہلکا ہے۔ جس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ انتخاب کے اصول کو مدِنظر نہیں رکھا گیا ہے۔ کئی غزلیں اور نظمیں اس مجموعے میں ایسی ہیں کہ اگر وہ نہ ہوتیں تو بہتر ہوتا۔

جذبی جانے پہچانے شاعر ہیں۔ ان کے مجموعۂ سخنِ مختصر کو پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ انھوں نے "فروزاں" کے بعد کوئی قابلِ ذکر اضافہ نہیں کیا ہے۔ بلکہ پچھلی روایت کو مجروح کر لیا ہے! اس مجموعے کی بیش تر غزلیں، حسنِ ادا، گدازِ دل اور تاثیر سے محروم ہیں۔ کہیں کہیں تو غزل اور نظم کا امتیاز بھی ختم ہو گیا ہے۔ اور سطحیت نمایاں ہو گئی ہے۔ یہ رنگ ۵۶ء تک کی غزلوں پر چھایا ہوا ہے۔ اس کے بعد کی دو تین غزلیں ضرور ایسی ہیں، جن میں کہیں کہیں حسنِ بیان کی چنگاریاں چمک اٹھی ہیں۔ اور جذبے کی ہلکی سی جھلک بھی نظر آتی ہے مثلاً

جب کبھی کسی گل پر اک ذرا نکھار آیا ٭ کم نگاہ یہ سمجھے موسمِ بہار آیا
ہم نے غم کے ماروں کی محفلیں بھی دیکھی ہیں ٭ ایک غمگسار اٹھا ایک غمگسار آیا
چمن کا گوشۂ راحت قفس کا کنجِ عذاب ٭ کہاں کہاں نہ تری انجمن کی یاد آئی

لیکن ان چنگاریوں کی چمک جلد ہی ختم ہو جاتی ہے اور پھر وہی سطحیت سے لبریز غزلیں سامنے آجاتی ہیں۔ جذبی نے محض دوسروں کی دیکھا دیکھی ایک زمانے میں نئی سنائی باتوں اور چلتے ہوئے سیاسی نعروں کو غزل میں نظم کرنا فریضۂ غزل گوئی سمجھ لیا تھا جس کی وجہ سے ان کی اُس زمانے کی غزلیں حسنِ تغزل سے یکسر تہی داماں ہیں۔ مثلاً اس زمانے کی ایک غزل کے یہ شعر دیکھیے۔ اس سے رنگِ سخن کا کچھ اندازہ ہو گا۔

ابھی زمین حسیں ہے نہ آسمان حسیں — ابھی بنی ہی کہاں ہے مری بہشت بریں
ابھی ہے ذوق جنوں اپنا مصلحت آگیں — ادھر بھی ایک نظر اے نگار خطۂ چیں
یہ سوچتا ہوں کہ بدلا بھی ہے نظام الم — یہ دیکھتا ہوں کہ موج نشاط بھی ہے کہیں
یہ اہتمام یہ تیاریاں تباہی کی — عرق عرق ہوئی جاتی ہے زرفشاں سی جبیں

یہ غزل ۵۶ء کی ہے۔ جذبی نے ۵۶ء کے بعد اس طرز سخن کو ترک کر دیا لیکن بے کیفی کے جو اثرات ۶ ۸، ۱۰ سال مسلسل محیط رہے، ان کے عکس ابھی نظر آتے ہیں۔ حسن بیان و تاثیر سخن، کی کبھی کبھی ہلکی سی جھلک دکھائی دے جاتی ہے، اس قدر ہلکی، کہ محض گمان ہوتا ہے۔ ایک قابل ذکر بات یہ ہے کہ جذبی کے کلام میں عجز بیان اور الفاظ کے غلط استعمال کی ایسی مثالیں ملتی ہیں کہ تعجب ہوتا ہے۔ یہ خامی خود شبیہ الاسلام کے یہاں بھی ہے اور بہ کثرت۔ جذبی عمر اور مشق سخن کی بہت سی منزلیں طے کر چکے ہیں، ان کے یہاں معائب اور اسقام کی ایسی مثالیں تعجب خیز ہیں، ان ناہمواریوں نے ان کے کلام کے ایک خاصے حصے کو مجروح کر دیا ہے۔ جیسے

ع ہر قدم آگے بڑھانے کے لیے خون کی بھینٹ
ع نئے بل نئے زور ان کو سکھلائے
ع اس اندھیرے میں اجالے کے سماں ملتے ہیں
ع تو یہ وہ تیر ہے جس کے لیے خطا ہی نہیں
ع دھڑکا رہے ہیں پھر بھی دل کائنات ہم

بعض مقامات پر رعایت لفظی اور غیر مانوس تعبیرات کی ایسی مثالیں سامنے آتی ہیں کہ مذاق سلیم الاں پکار اٹھتا ہے مثلاً ؎

جب ذکر ان کے شہد لب و رخ کا چھڑ گیا — ہم چپ رہے ہیں تلخی کام و دہن لیے
ع اک مہکتی ہوئی سرشار نگاہی گم ہے

ایسے اسقام صرف شاعر کے کلام کو مجروح نہیں کرتے ہیں، بہت سے نئے شعرا کو گمراہ کرنے کا فرض بھی انجام دیتے ہیں۔

خورشید الاسلام کی غزلیں، ان کی نظموں سے بھی کم دل کش ہیں کہیں ردیفیں اکھڑی اکھڑی سی ہیں، کہیں غزلوں پر نظم کا سایہ پڑ گیا ہے جس سے نہ غزل کا حسن باقی رہا ہے نہ نظم کا رنگ چمک سکا ہے۔ مثلاً

یار کا دامن نہ جانے کب چھٹا — گرمی بازار میں کھویا گیا
بیچ دی میں نے بنوت کی قبا — کوچۂ عطار میں کھویا گیا
حیف وہ راہی کہ منزل کے قریب — چشمۂ دکھسار میں کھویا گیا

خورشید الاسلام سودا سے متاثر ہیں کہیں کہیں یہ رنگ نمایاں بھی ہے لیکن اور بہت سے رنگ بھی نظر آتے ہیں کہیں فراق کی صدائے بازگشت سنائی دیتی ہے۔

کوئی فریب تراشو کوئی چراغ جلاؤ — یہ ایک رات کسی طور سے بسر کر جاؤ
طرح طرح سے دلوں کو تپا تپا کے رجاؤ — فریب غیر تو کھائے فریب یار بھی کھاؤ
یہاں تو کوئی نہیں دل تلک اکیلا ہے — قبا کے بند تو کھولو، ہمارے پاس تو آؤ

کہیں انشا کی قلندرانہ آواز کی گونج سننے میں آتی ہے۔

اتنا تو ذرا سوچو کہ جس شہر کے تم ہو — اس شہر کا میں بھی ہوں میاں مجھ کو نہ چھیڑو
عاشق ہوں سپاہی ہوں مجھے سہل نہ جانو — کھیلو کوئی دن تیر و کماں مجھ کو نہ چھیڑو

کہیں محض لفظوں کی الٹ پھیر ہے۔

وہ چند روز کہ جن کی بہار لٹ نہ سکی — وہ چند روز جنھیں ہم بہار کر نہ سکے
وہ ابتدا جو ہمیں آشکار کر نہ سکی — وہ انتہا جسے ہم آشکار کر نہ سکے
وہ زندگی جو ہمیں معتبر سمجھ نہ سکی — وہ موت ہم جسے بے اعتبار کر نہ سکے

غزل میں معائب زبان اور عجز بیان کی نمود بہت کھٹکتی ہے۔ اس مجموعے میں ایسے مصرعے بہت ہیں، جن پر ان عیوب کی مہریں لگی ہوئی ہیں مثلاً

ع — تمھیں بھی ہم سے رم ہونے لگا ہے
ع — ہم پی بھی پلا چکے بھی کب کے

ع کوئی وہ خندہ جو برپا نہ ہو مچل جائے

ع ہم رہے ہیں سرد سینہ یک دگر کیا کیا

غرض ان کی غزلیں تغزل ہی سے عاری نہیں، حسن بیان سے بھی محروم ہیں۔ اب غزلوں میں ایسے شعر کو لانا کرنا بہت صبر آزما کام ہے۔

سوچنا پڑتا ہے یاں رک رک کے اک اک لفظ کو اور واں چلتے ہوئے فقروں کی اک فرہنگ ہے

یہ توازن یہ تکلف یہ نہیں یہ ناپ تول معجزہ ہے معجزہ نیرنگ ہے نیرنگ ہے

اس مجموعے میں مجھے کہیں معجزۂ شاعری در کنار کرشمۂ شاعری بھی نہیں ملا۔ کہیں کہیں سیمیا کی سی نمود ضرور ہے۔ جس کا رنگ اڑتے دیر نہیں لگتی۔

"تبسم" ادیب مالیگانوی کی غزلوں کا مجموعہ ہے۔ ادیب پرانے غزل گو ہیں۔ جذبات آمیز سادگی بیان ان کے اچھے اشعار کا امتیازی وصف ہے۔ مثلاً

لٹ گیا مات ہیں اس بزم میں کس طرح ادیب تم تو بیٹھے تھے بہت دور تمہیں کیا معلوم

یہ مست مست گھٹائیں یہ سرد سرد ہوا سمجھ رہا ہوں کہ در پردہ کیا اشارا ہے

سجائی تو ہے انجمن حسرتوں نے دل اس انجمن سے بھی اکتا نہ جائے

کہیں کہیں فکر کے ہلکے ہلکے انعکاسات نے شعر میں لطف مزید کا اضافہ کر دیا ہے مثلاً

ہم اپنا ساتھ دیے جائیں یہ بھی کیا کم ہے نہ ہو ہوائے گلستاں جو سازگار نہیں

لذت آموز غم عشق ہے ساری محفل عام سوز دل پروانہ ہوا جاتا ہے

یہ مجموعہ نہایت اچھے کاغذ پر شائع ہوا ہے۔ جلد بھی بہت خوب صورت اور مضبوط معلوم ہوتی ہے کتابت اور طباعت بھی بہت سے مجموعوں سے اچھی ہے۔

سراج لکھنوی کا مجموعہ "شعلۂ آواز" صرف غزلوں کا مجموعہ ہے، جو ۱۸ء سے اکتوبر ۶۱ء تک کے کلام پر مشتمل ہے۔ سراج صاحب کی غزلوں میں مرصع سازی کی رنگ غالب ہے۔ وہ الفاظ کے نگینوں کو

کبھی مناسب اور کبھی غیر ضروری رعایتوں کے ساتھ جڑنے کے شائق معلوم ہوتے ہیں، چند اشعار سے ان کے عمومی رنگ سخن کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

گنگنے آنسو نفس میں ہلکا ہلکا سا گداز — یوں ترے شایستۂ غم گرم افسانہ رہے
وہی پانی کی چادر اوڑھ کر لب پر ہنسی آئی — خوشی کے آنسوؤں نے بھی مزاج غم کہاں بدلا
جو اشک سرخ ہے نامہ نگار ہے دل کا — سکوت شب میں لکھے جا رہے ہیں افسانے
آطور پہ پھر دل کے چڑھائی کریں اے دوست — سب ڈھنگ وہی ہیں ترے چھپنے کی ادا میں
تنکے قفس تک اڑ کے نشیمن کے آ گئے — رُخ پر ہوا کے تیر لگائے بہار نے
تم ہے غم کی دولت بھی عطا کی جائے قسطوں میں — تکلف ہر طرف ہونا ہی جو اک بار ہو جائے

ان کی غزلوں میں داخلیت اور سوز و گداز کے بجائے، فنِ تزئینِ شعر کی فراوانی ہے۔ اور یہی ان کا خاص رنگ ہے۔ جو شعر اس تکلف سے بری ہیں، وہ خوب ہیں۔ مثلاً

ہمیں خود بن گئے آئینہ دنیا کے تغیر کا — زمیں کی گردشیں بدلیں نہ دور آسماں بدلا
ہاں تم کو بھول جانے کی کوشش کریں گے ہم — تم سے بھی ہو سکے تو نہ آنا خیال میں

لیکن ایسے شعر بہت کم ہیں ــــ معمولی خیالات کو بھاری بھرکم الفاظ اور بوجھل انداز بیان میں اس طرح پیش کرنا، کہ ان میں بہ ظاہر نیا پن جھلکنے لگے، سیماب صاحب کی خصوصیت تھی۔ سراج صاحب کے یہاں بھی قابل ذکر تعداد ایسے اشعار کی ہے۔ جیسے

امانت سونپ کر بنیاد بھی حشر آفریں رکھ دی — جہاں سے ایک مٹھی خاک اٹھائی تھی وہیں رکھ دی
سراج آہ وہ نادیدہ مرکزی جلوے — ہزار زاویے بدلے نگاہ کر نہ سکے

سلیمان ادیب کے مجموعے "پاس گریباں" میں غزلوں کی قابل ذکر تعداد ہے۔ ان میں تغزل کا رنگ بے حد ہلکا ہے۔ مشق کی کمی، الفاظ کے بے محل استعمال اور سست بندشوں نے لہجے رنگی کو اور بڑھا دیا ہے ــــ باقر مہدی کی غزلیں ان کی نظموں سے بھی کم رتبہ ہیں۔ ان کی غزلوں میں وہ حسن بیان نہ ہونے کے برابر ہے جو غزل کی سب سے بڑی خصوصیت ہے۔

محسن زیدی کی غزلوں کا مجموعہ "شہر دل" اسی سال شائع ہوا ہے۔ اس مجموعے کو پڑھ کر سب سے پہلا تاثر یہ پیدا ہوتا ہے کہ شاعر نے آج کل کی عام روایت کے برخلاف، زبان و بیان کو خواہ مخواہ مجروح کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی ہے۔ نہ غزلوں میں کرتب و کرتوت کی نمائش کی ہے۔ یہ صحیح ہے کہ ان کی غزلوں میں وہ گھلاوٹ اور دل میں سما جانے والی بات نہیں ہے، جو دل خوں شدہ کا پتا دیتی ہے۔ لیکن آداب تغزل کو ملحوظ رکھنے کے فیض سے متعدد اشعار میں حسن بیان کا رنگ ضرور چمک اٹھا ہے۔ عشرت کرتپوری اور مخمور سعیدی کے مجموعوں میں بھی غزلیں ہیں، جن میں اچھے اشعار تلاش کیے جا سکتے ہیں۔ مخمور کے یہاں چستی بندش اور مشق سخن کا رنگ نمایاں ہے۔ لیکن غزلوں میں جذبات نگاری کا رنگ مدھم ہے۔ وہ دراصل نظم کے شاعر ہیں۔ اور اس میں ان کے جوہر کھلتے ہیں۔ ان شعرا کی غزلیں پڑھ کر یہ بھی اندازہ ہوتا ہے کہ یہ محض خیالات کے شیش محل میں بند نہیں رہے ہیں۔ انھوں نے افکار و حوادث سے چشم پوشی نہیں کی ہے لیکن ان کی تبلیغ و تشہیر بھی نہیں کی ہے۔ یہ سلامت روی گرانمایگی مستقبل کی ضامن ہے۔ اگر صاحب کتاب بن جانے کے مرض سے بچے رہے (اور یہ حادثہ اکثر شعرا کو پیش آتا ہے) اور ریاض میں محو رہے، تو یقیناً اس منزل پر پہنچ جائیں گے، جہاں پہنچ کر خوشی سے جگر جمع کن و رنگ بروں آرد کا مفہوم خود بخود سمجھ میں آ جاتا ہے۔

حمید ناگپوری کا مجموعہ "حرف خاموش" اسی سال کا مئی سے شائع ہوا ہے۔ اس میں غزلیں زیادہ ہیں جن میں سادگی بیان و سادگی فکر کا رنگ نمایاں ہے کہیں کہیں ضبط شوق کی جھلک بھی دکھائی دے جاتی ہے۔ ایسے اشعار میں دل کشی و تاثیر کا ہلکا سا رنگ نظر آ جاتا ہے مثلاً

ہم سمجھتے تھے غم دل کا مداوا ہوگی
وہ نظر پرسش حالات سے آگے نہ بڑھی

اس کی نگہ مہر کا اٹھنا ہی ستم تھا
بل پڑ گئے بے رحم زمانے کی جبیں پر

اپنی ہستی کا نہیں ہوش مگر حال یہ ہے
دل تری یاد سے غافل نہیں ہونے پاتا

رباعیات

غزل گوئی کے ساتھ ساتھ رباعی کی طرف بھی توجہ بڑھتی جا رہی ہے۔ رباعی ان شاعروں کی ذہنی تسکین کے کام بھی آتی ہے، جو گہرے اور نسبتہً بڑے خیال کو پیش کرنا چاہتے ہیں، اور نظم کے وسیع کینوس

پر گل کاری سے بچنا چاہتے ہیں۔ رباعی میں اس کی ہیئت اور مخصوص وزن کے لحاظ سے زور بیان کا رنگ زیادہ چمکتا ہے لیکن اسی نسبت سے یہ مشکل بھی ہے نظم کے بیش تر مجموعوں میں رباعیوں کی خاصی تعداد موجود ہے لیکن بہت کم رباعیاں قابل ذکر ہیں۔ اس عرصے میں شائع ہونے والے مجموعوں میں، تین مجموعے ایسے میرے پیش نظر ہیں جن میں صرف رباعیاں ہیں۔ ۱۔ رس ۲۔ شام و شفق ۳۔ گل رعنا۔

"رس" جناب جگر بریلوی کی رباعیوں کا مجموعہ ہے۔ جگر صاحب نہایت پختہ عشق اور قادر الکلام شاعر ہیں۔ ان کی رباعیوں پر بھی قدرت کلام کا رنگ چھایا ہوا ہے لیکن تقاضائے عمر یا بھی ہوئی طبیعت، جو بھی سبب ہو، اس مجموعے کی رباعیاں بالعموم زور بیان اور خروش پنہاں سے خالی ہیں۔

"گل رعنا" رعنا جگی کا مجموعہ ہے۔ اس کا ایک قابل ذکر حصہ، حسن بیان و چستی بندش کے لحاظ سے خوب ہے خصوصاً جو رباعیاں "عورت" کے موضوع پر کہی گئی ہیں، وہ پاکیزگی خیال اور حسن بیان کی بنا پر خصوصی توجہ کی مستحق ہیں۔ ان میں عورت کو محض فشار آغوش کا مستحق نہیں بتایا ہے۔ نہ صرف رنگینی پیرہن تک بات کو محدود رکھا ہے، اس کی صنفی پاکیزگی، تقدس، غم گساری، اور عظمت کو دل کش انداز کر پیش کیا ہے۔ ایک رباعی سے اس کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

تسکین دہ ذوق تمنا تو ہے　　آسودگی شوق تماشا تو ہے
انسان کے دل میں ازل سے ہی پنہاں　　اس درد محبت کا مداوا تو ہے

اندازہ ہوتا ہے کہ رعنا کے مزاج کو رباعی سے گہرا تعلق ہے۔ اور یہ بڑی بات ہے۔

"شام و شفق" ڈاکٹر سلام سندیلوی کی تلمیحی رباعیوں کا مجموعہ ہے۔ سلام صاحب نے رباعی پر ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی ہے۔ اس مجموعے کی دو خصوصیتیں قابل ذکر ہیں، (۱) اس مجموعے کی ہر رباعی میں کسی تلمیح کو نظم کیا گیا ہے۔ اور حاشیے میں اس کی تشریح کی گئی ہے۔ پورا مجموعہ پاکٹ سائز کا تاریخچۂ تلمیحات بن کر رہ گیا ہے جس کو شاعری سے کہیں تو بہت دور کا علاقہ ہے اور اکثر وہ معدوم ہے۔ سلام صاحب نے آغاز میں لکھا ہے: "مجھے اس کا احساس ہے کہ بہت سی رباعیاں خشک اور روکھی پھیکی ہیں اور محض واقعات کی کھتونی معلوم ہوتی ہیں تاہم اتنا عرض کروں گا کہ اس کی رباعیاں اردو میں نہیں کہی گئی ہیں۔" سلام صاحب نے کچھ زیادہ احتیاط اور کسر نفسی سے کام لیا

حقیقت یہ ہے کہ سب ہی رباعیاں خشک اور روکھی پھیکی ہیں۔ ممکن ہے سلام صاحب نے ایک تاریخی ضرورت کو پورا کیا ہو، لیکن شاعری سے اسے کوئی علاقہ نہیں ہے۔ دوسری اس سے بھی بڑی خصوصیت یہ ہے کہ اس مجموعے کی ۱۵۰ رباعیوں میں سے کم از کم ۴۸ رباعیاں ایسی ہیں، جن کا ایک مصرع یا دو مصرعے ساقط الوزن ہیں۔ ناطقہ سر بگریباں کہ اسے کیا کہیے!! اس کا دیباچہ نیاز صاحب نے لکھا ہے۔

تراجم

دوسری زبانوں سے ترجمے کے سلسلے میں دو کتابیں قابلِ ذکر ہیں۔ (۱) شکنتلا۔ (۲) تجدید جنوں ساغر نظامی نے کالی داس کی شہرۂ آفاق تصنیف "شکنتلا" کا منظوم ترجمہ پیش کیا ہے۔ اس ترجمے میں ساغر صاحب نے بہ قول خود "کہیں کہیں اپنی تخلیقی اہلیت سے کام لے کر ان کے (کالی داس کے) دائرۂ مطالب و مفاہیم میں لطیف اضافے کیے ہیں"۔ بدقسمتی سے میں سنسکرت سے ناآشنائے محض ہوں اس لیے اس ترجمے اور ان لطیف اضافوں کے متعلق کوئی رائے ظاہر نہیں کر سکتا۔ اس منظوم ترجمے کی یہ بھی خصوصیت ہے کہ اس میں جگہ جگہ اوزان کے تغیر سے کام لیا گیا ہے۔ کہیں کہیں ایک ہی مکالمے میں اس تغیر سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ یہ ایک تجربہ ہے۔ تجربے کا فیصلہ ہمیشہ قبولِ عام سے ہوتا ہے اور اس کے لیے کچھ وقت کی ضرورت ہے۔

"تجدید جنوں" میں روس اور اس کے زیرِ اثر ممالک پولینڈ، ہنگری وغیرہ کے کچھ شاعروں کی نظموں کا ترجمہ پیش کیا گیا ہے۔ یہ ترجمہ تمور سعیدی اور جلیس عابدی نے انگریزی سے کیا ہے۔ اصل میں رابرٹ لنکولسٹ نے انگریزی میں ان ملکوں کے شعرا کی کچھ نظموں کا ترجمہ مع مقدمہ شائع کیا تھا۔ "تجدید جنوں" ی کا اردو ترجمہ ہے۔ یہ کتاب اس لحاظ سے قابلِ ذکر ہے کہ پہلی بار اردو میں کئی ملکوں کی ایسی نظموں ا ترجمہ پیش کیا گیا ہے، جنھوں نے ایک دوسرے سے دور رہ کر، گرد و پیش چھائے ہوئے حالات کی سانیت کی بنا پر، کچھ مشترک باتیں کہی ہیں۔ فکر کی گہرائی یا جذبات کی فراوانی کی تلاش ان نظموں میں مث ہے۔ ان کا مقصد بھی یہ نہیں ہے۔ ان سب کا موضوع قریب قریب ایک سا ہے۔ اسی لیے نفسِ بیان اور تنوعِ جذبات یا تنوعِ فکر سے معرا ہیں۔ کچھ نظموں میں سپاٹ پن بے حد نمایاں ہے۔ بعض نظموں میں ایمائی اندازِ بیان کے بعض اچھے نمونے مل جاتے ہیں — ایک بات کا اور واضح

احساس ہوتا ہے کہ جو ترجمے نظم آزاد کی صورت میں کیے گئے ہیں، ان میں حسن بیان نہ ہونے کے برابر ہے جبکہ پابند ترجموں میں سے بعض میں دو چار جگہ حسن بیان کی خوبیاں موجود ہیں۔

انتخابات

اچھے انتخابات کی اہمیت سے کوئی شخص انکار نہیں کر سکتا۔ ان سے اس دور کے رجحانات اور رفتار ادب کا صحیح اندازہ ہوتا رہتا ہے۔ قدیم ادب کے اچھے انتخابات تیار کرنے کی تو بے حد ضرورت ہے۔ مولانا حسرت موہانی اور کیفی جڑیا کوٹی کے انتخابات اپنی نوعیت کے لحاظ سے آج بھی پر اہمیت ہیں۔ آج کل خالص علمی شغف کے بجائے تجارتی ذہنیت غالب ہے۔ نتیجہ یہ ہے کہ اگر کوئی کام کیا بھی جاتا ہے تو اس کا مقصد نفع حاصل کرنا ہوتا ہے ــ ان دو برسوں میں جو انتخابات شائع ہوئے ہیں ان میں سے مندرجۂ ذیل کتابیں قابلِ ذکر ہیں۔ ۱۔ اردو شاعری کا انتخاب۔ ۲۔ گل صد رنگ ۳۔ دیوان میر، ۴۔ ارمغان نعت، ۵۔ غزلیں، ۶۔ انتخاب داغ۔

"اردو شاعری کا انتخاب" ملک کے مقتدر ترین ادارے، ساہتیہ اکیڈمی نے شائع کیا ہے۔ مرتب اردو کے مشہور محقق ڈاکٹر محی الدین قادری زور ہیں۔ مرتب کے الفاظ میں یہ اردو شاعری کا نمائندہ اور مکمل انتخاب ہے۔ لیکن درحقیقت غلط نگاری، بدمذاقی، تحریف اور بدسلیقگی کا شاہکار ہے۔ دکنی اشعار کا آسان اردو میں ترجمہ کر دیا گیا ہے اور آسان اردو اشعار کو غالباً مزید آسان بنانے کے لیے بہ تبدیل الفاظ لکھا گیا ہے۔ بیش تر شاعروں کے حالات و سنین غلط ہیں، اور مختصر سی تنقیدی رائیں بچکانہ لطائف کا مجموعہ معلوم ہوتی ہیں۔ اردو کے بہت سے بہترین شاعر اس انجمن میں نہیں ہیں۔ نیز شاعری کی جملہ اصناف کی صحیح نمائندگی بھی نہیں ہوئی ہے۔ یہ کتاب مکتبہ جامعہ کے اہتمام سے شائع ہوئی ہے۔ اور مکتبہ کی روایت کے برخلاف اس کے ہر صفحے پر کتابت کی دو چار غلطیاں موجود ہیں، جنھوں نے رہی سہی کمی کو بھی پورا کر دیا ہے۔ البتہ اس طرح مرتب اور ناشر کی کارکردگی میں ایک حد تک توازن ضرور پیدا ہو گیا ہے۔ ساہتیہ اکیڈمی جیسے ادارے سے ایسی بے سروپا اور مجموعۂ اغلاط کتاب کا شائع ہونا افسوس ناک بھی ہے اور شرمناک بھی۔ یہ طالب علموں کی گمراہی کا سامان ہی نہیں، اردو شاعری کو رسوا کرنے کی عالمانہ کوشش بھی ہے۔

دیوانِ میر، سردار جعفری کا کارنامہ ہے۔ انھوں نے دیوانِ غالب، کے بعد میر کے انتخاب کو مع فرہنگ مقدمہ اردو ہندی دونوں رسم خط میں شائع کیا ہے۔ اس کا کاغذ نہایت دبیز رنگین اور بہت ہی اچھا ہے۔ جلد بہت ہی خوب صورت ہے، بس اس کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ سب سے زیادہ افسوس کی بات یہ ہے کہ اس کا ٹائپ بہت خراب ہے۔ جس میں جگہ جگہ حرفوں کے جوڑ علاحدہ علاحدہ نظر آتے ہیں۔ بعض صفحوں پر سیاہی اس طرح پھوٹ گئی ہے۔ کہ پورا صفحہ کسی گناہ گار کے نامۂ اعمال کا ورق معلوم ہوتا ہے اس ٹائپ کو دیکھ کر اردو کے ٹائپ کی طرف سے کراہت سی پیدا ہو جاتی ہے۔ جب کہ مقابل کے صفحے پر ہندی کا ٹائپ نہایت پاکیزہ ہے۔ اگر یہ اردو کی یا ٹائپ کی خدمت ہے تو پھر خدا حافظ ہے! صحت متن کے لحاظ سے بھی پریشان کن صورت حال ہے۔ جگہ جگہ غلطیاں ملتی ہیں۔ اور بہت بری۔ عبادت صاحب نے بھی کلیات میر کراچی سے شائع کیا ہے، فرقت کاکوروی کا یہ جملہ اس پر مکمل تبصرے کی حیثیت رکھتا ہے کہ "دو کتابیں ایک ساتھ مرتب کر دیں ایک کلیاتِ میر، دوسرا اس کا غلط نامہ" سردار جعفری نے اسی نسخہ عبادت کو بھی اپنے مآخذ میں گنایا ہے۔ اس کے بعد اگر متن غلط ہو، تو کیا جائے تعجب ہے!! یہ محسوس ہوتا ہے کہ ساری توجہ کاغذ اور جلد پر مبذول کی گئی ہے۔ کیوں کہ اس کی قیمت بیس روپیہ رکھی ہے۔ یہ ادب دوستی نہیں ادب کے پردے میں تجارت ہے۔ یہ کہاں کی ادب دوستی ہے کہ آپ ایک انتخاب کے بیس روپے وصول کر کے، غلط سلط اشعار اور بھونڈے ٹائپ کا مجموعہ حوالے کر دیتے ہیں ـــــ کچھ کتابیں اس لیے بھی ہوتی ہیں کہ بعض نمود و نمائش کے شوقین ان کو خرید کر ڈرائنگ روم میں احتیاط سے رکھ دیتے ہیں کہ نگاہوں کا مرکز بنتی رہیں۔ یہ کتاب بھی اسی فہرست میں شامل کی جا سکتی ہے۔ اور اس کا کوئی مصرف نہیں معلوم ہوتا۔

شارب ردولوی نے غزلوں کا ایک انتخاب گل صد رنگ کے نام سے مرتب کیا ہے۔ تقریباً ساڑھے پانچ سو صفحات کا یہ انتخاب بل گل بنیے کی دکان کا منظر پیش کرتا ہے۔ جس میں نہ کوئی اصول ہے نہ وجہ انتخاب سمجھ میں آتی ہے۔ ۵۳۶ غزل گو شعرا کے جواہر پارے اس میں شامل ہیں۔ مرتب نے وجہ انتخاب یہ بتائی ہے کہ اس سے شاعری کے موجودہ رنگ و آہنگ کا کچھ اندازہ ہوگا لیکن افسوس ہے کہ یہ اندازہ مطلق نہیں ہوتا۔ محض کتاب کو زیادہ سے زیادہ ضخیم بنانے کی کوشش کی

گئی ہے۔ ممکن ہے تجارتی نقطۂ نظر سے یہ بات مناسب ہو، لیکن مرتب کے دعوے کو اس سے کوئی تعلق نہیں ہے ـــــ "ارمغانِ نعت" نعتیہ کلام کا انتخاب ہے، جس کو والی آسی اور ساجد صدیقی نے مرتب کیا ہے۔ مرتبین نے محنت کی ہے۔ اور بہت سے فارسی و اردو شعرا کا کلام جمع کر دیا ہے۔ لیکن کسی اصول کو پیشِ نظر نہیں رکھا ہے۔ نعتیہ قصائد، اور مثنویات کے شعر اس طرح درج ہیں کہ غزل کے اشعار معلوم ہوتے ہیں۔ طویل قصائد میں سے ۸، ۱۰ شعر منتخب کیے گئے جس سے ان شعرا کی نمایندگی نہیں ہوتی ہے۔ کسی جگہ کوئی حوالہ بھی نہیں دیا گیا ہے۔ حالاں کہ یہ بہت ضروری بات ہے۔ مرتب حضرات اگر اس پر نظرِ ثانی کر کے، اس کی ان خامیوں کو دور کر دیں، تو اپنی نوعیت کا یہ اچھا انتخاب ہوگا۔ بعض نہایت غیر معروف اور غیر اہم شعرا کو معلوم نہیں کیوں شامل کیا گیا ہے؟ کتاب کو اگر سلیقے سے مرتب کرنا ہو، تو دوست نوازی یا مروت سے کچھ دیر کے لیے قطع تعلق کرنا ضروری ہوتا ہے۔ دوسری اشاعت میں غیر اہم شعرا کا کلام نکال کر اُن کے بجائے معروف شعرا کا کلام بڑھا دیا جائے اس حد تک کہ اس کی صحیح نمایندگی ہو، تو بہتر ہے۔

"غزلیں" شاہد علی خاں کا مرتب کیا ہوا، غزلوں کا انتخاب ہے۔ جو اس سال پانچویں بار شائع ہوا ہے۔ یہ انتخاب اچھا ہے، لیکن ایک عجیب بات یہ ہے کہ پچھلے اڈیشن کی بعض اچھی غزلیں اس میں نہیں ہیں۔ اس طرح یہ نیا اڈیشن مرتب کی نظرِ ثانی کا محتاج ہو گیا ہے۔ شاہد صاحب اگر اس میں قدیم و جدید شعرا کی کچھ نمایندہ غزلیں اور شامل کر دیں، اور ایک مفصل مقدمہ لکھ دیں، تو اس انتخاب کی خوبی اور افادیت میں اور اضافہ ہو جائے۔ مقدمے کی کمی بری طرح محسوس ہوتی ہے۔

"انتخابِ داغ" ڈاکٹر عقیل کا مرتب کیا ہوا ہے جسے ہندوستانی اکیڈمی الہ آباد نے شائع کیا ہے۔ اس سے پہلے داغ کے دو قابلِ ذکر انتخاب شائع ہو چکے ہیں۔ ایک مولانا احسن مارہروی مرحوم کا دوسرا مولانا حامد حسن قادری کا مرتب کیا ہوا۔ جس کا نام "کمالِ داغ" ہے۔ مرتب نے ۴۰ صفحے کا مقدمہ بھی لکھا ہے۔ انتخاب کا تعلق ذاتی پسند و ناپسند سے بھی ہوتا ہے۔ اس لیے اس میں اختلاف کی گنجائش کچھ نہ کچھ تو نکل ہی سکتی ہے۔ لیکن مجموعی طور سے یہ اچھا خاصا انتخاب ہے۔ ایک اچھی بات یہ ہے کہ اس میں اغلاطِ کتابت بہت کم ہیں۔ اور یہ مسرت آمیز تعجب کی بات ہے۔ البتہ مقدمہ کچھ ناتمام سا

معلوم ہوتا ہے۔ داغ کی شاعری پر اچھے زاویے سے روشنی ڈالی گئی ہے۔ پھر بھی تمہید، ذاتی حالات اور رنگ سخن کے ذیل میں کچھ اور ضروری باتیں بھی کہی جا سکتی تھیں۔ آج کل مذاق تحقیق بڑھ رہا ہے۔ اس لیے کسی ادیب و شاعر کے حالات پڑھتے وقت اصول تحقیق اور معیار تحقیق کا خیال آجانا لازمی سا ہے۔ مقدمہ میں اس کی بھی کمی محسوس ہوتی ہے۔ پچھلے دو اچھے انتخابات کی موجودگی میں حسن ترتیب اور مقدمے کی جامعیت یہی دو چیزیں کسی نئے انتخاب کے جواز کی وجہ بن سکتی ہیں۔

تحقیقی اڈیشن

ڈاکٹر ذوالحسن ہاشمی نے دو قدیم مثنویوں کو مرتب کر کے شائع کیا ہے۔ (۱) مثنوی سراپا سوز مصنفہ قاضی محمد صادق خاں اختر (۲) طوطی نامہ مصنفہ جعفر علی حسرت بقول تمہید دونوں مثنویاں بجائے خود کوئی اہمیت نہیں رکھتی ہیں۔ ان کو شائع کر کے ہاشمی صاحب نے اچھا کام کیا، لیکن زیادہ اچھا ہوتا کہ وہ حسرت کی اس معمولی سی مثنوی کے بجائے اس کا دیوان شائع کر دیتے۔ ہمارے یہاں قدیم دواوین کو مرتب کرنے کی طرف بہت کم توجہ کی گئی ہے۔ کیا یہ افسوس کی بات نہیں کہ ابھی تک میر، سودا، سوز، درد، قائم مصحفی، ذوق اور دوسرے قدیم شعراء کے مکمل اور قابل اعتماد مجموعے ہمارے پاس نہیں۔ عالم یہ ہے کلیات سودا کے نول کشور اڈیشن میں نہ معلوم کتنی غزلیں میر سوز کی ہیں۔ یہی صورت اور دواوین ہے۔ اس طرف خصوصیت کے ساتھ توجہ کرنے کی ضرورت ہے۔ اس عرصے میں میرے علم کے مطابق کوئی قابل ذکر کتاب شائع نہیں ہوئی ہے۔

طباعت

ادھر پندرہ سال کے عرصے میں، کتابوں کو سلیقے سے پیش کرنے کا رجحان بڑھا ہے۔ ان دو برسوں کتابوں کو اہتمام کے ساتھ شائع کرنے کی طرف خصوصی توجہ کی گئی ہے۔ کاغذ، طباعت، گرد پوش آرائش بیرون در کے سارے انداز جلوہ فرما ملتے ہیں۔ اور بعض کتابیں تو ایسی ہیں کہ ان کے حسن ظاہر کھائی جا سکتی ہے۔ ایسی کتابوں میں شبنم شبنم، شکنتلا، تلخیاں، سخن مختصر، رگ جاں، تجدید جنوں، میر مرتبہ سردار جعفری قابل ذکر ہیں۔ ان سب میں حسن طباعت کے لحاظ سے شبنم شبنم کو درجہ فضیلت ہے۔ اور نفیس ترین کاغذ کے لحاظ سے "تلخیاں" کو۔ لیتھو میں چھپنے والی کتابوں میں بہ لحاظ حسن طباعت

"شکنتلا" سب سے اچھی کتاب ہے۔

ایک کمی کا احساس بری طرح ہوتا ہے۔ عام طور سے اچھے کاغذ، اچھی طباعت اور بہت اچھے گرد پوش کا تو خیال رکھا جاتا ہے، لیکن اچھے ٹائپ یا حسن کتابت کی طرف کم توجہ کی جاتی ہے۔ کتابت ایک فن ہے، جو کاروبار کی حد تک تو اب بھی جاری ہے، لیکن بہ لحاظ فن روبہ زوال ہے اس کے مختلف اسباب ہیں۔ من جملہ ان کے ایک سبب ناشرین یا مصنفین کی کم توجہی بھی ہے۔ بلاک اور آفسٹ نے چمک دمک میں اضافہ کر دیا ہے۔ کاغذ کی اچھائی بھی اس میں چار چاند لگا دیتی ہے لیکن جائزہ لیا جاتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ کتابت اتنی اچھی نہیں ہے۔ پہلے کتابت اچھی ہوتی تھی، طباعت خراب تھی، اب کاغذ و طباعت خوب ہے تو کتابت اچھی نہیں۔ یہ بات قابلِ توجہ ہے۔ مثلاً شبنم شبنم کو دیکھ کر "عروس جمیل" کی یاد تازہ ہو جاتی ہے، لیکن بہ لحاظ کتابت یہ بھی عام کتابوں کی ہم پلہ ہے۔

پاکٹ بک سیریز

اسی زمانے میں پاکٹ سائز کتابوں کا سلسلہ بھی شروع ہوا ہے۔ ہر کتاب کی قیمت ایک روپیہ ہے۔ اس میں بیش تر نظم کی کتابیں چھپی ہیں۔ دیکھتے دیکھتے اس سلسلے نے بہت مقبولیت حاصل کر لی۔ اس وقفۂ مختصر میں اس کی کئی لاکھ جلدیں بک چکی ہیں۔ ذیل میں صرف چند کتابوں کی تعداد اشاعت درج کی جاتی ہے، جن سے اس سلسلے کی مقبولیت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

دیوانِ غالب، ۱۳ ہزار؛ انتخاب ظفر، ۱۲ ہزار؛ انتخاب داغ، ۸ ہزار؛ بانگ درا، ۵ ہزار؛ دیوانِ ذوق، ۵ ہزار؛ رومانی شاعری کا انتخاب، ۷ ہزار؛ ساقی نامے، ۳ ہزار؛ ارمغانِ حجاز، ۳ ہزار؛ شاہنامۂ اسلام، ۸ ہزار (اعداد و شمار جناب انور کمال حسینی کے فراہم کیے ہوئے ہیں۔ میں موصوف کا مشکور ہوں۔)

اندازہ ہے کہ اب تک ایسی کتابوں کی کئی لاکھ جلدیں بک چکی ہیں — ہمارے یہاں بعض کاموں کی طرف بہت کم توجہ کی جاتی ہے، یا بہت دیر میں۔ اس وقت تک کسی خالص ادبی معیاری ادارے نے اس کام میں ہاتھ نہیں لگایا ہے۔ نتیجہ یہ ہے کہ صحت متن تباہ ہو کر رہ گئی۔

انتظامات بھی اچھے نہیں ہیں۔ اسی بنا پر اب پہلے کی بہ نسبت ان کتابوں کی بکری کچھ کم ہوگئی ہے اس سلسلے کی بدولت اُردو کتابوں کی اشاعت اور مقبولیت میں بہت اضافہ ہوا ہے۔ آج ہم کو ہر ایسی تحریک کی طرف ضرور توجہ کرنا چاہیے، جو اُردو کی اشاعت اور مقبولیت میں معاون ہو۔ اب بھی اگر مکتبۂ جامعہ یا اسی سطح کا کوئی ادارہ، اس طرف توجہ کرے، اور اپنے روایتی اہتمام کے ساتھ اس سلسلے کو جاری کرے تو یہ بات ہر لحاظ سے ادب و زبان کے لیے مفید ہوگی۔ جو لوگ آج بھی قیمتی دیوان خریدتے ہیں وہ کل بھی خریدیں گے۔ البتہ جو لوگ چھ روپے یا دس روپے خرچ کرکے کتاب نہیں خرید سکتے ہیں، اور خریدنا چاہتے ہیں، وہ اس سے مستفیض ہوں گے۔

۲۰، ۲۲ ماہ کی مدت میں شائع ہونے والے مجموعوں کا یہ سرسری سا جائزہ ہے۔ بعض کتابیں اس تبصرے میں شامل نہ ہوسکیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ بروقت دستیاب نہیں ہوسکیں۔ ان میں منور لکھنوی کی غزلوں کا مجموعہ "نوائے کفر" تلوک چند محروم کی غزلوں کا مجموعہ "شعلۂ نوا" مانی جائسی کے قصائد کا مجموعہ "وادیٔ ایمن" اور اختر الایمان کی نظموں کا مجموعہ "یادیں" قابلِ ذکر ہیں۔ یہ مضمون حوالۂ کاتب ہوچکا تھا، تب اختر الایمان کا مجموعہ سامنے آیا افسوس رہا کہ ایک اتنی اچھی کتاب شامل تبصرہ نہیں ہوسکی۔ ایک بات اور عرض کرنا ہے کہ ہمارے باشعور ناقدین اگر معمولی معمولی مجموعوں پر مبالغہ آمیز دیباچے لکھنے سے پرہیز کریں اور کچھ دیر کے لیے جانب داری و مصلحت پسندی سے بے نیاز ہو جایا کریں، تو صورتِ حال اور بہتر ہوسکتی ہے۔ ہمارے کچھ ناقد بہت سے شعرا کو بے راہ رو بنانے یا ضروری امور کی طرف سے تغافل برتنے میں مدد دینے کے ضرور مجرم ہیں۔ یہ سلسلہ جس قدر جلد ختم ہو جائے، اچھا ہے۔

وفیات ۱۹۶۱ء

جناب خواجہ حافظ نبی احمد

۹ مارچ : مولوی محمد ظفر صاحب ایم اے، ایل ایل۔ بی وکیل گورنمنٹ کالج سرگودھا (پاکستان) میں انتقال ہوا۔ آپ نے کئی مذہبی کتابیں لکھی ہیں۔ کئی رسالوں کے مستقل مضمون نگار تھے۔

۱۴ مارچ : ڈاکٹر خان بہادر حاجی محمد حبیب اللہ خاں ریٹائرڈ ڈپٹی کلکٹر جنوری ۱۸۶۸ء میں پیدا ہوئے تھے۔ آپ سرسید کے خاص صحبت یافتہ اور ان کا فیض اٹھائے ہوئے تھے۔ ان کا حافظہ بلا کا تھا ۱۸۸۶ء سے انھوں نے روزنامچہ لکھنے کا جو اہتمام کیا تھا اسے مرتے دم تک ترک نہیں کیا۔ اگر یہ چھپ گیا تو تحریک علی گڑھ سے متعلق بہت سی عجیب و غریب معلومات سامنے آئیں گی۔ آپ نے صاحبزادہ آفتاب احمد خاں کی سوانح عمری حیات آفتاب کے نام سے لکھی تھی۔ ۱۴ مارچ کو انتقال کیا۔

۲۹ مارچ : سید احمد حسین امجد حیدرآبادی۔ ۷ فروری ۱۸۸۶ء کو حیدرآباد میں پیدا ہوئے اپنے دور کے ممتاز شاعر تھے۔ رباعی گوئی میں اس زمانہ میں ان کا کوئی جواب نہیں ہے۔ ان کی تصانیف حسب ذیل ہیں ۱۔ ریاض امجد دو جلدیں ۲۔ رباعیات امجد۔ ۳۔ ع امجد ۴۔ جمال امجد ۵۔ پیام امجد ۶۔ گلستان امجد۔ ۲۹ مارچ ۶۱ء کی رات میں ساڑھے دس بجے انتقال کیا۔

۲۷ مئی : خواجہ دل محمد مشہور ریاضی داں تھے۔ اور اسلامیہ کالج لاہور کے پرنسپل رہ چکے ہیں تقریباً ۷۷ سال کی عمر پائی۔ ریاضی پر ان کی ۳۲ کتابیں درسی کتب میں شامل تھیں۔

۲۷ مئی : سید تمکین کاظمی۔ حیدرآباد کے ممتاز ادیب کا حرکت قلب بند ہو جانے کی وجہ سے انتقال ہوا۔ آپ ادارۂ ادبیات اردو کے لئے تذکرہ نوادرانِ دکن لکھ رہے تھے۔ انھیں مرکزی وزارت تعلیم کی طرف سے سو روپے کا ماہانہ وظیفہ ملتا تھا۔ آپ داغ کے شاگرد تھے۔ تقریباً ۶۰ سال کی عمر پائی۔ حکومت ہند نے ان کی بیوہ کے لئے بھی سو روپے ماہانہ وظیفہ مقرر کر دیا ہے۔ آپ ۲۵ نومبر ۱۹۰۲ء کو حیدرآباد میں پیدا ہوئے تھے۔ آپ نے تقریباً ایک درجن کتابیں لکھی ہیں۔ جن میں

بعض کے نام یہ ہیں۔ ۱۔ تذکرہ ریختی ۲۔ فریاد داغ ۳۔ مرثیہ داغ ۴۔ اسکر وائلڈ کی کتاب ارنسٹ کا ترجمہ۔

جون: صدیق حسن مولانا شرر کے لڑکے تھے۔ آپ کافی مدت سے بیمار تھے۔ آپ عرصے تک دکن لاء کے اڈیٹر رہے۔ اس کے بعد انجمن ترقی اردو سے وابستہ ہو گئے اور کئی سال وہاں پر رہے حکومت نے ان کا ایک سو روپے وظیفہ بھی مقرر کر دیا تھا۔ آپ اپنے والد کی سوانح عمری لکھ رہے تھے۔

۳۰ جون: پروفیسر سید نواب علی ایک عرصے سے بیمار تھے۔ آپ نے کئی کتابیں لکھی ہیں لیکن ان میں سے دو کتابیں نہایت ہی قابل قدر ہیں۔ ایک سیرۃ الرسول اور دوسری تاریخ صحف سماوی آپ مولانا محمد علی اور علامہ شبلی کے دوستوں میں تھے۔ ان کا اصل وطن نیوتنی ضلع اناؤ تھا۔ بڑودہ اور گجرات میں سرکاری ملازم رہے۔ ملازمت سے ریٹائرڈ ہونے کے بعد بابت جوناگڑھ میں وزیر تعلیم ہو گئے تھے اس سے سبکدوش ہونے کے بعد اپنے وطن لوٹ آئے تھے۔ قیام پاکستان کے بعد ہی چلے گئے۔ آپ بمبئی یونیورسٹی کی سینٹ کے ممبر بھی رہ چکے ہیں اور عربی فارسی کے ممتحن بھی تقریباً ۸۴ سال کی عمر پائی۔

۱۲ جولائی: خان بہادر ظفر حسین خاں انسپکٹر آف اسکولز کے ممتاز عہدہ پر فائز رہ چکے ہیں۔ ریٹائرڈ ہونے کے بعد عرصہ تک شیعہ کالج لکھنؤ کے پرنسپل رہے۔ ان کا خاص موضوع فلسفہ تھا۔ اس موضوع پر ان کی کئی تصانیف ہیں۔ ان کی تصانیف پر ساہتیہ اکاڈیمی نے پانچ ہزار روپے کا انعام دیا تھا۔ آپ علامہ شبلی کے شاگرد تھے۔ آپ کا لکھنؤ میں انتقال ہوا۔

۱۶ اگست: مولوی عبدالحق بابائے اردو ۱۸۷۰ء میں ہاپوڑ ضلع میرٹھ میں پیدا ہوئے اور ۱۶ اگست ۱۹۶۱ء کو ہی وفات پائی۔ (رسالہ جامعہ بابت ماہ ستمبر ۱۹۶۱ء میں مفصل مضمون شائع ہو چکا ہے)

۲ اگست: مولوی سید عطاء اللہ شاہ بخاری شعلہ بار مقرر خوش گو واعظ، کٹر نیشنلسٹ اور راسخ العقیدہ مسلمان تھے۔ علم و مذہب اور ملک و ملت کی بڑی خدمت کی۔ ۲۱ اگست کو ملتان میں انتقال کیا۔

۲ ستمبر: ہادی مچھلی شہری مشہور شاعر عرصہ سے دمہ کے مریض تھے۔ آپ کی طبیعت غزل گوئی سے زیادہ مناسبت رکھتی تھی۔ آپ جگر مراد آبادی کے قدیم دوستوں میں تھے۔ آپ کا ایک مجموعہ کلام نوائے دل کے نام سے ۱۹۴۴ء میں الہ آباد سے شائع ہوا تھا۔ آپ کے والد عبدالرزاق صاحب شاکر، مرزا غالب کے شاگرد تھے۔ چنانچہ ان کے نام سے بہت سے خطوط مکاتیب غالب میں ہیں۔ آپ نے ۸۰ سال کی عمر پائی۔

۲ ستمبر: ابوالعلا چشتی (حاجی اسحاق) آپ پاکستان کے پرانے صحافی تھے۔ صحافت میں مولانا ظفر علی خاں کے شاگرد تھے۔ ان کی بہت مقبولیت تھی۔ ان کے فکاہات دلچسپی سے پڑھے جاتے تھے۔ آپ طویل عرصہ سے بیمار تھے میو ہسپتال لاہور میں انتقال ہوا۔

(باقی صفحہ ۱۰۲ پر ملاحظہ فرمائیے)

ید و تبصرہ

۱۹۶۱ء کی مطبوعات پر ایک نظر

علمی و مذہبی کتابیں

ہندوستان اور پاکستان میں ایسے ادارے صرف چند ہیں، جو سنجیدہ اور معیاری علمی و مذہبی کتابیں شائع کرتے ہیں۔ پاکستان کے اداروں کے متعلق ڈاکٹر عبادت بریلوی صاحب نے تفصیل سے لکھا ہے۔ ہندوستان میں ایسی کتابیں زیادہ تر دار المصنفین سے شائع ہوتی ہیں۔ خط لکھنے کے باوجود ہمیں معلوم نہ ہو سکا کہ زیر تبصرہ سال میں دار المصنفین سے کوئی کتاب شائع ہوئی ہے۔ البتہ ندوۃ المصنفین سے آخر دسمبر اور شروع جنوری میں کچھ کتابیں شائع ہوئی ہیں۔ چند کتابیں پاکستان سے بھی موصول ہوئی ہیں۔ ان کتابوں کا مختصر تعارف ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

علمائے سلف و نابینا علماء از مولانا حبیب الرحمٰن خاں شروانی مرحوم۔

علمائے سلف اور نابینا علماء نواب صدر یار جنگ مرحوم کی دو مشہور و مقبول کتابوں کو مزید تشریح و توضیح کے ساتھ بڑے سائز پر شائع کیا گیا ہے۔ اس میں مصنف کے بارے میں مولانا سید سلیمان ندوی مرحوم کا ایک طویل مضمون اور مفتی محمد انتظام اللہ شہابی صاحب کا ایک مبسوط مقدمہ بھی شامل ہے۔ اس نئی شکل میں کتاب پہلے سے کہیں زیادہ مفید ہو گئی ہے۔ قیمت نو روپے

شیخ عبد القدوس گنگوہیؒ اور ان کی تعلیمات از اعجاز الحق قدوسی

شیخ عبد القدوس گنگوہیؒ سلسلہ چشتیہ صابریہ کے نامور صوفی گزرے ہیں۔ اس کتاب میں حضرت شیخ کے حالات زندگی، ان کی تعلیمات، سلسلہ چشتیہ صابریہ کی مختصر تاریخ اور تصوف کے اہم مسائل سے بحث کی گئی ہے۔ اس موضوع پر یہ کتاب بہت مفید اور قابل مطالعہ ہے۔ قیمت نو روپے۔

اوپر کی دونوں کتابیں اکیڈمی آف ایجوکیشنل ریسرچ آل پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس کراچی سے شائع ہوئی ہیں

تفسیر مظہری (جلد اوّل) تالیف، قاضی محمد ثناء اللہ عثمانی مجددی پانی پتی مرحوم۔

ترجمہ: مولانا سید عبدالدائم الجلالی۔

پارۂ الٓمٓ اور سبقول کی تفسیر ہے۔ قدیم طرز کی تفسیر ہے۔ بڑے سائز پر ۵۶۸ صفحات پر مشتمل ہے۔ قیمت غیر مجلد ساڑھے دس روپے۔ مجلد ساڑھے بارہ روپے۔

قرنِ اول کا ایک مدبر ۔ از خورشید احمد فارق

اس کتاب میں پہلی صدی ہجری کے ایک مدبر مختار بن ابی عُبید (وفات ۶۷ھ) کے کارنامے بیان کئے گئے ہیں۔ اس مدبر کے بارے میں مؤلف نے لکھا ہے کہ "مختار نے اپنے دست و بازو سے یہ اقتدار حاصل کیا اس کے حصول میں اس کی فکر و اجتہاد نے تو اس کا ساتھ دیا ہی، لیکن جس صفت نے سب سے زیادہ اس کی یاوری کی وہ تھی اس کی غیر معمولی تنظیمی صلاحیت، مذہبی بہروپ اور اہل بیت (خاندان حضرت علی) کی ہواخواہی"۔ قیمت غیر مجلد ڈھائی روپے۔ مجلد تین روپے۔

عرب دُنیا از مولانا محی الدین الوائی۔

اس کتاب میں خلیج فارس سے مراکش تک پھیلے ہوئے تمام عرب ملکوں کے جغرافیائی، معاشرتی اور عام حالات سے بحث کی گئی ہے۔ جدید عرب ممالک کے متعلق شاید اردو میں یہ پہلی کتاب ہے۔ قیمت مجلد ۸ر

اسلامی کتب خانے از الحاج محمد زبیر (اسسٹنٹ لائبریرین مسلم یونیورسٹی)

اس کتاب میں قرونِ وسطیٰ کے اسلامی کتب خانوں کے حالات درج ہیں۔ مؤلف نے دیباچہ میں لکھا ہے کہ "یہ دعویٰ تو نہیں کیا جا سکتا کہ اس میں ان سارے کتب خانوں کا ذکر موجود ہے جو قرونِ وسطیٰ کی وسیع عریض اسلامی سلطنتوں میں پھیلے ہوئے تھے۔ البتہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس میں بارہ برس کے کتب خانوں کی ایک واضح تصویر پیش کی گئی ہے اور مسلمانوں کے علمی شغف اور ان کی تعلیمی و تصنیفی سرگرمیوں کی ایک جھلک دکھلائی گئی ہے"۔ قیمت مجلد پانچ روپے۔

تاریخ ہند پر نئی روشنی : مترجم : خورشید احمد فارق

یہ عربی کی ایک کتاب "مسالک الابصار فی ممالک الامصار" کا ترجمہ ہے۔ اصل کتاب چونکہ قلمی ہے اس لئے ترجمے کے ساتھ اسے بھی شائع کر دیا گیا ہے۔ کتاب کے بارے میں مترجم نے لکھا ہے کہ "اس میں

ایسی نادر اور تاریخی، اجتماعی اور اقتصادی معلومات ہیں جن سے خود ہندوستان میں لکھی تاریخوں کا دامن خالی ہے۔ اس کے علاوہ اس باب میں تغلق شاہ کی آئین جہاں داری اور پبلک سیرت کی ایک ایسی تصویر بھی نظر آتی ہے جو اُس تصویر سے مختلف ہے، جو بعض ہم عصر مورخوں نے ان سے ذاتی ناراضگی یا فقہی و مسلکی اختلافات کی بنا پر پیش کی ہے..... ایسی دلچسپ معلومات ہیں جو عینی شاہدوں یا موجودہ وقت میں نایاب کتابوں سے لی گئی ہیں اور جن سے قرونِ وسطیٰ کے ہندی رسم و رواج، کلچر و عقائد کے چہرہ کے بہت سے خط و خال واضح ہو جاتے ہیں۔" قیمت مجلد چار روپے۔

اوپر کی پانچوں کتابیں ندوۃ المصنفین، اُردو بازار، جامع مسجد دہلی ۶ سے شائع ہوئی ہیں۔

انیس زندگی از محمد انیس الرحمٰن (ایڈوکیٹ)

اس کتاب میں عورت کے مسائل سے بحث کی گئی ہے۔ لفظ عورت" میں مصنف کے نزدیک نکتہ ہائے لطیف پوشیدہ ہیں یعنی ع سے عفت، و سے وفاداری، ر سے رفعت، ت سے تکمت اس کتاب کے مباحث کا خلاصہ یہ ہے کہ (۱) شادی کو لازمی قرار دیا جائے (۲) مردوں کو ایک زوجگی کے لئے مجبور نہ کیا جائے۔ فاضل مصنف کا کہنا ہے کہ انھوں نے "کوشش کی ہے کہ جنسی اور نفسیاتی پہلوؤں پر جذباتی نہیں بلکہ حکیمانہ نظر پڑ سکے۔" قیمت پونے تین روپے۔ ناشر: دانا اکیڈمی۔ شنکر بلڈنگ اے، ایم ۲ فریر روڈ۔ کراچی ۱ (پاکستان)

خط و خطاطی از شیخ ممتاز حسین جون پوری و محمد ایوب قادری

یہ مختصر کتاب دراصل دو مضامین کا مجموعہ ہے۔ پہلا مضمون شیخ ممتاز حسین جونپوری صاحب کا ہے جس میں خط اور فن خطاطی پر تاریخی نظر ڈالی گئی ہے اور مختلف خطوں کی خصوصیات اور ان کی فنی نوعیت سے بحث کی گئی ہے۔ دوسرا مضمون قادری صاحب کا ہے، جس میں خطاطی کے ایک نادر ذخیرے کا تعارف کرایا گیا ہے۔ "فن خطاطی کا یہ نادر ذخیرہ ۱۱۴ قطعات پر مشتمل ہے، جس میں بعض مشہور و معروف خطاط مثلاً پنجہ کش، میر جلال الدین، عباد اللہ بیگ اور شنکر ناتھ دہلوی وغیرہ کے قطعات نیز عبدالرشید اور میر علی کے قطعات کی نقول شامل ہیں۔" قیمت مجلد ڈیڑھ روپے۔ ناشر: آل پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس۔ سعیدہ منزل۔ ناظم آباد۔ بی روڈ۔ کراچی۔

ڈھاکہ۔ میرے خوابوں کا شہر از عارف حجازی

اس مختصر کتاب میں ڈھاکہ کی ابتداء سے آج تک کی تاریخ بیان کی گئی ہے۔ آخری باب کا عنوان ہے، "میرے خوابوں کا شہر" جس میں موجودہ حکومت کے منصوبوں کی وضاحت کی گئی ہے اور درخشاں مستقبل کی توقع ظاہر کی گئی ہے۔ قیمت ڈیڑھ روپے۔ ملنے کا پتہ: مشتاق بک ڈپو۔ نزد اردو کالج۔ شلٹن روڈ کراچی ۱

انتظامِ کتب خانہ از شیخ محبوب قریشی

یہ مختصر کتاب کتب خانوں کی تنظیم کے فن پر لکھی گئی ہے۔ مصنف کا بیان ہے کہ "میں نے اس کتاب میں کوشش کی ہے کہ مختلف موضوعات پر صرف انھیں باتوں کو عام فہم انداز میں پیش کر دوں جو کتب خانوں کے انتظام اور کتابوں کی درجہ بندی کے سلسلہ میں عملی اہمیت رکھتی ہیں۔ غیر ضروری تفصیلات اور نظری باتوں کو میں نے نظر انداز کر دیا ہے۔" ۱۹۳۸ء میں اس کا پہلا ایڈیشن شائع ہوا تھا، اب ۱۹۶۱ء میں اس کا دوسرا ایڈیشن جدید اضافوں اور نئی معلومات کے ساتھ شائع کیا گیا ہے۔ قیمت غیر مجلد ڈیڑھ روپے۔ ناشر: محبوبیہ کارخانہ جلد سازی۔ جدید آباد کالونی ۱۴، کراچی ۵۔

تعلیمی کتابیں

شاید تعلیم ہی ایک ایسا بدقسمت موضوع ہے، جس پر اردو میں سب سے کم کتابیں ہیں۔ مکتبہ جامعہ اور بعض دوسرے اداروں نے چند کتابیں شائع کی ہیں، مگر ہندوستان میں کوئی ایسا مکتبہ نہیں ہے جو اس موضوع کی طرف خصوصی توجہ کرتا ہو۔ سرسید مرحوم نے ایجوکیشنل کانفرنس کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا تھا، جس کے مقاصد میں تعلیم پر کتابیں لکھوانا اور شائع کرنا بھی تھا، مگر اب وہ ختم ہو گیا ہے۔ پاکستان میں اسی نام سے ایک ادارہ ۱۹۵۱ء میں قائم ہوا ہے اور کہا گیا ہے کہ سرسید کے اس ادارہ کا احیاء کیا گیا ہے۔ اس نے تعلیم پر متعدد کتابیں شائع کی ہیں، مگر اس نے ۱۹۶۱ء کی جو مطبوعات تبصرہ کے لئے ہمیں بھیجی ہیں ان میں تعلیم پر کوئی کتاب نہیں ہے۔ ہمارے علم کے مطابق ۱۹۶۱ء میں صرف مکتبہ جامعہ نے ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب کی مقبول ترین کتاب "تعلیمی خطبات" کا یہ ایڈیشن مزید اضافے کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ۱۹۴۳ء میں شائع ہوا تھا، اس کی مقبولیت کا اندازہ اس سے کیا جا سکتا ہے کہ یہ پانچواں ایڈیشن شائع ہوا ہے۔ یہ خطبے تعلیمی لحاظ سے

تو اچھے اور قابل مطالعہ ہیں ہی، ادبی لحاظ سے بھی اپنی مثال آپ ہیں اور بقول مولانا عبدالماجد دریابادی "بڑی بات یہ ہے کہ ان میں مذہبی رنگ بھی اچھا خاصہ جا بجا ملتا ہے"۔ قیمت تین روپے ۵، نئے پیسے

سیاسی و معاشی کتابیں

سیاسیات اور معاشیات پر بھی معیاری کتابیں بہت کم شائع ہوئی ہیں۔ ان دونوں موضوعات پر ہمیں صرف دو کتابیں تبصرہ کے لئے ملی ہیں۔

ہندوستان کا دستور اور اس کی مختصر شرح از پروفیسر ہارون خاں شروانی

یہ کتاب ہندوستان کے دستور کا ترجمہ ہے اور جہاں جہاں مترجم نے ضرورت محسوس کی ہے وضاحت کردی ہے۔ فاضل مترجم تاریخ اور سیاسیات کے پروفیسر رہ چکے ہیں، ان دونوں موضوعات پر اردو اور انگریزی میں متعدد کتابیں لکھی اور ترجمے کئے ہیں۔ حکومت ہند نے دستور ہند کا ترجمہ کرنے کے لئے ایک چھوٹی سی کمیٹی بنائی تھی، موصوف بھی اس کے ایک ممبر تھے۔ اس لئے ان کا ترجمہ اور ان کے تشریحی نوٹ ظاہر ہے، دونوں معتبر اور مستند ہوں گے۔ حیدرآباد کے ترجمے عام طور پر مشکل اور اصطلاحوں کے ترجمے غیر مانوس ہوتے ہیں۔ یہ دیکھ کر خوشی ہوئی کہ اس ترجمے میں عام فہم زبان استعمال کرنے کی کوشش کی گئی ہے اور اصطلاحوں کے معاملے میں ہندی کی اصطلاحوں سے مدد لی گئی ہے۔ لیکن کہیں کہیں اغلاق بے جا ہو گیا ہے۔ مثلاً (ص۱۰) بعض اصطلاحوں میں ہندی فارسی کی قلم لگانے کی کوشش کی گئی ہے، مثلاً اپر ہاؤس کا ترجمہ اُپری ایوان کیا گیا ہے، حالاں کہ یا تو اردو کی مروج اصطلاح ایوان اعلیٰ کرنا چاہئے یا ہندی کی اصطلاح جو اب کافی رواج پا چکی ہے، راجیہ سبھا کرنا چاہئے تھا۔ بعض اصطلاحات کے وہ ترجمے کئے گئے ہیں، جو کسی اور کے کئے جاتے ہیں۔ مثلاً اس کتاب میں پروسیجر کا ترجمہ ضابطہ کیا گیا ہے، حالانکہ ضابطہ "اسٹیچوٹ" کا کیا جاتا ہے۔ اس سے ممیز کرنے کے لئے "پروسیجر" کا ترجمہ طریق کار کیا جا سکتا تھا۔ بعض انگریزی کی اصطلاحیں اردو میں اس کثرت سے استعمال ہونے لگی ہیں کہ اب ان کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے، مثلاً چیئرمین کا ترجمہ میر مجلس یا ٹرسٹی کا ترجمہ امانت کیا گیا ہے۔ بہرنوع اس قسم کے اختلافات تو اس وقت تک موجود رہیں گے، جب تک چوٹی

ادیبوں کی ایک جماعت تمام اہم اصطلاحات کا ترجمہ نہ کردے۔ کتاب بہرحال مفید اور قابل مطالعہ ہے قیمت مجلد دس روپے۔ تلگو اردو اکیڈمی برائے سائنس و تاریخ حیدرآباد نے اسے شائع کیا ہے۔

پاکستان کا معاشی پس منظر از سیدہ انیس فاطمہ بریلوی

اس کتاب کے پیش لفظ میں ڈاکٹر سید ظہیر الدین احمد نے مصنفہ کا تعارف ان الفاظ میں کرایا ہے۔ "سیدہ انیس فاطمہ بریلوی عرف عام میں ماہر معاشیات نہیں ہیں، مگر کافی پڑھی لکھی پرانی اہل قلم ہیں۔ .... وہ پاکستان کے غریب طبقہ کی زبوں حالی سے متاثر ہوکر معاشیات ملکی کے مسائل مہمہ پر قلمی سوز و گداز سے لکھنے میں ہمہ تن مصروف ہیں۔ ان کے دل میں سچا درد ہے، لہذا اسلام ہی کے بتائے ہوئے معاشی نظام کے مطابق زر اور زمین کا صحیح صحیح استعمال اور ان کی مساویانہ تقسیم چاہتی ہیں۔" اور کتاب کے بارے میں لکھا ہے کہ "یہ کتاب قیام پاکستان سے پہلے کے تاریخی پس منظر اور پاکستان بننے کے بعد ۱۹۴۷ء سے اکتوبر ۱۹۵۸ء تک کے معاشی حالات کا ایک اچھوتا تاریخی ریکارڈ ہے۔" قیمت مجلد ساڑھے تین روپے ملنے کا پتہ: اکیڈمی آف ایجوکیشنل ریسرچ۔ آل پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس۔ سعید منزل ناظم آباد بی روڈ۔ کراچی (پاکستان)

ادبی کتابیں

GLIMPSES OF URDU LITERATURE از پروفیسر این ایس گوریکر

یہ کتاب اگرچہ انگریزی میں ہے، مگر چونکہ اردو ادب سے متعلق ہے، اس لئے ہم نے اردو ادب کے اس جائزے میں اسے شامل کر لیا ہے۔

پروفیسر گوریکر سینٹ زیویرس کالج بمبئی میں شعبۂ اردو اور شعبۂ اسلامی تہذیب کے صدر ہیں اور نوائے وقت کے مصنف اور کاروانِ ادب کے مرتب ہیں، نیز کیفِ ادب، سرورِ ادب اور انتخاب اردو کے مرتبین میں سے ایک یہ بھی ہیں۔ پیش نظر کتاب موصوف کے چار لکچروں کا مجموعہ ہے، جو ۵۹ء میں بمبئی یونیورسٹی کی دعوت پر دیئے گئے تھے۔ ان لکچروں میں بڑی خوبی کے ساتھ اردو ادب کا جائزہ لیا گیا اختصار کے ساتھ اس پر تاریخی اور تنقیدی نظر ڈالی گئی ہے اور آغاز سے آج تک کے مختلف

ادوار کی خصوصیات اور ان کے رجحانات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ کتاب میں مشہور جرنلسٹ ڈاکٹر رفیق ا
کا ایک مبسوط اور فکر انگیز مقدمہ بھی شامل ہے۔ قیمت مجلد دس روپے۔ ناشر: جیکب پبلشنگ ہا
۱۲۵ مہاتما گاندھی روڈ۔ بمبئی ۱

اردو زبان اور اسالیب (جلد اوّل) از سید محمد محمود رضوی مخمور اکبر آبادی۔

برصغیر ہند و پاک میں انگریزی کی تعلیم کی اشاعت اور مغربی ادب کے مطالعہ اور واقفیت
خیالات میں گہرائی اور نظر میں وسعت پیدا ہوئی مگر عربی و فارسی پر زوال آنے اور انگریزی کے ذریعہ تعلیم
سے اردو زبان کا معیار خاصا پست ہو گیا۔ تلفظ، تذکیر و تانیث اور محاورے کی غلطیاں جدید تعلیم یا
طبقہ میں عام ہو گئیں۔ پیش نظر کتاب اسی خرابی کو دور کرنے کے لئے لکھی گئی ہے۔ اس میں شبہ نہیں کہ مصنف
نے غلطیوں پر سخت محاسبہ کیا ہے اور صحت زبان پر بہت زور دیا ہے مگر اتنا ہی جتنا ضروری ہے۔
ہیں کہ "زبان کے سیاق میں صحت اور صحت پرستی دو باتیں ہیں۔ صحت یا شُدھتائی کا پاس، نہ
معترضوں سے بچانے اور پاکیزگی برقرار رکھنے کے لئے ضروری ہے، لیکن اس اصول کو اتنا بے لو
بے عمل نہ بنا دینا چاہیئے کہ بے مقصد ہو جائے اور دفع مضار کا تریاق، خود ہی سم قاتل بن کر
.... ہم اگر طرح طرح کی غیر فطری اور خود ساختہ بندشوں سے زبان کو، جدید خیالات، ترقی پسند
اور معارف حیات کا ہم آہنگ نہ بننے دیں گے تو زبان معکوس ترقی کی راہ پر چلنے لگے گی تو
اور محدود ہو کر بے مصرف و مفاد ہو کر رہ جائے گی۔" اس میں شک نہیں کہ یہ کتاب وقت
ترین ضرورت کو پورا کرتی ہے اور اس قابل ہے کہ نصاب تعلیم میں شامل کی جائے۔ قیمت مجلد نو
ناشر: اکیڈیمی آف ایجوکیشنل ریسرچ آل پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس۔ کراچی۔

ماسٹر رام چندر اور اردو نثر کے ارتقاء میں ان کا حصہ۔ مولفہ: ڈاکٹر سیدہ جعفر

ماسٹر رام چندر انیسویں صدی کے نصف اول کی اہم ترین شخصیتوں میں سے ہیں۔ ۱۸۲۱ء
ہوئے اور اگست ۱۸۸۰ء میں انتقال کیا۔ ریاضی کے بہت بڑے عالم تھے، اس دور کی صحافت میں
ممتاز مقام ہے، اردو زبان کو عام فہم بنانے میں ان کی خدمات قابل تعریف ہیں اور بقول غلام یزدانی
"دلی والے جہاں غالب، مومن، صہبائی اور مفتی صدر الدین پر فخر کرتے تھے، وہیں ماسٹر رام چندر کا نا

بہت محبت اور احترام سے لیا جاتا ہے۔ مگر یہ افسوسناک بات تھی کہ اردو میں ایسے خادم قوم اور محسن اردو پر کوئی مستقل کتاب نہیں تھی۔ ڈاکٹر سیدہ جعفر شکریہ کی مستحق ہیں کہ زیر تبصرہ کتاب لکھ کر انھوں نے اردو دوستوں کا فرض کفایہ ادا کر دیا ہے۔ جو صوفے اس کتاب میں ماسٹر رام چندر کے حالات زندگی اور ان کے علمی کارناموں کو بڑی چھان بین کے بعد لکھا ہے اور ان کے اہم مضامین کا انتخاب بھی پیش کیا ہے۔ ماسٹر رام چندر کی علمی و ادبی صلاحیتوں اور ان کی خدمات سے کوئی انکار نہیں کر سکتا، مگر مولف کے اس خیال سے اتفاق کرنا مشکل ہے کہ "مضمون نگاری کے ارتقاء میں سرسید کے مضامین ایک توسیع ہیں آغاز نہیں۔ ماسٹر رام چندر اردو کے پہلے مضمون نگار ہیں جنھوں نے شعوری طور پر اردو ادب میں اس صنف کی ابتدا کی۔" (ص ۵۲) ہمارے نزدیک اس معاملہ میں اس کتاب کے مقدمہ نگار غلام یزدانی صاحب کی رائے زیادہ صحیح ہے کہ ان کے مضامین کی زبان میں وہ ادبی شان و شوکت اور وہ سلاست اور روانی نہیں ہے جو سرسید یا ماسٹر رام چندر کے چند ہم عصر ادیبوں میں پائی جاتی ہے۔" (معمولی تصرف کے بعد) اس لئے انھیں انشائیہ کا بانی قرار دینا صحیح نہیں ہے۔

یہ کتاب ابوالکلام آزاد اورینٹل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ حیدرآباد سے خوبصورت ٹائپ میں شائع ہوئی ہے۔ اس پر سنہ طباعت ۱۹۶۰ء درج ہے، مگر معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ ۶۱ء میں شائع ہوئی ہے۔ قیمت غیر مجلد ساڑھے تین روپے۔

انشاء اللہ خاں انشاء — عہد اور فن از اسلم پرویز

اس کتاب میں انشاء کے سوانح حیات اور علمی کارناموں پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ اس کتاب پر تنقید و تحقیق کے مضمون میں تفصیل سے تبصرہ کیا جا چکا ہے، اس لئے یہاں اعادہ کی ضرورت نہیں۔ کتابت و طباعت اور کاغذ عمدہ۔ قیمت مجلد چار روپے۔ ناشر: مکتبہ شاہراہ۔ دہلی ۶

دلی کا دبستان شاعری مرتبہ: ظہیر الدین احمد صدیقی۔

دلی کالج میگزین کا یہ خاص نمبر ہے جس کا موضوع "دلی کا دبستان شاعری" ہے۔ اس کے دو حصے ہیں۔ ایک شخصیات سے متعلق ہے جس میں دلی کے اساتذہ شعراء پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ دوسرے حصہ میں دلی کے دبستان شاعری کا جائزہ لیا گیا ہے اور اس کے اہم رجحانات و میلانات کی نشاندہی کی گئی ہے۔ جناب اڈیٹر نے اس خاص نمبر کے متعلق لکھا ہے کہ "بہت سے گوشے تشنہ رہ گئے ہیں، مگر جو کچھ

بھی پیش کر رہے ہیں، وہ اس یقین کے ساتھ کہ قدر شناسانِ ادب کے لئے نایاب چیز ہوگی۔ قیمت پانچ روپے ملنے کا پتہ: دلّی کالج دہلی۔

امراؤ جان ادا از مرزا محمد ہادی رسوا

امراؤ جان ادا اردو کے مقبول ترین ناولوں میں سے ہے اور اردو ناول نگاری میں سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔ پیش نظر ایڈیشن مکتبہ شاہراہ سے ۶۱ء میں شائع ہوا ہے، اس میں ڈاکٹر قمر رئیس کے قلم سے مصنف کا سوانحی خاکہ اور ڈاکٹر محمد احسن فاروقی کا ایک مبسوط مضمون شامل ہے، جس میں ناول کا تنقیدی جائزہ لیا گیا ہے اس سے کتاب کی افادی حیثیت بہت بڑھ گئی ہے۔ اس ایڈیشن کی ساڑھے پانچ روپے قیمت ہے۔ ایک عام ایڈیشن بھی شائع کیا گیا ہے جس میں یہ دونوں مضمون شامل نہیں ہیں۔ اس کی قیمت ساڑھے چار روپے ہے۔ ناشر مکتبہ شاہراہ۔ دہلی ۶

اُردو ڈرامہ مرتبہ: ڈاکٹر قمر رئیس

اردو میں ڈرامے کی طرف توجہ بہت کم ہے۔ ڈاکٹر قمر رئیس نے چند مطبوعہ ڈراموں کا یہ مختصر مجموعہ مرتب کر کے اردو ادب میں ایک مفید اضافہ کیا ہے۔ اس میں کل نو ڈرامے شامل ہیں، جن میں دو ترجمے ہیں اور سات طبع زاد۔ مرتب کا ایک طویل مقدمہ بھی شامل ہے جس میں موصوف نے ڈرامے کے فن پر تفصیل سے بحث کی ہے اور اُردو ڈرامہ نگاروں کا جائزہ لیا ہے۔ جائزے کے بارے میں مرتب نے لکھا ہے کہ "اس مختصر جائزے میں صرف ایسے ڈرامہ نگاروں کا ذکر کیا گیا ہے، جن کی سنجیدہ کوششیں اُردو ڈرامہ کے نشو و نما اور ترقی میں معاون رہی ہیں اور جن کی تخلیقات سے اُردو ڈرامہ کا فنی معیار بلند ہوا ہے"۔ قیمت مجلد چار روپے۔ ناشر: سرسید بک ڈپو۔ علی گڑھ۔

حالی کی ایک جھلک از صالحہ عابد حسین

یہ ایک ۹۵ صفحے کا مختصر ڈراما ہے، جس میں بڑی خوبی کے ساتھ مولانا حالی کے علمی کارنامے اور ان کی شخصیت بیان کی گئی ہیں۔ بیگم صالحہ عابد حسین چھوٹوں کے لئے بھی لکھتی ہیں اور بڑوں کے لئے بھی، وہ افسانے بھی لکھتی ہیں اور ڈرامے بھی، ناول بھی لکھتی ہیں اور سنجیدہ علمی و ادبی مضامین بھی۔ اور جو کچھ لکھتی ہیں خوب لکھتی ہیں۔ یہ ڈراما بھی خوب ہے اور اپنی نوعیت کا شاید اکیلا۔ قیمت ڈیڑھ روپے۔ ناشر انجمن ترقی اردو علی گڑھ

حاجی بغلول مصنفہ: منشی سجاد حسین مرحوم

منشی سجاد حسین مرحوم مشہور مزاحیہ نگار ہیں اور حاجی بغلول اُردو کے بہترین مزاحیہ ناولوں میں ہے اور بقول رشید احمد صدیقی حاجی بغلول اردو طنزیات و ظرافت میں منفرد حیثیت رکھتا ہے اور اب تک اس کا جواب اردو میں کہیں نظر نہیں آتا۔" مگر اس کے پرانے ایڈیشن میں بہت سی خامیاں تھیں مثلاً کتابت میں صحیح اصول املا کو ملحوظ نہیں رکھا گیا تھا کسی باب کا عنوان تھا، کسی کا غائب۔ غرض اس قسم کے متعدد نقائص تھے، جنھیں اس کتاب کے مرتب جمیل جالبی صاحب نے اس ایڈیشن میں دور کر دیا ہے۔ اس میں مرتب کا ایک مبسوط مقدمہ بھی شامل ہے، جس میں موصوف نے اس ناول کی خصوصیات کو بیان کیا ہے۔ قیمت مجلد ساڑھے چار روپے۔ ناشر: مشتاق بک ڈپو۔ شلڈن روڈ۔ کراچی ۱

پروفیسر بدھو از فکر تونسوی

فکر تونسوی ایک خوش فکر طنزیہ اور مزاحیہ نگار ہیں۔ پیش نظر طنزیہ ناول میں خود اپنا تعارف کرایا ہے۔ اس میں ان کا اپنا انداز پوری طرح نمایاں ہے۔ انھوں نے لکھا ہے کہ پہلے انھوں نے ڈرامے لکھے، پھر شاعری کی ان دونوں میں ناکام ہونے کے بعد طنز و مزاح کی طرف توجہ کی اور لوگ، خود فکر صاحب کے الفاظ میں ان کی طنزیہ تحریروں پر لٹو ہونے لگے..... چنانچہ مقبولیت کی اس گہما گہمی میں مصنف نے سات آٹھ کتابیں لکھ ڈالیں، جو تمام و کمال طنز و مزاح کے گرد گھومتی ہیں۔ قیمت مجلد پونے چار روپے ناشر: مکتبہ شاہراہ دہلی ۶

اُردوئے مصفّٰے (مولانا عبدالحق مرحوم کے خطوط کا مجموعہ)

کراچی میں مولانا عبدالحق صاحب بابائے اردو کی نوّے سالہ جوبلی منائی گئی تھی۔ اس موقع پر ایک جوبلی کمیٹی بنائی گئی تھی جس کے صدر بابائے اُردو کے دست راست سید ہاشمی فرید آبادی تھے۔ کمیٹی کی تحریک پر طے کیا گیا کہ اس موقع پر بابائے اُردو کے خطوط جمع کر کے شائع کئے جائیں۔ چنانچہ صدر کمیٹی کی کوششوں سے کافی خطوط جمع ہو گئے، جنھیں جلیل احمد قدوائی صاحب نے مرتب کیا اور حسب ضرورت ذیلی حواشی لکھے اور سید ابو تمیم صاحب فرید آبادی نے انھیں اُردوئے مصفّٰے کے نام سے شائع کیا ہے۔ بابائے اُردو کی زبان کی سادگی اور ان کے اسلوب کی دلکشی اور شگفتگی مسلم ہے اور اس کا بہترین اظہار خطوط میں ہوتا ہے۔

چنانچہ یہ خطوط بالائے اُردو کے طرز نگارش کے بہترین نمونے اور مواد کے لحاظ سے بھی کچھ خطوط تاریخی اہمیت رکھتے ہیں۔ قیمت ساڑھے سات روپے۔ ناشر: سید ابوتمیم فرید آبادی، ۱۲۔ اردو بازار۔ لاہور۔

جگہ کم ہے، اس لئے اب صرف کتابوں کی فہرست ذیل میں درج کی جارہی ہے، ان پر تبصرہ کسی اگلی اشاعت میں شائع کیا جائے گا۔

اقبالیات

اقبال[1] کے آخری دو سال از ڈاکٹر عاشق حسین بٹالوی؛ اسرار[2] خودی پر ایک نظر۔ از پروفیسر محمد عثمان

اقبال[3] اور حیدر آباد از نظر حیدر آبادی؛ حدیث[4] اقبال از طیب عثمانی ندوی

نظم

رگ[1] جاں از خورشید الاسلام؛ اردو[2] غزل دلی تک۔ مرتبہ ڈاکٹر سید ظہیر الدین مدنی

شکست[3] شب از محسن بھوپالی؛ نیرنگ[4] نظر۔ از روحی علی اصغر

نیرنگ نظر پر دسمبر ۱۹۶۱ء کے جامعہ میں تبصرہ ہوچکا ہے۔ ذیل کی دو کتابیں بھی ۱۹۶۱ء کی مطبوعات میں شامل ہیں اور ان پر بھی جامعہ میں (اکتوبر ۱۹۶۱ء) تبصرہ ہوچکا ہے۔

تذکرۂ جگر از محمود علی خاں جگر — فن اور شخصیت از شارب ردولوی۔

(بقیہ صفحہ ۹۱)

اکتوبر: سید علی اصغر بلگرامی۔ ۱۸۸۴ء میں حیدر آباد میں پیدا ہوئے تھے۔ آپ ممتاز مورخ اور ماہر آثار قدیمہ تھے۔ آپ سنسکرت اور پالی کے بھی ماہر تھے۔ آپ نے حسب ذیل کتابیں لکھی ہیں۔ ۱۔ فلسفۂ ازدواج ۲۔ آثار دکن ۳۔ سیاحت نامہ مصر ۴۔ فارسی بلگرام ۵۔ حدیقۃ السلاطین ۶۔ Landmarks of Deccan Landmaks of Aurangabad

۲ دسمبر: ڈاکٹر سید محمد حفیظ آج سے کوئی ۶۰ سال قبل قصبہ نوہرہ ضلع غازی پور کے ایک شیعہ خاندان سادات میں پیدا ہوئے۔ اصل نام کے بجائے ایم ایچ سید کے نام سے مشہور تھے۔ کوئی پندرہ سولہ سال تک درس و تدریس کی خدمت انجام دینے کے بعد ریٹائر ہو کر الہ آباد میں مستقل قیام کر لیا۔ کلیات بحری (دکنی) کو ایڈٹ کیا اور ایک کتاب گوتم بدھ پر اور ایک بمبئی پر لکھی۔ اُردو سے زیادہ انگریزی میں لکھتے تھے۔ ۲۱ دسمبر ۶۱ء کو دل کا دورہ پڑا اور داعی اجل کو لبیک کہا۔

کچھ سالنامہ کے متعلق

رسالہ جامعہ کا سالنامہ آپ کی خدمت میں پیش کیا جا رہا ہے۔ اگر آپ آج کل کے ضخیم سالناموں اور خاص نمبروں کے معیار پر اس کو جانچیں گے، تو آپ کو مایوسی ہوگی، لیکن اگر اس کے مضامین کے معیار، موضوعات کی اہمیت اور اس کے افادی پہلو پر نظر ڈالیں گے، تو امید ہے کہ بڑی حد تک پسند آئے گا۔ آج کل اعداد و شمار کا زمانہ ہے، کسی چیز کا صحیح اندازہ کرنا یا جائزہ لینا ہو تو پہلے اس کی تعداد معلوم کی جاتی ہے، اس لئے ہم نے سب سے پہلے پچھلے سال کی تمام مطبوعات کے متعلق معلومات فراہم کرنے کی کوشش کی، مختلف رسالوں میں اعلانات شائع کئے اور متعدد ناشروں کو خطوط لکھے۔ ہم نے جن ادیبوں سے مضامین لکھنے کی درخواست کی تھی انھوں نے بھی اپنے طور پر اپنے اپنے موضوع سے متعلق کتابیں حاصل کرنے کی کوشش کی، لیکن اس کے باوجود اگر اس سالنامہ میں کوئی اہم کتاب تبصرہ سے رہ گئی ہو تو اس میں ہماری کوتاہی کو کوئی دخل نہیں ہے۔

اس موقع پر جہاں ہمیں شدت سے اس بات کا احساس ہوا کہ اردو کے ناشر اپنی مطبوعات کی نشر و اشاعت کے لئے جدید طریقے اختیار نہیں کرتے، وہاں اس تکلیف دہ حقیقت کا بھی احساس ہوا کہ بڑے سے بڑے تعلیمی اداروں میں اردو کی تمام اہم کتابوں کو حاصل کرنے کی کوشش نہیں کی جاتی۔ ہم نے جن ادیبوں سے مضمون لکھنے کی درخواست کی تھی، ان میں سے ہر ایک بلا استثنا کسی نہ کسی بڑے ادارے سے وابستہ ہے مگر ان میں سے شاید ہی کوئی ایسا ہو جسے کتابوں کو حاصل کرنے میں غیر معمولی کوشش اور محنت نہ کرنی پڑی ہو، اگر یونیورسٹیوں اور کالجوں کے کتب خانوں میں بھی ہر سال کی تمام اہم مطبوعات اور نئے اڈیشن موجود نہ ہوں گے تو پھر کس سے توقع کی جا سکتی ہے اور کتابیں لکھی اور شائع کی جائیں گی تو کس امید پر؟!

ہم نے پچھلے شمارہ میں جن مضامین کا اعلان کیا تھا، ان میں سے تین مضمون — علمی و مذہبی کتابیں، تعلیمی کتابیں اور ڈرامے — سالنامہ میں شامل نہیں ہیں۔ تیسرا مضمون باوجود متعدد دعوتوں کے موصول نہیں ہوا اور پہلے دو مضمون اس لئے لکھے نہ جا سکے کہ آخر وقت تک ان کے لئے مناسب تعداد میں کتابیں نہ مل سکیں۔ اردو میں تعلیم کے موضوع پر کتابوں کی کمی کا اندازہ اس سے کیا جا سکتا ہے

کہ پچھلے سال ہندوستان و پاکستان میں صرف ایک ہی کتاب شائع ہوئی ہے۔

ہم نے صرف سنہ ۶۱ء کی مطبوعات کا جائزہ شائع کرنے کا اعلان کیا تھا۔ لیکن تین مضامین میں پچھلے دو برسوں کی کتابوں کا جائزہ لیا گیا ہے۔ اس کی وجہ سے جہاں یہ نقص پیدا ہوا ہے کہ تمام میں یکسانیت باقی نہیں رہی، وہاں یہ فائدہ بھی ہوا ہے کہ بعض اصناف ادب کا جائزہ زیادہ وسیع ہے اور معلومات میں قابل لحاظ اضافہ ہوا ہے۔

ہندوستانی ادیبوں کو پاکستان کی تمام کتابوں کا نہ تو علم ہوتا ہے اور نہ وہ آسانی سے یہاں ملتی اس لئے ان پر ایک مستقل مضمون لکھوایا گیا ہے۔ ظاہر ہے ایک مضمون میں جائزہ کا پورا حق ادا نہیں تھا، مگر ڈاکٹر عبادت بریلوی صاحب نے اپنا مضمون اس خوبی سے لکھا ہے کہ اس کی روشنی وہاں کی رفتار ادب کا آسانی سے اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ دوسرے مضمون نگاروں نے بھی بڑ اور جانفشانی سے لکھا ہے اور اپنے اپنے موضوع کے ساتھ پورا انصاف کرنے کی کوشش کی ہے۔

ارادہ تھا کہ اس سالنامہ میں جو مضامین شائع ہوئے ہیں، ان کا جائزہ لینے کے لئے ڈاکٹر عابد حسین صاحب کو تکلیف دی جائے۔ لیکن شیخ الجامعہ کے عہدہ کی ذمہ داریوں کی وجہ سے وہ زمانہ میں بے حد مصروف رہے، اس کے علاوہ سوائے ایک کے بقیہ کوئی مضمون ہمارے اپنے پروگرام کے مطابق وقت پر موصول نہیں ہوا۔ افسوس ہے کہ اس کی وجہ سے یہ سالنامہ ڈاکٹر صاحب کے مفید تبصرہ سے محروم رہا۔

آخر میں میں ادارے کی طرف سے تمام مضمون نگاروں کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ ہمیں اس کا احساس ہے کہ انھوں نے کن مشکل حالات میں مضمون لکھے ہیں۔ اور اپنے جائزہ کو مکمل کرنے کے ایک ایک کتاب کی تلاش میں کس قدر وقت اور محنت صرف کی ہے۔ انھوں نے یہ سب کچھ جامعہ اور اردو ادب کی خاطر کیا ہے۔ ان کے اس خلوص بے پایاں کا شکریہ ادا کرنے سے زبان قاصر ہے۔

عبداللطیف اعظمی

۲۴ جنوری سنہ ۱۲

جامعہ

سالانہ چندہ
چھ روپے

قیمت فی پرچہ
پچاس نئے پیسے

جلد ۴۶ | بابت ماہ مارچ ۱۹۶۲ء | شمارہ ۵

فہرست مضامین

۱	مغربی دنیا پر ایک نظر (۱)	پروفیسر محمد مجیب	۲۷۵
۲	ساقی محفل صاحب نظراں (نظم)	حضرت روش صدیقی	۲۸۳
۳	ارسطو کے سیاسی افکار	جناب ضیاء الحسن فاروقی	۲۸۵
۴	شگفتہ بچہ (نظم)	حضرت سلام مچھلی شہری	۲۹۷
۵	غزل	حضرت عبدالمجید حیرت	۲۹۹
۶	انارکلی (نظم)	محترمہ وحیدہ نسیم	۳۰۰
۷	مغربی ایشیا کی مسلم ریاستوں میں فوجی انقلابات	جناب شاہ عبدالقیوم	۳۰۲
۸	حالات حاضرہ	ض ح ف	۳۰۹
۹	تعلیمی مسائل (اساتذہ کی تربیت)	معلم	۳۱۹
۱۰	کوائف جامعہ	ع ل ا	۳۲۳

مجلس ادارت

پروفیسر محمد مجیب　　ڈاکٹر سید عابد حسین

ڈاکٹر سلامت اللہ　　ضیاء الحسن فاروقی

عبد اللطیف اعظمی (ناشر)

خط و کتابت کا پتہ

رسالہ جامعہ، جامعہ نگر۔ نئی دہلی

مغربی دُنیا پر ایک نظر

(۱)

پروفیسر محمد مجیب

آج کل یورپ اور امریکہ کا سفر کرنا ایک معمولی سی بات ہے، اور ایسے سفر کے حالات بیان کرنا جانی بوجھی باتوں کو خواہ مخواہ دہرانا ہے۔ مگر جو لوگ اکثر آتے جاتے رہتے ہیں انھیں بھی ہر دفعہ یورپ یا امریکہ پہنچ کر محسوس ہوتا ہے کہ وہ زندگی کے ایک تصور اور ایک نظام سے نکل کر کسی دوسرے ماحول میں آگئے ہیں۔ تبدیلی کے اثر کو زائل کرنے کے لئے وہ سوس، جرمن، فرانسیسی، انگریز، امریکن کا ایک نقشہ اپنے ذہن میں قائم کر لیتے ہیں، اور اس طرح جو کچھ پیش آتا ہے وہ خود بخود دماغ کے مقررخانے میں داخل ہو جاتا ہے۔ نقشہ قائم کرنے میں کوئی خوش فہمی سے کام لیتا ہے، اور جہاں جاتا ہے اسے تعریف کے قابل طریقے اور آدمی ملتے ہیں، کوئی تعریف کے پہلوؤں کو نظر انداز کر کے اعتراض اور شکایت کے موقعے نکالتا ہے، اور اسے ملتے رہتے ہیں۔ تعریف زیادہ تر انتظامات کی خوبی اور زندگی کی سہولتوں کی ہوتی ہے، اعتراض انھیں انتظامات اور سہولتوں کی روح، یعنی دولت اور لالچ پر کیا جاتا ہے۔ یورپ اور امریکہ کے لوگ بھی تعریف اور اعتراض اسی نقطۂ نظر سے کرتے ہیں، فرق صرف یہ ہے کہ ہم ایسے نظام کی جانچ کرتے ہیں جسے دوسروں نے بنایا ہے، اور وہ اسے اپنی بنائی ہوئی چیز سمجھ کر دیکھتے ہیں، اور اس میں کسی وجہ سے کاوٹیں یا دشواریاں پیدا ہوں تو اس میں انھیں اپنی حق تلفی محسوس ہوتی ہے، اور انھیں اسی طرح کا غصہ آتا ہے جیسے اپنی گھڑی کے غلط وقت دینے یا رک جانے یا موٹر کے خواہ مخواہ بگڑ جانے پر۔ میں ایک مرتبہ جرمنی میں سفر کر رہا تھا۔ اتفاق سے گاڑی بہت لیٹ ہو گئی۔ ایک جنکشن پر لوگوں نے کنڈکٹر کو گھیر لیا اور اس طرح لعنت ملامت کرنے لگے کہ گویا اس نے انھیں دھوکا دیا ہے۔ مغربی دنیا کا سارا نظام اس مفروضے پر چلتا ہے کہ سب اس کو قائم اور جاری رکھنے میں شریک ہیں، اور کوئی رکاوٹ پیدا ہو تو ایسا اثر ہوتا ہے جیسے کسی بدعہدی کا۔

یہ نظام بنیادی طور پر صنعت اور تجارت کے ذریعے نفع اندوزی کی مسلسل جدوجہد کا نتیجہ ہے، لیکن اندوزی کا ایک طریقہ دوسرے طریقوں کے لئے راہ نکالتا ہے، اور چاہے یہ ثابت کیا جا سکے کہ ان طریقوں کو

اختیار کرنے میں نیت محض نفع حاصل کرنے کی تھی، مجموعی طور پر ان کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ ہزار قسم کی آسانیاں پیدا ہوگئی ہیں۔ نفع حاصل کرنے والوں میں برابر مقابلہ ہوتا ہے، اور کامیاب وہ ہوتا ہے جو خریدار کو اپنی طرف متوجہ کر سکے۔ خریدار چاہے اپنی ضرورت یا خواہش کی وجہ سے مجبور ہو، لیکن اسے محسوس یہ کرایا جاتا ہے کہ مال خریدنے یا کسی سہولت سے فائدہ اٹھانے میں وہ دوسروں پر احسان کر رہا ہے۔ اس کا دوسرا پہلو یہ ہے کہ اشتہار کی بہت بیجا اہمیت ہوگئی ہے۔ شہروں کو روشن اور رنگین اشتہاروں سے اس طرح سجایا جاتا ہے کہ گویا زندگی اور کاروبار کی آبرو اسی میں ہے، اخباروں اور رسالوں کا مقصد یہی معلوم ہوتا ہے کہ ان کے ذریعے اشتہار دئے جا سکیں۔ یورپ میں یہ عیب بہت نمایاں ہے۔ متحدہ ریاستوں میں یہ ایک ذہنی بیماری کی حد تک پہنچ گیا ہے۔ میں نے ایک امریکن خاتون سے کہا کہ آپ کے یہاں بیشتر مصور رسالوں میں مضامین اشتہاروں کی پشت پر چھاپے جاتے ہیں۔ وہ میرا مطلب سمجھ گئیں اور کچھ دنوں بعد مجھے نفسیات کے مشہور عالم ڈاکٹر ینگ کا ایک مضمون کسی رسالے سے کاٹ کر بھیجا جو انھیں پسند آیا تھا، اور اسی کے ساتھ یہ معذرت بھی کی کہ یہ اشتہاروں کی پشت پر چھپا ہے۔ اشتہار دینے اور مال بیچنے کو اتنی اہمیت حاصل ہوگئی ہے کہ اس کے لئے ہر بات جائز سمجھی جاتی ہے، لوگوں کو اشتہاری تصویریں دکھلیئے اور پوچھئے کہ ان کے ہوتے ہوئے کسی قاعدے اور اصول کے مطابق اخلاقی تربیت ہو سکتی ہے یا نہیں تو وہ فوراً کہہ دیں گے کہ نہیں ہو سکتی، یہ بھی کہہ دیں گے کہ یہ اشتہار واقعی بہت نقصان پہنچاتے ہیں، مگر اصلاح کی کوئی تدبیر ان کی سمجھ میں نہیں آتی۔ سرمایہ داری اور کھلا مقابلہ معاشی زندگی، آزادی اور جمہوریت کی بنیاد ہوں تو وہ اپنے تحفظ کی صورتیں پیدا کر لیتے ہیں، اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ نامناسب اشتہاری تصویروں کی ممانعت کرنا آزادی اور جمہوریت کا گلا گھونٹنا ہے۔

یورپ میں سرمایہ داری اور صنعت کی وجہ سے بہت ترقی ہوئی ہے، مگر آبادی اتنی کم اور خام اور صنعتی مال کی پیداوار اتنی افراط سے نہ تھی کہ اصراف کو ایک معاشی قدر کی حیثیت دینا ضروری ہو جاتا۔ امریکہ میں آبادی کی کمی، قدرتی اور صنعتی پیداوار کی فراوانی اور زندگی کے معیار کو اونچا کرنے کی مسلسل جدوجہد نے ایسا کچھ کر دیا ہے کہ ہر طرح کا مال ضائع نہ کیا جائے تو معاشی زندگی کا نظام درہم برہم ہو جائے۔ کفایت شعاری کی تعلیم دینا گویا نصیحت کرنا ہے کہ کھانا اس طرح کھاؤ کہ نوالہ حلق میں پھنس جائے۔ کاغذ

ہزاروں قسمیں ہیں اور اس سے ہزاروں کام لئے جاتے ہیں، اس کی خاص قدر اس وجہ سے ہے کہ استعمال کے بعد اسے سب سے زیادہ آسانی سے پھینکا اور جلایا جا سکتا ہے۔ جسے لکھنے کی عادت ہو اور وہ بھی ہندوستانی کاغذ پر، اسے بڑی الجھن ہو سکتی ہے۔ انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک سٹڈیز میں مجھے بہت سا کاغذ لکھنے کے لئے دیا گیا پہلے تو اس بات سے وحشت ہوئی کہ اتنا اچھا کاغذ محض مشق کے لئے استعمال کیا جائے، پھر جب طبیعت پر جبر کر کے لکھنا شروع کیا تو دیکھا کہ کھردری سطح پر چلنے کا عادی قلم چکنے کاغذ پر پھسلتا ہے، اور روشنائی بھی اپنی عاجزی ظاہر کرتا ہے۔ پھر بھی کوشش جاری رکھی۔ اس کے بعد معلوم ہوا کہ ٹائپسٹ کو عبارت پڑھنے میں دشواری ہوتی ہے۔ میں نے اپنی لکھائی کو ملزم ٹھہرایا، اور حرفوں کی نوک پلک کی طرف توجہ کرنے لگا۔ ایسی لکھائی کاغذ نے گوارا نہیں کی۔ پھر میں نے سستے، خراب، بلکہ خراب سے خراب کاغذ کی فرمائش کی، اس امید میں کہ غریب کاغذ غریب کے قلم کی سنگت کو پسند کرے گا، انسٹی ٹیوٹ کی منتظمہ دفتر مسز وڈ فسکلے الماری کھول دی اور کہا کہ جو کاغذ پسند ہو لے لیجئے۔ میں نے ایک زرد رنگ کا بنتا ہلکا کاغذ پسند کیا، مگر اس میں بھی وہ آن بان تھی کہ میرا قلم اس سے مانوس نہ ہو سکا۔ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ یونیورسٹی کی کتابوں کی دکان میں سستا کاغذ ملتا ہے، وہاں گیا اور سب سے سستا کاغذ خرید لایا، اس سے بھی کام نہ بنا۔ آخر میں نے خشک روشنائی کا سستا سا قلم لے کر حرفوں کی صحیح اور اچھی شکل کا خیال کئے بغیر لکھنے کی عادت ڈالی، کاغذ زیادہ صرف میں آیا، مگر جتنی ناپسند مجھے اپنی لکھی ہوئی عبارت تھی اتنی ہی وہ ٹائپسٹ کے لئے پڑھنے میں آسان ہو گئی۔ کاغذ کے بیجا صرف میں مجھے اس وجہ سے بھی تامل ہوتا تھا کہ بمبئی میں میرا کوریا کے ایک طالب علم سے تعارف کرایا گیا تھا جو اتنا غریب تھا کہ ادھر اُدھر سے ردی کاغذ جمع کر کے اپنا کام چلاتا تھا۔ یہ طالب علم ایک اور موقعے پر بھی بہت یاد آیا۔ میں نے ایک بڑی دوکان سے اوورکوٹ خریدا، اور دوکاندار سے کہا کہ اسے میرے پتہ پر بھجوا دے۔ دوسرے دن شام کو کمرہ پر آیا تو دیکھا کہ ایک لمبا چوڑا دفتی کا بکس رکھا ہے اسے کھولا تو ململی کاغذ کی ایک موٹی تہ نظر آئی۔ اسے ہٹایا تو اوورکوٹ نکلا۔ اوورکوٹ کو اٹھایا تو اس کے نیچے بھی ململی کاغذ کا ایک بستر تھا۔ یہ ململی کاغذ ایسا نفیس تھا کہ میں اسے ردی کی ٹوکری میں پھینک نہ سکا۔ میں نے اسے بہت احتیاط سے میز کے خانے میں رکھ لیا۔ مگر سوائے اس کے کہ میں اسے کوریا کے

طالب علم کے لئے بچا کر رکھتا اور واپسی پر میونخ میں اسے دے دیتا کاغذ کا اور کوئی مصرف سمجھ میں نہ آیا۔ وہ خانے میں رکھا رہا۔ آخر میں اسباب باندھتے وقت اس کے لئے جگہ نہیں نکلی، اور اسے میں میز کے خانے میں ایسے شخص کے لئے چھوڑ آیا جو اسے اس کی منزل مقصود، یعنی ردی کی ٹوکری تک پہنچانے کا دل گردہ رکھتا ہو۔

آپ بیتی کی ان چھوٹی موٹی مثالوں سے اس کا ہرگز اندازہ نہیں ہو سکتا کہ امریکہ میں کاغذ کس مقدار میں ضائع ہوتا ہے۔ اور کاغذ بھی صرف ایک مثال ہی ہے۔ کھانے پینے کی چیزیں اس سے بھی زیادہ ضائع ہوتی ہیں۔ کئی لوگوں نے حساب لگایا ہے کہ صرف نیویارک شہر میں جتنا کھانا پھینک دیا جاتا ہے اس سے دنیا کے کتنے بھوکے پیٹ بھرے جا سکتے ہیں۔ لکڑی، لوہے، پٹرول کا خرچ بے پناہ ہے۔ امریکہ کی خوش حالی موٹروں کی تعداد سے ظاہر کی جاتی ہے۔ میں وہاں کے ایک بہت چھوٹے شہر منسی میں کوئی دو ہفتہ رہا۔ اس کی آبادی پچھتر ہزار ہے اور موٹروں کی تعداد پچیس ہزار۔ لوگ قریب کے مکانوں میں ملاقات کے لئے موٹروں پر جاتے ہیں، پارکنگ کا مسئلہ اتنا اہم ہو گیا ہے کہ شہر کے باہر کی وہ دو کانیں پسند کی جاتی ہیں جس کے ساتھ موٹر کھڑے کرنے کے لئے جگہ ہوتی ہے، شہر میں ایسی جگہ کبھی کبھی اتنی دور ملتی ہے کہ موٹر پر جتنا فاصلہ طے کیا جاتا ہے۔ اس سے زیادہ پیدل طے کرنا ہوتا ہے۔ اس دستور کا کہ ہر شخص کے پاس موٹر ہو اور عادتاً موٹر کی سواری کی جائے ایک یہ نتیجہ نکلا ہے کہ لوگ پیدل چلنے کو معمول کے خلاف سمجھتے ہیں۔ منسی میں ایک مرتبہ میں اپنے میزبان کے ساتھ خط ڈاک میں ڈالنے گیا۔ مطلب یہ تھا کہ اس بہانے کچھ سیر بھی ہو جائے۔ خط ڈالنے کے بعد ہم واپس آ رہے تھے کہ ایک پولیس والے نے اپنی گاڑی روک کر ہم سے پوچھا کہ آپ کی موٹر کو کچھ ہو گیا ہے۔ میرے میزبان اور ان کی بیوی کے لئے شہر میں پیدل چلنا ایک انوکھی بات تھی، اور اصرار سے ٹہلنے کے لئے جانے کا ان کے ہاضمے پر جو خوشگوار اثر پڑا اسے انھوں نے میرا ایک احسان اس کے معنی یہ نہیں کہ وہ چل نہیں سکتے تھے، یا امریکہ میں عام طور پر لوگ چل نہیں سکتے۔ وہاں چلنے پھرنے کا بہت شوق ہے، صحت کا بہت خیال رکھتے ہیں، مگر روزمرہ کا ٹہلنا یا گھر سے دفتر پیدل جانا، چاہے دفتر قریب ہی ہو، کسی شوق کو پورا کرنے یا صحت کو قائم رکھنے کا ذریعہ نہیں

شہروں میں آمدورفت کے قاعدے یہ سمجھ کر بنائے گئے ہیں کہ ہر شہری کے پاس موٹر ہوگا۔ بے چارے پیدل چلنے والوں کو چوراہوں پر سڑک پار کرنے کا موقع اس وقت ملتا ہے جب ایک سمت سے آنے جانے والے موٹروں کو اس لئے روکا جاتا ہے کہ مقابل کی سمت والوں کو چوراہے سے گذرنے کا موقع ملے، جہاں موٹروں کی آمدورفت میں آسانی پیدا کرنے کے لئے ون وے ٹریفک کا قاعدہ ہے وہاں موٹروں کا سیلاب مسلسل بہتا رہتا ہے، اور پیدل چلنے والا کھڑا انتظار کرتا رہتا ہے جب تک کہ یہ سیلاب نہ تھمے مجھے روزانہ ایسی ہی سڑک کو پار کرنا ہوتا تھا، اور روز ایسا معلوم ہوتا تھا کہ بس بال بال بچا۔

یورپ اور امریکہ کی تہذیب پر کاروبار کی مصلحتیں اور ضرورتیں حاوی ہیں، اور ان سے یا تو اتنا فائدہ پہنچتا ہے یا ان کی پشت پر ایسی طاقتیں ہوتی ہیں کہ ان کے مقابلے پر دوسری مصلحتوں کو پیش کرنا بیکار ہوتا ہے۔ اسی پچاسی منزلوں کی عمارتیں بنانے کا رواج غالباً نیویارک سے شروع ہوا، اور کاروباری مقابلے نے ان کی بلندی کو سو منزلوں سے بھی اوپر پہنچا دیا، لیکن اس کے بعد اس قسم کی عمارتیں ان شہروں میں بھی بننے لگیں جہاں زمین کی اتنی کمی نہیں تھی کہ شہر پھیل کر آباد نہ ہو سکیں، یہاں تک کہ لندن میں بھی ایوان پارلیمنٹ اور بگ بن کو نیچا دکھانے کے لئے ایسی ہی ایک عمارت بن گئی ہے۔ یورپ اور امریکہ کا نظام زندگی ایک مدت سے وہاں کے انسانوں کے ذہن پر حاوی ہے اور اس کی حکومت میں مطلق العنانی کی وہی کیفیت ہے جو فرعون، سکندر اور دارا کی فرمانروائی میں تھی ہر شخص کے لئے سلامتی اسی میں ہے کہ قاعدے پر عمل کرے۔ قاعدے کی خلاف ورزی کرنے والے کے ساتھ ہر طرح کا سلوک ہو سکتا ہے۔ اگر اس سے کسی شخص کو نقصان پہنچا ہو تو وہ فوراً احتراض کرتا ہے، اگر صرف پبلک قاعدہ کو توڑا جائے، مثلاً پارک میں کوئی پھول توڑے تو پارک کے نگراں ہی نہیں بلکہ راستہ چلتے لوگ ٹوک سکتے ہیں، جرمنی میں طالب علمی کے زمانے میں ایک مرتبہ میں گھاس پر، جو سڑک کے دونوں طرف لگی ہوئی تھی کھڑا ہو گیا۔ ایک آدمی نے مجھے ڈانٹ کر وہاں سے ہٹایا، اور ایک نوٹس کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ تم دیکھ نہیں رہے ہو کہ گھاس پر کھڑے ہونے کی ممانعت ہے۔ اگر نقصان قاعدہ کی خلاف ورزی کرنے والے ہی کو پہنچ رہا ہو تو اس سے شاذ و نادر کسی کو ہمدردی ہوتی ہے۔ سوائے ان لوگوں کے جو خاص ایسی عورتوں کے لئے مقرر ہوں۔ ہندوستان آتے ہوئے میں برس

میں اترا تو پاسپورٹوں کی جانچ کرنے والے نے مجھے روک لیا، اور ایک طرف کھڑے ہو جانے کو کہا۔ میرے سامنے سے لوگ گزرتے رہے اور کسی نے میری طرف توجہ نہ کی۔ پاسپورٹ آفیسر اپنے کام میں لگا رہا اور میری طرف آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھا۔ اس طرح میں آدھے گھنٹے کے قریب کھڑا رہا۔ آخر میں ایک عورت کو جس کے سپرد یہ کام تھا کہ ہر ہوائی جہاز کے مسافروں کو گن کر دیکھے کہ جتنے جہاز سے اترے تھے اتنے شہر جانے کی بس پر بیٹھ کر روانہ ہو گئے اپنی فہرست میں ایسے مسافر کا نام ملا جو جہاز سے اترا تھا مگر بس پر سوار نہیں ہوا تھا۔ تلاش کرتے کرتے وہ میرے پاس پہنچی، اور پاسپورٹ آفیسر سے میرے روکے جانے کی وجہ دریافت کی۔ معلوم ہوا کہ میں نے ویزا نہیں لیا ہے۔ اس نے مجھ سے پوچھا کہ پیرس میں کتنے دن ٹھہرو گے، اور جب میں نے یقین دلایا کہ تین دن سے زیادہ نہیں ٹھہروں گا تو اس نے ایک طرف میونخ کے جہاز میں میری سیٹ ریزرو کرا دی اور دوسری طرف ویزا دلوا دیا۔ ایسے واقعات بہت سے لوگوں کے ساتھ پیش آتے ہیں، اور مغربی نظام زندگی کی یہ بڑی تعریف کی بات مانی جاتی ہے کہ اگر قاعدوں سے واقف ہونا اور ان پر عمل کرنا ضروری ہے تو غلطی کرنے والوں کو راہِ راست پر لانے کا انتظام بھی ہے۔

لیکن اس نظام میں جو اپنے بل بوتے سے اپنے قاعدوں کے مطابق چلتا ہے افراد کی تسکین کا سامان بہت کم ہے، اور زیادہ تر اس وجہ سے کہ نظام ان کی ضرورتوں کو اس حد تک پورا کر دیتا ہے جہاں تک وہ اس کی قیمت ادا کر سکتے ہیں، باقی جو کچھ ہے اس سے اس نظام کو مطلب نہیں۔ اس کی لوازمات افراد کو ایک دوسرے سے متعلق کر دیتی ہیں، کارخانوں میں مختلف قسم اور درجے کے مزدور، نگراں اور منتظم ہوتے ہیں، سب کو قابلیت اور کام کی نوعیت کے مطابق معاوضہ ملتا ہے، لیکن سب کا معاملہ الگ، رائج قاعدوں کے مطابق ہوتا ہے، مدرسوں اور کالجوں میں استاد رکھے جاتے ہیں جو اپنے انفرادی اور مشترک کام خوش اور خوبی سے انجام دیتے ہیں، کچھ لوگوں میں دوستی ہو جاتی ہے، جن میں دوستی نہیں ہوتی وہ بھی ہنسی خوشی کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں، مگر یہ سب جانتے ہیں کہ ان کی اجتماعی زندگی کا اصول انفرادی آزادی ہے اور ہر ایک کو اس آزادی کا بوجھ اٹھا سکنا چاہیئے۔ یہ سب باتیں اپنی جگہ پر صحیح اور اچھی ہیں، ان پر عمل کرنے سے بہت اچھے نتیجے نکلتے ہیں، مگر جس میں جتنا زیادہ حس

انتہا ہی وہ اپنی بے پناہ تنہائی کو محسوس کرتا ہے۔

ہجوم اور ہنگاموں میں افراد کو تنہائی کی جو تکلیف ہوتی ہے وہ مجھے اس سفر میں خاص طور پر نظر آئی، اس لئے کہ اس مرتبہ ایک محدود حلقے میں کافی عرصہ تک رہنے کا موقع ملا۔ میرا قیام شام کے سات بجے سے صبح نو بجے تک ایک چھوٹے سے ہوٹل میں رہتا تھا۔ وہاں ایک روز کھانے کے وقت ایک پچاس پچپن برس کی خاتون میرے سامنے آکر بیٹھ گئیں، کہا کہ میں آپ کی شکل اور لہجے سے سمجھ گئی کہ آپ ہندوستانی ہیں، میرے شوہر کراچی میں پیدا ہوئے تھے اور اس نسبت سے مجھے ہندوستان سے بڑی دلچسپی ہے، میں نے جواب دیا کہ میں شکل سے یہودی یا اٹلی یا جنوبی امریکہ کا باشندہ سمجھا جاتا ہوں اور میرے لہجے میں کوئی ایسی خصوصیت نہیں ہے جس کی وجہ سے میں خاص انگریز نہ مانا جاؤں۔ اس طرح اختلاف کا سلسلہ شروع ہوا جس کی شدت کے ساتھ رفتہ رفتہ بڑی بی کی بے تکلفی بڑھتی رہی۔ کچھ مذہب کی بات ہوئی تو انھوں نے کہا کہ آپ عیسائی مذہب کے بارے میں کیا جانیں، آپ تو گمراہ ہیں، پھر ایک مرتبہ گویا بھولے سے انھوں نے کہہ دیا کہ آپ بڑے بیوقوف ہیں۔ جب انھیں یقین ہو گیا کہ مجھے ایسے مذاق پر کوئی اعتراض نہیں ہے تو انھوں نے اپنا سارا حال سنایا، اور مجھے ایسا معلوم ہوا کہ وہ ایک مدت سے ایسے شخص کی تلاش میں ہیں جس سے وہ کہہ سکیں کہ تم بڑے بیوقوف ہو اور میں بھی بڑی بیوقوف ہوں۔ وہ ایک بینک میں اچھے عہدے پر ملازم تھیں۔ ان کا جوان لڑکا دینیات کے ایک مدرسے میں تعلیم پا رہا تھا، ان کے ملاقاتیوں کی تعداد خاصی تھی، مگر ایسا کوئی نہ تھا جو فی سبیل اللہ ان کی اُلٹی سیدھی باتیں سنے انھیں تنہائی کے احساس کو دور کرنے کا موقع دے۔ انسٹی ٹیوٹ کے ایک استاد سے بھی میرے ایسے ہی تعلقات ہو گئے، انھوں نے بھی فی سبیل اللہ مجھے اپنی زندگی کے سارے حالات سنائے اور ایک مرتبہ یہ بھی بتا دیا کہ ان کے والد کے کسی خاتون سے تعلقات تھے۔ اور اس بنا پر کہ باپ کو بیٹے سے کچھ چھپانا نہ چاہیے ان کے والد نے ان خاتون سے ان کی ملاقات کرائی۔ ایک اور استاد نے جن کی بیوی انھیں چھوڑ کر چلی گئی تھیں اس علیحدگی کی وجہ تفصیل سے سمجھائی۔ امریکہ میں جو میاں بیوی میرے میزبان تھے وہ بھی اپنی اپنی جگہ تنہائی میں مبتلا تھے۔ دونوں خوش مزاج تھے دونوں کو اچھی نوکریاں مل رہی تھیں، بظاہر کوئی وجہ نہ تھی کہ وہ ایک دوسرے سے، زندگی سے اور دنیا سے

خوش نہ ہوں۔ بیوی کو شکایت تھی کہ ان کے ماں باپ تعلیم یافتہ نہیں ہیں اور علمی گفتگو نہیں کر سکتے۔ شوہر کہتے تھے کہ ان کے بھائی بہنوں کو علم اور تعلیم سے کوئی شوق اور کوئی مناسبت نہیں ہے۔ مگر اس کا اثر یہ نہیں ہوا تھا کہ یہ دونوں ایک دوسرے کے اور قریب آجائیں بلکہ ایسا معلوم ہوتا تھا انھیں اپنے کام کی وجہ سے ایک دوسرے سے بات کرنے اور دوسرے کو خوش رکھنے کی مہلت ہی نہیں۔ جامعہ میں لوگوں کی شکایتیں سنتے سنتے شاید میری صورت کچھ ایسی ہو گئی ہے کہ بعض اجنبی بھی مجھے دیکھ کر میرے خاص منصب کو تاڑ جاتے ہیں، بہرحال مجھے کسی کے ذاتی معاملات سے مطلب نہیں تھا، نہ انھیں معلوم کرنے کی خواہش تھی۔ میرے ساتھ جو کچھ پیش آیا اس سے اس علمی تحقیق کی تصدیق ہوتی ہے کہ مغربی تہذیب کے حالات اور آداب نے انسان کو بالکل تنہا کر دیا ہے، اور جس کسی کے انداز سے ظاہر ہو کہ وہ توجہ اور ہمدردی سے سننے پر تیار ہے اسے تنہائی کی ہزاروں شکایتیں سننے کو مل جائیں گی۔

(باقی آئندہ)

ساقیٔ محفلِ صاحب نظراں

(ابوالکلامؒ کی یاد میں)

حضرت روشؔ صدیقی

خامشی، تمکنتِ کوہِ گراں کی صورت
گفتگو، زمزمۂ جوئے رواں کی صورت

خلوتِ حسنِ یقیں تھی تری محفل کہ جہاں
نظر آتی ہی نہ تھی وہم و گماں کی صورت

ترے ایثار نے پھونکا ہے کچھ ایسا افسوں
زندگی بھول گئی سود و زیاں کی صورت

اِک نفس، معتکفِ منزلِ آرام و سکوں
اک نفس، قافلۂ دردِ نہاں کی صورت

اک نفس، مشعلہ افروزِ حریمِ دانش
اک نفس، شمعِ خراباتِ فغاں کی صورت

تو نے اس طرح اٹھایا رخِ دوراں کا نقاب
بول اٹھی منہ سے بہار اور خزاں کی صورت

اک نظر تشنگیٔ صبحِ ازل کی تصویر
اک نظر سلسلۂ رطلِ گراں کی صورت

اک نظر شورشِ وطوفانِ بغاوت کا پیام
اک نظر ناقدِ آئینِ جہاں کی صورت
پختگی، مدرسۂ حکمت خارا شکنی
نرمگی، کارگہِ شیشہ گراں کی صورت
سادگی، چشمِ غزالیں کے لئے آئینہ
برہمی، شعلۂ رخسارِ بتاں کی صورت
وہ صداقت کا جلال اور محبت کا جمال
چادرِ ابر میں خورشیدِ رواں کی صورت
ہمہ اسرارِ دل آرائی و دل باختگی
تجھ سے مانوس، دلِ ہم نفساں کی صورت
تیرے افکار کا آئینہ، وہ کردار ترا
لالہ و گل کے لئے جوئے رواں کی صورت
جیسے اک معجزۂ جنبشِ لب یاد آئے
وہ دل آویز، ترے حسنِ بیاں کی صورت
خود بہ خود لوحِ تخیل پہ ابھر آتی ہے
ساقیٔ محفلِ صاحبِ نظراں کی صورت
دور میں جب مہ و خورشید کا جام آتا ہے
اہلِ محفل کی زباں پر ترا نام آتا ہے

۲۳ سر فروری ۱۹۶۲ء

ارسطو کے سیاسی افکار

جناب ضیاء الحسن فاروقی

ارسطو (۳۸۴-۳۲۲ ق م) کی عظمت اس کی زندگی کے نشیب و فراز میں نہیں بلکہ اس کے افکار و خیالات میں تلاش کی جاتی رہی ہے، تقریباً دو ہزار سال تک سائنس اور فلسفہ کی دنیا پر اس کا فکری اقتدار قائم رہا اور ذہنی ترقی کی راہ مسدود رہی، سترھویں صدی کے آغاز میں جب صدیوں کے بندھن ٹوٹے اور انسانی ذہن نئی پہنائیوں کے لئے بے چین ہوا تو اسے سب سے پہلے ارسطو کے اصولوں ہی سے نبرد آزما ہونا پڑا، عہد جدید کی غالباً تمام فکری ترقیاں اسی یونانی عالم کے کسی نہ کسی اصول کی تنقید کر شروع ہوتی ہیں اور اس میں اس کا کوئی قصور بھی نہیں تھا، قصور ان عالموں اور فلسفیوں کا تھا جنھوں نے اس طویل عرصے میں اس کے خیالات کی تنقید کا حوصلہ نہیں کیا۔

ارسطو کی زندگی ہنگامہ پرور زندگی نہیں تھی، اور نہ تو اس میں اخلاقی جرأت ہی تھی کہ جب اس پر بے عقیدگی اور عدم تقویٰ کا الزام لگایا گیا تھا تو سقراط کی طرح زہر کا پیالہ پینے کے لئے تیار ہو جاتا، سکندر اعظم کا وہ اتالیق ضرور رہا، مگر سکندر کی شخصیت عظمت اور کارناموں میں اس کی تعلیم و تربیت کا کوئی اثر نہیں ملتا، ہاں تعجب اس پر ہے کہ سکندر کا کوئی اثر ارسطو پر کیوں نہیں پڑا جسے اپنے شاگرد کی فتوحات سے یہ یقین ہو جانا چاہیئے تھا کہ اب شہری ریاستوں کا دور ختم ہو گیا تھا اور شہنشاہیتیں قائم ہونے والی تھیں۔ ارسطو کے نزدیک شہری ریاستیں نمونے کی ریاستیں تھیں، اس کا خیال تھا کہ اعتدال بڑی برکت کی چیز ہے۔ اور کسی ریاست میں ایک لاکھ شہری سے زیادہ نہیں ہونے چاہئیں۔ اور یہ باتیں اس نے اس وقت کہیں جب سکندر مقدونی شہنشاہیت قائم کر رہا تھا۔

اس میں شبہ نہیں کہ ارسطو کا علم بہت وسیع، نظر بڑی نکتہ رس اور بصیرت اعلیٰ درجہ کی تھی، وہ ایک طبیب کا بیٹا تھا جو مقدونیہ کے بادشاہ کے دربار سے وابستہ تھا، اپنے باپ کی نگرانی اور رہنمائی میں اس نے

طب کی تعلیم حاصل کی، دوسرے طبیبوں سے بھی اس نے استفادہ کیا، طب کے علاوہ اس نے دوسرے مروجہ علوم کی بھی تحصیل کی اور اس میں اُسے اپنے والد کی خوشحالی اور امارت سے بہت مدد ملی، اس لئے کہ باپ کی دولت سے وہ تعلیم سے متعلق تمام ضروری وسائل فراہم کر سکتا تھا۔ ۳۶۶ ق م میں جب اس کے باپ کا انتقال ہوا تو وہ ایتھنز آیا اور افلاطون کی اکادمی میں داخل ہو گیا، یہ وہ زمانہ تھا جب یونانی فکر کا تخلیقی دور اپنی آخری منزلوں میں تھا اور اس کا جو کچھ بھرم قائم تھا وہ درحقیقت اسی اکادمی سے تھا۔ یہاں وہ تقریباً بیس سال رہا، افلاطون کی وفات کے بعد وہ ایتھنز سے چلا گیا اور مقدونیہ اور دوسرے مقامات پر چند سال گذارنے کے بعد وہ ۳۳۴ ق م میں پھر ایتھنز آیا اور فلسفہ کا اپنا اسکول لی سے ایم (Lyceum) قائم کر کے درس دینا شروع کیا، بارہ سال تک وہ یہاں علم کا چراغ جلاتا رہا، ۳۲۲ ق م میں ایتھنز میں سیاسی انقلاب ہوا اور جو پارٹی برسرِ اقتدار آئی وہ مقدونیہ اور مقدونیہ والوں کے خلاف تھی، اس پارٹی نے اُس پر بدعقیدگی کا الزام لگایا، اور وہ نتائج سے خوفزدہ ہو کر بھاگ نکلا اور اسی سال اُسی کی موت واقع ہوئی۔

جیسا کہ پہلے کہا جا چکا ہے، ارسطو کا علم بہت وسیع تھا اور اس کی شاہکار تحریریں ہیں جو ہم تک پہنچی ہیں، وہ ریاضی کے علاوہ علم کے تقریباً تمام گوشوں میں کامل دستگاہ رکھتا تھا، اس نے نفسیات، مابعد الطبیعیات، علم الاخلاق، معاشیات، سیاسیات، جمالیات، طبیعیات اور عالم طبیعی کے ہر شعبہ سے متعلق اپنے خیالات پیش کئے اور اصولی بحثیں کیں، منطق کے علم کا تو وہ بانی تھا، خاص طور سے اس لحاظ سے کہ اس نے ان اصطلاحات کے مفہوم متعین کئے جن سے ہم آج بھی اصولی تفحص اور تجریدی تفکر میں کام لیتے ہیں، منطق کی دنیا اس زمانے میں بھی ارسطو سے بے نیاز نہیں ہو سکی ہے۔

اس مضمون میں ہم اس کے سیاسی افکار کا ایک جائزہ پیش کرنا چاہتے ہیں اس لئے ہمارا موضوع بحث اس کی مشہور کتاب 'سیاسیات' ہے جس کے بارے میں کچھ مبصروں کا خیال ہے کہ یہ اس کا شاہکار ہے' یہ خیال صحیح ہے یا غلط، یہاں اس سے بحث نہیں لیکن یہ ضرور ہے کہ اس کی بنا پر ہم اُسے علم سیاسیات کا 'بابا آدم' کہہ سکتے ہیں۔

ارسطو کے متعلق ایک نظریہ یہ ہے کہ اس کے فلسفے کے سمجھنے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ افلاطون اور

اس کے طرز فکر کے بنیادی اختلاف کو سمجھا جائے، ایک حد تک یہ بات صحیح ہے، لیکن اس سے یہ نتیجہ نکالنا کہ ارسطو کے خیالات میں "افلاطونیت" کا کوئی اثر نہیں، سخت غلطی ہوگی، تقریباً بیس سال تک وہ افلاطون کی اکادمی کا ممبر رہا، افلاطون سے اُس کے بہت قریبی تعلقات تھے، افلاطون اسے اپنے مکتب خیال کے ذہن سے تعبیر کرتا تھا، ایسی صورت میں وہ اپنے استاذ سے کتنا متاثر ہوا ہوگا، اس کا اندازہ کیا جا سکتا ہے، اس کے فلسفیانہ افکار میں "افلاطونیت" کے خدوخال اس حد تک سموئے ہوئے ہیں کہ کسی بڑے فلسفی کے یہاں کسی دوسرے مفکر کے افکار کا اتنا اثر نہیں ملتا، لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ارسطو اپنے استاذ کے ہر اصول سے متفق بھی نہیں تھا، یہی نہیں بلکہ جہاں جہاں اُس نے اختلاف کیا ہے، اتنی شدت سے کیا ہے کہ بعض لوگوں کو یہ غلط فہمی ہوئی کہ دونوں مفکرین کا فکر ایک دوسرے کی ضد ہے۔

ارسطو نے اپنی کتاب "سیاسیات" سلسلہ وار نہیں لکھی، جرمن عالم یے گر کا خیال ہے کہ اس کی تصنیف کے دو دور ہیں، اس کا دوسرا، تیسرا، ساتواں اور آٹھواں حصہ اس وقت لکھا گیا جب ارسطو افلاطون کی وفات کے بعد اکادمی چھوڑ کر اتھنز سے چلا گیا تھا، دوسرے اور تیسرے حصے میں اس نے عینی ریاست اور اس سے متعلق پچھلے نظریات سے بحث کی ہے، اور اس سلسلہ میں افلاطون کی عینیت پر تنقید بھی کی ہے۔ اس نے ریاست اور شہریت کی ماہیت کی بحث بھی چھیڑی ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس بحث کے بعد وہ عینی ریاست سے متعلق اپنے خیالات پیش کرنا چاہتا ہے۔ ساتواں اور آٹھواں حصہ عینی ریاست کی تشکیل اور اس کے امکانات کے بارے میں ہے، چوتھا، پانچواں اور چھٹا حصہ جو یے گر کے خیال میں بے سی ام کے قیام کے بعد کی تصنیف ہیں، عینی ریاست کے تصورات سے خالی ہیں اور ان میں اس نے موجودہ ریاستوں اور ان کی مختلف شکلوں کی داستان بیان کی ہے اور ان کے انحطاط اور زوال کے اسباب اور دستور اور ریاست کے استحکام کے ضروری لوازمات کا قصہ چھیڑ دیا ہے، پہلا حصہ سب سے آخر میں لکھا گیا اور یہ ایک طرح سے پوری کتاب کی تمہید ہے۔ یے گر کا خیال ہے کہ اگر بعد میں کتاب پر نظر ثانی کی گئی ہوتی تو کتاب میں ترتیب اور موضوعات میں ربط قائم ہو جاتا اور پڑھنے والے کو بار بار بے محل تکرار،

لہ سیبائن، A History of Political Theory، ہنری کولٹ اینڈ کمپنی، نیویارک، ۱۹۵۰ء

Aristotles، جرمنی یے گر۔

سے دوچار نہ ہونا پڑتا۔" لیکن اگر ہم اسے ایک ایسی تصنیف مان لیں جس میں ایک دور کے خیالات نہیں بیان کئے گئے ہیں بلکہ مختلف دوروں کے، اور تصنیف کے دوران میں مصنف کے ذہن میں ایک خاص نظریۂ علم نشوونما پاتا رہا ہے تو بہت سی خطیں آسان ہو جاتی ہیں اور ہم ارسطو کی قدر شناسی کا حق بہتر طریقے سے ادا کر سکتے ہیں۔"[1]

ارسطو سوفسطائیوں کے اس نظریے کا مخالف تھا کہ سیاسی معاشرہ کے ادارے فطری نہیں ہوتے بلکہ روایت کی گود میں جنم لیتے ہیں۔ وہ افلاطون کے اس خیال سے متفق ہے اور اپنے سیاسی تفکر کا آغاز اسی سے کرتا ہے کہ اجتماعی زندگی یا ریاست کا آغاز انسانی حاجتوں سے ہوتا ہے، لیکن وہ ریاست جو محض حاجتیں پوری کرے "سوروں کا شہر" ہے۔ ارسطو بھی اجتماعی زندگی کا اصل مقصد اچھی زندگی کا قیام بتاتا ہے، لیکن وہ ریاست کے سلسلہ میں اس کے نامیاتی پہلو کو نظر انداز نہیں کرتا۔ زندگی کی ضرورتوں کی بنا پر خاندان بنتے ہیں جس میں مرد اور عورت اور آقا اور محکوم مختلف ضرورتوں کی بنا پر ایک دوسرے سے متعلق ہوتے ہیں، لیکن جب بہت سے خاندان متحد ہو جاتے ہیں اور اس اتحاد کا مقصد روزمرہ کی حاجتیں پوری کرنے کے علاوہ کچھ اور بھی ہوتا ہے۔ تو معاشرہ کی جو شکل ظاہر ہوتی ہے وہ گاؤں ہوتا ہے، اور جب کئی گاؤں متحد ہو کر ایک مکمل جماعت بن جاتے ہیں جو خاصی بڑی اور تقریباً خود مکتفی ہوتی ہے تو ریاست وجود میں آتی ہے۔ اس طرح ریاست کا ظہور زندگی کی ضروریات کا رہین منت ہوتا ہے لیکن یہ قائم اسی صورت میں رہتی ہے جب مقصود ایک اچھی زندگی کی تشکیل ہو۔ اس بحث سے ارسطو کا مقصد یہ ہے کہ وہ یہ بتائے کہ ریاست ایک فطری مظہر ہے اور "انسان فطرتاً ایک حیوان سیاسی ہے۔" لیکن ریاست میں ایک غیر فطری عنصر بھی شامل ہے اور اسی وجہ سے ریاست کی شکلیں بدلتی رہتی ہیں اور انقلابات رونما ہوتے رہتے ہیں اور یہی سبب ہے کہ ریاست کی بحث میں اخلاقی بحثیں بھی آجاتی ہیں۔ یہ غیر فطری عنصر انسان کا خیر و شر کا شعور ہے جو دوسرے مل جل کر رہنے والے جانوروں میں نہیں ہوتا۔ انسان کی خواہش ہوتی ہے کہ اپنے معیاروں کے مطابق اجتماعی زندگی کی تشکیل کرے۔

---

[1] پروفیسر محمد مجیب، تاریخ فلسفہ، سیاسیات، ہندستانی اکیڈمی، الہ آباد، ۱۹۳۶ء، صفحہ ۶۰ بحوالہ یے گر، ARISTOTELES

وہ معیار کیا ہوں اور اچھی زندگی کا فوق کسی طرح پورا ہو، بنیادی طور پر یہی وہ مباحث ہیں جن پر ہر زمانے میں ہر سیاسی مفکر نے اپنے خیالات پیش کئے ہیں اور یہ بحث آج بھی جاری ہے اور اس وقت تک جاری رہے گی جب تک انسان اس کائنات کا ایک فعال عنصر ہے۔

ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہاں
اب دیکھئے ٹھہرتی ہے جا کر نظر کہاں

ارسطو اس حقیقت سے واقف تھا کہ ریاست سیاسی نظام یا حکومت کے بغیر قائم نہیں رہ سکتی چاہے وہ کسی طرز کی حکومت ہو لیکن وہ استبدادی حکومت کے مقابلہ میں، خواہ وہ کسی فلسفی بادشاہ کا روشن خیال اور وسیع النظر استبداد ہی کیوں نہ ہو، دستوری حکومت کو ترجیح دیتا ہے۔ اسی لئے وہ افلاطون کے اس نظریے کا جو اس نے اپنی کتاب نوامیس (Laws) میں پیش کیا ہے۔ شروع ہی سے قائل ہے۔ یعنی یہ کہ اچھی ریاست وہی ہے جہاں قانون کی فرمانروائی ہو اور کوئی شخص خواہ وہ کتنا ہی بڑا مدبر اور دانشمند کیوں نہ ہو قانون سے بالاتر نہ ہو۔ یہی اُس کی عینی ریاست ہے اور قانون کی فرمانروائی ہی کو وہ اپنی عینی ریاست کا اصل وصف تصور کرتا ہے۔ اُس کا خیال ہے کہ دستوری حکومت میں حکمراں کا اپنی رعایا سے جو تعلق ہوتا ہے وہ آقائی اور محکومی کی اور نوعیتوں کے مقابلہ میں مختلف ہوتا ہے کیونکہ اس میں دونوں فریق پابند بھی ہوتے ہیں اور آزاد بھی اور اس وجہ سے ایک متوازن قسم کی مساوات قائم رہتی ہے۔ ارسطو کے نزدیک مساوات انصاف ہے اور انصاف مساوات کا نام ہے، اگر ریاست اس انصاف سے محروم ہو جائے تو پھر اس کا انتشار شروع ہو جاتا ہے۔ اور یہ انصاف وہیں قائم ہو سکتا ہے جہاں قانون کی حکمرانی ہو، اس طرح کا سیاسی نظام اُس اقتدار و اختیار سے مختلف ہوتا ہے جو خاندان کے بزرگ کو خاندان والوں پر یا غلاموں پر ان کے آقاؤں کو حاصل ہوتا ہے۔ ارسطو کا خیال ہے کہ افلاطون کی یہ بڑی غلطی تھی کہ اس نے ریاست کو ایک بڑے خاندان سے تعبیر کیا اور خاندان کے اقتدار اور سیاسی اقتدار کے فرق کو سمجھنے میں ناکام رہا، یہی وجہ ہے کہ وہ افلاطون کے اس خیال سے متفق نہیں ہے کہ قانون کی حکومت اور دانش مند حکمرانوں کی حکومت ایک ہی درجہ کی چیزیں ہیں، بڑے سے بڑا دانش مند حکمراں بھی قانون سے نہ بے نیاز ہو سکتا ہے اور نہ اس کے بغیر کام چلا سکتا ہے کیونکہ قانون میں ایک لاشخصی (Impersonal) وصف ہوتا ہے جسے کوئی

شخص خواہ وہ کتنا ہی اچھا کیوں نہ ہو، حاصل نہیں کر سکتا۔" قانون عقل کی اس حالت کا نام ہے جب کہ اس پر کا برا اثر نہ پڑا ہو۔ قانون کا اختیار جو جذبات سے معرّیٰ ہوتا ہے مجسٹریٹ کی جگہ نہیں لیتا لیکن مجسٹریٹ اختیار میں اخلاقی وصف کا رنگ بھرتا ہے، قانون کی فرمانروائی کے طفیل رعایا کا وقار قائم رہتا ہے جبکہ شخصی میں معاملہ برعکس ہوتا ہے، دستوری حکومت کے موجودہ نظریوں سے کس قدر مطابق ہے ارسطو کا یہ نقطۂ نظر، اور بات ہے کہ آج بھی حقیقت میں وہی لوگ حکمراں ہیں جو اپنے حق میں رائے عامہ کو ہموار کرنے کے لئے پناہ رکھتے ہیں اور حکمراں طبقہ کی حیثیت سے عوام کے آزاد ارادوں کے اظہار کا موقع نہیں دیتے۔

ارسطو کے نزدیک دستوری حکومت کا ایک خاص مفہوم تھا، اس نے اس کے تین پہلو بتلائے ہیں: اول یہ کہ اس سے یہ مقصود نہیں ہوتا کہ کسی خاص فرد یا طبقہ کے مفاد کے حق میں کسی مستبد یا کسی طبقہ کی حکومت قائم کی جائے بلکہ اس کا مطمح نظر مفاد عامہ ہوتا ہے۔ دوسرے یہ کہ حکومت کا کاروبار مسلمہ قانون کے مطابق ہو اور مطلق العنانی کا اس سے کوئی تعلق نہ ہو۔ اور تیسرے یہ کہ دستوری حکومت کا مطلب ہوتا ہے کہ یہ رضامند اور مطمئن رعایا کی حکومت ہے، کسی جابر حکمراں کے جبر کا پنجہ اس پر نہیں ہے۔ اس نے دستوری حکومت کی ان تین خصوصیات کا ذکر وضاحت سے کیا ہے لیکن انھیں کسی خاص سسٹم کے مطابق جانچا نہیں ہے اور یہ بھی نہیں بتایا ہے کہ اس کے علاوہ اور کوئی خصوصیت ہو سکتی ہے یا نہیں، اسے اس بات کا احساس تو تھا کہ ہو سکتا ہے دستوری حکومت میں بیک وقت یہ تینوں خصوصیات موجود نہ ہوں مثلاً ایک مستبد حکمراں ہے جو مطلق العنانی سے حکومت کرتا ہے لیکن وہ جو کچھ بھی کرتا ہے مفاد عامہ کے حق میں کرتا ہے، یا یہ کہ حکومت تو دستوری ہے مگر نا انصافی اپنا شعار بنائے ہوئے ہے اور ایک خاص طبقہ کے مفاد کا زیادہ خیال رکھتی ہے، لیکن یہ حقیقت ہے کہ اس نے دستوری حکومت کی کبھی باقاعدہ تعریف نہیں کی۔

افلاطون نے نوامیس (Laws) میں کہا تھا کہ قانون کی اہمیت کو محض دفع الوقتی کے لئے نہیں تسلیم کرنا چاہیئے بلکہ مہذب اور اخلاقی زندگی بسر کرنے کے لئے ناگزیر تصور کرنا چاہیئے۔ ارسطو نے اپنے استاد کے مشورہ سے اتفاق کیا، سیاسیات میں اس نے ایک جگہ لکھا ہے اور افلاطون ہی کے قول کو دہرایا ہے: "انسان اگر کامل ہو جائے، تو بہترین حیوان ہے، لیکن اگر قانون اور انصاف سے اسے کوئی واسطہ نہ ہو، تو وہ بدترین مخلوق ہے۔"

مینیت کی سطح سے اتر کر حقیقت کی دنیا میں اگر موجودہ اداروں اور ریاستوں کی رسم و روایات کی روشنی میں مجرد اصولوں کو پرکھا جائے تو مشکلات اور تضادات کا سامنا ہوتا ہے، افلاطون کی قسم کے مینیت پرست حقائق کی پروا کئے بغیر فلک پیمائی کرتے رہتے ہیں، یہ انتہا پسندانہ رویہ ہوتا ہے لیکن ارسطو خوابوں کی دنیا کا باشندہ نہیں تھا، اس لئے اس کے یہاں اعتدال اور اصلاح پسندی کے رجحان ملتے ہیں، وہ تاریخ کو جو صدیوں پر پھیلے ہوئے انسانی تجربات کا خزانہ اپنے دامن میں رکھتی ہے، اصول ارتقاء کو جو کائنات کے نظام میں کارفرما ہے، انسانی نفسیات کو جو فرد اور جماعت کے انداز اور کردار پر اثر انداز ہوتی رہتی ہے اور انسان کی عقل سلیم کو بہت زیادہ اہمیت دیتا ہے ہمیں محسوس ہوتا ہے۔ کہ اس کے خیالات میں اس رجحان کی جھلک ملتی ہے کہ آئیڈیل ایک موثر طاقت ہے اور واقعی زندگی اور موجود حالات میں اس کی اثر آفرینی اور متحرک قوت میں کوئی فرق نہیں آتا۔ احوال و حقائق کی دنیا میں بھی یہ فعال اور زندہ رہتا ہے۔ لیکن افسوس ہے کہ ارسطو نے اس نکتہ کی وضاحت نہیں کی اور آنے والی نسلوں کے لئے سوچنے کا ایک موضوع دے دیا۔ اور غالباً وہ اس کی وضاحت کر بھی نہیں سکتا تھا اس لئے کہ اس کی مشکل یہ تھی کہ افلاطون سے اسے جو سیاسی آئیڈیل ملا تھا اس میں یہ فرض کر لیا گیا تھا کہ شہر (ریاست) اور شہری دو لازم و ملزوم اصطلاحیں ہیں، اس کی وجہ سے اس کے سامنے تین سوال ابھرے: ریاست کیا ہے؟ شہری کیا ہے؟ کیا ایک نیک آدمی کے اوصاف وہی ہوتے ہیں جو ایک اچھے شہری کے ہوتے ہیں؟ ریاست انسانوں کی جماعت ہے جس کا مقصد بہترین اخلاقی زندگی کا ساز و سامان فراہم کرنا ہے، انسانوں کی ایک جماعت ہے اور یہ جماعت مشترک طور پر جس قسم کی زندگی گذارے گی اس سے اندازہ ہوگا کہ کس قسم کے انسانوں سے وہ جماعت بنی ہے اور وہ کیا مقاصد ہیں جنھیں وہ حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ اور اسی طرح اس کے بالمقابل یہ کہا جا سکتا ہے کہ ریاست کے مقصد سے اس کا تعین ہوتا ہے کہ اس کے افراد کس قسم کے لوگ ہو سکتے ہیں اور الگ الگ وہ کس قسم کی زندگی بسر کر سکتے ہیں، اس نظریئے کے مطابق دستور نظام زندگی کا نام ہے اور حکومت اور اس کی شکل درحقیقت اس نظام زندگی کی آئینہ دار ہے جسے ریاست قائم کرنا چاہتی ہے۔ اس سے ارسطو یہ نتیجہ نکالتا ہے کہ

"جب حکومت کی شکل بدل جائے اور کوئی نئی شکل اختیار کی جائے تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ ریاست وہ نہیں رہی جو پہلے تھی..... نظام حکومت بدلنے کے معنی یہ ہیں کہ سیاسی زندگی کے اصول اور مقاصد بدل گئے۔[1] قانون، دستور، ریاست، نظام حکومت ـــــ اس منزل میں سب ہی ایک دوسرے سے گھلتے ہوئے نظر آتے ہیں کیونکہ اخلاقی نقطۂ نظر سے سب کا تعلق اس مقصد سے ہے جس کے سہارے انسانوں کی یہ جماعت زندہ ہے۔

اس بحث سے یہ بات صاف ہو جاتی ہے کہ ارسطو کی نظر اس حقیقت سے کبھی نہیں ہٹتی کہ تبدیلیاں ہوتی رہتی ہیں، ریاستوں کے دستور میں خامیاں ضرور ہوتی ہیں اور ان کی شکلیں بدلتی رہتی ہیں، افلاطون سے اگر پوچھا جاتا کہ ریاستوں کے دستور میں کیا خامیاں ہوتی ہیں اور کیوں ہوتی ہیں تو وہ یہ جواب دیتا کہ پہلے خیر کے تصور کو سمجھنے کی کوشش کرو، اگر تم نے اسے سمجھ لیا تو تم کو اس سوال کا جواب مل جائے گا۔ لیکن پہلے خیر کے تصور کا ادراک کیا جائے اور پھر اس پیمانے سے موجود ریاستوں اور واقعی زندگیوں کو جانچا جائے، یہ طرز استدلال ارسطو کو قبول نہیں، اس کے خیال میں پہلے موجود ریاستوں کا مشاہدہ کرنا چاہیے پھر یہ امتیاز ہو سکتا ہے کہ کون سی ریاست اچھی ہے اور کون سی بُری، اچھا آدمی ایک اچھا شہری ہو یہ اسی وقت ممکن ہے جب ریاست آئیڈیل ہو۔

نظام حکومت کی تبدیلی کے ساتھ ریاست کی شکل بھی بدل جاتی ہے۔ اسی ضمن میں اس نے اس سے بھی بحث کی ہے کہ ریاستیں کتنے قسم کی ہوتی ہیں، ظاہر ہے کہ ریاستوں کی قسموں کا تعین کسی نہ کسی معیار کے مطابق ہونا چاہیے۔ لہٰذا اس معیار کے مطابق کہ حکومت کے مدنظر مفاد عامہ ہے یا ذاتی مفاد اور حاکموں کی تعداد کم ہے یا زیادہ ارسطو نے ریاستوں کی تین صحیح شکلیں اور تین بگڑی ہوئی مثالی شکلیں قرار دی ہیں۔[2] بادشاہی (Monarchy)، اشرافیہ (Aristocracy)، اور معتدل جمہوریت (Polity) یا دستوری حکومت صحیح شکلیں ہیں، مطلق العنان بادشاہی (Tyranny) چند سری حکومت (Oligarchy) اور جمہوریت مطلق (Extreme Democracy) انھیں کی بگڑی ہوئی شکلیں ہیں۔

[1] تاریخ فلسفۂ سیاسیات، صفحہ ۶۶، بحوالہ ارسطو۔ [2] تاریخ فلسفۂ سیاسیات، صفحہ ۶۹۔

ارسطو کو احساس تھا کہ ریاستوں کی تقسیم اس نہج پر کرنے سے، ان کی الگ الگ نمومیات بتانے میں مشکلات کا سامنا ہوگا کیونکہ سب سے پہلے یہ سوال اٹھتا ہے کہ اقتدار کے حقدار کون ہیں اور کن لوگوں کے ہاتھ میں زمام اقتدار ہونی چاہیئے۔ عام طور پر لوگ چند سری حکومت کو امیروں کی حکومت تصور کرتے ہیں بالکل اسی طرح جیسے جمہوریت غریبوں کی حکومت سمجھی جاتی ہے۔ یہ صحیح ہے کہ غریبوں کی تعداد اور زیادہ ہوتی ہے اور امیر کم ہوتے ہیں لیکن تعداد کا یہ ضمنی فرق ریاست کی ان دونوں قسموں پر دلالت نہیں کرتا۔ اصل معاملہ یہ ہے کہ اقتدار کے استحقاق کے دو نمایاں پہلو ہیں: ایک کا تعلق ملکیت کے حقوق سے ہے اور دوسرے کی بنیاد زیادہ سے زیادہ تعداد میں عام انسانوں کی فلاح و بہبود پر ہے۔

ارسطو اس کا منکر نہیں ہے کہ نجی ملکیت کا تصور بہت قوی ہے۔ وہ نجی ملکیت کے تصور کا مخالف بھی نہیں ہے لیکن وہ جائداد یا دولت کو ایک ذریعہ تصور کرتا ہے اچھی زندگی کے قیام کے لئے، اس کے خیال میں دولت جمع کرنا بعینہٖ کوئی مقصد نہیں ہونا چاہیئے، دولت کے احتکار کی کوئی مناسب حد ہونا چاہیئے ورنہ اس سے ریاست کے اس مقصد کے حصول میں کہ اچھی زندگی بسر کرنے کا ساز و سامان فراہم کیا جائے، رکاوٹ پیدا ہوگی۔ دولت کے لامحدود احتکار کو خواہ اس کی کوئی شکل ہو وہ ریاست کے استحکام کے لئے مضر تصور کرتا ہے اور اسی سلسلہ میں وہ تنبیہ کرتا ہے کہ امیر اور غریب کا فرق اگر بہت بڑھ جائے گا تو ریاست میں فساد پیدا ہوگا۔ ہر ریاست میں تین قسم کے لوگ ہوتے ہیں: ایک طبقہ بہت امیر ہوتا ہے، دوسرا بہت غریب اور ایک طبقہ یعنی تیسرا متوسط حیثیت کا۔ یہ مانی ہوئی حقیقت ہے کہ اوسط یا اعتدال خیر الامور ہے اور اس لئے واضح ہے کہ اعتدال کے ساتھ خوشحال اور امیر ہونا اچھا ہے کیونکہ اس صورت حال میں انسان عقل و ہوش سے محروم نہیں ہوتا۔ لیکن وہ جو حسن، طاقت، خاندانی نجابت یا دولت کے لحاظ سے بہت قوی اور دوسروں سے بڑھ کر ہوتا ہے یا برخلاف اس کے وہ جو بہت غریب یا بہت کمزور یا بہت زیادہ ذلیل و حقیر ہوتا ہے، اپنے لئے دشوار پاتا ہے کہ عقل کی رہنمائی قبول کرے۔[1]

ارسطو کے نزدیک امیر طبقہ کا رجحان یہ ہوتا ہے کہ وہ فرمانبرداری نہیں کر سکتا اور اگر حکومت اس کے ہاتھ میں ہوگی تو وہ مطلق العنان حکومت ہوگی، غریبوں کا طبقہ چونکہ دوسری انتہا پر ہوتا ہے

---

[1] ارسطو، سیاسیات۔

اس لئے وہ یہ نہیں جانتا کہ حکمرانی کسے کہتے ہیں لہٰذا اُسے غلاموں کی طرح محکوم ہونا چاہیئے، اس طرح ان دو طبقوں پر مشتمل جو ریاست بنے گی وہ آزاد انسانوں کی نہیں بلکہ آقاؤں اور غلاموں کی حکومت ہوگی امیر غریبوں سے نفرت اور غریب امیروں سے رشک وحسد کریں گے اور اس لئے رفاقت اور دوستی کی فضا نہیں پیدا ہو سکتی جو ریاست کی پائداری کے لئے ضروری ہے۔ یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ ارسطو نے وحدت یا ریاست کی خوبی کا معیار پائداری کو قرار دیا ہے اور موجودہ زمانے کے خیالات کی رو سے یہ صحیح ہے۔[۵۱]

ارسطو کا خیال تھا کہ ریاست وہی اچھی ہے جہاں ایسے لوگوں کی اکثریت ہو جو مساویانہ حیثیت کے حامل ہیں اور مادی معیار زندگی کے اعتبار سے ایک ہی طبقہ سے تعلق رکھتے ہیں، اور یہ متوسط طبقہ کے افراد ہوتے ہیں، ان میں آپس میں رشک وحسد نہیں ہوتا، کسی کو کسی سے خطرہ نہیں ہوتا اس لئے ظاہر ہے کہ بہترین سیاسی جماعت متوسط طبقہ کے لوگوں سے بنتی ہے اور ان ریاستوں میں اچھا انتظام ہونے کا امکان زیادہ ہے جن میں متوسط طبقہ بڑا ہو۔ اور اگر ممکن ہو تو دوسرے دونوں طبقوں کے مقابلہ میں زیادہ بڑا ہو، یا کم از کم ان میں سے کسی ایک سے بڑا ہو، کیونکہ متوسط طبقہ کسی ایک سے مل کر صورت حال کو بدل دے گا اور ان میں سے کسی ایک کو غلبہ حاصل کرنے کا موقع نہیں دے گا۔[۵۲] لیکن واقعات کی دنیا میں اس طرح کی صورت حال بہت کم وقوع میں آتی ہے۔ بہرحال متوسط طبقہ کی اشرافیہ جو دستوری حیثیت کی حامل ہو، ارسطو کی مثالی ریاست کہی جا سکتی ہے اور ساتھ ہی ساتھ ایسی ریاست بھی جو بہترین اور قابلِ عمل ہے۔

یونان کی شہری ریاستوں میں انقلابات ہوتے رہتے تھے، ارسطو نے ان کے اسباب پر غور کیا اور سیاسی مظاہر اور تجربات کی روشنی میں ان کا تجزیہ کر کے ان کی روک تھام کے لئے کچھ طریقے بھی بیان کئے اس کا خیال تھا، اور واقعات نے ثابت کیا ہے کہ بہت بڑی حد تک اس کا خیال صحیح تھا، کہ مساوات کی خواہش ہی ہمیشہ بغاوت کا جھنڈا بلند کرتی ہے۔" جو کمتر ہوتے ہیں وہ اس نیت سے بغاوت کرتے ہیں کہ اوروں کے برابر ہو جائیں اور جو برابر ہوتے ہیں وہ اس غرض سے کہ برتر ہو جائیں۔ کیونکہ انھیں جو

---

۵۱ تاریخ فلسفۂ سیاسیات، صفحہ ۶۶ ۵۲ ارسطو، سیاسیات۔

ملتا ہے اُسے وہ اپنے حق سے کم سمجھتے ہیں[۱]۔ کسی دستور کی یہ بھی ایک بڑی خامی ہوتی ہے کہ حکمرانوں اور حکمراں طبقوں کو اس کا موقع ملے، کہ وہ طاقت کو اپنا مسلک بنالیں اور محکوموں کے ساتھ بدسلوکی سے پیش آئیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ محکوم اُن کی مخالفت پر آمادہ ہوجاتے ہیں، انقلاب کی ایک وجہ یہ بھی ہوتی ہے کہ کسی فرد یا کئی افراد کے ہاتھ میں اقتدار اس طرح آجائے کہ بادشاہی یا چند سری حکومت کے قائم ہونے کا خطرہ پیدا ہوجائے۔ کبھی کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ مجرم افراد اپنی بدکاریوں پر پردہ ڈالنے کے لئے اس کی کوشش کرتے ہیں کہ ہنگامہ برپا کیا جائے، نسلی اختلافات، شخصی حکومتوں میں ذاتی عداوتیں اور جھگڑے یا ریاست کے کسی حصہ میں علاقائی، معاشرتی، معاشی یا کسی اور لحاظ سے تناسب سے زیادہ اضافہ اور ترقی بھی ایسے اسباب ہیں جو انقلابات کا پیش خیمہ ہوتے ہیں۔

ارسطو نے انقلابات کو روکنے کی تدبیریں بھی بتائی ہیں، اس سلسلہ میں پہلی ضروری بات یہ ہے کہ رعایا میں قانون کی فرمانبرداری کا جذبہ باقی رہے، کبھی کبھی بے قاعدگی چپکے چپکے ہیئت اجتماعیہ میں رچ بس جاتی ہے۔ اور ریاست کو برباد کردیتی ہے۔ بالکل اسی طرح جیسے چھوٹے چھوٹے مستقل اخراجات خزانے کو خالی کردیتے ہیں[۲]۔ دوسری چیز یہ ہے کہ کوئی طبقہ جو حکومت میں شریک نہیں ہے، بدسلوکی کا نشانہ نہ بننے پائے بلکہ یہ ہونا چاہیئے کہ اس کے بااثر افراد کو ان کی حیثیت کے مطابق مرتبہ دیا جائے اور ان کی حیثیت کو تسلیم کیا جائے عوام میں حب الوطنی کا جذبہ کبھی ختم نہ ہو یہ بھی بڑی کارگر تدبیر ہے، اس کے علاوہ حاکموں کو اس کا موقع نہیں ملنا چاہیئے کہ وہ اپنے اقتدار سے ناجائز فائدہ اٹھاکر دولت کمائیں اور یہ اس طرح سے ہوسکتا ہے کہ دستور میں اس کے تدارک کے لئے دفعات موجود ہوں، اس سے یہ فائدہ ہوگا کہ کسی ایک شخص یا اشخاص کی کسی جماعت کا اقتدار حد سے زیادہ نہیں بڑھنے پائے گا، اس کا بھی خیال رکھنا چاہیئے کہ دولت کی تقسیم صحیح اور منصفانہ ہو، نابرابری فرق بہت نمایاں نہ ہو، اور ریاست کا معاشی ڈھانچہ ایسا ہو کہ غریبوں کو بھی صلاحیت پیدا کرنے اور ترقی کرنے کا موقع ملے۔ لیکن ارسطو کا خیال ہے کہ ان تمام تدبیروں کے علاوہ جو میں نے بیان کی ہیں ایک تدبیر ہے جو دستور کے استحکام میں سب سے زیادہ ممد و معاون ثابت ہوتی ہے، اور وہ یہ ہے کہ تعلیم طرز حکومت کے مناسب اور مطابق ہو لیکن یہی وہ اصول ہے جسے ہمارے زمانے میں عام طور پر نظر انداز کردیا گیا ہے۔ مثلاً

---

[۱] تاریخ فلسفۂ سیاسیات، صفحہ ۶۷ [۲] ارسطو، سیاسیات۔ ایضاً

ہے کہ ہمارے ملک میں قومی یک جہتی اور جذباتی ہم آہنگی کا نعرہ بڑی شدت سے لگایا جاتا ہے لیکن ارسطو کے اس اصول پر جو درحقیقت اپنے اندر بنیادی سچائی رکھتا ہے، بہت کم توجہ دی جاتی ہے۔ ابھی حال میں قومی یک جہتی کے سلسلہ میں جو کانفرنس ہوئی تھی، اُس میں انتشار اور فساد کی روک تھام کے لئے جن تدبیروں پر بہت زیادہ زور دیا گیا اُن کی حیثیت محض منفی تھی۔ ہمارا دستور اچھا ہے، ملک کی بھاری اکثریت اسے تسلیم کرتی ہے لیکن نظام تعلیم ایسا نہیں ہے جس میں اس کا امکان قوی ہو کہ نئی نسل کی تعلیم و تربیت دستور کی بنیادی خصوصیات کے مطابق ہو۔)

تعلیم طرز حکومت کے مزاج کے عین مطابق ہو، ارسطو کے خیال میں یہ اسی وقت ممکن ہو سکتا ہے جب اس کا انتظام ریاست کی طرف سے ہو، معاشرہ ایک کل ہے اور شہری اس کے اجزاء ہیں، معاشرہ محفوظ نہیں رہ سکتا اگر اُس کے افراد کی اُس کے مقصد کے پیش نظر تعلیم و تربیت نہ کی جائے، اور ارسطو نے تعلیم کا نصب العین یہ قرار دیا ہے کہ وہ فطرت، عادت اور عقل کو ہم آہنگ کر دے اور تینوں کو ریاست کے خاص رنگ میں رنگ دے۔ تعلیم، طرز تعلیم، شہریوں کی سیرت کی تربیت، ریاست کا دستور اور اس کا نصب العین وغیرہ — درحقیقت یہ سب ایک ہی تسبیح کے دانے ہیں اور ارسطو کے سیاسی نظام فکر کا مطالعہ اسی وقت مکمل ہوگا جب سب کو ایک کل سمجھ کر جانچنے اور پرکھنے کی سعی کی جائے۔

اس طرح یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ بنیادی طور پر ارسطو کے سیاسی خیالات کا مقصد بھی یہ نہیں تھا کہ افلاطون کی طرح وہ کسی مثالی ریاست کی تعمیر و تشکیل کا خواب دیکھے اور اس قسم کی خیال آرائی اس کے جینی اس (genius) کو راس بھی نہیں آسکتی تھی۔ جس قدر بھی اس نے اپنے آزاد طرز فکر کو اپنے خاص رنگ میں متعین کرنے کی کاوش اور تحقیق اور مشاہدہ کی دنیا میں جدوجہد کی اسی قدر اس نے موجودہ دستوروں کو بیان کرنے اور اُن کا تجزیہ کرنے کی طرف زیادہ توجہ کی، اُس نے اور اُس کے شاگردوں نے ایک سو اٹھاون دستوروں اور اُن کی تاریخ کا مطالعہ کیا اور اس تحقیق و مطالعہ کا اُس کے فکر پر بڑا انقلابی اثر مرتب ہوا، اور اسی کا اثر تھا کہ اُس نے سیاسی نظریے کے ایک وسیع تر مفہوم کی طرف اشارہ کیا۔ اس کا کارنامہ یہ ہے کہ اُس نے تجرباتی مطالعہ کو سیاسی اصولوں کے خالص فکری مطالعہ سے ہم آہنگ کرنے کی کوشش کی۔

---

۵۲ تاریخ فلسفۂ سیاسیات، صفحہ ۷۳۔

شگفتہ بچّہ

حضرت سلام مچھلی شہری

(ٹیگور کے مشہور شاہکار گیتانجلی کی نظم نمبر ۶۱ سے متاثر ہو کر کہی گئی)

شگفتہ بچے کی آنکھوں میں نیند چھائی ہے
کوئی بتلائے یہ آخر کہاں سے آئی ہے
شگفتہ بچے کی آنکھوں میں نیند کی رانی
سمن بدوش بہاروں کی رہنے والی ہے
حسین پریوں کی اک خوشنما سی وادی میں
نسیم صبح کی رعنائیوں کی پالی ہے
وہ ایسی وادیِ گلبار و گلفشاں ہے جہاں
سحر حسین اگر ہے تو شب حسین تر ہے
جہاں مناظرِ فطرت کا رقص ہوتا ہے
وہیں، پہاڑ کے دامن میں اس کا بھی گھر ہے!

(۲)

لبوں پہ موجِ بہاراں جو مسکرائی ہے
کوئی بتلائے یہ آخر کہاں سے آئی ہے
شگفتہ بچے کے ہونٹوں پہ یہ ہنسی کی لکیر
جوان چاند کی اُن شوخیوں کی ہے تنویر
جواہر پاروں کے پاؤں میں ڈال دیں زنجیر!!

نگارِ صبح نے شبنم میں آنکھ جب کھولی
تو پاس ایک کلی مسکرا کے یوں بولی
"میں صدقے آپ کے حسن و شباب پر جاؤں
یہ رنگ و نور کسی طفلِ نو کو دے آؤں؟"
شگفتہ بچے کے ہونٹوں پہ یہ ہنسی کی کرن
عروسِ صبح کے خوابوں کا ہے سہانا پن!!

(۳)

شگفتہ بچے کی ایسی جو دلربائی ہے
کوئی بتائے یہ آخر کہاں سے آئی ہے؟
جب اس کی مادرِ مشفق جواں درعنا تھی
تو خود بھی اپنی بہاروں کی ایک دنیا تھی
اُن ہی دنوں وہ کوئی رازِ دلنشیں پا کر
حسین چاند ستاروں پہ ڈالتی تھی نظر
حیات پر تو رنگیں تھی حسنِ دلبر کا!
شگفتہ بچے کا یہ حسن، یہ سلونا پن
ہے ایک عکسِ ضیا بارِ خوابِ مادر کا!!

آئینۂ حیرت

حضرت عبدالمجید حیرتؔ

نویدِ آمدِ فصلِ بہار ہوتا ہے
وہ برگِ گل جو سرِ شاخسار ہوتا ہے

وہی شجر جو کبھی سایہ دار ہوتا ہے
خزاں کے دور میں بے برگ و بار ہوتا ہے

مجھے یہ ڈر ہے کہیں آپ بھی انہیں میں نہ ہوں
جنہیں خزاں پہ گمانِ بہار ہوتا ہے

ابھی تو آپ کے صبر و ثبات کا دامن
خیال ہی میں فقط تار تار ہوتا ہے

یہ باغباں ہی جانے کہ کون سا موسم
شگفتِ گل کے لئے سازگار ہوتا ہے

نہیں بھی ملتا ہے آرام کم نصیبوں کو
اگرچہ سایۂ دیوارِ یار ہوتا ہے

وہ سرزمین جو سورج سے دور ہوتی ہے
وہاں تو شام ہی کا اعتبار ہوتا ہے

نفس نفس میں مشیخت کی جس سے بو آئے
وہ انکسار کوئی انکسار ہوتا ہے

خدا کی شان کہ جس کی نگاہ کچھ بھی نہ تھی
اب ان کا اہلِ نظر میں شمار ہوتا ہے

کسی کو ہم سے تعلق، نہ ہم سے ہمدردی
نظر نظر سے یہی آشکار ہوتا ہے

اُسی پہ قہر کی گرتی ہیں بجلیاں حیرتؔ
جو ان کے لطف کا امیدوار ہوتا ہے

"انارکلی"

محترمہ وحیدہ نسیم (کراچی)

یاد میں تیری ہی راوی دیدۂ پر آب ہے
سینۂ لاہور میں تو ہی دل بے تاب ہے

تخت مغلوں کا تھا تیرے رقص سے لرزہ کناں
تھی نظر تیری عنانِ قسمت ہندوستاں

حسن تیرا تھا قوی تر لشکرِ جرار سے
اکبر فاتح کو اندیشہ تیری رفتار سے

دے کے دھڑکن اپنی مغنوں کے دل خاموش میں
سو گئی تو آہ! سنگ و خشت کی آغوش میں

طائرِ بامِ محبت کا انوکھا تھا قفس
پتھروں میں رہ گیا گھٹ گھٹ کے تیرا ہر نفس

داد دیتے ہیں فرشتے اس بساطِ عشق کی
جس میں اک حرفِ تمنا کی ہو قیمت زندگی

خاموشی نے بخش دی تاریخ کو تیری زباں
مٹ کے تو نے دی محبت کو حیاتِ جاوداں

خاک میں مل کر چھپے جو یہ وہ تابانی نہیں
سلطنت فانی جہاں کی عشق، پر فانی نہیں

بال جو تھا تیرے دل کے شیشۂ شفاف میں
بن کے کانٹا رہ گیا وہ سینۂ انصاف میں

گونج اٹھا عدل جہانگیری کی ہر آواز میں
آہ وہ نغمہ جو تھا تیرے شکستہ ساز میں

اس طرح ڈوبا سفینہ تیرا ساحل بن گیا
ٹوٹ کر قسمت کا تارا ماہ کامل بن گیا

رشتۂ دل جوڑ کر ہستی سے ناتا توڑنے
خواب بن کر آئی تو بے خواب کر کے چھوڑنے

ناز ہے ہندوستاں کو آج تیرے بخت پر
چین آیا ایک سلطاں کو نہ تجھ بن تخت پر

کی جہانگیری خلش دل کی مٹانے کے لئے
کھیل تھی نور جہاں تجھ کو بھلانے کے لئے

دل بہلنے کو جھکائی ہر جگہ اپنی جبیں
مٹ سکا لیکن نہ دل سے تیرا نقش اولیں

تخت سے بددل شہنشاہی سے اکتائی ہوئی
کہہ رہی ہے آج بھی اک روح گھبرائی ہوئی

تا قیامت شکر گویم کردگار خویش را
آہ گر من باز بینم روئے یار خویش را

مغربی ایشیا کی
مسلم ریاستوں میں فوجی انقلابات

جناب شاہ عبدالقیوم

یہ بات دلچسپ بھی ہے اور کچھ عجیب بھی کہ گذشتہ چند برسوں میں جتنے بھی فوجی انقلابات آئے ہیں ان میں سے اکثر مغربی ایشیا کی مسلم ریاستوں میں آئے ہیں۔ فوجی انقلابات کا یہ سلسلہ ۱۸۸۱ء سے شروع ہوتا ہے جب مصری فوج کے کرنل اعرابی پاشا نے مصری حکومت کے داخلی معاملات میں انگریزوں کے بڑھتے ہوئے اثرات کے خلاف احتجاج کیا اور سرکاری ملازمتوں اور عہدوں میں عربوں کے جائز حقوق کی مانگ کی، ملک کی دولت اور تمام ذرائع آمدنی پر غیر ملکیوں کے تسلط کے خلاف جدوجہد کی، لیکن آپس کی نااتفاقی، فوجی تنظیم کی کمزوری اور اسلحہ کی کمی کے باعث انگریزوں کی منظم اور بے پناہ طاقت کا مقابلہ نہ کر سکا اور اپنے ہی ملک میں غیروں کے سامنے جھکنا پڑا۔

اس کے بعد ترکی میں ۱۹۰۸ء میں "ینگ ٹرکس" کی تحریک نے خود غرض اور سخت گیر سلطان عبدالحمید کو دوبارہ دستوری حکومت قائم کرنے پر مجبور کیا۔ اس کے بعد پہلی جنگ عظیم کے خاتمے پر مصطفیٰ کمال اتاترک نے کمزور بنیادوں پر ٹھہری ہوئی عثمانی سلطنت اور خلافت کو ختم کر کے مغربی طرز کی جمہوری حکومت کی بنا ڈالی۔

عراق میں ۱۹۳۶ء سے ۱۹۴۱ء تک سات بار فوجی حکومتیں قائم ہوئیں جن میں راشد علی گیلانی کی وہ تحریک زیادہ مشہور ہے جس کا ایک مقصد جرمنی کی حمایت تھا۔

اسی طرح شام میں ۱۹۴۹ء سے ۱۹۵۴ء تک پے در پے پانچ مرتبہ فوجی حکومتیں قائم ہوئیں، جن میں کرنل زعیم، کرنل حنادی اور کرنل ادیب ششکلی کے انقلابات کی داستانیں ابھی تازہ ہیں۔

اسی زمانے میں (جولائی ۱۹۵۲ء) کرنل ناصر اور جنرل نجیب کی قیادت اور سرپرستی میں مصر کا شاندار انقلاب" رونما ہوا، جس نے شاہ فاروق کو دیس نکالا دیا اور عدل و مساوات کی بنیادوں پر ایک نئے

نظام کی بشارت دی۔

جولائی ۱۹۵۸ء میں بریگیڈیر قاسم کی سرپرستی میں عراقی فوج نے شہنشاہیت کو ہمیشہ کے لئے مٹا دیا۔ شاہ فیصل، نوری سعید اور دیگر سامراج نوازوں کو ختم کر کے حکومت کی ذمہ داریاں فوجی افسران کے سپرد کر دیں۔

اسی سال ۲۷ اکتوبر کو جنرل ایوب نے پاکستان کے نااہل اور خود غرض حکمرانوں کو سیاسی اقتدار سے معزول کر کے فوجی نظام قائم کیا، جس کی گرفت آج بھی حکومت کے تمام شعبوں اور عوام کی سیاسی زندگی پر اسی قدر مضبوط ہے کہ جتنی انقلاب کے پہلے دن تھی۔

اس کے ایک ہی ماہ بعد، ۱۷ نومبر کو سوڈان میں فوجی انقلاب رونما ہوا جس میں سوڈانی فوج کے جنرل ابود نے جمہوری حکومت ختم کر کے فوجی حکومت قائم کی اور جہاں ابھی تک عوامی حکومت کا خواب شرمندۂ تعبیر نہیں ہو سکا ہے۔

سوڈان کے انقلاب کے کچھ ہی عرصہ بعد، ۲۷ مئی ۱۹۶۰ء کو ترکی میں جنرل گرسل کی رہنمائی میں فوج نے صدر جلال بائر اور وزیر اعظم جندریس کی سخت گیر حکومت کو ختم کر کے فوج کو ملک و قوم کی نگہبانی اور حکومت کی ذمہ داری سونپ دی۔ آج بھی ترکی حکومت کا سارا کام فوج کی نگرانی میں چل رہا ہے اور ابھی کچھ ہی دنوں کی بات ہے (اکتوبر ۱۹۶۱ء) کہ شامی فوج نے مصر کے ساتھ شام کے الحاق کو توڑ کر پھر سے شام کو ایک آزاد اور خود مختار ملک کی حیثیت دی ہے۔

فوجی انقلابات کی یہ داستان دلچسپ اس اعتبار سے ہے کہ ان سب ممالک میں انقلابات کی وجوہ تقریباً ایک سی ہیں، دوسرے جب بھی کسی ملک میں فوجی حکومت قائم ہوئی ہے وہاں کے عوام نے پوری طرح فوج کا ساتھ دیا ہے اور خوش آمدید کہا ہے، کہیں بھی عوام اور فوج کا ٹکراؤ نہیں ہوا۔ کوئی خونریزی نہیں ہوئی کوئی ہنگامہ نہیں ہوا۔ رات کو ناکارہ اور نااہل حکومت کے ستائے ہوئے عوام بے خبر سوئے ہیں، صبح اٹھے تو نقشہ ہی اور دیکھا۔ رات کے اندھیرے میں خاموشی کے ساتھ خود غرض حکمرانوں کی نکمی حکومت اپنے انجام کو پہنچ گئی اور صبح انقلاب اپنے ساتھ ایک پرسکون اور خوش حال زندگی کی امید لے کر آ گئی۔

عجیب اس اعتبار سے ہے کہ باوجود اس کے کہ ہر ملک میں فوجی حکومت نے سیاسی زندگی کو بالکل

ختم کردیا۔ سیاسی جماعتوں پر پابندیاں عائد کردیں۔ اخبارات اور تقریر و تحریر کی آزادی چھین لی۔ رائج دستور کو منسوخ کردیا، پارلیمنٹ اور اسمبلیاں توڑ دیں، تحریر و تقریر کے ذریعہ اظہار خیال پر فوجی نگرانی قائم کردی لیکن پھر بھی وہاں کے عوام فوجی تحریک سے خوش ہوئے اور اس کا خیر مقدم کیا۔ ہم ہندوستانیوں کے لئے جو اپنی حریت اور آزادیٔ فکر و خیال جان سے زیادہ عزیز رکھتے ہیں، اس سے زیادہ عجیب بات کیا ہوسکتی ہے۔

لیکن ان ملکوں کی تاریخ اور اخلاقی، سماجی اور مذہبی قدروں کے مطالعہ، تعلیمی حالت اور معاشی مسائل کے جائزے، کثیر آبادی اور بے روزگاری کی الجھنوں اور سیاسی زندگی کی پیچیدگیوں، عوام کی محرومیوں اور مایوسیوں پر غور کرنے سے شاید اس عجیب سی بات کا بھید کھل جائے اور ان ممالک میں جمہوری نظام کی نامقبولیت اور ناکامی کے کچھ اسباب معلوم ہوسکیں۔

تعلیم کی کمی

جمہوریت کی کامیابی کے لئے دراصل ایک تعلیمی معیار ہونا لازمی ہے۔ سیاسی شعور کی بیداری، حقوق سے واقفیت اور ذمہ داریوں کا احساس، اتفاق اور اتحاد کا جذبہ، ترقی کی لگن، خوشحالی کی تڑپ اور اس کے لئے جدوجہد کا جذبہ، مذہبی رواداری، قومی تمدن اور تاریخ سے آشنائی، یہ باتیں تعلیم ہی سے آتی ہیں اور یہی سب باتیں جمہوریت کو پائدار اور کامیاب بناتی ہیں ـــــ لیکن مغربی ایشیا کے تقریباً سب ہی ممالک میں تعلیم کا معیار بہت پست اور ناقص ہے۔ ترکی اور شام وغیرہ میں اگرچہ تعلیم کی طرف تھوڑی بہت توجہ کی گئی ہے، لیکن قومی تاریخ سے ناواقفیت، اور اپنے تہذیبی ورثہ سے روگردانی نظام حکومت کی ناپائیداری کا باعث بنی ہوئی ہے۔

خدائی بادشاہت

اس کے علاوہ اس خطۂ زمین پر صدہا سال سے بادشاہی نظام حکومت قائم رہا ہے جس میں بادشاہ کے حقوق و اختیارات اور حرکات پر کسی بھی فرد یا جماعت کو انگلی اٹھانے کا حق نہیں تھا، جس کا ہر حکم قانون اور مرضیٔ انصاف کا درجہ رکھتی تھی۔ جہاں مذہب کے غلط تصور کا زندگی کے ہر شعبہ پر تسلط رہا ہے۔ اور "خدائی بادشاہت" کا نظریہ حکومت کی اساس سمجھا گیا ہے، یعنی اقتدار اعلیٰ خدا کے ہاتھ میں ہے اور بادشاہ اس کا خلیفہ ہے، لہٰذا وہ اپنے کسی فعل کے لئے اپنی رعایا کے سامنے جواب دہ نہیں۔ ایسے نظام میں حکومت کے

ادارے اور سیاسی و سماجی زندگی کے ہر شعبہ پر بادشاہِ وقت کا مکمل اختیار تھا ہر کام اس کی مرضی اور اجازت سے ہوتا تھا۔ سرکاری خزانے اس کی ذاتی ملکیت، فوج، سپاہی اور حکومت کے کارندے اس کے ذاتی نوکر خیال کئے جاتے تھے۔ جنگ اور امن کے معاملات اس کی مرضی پر منحصر تھے۔

ظاہر ہے ایسے ماحول میں رہنے والی قومیں جمہوریت کے تصور اور عوامی حکومت کی خوبیوں سے بالکل ناواقف ہوں گی۔ لیکن بیسویں صدی میں اور خاص کر پہلی جنگ عظیم کے بعد جب ان پسماندہ لیکن قدرتی دولت سے مالا مال ممالک میں معاشی فائدوں اور سیاسی مصلحتوں کے پیش نظر مغربی طاقتوں کا اثر و اقتدار بڑھا تو انھوں نے ان اہم حقائق کو بھلا دیا۔ اور مغربی طرز کی جمہوریت کی ضرورتوں سے بے خبر قوم میں پارلیمنٹ سیاسی پارٹیاں، الیکشن، عوامی حکومتیں اور عدالتیں قائم کرنے کی کوشش شروع کر دی۔ ایسے ماحول میں یورپی تصورات کا کھپ جانا یقیناً ایک معجزہ ہوتا۔

متوسط طبقہ کی عدم موجودگی

اس قسم کے مغربی اداروں کے قیام کے لئے چونکہ ماحول کو سازگار بنانے اور تغیر کو قبول کرنے کے لئے عوام کے ذہنوں کو تیار نہیں کیا گیا، اس لئے نہ صرف مذہبی جماعتوں نے مخالفت کی بلکہ کمیونسٹ تحریکات نے بھی جمہوریت میں کیڑے نکالنا شروع کر دیئے۔ مذہبی پیشواؤں نے اس لئے اس تحریک کی مخالفت کی کہ عوام کے باشعور ہو جانے سے ان کا اثر ختم ہو جائے گا، کمیونسٹوں نے شاید اس لئے مخالفت کی کہ غریبی دور ہونے اور تعلیم کے پھیلنے سے کمیونزم میں کوئی کشش باقی نہیں رہ جاتی۔ اس کے علاوہ تعلیم یافتہ نوجوانوں پر مشتمل ایک طبقہ ایسا بھی تھا جو ماضی کے ہر نقش کو مٹانا چاہتا تھا اپنی تاریخ اور ادب کو بھول کر مغربی تہذیب اور صنعتی تمدن کو پوری طرح رائج کرنا چاہتا تھا، مصر میں ضیو پھل ان خیالات کی سرپرستی کر رہا تھا۔ اس کے برخلاف مذہبی پیشواؤں پر مشتمل ایک دوسرا طبقہ تھا جو جمہوریت اور نئی تہذیب کا مخالف تھا۔ اور گذرے ہوئے زمانہ میں لوٹ جانا چاہتا تھا، جسے ماحول اور وقت کی تبدیلی کے ساتھ بدلنا نامنظور تھا، لیکن جب ان میں سے کوئی بھی تحریک یا جماعت اکثریت کو اپنے ساتھ نہ ملا سکی اور سیاسی زندگی کا شیرازہ بکھرنے لگا، ملک کی قدرتی دولت بیرونی ممالک میں جانے لگی حکمراں اپنی غرض کے بندے بن گئے، تو فوج کے لئے مداخلت کرنا ناگزیر ہو گیا۔

مغربی ایشیا میں انقلابات ہمیشہ فوج ہی کے ذریعہ آئے ہیں اس کی بڑی وجہ متوسط طبقہ کی

تقریباً معدوم موجودگی ہے یہاں جاگیرداری نظام بہت پرانا اور بہت مضبوط ہے۔ ملک کی سیاست و معاشرت اسی طبقے کے نمائندوں کا قبضہ رہا ہے۔ اس لئے کبھی کوئی معاشی یا سماجی اصلاح کی تحریک کامیاب نہ ہو سکی۔

امیروں اور مفلسوں کے درمیان ایک متوسط طبقہ ہوتا ہے۔ جو غریبوں کے لئے ہمدردی رکھتا ہے اور ان کا درد محسوس کرتا ہے، لیکن نسبتاً زیادہ آسودہ حال اور تعلیم یافتہ ہوتا ہے۔ اس جماعت کا اگر سیاسی شعور بیدار ہو تو حکومت کے ظلم اور جاگیرداری نظام کی زیادتیوں کے خلاف محاذ بلند کر سکتا ہے اور عوام کو اپنے ساتھ ملا کر متحدہ محاذ بنا لیتا ہے۔ جو کبھی انقلاب کی شکل اختیار کر لیتا ہے، لیکن مغربی ایشیا کے ممالک میں اس جماعت کا بہت کمزور ہے۔ کسان اور مزدور خستہ حال ہیں۔ زمیندار کا دیا کھاتے ہیں، اس کے کرم پر جیتے ہیں، لہٰذا اس کے خلاف احتجاج کا خیال بھی نہیں کرتے۔ صنعتی ترقی اگر یہاں عام ہوتی، بڑی بڑی ملیں اور کارخانے ہوتے، تعمیری کاموں میں حکومت کی دلچسپی ہوتی تو مزدور تحریک وجود میں آ سکتی تھی، ان مزدوروں میں ٹریڈ یونین کی تحریک بہت جلد مقبول ہوتی ہے، یہی ٹریڈ یونین مزدوروں میں ان کے حقوق کا احساس اجاگر کرتی ہیں اور پھر انہیں منظم کر کے انقلاب پر آمادہ کرتی ہیں۔ لیکن چونکہ مغربی ایشیا کے مزدور اور کسان بہت کمزور اور غیر منظم ہیں اس لئے انقلاب کی ذمہ داری فوج پر ہی آتی ہے۔ جو مستحکم ہوتی ہے اور منظم بھی۔

دوسرے ممالک کے فوجی افسران کے برخلاف مغربی ایشیا کے فوجی افسران جو عام طور سے خوشحال گھرانوں سے تعلق رکھتے ہیں اور فوج کو اپنی انفرادی ترقی کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔ اپنے ملک کی سیاست اور قومی تحریک میں گہری دلچسپی لیتے ہیں۔ ان میں "قومیت" کا جذبہ پوری طرح اجاگر ہوتا ہے، ان افسران میں سے اکثر کی تعلیم اور فوجی تربیت یورپی ممالک میں ہوتی ہے، اسی وجہ سے اپنے وطن واپس آ کر وہ ایک سماجی انقلاب کے خواہش مند ہوتے ہیں۔ وہ اپنے ملک کی بدحالی اور بگڑی ہوئی تقدیر پر آنسو نہیں بہاتے، بلکہ تر خوشحالی پانے کی لگن کے ساتھ میدانِ عمل میں آتے ہیں۔ ان کے پروگراموں کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ تعلیم اور مذہب کا صحیح تصور رائج کرنا چاہتے ہیں، ملک کی بے پناہ قدرتی دولت سے جس سے باقی دنیا فیض اٹھا رہی ہے، وہ خود فائدہ اٹھا کر اپنی قسمت بدلنا چاہتے ہیں اسی لئے جب یہاں کسی ملک میں فوجی اقدام کیا، وہاں کے عوام نے انہیں خوش آمدید کہا ہے، اور چونکہ اس قسم کا سماجی اور معاشی انقلاب خود فوج

سیاست داں اور نئے حکمراں نہیں لا سکتے۔ اس لئے فوج ہی اس فرض کی ادائیگی کا ذمہ لیتی ہے۔

قوم پرستی کا جذبہ

پہلی جنگ عظیم کے بعد مغربی ایشیا کے ممالک میں دولت عثمانیہ کے اقتدار سے آزادی پانے کا جذبہ اور نسلی برتری کا احساس اُجاگر ہوا۔ فرانس کے شاندار انقلاب اور امریکہ و برطانیہ کے جمہوری نظام سے متاثر ہو کر آزادی اور قومیت کی تحریکیں زور پکڑ رہی تھیں۔ عربی زبان اور عرب تہذیب کو بچانے کے نام پر ترکوں کے خلاف جدوجہد عام ہو رہی تھی۔ اس وقت عرب قوم ہر اس جماعت کا ساتھ دینے کو تیار تھی جو انہیں ترکی کی گرفت سے آزادی دلا سکے اور ان کے نسلی و قومی افتخار کو تحسین کی نظر سے دیکھ سکے۔ چنانچہ اسی امید پر ۱۹۱۴ء کی جنگ عظیم میں عربوں نے حسین، شریف مکہ کے ساتھ دولت عثمانیہ کے خلاف انگریزوں کا ساتھ دیا۔ لیکن انگریز اپنے وعدہ پر قائم نہ رہ سکے، ملک شام، فلسطین اور عراق کو برطانیہ اور فرانس کے زیر نگرانی دے دیا گیا۔ مصر پہلے ہی سے انگریزوں کے زیر اثر تھا۔

اسرائیل کا قیام

تولیت (MANDATE) کے اس زمانے میں فلسطین میں یہودیوں کی آبادی اور اثر بڑھا۔ ہزاروں کی تعداد میں یورپی پناہ گزیں فلسطین آنے لگے، جس سے وہاں یہودی حکومت کی مانگ کو بہت تقویت پہنچی۔

ظاہر ہے عرب اپنے سینے میں یہ ناسور کبھی برداشت نہیں کر سکتے تھے۔ چنانچہ مصر، شام، عراق اردن، سعودی عرب اور یمن نے اسرائیل کے قیام کی زبردست مخالفت کی۔ برطانیہ، جس نے یہودی ریاست کے خیال کو ہوا دی تھی اب عربوں کی مخالفت کے پیش نظر اپنے مفاد کی خاطر عربوں سے ہمدردی کا اظہار کر رہا تھا۔ یہودی پناہ گزینوں کے داخلے پر پابندی لگا دی۔ اقوام متحدہ میں بھی اس کا رویہ عربوں کی ہمدردی میں رہا، لیکن بالآخر امریکہ کی کوششوں اور تعاون سے ۱۴ مئی ۱۹۴۹ء کو فلسطین میں جہاں دو ہزار سال سے عربوں کی نوے فی صدی اکثریت تھی، ایک یہودی ریاست 'اسرائیل' کا قیام عمل میں آیا، اور ہزاروں لاکھوں عربوں کو اپنے آبا و اجداد کی زمین کو خیرباد کہنا پڑا اور جو آج اپنے وطن لوٹ جانے کی امید میں خیموں میں یو، این کے ٹکڑوں پر پڑے ہوئے ہیں۔

۱۴ مئی کے اعلان کے ساتھ ہی عرب لیگ کی سب بڑی حکومتوں نے اسرائیل سے جنگ کا اعلان کر دیا لیکن جنگ میں شکست عربوں کو ہی ہوئی۔

اس ناکامی کا عرب ممالک کی سیاست پر گہرا اور مستقل اثر پڑا۔ جنگ میں ناکامی کی سب سے بڑی وجہ آپس کی نا اتفاقی اور ذاتی اغراض تھیں۔ اس کے علاوہ جنگ میں فوجیوں کو پرانے اور نکمے اسلحے دیئے گئے تھے، جس کی ذمہ داری شاہ فاروق پر آتی ہے۔ میدان میں لڑنے والی فوجوں کو جنگ کا سامان اور غذا تک نہیں مل سکی، لڑائی کے نقشوں، راستوں اور پلاننگ تک سے واقف نہیں کیا گیا حکومتوں کے سربراہوں نے جنگ کی کسی ضرورت میں دلچسپی نہیں لی، بلکہ الٹا جنگ میں ناکامی کی تمام ذمہ داری فوج پر ڈال دی۔ شام میں اس وقت فوج کے اخراجات گھٹا دیئے گئے جب کہ فوج کو اخراجات کی بہت ضرورت تھی۔

اور انہی سب وجوہات کی بنا پر شام اور مصر میں قومی انقلابات کا سلسلہ شروع ہوا۔ ۱۹۴۹ء میں کرنل زعیم نے پہلی بار پارلیمانی حکومت توڑ کر فوجی حکومت قائم کی، لیکن اپنی سخت گیری کے باعث اور دیگر داخلی سیاست کے مسائل کے پیش نظر زعیم کے بعد کرنل حنادی اور کرنل ششاکلی نے حکومتیں قائم کیں۔ اسی طرح مصر میں کرنل ناصر کی قیادت میں فوج نے حکومت کا انتظام سنبھالا۔

اسی طرح عراق، پاکستان، سوڈان اور ترکی وغیرہ میں ہر وہ حکومت جس نے عوام کی منشاء اور فلاح کو نظر انداز کر کے بیرونی ممالک سے ناطہ جوڑا، فوج کے عتاب سے نہیں بچ سکی۔ ان میں تقریباً ہر ملک میں فوج نے خود غرض، نکمی اور نااہل سیاسی جماعتوں اور نوری سعید اور مندریس جیسے سامراج پرست قوم فروشوں کو ختم کر کے کہ جن کے سینے میں اپنی قوم کی فلاح و بہبود سے زیادہ دوسروں کی ترقی اور حفاظت کا غم تھا نئی زندگی کی امید دلائی ہے، اور یہ حقیقت ہے کہ آج ان میں ہر ملک کے عوام پہلے سے زیادہ مطمئن اور آسودہ حال ہیں، اگرچہ اس اطمینان اور آسودگی کی قیمت ان کی آزادی فکر و خیال اور دوسرے بنیادی جمہوری حقوق ہیں۔

حالات حاضرہ

الجزائر اور فرانس

خبریں موصول ہو رہی ہیں کہ الجزائر کی عارضی قومی حکومت اور ڈیگال کی حکومت کے مابین عنقریب کوئی سمجھوتہ ہو جائے گا اور الجزائر میں سات سال سے قوم پرست آزادی کی جو لڑائی لڑ رہے ہیں وہ ختم ہو جائے گی۔ ابھی تک ہر چیز صیغۂ راز میں ہے لیکن فرانسیسی حکومت کے قریبی حلقوں کی اطلاع ہے کہ فریقین مندرجہ ذیل باتوں پر متفق ہو گئے ہیں:۔

(۱) صحارا الجزائر کے علاقے کا حصہ ہوگا اور فرانس کو وہاں معاشی حقوق حاصل ہوں گے۔

(۲) ہوائی اور بحری فوجی اڈے فرانس کو پٹے پر دئے جائیں گے۔

(۳) "حق خود ارادیت" سے متعلق جو استصواب رائے ہوگا اس کے بعد کئی سال تک (فوجی اڈوں کے علاوہ) فرانس کی کچھ فوجیں الجزائر میں رہیں گی۔

(۴) فرانس الجزائر کو کافی معاشی اور مالی امداد بہم پہنچائے گا۔

(۵) الجزائر میں یورپ کے جو لوگ بس گئے ہیں ان کے شہری، مذہبی، قانونی اور ملکیت کے حقوق محفوظ رہیں گے۔

۱۱ فروری کو جب سمجھوتہ سے متعلق گفت و شنید کا دوبارہ آغاز ہوا تھا تو دو اہم معاملات طے ہونے کو باقی تھے۔ (۱) جنگ کے بند ہونے کے بعد استصواب رائے کے لئے جو عارضی حکومت قائم ہو اس کی تشکیل کس طرح ہو اور اس کے اختیارات کیا ہوں؟ یہ بات پہلے ہی طے ہو چکی تھی کہ جو حکومت قائم ہوگی اُس کا چیئرمین مسلمان ہوگا۔)

۲۔ اگر استصواب رائے ایک آزاد الجزائری ریاست کے قیام کے حق میں فیصلہ دیتا ہے تو ہر اس یورپین کو جو الجزائر میں پیدا ہوا ہے خود بخود الجزائر کی قومیت مل جائے گی یا نہیں؟

معلوم نہیں یہ تمام باتیں کہاں تک صحیح ہیں، لیکن اس میں کوئی شبہ نہیں کہ اس بار ہر دو فریق صلح اور تصفیہ کے خواہاں ہیں اور صاف ظاہر ہوتا ہے کہ الجزائری شہیدوں کا خون رائگاں نہیں جائے گا۔ ہم یہاں اس خونین داستان کو نہیں دہرائیں گے جو مہذب جمہوری دنیا کے دامن پر ایک بدنما داغ ہے، (اگرچہ یہ دنیا ایسے بدنما داغوں کی عادی ہو چکی ہے) ہم الجزائریوں کی جانی و مالی قربانیوں اور ان کے لاکھوں بچوں اور عورتوں کی مصیبتوں اور آزمائشوں کا ذکر بھی نہیں کریں گے کہ 'داردسن' کی یہ حکایت خونچکاں سب کو معلوم ہے، ہم اُس خفیہ فوجی تنظیم سے بھی بحث نہیں کریں گے جو پلاسٹک بموں کی دہشتناکی کا مظاہرہ کر کے ڈیگال کو خوفزدہ کرتی رہی ہے اور آج بھی ایک طرف اہل فرانس کی نیندیں حرام کئے ہوئے ہے اور دوسری طرف الجزائر کے تمام بڑے شہروں پر خوف و ہراس کا سایہ ڈالے ہوئے ہے کہ یہ خبریں بھی ہر روز اخباروں میں آتی ہیں، ہمیں دراصل بحث اس سے ہے کہ آج جبکہ الجزائری قوم پرست آزادی کی منزل سے قریب آ لگے ہیں، اُن کے افکار و خیالات کے رنگ سے کل کے الجزائر کا کیا نقشہ مرتب ہوگا اور آزاد الجزائری حکومت کے خدوخال کیا ہوں گے۔ حقیقت یہ ہے کہ آج یہی چیز اہمیت رکھتی ہے اور ایک حد تک یہی بات اب تک فرانس کو "گومگو" اور "چہ کنم" کی کیفیت میں مبتلا کئے ہوئے ہے۔

الجزائر کا مستقبل

سامراجی نظام کے خلاف ایشیا اور افریقہ کی اُن قومی تحریکوں کی جو ایک عرصہ تک جدوجہد اور آزمائش و ابتلا کی گوناگوں منزلوں سے گزری ہیں، کم و بیش ایک خصوصیت یہ رہی ہے کہ بدیسی راج کے خلاف محکوم ملک کے مختلف النوع نظریات رکھنے والے سب ہی عناصر ایک جھنڈے کے نیچے جمع رہے ہیں آزادی کی جنگ کے دوران میں فکری اختلافات کسی نہ کسی شکل میں ظاہر ہوتے تھے، لیکن محکومی سے نفرت اور آزادی کی تڑپ اُن اختلافات کو دبا دیتی تھی یا زیادہ گمبھیر صورت اختیار کرنے سے روک دیتی تھی، لیکن جب محکومی کا سنگ گراں راہ سے ہٹ گیا اور مثبت خطوط پر ایسی قوموں کو اثبات خودی کا رنگ بھرنا پڑا اور نئے نظام کی تعمیر کا مسئلہ سامنے آیا تو نظری اختلافات شدت کے ساتھ اُبھرے، دائیں بازو اور بائیں بازو، رجعت پرستی اور ترقی پسندی کی بحثیں چھڑیں اور نئی آزاد قوموں کو نئے نئے چیلنجوں کا جواب دینا پڑا۔ الجزائر جدوجہد اور آزمائشوں سے گزرا ہے اور وہاں کے قومی

کیمپ میں بوڑھے قوم پرست، سوشلسٹ، کمیونسٹ اور مذہبی رہنما شامل رہے ہیں، اس لئے آزادی کے بعد الجزائر والوں کو ان عناصر کے فکری اختلافات اور اُن سے پیدا ہونے والے نت نئے مسائل سے بھی دوچار ہونا پڑے گا۔ آزادی کے بعد کا الجزائر اس خاص نقطۂ نظر سے بھی "مغرب" میں ایک دلچسپ تجربہ گاہ ثابت ہوگا۔

دوسرا اہم سوال یہ ہے کہ قومی آزادی کے محاذ (الجزائر کی قومی تحریک FLN کے نام سے مشہور ہے، آئندہ اسے ہم محض قومی تحریک کہنے پر اکتفا کریں گے) اور اس کے فوجی پیروؤں کا فکر کیا ہے، اصول یا عقیدہ کیا ہے؟ یہاں مذہبی عقیدے سے بحث نہیں بلکہ مطلب یہ ہے کہ وہ نئے نظام کو تعمیر کن اصولوں پر کریں گے، اس وقت الجزائر میں برسوں کی مستقل جنگ کی وجہ سے ہر طرف بربادی اور تباہی کے آثار نمایاں ہیں، نئی نسل جس نے یہ جنگ لڑی ہے سنجیدہ اور منظم ہے، اس لئے یہ سوال اور بھی اہم ہو جاتا ہے کہ ان کے دلوں میں اپنے وطن عزیز کی تعمیر کی جو حسرت ہے وہ کس اصول اور طریقۂ کار کے سہارے پوری ہوگی۔

الجزائر کے قوم پرست انقلاب کے خواہاں کیوں ہیں؟ اُن کا جواب یہ ہے کہ ہم نے قومی جنگ کے سلسلہ میں جو بے پناہ قربانیاں دی ہیں اُن سے مقصود صرف یہی نہیں رہا ہے کہ ہم دنیا پر یہ ثابت کریں کہ ہمارا قومی شعور بیدار ہے اور قومی غیرت کی چنگاریاں ہماری رگوں میں موجود ہیں، ۱۹۵۴ء سے پہلے الجزائر اپنے نئے فیصدی باشندوں کے لئے قحط، مفلوک الحالی اور مایوسیوں کا ایک ویرانہ تھا، آج یہ بربادیوں کا ایک وسیع صحرا ہے، اس لئے ہمارے سامنے دو مقصد ہیں۔ (۱) آزادی کی لڑائی جیتنا اور (۲) بالکل نئی بنیادوں پر الجزائر کی نئی تشکیل کرنا۔ اس سے کم میں دس لاکھ شہیدوں کے خون کی قیمت ادا نہیں ہو سکتی۔

نئی بنیادیں کیا ہوں گی؟

زرعی اصلاح، ظاہر ہے کہ پہلا قدم ہوگا، اس وقت الجزائر میں ۹۵ فیصدی آبادی ایسی ہے جس کے پاس ملک کی زمین کا دو تہائی حصہ ہے اور وہ بھی دوسرے اور تیسرے درجہ کی زمین کا۔ باقی ایک تہائی حصہ جو بہترین ہے، یورپین باشندوں کے قبضہ میں ہے، ۱۸۷۰ء کے بعد الجزائر میں صرف شراب کی پیداوار میں اضافہ ہوا ہے اور وہ بھی معمولی نہیں بلکہ چھتیس گنا، (اس شراب کا بڑا حصہ فرانس بھیجا جاتا ہے)

جبکہ اس صورت میں کہ ۱۸۷۰ء کے بعد وہاں کی آبادی تین گنا بڑھی ہے لیکن غلہ کی پیداوار میں کوئی اضافہ نہیں ہوا ہے، نتیجہ یہ ہے کہ قحط اور فاقہ کشی کی لعنت میں تقریباً پورا ملک گرفتار رہا ہے۔ لہٰذا قوم پرستوں کا پہلا کام یہ ہوگا کہ وہ زرعی اصلاح کی طرف فوری توجہ کریں، لیکن اس قسم کی زرعی اصلاح بیکار ہوگی اگر زمین کے ٹکڑے کسانوں میں تقسیم کئے جائیں، یہ تو وہی بات ہوئی کہ نوآبادیاتی نظام سے پہلے کی صورت حال پھر پیدا کر دی جائے، اس لئے قومی تحریک کے رہنماؤں کا کہنا ہے کہ وہ نجی ملکیت کے تصور کو خیرباد کہہ کر اجتماعی ملکیت کے اصول پر کاربند ہوں گے، دوسرے لفظوں میں یہ کہ وہ سوشلزم کے طریقہ کار کو اپنائیں گے، ظاہر ہے کہ یورپی زمینداروں کے مفاد پر اس کی ضرب کاری ہوگی، ہم نے شروع میں کہا ہے کہ الجزائر اور فرانس میں ہونے والے سمجھوتے کی جو غیر سرکاری خبریں مل رہی ہیں، ان کے مطابق الجزائر والوں نے یہ مان لیا ہے کہ یورپیوں کے ملکیت کے حقوق محفوظ رہیں گے، ہم نے یہ بھی کہا ہے کہ معلوم نہیں یہ کہاں تک صحیح ہے، بہرحال، اگر سمجھوتے کی ایک شرط یہ ہے تو انقلابیوں کے اجتماعی ملکیت کے اس تصور سے اس کا تصادم ہوتا ہے، ہوسکتا ہے کہ انھوں نے یہ شرط مصلحتاً دفع الوقتی کے لئے مان لی ہو، اگر ایسا ہے تو آئندہ پیچیدگیاں ضرور پیدا ہوں گی، ممکن ہے اس طرح الجزائر خانہ جنگی کی مصیبت میں مبتلا ہو جائے، یہ بھی ممکن ہے کہ ڈیگال نے خود خفیہ فوجی تنظیم (O A S) کو کم کرنے اور یورپی آبادی کی عارضی تسلی کے لئے قوم پرستوں سے یہ بات منوالی ہو، لیکن اس صورت میں بھی پیچیدگی پیدا ہوسکتی ہے خواہ اس کا پیمانہ اول الذکر کے مقابلے میں چھوٹا ہو۔

قومی تحریک کے رہنما اپنے پروگرام کے دوسرے پہلوؤں پر بھی زور دیتے ہیں مثلاً تعلیم، سوشل سروس، زندگی کی فراہمی اور صنعتی ترقی۔ اُن سے جب پوچھا جاتا ہے کہ O A S اور ان کے یورپین حلیفوں کے بارے میں ان کی کیا رائے ہے تو وہ اس پر مسکرا دیتے ہیں، اور کہتے ہیں کہ جہاں تک ہمارا تعلق ہے O A S ہمارے لئے کوئی مسئلہ نہیں، اگر ڈیگال عبوری دور میں ہمارے ساتھ تعاون کرے تو ہم اس خفیہ تنظیم سے بہت ہی مختصر وقت میں نبٹ سکتے ہیں۔

یہ کہنا غلط ہے کہ آزاد ہوتے ہی الجزائر فرانس سے اپنے تمام تعلقات ختم کرے گا، اگر فرانس نے آزاد الجزائر کو تسلیم کر لیا اور اس کی امنگوں کو سہارا دینے کا فیصلہ کیا، تو الجزائر کے رہنما اس کے اشتراک و تعاون کو خیر مقدم کریں گے، مگر قرائن سے پتہ چلتا ہے کہ الجزائر کے لوگ فرانس کی خاطر کسی طرح بھی سرد جنگ کے مضر اثرات

چکر میں مبتلا ہونے کے لئے تیار نہیں ہوں گے، فرانسیسی اور دوسری غیر ملکی کمپنیوں کو وہ صحارا میں تیل اور گیس کے ذخائر کی دریافت کے لئے مراعات دیں گے، لیکن دوسرے ملکوں سے بھی مالی اور تکنیکی امداد لینے سے گریز نہیں کریں گے، قومی تحریک کے تقریباً تمام ذمہ دار ترجمان اس رجحان کے حامل معلوم ہوتے ہیں، اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ آزاد الجزائر کی خارجہ پالیسی کم و بیش وہی ہوگی جو ہندوستان اور مصر کی ہے یعنی، شراکت تعمیر فوائد آزاد اور غیر جانبدار خارجہ پالیسی، دیکھنا یہ ہے کہ جذباتی فرانسیسی قوم کہاں تک قومی تحریک کے ان عزائم کا ساتھ دیتی ہے۔

الجزائر کی قومی تحریک میں یہ رجحان بھی بہت قوی رہا ہے اور ٹیونس اور مراکش کے نوجوان قوم پرست بھی اس کے حامی ہیں کہ ٹیونس، الجزائر اور مراکش کا ایک وفاق ہو، یعنی کسی نہ کسی روپ میں مغرب کا اتحاد ہو جائے اور بقول فرحت عباس کے جو آج بھی اتنا ہی صحیح ہے، شمالی افریقہ کی ان ریاستوں کا وفاق اس طرح ہو کہ تعلیم، معاشی معاملات، صنعتی پروگرام، قومی دفاع اور خارجہ امور میں یہ ممالک ایک مشترک پالیسی اختیار کریں، اسی کے ساتھ یہ خیال بھی مقبول ہو رہا ہے کہ مغربی سوڈان سے بھی قریبی معاشی و اقتصادی تعاون کی راہ پیدا کی جائے تاکہ وہ بھی صحارا کے تیل اور گیس کے ذخیروں سے فیضیاب ہو سکے۔

الجزائر کی قومی جنگ میں عورتوں نے نمایاں حصہ لیا ہے اور اس جنگ کی وجہ سے معاشرہ کے روایتی نظام میں بڑی تبدیلیاں آگئی ہیں، عورتوں کی بیداری نئے الجزائر کا طرۂ امتیاز ہے، یہ فال نیک ہے، آزادی کے بعد معاشرتی سطح پر ایک چیلنج یہ ہوگا کہ عورتوں کی اس بیداری میں توازن کہاں تک قائم رہتا ہے، دوسرا مفید نتیجہ یہ ظاہر ہوا ہے کہ الجزائر کے مختلف قبیلوں کے درمیان جو پرانی دیواریں کھڑی تھیں وہ گر گئی ہیں اور شمالی علاقے اور جنوبی حصے میں جو اجنبیت تھی وہ بھی دور ہو گئی ہے، قومی تحریک نے قومی یکجہتی کی بڑی خوشگوار فضا پیدا کر دی ہے، لیکن یہ یکجہتی پائدار اسی وقت ہو سکتی ہے جب الجزائر میں کسی جماعت یا علاقے کو یہ شکایت نہ ہو کہ وہ قومی تعمیر و ترقی کے منصوبے میں نظر انداز کیا جا رہا ہے۔

یمن نے متحدہ عرب جمہوریہ سے اپنا ناتہ توڑ لیا

اوپر ذکر ہو چکا ہے کہ الجزائر کا عزم یہ ہے کہ آزاد ہونے کے بعد ہندوستان اور مصر کی طرح اپنی

معاشی اور معاشرتی تنظیم سوشلسٹ اصولوں پر کرے، مصر نے سوشلزم کو اپنا لیا ہے اور صدر ناصر اسے عرب سوشلزم کے نام سے پیش کرتے ہیں، یعنی مارکسی جدلیاتی تصور سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے اور نہ یہ مذہب کی دشمن اور خدا سے منکر ہے، لیکن جہاں تک سوشلائزیشن کے اصولوں کا معاملہ ہے، صدر ناصر عرب ممالک کی ترقی کے لئے اُن پر عمل درآمد ناگزیر سمجھتے ہیں اور بغیر کسی فقہی اجتہاد اور علمی استدلال کے وجدان کی بنا پر صاف صاف کہتے ہیں کہ عرب سوشلزم اور اسلام میں کوئی تفاوت و تضاد نہیں، اور اس میں کوئی شبہ نہیں کہ سماجی انصاف سے متعلق اسلام کا جو تصور ہے وہ سوشلزم کی حد تک پہنچتا ہے لیکن اس بحث میں پڑے بغیر اتنا ضرور کہا جا سکتا ہے کہ یمن جیسی قرون وسطیٰ کی خصوصیات رکھنے والی ریاستیں اور ان کا سیاسی اور سماجی نظام اسلام کے اجتماعی عدل کے عین خلاف ہے، عرب سوشلزم کے نظریے کو اگر تقویت ملتی ہے اور اسے شرف قبول حاصل ہوتا ہے تو اس سے مستبد شیخوں اور خود سر امیروں کے مفاد پر ضرب پڑتی ہے اور مذہبی رجعت پرستی کے رسوا ہونے کے امکانات بھی قوی ہو جاتے ہیں۔ فتح یمن کو صدر ناصر کی اس آئیڈیالوجی سے خطرہ محسوس ہوا اور انھوں نے متحدہ عرب جمہوریہ سے یمن کی علاحدگی کا اعلان کر دیا۔ اس موقع پر انھوں نے ایک قصیدہ بھی لکھا جو ہزاروں کی تعداد میں شائع ہوا، اس قصیدے میں اسلام اور انصاف کے نام پر بے عنان نجی ملکیت کے تصور کی حمایت کی گئی ہے اور کہا گیا ہے کہ دوسروں کی کمائی پر قانون کی آڑ لے کر، قبضہ کرنا غصب ہے اور اسلام اس کی اجازت نہیں دیتا، ظاہر ہے کہ روئے سخن صدر ناصر کی طرف ہے جنھوں نے سرمایہ داری کے خلاف ہلّہ بول رکھا ہے، یاد رہے کہ متحدہ عرب جمہوریہ سے شام کے الگ ہونے کا بھی یہی سبب تھا، شام میں سرمایہ داروں اور اجارہ داروں کا وہ گروہ جو خمیسیہ کہلاتا ہے اور شام کی قومی آمدنی کے تقریباً بنفیدی حصہ پر قابض ہے، صدر ناصر کی زرعی اور مالی اصلاحوں کو اپنے مفاد کے حق میں مضر تصور کرتا تھا، اس لئے اُس نے فوجیوں سے ساز باز کر کے فوجی انقلاب برپا کیا اور متحدہ عرب جمہوریہ سے شام کا رشتہ منقطع کر لیا۔

عرب ملکوں کا اپنا الگ الگ سیاسی و معاشی نظام رہا ہے، تعلیمی و تہذیبی معیار بھی مختلف رہے ہیں کوئی ترقی کر رہا ہے، کوئی اپنی پسماندگی ہی پر قناعت کئے ہوئے ہے، کہیں ایک باشعور اور بیدار متوسط طبقہ ہے جو سیاست اور معاشرت پر اثر انداز ہوتا رہا ہے، کہیں متوسط طبقہ سرے سے ہی مفقود ہے، کہیں

عہد جدید کے چیلنجوں کا احساس ہے تو کسی کو قرون وسطیٰ کے جاگیری نظام ہی میں ساری برکتیں نظر آ رہی ہیں، شیخوں، امیروں اور شاہوں کی ذاتی مصلحتیں اور خود غرضیاں ہیں کہ ترقی کی راہ کو روکے کھڑی ہیں، الغرض عرب ملکوں کا مسئلہ ایک پیچیدہ مسئلہ ہے اور اس کے حل ہونے میں دیر لگے گی۔

ہراساں و لرزاں لبنان

یکم جنوری ۶۲ء کی شب میں لبنان میں انقلاب برپا کرنے کی کوشش کی گئی جو ناکام رہی، مغربی ایشیا کے پریس نے یہاں تک کہ لبنان کے ان اخباروں نے جو مغرب کے ہواخواہ اور ہمدرد ہیں ایک آواز ہو کر یہ بات کہی کہ انقلاب کی اس ناکام کوشش میں بدیسی حکومتوں کا ہاتھ ہے، اس وقت سے لے کر اب تک یہ بات کسی قدر واضح ہو چکی ہے کہ پی، پی، ایس (Parti Populaire Syrien) کی مدد سے برطانیہ اور اُردن مغربی ایشیا کے نقشے میں کوئی تبدیلی لانا چاہتے ہیں، اس علاقے سے جو خبریں موصول ہو رہی ہیں اُن سے اندازہ ہوتا ہے کہ لارڈ ہوم اور شاہ حسین کسی نئی مہم جوئی پر آمادہ ہیں، پی۔ پی۔ ایس ۱۹۳۲ء میں قائم ہوئی، انطون سعدہ ایک لبنانی اس کے بانی تھے، اس کے قیام کا سبب تقریباً وہی تھا جو نازی پارٹی کے قیام کا تھا یعنی یہ وارسائی کے معاہدۂ صلح کے خلاف ایک احتجاج تھا، نازی پارٹی کی طرح یہ بھی دائیں بازو کی آمرانہ اور تشدد پر ایمان رکھنے والی جماعت تھی، اس کے دو بنیادی تصورات تھے۔

(۱) عظیم تر سیریا ـــــ اس میں اس وقت کا شام، لبنان، اردن اور اسرائیل کا علاقہ شامل تھا، انطون کا کہنا تھا کہ یہ ایک جغرافیائی وحدت ہے اور یہاں کے رہنے والے سیرین ہیں عرب نہیں۔ اُس کے نزدیک عرب وہ بدو تھے جو سعودی عرب کے باشندے تھے۔ اس تصور کی تبلیغ کر غالباً اُس کا مقصد یہ تھا کہ انگلستان اور فرانس کی اُس اسکیم کو جس سے LEVANT کا علاقہ کئی حصوں میں منقسم ہو جاتا تھا، ختم کر دیا جائے۔

(۲) انطون کا دوسرا بنیادی تصور یہ تھا کہ مذہب کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں ہونا چاہیئے یعنی عظیم تر سیریا کی جو ریاست بنے وہ مکمل طور پر ایک سیکولر ریپبلک ہو، اور کسی قدر سوشلسٹ رجحان رکھتی ہو،

بعد میں عراق کا علاقہ اس منصوبے کا ایک جزو بنا لیا گیا اور سائپرس کا جزیرہ بھی اس تخیلی

ریاست میں شامل ہوگیا، اس طرح عظیم تر سیریا اور FERTILE CRESCENT میں کوئی خاص فرق نہیں رہ گیا۔

ہم اس موقع پر اس جماعت کی تاریخ نہیں بیان کریں گے بلکہ اس کے ذکر سے یہ بتانا مقصود ہے کہ عراق اور مصر کی طرف سے مایوس ہوکر انگریزوں نے اپنی ساری امیدیں شاہ حسین سے وابستہ کر رکھی ہیں۔ عرب اتحاد کا نعرہ کافی مقبول ہے اور باوجود اس کے شام اور یمن نے متحدہ عرب جمہوریہ سے علیحدگی اختیار کرلی ہے، معقول اور صحیح عرب قومیت و اتحاد کے نظریے میں بڑی دلکشی ہے اور یہ دیرپا بہ زور عرب سوشلزم کے تصور کے سہارے قومیت و اتحاد کا یہ جذبہ بھی اتنا قوی ہوجائے گا کہ اس علاقہ میں بیرونی طاقتوں کا سیاسی اثر اور معاشی مفاد خطرہ میں پڑ جائے گا۔ شاہ حسین عرب قومیت کی کامیابی میں ناصر کا عروج دیکھتے ہیں، وہ اس بات کو بھی پسند نہیں کرتے کہ عرب قوموں کی رہنمائی کا اعزاز مصر کو ملے، اس لئے انھوں نے پی۔ پی۔ ایس سے اپنے قدیم تعلقات کی تجدید کی ہے، ۱۹۵۴ء سے لے کر اب تک یہ تعلق کسی نہ کسی شکل میں قائم رہا ہے، پی۔ پی۔ ایس نے بھی ایک عرصہ سے اپنی توقعات ہاشمیوں سے وابستہ کر رکھی ہیں، عراق میں انقلاب سے پہلے شاہ فیصل کی حکومت کے ساتھ مل کر وہ شام کی فتح کے خواب دیکھا کرتی تھی، لیکن اب شاہ حسین ان کی امیدوں کا مرکز ہے، ۳۱ دسمبر ۱۹۶۱ء کو لبنان میں حکومت کا تختہ الٹنے کی جو کوشش کی گئی تھی اس میں انھیں دونوں کا ہاتھ بتایا جاتا ہے۔ آج لبنان میں اگرچہ پی۔ پی۔ ایس کے کافی لوگ گرفتار ہوچکے ہیں اور امریکہ اور فرانس نے لبنانی حکومت کو اپنی اخلاقی اور مادی امداد کا یقین بھی دلا دیا ہے، لیکن پھر بھی مغربی ایشیا اور مشرقی بحیرۂ روم میں انگریزی فوجوں کی نقل و حرکت کے پیش نظر لارڈ ہوم کی طرف سے لبنان کو اطمینان نہیں ہے، جانسن کے جو مراسلے جنوری اور فروری کے مہینے میں سٹیٹسمین (دہلی) میں شائع ہوئے ہیں۔ اُن کی روشنی میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ اگر مستقبل قریب میں ایشیا کے اس علاقے میں کوئی بڑا واقعہ ظہور پذیر ہوجائے تو وہ حالات و خیالات کے سلسلہ کا ایک متوقع منطقی نتیجہ ہوگا، اور دنیا کے باخبر حلقوں کو اس پر کوئی تعجب نہیں ہوگا۔

ڈھاکہ یونیورسٹی میں ہنگامہ

فروری کے پہلے ہفتہ میں ڈھاکہ یونیورسٹی کے طلبہ نے سہروردی کی گرفتاری کے سلسلے میں مظاہرہ کیا

اور پولیس اور فوج سے ان کا تصادم ہوا، حکومت نے جب سہروردی کو گرفتار کیا تو مشرقی پاکستان کے اخباروں کو اس کی ممانعت کر دی کہ وہ اس سے متعلق کوئی خبر نہ شائع کریں، اس سے لوگوں میں اور خاص طور سے طلبہ میں بے چینی پیدا ہوئی، حکومت نے حالات کو ناقابل اطمینان دیکھ کر یونیورسٹی کے ذمہ داروں سے کہا کہ وہ رمضان شریف کے بہانے یونیورسٹی کو ایک ماہ کے لئے بند کر دیں، چنانچہ اس کا اعلان کر دیا گیا، یہ فیصلہ عام رواج کے خلاف تھا، غالباً مقصد یہ تھا کہ یونیورسٹی کے قریب ہوسٹلوں میں جو طلبہ رہتے ہیں وہ اپنے اپنے گھر چلے جائیں اور اس طرح فضا کی گرمی ٹھنڈی پڑ جائے۔ اس غیر متوقع چھٹی کی خبر پاکر طلبہ نے یونیورسٹی کے احاطہ میں ایک جلسہ کیا جس میں قراردادوں کے ذریعہ یونیورسٹی بند کرنے کے فیصلہ کے خلاف احتجاج کیا گیا اور پاکستان میں جمہوریت کی بحالی اور سیاسی قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ کیا، پھر اس کے بعد جلوس نکلا، صدر ایوب کی قلمی تصویریں اور فوٹوگراف جلائے گئے، پولیس اور فوج سے تصادم ہوا، لوگ زخمی ہوئے اور کئی موتیں واقع ہوئیں۔

سہروردی پر حکومت نے یہ الزام لگایا ہے کہ اُن کی سرگرمیاں پاکستان کی سالمیت اور سلامتی کے حق میں مہلک تھیں اور ان کا تعلق اندر اور باہر پاکستان دشمن عناصر سے تھا، رموز مملکت، تو خدا داں مملکت پاکستان کے سربراہوں ہی کو معلوم ہوں گے، ہاں تعجب ضرور ہے کہ سہروردی فوجی حکومت کی نگاہوں کے سامنے سے کس طرح بچ کر باغیانہ سرگرمیوں میں مصروف تھے، ایک خیال یہ بھی ہے کہ مشرقی پاکستان میں اب پھر اُن کا اثر بڑھنے لگا تھا، صدر ایوب کو مشرقی پاکستان کی بے چینیوں کا احساس ہے۔ چنانچہ پاکستان کے اس حصہ کے اپنے حالیہ دورے میں انھوں نے وہاں کے عوام کو مستحکم نظم و نسق کی بنیادوں کو متزلزل کرنے کے خلاف انتباہ دیا تھا اور کہا تھا کہ اگر انھوں نے غیر ذمہ دارانہ حرکتیں کیں تو اس کا خمیازہ بھگتنا پڑے گا۔

مشرقی پاکستان کی ان بے چینیوں کا سبب کیا ہے؟ صدر ایوب کو اس طرف توجہ کرنا چاہیئے، اس کی نوعیت سیاسی اور معاشی دونوں طرح کی ہے، اس کے علاوہ مشرقی پاکستان کے پڑھے لکھے لوگوں میں سیاسی بیداری بھی زیادہ ہے اور خاص طور سے طلبہ اس سلسلہ میں بہت زیادہ حساس ہیں، فوجی حکومت کی زندگی ایک معقول مدت سے زیادہ کی ہو گئی ہے اور چونکہ اس حکومت میں مقامی آزادی اور

شہری آزادیوں کے لئے کوئی گنجائش نہیں ہے، اس لئے مشرقی پاکستان کے عوام میں یہ احساس شدت سے بڑھ رہا ہے کہ مغربی پاکستان نے اس مشرقی صوبے کو اپنی نوآبادی تصور کر لیا ہے، یونیورسٹی کے احاطہ میں جو قراردادیں پاس ہوئیں اُن میں جمہوریت کی بحالی کا مطالبہ بھی کیا گیا ہے، اس سے ظاہر ہے کہ آج کی دنیا میں جبر اور طاقت کا پنجہ زیادہ دنوں تک برداشت نہیں کیا جا سکتا، نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ علاقائی عصبیت مبہم قومیت کے بھیس میں سر ابھارنے لگتی ہے، صدر ایوب نے اعلان کیا ہے کہ پاکستان کے دستور کا اعلان جلد ہی ہو جائے گا، اور جیسا کہ معلوم ہے اس دستور کا طرۂ امتیاز "بنیادی جمہوریت کا نظریہ" ہوگا، لیکن بنیادی جمہوریت کا پودا ایک دن میں پروان نہیں چڑھ سکتا، اس میں وقت لگے گا اور اس عرصہ میں اگر اسی طرح کے تصادم ہوتے رہے اور فوجی نظم و نسق کی چولیں بھی ڈھیلی ہو گئیں تو پھر کیا ہوگا؟ یہ ایک سوال ہے جو پاکستان کے اندر بھی اور باہر بھی پاکستانی معاملات سے دلچسپی رکھنے والوں کے لئے بڑی گمبھیرتا اختیار کرتا جا رہا ہے۔

(ض، ح، ف)

۲۰ فروری ۶۲ء

رسالہ "جامعہ" کے پرانے پرچے

۱۹۴۰ء سے پہلے کے پرچے ہمارے یہاں نہیں ہیں
بعض حضرات انھیں خریدنا چاہتے ہیں۔ اگر کوئی صاحب
انھیں بیچنا چاہیں تو تفصیلات سے آگاہ فرمائیں۔

تعلیمی مسائل

اساتذہ کی تربیت

دولتِ مشترکہ کی دو ہفتہ تعلیمی کانفرنس امسال ۲۵ جنوری کو دہلی میں ختم ہوئی۔ اس کانفرنس میں تیرہ ممالک کے دو سو مندوبین شریک ہوئے۔ اس موقعے پر تعلیمی معاملات میں اشتراکِ عمل کے دائرے کو وسیع کرنے کے لئے تجاویز منظور کی گئیں اور آپس کے تعاون کو وسیع بنانے پر زور دیا گیا۔ یہ کانفرنس پہلی بار ۱۹۵۹ء میں آکسفورڈ میں منعقد ہوئی تھی۔ پہلی کانفرنس کے مقابلے میں یہ کانفرنس کہیں زیادہ مختلف اقوام کی نمائندہ اور کہیں کم برطانوی نظر آئی۔ تاہم تعلیم کے میدان میں برطانیہ کی مرکزی حیثیت اور اس کی فوقیت اب بھی مسلّم تھی۔ ادھر چند سال کے اندر جام آزادی سے سرشار ہونے والے ممالک میں ہندوستان کے علاوہ سب ہی نے اپنی اعلیٰ تعلیم کی درسگاہیں، انگلستان کے اداروں کی سرپرستی اور ان کے تتبع میں ہی تشکیل کی ہیں۔ اور اعلیٰ تعلیم کے معاملے میں بڑی حد تک محدود اور قدامت پسندانہ رویہ ہی اختیار کیا گیا ہے۔ ان حالات کے پیش نظر پنڈت نہرو کے الفاظ بڑے برمحل اور بصیرت افروز نظر آتے ہیں۔ انھوں نے اپنے افتتاحی خطبے میں اس بات پر زور دیا کہ ترقی کی راہ پر گامزن ہونے والے نو وارد ممالک کو پوری سنجیدگی کے ساتھ اپنے آپ کو ذہنی اور تعلیمی وسائل میں خود کفیل بننے کی سعی کرنی چاہیے۔

اگر پہلی کانفرنس کا کارنامہ دولتِ مشترکہ کے ممالک کے لئے وظائف اور تعلیمی امداد قرار دیا جا سکتا ہے تو اس کانفرنس کا طرۂ امتیاز یہ سمجھنا چاہیئے کہ معاشی اعتبار سے جن ممالک نے اب ترقی کے میدان میں قدم رکھا ہے، اُن میں تربیت یافتہ اساتذہ کی فراہمی کو اہمیت دی جائے۔ کانفرنس کے آغاز سے ہی ان ملکوں نے اس بات پر زور دینا شروع کر دیا تھا کہ وہ ایک مدت تک اپنے آپ کو خود کفیل بنانے کے لئے ترقی یافتہ ممالک سے امداد کے خواستگار رہیں گے اور اُن کی سب سے اہم اور مدِ ضرورت یہ ہے کہ ان کے یہاں تربیت یافتہ اساتذہ کی فراہمی اور ان کی تربیت کا بہتر انتظام

ہو سکے۔ اس ضرورت کی تکمیل کی غرض سے دولتِ مشترکہ کے سب ہی ممالک نے واضح طور پر اپنے خیالات و احساسات کا اظہار کیا اور اساتذہ کی تربیت اور فراہمی کے لئے متعدد نئے وظائف کا اعلان مختلف ممالک کی طرف سے کیا گیا۔ وظائف کی اسکیم کا جائزہ لینے اور اس کی توسیع کے امکانات پر غور کرنے کے علاوہ اس کانفرنس نے تعاون کی تین اور نئی راہیں تلاش کیں۔ اُن میں سے ایک چیز یہ ہے کہ ان ممالک میں سماجی اور دیہی تعلیمی اداروں میں باہمی اشتراک پیدا کیا جائے۔ دوم، اجتماعی طور پر دولتِ مشترکہ کے تمام ممالک میں انگریزی زبان کو 'دیگر زبان' کی حیثیت سے پڑھانے اور اس کی تدریس کے طریقوں کو بہتر بنانے کی ضرورت کو واضح کیا گیا۔ تیسری بات درسی کتب کی فراہمی، فنی تعلیم اور توسیع تعلیم کے مالی مسائل سے متعلق تھی۔ ہندوستان کی طرف سے اس موقعے پر یہ پیش کش کی گئی کہ ان ممالک میں اساتذہ کی تربیت کے لئے سو مزید وظائف دئے جائیں گے۔ دوم انجینئرنگ کے اداروں میں داخلے کے لئے چند جگہیں متعین کی جائیں گی اور حیدرآباد کی انگریزی زبان کی درسگاہ میں انگریزی کو دوسری زبان کی حیثیت سے سیکھنے کے سلسلے میں تحقیقی کام کرنے والوں کی تربیت کا انتظام کیا جائے۔

اس کانفرنس کی رپورٹ میں یہ بات واضح طور پر بیان کی گئی ہے کہ تعلیمی ترقی کا انحصار بڑی حد تک اساتذہ اور ماہرین تعلیم کی ذات پر ہے۔ اس لئے اساتذہ کی تربیت، ان کی فراہمی اور افسرانِ تعلیم کے لئے اعادی نصاب کا انتظام، ان کے نئے نئے آزاد ممالک میں بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ لہٰذا ان مسائل کی طرف توجہ دینے پر زور دیا گیا۔ ریاضی، سائنس اور انگریزی زبان کے مخصوص اساتذہ کو مقرر کرنے کی طرف توجہ دلائی گئی۔ اس کانفرنس نے ابتدائی مدارس میں اساتذہ کے عالمگیر قحط کو بھی تسلیم کیا اور اس بات پر زور دیا کہ ان اساتذہ کو رہنے سہنے کی بہتر سہولتیں فراہم کر کے اُن کی ملازمت کو برقرار رکھنے کی ضمانت کی جائے۔ جہاں تک صنعتی تعلیم کے اساتذہ کا تعلق ہے یہ محسوس کیا گیا کہ ان کی کمی صرف اعلیٰ تعلیم کے مدارج پر ہی محسوس نہیں ہوتی بلکہ تعلیم کی ثانوی منزل پر بھی ہے۔ علاوہ ازیں یہ بھی تجویز کیا گیا کہ اساتذہ کی فراہمی کا جو بھی پروگرام مرتب کیا جائے اُس میں ان کی تربیت کرنے والے معلموں کی فراہمی کا بھی خیال رکھا جائے۔ کانفرنس میں انگریزی کو 'دیگر زبان' کی حیثیت سے پڑھنے کی بابت کئی اہم تجاویز منظور کی گئیں۔ برطانیہ نے اس کام کے لئے تیس

اساتذہ کو تربیت دینے کا اعلان کیا۔ سماجی تعلیم کے کام کو بھی اس کانفرنس نے بڑے پیمانے پر کرنے کے لئے کہا اور زور دیا کہ اس کام کو بہتر اور پہلے سے زیادہ منظم طور پر ہونا چاہیئے۔ سماجی تعلیم کے بدلتے ہوئے تصورات اور اس کے اعلیٰ مفہوم کے پیش نظر اس طرف توجہ مبذول کرانے کی واقعی ضرورت تھی۔ آج سماجی تعلیم کا کام محض خواندہ بنانا نہیں ہے بلکہ شہریت کی تعلیم اور خواندگی کی منزل سے بڑھ کر علم کی روشنی کو حسب توفیق افراد تک پہنچانے کا انتظام و انصرام بھی ہے۔ دیہی تعلیم کے کارکنوں کو آپس میں معلومات فراہم کرنے اور ایک دوسرے کے کاموں کو دیکھنے اور سمجھنے سے متعلق تجویز منظور ہوئی اور اس طرح حاصل کردہ معلومات کو عام بنانے کی ضرورت جتائی گئی تاکہ وسائل کا پورا پورا استعمال ہو سکے۔

اب ذرا اس بات پر غور کیجئے کہ آئندہ پانچ سال میں اساتذہ کی تربیت کے میدان میں ہمارے ملک کے اندر کیا کچھ ہو سکے گا۔ ہمارے تیسرے پنج سالہ قومی منصوبے میں اساتذہ کی تربیت کی طرف قابل لحاظ توجہ دی گئی ہے۔ اس دوران میں ابتدائی مدارس میں اکسٹھ فیصدی، آٹھویں جماعت تک کے مدرسوں میں اکیاسی فیصدی اور ثانوی مدارس میں چالیس فیصدی تربیت یافتہ اساتذہ کی تعداد میں توسیع کی گنجائش پیدا کی گئی ہے۔ اس پروگرام کی تکمیل کے ساتھ ہر ایک منزل پر تربیت یافتہ اساتذہ کی تعداد کچھ بہتر فیصدی ہو سکے گی۔ اساتذہ کی تربیت کی ان باضابطہ کوششوں کے ساتھ ساتھ توسیعی پروگرام اور اعادی نصاب کے ذریعے بھی تربیت یافتہ اساتذہ کی تعداد میں اضافہ کرنے کے لئے انتظامات کئے گئے ہیں۔ ہمارے سابقہ قومی منصوبے کے دوران میں سائنس اور حرفے کے اساتذہ کی خاصی کمی رہی۔ تیسرے منصوبے میں چار ایسے علاقائی کالجوں کو قائم کیا جا رہا ہے جو سائنس اور خصوصی صنعت و حرفت سے متعلق مضامین کے اساتذہ تیار کریں گے۔ تعلیم کے اعلیٰ اداروں میں بھی سائنس کے اساتذہ کی کافی مانگ رہے گی۔ یہ اندازہ لگایا گیا ہے کہ اس زمانے میں کالجوں میں جو تقریباً ستائیس ہزار مزید اساتذہ درکار ہوں گے، اُن میں سترہ ہزار سائنس کے اساتذہ کی تعداد ہوگی۔ اس کے علاوہ صنعتی تعلیم کے فروغ کے ساتھ نو ہزار مزید اساتذہ انجینئرنگ اور دوسرے فنی مضامین کے اداروں کے لئے مطلوب ہیں۔ اس سلسلے میں متعدد فوری اور وقتی اقدام کئے جا رہے ہیں تاکہ فنی ماہرین کی تعداد میں جلد از جلد اضافہ ہو سکے مگر ان تمام تدابیر کے باوجود تیسرے منصوبے کے زمانے میں بھی ایسے اساتذہ

کی کمی قائم رہے گی۔ صنعتی اداروں کے لئے حرفے کے اساتذہ کی تعداد میں بہت کچھ اضافہ دوسرے تعلیمی منصوبے کے دوران میں ہو چکا ہے۔ اس وقت ان اساتذہ کی تربیت کے لئے چار مرکزی ادارے موجود ہیں جو پانچ سو پچاس اساتذہ تیار کرتے ہیں۔ اب ان کے اندر اساتذہ کی تعداد ایک ہزار ہو جائے گی بعد مزید تین ادارے قائم کئے جائیں گے۔ جو آٹھ سو استاد تیار کر سکیں گے۔ اس طرح اس تیسرے منصوبے کے اختتام تک آٹھ ہزار اساتذہ تیار ہو جانے کی توقع کی جاتی ہے۔ تاہم کثیر المقاصد ثانوی مدارس میں حرفے کے جتنے اساتذہ کی ضرورت ہے وہ اس سے پوری نہ ہو سکے گی۔

ہمارے یہ اقدام حوصلہ افزا تو ضرور ہیں لیکن مکمل نہیں کہے جا سکتے۔ اس باب میں مزید توجہ اور غیر معمولی مالی وسائل کی ضرورت ہے۔ کیونکہ تعلیم ہی سب سے موثر وہ واحد ذریعہ ہے جس کی مدد سے تیزی کے ساتھ دیس کے اندر اقتصادی ترقی، فنی مہارت اور صنعتی سوجھ بوجھ پیدا کی جا سکتی ہے۔ تاکہ جلد از جلد ایسا سماجی نظام قائم ہو سکے جہاں آزادی، سماجی انصاف اور افراد کو ترقی کے یکساں مواقع فراہم ہوں۔ لیکن اس علم و عمل کی کشتی کو کھینے والے یہ اُستاد ہیں جنھیں اپنے فرائض منصبی کی ادائیگی کے لئے جذبۂ دل کے ساتھ ساتھ نہ صرف تربیتِ فکر و نظر درکار ہے بلکہ کسی قدر آسائشِ تن اور اِک سکونِ دل بھی چاہیئے۔

"مُعلّم"

کوائف جامعہ

شیخ الجامعہ صاحب کی واپسی

شیخ الجامعہ پروفیسر محمد مجیب صاحب پانچ ماہ کے بعد، فروری کے پہلے ہفتہ میں جامعہ واپس تشریف لائے۔ موصوف کا زیادہ تر قیام مونٹریال (کنیڈا) میں رہا، جہاں وہ میکگل یونیورسٹی کے ادارہ اسلامیات کے ویزیٹنگ پروفیسر کی حیثیت سے تشریف لے گئے تھے، لیکن اسی زمانے میں متحدہ ریاستوں کی ریاست انڈیانا کے ایک ٹیچرس کالج میں بھی کچھ عرصہ قیام کیا اور وہاں لکچر دئے اس کے علاوہ لندن، میونخ (مغربی جرمنی) اور پیرس بھی تشریف لے گئے۔

واپسی کے بعد جامعہ کے تمام تعلیمی اداروں اور اساتذہ اور طلبہ کی انجمنوں میں موصوف کو مدعو کیا گیا، جن میں انھوں نے یورپ و امریکہ کی موجودہ زندگی اور تہذیب و تمدن کے بارے میں اپنے تاثرات بیان کئے۔ ہماری درخواست پر موصوف نے اپنے تاثرات قلم بند کر دئے ہیں اور وہ اس شمارہ میں شائع ہو رہے ہیں۔

ہندوستان کے مختلف ادب پر سمپوزیم

استادوں کے مدرسے کے طالب علموں کی لٹریری سوسائٹی نے ہندوستان کی اہم زبانوں کے ادب پر ایک سمپوزیم کا سلسلہ شروع کیا ہے۔ سمپوزیم کی ابتدا ۱۶ جنوری کو اردو ادب سے کی گئی ہے۔ اس جلسے کے مقرر خاص دہلی یونیورسٹی کے شعبۂ اردو کے قائم مقام صدر جناب ظہیر احمد صدیقی تھے۔ سمپوزیم کا افتتاح قائم مقام شیخ الجامعہ ڈاکٹر سید عابد حسین صاحب نے فرمایا۔ موصوف نے اپنی افتتاحی تقریر میں فرمایا کہ آج کل جذباتی ہم آہنگی اور قومی یکجہتی کا ملک میں بڑا چرچا ہے، لیکن اس کا احساس ابھی پوری طرح نہیں ہے۔ جنگ آزادی کے موقع پر تو ایک ہونے کا احساس تھا لیکن آج ملک کی آزادی کے بعد یہ احساس کمزور پڑ گیا ہے۔ آج جب ہر طرف ترقی کی کوششیں ہو رہی ہیں تو

یکجہتی کی زیادہ ضرورت ہے، لیکن ہوا یہ کہ چھوٹی وفاداریوں کی اہمیت بڑھ گئی مثلاً صوبہ پرستی میں اضافہ ہوا ہے، زبان کے جھگڑے زیادہ بڑھ گئے ہیں کنبہ پروری اور ذات پات کا زیادہ خیال کیا جانے لگا ہے۔ یہ اس بات کی علامت ہے۔ الگ ہونے کا جذبہ بڑھ گیا ہے اور ایک ہونے کا کم ہو گیا ہے۔ یہ تباہی اور بربادی کی نشانی ہے۔ آپ نے جذباتی ہم آہنگی اور قومی یکجہتی کی وضاحت کرتے ہوئے فرمایا کہ ہم آہنگی کے معنی یہ ہیں کہ ایک ہی طرح کی چیزیں ایک ہی طرح کا جذبہ طاری کریں، احساسات اور میلانات پر جو جذبات اثر ڈالنے والے ہیں، وہ یکساں اثر ڈالیں۔ ادب، شاعری، مصوری، موسیقی یہ تمام چیزیں انسان کے جذبات پر اثر ڈالتی ہیں، بعض خوشی کا جذبہ پیدا کرتی ہیں، بعض جذبات کو ابھارتی ہیں، بعض غم و الم کا جذبہ پیدا کرتی ہیں، ان میں ایسی ہم آہنگی ہونی چاہیئے کہ یہ سب اچھے جذبات کو ابھاریں اور ملک کا اتحاد اور قومی یکجہتی اور مضبوط ہو۔ ہندوستان کی حالت یہ ہے کہ تہذیب و معاشرت میں بڑی حد تک یکسانی ہے، مگر اس کے باوجود زبانیں الگ الگ ہیں۔ زبانوں کے اختلاف نے جذباتی یکجہتی پر پردہ ڈال رکھا ہے۔ مثلاً ٹیگور کی شاعری سے لطف نہیں اٹھا سکتے اگر آپ بنگلہ سے واقف نہ ہوں۔ اگر آپ ایک دوسرے کی زبان سمجھنے لگتے ہیں اور زبان کا پردہ ہٹ جاتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے اور ان کے جذبات ایک ہیں، سوچنے کا ڈھنگ ایک ہے، اور خیالات بڑی حد تک یکساں ہیں۔ آپ نے ہندوستان کی مختلف زبانوں کی خصوصیات اور ان کے ادب سے واقفیت حاصل کرنے کے لئے سمپوزیم کا جو سلسلہ شروع کیا ہے مجھے امید ہے کہ اس سے قومی یکجہتی اور جذباتی ہم آہنگی کو بڑی مدد ملے گی۔"

اس کے بعد جناب ظہیر احمد صدیقی صاحب نے اپنی تقریر شروع کی۔ موصوف کی تقریر کا عنوان تھا۔ "ہندوستانی کلچر میں اردو کا حصہ"۔ فاضل مقرر نے فرمایا کہ "میری تقریر کا عنوان اہم ہونے کے ساتھ پیچیدہ بھی ہے۔ اہم اس لئے کہ اگر کلچر اور ادب کا ربط قائم نہ ہو سکا تو دونوں لفظ مہمل ہو کر رہ جائیں گے پیچیدہ اس لئے کہ جب ہم ہندوستانی کلچر کا ذکر کر رہے ہیں تو ہمارے ذہن میں کونسا کلچر ہے۔ ہندوستان ایک وسیع ملک ہے اور یہاں کے ہر خطہ کی الگ تہذیب، اور جداگانہ زبان ہے پھر مذہب اور رسم و رواج جداگانہ ہیں اس لئے کلچر کو ہندوستانی کینوس پر وسیع معنوں میں سمجھنا ہوگا۔

کلچر میں لین دین ہمیشہ رہا ہے اور اس لین دین کو ہندوستانی کلچر میں سب سے زیادہ بہتر طریقہ کر

اردو ادب نے بجھا۔ اس لئے کہ اردو ادب کی ایک مشترکہ میراث تھی مختلف رجحانات اور احساسات کی اور یہی سبب ہے کہ کلچر میں جو رنگا رنگی نظر آتی ہے وہ اُردو ادب کا احسان ہے۔

یہ ضرور ہے کہ مغربی ادب کو ہندوستان میں بنگالی ادب نے متعارف کرایا مگر انگریزوں کی آمد پر جو کش مکش لوگوں کے ذہن میں پیدا ہوگئی تھی اور اس سے جو تنقیدی شعور اجاگر ہوا اس کا اردو ادب ہی میں اظہار ملتا ہے۔

اردو ادب کا ایک اہم ادارہ مشاعرہ ہے۔ ہندوستانی کلچر میں اس کا ایک اہم رول رہا ہے۔ مغلیہ تہذیب کی نمائندگی کرنے کے ساتھ ہندو مسلمانوں کو ایک اسٹیج پر یہ ادارہ ہی لایا۔ ہندو مسلمانوں میں استاد اور شاگردی کا رشتہ جو ماں باپ اور اولاد سے زیادہ مستحکم ہوتا۔

یہ ضرور ہے کہ اُردو شاعری کا ایک بڑا سرمایہ عربی اور فارسی سے ماخوذ ہے مگر یہ بھی اردو ادب کا احسان ہے کہ اس نے عربی اور عجمی تخیلات کو ہندوستان میں اجنبی نہ رکھا۔

سچ پوچھئے تو ہندوستان میں مساوات کا تصور اردو ادب ہی کے ذریعے عام ہوا۔ عربی عجمی، برہمن کی تفریقیں یہاں آکر ختم ہوگئیں۔ اردو ادب کا نظریۂ حیات مساوات پر تھا۔ اس لئے برہمن اور غیر برہمن تو بڑی چیز ہے شیخ و برہمن کی تفریق بھی باقی نہ رہی۔

اس سمپوزیم کے سلسلہ میں ۱۰ فروری کو جناب رشید حسن خاں صاحب نے "اردو ادب کا اپنے سماج سے تعلق" پر تقریر کی۔ آپ نے تفصیل سے بتایا کہ اردو ادب میں سماجی حقائق کی مکمل عکاسی ہے۔ اس میں علیحدگی پسندی کے بجائے رواداری، میل ملاپ اور لین دین کا زیادہ گزر ہے۔ موصوف نے فرمایا کہ کسی ملک کی زبان اور اس کے ادب کی اچھائی کا اندازہ اس بات سے بھی کیا جاتا ہے کہ اس میں دوسری زبانوں کے اعلیٰ ادب کی خوبیوں اور اس کی اچھی باتوں کو اپنے میں سمو لینے کی کتنی صلاحیت ہے۔ ہر زبان کے ادب میں کچھ بنیادی خیالات ہوتے ہیں، جن کا تعلق اس قوم اور اس ملک کی سماجی، مذہبی اور اخلاقی روایتوں سے ہوتا ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ دنیا کی دوسری زبانوں کے ادب اور وہاں کی کچھ خاص روایتوں کا اثر بھی ڈھکا چھپا مل جائے گا۔ اس میل ملاپ سے زبان اور ادب دونوں کی دولت بڑھتی ہے، دونوں کے پھیلاؤ، بہاؤ اور گہرائی میں اضافہ ہوتا ہے اور ان سے بڑھ کر یہ ہے کہ وہ ادب

جس پر کئی قوموں اور کئی زبانوں کے ہلکے یا گہرے اثرات پڑ چکے ہوں اور اس زبان و ادب میں ایسے گھل مل گئے ہوں جیسے سنگم پر کئی دریاؤں کا پانی مل کر ایک ہو جاتا ہے اُس ادب میں دنیا کے دوسرے رہنے والوں کے دل و دماغ، خیال اور جذبے کو متاثر کرنے کی صلاحیت کچھ اور بڑھ جاتی ہے۔

اس معیار پر اگر ہم اردو زبان اور ادب کو جانچیں تو ہمیں معلوم ہوگا کہ ان دونوں میں یہ صلاحیت بہت سی زبانوں سے زیادہ ہے۔ اردو کی ابتدائی ترقی میں صوفیوں کے رسالوں کا بڑا دخل ہے۔ یہ رسالے اردو سے زیادہ اس زمانے کی بولیوں کے آئینہ دار ہیں، اس کا دوسرا دور دکن سے متعلق ہے۔ اس زمانے کے ادب میں فارسی عربی کے لفظوں کے بجائے دکنی لفظ اور اسلوب بیان کا غلبہ ہے۔ اور خیالات میں بھی فارسی کی روایتوں سے کہیں زیادہ وہاں کی مقامی روایتوں کو دخل ہے پھر اس کی ترقی کا زمانہ دہلی میں شروع ہوتا ہے، جہاں زبان کی صفائی، سادگی اور تہذیب پر زور دیا گیا ہے۔ یہ بات بھی سامنے رکھنے کی ہے کہ اردو کوئی مفرد زبان نہیں ہے، وہ کئی زبانوں کے لفظوں کا ملا جلا مرکب ہے۔ دوسری زبانوں کے جو لفظ ہم آج بولتے ہیں، اگر وہ ان زبانوں کو واپس کر دیں تو ہمارے پاس سادہ کا غذ باقی رہ جائے گا۔ غرض اردو کی بنیاد ہی دوسری زبانوں سے بہت کچھ حاصل کرنے پر پڑی ہے۔ اس لئے اس زبان میں اور اس کے ادب میں دوسری زبانوں کی روایتوں خیالوں اور اسٹائل کو اپنانے کی بہت زیادہ صلاحیت ہے۔ شروع سے لے کر اب تک کے اردو ادب کو غور کے ساتھ پڑھا جائے تو اندازہ ہوگا کہ اس نے ہر زمانے میں اپنی اس روایت کو باقی رکھا ہے۔ کسی زندہ زبان کے ادب کے لئے یہ بات بھی بہت ضروری ہوتی ہے کہ زندگی سے اس کا رشتہ برابر قائم رہے۔ وہ ایسا آئینہ ہو، جس میں ہر زمانے کی طرح طرح کی تبدیلیوں، سیاسی تحریکوں، رسم و رواج اور ملکی حالات کی صاف صاف تصویریں بھی دکھائی دیں۔ اردو ادب کا یہ پہلو بہت روشن ہے۔

اس کے بعد رشید حسن خاں صاحب نے بہت تفصیل سے بتلایا کہ اردو ادب میں ہر دور کے سیاسی و سماجی اثرات کس وضاحت کے ساتھ پائے جاتے ہیں۔

رورل انسٹی ٹیوٹ کا کانووکیشن

جامعہ رورل انسٹی ٹیوٹ کا تیسرا سالانہ جلسۂ تقسیم اسناد ۱۳ فروری ۱۹۶۲ء کو تین بجے سہ پہر انسٹی ٹیوٹ ہی کے نئے "اوپن ایئر تھیٹر" میں منعقد ہوا۔ پلاننگ کمیشن کے رکن تعلیم جناب ڈاکٹر اے این کھوسلہ نے کانووکیشن کا خطبہ پڑھا اور شیخ الجامعہ صاحب نے جلسہ کی صدارت فرمائی۔

سورۂ فاتحہ کی تلاوت اور اس کے ترجمے کے بعد ڈائرکٹر صاحب جامعہ رورل انسٹی ٹیوٹ ڈاکٹر ہاشم امیر علی صاحب نے اپنی رپورٹ پڑھ کر سنائی جس میں انھوں نے اساتذہ اور طلبہ کی مختلف دقتوں اور مشکلات کے باوجود انسٹی ٹیوٹ کی پچھلی پانچ برس کی کامیابیوں کا ذکر کیا۔ انھوں نے جامعہ کالج اور حکومت ہند کی وزارت تعلیم کا بھی شکریہ ادا کیا۔

ڈائرکٹر صاحب کی رپورٹ کے بعد شیخ الجامعہ صاحب نے ۱۹۶۱ء کے فارغ التحصیل طلبہ کو ڈپلوما تقسیم کئے۔ ڈپلوما دینے سے قبل موصوف نے فرمایا: "میں بحیثیت شیخ الجامعہ، جامعہ کی طرف سے آپ کو یہ سند عطا کرتا ہوں اور تاکید کرتا ہوں کہ اپنے فرائض انجام دینے اور دوسروں کے ساتھ برتاؤ میں ہمیشہ اور ہر طرح سے آپ اپنی دینی اور تہذیبی قدروں اور روایتوں کا پورا لحاظ رکھیں۔" اس کے بعد شیخ الجامعہ کی درخواست پر ڈاکٹر کھوسلہ نے اپنا خطبہ پڑھ کر سنایا، جس میں موصوف نے دیہاتی لوگوں کو اعلیٰ تعلیم دئے جانے کی اہمیت بتائی اور جامعہ رورل انسٹی ٹیوٹ کے کام کو سراہا۔ آپ نے فرمایا کہ جو طلبہ ان اداروں میں تعلیم پا رہے ہیں وہ ملک کی بہت بڑی ضرورت کو پورا کریں گے اور تیسرے پنج سالہ منصوبے کے تحت دیہات کے لئے قومی تعمیر اور ترقی کے جو پروگرام اس وقت بنائے جا رہے ہیں۔ ان کو چلانے کے لئے یہ طلبہ خاص طور پر اہل ثابت ہوں گے۔ اس طرح ان اداروں کا دیہاتی معیشت میں اہم حصہ ہو جائے گا۔ آپ نے فرمایا کہ جامعہ رورل انسٹی ٹیوٹ میں سوشل ایجوکیشن، فنون لطیفہ اور سوشل ورک کے کورس پھر سے شروع کر دینے چاہئیں اور اس کے علاوہ کچھ کورس تجارت اور نقشہ نویسی کے بھی کھولنے چاہئیں۔ کچھ اداروں نے زراعتی سائنس کے کورس کے علاوہ سیکرٹری اسسٹنٹ کے لئے بھی کچھ سرٹیفکیٹ کورس کھولے ہیں۔ ڈاکٹر کھوسلہ نے فرمایا کہ ان کورسوں کے علاوہ رورل انسٹی ٹیوٹ بالغ لوگوں اور عام آدمیوں کی "زیر تعلیم" میں کافی مدد دے سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر اپنی توسیعی خدمات کے ذریعہ وہ کسانوں اور معمولی تجارت کرنے والوں اور گھر گرہستی والی عورتوں کو بھی ان کے روزمرہ کے کام میں مفید مشورہ فراہم کر سکتے ہیں۔

آپ نے یہ بھی فرمایا کہ سول اور رورل انجینئرنگ کے کورس میں عملی تعلیم کے ساتھ یہ بھی خیال رکھنا چاہئے کہ طلبہ تعلیم کے ساتھ ساتھ کچھ روپیہ پیسہ بھی کما سکیں۔

ڈاکٹر کھوسلہ کے اس خیال میں کامیاب طلبہ کو عطا کی جانے والی ڈپلوما کی سندیں زندگی کی دشواریوں کو حل کرنے کا وسیلہ یا پاسپورٹ ہیں۔ اور ان کے ذریعہ طلبہ اچھا روزگار حاصل کر سکیں گے۔

رابندر ناتھ ٹیگور کی مشہور دعائیہ نظم ڈائرکٹر صاحب کے ساتھ سب نے کھڑے ہو کر پڑھی اور قومی ترانہ کے بعد یہ تقریب ختم ہوئی جلسہ میں شرکت کرنے والوں کی تعداد کافی تھی اور یہ حسن اتفاق تھا کہ دوسرے رورل انسٹی ٹیوٹ کے طلبہ بھی اس موقع پر موجود تھے جو آل انڈیا انٹر رورل انسٹی ٹیوٹ کے مباحثے کے مقابلوں میں حصہ لینے کے لئے پہلے ہی سے آئے ہوئے تھے۔

بیان بابت ملکیت رسالہ و دیگر تفصیلات

(فارم نمبر ۴)

مقام اشاعت : جامعہ نگر۔ نئی دہلی نمبر ۲۵

وقفۂ اشاعت : ماہانہ

پرنٹر، پبلشر اور اڈیٹر کا نام : عبد اللطیف اعظمی

قومیت : ہندوستانی

پتہ : جامعہ نگر۔ نئی دہلی

ملکیت : جامعہ ملیہ اسلامیہ۔ دہلی

میں عبد اللطیف اعظمی اعلان کرتا ہوں کہ مندرجہ بالا تفصیلات میرے علم اور یقین کے مطابق درست ہیں۔

دستخط پبلشر: عبد اللطیف اعظمی

۲۵ فروری ۱۹۶۲ء

مطبوعہ یونین پرنٹنگ پریس دہلی ۶ صرف ٹائٹل دیال پریس دہلی ۶ میں چھپا۔

جامعہ

سالانہ چندہ
چھ روپے

قیمت فی پرچہ
پچاس نئے پیسے

جلد ۴۶	بابت ماہ اپریل ۱۹۶۲ء	شمارہ ۶

فہرست مضامین

۱۔	مغربی دنیا پر ایک نظر (۲)	پروفیسر محمد مجیب	۳۳۱
۲۔	غزل	حضرت مرزا احسان احمد	۳۳۸
۳۔	المیہ کیا ہے؟	پروفیسر اسلوب احمد انصاری	۳۳۹
۴۔	غالب (نظم)	حضرت سلام مچھلی شہری	۳۵۰
۵۔	اقبال کی ایک نظم پر بحث	جناب عابد رضا بیدار	۳۵۳
۶۔	مضمون کی فرمائش کے جواب میں	جناب دھرم سروپ	۳۶۱
۷۔	حالات حاضرہ	ض ح ف	۳۷۰
۸۔	تنقید و تبصرہ	ع ل ا	۳۷۷
۹۔	کوائف جامعہ	ع ل ا	۳۸۱

مجلس ادارت

پروفیسر محمد مجیب　　ڈاکٹر سید عابد حسین

ڈاکٹر سلامت اللہ　　ضیاء الحسن فاروقی

عبد اللطیف اعظمی (مرتب)

خط و کتابت کا پتہ

رسالہ جامعہ، جامعہ نگر۔ نئی دہلی

مغربی دُنیا پر ایک نظر

(۲)

پروفیسر محمد مجیب

میں نے پچھلے مضمون میں انسٹی ٹیوٹ کے جن پروفیسر صاحب کا ذکر کیا تھا انھوں نے اب سے تین چار سال پہلے رومن کیتھلک مذہب اختیار کر لیا تھا۔ رومن کیتھلک اور پروٹسٹنٹ عیسائیوں کے درمیان عقائد کا اختلاف ضرور ہے، اور جو لوگ عقائد کی نوک پلک کا بہت لحاظ رکھتے ہیں وہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ اختلاف بنیادی ہے۔ مگر جس بات نے اس اختلاف کو ایک سیاسی مسئلہ بنا دیا اور عیسائی قوموں میں خوں ریز خانہ جنگیاں اور لڑائیاں کرائیں۔ وہ پاپا اور کلیسا کی دینی اور دنیاوی حیثیت اور اختیار کا معاملہ تھا۔ پاپاؤں کی دنیا داری، ظاہری شان و شوکت اور بداخلاقی کا چرچا قریب ایک ہزار برس پہلے سے ہوتا رہا ہے۔ چودھویں، پندرھویں اور سولھویں صدیوں میں خدا پرست لوگوں کے اعتراض اور احتجاج کے ساتھ خالص سیاسی اغراض شامل ہو گئیں، اور پاپا کے مخالف عناصر کو ان بادشاہوں اور سیاسی رہنماؤں کی تائید حاصل ہو گئی جو دراصل چاہتے تھے کہ جو زمینیں کلیسا کی ملکیت بن گئی تھیں ان پر ان کا قبضہ ہو جائے اور پاپا اور کلیسا میں اس کی طاقت نہ رہے کہ وہ ان کی ملکی اور سیاسی معاملات میں دخل دے سکیں۔ مذہبی جنگوں نے عداوت کا ایسا جذبہ پیدا کیا جس کا اثر اب تک باقی ہے، مگر چونکہ یہ اصول مان لیا گیا ہے کہ مذہب کو سیاست کے مسائل میں الجھانا نہ چاہیئے، اور جو لوگ سے دل سے نہیں مانتے وہ بھی اسے برتنے کی کوشش کرتے ہیں، اس لئے عیسائی ملکوں کے اندر رومن کیتھلک اور پروٹسٹنٹ کی سیاسی مخالفت اب بہت نمایاں نہیں ہے۔ رومن کلیسا پر سولھویں سولھویں صدی سے یہ الزام لگایا جاتا ہے کہ وہ علمی تحقیق کے خلاف اور ان لوگوں کا دشمن ہے جو انسانی علم اضافہ کرنا چاہتے ہیں۔ رومن کلیسا صرف علمی تحقیق کی مخالفت ہی نہیں کرتا رہا ہے بلکہ ۱۸۷۰ء میں

پاپا کی طرف سے یہ اعلان کیا گیا کہ عقائد کے معاملے میں پاپا کا فیصلہ غلط نہیں ہو سکتا، اور ۱۹۰۷ء میں ۵۵ ایم کوششیں غلط اور گمراہ کن قرار دی گئیں جن کا مقصد عیسائی عقائد اور دینی کتابوں اور جدید علوم میں مطابقت کی صورتیں تلاش کرنا تھا، ۱۵۶۳ء میں ٹرنٹ کی کلیسائی کونسل نے عیسائی عقائد کی جو وضاحت کی تھی اس سے رومن کلیسا بال برابر بھی نہیں ہٹا ہے اور جو شخص بھی کلیسائی ملت میں شامل رہنا چاہتا ہے اسے مجال نہیں ہے کہ عقائد کی بحث چھیڑ کر کوئی نیا نظریہ یا خیال پیش کرے۔ اس رویے سے رومن کلیسا کو یہ نقصان پہنچا کہ روشن خیال لوگوں کا ایک حصہ اس کے خلاف رہا، مگر انھیں روشن خیال لوگوں میں ایسے افراد بھی پیدا ہوتے رہے جس کے لئے کلیسا اور اس کا استقلال ایک روحانی گود بن گیا جس میں بے چین ذہن اور دل کو آرام مل سکتا تھا۔ میں نے جس تنہائی کا ذکر کیا تھا اس کا احساس رومن کیتھلک ملکوں میں اس لحاظ سے کم ہے کہ کلیسا اپنے ہر پیروکار کا ہاتھ پکڑنے کے لئے موجود ہے اور ہر طرح سے جماعت اور افراد کے درمیان ربط قائم رکھنے کی کوشش کرتا رہتا ہے۔ کیتھلک کلیسا کا ایک قاعدہ یہ بھی ہے کہ جب کوئی چاہے گرجا میں جا کر اپنے قصور یا جرم کا اقبال کرے۔ پادری پردے کے ایک طرف بیٹھتا ہے، قصور کا اقبال کرنے والا دوسری طرف، وہ دونوں ایک دوسرے کی شکل نہیں دیکھتے اور اس کا اہتمام کیا جا سکتا ہے کہ وہ ایک دوسرے سے بالکل واقف نہ ہوں۔ اس طرح وہ خاتون جنھوں نے مجھے یہ قول کہہ کر اپنے دل کو تسلی دی تھی اگر کیتھلک ہوتیں تو کسی پادری سے کہہ سکتی تھیں کہ مجھے اجازت دیجئے کہ آپ کو کہوں کہ بڑے بے وقوف ہیں، اس سے میرے دل کو تسلی ہوگی، اور غالباً پادری بر بنائے عہدہ مسکرا کر انھیں اس کی اجازت دے دیتا۔ مگر آرزو پوری کرنے کا یہ غیر شخصی طریقہ آزاد گفتگو کی طرح تسکین نہیں دے سکتا۔

یورپ اور امریکہ میں جس تنہائی کی شکایت کی جاتی ہے وہ انسانیت کے تصور، صنعتی انقلاب، قانونی آزادی اور مقابلے کے تصور نے مل کر پیدا کی ہے۔ اس میں انسانیت کا حصہ یہ ہے کہ اس نے شوق اور محبت کے جذبے کو اگر وہ اتنا شدید ہو کہ آدمی کو بے اختیار کر دے ایک معیار کی حیثیت دیدی اور اسے مذہبی اور سماجی قاعدوں سے آزاد ہونے کا حق دار مان لیا۔ صنعتی انقلاب کی بدولت کھاتے پیتے، نفع پرست، مزدور پیشہ اور بے روزگار لوگ صنعت اور تجارت کے مرکزوں میں اس

تعداد میں جمع ہو گئے اور گھل مل کر رہنے پر ایسے مجبور ہو گئے کہ کسی قسم کی احتیاط کو پوری طرح برتنا مشکل ہو گیا
قانون نے مذہب اور اخلاق سے بے تعلق ہو کر ہر بالغ شخص کو ہر ایسے معاملے میں آزاد کر دیا جس سے کسی دوسرے
کو جان اور مال اور حیثیت کا نقصان نہ پہنچتا ہو، مقابلے کے تصور نے کاروباری اور سیاسی فائدے
کی ہوس اور ارتقا کے علمی اصول سے تقویت حاصل کر کے کامیابی کو زندگی کا اصل مقصد قرار دیا۔ ہم
یہ اعتراض کر سکتے ہیں کہ بڑے شہروں میں غریبوں اور روزگار کے امیدواروں کی پروا نہیں کی گئی
اور انھیں نفع اندوزی کا آلہ کار بنایا گیا۔ مگر انسانیت، صنعت، قانونی آزادی، آزاد مقابلہ
بہرحال ایسے تصورات ہیں جن کے حق میں بہت کچھ کہا جا سکتا ہے۔ یورپ کے روحانی مسائل
میں دخل پڑنے کی ایک وجہ کیتھلک اور پروٹسٹنٹ کلیساؤں اور پادریوں کی یہ ضد تھی کہ علمی تحقیقات
میں سے صرف وہی قبول کی جائیں جن سے دینی تعلیمات کی تردید نہ ہوتی ہو، اور دوسری وجہ
ازلی گناہ کا عقیدہ اور رہبانیت کا معیار تھا۔

علمی تحقیق کی مخالفت نے یہ خیال عام طور پر ذہن نشین کر دیا ہے کہ مذہبی ہونے کے معنی
ہیں علم کو ترک کرنا، آزادی سے دست بردار ہونا اور اپنے آپ کو ہاتھ پیر باندھ کر کلیسا اور پادریوں
کے حوالے کر دینا۔ کلیسا اور پادری کی حکومت کی مثال صرف کیتھلک کلیسا نہیں پیش کرتا، پروٹسٹنٹ
فرقوں کے بھی کلیسا اور پادری ہوتے ہیں، اور بعض میں پیروؤں کی مقامی جماعتیں بھی جن کے سربراہ
اپنی جماعت کے افراد کے قول اور فعل پر نظر رکھتے ہیں، اور قانونی آزادی، مدرسہ، کتاب، اخبار
اور اشتہار کے ہوتے ہوئے بھی احتساب کی ایک شکل قائم رکھتے ہیں۔ متحدہ ریاستوں کے وسط
میں ایک بہت بڑا اور خوش حال علاقہ ہے جس کو اسی وجہ سے انجیل کا ملک کہتے ہیں۔ منسی جہاں
قریب دو ہفتے رہا، اسی علاقے میں ہے۔ آغا اشرف علی صاحب کا یہاں کئی مہینے سے قیام ہے
سے معلوم ہوا کہ لوگوں نے ان کی بڑی مدد کی، مگر ساتھ ہی بعض یہ بھی پوچھتے رہے کہ کس گرجا
جاتے ہو، یعنی کسی پروٹسٹنٹ فرقے سے تعلق رکھتے ہو، اور جب یہ معلوم ہوا کہ آغا صاحب
دین حق کی نعمت ہی نہیں پہنچی ہے تو ایک دو نے اسے بھی پیش کیا اور قبول کروانا چاہا۔ اس
جو شخص مذہبیت کا میلان رکھتا ہے اور علمی اور شخصی آزادی سے بھی دست بردار نہیں ہونا چاہتا

بڑی الجھن میں رہتا ہے، اور یہی الجھن اس میں تنہائی کا احساس پیدا کرتی رہتی ہے۔ علمی اور شخصی آزادی اس الجھن کو کم کرنے کے بجائے اور بڑھاتی ہے۔ علم کے معنی ہیں حقیقت کی تلاش، یہ تلاش جاری ہے، مگر اتنے عرصہ تک جاری رہ چکی ہے کہ جب تک کوئی نئی اور انوکھی بات نہ کہی جائے، اس کا کہنے والا تلاش میں شریک نہیں سمجھا جاتا، اور پرانی بات کو دہرانے اور اس کو صحیح ماننے کے لئے جو ہمت چاہیئے وہ صرف انھیں لوگوں میں ہو سکتی ہے جن کی پشت پر ہم خیال لوگوں کی جماعت ہو۔ نئی اور انوکھی بات کہنے والے شاعر، ادیب، ڈراما نویس، مصور، مفکر ہوتے ہیں، ان کی شخصیتیں ایسی نہیں ہوتی ہیں کہ جماعتی زندگی کی نئی طرح ڈال سکیں۔ ان کے تصورات اور خیالات کا محرک بڑی حد تک وہی تنہائی کا احساس ہوتا ہے جو دوسروں کو پریشان رکھتا ہے۔ پریشانی کی یہ خصوصیت ہے کہ وہ عادت بن جاتی ہے، اور جیسے نشہ کی عادت نشہ آور چیز کے استعمال سے بڑھتی ہے، پریشان طبیعت میں یہ میلان پیدا ہو جاتا ہے کہ اپنی کیفیت میں شدت پیدا کرے، اور اسی کو علاج سمجھے۔ انسان کا اپنے آپ کو کسی دھوکے میں رکھنا برا ہے، اور یورپی ادب میں حقیقت نگاری کی جو تحریک پچھلی صدی سے شروع ہوئی اس نے یورپی سماج کو اس کے بہت سے عیبوں سے آگاہ کر دیا۔ لیکن محض حقیقت نگاری نفسیاتی اور روحانی مسائل کو حل نہیں کر سکتی۔ اگر اسے حق کی تلاش سمجھا جائے تو اس سے حقیقت نگار پر کسی نہ کسی حد تک یہ ذمہ داری ضرور آتی ہے کہ وہ حق کے تصور کو بھی واضح کرے۔ شروع کے حقیقت نگار سماجی عیبوں اور نظر کے فریبوں کی پردہ دری کر کے کوئی نتیجہ نکالا کرتے تھے، اب سماج اور افراد کی اصلاح اور تربیت کا خیال ادب سے بالکل خارج کر دیا گیا ہے، اور حقیقت نگاری آپ اپنا مقصد بن گئی ہے۔ ادبی ذوق لطف اندوزی کی ایک شکل ہے، اور زنانہ اور عام رسالوں اور اشتہار کا اسی طرح پابند جیسے کہ خواتین کا لباس اور وضع قطع فیشن کی۔ دوسری طرف انسان کی طبیعت کیفیتوں کا ایسا خزانہ ہے کہ بیان کرنے والے کی استعداد اور توفیق کو آزما سکتا ہے، اور کوئی بھی اس کا دعویٰ نہیں کر سکتا کہ اس نے انسان کے بارے میں جو کچھ کہا جا سکتا ہے کہہ دیا ہے۔ اس سب کا نتیجہ یہ ہے کہ آئے دن نئی حقیقتوں کا انکشاف ہوتا رہتا ہے اور یہ انکشاف یہ ظاہر کرتا ہے کہ آدمی اب بھی حقیقت سے بہت دور ہے۔

حقیقت نگاری کی ادبی تحریک کو فروغ دینے میں کلیسائی مذہب کا ردعمل بھی شامل تھا ہر مذہب کے ماننے والے سمجھتے ہیں کہ مذہب کی پیروی کرنے میں سلامتی ہے، اس سے دنیا دنی نہ بنتی ہے، اور عاقبت کا بھی مناسب انتظام ہو جاتا ہے۔ عیسائی مذہب بھی سلامتی کا ایک تصور پیش کرتا ہے۔ کلیسا اور عیسائی ملت کے روشن خیال یا علمی اور ادبی ذوق رکھنے والوں کے درمیان جو عداوت پیدا ہو گئی اس کی وجہ سے سلامتی کے اس تصور پر حملے کئے گئے، عقیدے اور اخلاق کی حیثیت حکم کی سی نہیں رہی، بلکہ عملاً اور اصولاً اختیاری ہو گئی، اور جوابدہی کی ذمہ داری اس شخص پر نہیں رہی جو اختیار کا غلط استعمال کرتا بلکہ اس شخص پر جو اختیار سے کام نہ لیتا، اور پرانے طریقے کو کافی سمجھتا یہی رویہ بے چینی کا ایک اور سبب بن گیا ہے۔ بیشتر لوگ غلط اور صحیح کے درمیان تمیز کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے اور اس کی ذمہ داری نہیں لینا چاہتے لیکن حالات نے ان کو خود مختار بنا دیا ہے۔ کلیسا اور مذہب کی رہنمائی وہ قبول نہیں کر سکتے، علم اور ادب بھی ملنے ہوئے سماجی مسئلوں اور طریقوں کی جانچ میں لگے ہوئے ہیں اور خود سماج فیشن اور اشتہار کے جال میں پھنسی ہوئی ہے۔

مذہب اور یورپ اور امریکہ کی موجودہ ذہنیت کے درمیان میل کرانے میں ازلی گناہ کا عقیدہ اور رہبانیت کا تصور بڑی رکاوٹیں ہیں۔ مسلمان کو اس کا یقین نہیں ہے کہ آدم اور حوا بہشت سے نکلے گئے تو انھوں نے واقعی کوئی جرم کیا تھا۔ عیسائی تعلیمات کے مطابق یہ اتنا بڑا گناہ تھا جس کا کفارہ خدا کا بیٹا دنیا میں آکر اور صلیب پر چڑھ کر ہی ادا کر سکتا تھا۔ اس دینی منطق کا حق ادا کرنے کے لئے جو آدم اور حوا کے گناہ کا سلسلہ حضرت عیسیٰؑ کے صلیب پر چڑھنے سے ملاتی ہے ضروری ہے کہ ہر عیسائی اپنے آپ کو پیدائشی گنہگار اور سزا کا مستحق سمجھے، اور حضرت عیسیٰؑ کے اس احساس کا ہر طرح سے اعتراف کرے کہ انھوں نے اپنے آپ کو قربان کر کے اسے عذاب سے بچایا۔ عیسائی مذہب میں رہبانیت کی طرف قوی میلان بھی ہے نفس پر قابو رکھنے کے لئے ایک حد تک نفس کشی لازمی ہے، عیسائی تعلیمات نے حضرت عیسیٰؑ کی عظیم الشان مثال کو معیار مان کر نفس کشی کو ایک اعلیٰ دینی مقصد کا مرتبہ دے دیا۔ کلیسا نے بے شک دنیا داروں کے لہو و لعب اور نفس پرستی کو گوارا کیا، مگر نیک اور پاک زندگی اسی کو مانا جس میں نفس کشی نمایاں ہو۔ یورپ کی بڑھتی

ہوئی تہذیب نے انسان اور انسانی خواہشوں کو وہی مرتبہ دینا چاہا جو قدیم یونان نے دیا تھا اور سولھویں صدی میں فرانسیسی ادیب رابلے نے فخریہ لکھا کہ ہنسنا انسان کا حق اور اس کی امتیازی صفت ہے۔ مگر انسان کی گنہگاری ایسا مسئلہ نہیں ہے جو ہنسی کے بل پر طے کر دیا جائے۔ انسان کی پیدائشی معصومیت ایک عقیدہ ہے، جو علم اور تجربے سے ثابت نہیں کیا جا سکتا، اور اسلام کی اس تعلیم کے باوجود کہ انسان معصوم پیدا ہوتا ہے گناہ اور شیطان کے وسوسہ کا خوف مسلمانوں کے ذہن پر حاوی رہا ہے۔ یورپی تہذیب کا میلان انسان کو معصوم قرار دینے کی طرف تو نہیں مگر اسے مجبور قرار دینے کی طرف رہا ہے۔ اور ازلی گناہ کی تعلیم صرف اس علم سے نہیں ٹکراتی ہے جو ماحول کو انسان کے بننے بگڑنے کا ذمہ دار ٹھہراتا ہے بلکہ انسانی خودداری کے اس تصور سے جو علم کی ترقی نے یورپ اور امریکہ میں رفتہ رفتہ پیدا کیا ہے، اس وقت وہاں یہ کہنا کہ جنسی جذبات شیطانی وسوسہ ہیں یا زنا کرنا گناہ ہے انسانی فطرت کی توہین کرنے کے برابر ہے اگرچہ ان لوگوں کی عزت کی جاتی ہے جو اپنی طبیعتوں کو قابو میں رکھتے ہیں۔ اسی طرح نفس کشی کے دینی اور اخلاقی ورثہ کو یورپ اور امریکہ میں اسی نظر سے دیکھا جاتا ہے جیسے کسی پرانے اور بھدے رواج کو، اور اس کے علاوہ یہ بھی محسوس ہوتا ہے کہ نفس کشی کی تعلیم دینا صنعتی ترقی کو غلط اور مضر ٹھہراتا ہے۔ یورپی انسانیت کی مثال گوئٹے کا ڈاکٹر فاؤسٹ ہے، جس نے کامل علم اور ہمہ گیر تجربہ کی خاطر اپنی روح کو شیطان کے ہاتھ بیچ دیا۔ اس وسوسے کو وہ تمام لوگ برا کہیں گے جو علم اور تجربے سے ڈرتے ہیں، مغربی تہذیب نے یہ سودا کیا ہے اور شوق سے کیا ہے۔ وہ موت کو بے شک ڈرتی ہے اور بہت ڈرتی ہے، مگر اس کی وجہ سے علم اور تجربے کے حق سے دست بردار ہونا یا اس کے میدان کو تنگ کرنا نہیں چاہتی۔

یورپ امریکہ میں ڈاکٹر البرٹ شوائٹزر کی بڑی قدر ہے۔ انھوں نے اپنی زندگی افریقہ کے وحشیوں کی طبی خدمت کے لئے وقف کر دی ہے، اور حضرت عیسیٰ اور مہاتما گاندھی کی طرح قول اور عمل سے ایثار اور عدم تشدد کی تعلیم دیتے ہیں۔ بعض حلقوں میں ہندوستان کی روحانیات کی بھی قدر ہے۔ رڈ کراس کے بین الاقوامی نظام سے اور معاشی اعتبار سے پس ماندہ قوموں کی امداد کے جو مختلف طریقے اختیار کئے گئے ہیں ان سے ثابت ہوتا ہے کہ یورپ اور امریکہ میں انسانی ہمدردی

کا جذبہ بہت قوی ہے، اگرچہ اسے ہر قدم پر سیاسی اور معاشی خود غرضی کا مقابلہ کرنا پڑتا ہے پہلی اور دوسری عالم گیر جنگوں نے تہذیب اور ترقی پر جو اعتبار تھا اس کو بہت کم کر دیا ہے۔ اور اس وجہ سے اب ایسے سہاروں کی تلاش ہے جو ایٹم بم کی زد میں نہ ہوں۔ کلیسا اور کلیسائی مذہب کے ماننے والے اور ان کی مخالفت کرنے والے اب بھی ہیں گناہ کا لفظ سن کر ناک بھوں چڑھانے والے بھی ہیں، سب سے زیادہ تعداد ان لوگوں کی ہے جو بغیر سوچے سمجھے زندگی گذارتے ہیں، مگر ساتھ ہی ایک تحریک شروع ہوئی ہے کہ تمام مذہبوں کا احترام کے ساتھ مطالعہ کیا جائے تنگ نظری کو دور کیا جائے، اور کسی نظام کی ماتحتی قبول کئے بغیر دینی جذبے کی ایسی تربیت کی جائے کہ وہ انسانوں اور انسانی زندگی کو راہِ راست پر لا سکے گویا اب مغربی تہذیب کا ایک علمی اور دینی منصوبہ غالب کے اس شعر کی تشریح ہے۔

سر از حجاب تعین اگر بروں آید
چہ جلوہ ہا کہ بہر کیش می تواں کردن

غزل

حضرت مرزا احسان احمد

ذوقِ نظر تو دیکھئے ایک گدائے راہ کا
رنگ بدل دیا تمام حسن کی جلوہ گاہ کا

دستِ جنون دراز کر، کام نہیں ہے آہ کا
پایہ بہت بلند ہے عشق کی بارگاہ کا

لطف اسی سے کچھ اٹھا، طاقتِ دید تھی کہاں
شکوۂ رائگاں نہ کر خیرگیٔ نگاہ کا

گرمِ طواف جس کے گرد کعبہ و بتکدہ ہیں سب
ہے وہ خرام بے خودی عشق کے مردِ راہ کا

چاہیئے اس کو اور کیا لذتِ زیست کے لئے
حوصلہ ہو جسے نصیب غم سے ترے پناہ کا

لذتِ خستگی سے گر دل نہیں آشنا ترا
طالبِ فیض پھر نہ بن عشق کی درس گاہ کا

چھوڑ دیں ہم تو میکدہ دل یہ مگر ہے کہہ رہا
کوئی مقام بھی تو ہو اس کے سوا پناہ کا

خارِ خسِ چمن بھی دیکھ، یہ بھی ہیں زینتِ چمن
جانبِ گل ہی کیوں فقط رخ ہے تری نگاہ کا

اہلِ خرد کا کارواں کھائیگا یوں ہی ٹھوکریں
مل نہ سکا اگر نشاں پیرِ مغاں کی راہ کا

بزمِ جہاں سجائی ہے اہلِ ہنر نے گو بہت
کر نہ سکے مگر علاج کچھ بھی دلِ تباہ کا

شکوۂ بے رخی نہ کر، اس کی نزاکتیں سمجھ
تجھ کو ہے ذوق کچھ اگر حسن سے رسمِ راہ کا

جس نے بدل دیا جہاں میری نگاہ میں تمام
شکر ہو کس طرح ادا آپ کی اس نگاہ کا

المیہ کیا ہے؟

پروفیسر اسلوب احمد انصاری

یوں تو ڈرامہ کی کسی شکل کا تصور بھی عمل کے بغیر ممکن نہیں، لیکن المیہ کے اجزائے ترکیبی میں تو عمل، کشمکش اور نقطۂ عروج کو جو اہمیت حاصل ہے، وہ محتاجِ بیان نہیں۔ ارسطو نے اپنی معروف کتاب بولیقا میں المیہ کی تعریف ہی ان الفاظ میں کی ہے کہ وہ ایک ایسے سنجیدہ عمل کا نقشہ ہے جو اپنی جگہ مکمل جزو اور اپنے اندر ایک خاص عظمت اور طوالت رکھتا ہے۔ پھر المیہ کی ہیئت کی تفصیل میں ارسطو نے پلاٹ کو کرداروں پر فوقیت دی ہے۔ ارسطو کا یہ نظریہ ممکن ہے بعض لوگوں کو مبالغہ آمیز اور عام تجربے کے خلاف معلوم ہو، لیکن غور کرنے پر پتہ چلیگا کہ اس میں ایک ہمہ گیر صداقت پنہاں ہے۔ اور اسطرح یہ ارسطو کی مخصوص بصیرت کا آئینہ دار ہے۔ کیونکہ ناول اور ڈرامہ دونوں میں صورتِ حال (Situation) ہی کے ذریعہ کرداروں کا ارتقاء اور ان کی باہمی کشمکش نمایاں ہوتی ہے۔ پلاٹ کو چاہے آپ کہانی کہیں یا موضوع فکر زندگی کی ایک قاش کا مرادف سمجھیں یا واقعات کے فریب تسلسل کا، کوائف کی ترتیب کا نام دیں یا خارجی تانے بانے کا بہر صورت اس میں شبہ نہیں کہ یہی ایک وسیلہ ہے جس کے ذریعہ کرداروں کی شخصیتوں کے تہ در تہ حجابات نظر کے سامنے سے اٹھتے ہیں، یہی ایک کھونٹی ہے، جس کے توسط سے ہماری نظریں شخصیت کے چند نقوش یا گوشوں پر جم جاتی ہیں۔ المیہ اور طربیہ کے کرداروں میں جو فرق ہے، وہ بھی عمل کی نوعیت کے اس اختلاف ہی سے متعین ہوتا ہے، جو ان دونوں قسم کے ڈراموں کی کائنات میں جاری و ساری رہتا ہے۔ ناول میں بھی وہی مقامات توجہ کو جذب کرتے اور حافظہ میں محفوظ ہو جاتے ہیں جہاں ناول کا پرسکون اور محیط عمل کسی خاص موڑ پر پہنچ کر توانائی اور شہرت کے نقطہ کو چھو لیتا ہے اور پڑھنے والے کے شعور اور ادراک میں حشر سامانی پیدا کر دیتا ہے۔ دراصل کردار خلا میں سانس

نہیں لیتے، اور نہ صرف تصور میں اپنی قوتوں کو شکار کر سکتے ہیں۔ ان کی اچھائی اور برائی قوت اور کمزوری رفعت اور پستی، ان کا جذبۂ مدافعت اور جذبۂ تسلیم و رضا، ان سب کا انحصار اس عمل پر ہوتا ہے، جو المیہ کی بساط پر پھیلا ہوا ہے۔ اس آئینے میں کرداروں کی شخصیتوں کے ہلکے اور گہرے نقوش اُجاگر ہوتے، اور پورے ڈرامہ کی فضا کی تشکیل کرتے ہیں۔ آج بھی جبکہ تحلیلِ نفسی کے نظریات اور پروسٹ، جیمس جوائس اور ورجینیا وولف کے عمل اقدامات کی بدولت پلاٹ اور کردار کے مروجہ تصورات یکسر بدل چکے ہیں، کوئی شخص پلاٹ اور موضوع یا وسیع مفہوم میں عمل کے تقدم سے انکار نہیں کر سکتا۔ ڈرامہ میں عموماً اور المیہ میں خصوصاً کشمکش کا عنصر بنیادی ہے۔

ہیگل نے اس کشمکش کی توجیہہ اپنے مخصوص فلسفۂ زندگی کی روشنی میں کی ہے۔ ہیگل عقلِ محض کا پجاری ہے، اور اس لئے وہ اس کشمکش کو بھی جو المیہ کی روحِ رواں ہے، ریاضیاتی قسم کے فارمولوں سے سمجھانے کی کوشش کرتا ہے۔ ہیگل تقدیر کو عقل پرستی کے تابع کر دیتا ہے۔ (Destiny is Rational) اور اس کا خیال ہے کہ المیہ میں نیکی کا تصادم نیکی سے ہوتا ہے۔ مفہوم یہ ہے کہ کشمکش کا سرچشمہ یہ حقیقت نہیں ہے کہ ایک طرف چند اعلیٰ قدریں ہیں، اور دوسری جانب وہ موانعات ہیں، جو ان قدروں کو شکست دینا چاہتے ہیں، یا واقعاتی اور عینی کائنات کے درمیان لامتناہی اور ناگزیر ٹکراؤ ہے۔ یا کرداروں کی ذہنی اور روحانی زندگی ان قوتوں سے متصادم ہے، جو شر کی نمائندگی کرتی ہیں۔ بلکہ ہیگل کا نظریہ پرانے شاعرانہ انصاف (Poetic Justice) کے نظریہ ہی کی توسیع ہے۔ ہیگل نے المیہ کے سلسلے میں اپنی قیمات کی بنیادیں سافیکلیس کے ڈرامے اینٹی گون پر رکھی ہیں۔ اور کریون اور اینٹی گون کے اعمال کو توڑ موڑ کر پیش کرنے کی سعی کی ہے۔ ہیگل کے اس طریقِ استدلال میں جو سقم ہے، اُسے گوئٹے کی شفاف اور بے خطا بصیرت قبول نہیں کر سکی اور اس نے محسوس کر لیا کہ المیہ کے تصور میں جو ایک ناقابلِ حل اور پُراسرار کیفیت مضمر ہے، اُسے ہیگل نے اپنی سیاسی اور فلسفیانہ خیالات کی مدد سے قابلِ فہم بنانے کی جدوجہد کی ہے۔ اگر ہیگل کے نظریہ سے بجنسہٖ اتفاق کر لیا جائے، تو المیہ کی پوری روح ہی ختم ہو جائے۔ اور بہت سے المیہ کردار اور واقعات بے معنی معلوم

ہونے لگیں۔ ہیگل کے نظریہ کی روشنی میں واقعاتِ کربلا جنہوں نے لاتعداد انسانوں کے جذبات و احساسات میں تموّج پیدا کیا ہے اپنی اثر انگیزی کھو دیتے ہیں۔

ہیگل کی رائے میں المیہ کرداروں کی کمزوریاں المیہ کا جواز ہیں۔ یعنی چونکہ ان شخصیتوں میں وہ کمزوریاں بالطبع موجود تھیں، اور اب راسخ ہو چکی ہیں، اس لئے ہمیں ان کے انجام پر متعجب نہیں ہونا چاہیئے۔ بلکہ علت اور معلول کے ہمہ گیر اصول کی روشنی میں ان کے انجام کار رشتہ اُن کی خامیوں سے جوڑ کر پورے المیہ کو ایک عقلی کل یا ایک عقلیت پر مبنی نظام سمجھ کر تحیر و تاسف کے بغیر قبول کر لینا چاہیئے۔ جس طرح ہیگل کا یہ نظریہ صحیح نہیں، اسی طرح ارسطو کا یہ خیال بھی غور طلب ہے کہ جب تک المیہ کردار میں عظمت، بلندی اور غیر معمولی خوبیوں اور صلاحیتوں کے ساتھ ہی کسی کمزوری، خامی اور عجز کی آمیزش نہ ہو ہم دراصل اس کے المیہ کی قدر و قیمت متعین نہیں کر سکتے۔ شیکسپیئر کے المیہ ڈراموں میں بھی ہمیں مخصوص کرداروں کی سیرت کی تعمیر میں شروع ہی سے خرابی کی ایک صورت نظر آتی ہے۔ اور اس لئے یہ کہا گیا ہے کہ یہ سیرت ہی ان کی تقدیر کی خالق ہے۔ لیکن اگر اس اصول کو بہ تمام و کمال قبول کر لیا جائے تو بے شمار ناول، بے شمار ڈرامے، اور بیشمار مذہبی اور غیر مذہبی واقعات جنہوں نے انسانوں کے سینوں کو غمکدہ بنایا ہے، باطل قرار دے دیے جائیں گے۔ المیہ کے مؤثر ہونے میں فی الحقیقت جو عنصر بنیادی حیثیت رکھتا ہے، وہ حادثۂ عظیم Catastrophe کا عنصر ہے۔ تجربہ اس بات کا شاہد ہے کہ جب ہم کسی کردار کو کسی آفتِ ناگہانی کا شکار بنتے دیکھتے ہیں، تو اس سے چشم زدن میں ہمارے جذبۂ ہمدردی یا رحم کو تحریک پہنچتی ہے۔ غیر منفصل ردِ عمل کے دوران میں ہم نجی ذمہ داری کے اصول کو کلیتہً فراموش کر جاتے ہیں۔ ہمارے لئے یہ بات قطعی غیر اہم ہوتی ہے کہ جس شخص پر یہ بپتا پڑی ہے، وہ اس کا مستحق ہے یا نہیں، اور کس حد تک یہ ابتلا اس کے اپنے اعمال کا پھل ہے، اور کہاں تک بے رحم قوتوں کی سفاکی کا نتیجہ۔ یہ سب امور ہماری توجہ کا مرکز اس وقت بنتے ہیں، جب ہم اپنے تاثرات کی بنیاد پر کوئی فلسفیانہ عمارت کھڑی کرنا چاہتے ہیں۔ اور اس کے لئے ہمیں ایک نظم، ایک منطق،

ایک ہم آہنگی، اور تطابق کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ ظاہر ہے کہ اس بالائی عمارت کی تعمیر میں ہمارے قیاسی تعصبات اکثر راہ پا جاتے ہیں جس کی ایک بیّن مثال میں آگے چل کر دوں گا۔

گو عام تجربہ کسی قدر ارسطو کے نظریہ کی تکذیب کرتا ہے، تاہم یہ امر قابل لحاظ ہے کہ ارسطو نے المیہ کردار میں غیر معمولی صلاحیتوں کے ساتھ ہی کسی خامی محرومی یا کجی کی موجودگی کو کیوں ضروری قرار دیا۔ بات یہ ہے کہ المیہ کردار کو اگر ہم معصومیت کا مجسم تصور کر لیں، تو اس آفتِ عظیم کا جس سے وہ دوچار ہوا ہے، اتنا شدید ردِ عمل ہمارے اوپر مرتب ہوگا کہ ہم نقطۂ اعتدال سے متجاوز ہو کر اپنے اندر وہ سکون اور ہم آہنگی پیدا کرنے میں کامیاب نہ ہو سکیں گے جو المیہ کا ایک بڑا مقصد ہے۔ اس سلسلہ میں ایک دلچسپ تضاد جس کی طرف ارسطو کے ایک شارح نے ہماری توجہ مبذول کرائی ہے، نظر کے سامنے آتا ہے۔ ارسطو کا کہنا ہے کہ المیہ کا عمل سامعین کے اندر رحم اور خوف کے ان جذبات کو، جو ان کے دل میں پہلے سے موجود ہوتے ہیں، اس حد تک برانگیختہ کرتا ہے، کہ برانگیختگی ایک خاص نقطہ تک پہنچ کر ان جذبات کی واگذاشت کا ذریعہ بن جاتی ہے۔ اور اس طرح ان جذبات کے دباؤ، تشنگی یا ان کی بندگی سے المیہ دیکھنے والے کو نجات دلا دیتی ہے۔ یہ معاملہ خاصا بحث طلب ہے کہ فاضل جذبات سے کیا مراد ہے؟ واقعی برانگیختگی کی انتہا اور اس کا انجام یہی ہے کہ ہمیں ان جذبات کی اطاعت اور غلامی سے خلاصی حاصل ہو جائے۔ افلاطون کی رائے اس کے قطعی برعکس ہے، اور اسی بنیاد پر وہ المیہ اور شاعری کے خلاف ہے۔ بہر حال جس امر کی طرف ارسطو کے مذکورہ بالا شارح نے اشارہ کیا ہے، وہ یہ ہے کہ رحم اور خوف کو ایک خانے میں رکھنا جیسا کہ ارسطو نے کیا ہے، صحیح نہیں ہے، کیونکہ خالص نفسیاتی نقطۂ نظر سے رحم کا تعلق دوسروں سے، اور خوف کا علاقہ اپنی ذات سے ہوتا ہے۔ جب کسی دوسرے کا کسی آفتِ ناگہانی سے سابقہ پڑتا ہے، تو ہمارے دل میں اس کے لئے رحم کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔ لیکن جب یہ آفت خود ہم پر پڑنے والی ہوتی ہے۔ تو ہم خوف زدہ ہو کر اسے ٹالنے یا اس سے راہِ

فراد اختیار کرنے کی فکر کرتے ہیں۔ میرا خیال ہے کہ رحم اور خوف میں وہی فرق ہے، جو احساس اور جذبہ میں ہے۔ احساس میں رحم کی طرح شدت نہیں ہوتی، اور خوف جذبہ کی تند شدت سے لبریز ہوتا ہے۔ اسی طرح احساس کا تعلق غیر خود سے اور جذبہ کا رابطہ شخصیت کی اکائی سے ہوتا ہے۔ جذبہ میں انانیت ہوتی ہے، احساس میں بے نفسی۔ احساس رحم کی طرح مرکز گریز اور جذبہ اور خوف مرکز جو ہوتے ہیں۔ احساس کسی اور کیلئے ہوتا ہے، جذبہ اپنے لئے۔ اسی طرح رحم اور ترس دوسروں کے مصائب سے متحرک ہوتے ہیں، خوف تحفظ ذاتی کے سلسلہ میں ابھرتا ہے۔ ان دونوں الفاظ کو ایک خانے میں رکھنے کی توجیہہ ایک طرح سے البتہ کی جا سکتی ہے اور وہ یہ کہ چونکہ کسی المیہ کو دیکھتے وقت ہم اس کے کرداروں سے اپنے آپ کو مکمل طور پر ہم آہنگ کر دیتے ہیں، اس لئے خوف میں جو ذاتی عنصر کی آمیزش ہے، وہ معتدل ہو جاتی ہے! اور خوف محض ذاتی رہ جانے کی بجائے نیابتی بن جاتا ہے۔ اسی طرح چونکہ المیہ دیکھنے کے دوران میں بھی ذہن کے پس منظر سے یہ خیال چمٹا رہتا ہے کہ افسانہ کی دنیا عمل کی دنیا سے دور اور مختلف ہے، اس لئے بھی خوف کا جذبہ ہم پر اس انداز سے نہیں ہوتا، جس طرح کہ وہ واقعاتی زندگی میں طاری ہو سکتا ہے۔ اور اس لئے رحم اور خوف کے جذبات کیفی اعتبار سے متضاد ہونے کے باوصف ارسطو کے بیان میں ایک ہی خانہ میں جگہ پا گئے ہیں۔

رحم اور خوف کے جذبات کی برانگیختگی اور پایان کار ان کی واگذاشت کا مفہوم متعین کرنے کے سلسلے میں دو الفاظ استعمال کئے گئے ہیں۔ یعنی اسہال (Purgation) تطہیر و تزکیہ (Purification) ان دونوں اصطلاحات کا سراغ ارسطو کے طبی نظریے اور توازن جذبات کے قانون میں لگایا جا سکتا ہے۔ میری رائے میں مؤخر الذکر اصطلاح قابل ترجیح ہے، کیونکہ اول تو فاضل جذبات سے چھٹکارا حاصل کرنا یا انھیں یکسر کر دینا المیہ کا مقصد ہو سکتا ہے، اور نہ وسیع معنوں میں آرٹ کا مقصد ہے۔ ان کے پراگندہ اور منتشر اجزا کو قابو میں لانا، تجربہ کی ابتری اور خلفشار میں ترتیب قائم کرنا، جذبات کا تزکیہ اور تہذیب و توسیع کرنا، اور ان کا عرفان حاصل کرنا۔ یہ چاروں مقاصد

(Purgation) سے حاصل نہیں ہو سکتے، بلکہ جذبات پر ہیئت کو حاوی کرنے اور اس طرح ان کا شعور حاصل کر کے انھیں مہذب بنانے سے۔ اچھے آرٹ میں خام، ناپختہ بے لگام جذبات کوئی قدر و قیمت نہیں رکھتے۔ جب خام اور ناپختہ جذبات شخصیت کی آنچ میں تپ کر کندن بن جاتے ہیں، یا جب وافر، شدید اور بے چین جذبات ہیئت کے شکنجے میں کسے جانے کے بعد ایک ہمواری، ایک اعتدال، ایک باقاعدگی اختیار کر لیتے ہیں اور قطع و برید یا نظم و ضبط کے بعد ان میں ایک ٹھہری اور سنبھلی ہوئی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے؛ یا جب فن کار ان کی بندگی قبول کرنے کے بجائے ان سے عرفانِ ذات یا عرفانِ حیات کا کام لیتا ہے؛ تب ہی وہ موقر سمجھے جاتے ہیں۔ اس لئے ہمیشہ خطابت، نعرہ بازی اور جذباتیت اور آرٹ میں یا بہ الفاظ دیگر پراپیگنڈے اور آرٹ میں حد فاصل قائم کی جاتی ہے۔ اور میرا خیال ہے کہ ارسطو کی غایت کی صحیح تفسیر یہی ہے یہ امر بھی قابل غور ہے کہ ارسطو کے فکری نظام میں جسم اور روح اور مواد اور ہیئت کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ اس لئے خالص طبی نظریہ کے ساتھ ہی تو ان جذبات جسم اور روح اور ہیئت اور مواد کے تعلق کو ذہن میں رکھنے اور ان سب تصورات کو باہم تطبیق دینے کے بعد ہی رحم اور خوف کے جذبات کی برانگیختگی اور ان کے انجام پر کوئی رائے قائم کرنی چاہیئے۔

نطشے نے المیہ کی کشمکش کا جواز اپنے مخصوص انداز میں پیش کیا ہے۔ اس کا خیال ہے کہ المیہ کی روح تخلیقِ اوہام اور شکستِ اوہام کے متوازی اور متواتر عمل میں پوشیدہ ہے۔ کاردیائے ہمارے سامنے ایک رزمیہ عظیم اور پرشوکت کائنات کی تعمیر کرتا ہے جسے اپنی انفرادیت میں مسرت کا احساس ہوتا ہے۔ لیکن اس کاردیائے کے ساتھ ہی (Dionysius) کا نغمہ وحشت زدہ اور خود تخریبی وجد بھی شامل ہوتا ہے۔ یہی دونوں مل کر المیہ کو جنم دیتے اور اسی میں المیہ کا خاتمہ بھی ہو جاتا ہے۔ اور اس طرح وہ پرشوکت دنیا محض خلا میں تحلیل ہو کر رہ جاتی ہے۔ وہ فرد جسے اپولو نے عرفانِ ذات کے لئے اکسایا تھا، زندگی کی طغیانی موجوں میں اپنے آپ کو کھو کر لذت حاصل کرتا ہے، اور اس کے تخیلات کے سارے شیش محل اس

پاش پاش ہو جاتے ہیں۔ آئی۔ اے رچرڈس نے جس کا فنی نظریہ محرکات کے توازن پر قائم ہے، المیہ کو متضاد اور مخالف خواص اور کوائف کے توافق و تطابق سے تعبیر کیا ہے۔ اس کا خیال ہے کہ المیہ میں رحم جو قربت کا جذبہ ہے اور خوف جو مراجعت کا جذبہ ہے، پایان کار ایک ایسی ہم آہنگی حاصل کر لیتے ہیں، جو ہمارے سکون کا سبب بن جاتی ہے۔ اس کا یہ بھی خیال ہے کہ ان دو قسم کے جذبات کے علاوہ المیہ میں اور نہ جانے محرکات اور جذبات کے کتنے گروہ ہوں گے، جو متضاد ہونے کے باوجود توازن قبول کر لیتے ہوں گے۔ اس کی رائے میں المیہ سے ہمیں جو آسودگی اور روحانی کیف اور واگذاشت کا احساس حاصل ہوتا ہے، اس کا خاص سبب یہی توازن اور تطابق ہے۔ اس نظریہ پر بھی کم و بیش وہی اعتراض وارد ہوتا ہے جو ہیگل کے نظریہ پر کیا گیا تھا، یعنی یہ کہ دونوں اپنے عام نظریہ کو المیہ پر مسلط کر کے نتائج اخذ کرتے ہیں۔ قربت اور مراجعت کے جذبات کی توجیہہ رچرڈس نے جس انداز سے کی ہے، عام پر اس کی تصدیق نہیں ہوتی۔ اس کی یہ عمومی رائے بھی مشتبہ ہے کہ ادب اور آرٹ کا کام ف محرکات و احساسات میں ایک نوع کا توازن پیدا کرنا ہے۔

فرانسیسی فلسفی روسو کا خیال ہے کہ المیہ دیکھنے سے جو لذت ہمیں حاصل ہوتی ہے، کی بنیاد بد باطنی اور کینہ پروری، یا موجودہ نفسیاتی اصطلاح میں ایذا پسندی (Masochism) پر ہے۔ جس کا مطلب یہ ہوا کہ ان حادثات عظیم پر جن ہم خود محفوظ و مامون ہیں اور جن کا شکار ہوتے ہوئے ہم دوسروں کو دیکھتے ہیں ہمیں ح کا اطمینان حاصل ہوتا ہے، اور ہم ان سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ یہ نظریہ سرتا یت (Cynicism) پر مبنی ہے اس سے زیادہ فلسفیانہ نظریہ شوپنہار کا ہے، نزدیک المیہ اس لئے پسندیدہ ہے، کیونکہ وہ ہمارے اندر زندگی کی قوت ارادی رتا، ہمارے اندر جذبہ تسلیم و رضا کو فروغ دیتا اور ہم پر زندگی کی تحقیر اور بے حقیقتی کر دیتا ہے۔ اس نظریہ پر شوپنہار کے قنوطی فلسفۂ زندگی کی چھاپ لگی ہوئی ہے۔ اور یہ تمام ہے۔ شوپنہار زندگی کو ایک مستقل اور مسلسل دکھ اور مصیبت کے مترادف جانتا

ہے۔ اس کا خیال ہے کہ زندگی مسرت کی جستجو سے زیادہ غم سے گریز کرنے کا نام ہے۔ نہ صرف یہ بلکہ مسرت اپنی جگہ مستقل، قائم بالذات، اور آزاد اکائی نہیں، بلکہ صرف غم کی غیر موجودگی سے عبارت ہے؛ اور اسی لئے نفس کشی کے ذریعہ اگر ہم زندگی کی قوتِ ارادی سے چھٹکارا حاصل کرلیں، اور اپنے اندر تسلیم و رضا کا جذبہ پیدا کرسکیں، تو شاید غم اور دکھ کی غلامی سے نجات پاسکیں۔ شوپنہار تفکر کو عمل پر اور تسلیم و رضا کو پیکار و مدافعت پر ترجیح دیتا ہے۔

حکیم افلاطون نے ڈرامے کی مذمت اس لئے کی تھی، کیونکہ کرداروں کی نقل کرنے سے ہم اپنی خودی کی نفی کے مرتکب ہوتے ہیں، جو اخلاقی اعتبار سے ناقابلِ برداشت ہے۔ اقبال کی رائے جو انھوں نے نظریہ میں ظاہر کی ہے، افلاطون کی رائے سے حیرت انگیز طور پر مماثلت رکھتی ہے ؎

یہی کمال ہے تمثیل کا کہ تو نہ رہے　　رہا نہ تو تو نہ سوزِ خودی، نہ سازِ حیات

لیکن اس مسئلہ پر اس پہلو سے بھی غور کرنا چاہیئے کہ دراصل المیہ کردار سے ہم آہنگی قائم کرنے کا عمل (Empathy) کے لفظ سے تعبیر کرسکتے ہیں، واہمہ (Phantasy) کی دنیا میں ہوتا ہے۔ جب یہ ختم ہوجاتا ہے، تو ہم دوبارہ واقعاتی زندگی سے اپنا رشتہ جوڑ لیتے ہیں۔ اور غالباً المیہ کرداروں کے تجربات میں شریک ہوچکنے کے بعد ہم اپنے اندر روزمرہ کی زندگی کے لئے ایک نئی اور پیچیدہ آمادگی پانے لگتے ہیں۔ ہمارا انفرادی نفس اپنی کاہلی اور خود پرستی کے خول سے باہر نکل آتا ہے، اور میں ایک نیا کس بل، ایک نئی وسعت اور ایک نئی معروضیت پیدا ہوجاتی ہے۔ اس کے برعکس المیہ کو اس لئے پسند کرتا ہے، کیونکہ اس سے زندگی کی بے حقیقتی اور کم مائیگی ثابت ہوتی ہے۔ شوپنہار کو دنیا کے عظیم غم کا ایسا ہی گہرا اور شدید احساس تھا، جیسا کہ روسی ناول نگار دوستووسکی کا قول ہے کہ "صرف مصائب ہی شعور کا سرچشمہ ہیں"۔ قوتِ ارادی سے آزاد ہوجانے کا خیال شوپنہار کے یہاں پایا جاتا ہے، وہ ہندو فلسفہ سے بہت قریب ہے، جس میں نروان حاصل کی شرطِ اولین سوز و سازِ زندگی کے طلسم کو توڑنا ہے۔ شوپنہار المیہ کو اس لئے عزیز رکھتا ہے کہ اسے اپنے فلسفۂ زندگی کی غایت کے اتمام اور جواز کا وسیلہ جانتا ہے۔ اس کے نظریہ میں

تو ضرور ہے، مگر مکمل صداقت نہیں، اور المیہ کے متعلق اس کے تمام تصویر کے صرف ایک ہی رُخ کو پیش کرتے ہیں۔

اس میں شک نہیں کہ غم زندگی کی بہت بڑی اور ناگزیر حقیقت ہے، اور المیہ کی بنیاد اس غم کے احساس پر ہے، جو انسانی زندگی کا چاروں طرف سے احاطہ کئے ہوئے ہے۔ اس میں بھی شبہ نہیں کہ انسان بے رحم اور سفاک قوتوں کی ستم ظریفی کا ہدف ہے۔ مگر پھر بھی المیہ کو دیکھ کر زندگی کی بے حقیقتی کا اور تحقیر کا تاثر قبول کرنا منفی اندازِ فکر کو ظاہر کرتا ہے۔ المیہ کردار کی غلطی اور زوال میں ہم انسانی فطرت کے امکانات کا وضاحت کے ساتھ احساس کرتے ہیں۔ برٹرینڈ رسل نے اپنے مشہور مضمون A Free Man's Worship میں، جسے ٹی ایس ایلیٹ نے بری نثر کی مثال بتایا ہے المیہ کا ذکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ "انسان چاروں طرف سے مخالف قوتوں کے نرغے میں پھنسا ہوا ہے، اور قدرت کا ظالم ہاتھ ہمہ وقت اس کی آرزوؤں اور خوابوں کو منتشر اور پراگندہ کرنے پر تلا رہتا ہے۔" تاہم انسانی ارادہ کی بلندی، اس کی روح کی عظمت، اس کی ہمت کا استقلال، اس کے حوصلہ کی فراخی، اس کی پامردی، اُس کا اپنے آپ کو قدرت کا مدِ مقابل ثابت کرنا اور شکست اور ناامیدی اور بے چارگی کی حالت میں بھی اپنے آپ کو نمایاں کرنے کا جذبہ، یہی وہ تاثرات ہیں۔ جو المیہ سے ہمارے اوپر ہوتے ہیں۔ اس میں اس کی دلکشی کا راز ہے، اور یہی المیہ لذت کا سرچشمہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کرداروں کی شکست و ریخت کے باوجود ہم ان کی عظمت کے قائل ہو جاتے ہیں۔ اور ان کا نقش ہمارے دل و دماغ پر باقی رہتا ہے۔ شیکسپیئر کے ڈرامے "وینس کے سوداگر" کا اختتام اس لئے بخش اور ناقابلِ قبول ہے، کیونکہ شائی لاک جو ایک المیہ کردار ہے، پایان کار اپنی شکست کر لیتا ہے۔ عموماً المیہ کردار میں پندار پایا جاتا ہے، وہ اپنی انا کا ادعا کرتا، اور اسے منواتا ہے۔ وہ انسان کی طرف سے اُس کائنات کو جواب پیش کرتا ہے، جو اسے ہر طرف سے کچلنا چاہتی ہے۔ جو شخص المیہ کی حزنیہ فضا میں امید کی کرن کو نہیں پا سکتا، اس کا تاثر اور ردِ عمل المیہ کے صحیح نہیں کہا جا سکتا۔

المیہ کا خاص مقصد بیرونی دھچکوں کی مدد سے انسانی نفس کو پیچیدہ اور مضبوط بنانا ہے۔ المیہ انسان

اس لئے تکلیف اٹھاتا ہے، کیونکہ وہ معمول سے بڑھ کر ان تناقصات کا احساس رکھتا ہے جو کائنات اور انسان میں پائے جاتے ہیں، اس خلیج کا جو خواہشات اور ان کی تکمیل اور حصول کے درمیان موجود ہے یا واقعی اور مثالی کائنات کے درمیان موازنہ کا۔ المیہ میں کشمکش ہی نہیں ہوتی، توازن بھی ہوتا ہے دکھ اور لاپروائی کے وجود کا احساس ہی نہیں ہوتا، بلکہ اس سے ماوراء ایک امکانی حل یا خیر کی موجودگی کا احساس بھی ہوتا ہے۔ دکھ جھیلنا اور مصائب برداشت کرنا ٹھوس اور ناقابلِ انکار حقیقت سہی، مگر کسی بنیادی اور عالم گیر قانون سے وابستگی بھی، جو غم کو وجد اور مسرت سے تبدیل کر دے، المیہ کے پورے ماحول میں سرایت کئے ہوتی ہے۔ دکھ اور برائی کے مظاہر کے خلاف اچھائی کی کائنات کو نمایاں کرنا اور اس طرح تجربہ کے دو مختلف تاثرات کے درمیان توازن اور مطابقت قائم کرنا دنیا کے تمام بڑے المیہ نگاروں جیسے ایسکائلس، سافکلیس، شیکسپیئر اور ابسن کا وظیفہ رہا ہے۔ اسی کی وجہ سے المیہ میں ایک زندہ تناؤ پیدا ہوتا ہے جس کے بغیر اس کا تصور ممکن نہیں۔ ایک نقاد کا کہنا ہے کہ المیہ کو بیک وقت قنوطی اور رجائی کہہ سکتے ہیں۔ قنوطی اس لئے کہ کائنات میں شر لاعلاج معلوم ہوتا ہے، گویا وہ وجود کی ایک لابدی شرط ہو، اور رجائی اس لئے کہ اس میں نورانائی کا عنصر پایا جاتا ہے، اور وہ ایک آفاقی خیر میں ہمارے یقین کو تازہ کر دیتا ہے۔

میں نے شروع میں عمل، کش مکش اور نقطۂ عروج کو المیہ کے لازمی عناصر قرار دیا تھا۔ ان میں تحیر اور پراسرار کیفیت کا اضافہ ضروری سمجھتا ہوں، جو قدرت کے مبرم اور اٹل قانون کے نفاذ پر انسان کے دل میں پیدا ہوتی ہے، اور اسے یہ پر استعجاب سوال پوچھنے پر اکساتی ہے کہ کیا اس کی عزیز ترین صلاحیتیں اور عظیم ترین نصب العین شکست و تخریب ہی کے لئے وجود میں آئے ہیں؟ المیہ میں واقعات اور کرداروں کے منطقی ارتقاء کے باوجود ایک ناقابلِ فہم عنصر کی موجودگی کا احساس ہوتا ہے لیکن ان سب امور سے زیادہ میں جس چیز کو اہمیت دیتا ہوں، وہ اس جذبہ کا ادراک ہے، جو المیہ کردار کو شکست قبول کرنے پر آمادہ نہیں ہونے دیتا، بلکہ اسے موت اور ابدیت کو بھی مقابلہ کے لئے للکارنے پر اکساتا ہے۔ وہ صرف سینہ کو بے سکون نہیں ہوتا، اور نہ مصائب کے سامنے انعام اور شفاعت کے پیش نظر سر تسلیم خم کر دیتا ہے۔ اس کے دکھ میں تحیر کا احساس ہوتا ہے۔ اس میں برہمی اور قوت برداشت ہوتی ہے۔ وہ اضطراب اور تلخی محسوس کرتا ہے۔ اور اپنی روح اور کائنات کو ٹٹول ٹٹول

دیکھتا ہے۔ وہ کائنات کے قلب میں ایک ناگہانی اور غیر متوقع لیکن دراصل قدیم و مسلسل مشاہدہ کرتا ہے جس نے تمام اشیاء کو مسموم بنا دیا ہے۔ نہ صرف اس کی انفرادی اور منظم زندگی، پورے انفس و آفاق میں کوئی خامی راہ پا گئی ہے، اس لئے وہ اپنی پوری شخصیت کو شرکی بیخ کے لئے لا کھڑا کرتا ہے۔ ظاہری ناامیدی اور شکست کی تاریکی میں بھی انسانی عزم کی پختگی مدھم چراغ کو بادِ صرصر سے بچائے رکھنے کے لئے پیہم جد و جہد کرتی رہتی ہے۔ کائنات اور تقدیر کی خو قوتیں انسان کے نہاں خانۂ دل میں سلگتی چنگاری کو بار بار بجھانا چاہتی ہیں، لیکن چنگاری بار بار بھڑک اٹھتی ہے اور یہ شعلۂ لرزاں انسانی خودی کی حیاتِ پائندہ کے احساس کو تازہ کر دیتا ہے۔

المیہ سے جذبۂ تسلیم و رضا نہیں، جذبۂ احتجاج اور جذبۂ مقاومت کا تاثر پیدا ہوتا ہے۔ اس سے ایک نئی آمادگی اور قوت، اور جبلی زندگی کے خلیوں (Cells) میں ایک نئی توانائی اور تنظیم پیدا ہوتی ہے۔ المیہ کرداروں میں آخر آخر میں ایک خوشگوار اور ہمہ جہت تبدیلی نمایاں ہوتی ہے۔ مثلاً ہیملٹ اور پرومیتھیس میں ایک نئی آمادگی اور خود ضبطی، ایسرا اور اوڈی پس میں محبت کی تفہیم اور توازن، اینٹی گون میں شخصیت کی لچک، نرمی اور انسان دوستی۔ یہ تبدیلیاں جو خیر کے اصول کا اثبات کرتی ہیں متعدی (Infectious) ہوتی ہیں۔ اور پڑھنے والا بھی ان روحانی تجربات سے سرشار ہو جاتا ہے۔ یہی المیہ کا مثبت پہلو ہے۔

مرزا غالب

حضرت سلام مچھلی شہری

یوم غالب کے موقع پر، مزار غالب درگاہ حضرت نظام الدین اولیاء دہلی پر ۱۸ فروری ۱۹۶۲ء کو سہ پہر کے وقت پڑھی گئی۔

سلام

—— قطب[1] کی محفلِ تخئیل کی اک ماہ پارہ تھی
جو موجِ رنگ و نکہت، نورِ نغمہ تھی، شرارہ تھی
مگر گھبرا بھی جاتی تھی خود اپنے خوابِ رنگیں سے
ابھی کمسن تھی اور واقف نہ تھی آدابِ تزئیں سے
—— زمانہ گزرا —— اور اُس مہ جبیں پر بھی شباب آیا
یہی دن تھے کہ فنِ شاعری میں انقلاب آیا
دیارِ تاج[2] سے اک شاعرِ اعظم ہوا پیدا
سراپا شعلۂ گل، نغمۂ شبنم ہوا پیدا
قطب کی محفلِ تخئیل میں اک روشنی آئی
نگارِ ناز اب آئینے میں لیتی تھی انگڑائی

---

[1] محمد قلی قطب شاہ
[2] اکبر آباد (آگرہ)

چراغِ سرد اس کے حُسن کے پرتو سے جل اٹھا
وہ عالم تھا کہ خود شاہِ جہاں گویا مچل اٹھا!
— اُدھر شاعر بھی بچپن اور جوانی کی بہاروں میں
خود اپنی عظمتِ افکار کے نازک شراروں میں
نکھر کر دیوتا سا بن گیا تھا شعر و نغمہ کا
مگر اک عندلیبِ گلشن ناآفریدہ تھا
بس اک بزمِ قطب، بزمِ ولی کی ماہ پارہ تھی
جو اس کی جنتِ افکار کا رنگیں نظارہ تھی
— بہر صورت وہ اب دلی کی محفل کا ستارہ تھا
یہ مانا اپنی ہی پروازِ فکر و فن سے ہارا تھا
مگر خوشبو اسی کی گلفشاں محلوں میں رہتی تھی
اُسی کی نے ظفر کی دُکھ بھری غزلوں میں بہتی تھی
— کہا ہے گفتگو سے پہلے مہ پارہ جسے میں نے
وہ اب الھڑ نہ تھی واقف تھی ہر آدابِ تمزیں سے
نکل کر محفلِ گل تنگ آکر شورِ بلبل سے
ضیائے فکر و دانش لے کے شاعر کے تخیل سے
اُلجھ سکتی تھی نورِ کہکشاں و ماہ و اختر سے
وہ اب آنکھیں ملا سکتی تھی درجل اور ہو تر سے
— غرض اس نوبہارِ ناز کو اردو زباں کہیے
وطن کی مشترک تہذیب کا روشن نشاں کہیے!
— جو ہر فنکار سے آرائشِ اردو کا طالب تھا
خدائے شعر و نغمہ کی قسم وہ صرف غالب تھا

وہ غالب، جس نے اُردو شاعری کو دلکشی بخشی
ضیائے علم و دانش دے کے تازہ زندگی بخشی
وہ غالب حسن کا رزہرۂ اردو جسے کہیے
گلستانِ ادب میں جانِ رنگ و بو جسے کہیے
وہ جس نے بربطِ ہندی پہ نغماتِ عجم گایا
وہ جو حافظ کو بھی فردوسِ خسرو کے قریں لایا
— ہزاروں شاعرانِ نکتہ رس دلّی میں رہتے ہیں
بہ فیضِ یادِ غالب ہم بھی یوں اشعار کہتے ہیں —!

اقبال کی ایک نظم پر بحث

مرتبہ: جناب عابد رضا بیدار

اقبال کی یہ مختصر سی فارسی نظم جو جنگ عظیم کے دوران اس کا ایک تاثر ہے زمانہ کانپور کے جنوری ۱۹۱۹ء کے شمارے میں شائع ہوئی۔

"نصیب ما ز جہان است بقدر ہمت ما"

پیچ می دانی کہ صورت بند ہستی با فرانس
فکر رنگین و دل گرم و شراب ناب داد

ملک و تدبیر و تجارت را بانگلستان سپرد
جرمنی را چشم حیران و دلِ بیتاب داد

روس را سرمایۂ جمعیت ملت ربود
قہر او کوہ گراں را لرزۂ سیماب داد

تا برانگیزد نوائے حریت از سازِ دہر
صدر جمہوریۂ امریکہ را مضراب داد

ہر کسے در خورد فطرت از جناب او ببرد
بہر ما چیزے نبود و خویش را با ما سپرد

(زمانہ جنوری ۱۹۱۹ء)

زمانہ کے اگلے شمارے میں لفٹنٹ کرنل بھوانا تھ آئی، ایم ایس نے اس نظم میں اصلاح کی:۔
"نصیب ما نہ چناں شد بقدر ہمت ما" اس کا عنوان قرار دیا اور اصلاح شدہ نظم اس طرح لکھی:۔

صورت آرائے ازل دانی فرنسہ را چہ داد | طبع رنگین و دل شاد و شراب ناب داد
ملک و تدبیر و تجارت را بانگلستان سپرد | جرمنی را سرگراں داد و دل بیتاب داد
روس را شیرازۂ جمعیتش از ہم گسیخت | نمسہ و بلغاریہ را لرزۂ سیماب داد
اُلّی و یونان را در مہد تازہ اتحاد | شانۂ جاپان بر طرف چین بہر تاب داد
کردہ پُر ہسپانیہ را جام مے از پرتغال | مزرعۂ ہالند را از چشم قیصر آب داد
نازدے را قوت جانش در دل ما ہی نہاد | زمہریر سویدا را ہم قاقم و سنجاب داد
تا برانگیزد صدائے حریت از ساز دہر | صدر جمہوریۂ امریک را مضراب داد
تاجداران را گدا کرد و گدا را تاجدار | اوج و پستی جہاں را گردش دولاب داد
پیش ہر یک بہرۂ از خوان الوانش نہاد
ہند را بہر تماشہ پنجہ در خوں آب داد (زمانہ، فروری ۱۹۱۹ء)

اس نظم کے ساتھ بھولا ناتھ نے ایڈیٹر کو ایک خط بھی لکھا جس میں اپنی اصلاحوں کی وضاحت کی۔

جناب اڈیٹر صاحب

جنوری کے زمانہ میں کلام اقبال کے عنوان سے چند فارسی اشعار درج تھے جو میری نظر سے گزرے۔ ڈاکٹر اقبال کی اردو شاعری میں کسی کو کلام نہیں ہو سکتا، بلکہ باوجود اہل زبان نہ ہونے کے آپ کی شستہ زبان اور جدت خیالات پر ہم اہل پنجاب جتنا بھی ناز کریں بجا ہے۔

بہت ہی اچھا ہوتا اگر ہمارے دوست اپنے سمند خوش خرام کا جولان اردو کے میدان ہی میں محدود رکھتے۔ فارسی کی زمین سنگلاخ پر آپ کا اسپ تازی ناخون لیتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔

ان پانچ شعروں میں عروض اور محاورہ کی جگہ پر سقیم ہے۔ مثلاً

(۱) صورت بند محاورہ نہیں، صورتگر یا صورت آرا کہتے ہیں۔ بند کے ساتھ نقشبند ہوا کرتا ہے۔

(۲) با فرانس سے مراد آپ کی فرانس را کی ہے۔ یہ فرانس کے معنی فرانس را کے ہو سکتے ہیں، با کے معنی ہمراہ یا معہ کے ہوا کرتے ہیں۔

(۳) ایرانی فرانس کو فرنسہ کہتے ہیں فرانس نہیں کہتے اور تقطیع میں ف متحرک پڑھنا ہی صحیح نہیں۔

(۴) فکر رنگیں نہیں ہوتا، طبع رنگیں محاورہ ہے۔

(۵) دل گرم نہیں ہوتا۔ دل نرم، دل شاد و خوش، درد دل البتہ مستعمل ہے۔

(۶) چشم حیراں کی جگہ پہ سرگراں یعنی نخوت و تکبر زیادہ موزوں ہے۔

(۷) نوا کی بجا صدا ہونا چاہیئے، ساز میں سے صدا نکلتی ہے نہ نوا۔

(۸) امریکہ کی تقطیع میں امریک آتا ہے۔

(۹) میں شاعر نہیں، البتہ شعر پڑھنے کا شوق رکھتا ہوں، اس لئے جو ذہن میں آیا بے تکلف عرض کیا۔

کرنل بھولا ناتھ کی اصلاحوں میں بیشتر ایسی ہیں جو شعر کو درست کے جانے پر تلتی ہیں لیکن اس اعتراف کرنا چاہیئے کہ کرنل کا سا نکھرا ہوا شعری ذوق اور زبان فارسی پر ایسا عبور ہر جگہ آسانی سے نہیں مل جاتا۔

کرنل بھولا ناتھ کی اس تحریر کے جواب میں زمانہ کے اس سے اگلے شمارے میں مولانا ابوالکلام آزاد کے الہلال میں ان کے ہمکار خواجہ عبدالواحد ندوی نے اڈیٹر کے نام ایک طویل خط لکھا جو بحاشیہ ڈاکٹر اقبال و کرنل بھولا ناتھ کے عنوان سے شائع ہوا۔ اس کے اہم حصے حسب ذیل ہیں:۔

مکرمی اڈیٹر صاحب! آپ کے رسالہ کی فروری نمبر میں لفٹنٹ کرنل بھولا ناتھ کی مراسلت میری نظر سے گزری ..... ڈاکٹر اقبال شہرت کی حد سے گزر کے ترجمان قوم کے درجہ تک پہنچ چکے ہیں اس لئے ممکن ہے کہ بعض لوگوں کو ان کے کلام کی حرف گیری ناگوار معلوم ہو لیکن اگر پہلے ان کے کلام کی آزاد تنقید ضروری تھی تو اب بھی اتنی ضروری ہے۔ کیونکہ کامل سے کامل استاد بھی لغزش و خطا سے معصوم ہونے کا دعویٰ نہیں کر سکتا۔

..... مگر یہ لغزشیں ان کے آفتاب کمال کے داغ ہیں۔ چاند میں بھی داغ ہیں مگر ان داغوں کی وجہ سے اس کے جمال جہاں آرا سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ اقبال کی شعر مجسم طبیعت سے غلطیاں ہوتی ہیں اور دو فارسی دونوں میں ہوتی ہیں۔ مگر ان غلطیوں کی وجہ سے میں کرنل بھولا ناتھ صاحب کے ہم آہنگ ہو کر یہ نہیں کہہ سکتا کہ بہت ہی اچھا ہوتا اگر ہمارے دوست اپنے سمند خوش خرام کا بولان

اردو ہی کے میدان میں محدود رکھتے، فارسی کی زمین سنگلاخ ہے آپ کا اسپ تازی ناخون لیتا ہوا دکھائی دیتا ہے، واقعہ یہ ہے کہ طبع اقبال کے سمند خوشخرام نے اپنی خوشخرامی سے دونوں میدانوں کو محشرستان خیال بنا دیا ہے .....

اقبال کے پہلے شعر کے مصرعۂ اول پر کرنل بھولا ناتھ صاحب نے چند اعتراضات فرمائے ہیں۔ پہلا اعتراض یہ ہے کہ صورت بند محاورہ نہیں ــ بند کے ساتھ نقشبند ہوا کرتا ہے" مگر واقعہ یہ ہے کہ نقشبند کی طرح صورت بند بھی محاورہ ہے۔ لغت کی متداول اور مستند کتابوں کی تصریح موجود ہے۔ امیر خسرو فرماتے ہیں:

منظرے بوس کشیدہ بلند　　چشم بند ہزار صورت بند

دوسرا اعتراض یہ ہے کہ با فرانس بمعنی فرانس را کے صحیح نہیں۔ یہ اعتراض پڑھ کے میری حیرت کی کوئی انتہا نہ رہی با کا را کے معنی میں آنا اس قدر مشہور و معروف بات ہے کہ لغت و قواعد کی مشہور مستند بلکہ معمولی ادبی کتابوں میں بھی مذکور ہے۔ یہ مصرع سنداً عرض ہے۔

سنجاب دہ زیغ با کوہ

تیسرا اعتراض لفظ فرانس پر ہے۔ اس اعتراض کے دو جز ہیں۔ جزء اول کا تعلق لفظ سے ہے اور جز دوم کا تعلق وزن سے۔ اعتراض کے جز اول سے تعریب اسماء کی ایک اصولی بحث پیدا ہوتی ہے۔

اصل یہ ہے کہ ۱۹ ویں صدی میں فارسی بولنے والے ممالک پر مغربی تہذیب کا اثر پڑنا شروع ہوا ہندوستان سیاسی اور علمی دونوں حیثیتوں سے انگلستان اور اس کے زیر اثر رہا مگر علمی حیثیت سے فرانس کا اثر قبول کیا۔ وسط ایشیا علمی اور سیاسی دونوں حیثیتوں سے روس کے زیر اثر رہا اور فرانس کا اثر اگر پڑا بھی تو اس کی وساطت سے۔ اس لئے مغربی ناموں کا تلفظ ہر ملک نے الگ الگ کیا۔ ہندوستان میں چونکہ یہ نام انگریزوں کی وساطت سے آئے تھے اس لئے تلفظ انگریزی کے قاعدہ سے کیا گیا۔ ایران میں یہ نام فرانسیسی زبان سے گئے تھے، اس لئے ان کا تلفظ فرانسیسی تلفظ کے مطابق کیا گیا۔۔۔ اب لفظ فرانس کو لیجئے۔ انگریزی میں تو اس کا تلفظ فرانس ہے جو بعینہٖ اردو میں قائم ہے۔ فرانسیسی میں اسی کا تلفظ فرانسے اور فران کے بین بین ہوتا ہے جو غیر فرانسیسی کلام و زبان سے بغیر مشق کے مشکل ہے

ادا ہوتا ہے۔ اس لئے اگر ایرانی فرانس کو فرانسہ کہتے ہیں تو یہ نہ تعریب ہے اور نہ کوئی مستقل نام بلکہ درحقیقت اختلاف تلفظ ہے جو درحقیقت انگریزی اور فرانسیسی زبانوں کے اختلاف تلفظ کا نتیجہ ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ جب مغربی نام فارسی زبان میں استعمال کئے جائیں تو ان کو معرب بنا لینا چاہیئے یا اپنی اصلی حالت پر قائم رکھنا چاہیئے اور اگر معرب بنایا جائے تو کس قاعدہ سے؟ مگر واقعہ یہ ہے کہ اس کے متعلق کوئی اصول اب تک طے نہیں ہوا ہے۔ ایرانی ارباب قلم عام قدرتی طریقہ کے پابند ہیں۔ جس نے جو لفظ جس طرح سنا ہے اسی طرح استعمال کرتا ہے۔ بمبئی، کلکتہ، حیدر آباد سے جو فارسی اخبارات خود ایران یا ایرانیوں نے نکالے تھے ان میں مغربی ناموں کا تلفظ انگریزی قاعدہ سے ہوتا تھا۔ ترکستان، مثلاً باغچہ سرائے وغیرہ سے جو فارسی اخبارات نکلتے تھے ان میں مغربی ناموں کا تلفظ روسی قاعدہ سے ہوتا تھا۔ معلوم ہوتا ہے کہ اقبال بھی اس عام قدرتی قاعدہ کے پابند ہیں۔ کرنل صاحب اس روش کو قابل اعتراض فرماتے ہیں۔ یہ درحقیقت محاورہ و زبان کی غلطی نہیں بلکہ اختلاف رائے ہے۔ لیکن ایک عجیب بات ہے کہ کرنل صاحب جس طریقہ کو پسند نہیں فرماتے خود اسی پر عمل کرتے ہیں۔ ایرانی اگر فرانس کو فرانسہ کہتے ہیں تو جرمنی کو المانیہ، اٹلی کو اطالیہ، جاپان کو ژاپون کہتے ہیں۔ مگر کرنل صاحب نے اپنی اصلاح میں ان تمام ناموں کا وہی تلفظ کیا ہے جو ہندوستان میں رائج ہے۔

پہلے شعر کے مصرعہ ثانی کے متعلق کرنل صاحب کا یہ ارشاد ہے کہ فکر رنگین اور دل گرم محاورہ نہیں یا غرض کروں، اس وقت کوئی شعر یاد نہیں آتا تاہم کرنل صاحب اتنا تو ضرور تسلیم فرمائیں گے کہ خیال میں اور رنگین خیال و نیز گرم دل یعنی عاشق سوختہ آتا ہے۔ کیا اس کے بعد بھی فکر رنگیں اور دل گرم مئی سوختہ عشق غلط ہوگا۔ مگر بہتر یہ ہے کہ یہ اعتراض سند کے لئے تک ملتوی رکھا جائے۔ اس لئے وقت سرسری اشارہ پر اکتفا کرتا ہوں۔

اقبال کے دوسرے شعر کے مصرعہ ثانی میں کرنل صاحب چشم حیراں کے بدلے سرگراں زیادہ بہتر خیال کرتے ہیں۔ معلوم نہیں کہ یہ موزونیت شاعری کے لحاظ سے ہے یا واقعہ کے خیال سے۔ شاعری کے لحاظ سے تو طبع بے تاب کے لئے چشم حیراں ہی زیادہ مناسب معلوم ہوتا ہے۔ رہا واقعہ تو اس ضمن وہ حضرات فیصلہ کر سکتے ہیں جو جرمن قوم کے اصلی کیرکٹر سے واقف ہیں۔ لیکن اگر واقعہ کے

لحاظ سے سرگراں زیادہ موزوں ہے جب بھی سرگراں چنداں مناسب نہ ہوگا کیوں کہ سرگراں کے معنی بقول کرنل صاحب متکبر اور مغرور ہوں گے اور آگے واؤ ہے اس لئے سرگرانی ہونا چاہیئے۔

چوتھے شعر کے پہلے مصرعہ پر اعتراض ہے کہ سانسے صدا نکلتی ہے نہ کہ نوا لیکن واقعہ یہ ہے کہ نوا مطلق آواز کو بھی کہتے ہیں اور نغمہ کو بھی، موسیقی کے بارہ مقاموں میں سے ایک مقام کا نام بھی ہے۔ امیر خسرو فرماتے ہیں:

شد زن مطرب بہ نوا گستری

حضرت نظامی گنجوی فرماتے ہیں:

بر زخمہ چوں نے نوا سازنم

کیا اب بھی ساز دہر سے نوائے حریت کا نکلنا خلاف محاورہ ہے۔

آخر میں چند لفظ ان دونوں نظموں کی عام روح (اسپرٹ) کے متعلق عرض کرنا چاہتا ہوں۔ اقبال کی نظم پڑھنے کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ شاعر نے اپنی انفرادی شخصیت وطن کی اجتماعی شخصیت میں جذب کردی ہے۔ اقبال، اس وقت اقبال نہیں بلکہ بدنصیب ہندوستانی ہے۔ اس کا دل ہندوستان کا دل ہے اس کی زبان ہندوستان کی زبان ہے۔ اس کا کلام اقبال کے خیالات کی تعبیر نہیں بلکہ ہندوستان کے جذبات کی ترجمانی ہے۔ غرض وہ اس وقت ہندوستانی کے دل سے محسوس کر رہا ہے اسی کے دماغ سے سوچ رہا ہے اور اسی کی زبان سے بول رہا ہے ——————— اس لئے وہ جانتا ہے کہ اس موقع پر وہ واعظ ناصح یا خطیب نہیں بن سکتا اسے شاعر اور صرف شاعر بننا چاہیئے یعنی الفاظ کے آب و رنگ سے وطن کے جذبات کی تصویر کھینچنا چاہیئے۔

تھوڑی دیر کے لئے چشم ظاہر بیں کو بند کیجیے اور ہندوستان کا دل بن کر تخیل کی نظر سے دیکھنا شروع کیجیے۔ عالم اور کاروبار عالم پیش نظر ہے، فرانس داد عیش و طرب دے رہا ہے، انگلستان تجارت حکومت کا نقارہ بجا رہا ہے اس حالت کو دیکھ کے جرمنی کی نگاہ رشک حیراں اور دل حوصلہ بیتاب ہے۔ اس کا کوہ استبداد زیر و زبر ہو چکا ہے۔ امریکہ سے انسانیت پرستی اور حریت پروری کا غلغلہ بلند ہو رہا ہے۔ خیال کا مسافر بحیرۂ اٹلانٹک کے دونوں جانب سیر کر کے اپنی طرف لوٹتا ہے ہم یعنی

ہندوستان۔ کون ہندوستان؟ جو کبھی روحانیت کا چشمہ فیض تھا جو کبھی آفتاب علم کا مطلع انوار تھا! جو کبھی تہذیب و تمدن کا گہوارہ تھا! جو کبھی عیش و عشرت کا جنت آباد تھا! آج اس کی کیا حالت ہے؟ دل پر ایک چوٹ لگتی ہے۔ حسرت کی آنکھ سے یاس کے اشک خونین ٹپکنا چاہتے ہیں ایک نہایت نازک موقع، ایک علم النفسی لحظہ، کمال شاعری کی امتحان گاہ، اقبال معمولی شاعر نہیں ورنہ ایک حسرت آمیز شعر کہہ کے اپنے فرض سے سبکدوش ہو جاتا۔ اس کی طبیعت نکتہ رس اور دقیقہ سنج ہے۔ وہ جانتا ہے کہ ایک پس ماندہ قوم کے سامنے حسرت و یاس کی تصویر پیش کرنا اس کو موت کا پیغام دینا ہے۔ اس لئے وہ ایک ایسا مضمون تلاش کرتا ہے جو عبرت انگیزی اور خودداری دونوں کی روح سے معمور ہو۔ اسے معلوم ہے کہ ناامیدی کی حالت میں نفس انسانی تسلی آمیز خیال کے لئے تشنہ لب ہوتا ہے۔ اسے یہ بھی خبر ہے کہ یورپ و امریکہ اگرچہ مادیات میں اوج ترقی پر ہیں لیکن روحانیت میں ان کے یہاں صفر ہے۔ اس کے مقابلہ میں ہندوستان گو دنیاوی حیثیت سے درماندہ و بے نوا ہے۔ لیکن روحانیت و مذہب اس کی زندگی کا عنصر غالب ہے۔ ان حالات کو پیش نظر رکھ کے وہ ایک مرقع پیش کرنا چاہتے ہیں جس میں مغرب کی مادی ترقی اور روحانی تنزل اور ہندوستان کا مادی افلاس اور روحانی دولت مندی۔ پہلو بہ پہلو نظر آئیں۔ وہ یہ خوب جانتا ہے کہ خدا کا نام اس کے ہموطنوں کے لئے کیا کشش رکھتا ہے۔ اس لئے وہ ساز شاعری کے اسی تار کو چھیڑتا ہے اور ایک عبرت و تسلی آمیز نغمہ اس شعر کی صورت بن کے نکلتا ہے۔

ہر کسے در خورد الخ

کرنل صاحب کی نظم پڑھنے کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ اس کا ناظم قوم کا ایک دردمند و غمگسار ہے۔ وہ دنیا کی چہل پہل، ہل چل، جد و جہد اور رونق و گرم بازاری اور اس کے مقابلے میں اپنے عزیز ملک کی بے چینی و بے بسی کو دیکھتا ہے، اس کا دل خون ہوتا ہے اور یہ خون دل شعر بن کے ٹپکنے لگتا ہے۔ وہ درد و غم سے بے چین ہے۔ اس بے چینی کے عالم میں اقبال کی سبق آموزی اور خودداری کا نشہ ہاتھ سے چھوٹ جاتا ہے۔ وہ اپنے وطن کی پس ماندگی کا ذمہ دار سورت آرائے ازل کو ٹھہراتا ہے اور ایک شکوہ سنج لہجہ میں چیخ اٹھتا ہے: پیش ہر یک بہرۂ الخ

اصل یہ ہے کہ کرنل صاحب نے اقبال کے نقطۂ خیال کو نظر انداز فرمادیا۔ چونکہ نقطۂ خیال بدل گیا۔ اس لئے اصلاح شدہ نظم میں نہ وہ روح رہی جو اصل نظم میں تھی اور نہ وہ اثر و کیف۔

محاکمۂ اقبال و بھولا ناتھ کے متعلق یہ چند سرسری اشارات ہیں۔ اقبال کی نظم میں بلاغت کے جو لطیف و نازک نکتے ہیں وہ تفصیل کے طالب ہیں جو اس مختصر مراسلت کے لئے موزوں نہیں اس لئے قلم انداز کرتا ہوں۔" (زمانہ مارچ ۱۹۱۹ء)

کرنل بھولا ناتھ کی تحریر کی یہ اہمیت ہے کہ ابھی یہ کل کی بات ہے کہ کسی زبان کا علم مذہب اور مسلک کی بنا پر نہیں حاصل کیا جاتا تھا بلکہ اپنے ذوق اور اس علم یا زبان کی اہمیت کی بنا پر۔ یہ اہم بات ہے یا نہیں کہ اقبال جو ۱۹۱۹ء میں ٹیگور کی طرح بین الاقوامی ادبی میدان میں ہندوستان کی نمائندگی کر رہے تھے اور فارسی کی دو عظیم مثنویاں لکھ چکے تھے جن کا نکلسن نے انگریزی میں ترجمہ بھی کر ڈالا تھا (اسرار خودی) اور دو تین سال کے اندر اپنا فارسی شاہکار پیام مشرق شائع کرنے والے تھے، اقبال جو اس وقت دنیا کے چند گنے چنے شاعروں میں اپنا مقام بنا چکے ہیں، ان کے کلام پر ایک ایسے مذہب کا ماننے والا اتنی صاف ستھری اور اچھی تنقید کر رہا ہے جس مذہب کے ماننے والے اب فارسی تو کیا اردو کو بھی ایک خاص مذہب سے ملوث کرنے پر مصر ہیں!

این چہ بوالعجبی است۔ اور عبدالواجد ندوی کی تحریر کی اہمیت یہ ہے کہ ۱۹۱۹ء میں کس حد تک اقبال کی عظمت کا اعتراف ہو چکا تھا۔

(کرنل بھولا ناتھ قوم کے راجپوت تھے آبا و اجداد کا وطن اصلی ضلع پرتاب گڑھ تھا، مگر رنجیت سنگھ کے زمانہ میں آپ کے دادا پنجاب میں آئے اور یہیں سکونت اختیار کرلی۔ ۱۸۶۶ء میں لاہور میں پیدا ہوئے۔ ۱۸۸۲ء میں لاہور میڈیکل کالج میں داخل ہوئے۔ ۱۸۸۷ء میں امتیاز کے ساتھ تعلیم سے فراغت حاصل کی اور ۱۸۸۹ء میں ڈاکٹری کی مزید تعلیم کے لئے انگلستان گئے۔ ۱۸۹۳ء میں انڈین میڈیکل سروس میں داخل ہوئے

(باقی)

مضمون کی فرمائش کا جواب

جناب "دھرم سروپ"

جناب مجیب صاحب،

یوم آزادی کی شام کو آپ نے فرمایا کہ جامعہ کے میگزین کے لئے مضمون لکھوں، آپ کا حکم سر آنکھوں پر لیکن مضمون نویسی دماغ والوں کا کام ہے اور قدرت نے میری سرشت میں دل کو دماغ سے زیادہ جگہ دی۔

جہاں والوں کا کیا ہے وہ تو دیوانہ سمجھتے ہیں
مجھے کچھ عقل سے اپنے بھی بیگانہ سمجھتے ہیں

مضمون نویسی کے لئے قابلیت، نکتہ سنجی، تنقیدی نظر اور زبان پر دسترس لازم ہیں۔ میں ان تمام اجزا کو کہاں سے لاؤں کہ آپ کے لائق کوئی مضمون لکھ سکوں، کامیاب کلرکی کر لینا اور بات ہے لیکن کوئی معیاری چیز اردو میں لکھنا اور بات، یہی وجہ تھی کہ میں نے عدیم الفرصتی کا عذر پیش کیا تھا، جس پر آپ نے فرمایا تھا کہ کل پر چھوڑنے سے کب کوئی کام سرانجام ہوتا ہے، آپ کی اس بات پر غور کرنے کا نتیجہ ہے کہ یہ خط آپ کی خدمت میں بھیج رہا ہوں۔

آج تک آپ سے میری ملاقات محض ایک سرکاری ملازم کی حیثیت سے ہوتی رہی ہے۔ اس لئے ضروری معلوم ہوتا ہے کہ میں آپ سے اپنی شخصیت کے اس پہلو کا تعارف کراؤں جو میری نظر میں افسری سے کہیں زیادہ اہم ہے اور جسے میں نے اب تک اس ڈر سے لوگوں کی نظروں سے چھپائے رکھا کہ کہیں اس کا انکشاف مجھے سرکاری حلقوں میں بدنام نہ کر دے۔ میری مراد اپنی خاموش اور محدود سی ادبی زندگی سے ہے جس کا پس منظر میری غریبی ہے، افسری نہیں۔ میں ایک غریب گھرانے میں پیدا ہوا میں نے سفید پوشی کی بے بسی کو اپنی آنکھوں سے دیکھا ہی نہیں شدت سے محسوس بھی کیا ہے، میں

اب بھی دیوانِ امارت میں اپنے آپ کو اجنبی سا پاتا ہوں اور جانتا ہوں کہ جب تک ہماری غریبی کے نیچر میں صحت و تندرستی اور زندہ دلی کی لہر نہیں دوڑ جاتی میرے لئے حصولِ امن و آشتی ناممکن ہے، اپنی ذاتی غریبی سے جہاد کرتے ہوئے میں نے اپنے طبعی میلان کو بہت حد تک قربان کر دیا ایک وقت تھا جب میں اپنی زندگی ادب کے لئے وقف کرنا چاہتا تھا۔ تقریباً پچیس برس ہوئے جب میری پہلی ادبی کاوش "ادبی دنیا" لاہور میں ایک افسانے کی صورت میں شائع ہوئی لیکن آخر پیٹ کی جیت ہوئی اور میں نے اپنی ساری قوت مقابلے کے امتحان میں لگا کر سرکاری نوکری کر لی۔ ہم سنا کرتے تھے کہ افسری محض مفت خوری ہوتی ہے۔ لیکن میرا تجربہ بالکل مختلف ہے یہاں تو پچھلے پچیس سال سے تن من اس افسری پر نچھاور ہو گئے ہیں۔ آپ ہی بتائیے کہ جس شخص نے اپنی تمام قوتوں کو فائلوں وغیرہ کے لئے وقف کر دیا ہو، وہ ادبی کام کرے تو کیونکر۔ لیکن خدا کا کرم ہے کہ برسوں کی غنودگی کے بعد لکھنے پڑھنے کا سلسلہ از سرِ نو شروع ہو گیا۔

مجھے پچھلی جنگ عظیم میں ہندوستانی فوجوں کے ساتھ لام پر جانا پڑا۔ جنگ کے محاذ پر انسانی حیوانیت پوری عریانی کے ساتھ نمایاں ہو رہی تھی، زندگی بے معنی سی معلوم ہوتی تھی اس وقت سوامی وویکانند کے لیکچروں کا مجموعہ میرے ہاتھ لگا۔ اس قدر سیدھے انسان نے میری روحانی پیاس کو بجھایا اور مجھے ایک مقصدِ حیات سونپ دیا، خدمتِ خلق کا راستہ اور ساتھ ہی رازِ حیات بھی بتا دیا۔ حقیقتِ عشق اس کے بعد زندگی پر معنی ہو گئی۔

چشمِ ساقی کی ترجمانی سے　　زندگی بھر گئی معانی سے

اور سر شکرانے میں جھک گیا۔

ہم نے پائی مسرتِ ابدی　　اپنے ہی سوزِ جاودانی سے
حاصلِ زندگی ہیں وہ آنسو　　جو گرے فرطِ شادمانی سے

اس کے بعد میں نے اپنی زندگی کو ایک نئے سانچے میں ڈھال دیا، ساتھ ہی ساتھ ہر مناسب طریقے سے کوشش کی کہ میری نوکری کی کوئی ایسی صورت نکل آئے جس سے براہِ راست

لوگوں کی مشکلات دور کرنے میں ہاتھ بٹا سکوں لیکن ؎

نالہ ہے بلبل شوریدہ ترا خام ابھی

مجھے نہ تو کوئی اپنی پسند کا کام ملا اور نہ ہی میری کسی سکیم پر پوری طرح غور ہوا۔ مثلاً میں یقین سے کہتا ہوں کہ دہلی کی گندی آبادیوں (مسلم) میں رہنے والے لوگوں کو سینکڑوں کروڑوں کے بڑے بڑے پلان بنائے بغیر صاف ستھرے مکانوں میں بسایا جا سکتا ہے بشرطیکہ اس کام پر ایک ایسے شخص کو لگایا جائے جو غریبی سے دوچار ہو چکا ہو اور جس کے دل میں درد ہو اور جو اپنے عہدہ کو اپنی ترقی ہی کا ذریعہ نہ سمجھتا ہو، بہر حال اس طرح کا کوئی عملی کام میرے حصے میں نہ آ سکا، شروع شروع میں تو مجھے شکایت رہی کہ شاید میرے نام کے پیچھے آئی۔ سی۔ ایس یا آئی۔ اے۔ ایس کی دُم نہ ہونے کی وجہ سے مجھے نظر انداز کیا جا رہا ہے لیکن سوامی دویکانند کے مطالعہ کے بعد مجھے یقین ہو گیا کہ انسان کوئی کام اس وقت تک نہیں کر پاتا جب تک وہ اپنے آپ کو یزدانی مقصد کے موافق نہ بنا لے۔ ہماری تمام کوششیں، ہماری سب کاوشیں تب ہی بارآور ہوتی ہیں جب وہ رضائے الٰہی کے مطابق ہوں۔ میں یہ بھی جانتا ہوں کہ زندگی محض پچاس ساٹھ سال کے وقفہ پر مبنی نہیں ہے، انسانی ارتقا بار بار جنم لے کر ہوتی ہے یہاں تک کہ دوسروں کی بھلائی کے کام بھی ہماری روحانی ارتقا کے سلسلے کی ایک کڑی ہیں۔ اگر مجھے آج تک کسی ایسے کام کا موقع نہیں ملا جسے میں کرنا چاہتا ہوں تو میں سمجھتا ہوں کہ میں ابھی اس کے قابل نہیں ہو پایا اور مجھے اپنے آپ کو بہتر بنانے کی کوشش کرنا چاہیئے، دوسرے میں سمجھتا ہوں کہ سچے معنوں میں تعمیری کام ملازمت میں رہ کر نہیں ہو سکتا۔ سرکاری محکمے بہت سا مفید کام کرتے ہیں، رفاہِ عام پر بھی زور دیا جاتا ہے لیکن یہاں کچھ ایسی مجبوریاں ہیں کہ ملازمین کی اسّی فیصدی سے زیادہ قوت محض کاغذی کارروائیوں میں لگ جاتی ہے۔

ان جملہ ہائے معترضہ کے لئے معافی چاہتا ہوں، میرے کہنے کا مطلب یہ تھا کہ میدانِ عمل براہِ راست گامزن ہونے کا موقع نہ پا کر میرے دل و دماغ کو فائلوں سے فرار کی ضرورت درپیش ہوئی۔ دوسروں کی ایکموں پر مسلسل تنقید سے دماغ میں ایک قسم کا نفی پن آنے کا ڈر ہوتا ہے

اور ہم میں سے بہت سے افسر نوٹ لکھتے لکھتے اپنی قوتِ تخلیق کا گلا گھونٹ دیتے ہیں اور تعمیری کام کے قابل نہیں رہتے۔ اگرچہ اوائل جوانی میں مجھے بھی خودکشی کے خیال نے ستایا تھا لیکن مجھے دماغی اور روحانی خودکشی منظور نہیں، نتیجہ یہ ہوا کہ میرے دماغی ہیجان نے ایک قسم کی بغاوت کی صورت اختیار کرلی۔ میں رشوت ستانی کو کم نہ کرسکا، بڑے بڑے لوگوں کو پبلک کا پیسہ ہڑپ کرنے سے نہ روک سکا چاروں طرف جو چراغ بکف لوٹ پٹ رہی تھی اسے بے بس آنکھوں سے دیکھنے کے سوا کچھ نہ کرسکا، عوام کی بہبودی کی سیدھی سادی باتوں کو قانونی، سیاسی، اور سائنٹیفک وہم میں الجھنے سے نہ بچا سکا لیکن بطور ردِعمل میرے خیالات چھوٹے چھوٹے افسانوں میں ڈھلنے لگے مجھے اپنی قوم اور ملک کی ترقی کا پورا یقین ہے، محض طنز اور نکتہ چینی میری فطرت نہیں، ان افسانوں سے کچھ تو اپنے دل کا بوجھ ہلکا کرنا منظور تھا اور کچھ اپنی امیدوں کو زندہ رکھنا، تاکہ تعمیر کے خواب پریشان نہ ہونے پائیں۔ ان "افسانچوں" کی تکنیک بھی روشِ عام سے قدرے مختلف ہے، ان میں نہ تو پس منظر کو تعمیر کرنے کی کوشش کی جاتی ہے اور نہ انجام کو واضح کیا جاتا ہے۔ ایک جانی بوجھی حقیقت کی جھلک نمودار ہوتی ہے اور جھٹ سے چھپ جاتی ہے اور بہت کچھ پڑھنے والے کے تخیل پر چھوڑ جاتی ہے یا یوں کہیے کہ افسانچہ محض کلائمکس پر منحصر ہوتا ہے۔ نمونے کے طور پر اسے دیکھیے۔

"کمار کی حالت اُس ہوا باز کی سی تھی جس کے سارے انجن یکدم فیل ہوگئے ہوں اور جس کا مسافروں سے لدا ہوا جہاز پوری سرعت سے بھیانک موت کے منہ میں جا رہا ہو، اس کا ہاتھ آشا کے نیم برہنہ مرمریں کمر سے ایسے ہٹ گیا جیسے اُس پر فالج گر گیا ہو، اس کا اُبلتا ہوا خون منجمد ہوگیا، اس کی زبان بند ہوگئی، آشا کے چہرے پر ایک زہریلی مسکراہٹ نمودار ہوئی وہ ساڑھی کے سرکتے ہوئے آنچل کو سنبھالتے ہوئے اُٹھ کھڑی ہوئی۔

"تو تم ارونا کو جانتی ہو" کمار نے بمشکل کہا۔

"جانتی تو نہیں لیکن سب کچھ سن چکی ہوں، تم اب بھی اس سندر ناری پر جان دیتے ہو۔ تم نے اُسے گھر سے نہیں نکالا، وہ خود ہی میکے چلی گئی ہے۔ تم نے دوسری شادی کا ناٹک کس مطلب کے لئے رچا ہے وہ بھی جانتی ہوں، کہتے کیوں نہیں مجھے تم سے محبت ہے۔" جھوٹے پیار کا ڈھونگ

پہلانے کی بھی ہمت نہیں رہی کیا، جن باتوں سے مجھے دھوکا دے کر بیاہ لائے ہو وہ سب کیا ہوئیں۔
اب تمہاری زبان کیا کھلے گی مگر اتنا اور جان لو کہ آج تک تم نے مجھے غلط سمجھا ہے، میری اٹھتی جوانی
فیشن پرستی کو تم نے بے شرمی اور بے حیائی سے تعبیر کیا ہے۔ میرے کنوارپن کی چنچلتا کو تم نے عشق
سمجھا، میری آزادروی سے تم یہ سمجھ بیٹھے کہ میں ایک چیپ قسم کی عورت ہوں، تمہاری اس غلط فہمی
کی کچھ ذمہ داری مجھ پر بھی عائد ہوتی ہے۔ اور یہی میری زندگی کی ٹریجیڈی کا کارن ہے کہ مجھے
آج سے وہ راہ اختیار کرنا ہوگی جس پر تم سمجھتے تھے کہ میں گامزن ہوں۔ لیکن تم مجھے بڑے بڑے ٹھیکے
حاصل کرنے کا ذریعہ نہیں بنا سکو گے کمار، تم نے مجھے بیاہ کر میری پرورش اور حفاظت کا ٹھیکہ اٹھا
یا ہے، میرے بزنس میں تم نے جن پاک جذبات کو ہمیشہ کے لئے کچل دیا ہے وہ چنگاریاں بن کر
اُڑیں گے، میرے پیار کی پھوار اب طوفان بن کر ٹوٹ پڑے گی۔ میرے حسن کی چاندنی بجلی بن کر چمکے
گی، اب میں اپنی معصوم آرزوؤں اور امنگوں کے خون سے ہولی کھیلوں گی، آج سے میری سہاگ کی
رات شروع ہوتی ہے مگر تم اس میں حصہ دار نہیں ہوگے، میرے تاجر خاوند۔ ٹاٹا۔"

اس طرح میں نے اپنے ماحول سے متاثر ہو کر کئی ـــ افسانے لکھے ان کا موضوع زیادہ تر ایسے
واقعات تھے جن سے مجھے اپنی نوکری کے سلسلے میں واسطہ پڑا اور جن کا رخ میں اپنی مرضی کے
مطابق نہ بدل سکا۔ ان کہانیوں سے دماغی کوفت تو ضرور کسی قدر کم ہوئی لیکن دل کو اطمینان نہیں
نہ ہوا اس کے لئے مجھے اپنے لئے ایک اور شغل نکالنا پڑا بلکہ سچ تو یہ ہے کہ وویکانند کے مطالعہ
سے ہی یہ شغل مجھے عطا ہوا، میں نے اردو شاعری (خصوصاً صوفیانہ شاعری) کا برسوں سے ٹوٹا
ہوا تعلق پھر سے تازہ کیا، اور کبھی کبھی اپنی پسند کے اشعار کا آزاد ترجمہ انگریزی زبان میں کرنے
لگا۔ اس طرح ایک تو مجھے ان اشعار کے معنی کو سمجھنے میں مدد ملتی اور دوسرے دل و دماغ کو تسکین
حاصل ہوتی۔ غالب، اقبال، اصغر، جگر، مجاز، مخمور اور دوسرے شعرا کا کلام خیالات پریشان کی جگہ
لے لیتا اور اگر کوئی چیز روح میں جذب ہو جاتی تو انگریزی کا جامہ پہن کر نمودار ہو جاتی، ایک آدھ
بار ایسا بھی ہوا کہ انگریزی سے کوئی اچھی چیز اردو کے قالب میں بھی ڈھل گئی مثلاً ورڈز ورتھ کی مشہور
نظم "ٹنٹرن ایبی" کے ایک جزو کا ترجمہ حاضر ہے۔

میری عقل و خرد سو گئی ہے — ورنہ ایسی نہ کچھ بے ہُشی ہے
بند ہے آنکھ پر دیکھتی ہے — سو گیا جسم، جان جاگتی ہے
رُک گئی ہے مری سانس ایسے — بے خودی میں ہویدا خودی ہے
خون رگوں میں نہیں ہے رواں اب — دل کی دھڑکن میں اک شادمانی ہے
کیسی حالت ہے میں کیا کہوں اب — مٹ گئے غم خوشی ہی خوشی ہے
حل ہوئے زندگی کے معمے — زیست معنی سے ایسی بھری ہے
دُور ظلمت ہوئی نور پھیلا — ہر طرف اک نئی روشنی ہے
برکت و رحمتِ حق کی بارش — مجھ گناہ گار پر ہو رہی ہے
بوجھ ہلکا ہوا زندگی کا — ناچتی کھیلتی جا رہی ہے
روح خوشیوں سے لبریز ہو کر — ساری دنیا کا منہ چومتی ہے
آج ہر شے پہ چھائی ہے مستی — اک مسرت میں فطرت بسی ہے
کوہ و دریا میں شاخ و شجر میں — دیکھتا ہوں کہ جان پڑ گئی ہے
ذرے ذرے میں خورشید لرزاں — قطرے قطرے میں دیدار وی ہے
انبساط و نشاطِ خودی سے — زیست احساس سے کانپتی ہے

اصلِ توحید ہے یہ نظارہ
اور یہی جانِ رنگِ دوئی ہے

یہ کچھ کم حیرانی کی بات نہ تھی کہ اس طرح کبھی کبھی کچھ شعر موزوں ہونے لگے۔ خیال کیجئے کہ ایک ایسا شخص جسے اردو داں طبقے میں رہ کر اس زبان کے محاورے اور تلفظ سیکھنے کا موقع نہ ملا ہو جو اس لحاظ سے تقریباً ان پڑھ ہو، شعر کہنے لگا اور وہ بھی تعلیم ختم کرنے کے کئی برس بعد۔ اس کی وجہ ایک تو یہ ہو سکتی ہے کہ ہر وہ انسان جسے قدرت نے کسی قدر اپنا رازداں بنایا ہو، اپنے لئے ایک فلسفۂ حیات، ایک نظریہ قائم کر لیتا ہے اور اگر حالات موافق ہوں تو یہ فلسفۂ حیات کسی نہ کسی صورت میں مجسم ہو کر ظاہر ہوتا ہے، دوسرے یہ کہ زندگی میں کئی موقعے ایسے بھی آتے ہیں جب ہمیں اپنے یقین کو

اور بھی مستحکم کرنے کی ضرورت محسوس ہوتی ہے ایسے موقعوں پر ایک اندرونی آواز تلقین کرنے کو نکلتی ہے
اور خدا کے لطف و کرم کا ایک مزید ثبوت یہ ہے کہ نغمہ بردوش آتی ہے۔ بشرطیکہ ان نغموں کو ذریعہ موت
نہیں بلکہ حصولِ نشاط کا وسیلہ بنایا جائے، میرے لئے شاعری محض منظوم تخیل کا نام نہیں، میں سمجھتا
ہوں کہ شعر اصل میں ایک غیر مرئی نغمہ ہے جو ہمیشہ روح کی گہرائیوں میں گونجتا رہتا ہے، اس نغمہ کے
سارے سروں کو سننے کی صلاحیت صرف خدا رسیدہ اور خود شناس صوفی ہی میں ہوتی ہے، وہ
جب چاہے اسے بہشت گوش کر سکتا ہے لیکن ایسا صوفی عموماً خاموش رہتا ہے یا اس کی زبان سے
انا الحق کی آواز نکلتی ہے اور وہ بھی کبھی کبھی شاعر اگرچہ بیک وقت کچھ ہی سروں کو سن سکتا ہے
لیکن یہ اسی کا حصہ ہے کہ وہ ان سروں کو قوس و قزح کی صورت میں مجسم کر دیتا ہے اور وہ لوگ
بھی جو براہ راست اس ابدی نغمہ کو سننے سے قاصر ہیں اس کی آوازِ بازگشت سے فیض یاب ہو سکتے
ہیں۔ لیکن یہ روحانی نغمگی اس شاعر کو نصیب ہوتی ہے جو رنگ و دام میں ڈوب کر بھی نشاط کا تقاضا
کرے۔ ظلمات میں گھر کر بھی نور کا متلاشی ہو، گندگی اور سڑن کے ماحول میں بھی رنگ و بو کے
خیال سے وابستہ رہے اور بدصورتی اور قباحت کے دائرہ میں بھی مرکزِ حسن سے غافل نہ ہو،
جو شیطنت کے طوفان میں یزدانی لو کو محفوظ رکھے، حیوانیت کے دور میں انسانیت کا علم بردار
ہو، جھوٹ کے جابرانہ عہد میں سچائی پر جان دے، شور و غل میں نغمۂ ازلی کی لے کو نہ بھولے، موت
سے شکست نہ کھائے اور زندگیٔ جاوید کو اپنانے میں کوشاں رہے، ایسا شاعر فکر و عمل کے گنگا جمنی
سنگم سے نغموں کی سرسوتی کو نمودار کرتا ہے اور اس پوتر (پاک) تریوینی میں اشنان کر کے زندگی
تر و تازہ ہو کر نکلتی ہے۔

تو لیجئے یہ معذرت نامہ ایک مضمون کی صورت اختیار کر ہی گیا اب آپ کو یہ شکایت تو نہیں
ہوگی کہ میں نے لکھنے کی کوشش نہیں کی، کچھ کام کی بات کر پایا ہوں کہ نہیں اس کا فیصلہ آپ ہی
کر سکتے ہیں البتہ اگر آپ اجازت دیں اور زبان اور عروض کی خامیوں کی اصلاح کا ذمہ اپنے سر لیں
انہیں خیالات کو منظوم کر کے بھی پیش کئے دیتا ہوں۔

غرض نہیں مجھے اس سے کہ سروری کیا ہے
میں جانتا ہوں مگر شانِ بندگی کیا ہے

بلندیوں کو جو عرشِ بریں کی چھو نہ سکے
وہ موجِ خاکِ فقیری و عاجزی کیا ہے

خدا ہے جس کے لئے بے قرار وہ سجدہ
جبیں میں جس کی نہ تڑپے وہ آدمی کیا ہے

وصال و ہجر کی جو قید سے نہ ہو آزاد
وہ عشق کیا ہے وہ اندازِ دوستی کیا ہے

خیالِ یار میں اپنے سے جو رہے آگاہ
بھلا وہ عاشقی کیا ہے وہ بیخودی کیا ہے

جو ارتقائے خودی سے خدا تک آ نہ گیا
فرشتہ رہ گیا بن کر جو آدمی کیا ہے

جو بے خودی کو سمو پائے اپنے دامن میں
جو رازِ مرگ نہ پا جائے وہ خودی کیا ہے

جو حسن و عشق کی جزئیات میں رہے محدود
جو اپنا آپ نہ پائے وہ آگہی کیا ہے

جو شورِ زیست کو اپنے میں جذب کر نہ سکے
نہ جس سے نغمے اٹھیں وہ بھی خامشی کیا ہے

نفس نفس میں نہ جس کے بہارِ تازہ ہو
جو رنگ و بو نہ بکھیرے وہ زندگی کیا ہے

جو جگمگا نہ سکے غم کدوں کی ظلمت کو
ستارہ زا بھی اگر ہو تو روشنی کیا ہے

جو آنسوؤں کو نہ شب کے بنا سکے موتی
جو آفتاب نہیں دل کی روشنی کیا ہے
جو صرفِ خدمتِ خلقِ خدا نہ ہو پائے
بسر جو اپنے لئے ہو وہ زندگی کیا ہے
وہ عشق عشق نہیں جس میں غم کا ہو احساس
تری خوشی میں خوشی ہے تو پھر غمی کیا ہے
جو رنگ و بوئے تبسم سے غنچۂ دل کو
مسرتوں سے نہ بھر دے وہ شاعری کیا ہے

یہ ہے نمایۂ خویش جسے میں نے آپ کے سپرد کر دیا ہے اب مجھے آپ سے فقط اتنی درخواست کرنا ہے کہ اگر آپ اس خط کو یا اس کے کسی جزو کو اپنے میگزین میں جگہ دینے کا فیصلہ کریں تو دھرم سروپ کے نام سے چھپوائیں۔ اس نام سے نہیں جس سے مجھے لوگ سرکاری حلقوں میں جانتے ہیں۔ میرے عہدہ وغیرہ کا حوالہ بھی ازراہِ کرم مت دیجئے گا بہرحال اسے واپس کر دیا تو عنایت ہوگی۔

آپ کا

دھرم سروپ

(بقیہ صفحہ ۳۷۶)

کو مطمئن کر دے۔ شمالی ہندوستان کی ترقی کے ساتھ جنوبی ہندوستان کی ترقی بھی ضروری ہے، ارسطو نے سیاسی انقلابات کے اسباب کا تجزیہ کرتے وقت اس طرف توجہ دلائی ہے کہ ریاست اور دستور کی پائداری کے لئے ضروری ہے کہ کسی طبقہ یا علاقہ کو یہ محسوس نہ ہو کہ وہ نظر انداز کیا جا رہا ہے، اس سیاسی دانشمندی کا آج بھی اتنا ہی وزن محسوس ہوتا ہے جتنا خود ارسطو کو محسوس ہوا ہوگا۔ ہندوستان کی مرکزی حکومت کے لئے ڈی، ایم، کے، کے مقاصد اور اس کی بڑھتی ہوئی مقبولیت ایک چیلنج ہے۔ یہ چیلنج وہ کس طرح قبول کرتی ہے، اس میں نہرو حکومت کی آزمائش ہے۔

ض، ح، ف،

۱۵ فروری ۱۹۶۲ء

حالات حاضرہ

عام انتخابات

ہندوستان کے عام انتخابات ختم ہوگئے اور ریاستوں میں وزارت سازی کا کام ہو رہا ہے، اس لئے ابھی جیتی ہوئی سیاسی جماعت یعنی کانگریس کو انتخابات کا تجزیہ کرنے اور نتائج کا جائزہ لینے کا موقع نہیں ملا ہے۔ اس لحاظ سے دوسری جماعتیں اس پوزیشن میں ہیں کہ وہ نئے انتخابات کی روشنی میں اپنی حیثیت اور موقف کا جائزہ لیں اور اس سے کچھ نتائج نکالیں۔

راجستھان اور مدھیہ پردیش کے علاوہ جہاں کانگریس کو مطلق اکثریت نہیں حاصل ہوئی ہے باقی اور ریاستوں میں اور لوک سبھا میں کانگریس اکثریت سے کامیاب ہوئی ہے اور اس سے یہ نتیجہ نکالا جا سکتا ہے کہ ہندوستان کے عوام کی اکثریت کانگریس کی پالیسی اور پروگرام سے اتفاق کرتی ہے، لیکن یہ بات بھی اپنی جگہ بڑی اہمیت رکھتی ہے کہ گذشتہ انتخابات کے مقابلہ میں کانگریس کو مجموعی طور پر کم نشستیں ملی ہیں اور اس میں برسر اقتدار پارٹی کے لئے ایک انتباہ ہے، جن سنگھ اور سوتنترا پارٹی کو جو کچھ کامیابی حاصل ہوئی ہے اُس کے پیش نظر بجا طور پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ ووٹ دینے والوں کی ایک غیر متوقع تعداد کا جھکاؤ دائیں بازو کی طرف ہے یعنی سوشلزم اور ترقی پسندی کے منافی ہے۔

جمہوری ریاستوں میں جب انتخابات ہوتے ہیں تو مختلف النوع عناصر اور اثرات کام کرتے ہیں اور ہندوستان ایسی نوزائیدہ جمہوری مملکتوں میں جو مختلف حیثیتوں سے پسماندہ ہیں اور جہاں جمہوری اور دستوری ادارے ابھی نشوونما کی ابتدائی منزلوں میں ہیں، یہ عناصر اور اثرات تیز و تند ہوتے ہیں، پھر بھی حالات کی مجموعی کیفیت امید افزا ہی ہے، یہ ضرور ہے کہ گذشتہ انتخابات کے مقابلہ میں اس بار تشدد کا کیف و کم کچھ زیادہ رہا ہے اور فرقہ پرستی، ذات پات کا تصور اور جاگیردارانہ ذہنیت اور قدامت پسندی نے بھی رائے دینے والوں کو متاثر کیا ہے، لیکن یہ بھی ایک حقیقت

ہے کہ ایسے حلقوں کی تعداد ابھی خاصی رہی ہے جہاں اصولوں کے لئے انتخابی جنگ لڑی گئی ہے ا
ایسے حلقوں میں کانگریس نے نمایاں کامیابی حاصل کی ہے، اس کی روشن اور واضح مثالیں شہر بمبئی
شمالی علاقہ، امروہہ، بلرام پور اور نئی دہلی کے حلقے تھے، یہ مثالیں ایسی ہیں جس سے اندازہ ہوتا ہے
کہ ہندوستان کی جمہوریت کو فروغ حاصل ہو رہا ہے اور رفتہ رفتہ یہاں کے ووٹ دینے والے
پختگی اور رسیدگی کی منزل کی طرف آگے بڑھ رہے ہیں۔

اس بار انتخابات کے موقع پر یہ خیال عام تھا کہ ہندوستان اور چین کے تعلقات میں کشیدگی
کے سبب کمیونسٹ پارٹی کی بھاری شکست ہوگی، لیکن نتائج سے ثابت ہوا کہ یہ خیال صحیح نہیں
تھا، البتہ مغربی بنگال میں کمیونسٹوں کی امیدوں کے مطابق نتیجہ نہیں نکلا، انتخابات کا ایک
غیر متوقع نتیجہ یہ ظاہر ہوا کہ مخالف پارٹیوں کے بڑے بڑے ستون گر گئے، پرجا سوشلسٹ پارٹی
جن سنگھ، ہندو مہا سبھا، سوتنترا پارٹی، کمیونسٹ پارٹی کے باحیثیت نیتا کیوں ناکام رہے، یہ
وہ معمہ ہے جسے شاید ووٹ دینے والے بھی نہیں سمجھ سکتے، دوسری دلچسپ اور اہم بات یہ ہوئی
کہ ریاستوں میں وزیروں کی ابھی خاصی تعداد ووٹ دینے والوں کے معیار پر پوری نہیں اتر سکی،
اس کی ایک وجہ تو غالباً ریاستی حکومتوں کی بعض انتظامی خامیاں تھیں لیکن دوسری وجہ جو کانگریس
کی تنظیم سے متعلق ہے اور دور رس نتائج کی طرف اشارہ کرتی ہے، کانگریسیوں کا اپنا اندرونی
اختلاف ہے جو شخصی مناقشات پر مبنی ہے، ایسی مثالیں کافی ہیں کہ کانگریسیوں نے کانگریسیوں کی
مخالفت کی اور دوسری جماعتوں کے امیدواروں کو کامیاب ہونے میں مدد دی، یہ صورت حال
بڑی افسوسناک ہے کیونکہ اس وقت کانگریس ہی ایسی سیاسی تنظیم ہے جو ملک میں یکجہتی اور اتحاد
قائم رکھ سکتی ہے، قوم نے اسے اقتدار بخش کر کانگریسیوں کو موقع دیا ہے کہ وہ اپنی تنظیم مضبوط
کریں، اپنی پارٹی کے پروگرام سے متعلق اپنے ایمان کی تجدید کریں اور اسے عملی شکل دینے کے لئے
اجتماعی کوشش کریں۔

انتخابات اور مسلمان

اس مرتبہ لوگوں کی نظر اس بات پر بھی تھی کہ مسلمانوں کا کیا رویہ ہوتا ہے، اس لئے کہ مدعیہ پردیش

کے فسادات اور رانچی علی گڑھ اور یوپی کے مغربی اضلاع کے فرقہ وارانہ ہنگاموں اور کشیدگی کے دوران فرقہ پرستی اس طرح عریاں ہوکر سامنے آگئی تھی کہ مسلمان بہت بددل ہوگئے تھے، اور ریاستی حکومتوں سے اُن کی شکائتیں بڑھ گئی تھیں، فرقہ پرستی کے اس طوفان میں جمعیۃ العلماء ہند ایسی قوم پرست جماعت بھی غیر مسلموں اور بعض ذمہ دار حضرات کے نزدیک مشتبہ ہوگئی تھی اور اس کے قومی کردار پر بھی حرف گیری شروع ہوگئی تھی، صورت حال ایسی تھی کہ جمعیۃ کے ناظم اعلیٰ مولانا حفظ الرحمٰن صاحب کو اُن کے بعض رفقاء نے مشورہ دیا کہ لوک سبھا کے بجائے راجیہ سبھا میں آنے کی کوشش کریں، مولانا نے اس مشورہ کو قبول نہیں کیا، اسے فرقہ پرستی کے سامنے ہتھیار ڈالنے سے تعبیر کیا اور عقبی دروازے سے پارلیمنٹ میں آنے کی تجویز رد کردی، ان حالات میں یہ بجا تھا کہ مسلمان ووٹروں کا رویہ زیر نظر رہے۔

اس بار ایک خاص بات تو یہ تھی کہ ۱۹۵۷ء کے مقابلہ میں کانگریس نے مسلمانوں کو کسی قدر کم ٹکٹ دئے، دوسری بات یہ تھی کہ مسلمان آزاد امیدواروں کی تعداد زیادہ تھی، بعض مسلمان ریپبلکن پارٹی کے پلیٹ فارم سے امیدوار کی حیثیت سے سامنے آئے اور دوچار کامیاب بھی ہوئے۔ کہا جاتا ہے کہ کانگریس امیدواروں کے مقابلے میں جن سنگھ اور دوسری جماعتوں کی تائید اور مدد سے بعض مسلمان الیکشن لڑے اور مسلم ووٹ تقسیم ہوئے، بعض حلقوں میں مسلمانوں نے بھی فرقہ پرستی کا مظاہرہ کیا اور طے کیا کہ وہ مسلمان امیدوار ہی کو ووٹ دیں گے۔ خواہ وہ کسی پارٹی سے تعلق رکھتا ہو، غرض اس طرح کی خبریں موصول ہوئی ہیں، نہیں کہا جاسکتا کہ یہ کہاں تک صحیح ہیں، لیکن اگر گزشتہ سال کے فسادات کا کچھ اثر مسلمانوں پر پڑا ہو تو کوئی حیرت کی بات نہیں، سوال یہ ہے کہ کانگریس کو اس بات کا کہاں تک احساس ہے اور خود کانگریس کے اندر کتنے کھدر پوش ایسے ہیں جو تہذیب، ترقی اور صحت مند قومیت کے دشمن ہیں، دوسری طرف مسلمانوں کو بھی یہ سوچنا ہے کہ اُن کا منفی طریقہ کار خود ان کے لئے کہاں تک مفید ہوسکتا ہے، فرقہ پرستی کے ردعمل کے طور پر اگر اُن میں بھی فرقہ پرستی پیدا ہوئی تو اس میں خود ان کا اور سارے ملک کا نقصان ہے۔ ہندوستان کے آزاد شہری کی حیثیت سے انھیں اس کا اختیار ہے کہ وہ جس

پارٹی میں چاہیں شریک ہوں اور جس امیدوار کو چاہیں ووٹ دیں، ہمارا مشورہ صرف یہ ہے کہ وہ تنگ نظر، رجعت پرست اور تعمیری پروگرام سے عاری کسی سیاسی جماعت کا ساتھ نہ دیں۔ خوب و زشت میں تمیز کریں اور ملک کے صحت مند اور ترقی پسند عناصر کے ساتھ قدم ملا کر چلیں۔

اب انتخابات کے بعد

اسٹیٹسمین کے نمائندۂ خصوصی کی رپورٹ ہے کہ ۱۱ مارچ کو وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے دہلی میں کانگریس پارلیمنٹری پارٹی کو خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ پانچ سال کا زمانہ ہندوستان کے لئے فیصلہ کن ہوگا اور اس مدت میں ہندوستان کے مقدرات کا فیصلہ ہوگا۔ رپورٹ میں اس کی تفصیل نہیں ہے کہ ان کے اس اہم بیان کا کیا سیاق و سباق تھا، بہرحال رپورٹ کا بغور مطالعہ کرنے سے چند باتیں ذہن میں ابھرتی ہیں جو حسب ذیل ہیں:۔

۱۔ انتخابات کے نتائج۔

۲۔ کانگریس کے اندرونی اختلافات۔

۳۔ ہندوستان اور چین کا سرحدوں سے متعلق تنازعہ۔

۴۔ پاکستان سے تعلقات

۵۔ ہندوستان کی صنعتی ترقی اور پنج سالہ منصوبہ۔

۶۔ قومی یکجہتی کا منصوبہ۔

یہاں ہم بین الاقوامی معاملات سے جن سے چین اور پاکستان کا معاملہ بھی وابستہ ہے تفصیلی بحث نہیں کریں گے کیونکہ ان کے بارے میں کسی قسم کی قیاس آرائی قبل از وقت ہوگی۔ لیکن جہاں تک کانگریس کے اندرونی اختلافات، قومی یکجہتی کی ضرورت اور پنج سالہ منصوبہ اور اس طرح کے دوسرے اہم امور کا تعلق ہے، اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ملک و قوم کا مستقبل بڑی حد تک ان ہی سے متعلق ہے۔

کانگریس کے اندرونی اختلافات کی طرف پہلے اشارہ کیا جا چکا ہے، یہ اختلافات ایک طرف

تو ذاتی مناقشات پر مبنی ہیں تو دوسری طرف ایک خاص لیکن اہم حلقہ میں نظری حیثیت بھی رکھتے ہیں ان ہی اسباب کی بنا پر کانگریس کا تنظیمی ڈھانچہ کمزور ہوتا رہا ہے اور نظم و نسق اور بنیادی پالیسی کو عمل میں لانے کا منصوبہ اُس جوش اور شوق، محنت اور جد و جہد سے محروم رہا ہے جس کا کہ وہ مستحق تھا اور اس سلسلہ میں ریاستی حکومتوں پر زیادہ ذمہ داری آتی ہے، لیکن مرکزی وزارت اور کانگریس کے ہائی کمان کا اندرونی نظری اختلاف بھی کچھ کم ذمہ دار نہیں ہے، غالباً اب وہ موقع آگیا ہے کہ سوشلزم کے خلاف جو عناصر ہیں انھیں پنڈت نہرو یہ جتادیں کہ کانگریس میں ان کے لئے کوئی جگہ نہیں ہے، پنڈت جی کو اپنی پارٹی کے اندر یہ نظری جنگ تیز کرنی ہوگی، یہ کام اگر پنڈت جی نے ہمت اور حوصلہ کے ساتھ شروع کر دیا تو اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ہندوستان کی اکثریت پنڈت جی کے ساتھ ہوگی، یہ بہت بڑا اور اہم کام ہوگا اور اس لحاظ سے آئندہ پانچ سال کا زمانہ ملک کی تاریخ میں فیصلہ کن اہمیت کا حامل ہوگا۔ اگر کانگریس کی جیت پارلیمانی طرز جمہوریت اور سوشلزم کی جیت ہے تو پنڈت نہرو کو اس کام کا بیڑا اٹھانا چاہیئے، یہ کام وہی کر سکتے ہیں۔

الغرض، کانگریس آئندہ پانچ سال کی مدت میں اگر اپنی تنظیمی کمزوریوں کو دور نہیں کرتی اگر وہ اپنا تنظیمی ڈھانچہ منفی طریقہ کار سے یعنی وزارتیں اور عہدے تقسیم کر کے باقی رکھتی ہے اور فکر و عمل کی دنیا میں یکجہتی اور اتحاد سے محروم رہتی ہے تو ملک کو ایک سخت آزمائش کا سامنا ہو سکتا ہے۔ پنج سالہ منصوبے کی کامیابی اور ملک کی تعمیر و ترقی کا انحصار جہاں ایک طرف اس بات پر ہے وہاں اس بات پر بھی ہے کہ آئندہ بین الاقوامی صورت حال کیا ہوتی ہے کیونکہ اسلحہ بندی کی اگر کوئی صورت نہ نکلی تو ہر وقت کسی نہ کسی "آتش فشاں" کا خطرہ رہے گا۔ اور اس حالت میں بیرونی امداد کا معاملہ نشیب و فراز کی غیر یقینی کیفیت سے وابستہ ہو جائے گا۔ چین اور پاکستان سے تعلقات کی نوعیت کا بھی ملک کے تعمیر و ترقی کے پروگرام پر اثر پڑے گا۔

قومی یک جہتی اور ہم آہنگی

قومی اتحاد اور یک جہتی کا مسئلہ بھی کم اہم نہیں ہے۔ اس کی اہمیت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ

انتخابات سے کچھ عرصے پہلے ملک کے صائب الرائے اشخاص کی جن کا تعلق تقریباً ہر سیاسی جماعت سے تھا، ایک کانفرنس منعقد ہوئی تھی اور ملک میں انتشار و اختلافات کے رجحانات نے جو صورت حال پیدا کر دی ہے اس کی نزاکت اور قوم یکجہتی کی اہمیت کو شدت سے محسوس کیا گیا تھا، کچھ طریقہ ہائے کار بھی تجویز کئے گئے تھے، سیاسی جماعتوں سے یہ توقع کی گئی تھی کہ وہ انتخابات کے مواقع پر ایسے نعرے نہیں لگائیں گی اور ایسے ذرائع اختیار نہیں کریں گی جن سے قومی یکجہتی اور جذباتی ہم آہنگی کا تصور مجروح ہو اور انتشار و خلفشار کی طرف لے جانے والے عناصر اور رجحانات کو تقویت ملے۔ لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ انتخابات میں شائع ہونے والے پوسٹروں اور اشتہاروں اور لگائے جانے والے نعروں نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ سیاسی جماعتوں نے وہ توقعات پوری نہیں کیں، اور یہ بات بلا خوف تردید کہی جا سکتی ہے کہ اس خاص معاملہ میں آج بھی ہم وہیں ہیں جہاں قومی یکجہتی کی کانفرنس سے پہلے تھے۔ یہ ضرور ہے کہ اس معاملہ کی اہمیت اور صورت حال کی نزاکت کا احساس شدید ہو گیا ہے۔

اس سلسلہ میں سب سے بڑی مشکل یہ ہے کہ اس بات سے تو کوئی اختلاف نہیں کرتا کہ اتحاد کی ضرورت ہے لیکن قومی اتحاد کا مفہوم زیادہ تر لوگوں کے ذہن میں صاف نہیں ہے اور ہر شخص اپنے تعصبات ذہنی کے ساتھ اپنا الگ مفہوم رکھتا ہے، اس الجھن سے وہ صائب الرائے اشخاص بھی محفوظ نہیں ہیں جو مذکورہ کانفرنس میں شریک ہوئے تھے، اس لئے سب سے اہم اور اشد ضرورت یہ ہے کہ قومی اتحاد اور ہم آہنگی کے سلسلہ میں ملک کے فعال عناصر میں نظری اتحاد ہو اور پھر خاصے وسائل، تعلیمی و تہذیبی پروگراموں اور انتظامی کمال و خوبی کے ساتھ ملک کے گوشے گوشے میں اسے ایک تحریک بنا دی جائے، بغیر ان محرکات کے قومی آہنگی کی نیک خواہش شرمندۂ عمل نہ ہو گی۔

ڈی، ایم، کے،

ہندوستان میں ایسے لوگوں کی تعداد کافی ہو گی جنھیں مدراس میں ڈی، ایم، کے، (دراوڑ منیترم کازگم) کی غیر متوقع کامیابی پر حیرت ہو گی، اخباری اطلاعات سے معلوم ہوتا ہے کہ اس پارٹی کے دو خاص مقاصد ہیں:

۱۔ ڈیویڈین ریاستوں کی آزادی اور اُن کا وفاق۔

۲۔ ایک ایسے سوشلسٹ سماج کا قیام جہاں طبقات اور ذات پات کا کوئی تصور نہ ہو۔

فی الحال آندھرا، کیرالا اور میسور میں اس جماعت کو کوئی تائید حاصل نہیں ہے لیکن اس کا پروگرام ہندوستان کی یکجہتی اور اتحاد کے لئے بہت خطرناک ہے، کہا جاتا ہے کہ جہاں تک معاشرتی اصلاحات کا تعلق ہے ہندوستان میں اس سے زیادہ ترقی پسند جماعت کوئی اور نہیں ہے، لیکن شاید اس میں مبالغہ ہے اس لئے کہ کمیونسٹ آئیڈیالوجی بھی اسی طرح کا سماج چاہتی ہے اور کانگریس بھی نظری حد تک ذات پات کے فرق کو ختم کرنا چاہتی ہے البتہ طبقات کو ختم کر دینے سے متعلق اس وقت اس کا ذہن صاف نہیں ہے، اور یہ کہا جا سکتا ہے کہ کانگرس کا سوشلسٹ سماج غیر طبقاتی نہیں ہوگا۔ سوال یہ ہے کہ مدراس میں ڈی، ایم، کے، مقبول ہونے کے کیا اسباب ہیں؟ اس سلسلہ میں مندرجہ ذیل باتیں کہی جاتی ہیں:

۱۔ اس جماعت کا یہ خیال ہے کہ شمالی ہندوستان اپنی صنعتی پیداواروں کے لئے جنوب کو اپنا بازار بنانا چاہتا ہے اور آج کے ہندوستان میں یہ ممکن نہیں ہے کہ جنوبی ہندوستان کے ساتھ انصاف ہو سکے۔

۲۔ ہندی زبان ہندوستان کی سرکاری زبان ہے، یہ بات اس کے لئے مایوس کن ہے اس کو وہ ہندی زبان کے سامراج سے تعبیر کرتی ہے اور کام راج حکومت کو اس سامراج کا ایجنٹ تصور کرتی ہے۔

۳۔ ڈی، ایم، کے، کے تقریباً تمام رہنما تامل اور انگریزی زبان کے بہترین مقرر ہیں۔

مذکورہ بالا باتوں سے علاقائی اور لسانی عصبیت کی بو آتی ہے، ہو سکتا ہے کہ اس عصبیت کی بنیاد ایسے تلخ حقائق پر ہو جنہیں شمالی ہندوستان کے لوگ سننا پسند نہ کریں، لیکن اگر یہ حقائق ہیں تو شمالی ہندوستان کو اپنا رویہ بدلنا ہوگا ورنہ ملک کی وحدت پارہ پارہ ہو کر رہ جائے گی، شمال اور جنوب کے تعلقات کی ایک مستقل تاریخ ہے جو ہزاروں سال پر پھیلی ہوئی ہے، اُس تاریخ کو معروضی نقطۂ نظر سے سمجھنے کی اور پھر کوئی ایسا معقول طرز عمل اختیار کرنے کی ضرورت ہے جو جنوبی ہندوستان

(باقی صفحہ ۳۶۹ پر ملاحظہ ہو)

تنقید و تبصرہ

(تبصرہ کے لئے ہر کتاب کے دو نسخے بھیجے جائیں)

بال کے آخری دو سال

از ڈاکٹر عاشق حسین بٹالوی

سائز ۲۲×۱۸ حجم ۶۷۹ صفحات، کاغذ اور کتابت و طباعت عمدہ۔ مجلد قیمت نو روپے
تاریخ طباعت، اپریل ۱۹۶۱ء۔

اس کتاب میں یہ دکھلایا گیا ہے کہ علامہ اقبال نے اپنی عمر کے آخری دو برسوں میں یعنی یکم مئی ۳۶ء سے اپنے یوم وفات یعنی ۲۱ اپریل ۳۸ء تک مسلم لیگ اور قائد اعظم کی مدد اور حمایت میں پوری گرمجوشی اور کے ساتھ کام کیا۔ یہ کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلے حصے میں جلیاں والا باغ کے حادثہ خونین (۱۹۱۹ء) ۱۹۳۲ء تک سیاسی حالات پر روشنی ڈالی گئی ہے، دوسرے میں علامہ مرحوم کے ان سیاسی کارناموں کو بیان کیا ہے، جن سے مسلم لیگ کے مقاصد کو تقویت پہنچی۔ فاضل مصنف کے بیان کے مطابق ۲۸ء میں علامہ اقبال سر شفیع سے سخت بیزار تھے۔ اس وقت انھوں نے فرمایا تھا کہ "مسلمانوں کی سیاست نے جو الجھن پیدا کر دی ہے جب تک وہ اس پر ندامت کا اظہار کر کے آئندہ اس سے کلیتہً مجتنب رہنے کا وعدہ نہ کریں گے مصالحت نہیں ہو سکتی۔" (صفحہ ۳۰۹) مگر مئی ۳۶ء میں جب سر شفیع ڈاکٹر صاحب کو پرچا کر ان سے ملے ... تو ڈاکٹر صاحب نے امداد و اعانت کا وعدہ کر لیا۔" غرض، اس کتاب، اس دن سے آخر عمر تک علامہ اقبال پوری سرگرمی سے مسلم لیگ کا کام کرتے رہے۔

حیدر آباد

از نظر حیدر آبادی

سائز ۲۲×۱۸ حجم ۲۳۲ صفحات کاغذ اور کتابت و طباعت عمدہ مجلد قیمت پانچ روپے تاریخ طباعت اپریل ۱۹۶۱ء۔

اس کتاب میں علامہ اقبال کے حیدرآباد سے غیر معمولی تعلقات کو دکھلایا گیا ہے کہ کس طرح وہاں کے عوام اور خواص نے ان کی، مختلف مواقع پر، پذیرائی کی اور وہاں کے شاعروں اور نثر نگاروں نے کس خلوص اور عقیدت کے ساتھ خراج تحسین پیش کیا، نیز خود شاعر مشرق کی کتنی شدید خواہش اور آرزو تھی کہ وہ حیدرآباد میں مستقل قیام کرتے مگر، مصنف نے لکھا ہے کہ "باخبر اور ہوشمند انگریز جس کے ذرائع معلومات بہت وسیع اور پوشیدہ تھے اور جس نے حیدرآباد میں وقار الملک، محسن الملک، ظفر علی خاں، عبدالحلیم شرر اور آخر میں علی امام کو ٹکنے نہ دیا تھا، وہ حیدرآباد میں اقبال جیسے "خطرہ" کو پروان چڑھتے نہیں دیکھ سکتا تھا، چنانچہ یہی وجہ ہے کہ حضور نظام سے لے کر ایک عام حیدرآبادی کی خواہش اور تمنا کے باوجود اقبال حیدرآباد میں مستقل قیام نہ کر سکے۔"

اسرار و رموز پر ایک نظر

از پروفیسر محمد عثمان

سائز ۲۲×۱۸/۸ حجم ۱۸۹ صفحات۔ کاغذ اور کتابت وطباعت عمدہ۔ قیمت مجلد ساڑھے چار روپے

اس کتاب میں شاعر مشرق کی دو مشہور مثنویوں، اسرار خودی اور رموز بیخودی پر بسط و تفصیل سے بحث و گفتگو کی گئی ہے اور علامہ اقبال نے ان دونوں مثنویوں میں مسلمانوں کی انفرادی اور اجتماعی زندگی کے متعلق جو فلسفہ بیان کیا ہے، اس کی وضاحت کی گئی ہے۔ مصنف نے لکھا ہے کہ "ان عظیم مثنویوں کے مطالعے سے اقبال کے فکر و فن کی خوبیوں کا جو اندازہ مجھے ہوا ہے، اس کو ملک کے عام تعلیم یافتہ طبقے اور بالخصوص کالجوں کے طلبہ و طالبات تک پہنچاؤں اور انھیں اس لطف و فیض میں شریک کروں جو ان منظوم شاہکاروں کی بدولت مجھے حاصل ہوا۔"

INTRODUCTION TO THE THOUGHT OF IQBAL

مترجم: ملا عبدالمجید ڈار

لوس کلاڈ میٹر کی فرانسیسی کتاب کا یہ انگریزی ترجمہ ہے۔ ۵۳ صفحے کی اس مختصر کتاب میں علامہ اقبال کے حالات زندگی اور ان کے کارنامے، ان کے فلسفۂ خودی اور ان کے انسان کامل پر روشنی ڈالی گئی ہے اور صالح معاشرے اور مشرق و مغرب کے بارے میں اقبال کے خیالات اختصار کے ساتھ پیش کئے گئے ہیں۔

اوپر کی تینوں کتابیں اقبال اکیڈیمی، کراچی (پاکستان) نے شائع کی ہیں، اور اسی سے خریدی جا سکتی ہیں۔

حدیث اقبال

از طیب عثمانی ندوی

سائز ۲۰×۳۰/۱۶، حجم ۱۶۰ صفحات۔ کاغذ اور کتابت و طباعت عمدہ قیمت مجلد تین روپے تاریخ طباعت ۱۹۶۱

ملنے کا پتہ : دارالکتاب، نیا گرام۔ گیا (بہار)

یہ کتاب دراصل متفرق مضامین کا مجموعہ ہے، جن میں سے بیشتر مختلف رسالوں میں شائع ہو چکے ہیں اور چند نئے ہیں۔ ان مضامین میں شاعر مشرق کے افکار و خیالات کا تعلیمات اسلامی کی روشنی میں تجزیہ کیا گیا ہے اور خود مصنف کے الفاظ میں اس کتاب کا مدعا یہ ہے کہ اقبال جو کچھ اور جیسا کچھ بھی تھا اس کی صحیح تصویر کلام اقبال کے آئینہ میں سامنے آجائے۔

اقبال پر بہت کچھ لکھا گیا ہے اور برابر لکھا جا رہا ہے، لیکن زیر تبصرہ کتاب کے مصنف کا خیال ہے کہ "روح اقبال" اقبال کامل اور ان جیسی ایک آدھ کتاب کے علاوہ باقی اکثر ادبیات اقبال "مصور کے موئے قلم کی خیالی تصویر" ہیں، حقیقت کم، پرچھائیں زیادہ۔ لیکن یہ ایک ایسا الزام ہے جو اقبال کے ہر مضمون نگار اور تنقید نگار پر چسپاں کیا جا سکتا ہے، یہاں تک کہ زیر تبصرہ کتاب بھی غالباً اس سے نہ بچ سکے گی۔

بیان اللسان یعنی عربی اردو ڈکشنری

تالیف : مولانا قاضی زین العابدین سجاد میرٹھی

سائز ۲۰×۳۰/۱۶، حجم ۸۶۲ صفحات۔ کاغذ اور کتابت و طباعت عمدہ۔ قیمت مجلد دس روپے غیر مجلد نو روپے۔

طبع ششم ۱۹۶۱ء۔ ملنے کا پتہ :۔ مکتبہ علمیہ۔ قاضی واڑہ۔ میرٹھ (یو۔پی)

عربی سے اردو میں لغت بہت کم ہیں اور جب زیر تبصرہ لغت مرتب کیا گیا تھا تو اس وقت شاید کوئی بھی نہیں تھا، اس لئے فاضل مرتب کی یہ کوشش قابل داد ہے۔ ترتیب دیتے وقت جناب قاضی صاحب کے پیش نظر جہاں یہ تھا کہ عربی ادب کے اساتذہ اور طلبہ کے لئے یہ لغت زیادہ سے زیادہ مفید ہو، وہاں وہ یہ بھی چاہتے تھے کہ اس کی قیمت اتنی ہو کہ غریب طلبہ بھی خرید سکیں۔ اس لئے ضخامت کو مختصر رکھنے کی شعوری کوشش کی گئی ہے۔

نکہت شب

از محسن بھوپالی

سائز ۲۰×۳۰/۱۶، حجم ۱۱۲ صفحات۔ کاغذ اور کتابت و طباعت عمدہ مجلد مع رنگین گرد پوش قیمت دو روپے۔

ناشر: فن کدہ "مامن" ٹھنڈی سڑک۔ حیدر آباد (پاکستان)

محسن بھوپالی ایک نوجوان اور آزادیٔ وطن کے دور کے شاعر ہیں، ان کی شاعری داخلی احساسات و تاثرات سے زیادہ خارجی اثرات اور تقاضوں کی رہینِ منت ہے۔ مجھے معلوم نہیں کہ انھیں پاکستان میں کن حالات سے دوچار ہونا پڑا، مگر ان کے اس مختصر مجموعۂ کلام کے مطالعہ سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ وہاں کے سیاسی حالات اور اپنے ہم وطنوں کی بے مہری و بیوفائی کے بہت شاکی ہیں۔ مثلاً اس مجموعے کا آغاز اس قطعے سے ہوتا ہے:

تلقینِ اعتماد وہ فرما رہے ہیں آج، راہِ طلب میں خود جو کبھی معتبر نہ تھے
نیرنگیٔ سیاستِ دوراں تو دیکھئے منزل انھیں ملی جو شریکِ سفر نہ تھے

ایک نظم کے دو بند ملاحظہ ہوں:

ظلم آزاد ہے اور جبر پہ تعزیر نہیں
بہرِ ایماں جو اٹھے کوئی بھی شمشیر نہیں
ہیں ستم خوردہ بہت عدل کو زنجیر نہیں
قصرِ انصاف تو ہے کوئی جہانگیر نہیں
پھر بھی کہتے ہو کہ لگی دل کی بجھاؤ تو سہی
نغمۂ حسنِ جہاں تاب سناؤ تو سہی

باغباں کی نگہِ لطف و کرم بدلی ہے
غنچہ و گل کو قسم کی سزا ملتی ہے
رہزنی بھیس میں رہبر کے پھرا کرتی ہے
دیکھتے ہو کہ قضا سر پہ کھڑی ہنستی ہے
زندگی نوحہ بلب گریہ کناں پھرتی ہے
اپنے پہلو میں لئے سوزِ نہاں پھرتی ہے

زمانے کی شکایت کے چند شعر پیشِ خدمت ہیں:

اب شناسا بھی ملا کرتے ہیں غیروں کی طرح یہ صلہ ہم کو ملا آپ کے ہو جانے سے

ذیل کے اشعار میں بیشتر مہاجروں کے احساسات و تاثرات کی ترجمانی کی گئی ہے:

بچ کے گرداب سے ڈوبے ہیں قریبِ ساحل کس قدر خام تھا اندازۂ طوفاں اپنا
کس سے کہیئے کہ بہاروں نے ہمیں زخم دیئے کون مانے گا نہ تھا اپنا گلستاں اپنا

شاد اب گلستاں کے بھی سائے ہیں گریزاں اک جرم ہوئی میری غریب الوطنی بھی

کوائف جامعہ

ایک تاریخی اور علمی مقالہ

شعبۂ دینیات کے ناظم مولانا عبدالسلام قدوائی ندوی کی دعوت پر جناب صباح الدین عبدالرحمٰن صاحب، رفیق دارالمصنفین اعظم گڑھ، جامعہ تشریف لائے اور حسب ذیل عنوان پر ایک پر مغز مقالہ پڑھ کر سنایا:

"سلاطین ہند اور علماء و مشائخ میں کشمکش اور اس کا اثر تاریخ ہند پر"

جلسے میں شیخ الجامعہ، اساتذہ اور طلبہ کے علاوہ مفتی عتیق الرحمٰن عثمانی، مولانا احمد میاں، مولانا ابواللیث اصلاحی ندوی، قاضی سجاد حسین، حکیم عبدالحمید (متولی ہمدرد وقف) اور دیگر معززین شہر نے شرکت کی۔

مقالہ اتنا دلچسپ، طرز تحریر اتنا دلکش اور مباحث اس قدر اہم تھے کہ طویل ہونے کے باوجود حاضرین جلسے نے بڑی توجہ اور شوق سے آخر تک سنا۔ مقالے کے بعد متعدد سوالات کئے گئے اور یہ سلسلہ بھی بڑی دیر تک قائم رہا۔ آخر میں صدر جلسہ ڈاکٹر سید عابد حسین صاحب نے مقالہ نگار کا شکریہ ادا کیا۔ موصوف نے فرمایا کہ یہ مقالہ بہت دلچسپ اور فکر انگیز ہے۔ سوالات جس کثرت سے کئے گئے، اور بحث و گفتگو میں جس ذوق و شوق سے شرکت کی گئی، اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ مقالے کے مباحث دلچسپ اور اہم تھے۔" ڈاکٹر صاحب نے فرمایا کہ "تاریخ قوموں کا حافظہ ہے۔ حافظہ قوی ہو یا ضعیف ہر حالت میں کام کرتا ہے، لیکن اگر خلاق یا مصلحت اندیش ہو تو اس سے بہت سی مضرتیں پیدا ہوتی ہیں۔ تاریخ پر اگر تنقیدی نظر ڈالی جائے تو معلوم ہوگا کہ ہمارے حافظے نے مصلحت اندیشی سے بھی کام لیا ہے، ایسی صورت میں یہ دعویٰ کرنا مشکل ہے کہ حقیقت کا دامن کبھی نہیں چھوٹا ہے۔ ہمارے مورخین گذشتہ نسلوں کے کمالات کو نمایاں کرکے دکھاتے ہیں اور ان کی کوتاہیوں پر پردہ ڈالتے ہیں۔ یہ مسلم ہے کہ اگر مریض کی ہسٹری طبیب کو بے کم و کاست نہ بتائی جائے

تو طبیب علاج نہیں کر سکتا۔ ہماری قوم اخلاقی لحاظ سے مریض ہے اور ہماری عقل اور ضمیر طبیب مسیحا مورخ وہی ہے جو طبیب کو مریض کا اگلا پچھلا حال سچ سچ بتا دے۔ خوشی کی بات ہے کہ مقالہ نگار نے مصلحت پرستی سے کام نہیں لیا، بلکہ حق گوئی کا حق ادا کیا ہے"۔

اس مقالے کے دو حصے ہیں، ایک علمائے اسلام سے تعلق رکھتا ہے، دوسرا صوفیائے کرام کا۔ پہلا حصہ معارف میں قسط وار شائع ہوگا اور دوسرے حصے کے اہم مباحث رسالہ جامعہ کی اگلی اشاعت میں شائع ہوں گے۔

اُردو زبان کے آغاز و ارتقاء پر ایک تقریر

پچھلی اشاعت میں ہم اطلاع دے چکے ہیں کہ طلبائے استادوں کے مدرسہ کی لٹریری سوسائٹی کے ماتحت ہندوستان کی اہم زبانوں کے ادب پر تقریروں کا ایک سلسلہ شروع کیا گیا ہے۔ اردو ادب پر دو تقریروں کا خلاصہ اس سے قبل شائع ہو چکا ہے۔ تیسری تقریر ڈاکٹر گوپی چند نارنگ، ریڈر شعبہ اُردو دہلی یونیورسٹی کی تھی، جس کا عنوان تھا "اُردو زبان کا آغاز اور ارتقاء"۔ موصوف کی طویل تقریر کا خلاصہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے:۔

"یہ بات بڑی مسرت افزا ہے کہ جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ہندی اور اُردو کے علاوہ دوسری ہندوستانی زبانوں پر بھی تقریروں کا آغاز کیا ہے۔ اس سے جذباتی ہم آہنگی اور قومی یکجہتی کے کام میں مدد ملے گی۔ یوں بھی ملی اور قومی خدمت میں جامعہ ملیہ اسلامیہ ہندوستان کے دوسرے تعلیمی اداروں سے آگے ہے لیکن اس کام میں پہل کرنے کا شرف یقیناً اسے حاصل ہے۔ اس ایک فوری خوشگوار اثر یہ ہوا ہے کہ دہلی یونیورسٹی نے بھی جدید ہندوستانی زبانوں پر توسیعی لکچر کا پروگرام بنایا ہے جو مارچ کے پہلے ہفتے سے شروع کیا جا رہا ہے۔

اردو زبان کے آغاز پر روشنی ڈالتے ہوئے نارنگ صاحب نے فرمایا اُردو میں ابھی لسانیات، علم بہت محدود ہے۔ اُردو کی پیدائش سے متعلق سنجیدہ اظہار خیال کا سلسلہ محمد حسین آزاد کی آب حیات سے شروع ہوا تھا، جس میں انھوں نے لکھا ہے کہ اُردو برج بھاشا سے نکلی ہے تقریباً نصف صدی تک اس نظریے کی دھوم رہی۔ اس کی تردید بیسویں صدی کی تیسری

میں پروفیسر محمود شیرانی نے "پنجاب میں اردو" لکھ کر کی اور یہ ثابت کرنا چاہا کہ اردو زبان پنجاب سے نکلی ہے۔ ڈاکٹر محی الدین قادری زور نے اس کے دو برس بعد "ہندوستانی لسانیات" میں بھی بنیادی طور پر اسی نظریے کی تائید کی۔ اس وقت سے پروفیسر جولیس بلاک، ڈاکٹر مسعود حسین، پروفیسر احتشام حسین اور ڈاکٹر شوکت سبزواری اس موضوع پر اظہار خیال کر چکے ہیں۔ جولیس بلاک نے اس مسئلہ پر غور کرنے کے لئے ہریانی کی اہمیت پر زور دیا تھا۔ ڈاکٹر مسعود حسین خاں نے ہریانی اور کھڑی کو اردو کا ماخذ قرار دیا ہے۔ ان اسی برسوں میں اس موضوع پر جو کام ہوا ہے اس سے کچھ گتھیاں تو ضرور سلجھ گئیں ہیں لیکن یہ واقعہ ہے کہ اردو کی پیدائش کا مسئلہ ابھی پورے طور پر حل نہیں ہوا۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ ہمارے محققین اپنے نظریوں کا شکار ہو کے رہ گئے ہیں اور اس پیچیدہ مسئلے پر معروضی نظر نہیں ڈال سکے۔ اگر اردو کے آغاز پر اس کے تاریخی اور سماجی پس منظر کو سامنے رکھ کر غور کیا جائے تو صحیح نتائج اخذ کرنے میں زیادہ دقت نہیں ہوگی۔

موصوف نے کہا کہ مسلمانوں اور ہندوؤں کا پہلا باقاعدہ سابقہ گیارہویں صدی عیسوی میں پنجاب میں ہوا اور یہ تقریباً ڈیڑھ صدی تک جاری رہا۔ ہندوستان کی لسانیاتی تاریخ میں یہ زمانہ اپ بھرنشوں کا ہے۔ ڈیڑھ صدی کے طویل عرصے میں مقامی اپ بھرنش پر نووارد زبان کے اثر سے یقیناً نئی ملی جلی زبان بننا شروع ہو گئی ہوگی جس میں محمد عوفی کی روایت کے مطابق لاہور کے مشہور شاعر مسعود سعد سلمان نے بھی اشعار کہے لیکن سرزمین پنجاب میں اختلاط کا یہ عمل زیادہ دیر جاری نہ رہا اور بارہویں صدی کے ربع آخر میں محمد غوری کے حملوں کے بعد پایۂ تخت دہلی قرار پایا۔ اس طرح وہ نا پختہ زبان جو پنجابیت کا اثر لئے ہوئے تھی، دہلی کی بولیوں سے متاثر ہونا شروع ہوئی، لیکن ابھی سو، سوا سو سال ہی گزرے تھے کہ محمد تغلق نے دہلی کی آبادی کو دولت آباد پہنچنے کا حکم دیا۔ اس طرح وہ نئی زبان دہلی کے باشندوں کے ساتھ دکن پہنچی جہاں اس کا ادبی ارتقا شروع ہوا۔ امیر خسرو کا انتقال اس سے پہلے ہو چکا تھا۔ ان کے وہ "ہندی" اشعار جو ہم تک پہنچے ہیں، اپنی موجودہ شکل میں مشتبہ سہی لیکن امیر خسرو کے اپنے بیان کے مطابق انھوں نے اس ملی جلی نئی زبان میں کلام کہا تھا۔ بعض محققین اس بات پر زور دیتے ہیں کہ نئی زبان پنجاب کے زمانۂ قیام

میں نہیں بلکہ دہلی کے زمانے میں پیدا ہوئی۔ وہ لوگ اس بات کو بھول جاتے ہیں کہ پنجاب میں اختلاط اور انتشار کا عمل ڈیڑھ سو برس جاری رہا جبکہ دہلی میں محمد غوری کے بعد سے امیر خسرو تک تہذیبی سابقے کا زمانہ شکل سے سوا سو سال کا ہے۔ اگر نئی زبان کی تشکیل کا عمل ڈیڑھ سو برس میں شروع نہیں ہوا تو سوا سو برس میں بھی نہیں ہو سکتا۔ واقعہ یہ ہے کہ ملی جلی زبان کی داغ بیل سرزمین پنجاب میں گیارہویں صدی ہی میں پڑ گئی تھی اور دہلی آنے کے بعد چودھویں صدی کے آغاز میں وہ بول چال کی اس سطح تک پہنچ گئی کہ صوفیا کے علاوہ دوسرے مصنفین بھی اسے منہ لگانے لگے۔ دکن میں بہمنی، قطب شاہی اور عادل شاہیوں کے زمانے میں اس کا ادبی سفر جاری رہا، جبکہ شمالی ہندوستان میں فارسی چھائی ہوئی تھی اور اس کے مقابلے میں سر اٹھانا آسان نہ تھا۔ چنانچہ اس زمانے میں یہ نوزائیدہ زبان صوفیا اور بھگتوں کے سہارے عوامی زبان کی حیثیت سے آگے بڑھتی رہی۔ اکبر کے زمانے میں پایۂ تخت آگرہ قرار پایا تو اس زبان نے جو اب تک پنجاب میں قدیم پنجابی اور لہندا اور دہلی میں ہریانی اور کھڑی کے اثرات قبول کر چکی تھی، آگرہ جا کر برج بھاشا سے بھی متاثر ہونے لگی۔ برج اس زمانے میں کرشن بھگتی تحریک کی وجہ سے خاصی مقبول تھی اور اسے ادبی وقار بھی حاصل تھا۔ لیکن شاہجہاں نے جب دوبارہ دہلی کو بسایا تو ایک بار پھر اس زبان کا ارتقا دہلی کی بولیوں کے اثر میں شروع ہوا۔ اب کی کھڑی بولی سب پر غالب آئی اور وہ زبان جس نے اٹھارہویں صدی کے آغاز میں "اردوئے معلیٰ" کا خطاب حاصل کیا اسی کھڑی بولی کی بنیادوں پر قائم ہے۔ غرض اردو زبان کا یہ ارتقائی سفر سات صدیوں تک جاری رہا۔ اردو پنجابی سے نکلی ہے نہ ہریانی سے، وہ نہ برج سے ماخوذ ہے اور نہ صرف کھڑی سے، بلکہ اس نے ان سب بولیوں سے اثر قبول کیا ہے۔ اردو کے قدیم نمونوں میں ان سب کی جھلک ملتی ہے اور اس کی تشکیل میں ان سب نے جو حصہ لیا ہے، اس سے انکار کرنا یا کسی ایک کو لے کر دوسری بولیوں کے اثرات کو نظر انداز کرنا صداقت کو ہاتھ سے دینا ہوگا۔ غرض ابتدائی اردو نے پنجابی، لہندا، ہریانی، برج سب سے مدد لی ہے اور اس کا جدید ادبی روپ کھڑی سے تعلق رکھتا ہے۔

مطبوعہ یونین پرنٹنگ پریس دہلی ۶ — صرف ٹائیٹل دیال پریس دہلی ۶ میں چھپا۔

جامعہ

سالانہ چندہ
چھ روپے

قیمت فی پرچہ
پچاس نئے پیسے

جلد ۴۶	بابت ماہ جون ۱۹۶۲ء	شمارہ ۸

فہرست مضامین

۱۔	ہندوستان کے سلاطین، علماء اور مشائخ کے تعلقات پر ایک نظر	جناب سید صباح الدین عبدالرحمن	۴۴۳
۲۔	شیخ محمد عبدہٗ	جناب ضیاء الحسن فاروقی	۴۵۷
۳۔	دیا جب رنج بتوں نے	جناب عبداللہ ولی بخش قادری	۴۶۵
۴۔	کامن ویلتھ اور ہندوستان	جناب شاہ عبدالقیوم	۴۷۱
۵۔	دو کنارے (نظم)	جناب شمیم نوید علی گڑھی	۴۷۷
۶۔	تعلیمی مسائل (امتحانات)	"معلم"	۴۷۸
۷۔	حالات حاضرہ	ع ل ا	۴۸۲
۸۔	تعارف و تبصرہ	ع ل ا	۴۸۷
۹۔	کوائف جامعہ	ع ل ا	۴۹۲

مجلس ادارت

پروفیسر محمد مجیب — ڈاکٹر سید عابد حسین

ڈاکٹر سلامت اللہ — ضیاء الحسن فاروقی

عبد اللطیف اعظمی (مرتب)

خط و کتابت کا پتہ

رسالہ جامعہ، جامعہ نگر، نئی دہلی

ہندوستان کے سلاطین علماء اور مشائخ کے تعلقات پر ایک نظر

(۲)

جناب سید صباح الدین عبدالرحمٰن

علماء اور صوفیہ کا اختلاف

یہ کہنا پڑتا ہے کہ یہاں کے باشندے صوفیہ کرام کے اخلاق اور کردار سے متاثر ہو کر اسلام کے حلقہ میں جوق جوق داخل ہو رہے تھے۔ تو علماء اور صوفیہ کی کش مکش سے خود مسلمانوں کو نقصان پہنچا اور یہ پڑھ کر دکھ ہوتا ہے، کہ جب چشتیہ سلسلہ کے بزرگوں خصوصاً حضرت نظام الدین اولیاء کے فیوض سے دہلی کے بدکار اپنی بدکاری سے باز آ رہے تھے بے نمازی، نماز کے پابند ہو گئے تھے، بدیانت بددیانتی اور بدمعاملگی کو چھوڑ رہے تھے، سود خواری، ذخیرہ اندوزی بند ہو گئی تھی، خواص اور عوام کے دلوں میں گناہ کا خوف غالب ہو گیا تھا، حتیٰ کہ شاہی خاندان کے افراد فسق و فجور سے پرہیز کرنے لگے، اس وقت بھی علماء کا ایک گروہ حضرت شیخ نظام الدین اولیاء کا مخالف تھا، اور ان کے سماع کی حلت و حرمت پر اتنا الجھا کہ ان کو ایک محضر میں حاضر ہو کر اپنے مذہبی عقائد واضح کرنا پڑا، اور اس محضر میں دہلی کے فقہاء نے عداوت اور حسد کا ایسا مظاہرہ کیا، کہ حضرت خواجہ کو کہنا پڑا کہ

"یہ شہر جس کے اندر ایسی معزورانہ بحث ہو کیسے آباد ہو سکتا ہے، عجب نہیں کہ اس کی اینٹ سے اینٹ بج جائے۔"

اور یہ واقعہ ہے کہ حضرت نظام الدین اولیاء کے بعد خدا جانے کتنی بار دہلی کی اینٹ سے اینٹ بجتی رہی، ایک مورخ تو یہ نہیں کہہ سکتا کہ دہلی کی یہ تباہی و بربادی اسی بددعا کا نتیجہ تھی، لیکن یہ ضرور ہے کہ اگر علماء اور صوفیہ دونوں مل کر مسلمانوں کے مذہبی اور روحانی جذبات کا صحیح مصرف لیتے رہتے

تو آج نہ صرف دہلی بلکہ ہندوستان کی تاریخ کچھ اور ہوتی۔

وجہ اختلاف

علماء کو صوفیہ کرام سے اختلاف کا بڑا سبب یہ تھا کہ وہ برابر ڈرتے تھے کہ کہیں طریقت و حقیقت کے انکار و مسائل میں شریعت گم ہو کر نہ رہ جائے، حالانکہ جتنے اکابر صوفیہ گذرے ہیں، وہ برابر کہتے رہے کہ جس طرح آفتاب سے نور، جوہر سے عرض، اور موصوف سے صفت جدا نہیں ہو سکتی ہے، اسی طرح شریعت حقیقت سے علیحدہ نہیں ہو سکتی، خود حضرت خواجہ معین الدین چشتی کی تعلیم یہ رہی کہ صوری حیثیت سے اخلاق کی تکمیل یہ ہے کہ سالک اپنے ہر کردار میں شریعت کا پابند ہو، جب اس سے کوئی بات خلاف شریعت سرزد نہ ہوگی، تو وہ دوسرے مقام پر پہنچے گا جس کا نام طریقت ہے اور جب اس میں ثابت قدم رہے گا تو معرفت کا درجہ حاصل کرے گا، اور جب اس میں پورا اترے گا تو حقیقت کا مرتبہ پائے گا اس کے بعد وہ جو کچھ مانگے گا اس کو ملے گا، اسی لئے خواجہ صاحب نے شریعت کے تمام ارکان اور جزئیات کی پابندی پر بڑا زور دیا ہے، اور یہی مسلک چشتیہ سلسلہ کے تمام بزرگوں کا رہا۔

سہروردیہ سلسلہ میں حضرت صدر الدین عارف فرمایا کرتے، کہ ایمان کی استقامت کی علامت یہ ہے کہ بندہ اللہ اور رسول کو محبوب رکھے، اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام پیغمبروں میں افضل سمجھے اور جو کچھ آپ نے فرمایا اس کو صحیح اور درست سمجھے، خواہ یہ باتیں عقل میں آئیں یا نہ آئیں اگر نہ آئیں تو بھی ان کو تسلیم کر لیں تاکہ اعتقاد درست رہے، کیونکہ خود رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ کے حکم کو جانا اور اس کی کیفیت معلوم کرنے کی کوشش نہیں کی، فردوسیہ سلسلہ کے بزرگوں میں حضرت شرف الدین یحییٰ منیری فرمایا کرتے تھے کہ

"باخدا دیوانہ باش و با شریعت ہوشیار"

اور اسی پر دوسرے خانوادوں کے بزرگوں کا بھی عمل رہا، لیکن رفتہ رفتہ صوفیہ میں کچھ ایسا بھی پیدا ہو گیا، جو کہتا کہ ایمان کی علت معرفت ہے، اگر معرفت ہو اور طاعت نہ ہو تو اللہ تعالیٰ بندے سے مواخذہ کرے گا، لیکن اطاعت ہو اور معرفت نہ ہو تو بندہ نجات نہیں پائے گا۔ علماء کی نظروں میں یہ باتیں کھٹکتیں اور گو اکابر صوفیہ خود اس کی تردید کرتے رہتے کہ وہ معرفت پسندیدہ نہیں، جس میں

طاعت نہ ہو، ان کے نزدیک معرفت شوق کا نام ہے۔ اور شوق اور محبت کی علامت طاعت ہے، شوق اور محبت جس قدر زیادہ ہوتی جائے گی، اسی قدر فرمان الٰہی کی تعظیم بڑھتی جائے گی۔

علماء کا بعض ایسے صوفیوں کا مخالف ہونا بھی صحیح تھا جو اسلامی تصوف کی پیروی کسی حال میں نہیں کرتے تھے، مثلاً فیروز شاہ تغلق کے عہد میں ایک صوفی احمد بہاری نامی اپنے مریدوں کو ترک و تجرید کی تعلیم دیتے اور (نعوذ باللہ) رسول اللہ صلی اللہ کی شان میں گستاخانہ باتیں کیا کرتے تھے، اور پھر اپنے کو خدا سمجھتے۔ فیروز شاہ تغلق نے ان کے پاؤں میں زنجیر ڈلوا کر اپنے سامنے بلایا اور ان کو قتل کرا دیا۔

حضرت شرف الدین یحییٰ منیری کو ان کے قتل پر رنج ہوا، گو وہ خود شریعت کے بہت پابند تھے، لیکن احمد بہاری کی باتوں کو عالم دیوانگی پر محمول کیا۔ اور وہ درحقیقت ان کو بزرگ سمجھتے تھے، چنانچہ اپنے ایک مکتوب میں لکھتے ہیں کہ "جس شہر میں ایسے بزرگوں کا خون بہایا جائے، تعجب ہے اگر وہ آباد رہے"۔ اور مورخوں کا خیال ہے کہ تیمور کے ہاتھوں جو دہلی برباد ہوئی تو اسی کا خون رنگ لایا۔

اسی طرح عین الملک ماہرو کے ایک غلام نے صوفی بن کر مریدوں کو تاکید کی کہ "یا الحق کہوں تو سب بلند آواز سے "توئی توئی" کہو۔ فیروز شاہ نے علماء کے فتوے پر اس کو قتل کرا دیا۔

علماء ایسے صوفیہ کی بھی برابر گرفت کرتے رہتے جو محض دنیاوی مال و منال اور جاہ و حشمت کی خاطر اپنے کو صوفی ظاہر کرتے اور اکابر صوفیہ کے جانشین بن کر اپنے مورث اعلیٰ بلکہ خود تصوف کو بدنام کرتے اور یہ دیکھ کر دکھ ہوتا ہے کہ اکابر صوفیہ کے جانشینوں یا ان کے مقبروں کے مجاوروں نے ان کے ملفوظات کے مجموعوں میں ایسی ایسی باتوں کا اضافہ کر دیا ہے، جو وہ اپنی زندگی میں کسی طرح برداشت کرنے کے لئے تیار نہیں ہو سکتے تھے،

حضرت خواجہ بختیار کاکی کے مجموعۂ ملفوظات فوائد السالکین میں ہے کہ ایک مرتبہ حضرت خواجہ معین الدین چشتی قدس سرہٗ کی خدمت میں ایک شخص بیعت ہونے کے لئے حاضر ہوا، اور ان کے قدموں پر سر رکھ کر عرض کیا، میں مرید ہونے کے لئے حاضر ہوا ہوں۔ حضرت خواجہ اس وقت اپنے حال میں تھے۔ فرمایا اس شرط پر مرید ہو سکتے ہو کہ ایک مرتبہ کہو "لا الٰہ الا اللہ چشتی رسول اللہ"۔ چونکہ وہ صحیح العقیدہ تھا اس لیے اس نے آپ کے ارشاد کی تعمیل کی، اور غریب نواز نے اس کو مرید کر لیا، اور

خلعت خاص سے سرفراز فرمایا اگر ہم اس روایت کو الحاقی سمجھ کر رد کر دیں تو پھر کسی بحث کی گنجائش ہی باقی نہیں رہتی۔

مریدوں اور معتقدوں کا ایک ایسا گروہ بھی پیدا ہو گیا تھا جو اس قسم کے ملفوظات کی تاویلیں کرنے میں اپنی ساری لیاقت خرچ کرتا رہا، اور رفتہ رفتہ تصوف ایک ایسا فلسفہ بن گیا، کہ توحید، ایمان، نفس کشی، ولایت، کرامت، فنا و بقا، غیبت و حضور، جمع و تفرقہ، حلول روح، معرفت، عشق الٰہی، وصال الٰہی، مشاہدہ حق وغیرہ جیسے مسائل پر علماء اور صوفیہ کے درمیان مستقل اختلاف پیدا ہو گیا، وحدت الوجود کا مسئلہ تو خاص طور پر ان دونوں میں اختلاف کی خلیج کے وسیع ہونے کا سبب بن گیا، اور اس سلسلہ میں جو مباحث ہوتے علماء ان کو بدعت اور گمراہی قرار دیتے تھے، اور ان پر عقیدہ رکھنے والے کو عالم یا بزرگ سمجھنے کے لئے تیار نہ ہوتے تھے۔

عوام کو ان علمی مباحث سے کوئی دلچسپی نہ تھی، لیکن وہ صوفیہ کرام کی کرامتوں اور روحانی طاقتوں کو دیکھ کر ان کے گرویدہ اور معتقد رہتے، اور ان کی وفات کے بعد بھی ان کو زندہ سمجھتے، اس طرح ان بزرگوں کی حکومت برابر جاری رہتی، علماء کا ایک گروہ اس قبر پرستی کے ہمیشہ خلاف رہا، لیکن عوام کی مخالفت سے کبھی بھی متاثر نہیں ہوئے، اور صوفیہ کی قبریں ابھی تک نہ صرف مسلمانوں بلکہ ہندوؤں کی زیارت گاہیں بنی ہوئی ہیں، اور ہندو بھی مسلمانوں ہی کی طرح ان سے منتیں اور مرادیں مانگتے ہیں، اور نذریں چڑھاتے ہیں۔

یہ قبر پرستی مذہبی لحاظ سے تو کسی طرح جائز نہیں قرار دی جا سکتی، لیکن ہندوستان کا جو مذہبی ماحول تھا، اس میں اس بدعت کا ایک روشن پہلو حسب ذیل لطیفہ سے ظاہر ہوتا ہے، اکبری عہد میں رام مان سنگھ کے دربار میں ایک سید اور ایک برہمن میں مذہبی بحث چھڑ گئی، دونوں اپنے اپنے مذہب کی فضیلت بیان کرتے رہے، لیکن کوئی دوسرے کو قائل نہ کر سکا، آخر میں مان سنگھ پر فیصلہ چھوڑ دیا گیا اس نے کوئی فیصلہ دینے سے یہ کہہ کر گریز کیا، کہ اگر میں مذہب اسلام کو ترجیح دوں تو لوگ بادشاہ وقت کی خوشامد پر محمول کریں گے، اور اگر اس کے برعکس رائے دوں تو تعصب سمجھا جائے لیکن جب ان سے اصرار کیا گیا، تو کہا مذہبی حقائق کی بنا پر تو فیصلہ دینا مشکل ہے، لیکن دیکھتا ہوں کہ ہندو

خواہ کیسے گنوار پنڈت یا دھیانی فقیر ہو مرنے پر جلا دیا گیا، اس کی خاک اڑ گئی، رات کو وہاں کوئی، تو آسیب کا خطرہ محسوس کرتا ہے، لیکن مسلمانوں کے جس شہر یا قصبہ یا گانوں میں گنبد و بزرگ پڑتے ہیں ان کے مزار پر چراغ جلتے ہیں پھول مہکتے ہیں، چڑھاوے چڑھتے ہیں اور لوگ ان کی ذات سے فیض پاتے ہیں۔

اور جب ہندوستان کے مسلمان حکمراں اپنے تخت و تاج کے لئے ایک جگہ سے دوسری جگہ فوج کشی میں مشغول تھے، تو خانقاہوں کے یہ بوریا نشیں انسانوں کے قلوب کی تسخیر کر رہے تھے، رفتہ رفتہ دو متوازی حکومتیں قائم ہو گئیں، ایک تو ان کی تھی، جن کے ہاتھوں میں تلواریں تھیں، اور ایک ان کی جن کے گھروں میں فقر و فاقہ تھا، اور جب یہاں کے باشندے مسلمان حکمرانوں کی تلوار کو اسلام کی تلوار سمجھ کر اس سے آزردہ اور خوف زدہ ہو رہے تھے، تو ان فقر و فاقہ والوں کے ذریعہ ہندوستان میں اسلام کے باطنی مزاج کو دیکھ کر، ان کے دلوں میں اسلام کی سچی عظمت اور شوکت قائم ہو رہی تھی، اور خود مسلمان عوام ان ہی کے نمونے دیکھ کر اپنے اخلاق و کردار سنوار رہے تھے۔ کیونکہ یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ مسلمانوں کے اعلیٰ اخلاق کی تعلیم کا مرکز علماء کا حلقہ، درس و تدریس یا ان کا مسکن نہیں رہا، اور نہ سلاطین کے دربار ہی میں اس کے جلوے دکھائی دیئے۔ بلکہ مسلمانوں نے ایثار، محبت، خودداری، رواداری، انسان دوستی، توکل اور تحمل جیسے اخلاق حمیدہ کی تعلیم ان صوفیہ کرام کی خانقاہوں میں ہوئی۔

علماء صوفیہ کے آستانے پر

جن علماء نے ان بزرگوں کی مخالفت کی، اس سے ان بزرگوں کی ذات کو تو کوئی نقصان نہیں پہنچا، اور نہ عوام اس سے متاثر ہوئے، البتہ ان کے ذہن میں یہ انتشار ضرور پیدا ہو گیا، کہ علماء اور صوفیہ دو علیحدہ چیزیں ہیں، یہ انتشار اس وقت دور ہو جاتا جب علماء خود صوفیہ کے آستانے پر آکر جھک جاتے۔ اور اس کی مثالیں بکثرت ہیں، حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء کے خلیفہ حضرت برہان الدین غریب دولت آباد پہنچے، تو وہاں کے ایک عالم مولانا سید زین الدین کو اپنے علم کا بڑا غرور تھا، وہ صوفیہ اور مشائخ سے دور بھاگتے، اور ان کے متعلق اچھے الفاظ استعمال نہ کرتے، لیکن رفتہ رفتہ وہ حضرت برہان الدین غریب کے قائل ہوتے گئے، اور ایک روز ان کی قیام گاہ

پہنچے تو جب سامنا ہوا تو دوڑ کر اپنی پیشانی ان کے قدموں پر جھکا دی، حضرت برہان الدین نے فرمایا یہ مولانا یہ رسم شریعت میں جائز نہیں۔ مولانا نے کہا جب تک میں اس رسم کو شریعت کے خلاف جانتا تھا نعمت باطنی سے محروم تھا۔

دہلی کے مولانا نصیر الدین قاسم اپنے علم اور تقویٰ میں بہت مشہور تھے، ان کے استاد مولانا معین الدین عمرانی کو ان پر فخر تھا، لیکن وہ حضرت سید گیسو دراز کے قائل نہ تھے۔ لیکن آخر میں ان سے بیعت ہو گئے مولانا معین الدین عمرانی کو اس کی خبر ہوئی۔ تو مولانا نصیر الدین قاسم کو بلا کر کہا تم تو خود عالم تھے پھر سید محمد کے مرید کیوں ہو گئے، مولانا نصیر الدین نے عرض کیا پہلے عالم تھا، اب حضرت مخدوم کے سامنے مسلمان ہوا ہوں۔

وحدت الوجود کا تنازعہ

حضرت مجدد الف ثانی اور حضرت شاہ ولی اللہ بڑے پایہ کے عالم تھے، اور کہا جاتا ہے کہ ان کے نور باطن میں شرارۂ علم زر خالص کی طرح اس لئے چمکا، کہ دونوں سلوک کی آتشیں راہیں طے کر کے اپنی منزل مقصود کو پہنچے، اور دونوں کا یہ بڑا کارنامہ ہے کہ علماء اور صوفیہ کے اختلافات کو کم کر کے ایک دوسرے سے قریب تر کیا، اور پھر دونوں نے خود تصوف کو آب زلال سے دھونے کی کوشش کی اس سلسلہ میں انھوں نے وحدت الوجود کے تنازعہ فیہ مسئلہ میں بڑی وضاحت پیدا کی، اس مسئلہ سے علماء اور صوفیہ میں بڑی تلخیاں پیدا ہوتی رہی ہیں۔

میرا خیال ہے کہ ہندوستان میں وحدت الوجود کی علمی بحث سب سے پہلے حضرت شرف الدین یحییٰ کے مکتوبات سے شروع ہوتی ہے، وہ لکھتے ہیں کہ مجاہدہ اور ریاضت کی کثرت سے سالک ایسا مستغرق ہو جاتا ہے، کہ عالم جو آئینہ حیرت ہے، اس کو نظر نہیں آتا، ساری ہستیاں اس کی نظر میں گم ہو جاتی ہیں، اور وہ اللہ تعالیٰ کے سوا کچھ اور نہیں دیکھتا، اس پر فنائیت طاری ہوتی ہے۔ اس کو فنا فی التوحید یعنی ہمہ اوست کہتے ہیں، فنا فی توحید کے بعد بھی ایک مرتبہ جس کا نام الفنا عن الفنا ہے، اس مرتبہ میں سالک کو کمال استغراق میں اپنی فنائیت کی بھی خبر نہیں ہوتی اور وہ خدا کے جلال، اور جمال میں کوئی فرق اور تمیز نہیں کر سکتا، کیونکہ یہ تمیز باقی رہ جاتی ہے تو یہ تفرقہ کی دلیل ہے، عین الجمع اور جمع الجمع کا مقام اسی وقت حاصل ہوتا ہے جب سالک اپنے کو اور

کل کائنات کو خدا کے دریائے نور میں غرق کر دیتا ہے، اور اس کو خبر نہیں ہوتی ہے، کہ کون اور کیا غرق ہوا اس مقام تفرید میں پہنچ کر سالک کو وحدت الوجود کی حقیقت کا انکشاف ہوتا ہے اور وہ ایسا محو ہو جاتا ہے کہ اس کو اسم و رسم وجود و عدم عبارت و اشارت، عرش و فرش اور اثر و خبر سے کوئی واقفیت نہیں ہوتی، اور اس مقام کے سوا کہیں اور جلوہ گر نہیں ہوتا، یہاں کے سوا اس کا نشان کہیں اور ظاہر نہیں ہوتا، اس جگہ حضرت شرف الدین یحییٰ منیری نے بطور انتباہ لکھا ہے، کہ توحید وجودی علم کے درجہ میں ہو یا شہود کے ابتدائی درجہ سے انتہائی درجہ میں ہو، ہر درجہ میں بندہ بندہ ہے، خدا خدا ہے، اس لئے انا الحق سبحانی ما اعظم شانی (میں خدا ہوں، میں پاک ہوں اور میری شان کس قدر بڑی ہے)، وغیرہ کہنا کلمات کفر ہیں۔

وحدت الوجود کی زیادہ تفصیلی بحث حضرت اشرف جہانگیر سمنانی کے یہاں ملتی ہے، ان کے نزدیک ہمہ اوست ہی حقیقت توحید ہے، اور اس کو انھوں نے آیات قرآنی، احادیث نبوی اور دوسرے دلائل سے صحیح ثابت کیا ہے، اس دور میں جتنی بحثیں ہوتی رہیں ان میں شریعت کا دامن کسی حال میں نہیں چھوڑا گیا۔ مگر آگے چل کر یہ ایک مستقل فتنہ بن گیا، اور کچھ ایسے صوفیہ پیدا ہو گئے، جو توحید وجودی کے آڑ میں شرعی احکام سے مداہنت اور اغماض کرنے لگے۔ اور ان کے دلائل یہ تھے۔ کہ شریعت حقیقت کا چھلکا ہے، اور حقیقت شریعت کا گودا ہے، اور جب حقیقت حاصل ہو جائے تو شریعت کی ضرورت باقی نہیں شریعت کے آنے کا مطلب یہ تھا کہ معرفت حاصل ہو اور جب معرفت حاصل ہو جائے تو شریعت کی پابندی سے آزادی ہو جاتی ہے، شرعی احکام کی پابندیاں صرف عوام کے لئے ہیں، خواص امت کو معرفت حاصل ہو جاتی ہے تو پھر ان کو نماز روزے کی ضرورت باقی نہیں رہتی، کیونکہ نماز کی بنیاد تو اس پر ہے کہ آدمی اور خدا دو جداگانہ چیزیں یعنی غیر و غیریت پر مبنی ہے، اور جب یہ غیریت دور ہو جائے تو پھر نماز کی پابندی بیکار چیز ہے، وہ عذاب ثواب کے بھی منکر ہو گئے، کیونکہ وہ کہتے کہ وہ وحدت سے نکل کر کثرت میں آئے اور کثرت سے وحدت میں گم ہو جائیں گے اور پھر ایسے صوفیہ طرح طرح کی بدعتوں میں مبتلا ہوتے گئے، مثلاً وہ اپنے مریدوں کو حکم دیتے کہ وہ ان کو سجدہ کریں، وہ حسین و جمیل صورتوں کی صحبتوں کو زیادہ پسند کرنے لگے۔

اور کہتے کہ حسن و جمال واجب الوجود سے مستعار ہے، اسی لئے حسینوں کی محبت رسائی حق کی راہ ہے، وہ سادہ رخوں کے رنگ میں اللہ ہی کے ایا رنگ دیکھتے اور حسینوں کے غمزوں اور عشوؤں کے ذریعہ مجازی عشق سے حقیقی عشق تک پہنچنے کا ذریعہ سمجھتے۔

ان خام صوفیوں کی کوتاہ بینی سے نہ صرف تصوف بدنام ہوا بلکہ اسلامی شریعت میں بھی گمراہی اور ضلالت پیدا ہونے لگی۔

حضرت مجدد صاحب کے تجدیدی اور اصلاحی کارناموں کی وجہ سے اس گمراہی میں بڑی رکاوٹ پیدا ہوگئی۔ انھوں نے وحدت الوجود کا ازالہ وحدت شہود کی بحث سے کر دیا، وہ بہت بڑے عالم بھی تھے اور انھوں نے راہ سلوک میں ان تمام منزلوں کو بھی طے کیا تھا، جہاں عام صوفیوں کا طائر خیال بھی نہیں گیا تھا، انھوں نے واضح کیا کہ جس مقام پر جاکر صوفیوں کو وحدت الوجود محسوس ہوتا ہے۔ وہ سلوک کی آخری منزل نہیں، بلکہ درمیانی منزلوں کی واردات ہیں جہاں سالک کو محسوس ہوتا ہے کہ وجود ایک ہی ہے، اور اس ایک ذات کے سوا کچھ موجود نہیں، لیکن آگے بڑھ کر معلوم ہوتا ہے کہ یہ محض وحدت شہود ہے، یعنی صرف ایسا نظر آتا ہے وحدت وجود نہیں یعنی واقع میں ایسا نہیں ہے، اس وحدت شہود کے بعد عبدیت کا مقام آتا ہے، جہاں پہنچ کر خالق کائنات کی جداگانہ حقیقتیں روز روشن کی طرح عیاں ہو جاتی ہیں، اسی لئے مقام عبدیت اور ایمان بالغیب حضرت مجدد الف ثانی کے یہاں لفظوں ایک ہی ہیں۔ حضرت مجدد نے ان علمی مباحث کو کچھ ایسے موثر انداز میں پیش کیا کہ وحدت الوجود کی فتنہ انگیزیاں دب کر رہ گئیں، آگے چل کر حضرت شاہ ولی اللہ نے ان جھگڑوں کو مٹانے کی خاطر یہ ثابت کرنے کی کوشش کی، کہ اہل وجود اور اہل شہود کے درمیان فقط نزاع لفظی ہے، اور فرق تعبیری ہے، حقیقی اور واقعی نہیں، ان مباحث سے یہ فائدہ ضرور پہنچا کہ وحدت الوجود کا مسئلہ عملی زندگی میں غیر موثر ہو گیا۔ اور یہ شاعروں یا بعض صوفیوں کے یہاں ایک روایتی عقیدہ بن کر رہ گیا۔

اورنگ زیب کے زمانے میں حضرت سرمد شہید کے شطحیات پر بھی علماء نے دار و گیر کی، لیکن ان کی شہادت کے سلسلہ میں بعض ایسے اسباب بھی تھے جن کو بحث میں لانا میرے موضوع سے باہر ہے البتہ عالمگیری دور میں دارا نے توحید وجودی کو ایک دوسرے رنگ میں پیش کرنا شروع کیا، اس نے

اپنے رسالہ حنات العارفین میں یہ ظاہر کرنے کی کوشش کی ہے کہ توحید و معرفت کے منازل و مدارج میں ایک ایسا مقام بھی آتا ہے جب ایک سالک شریعت، کفر، ایمان، خیر، شر، عبد اور معبود سے بالکل بے نیاز ہو جاتا ہے اور بیخودی میں اس کی زبان سے ایسے کلمات نکلتے ہیں جو بظاہر جذب و ایمان کے منافی ہوتے ہیں لیکن وہ قابل مواخذہ نہیں، اور وہ یہ بھی لکھتا ہے کہ اس کی زبان سے شطحیات صادر ہوئیں اور اسی مقام کے وجد و ذوق میں وہ صوم و صلوٰۃ سے مستغنی ہو گیا، لیکن راسخ العقیدہ علماء نے یہ کہہ کر اس کی مخالفت کی کہ بعض شطحیات ایسی ضرور ہیں جو بعض صوفیائے کرام کی زبانوں سے غیر اختیاری طور پر نکلیں لیکن وہ خود دارا کی طرح ان کے جواز کے قائل نہ تھے، کیونکہ اسلامی تصوف کسی حال میں شریعت کے دائرہ سے الگ نہیں کیا جا سکتا ہے، اور جب دارا نے مجمع البحرین لکھی تو علماء کے حلقہ میں ایک ہلچل پیدا ہو گئی، اس کتاب میں دارا نے اسلام اور ہندو مذہب کو ایک ہی سمندر کے دو دھارے بتلائے ہیں، اور ان دونوں کو ملانے کی کوشش کی ہے، اور یہ بھی بتایا ہے کہ اسلامی تصوف کسی حال میں شریعت کے باہر نہیں اور اس میں اور فلسفۂ ویدانت میں لفظی اختلاف کے سوا کوئی اور فرق نہیں، توحید کے شیدائی ان دونوں میں سے جس کی بھی تقلید کریں حقانیت کی منزل تک پہنچ سکتے ہیں، اس کتاب پر علماء نے دارا کو مرتد قرار دیا اور آگے چل کر اس کے یہی عقائد اس کے زوال اور موت کا سبب بنے، دارا کی اس رواداری اور وسیع المشربی کی وجہ سے ایک گروہ کی رائے ہے، کہ اگر دارا تخت پر بیٹھتا تو ہندوستان میں مسلمانوں کی سلطنت باقی رہتی۔ ایک دوسرا گروہ یہ بھی کہتا ہے کہ دارا کی تخت نشینی سے مسلمانوں کی سلطنت تو باقی رہتی لیکن اسلام ختم ہو گیا ہوتا۔ اورنگ زیب کے بعد ہندوستان میں مسلمانوں کی سلطنت تو ختم ہو گئی لیکن اسلام باقی رہ گیا۔

اورنگ زیب حضرت مجدد الف ثانی کی تعلیمات سے متاثر رہا، اسی لئے ان کے فرزند ارجمند حضرت محمد معصوم قدس سرہٗ سے برابر رشد و ہدایت پاتا رہا، پہلے ذکر آچکا ہے، کہ حضرت مجدد کے زمانے میں اسلامی معاشرت میں بھی گمراہی پیدا ہو گئی تھی، جس کو حضرت زندیقیت سے تعبیر کرتے تھے، انھوں نے اپنے تجدیدی اور اصلاحی تحریکوں میں سارا زور اس پر دیا کہ ہر مسلمان خواہ بادشاہ ہو

یا ادنیٰ رعایا، عالم ہو یا جاہل، امیر ہو یا غریب، عارف ہو یا سالک اپنے عقائد اور اعمال کو کتاب و سنت کے مطابق صحیح کرے، اور ان ہی علماء اور صوفیہ کا تتبع کیا جائے، جنھوں نے صحابہ کرام اور اسلاف صالحین کے سرچشمے سے فیض اٹھایا ہے، اور شریعت کی پابندی ہر حال میں ضروری ہے۔ اور جو شخص باطن کو درست کرتا ہے، اور ظاہر کو یونہی چھوڑ دیتا ہے، وہ بھی قابل تقلید نہیں، اور جو عارف شرعی احکام کی پابندی کو ضروری نہیں سمجھتے، وہ جاہل ہیں، احوال باطنی کا احکام شرعیہ سے آراستہ ہونا ضروری ہے، اگر علوم لدنیہ کی مطابقت صریح علوم شرعیہ سے نہیں، تو ایسے تمام علوم کو حاصل کرنا الحاد اور بے دینی ہے، اورنگ زیب نے اپنے عہد میں ان تعلیمات کو عمل میں لانے کی کوشش کی۔ گو ایک گروہ یہ بھی کہتا ہے کہ اورنگ زیب کی یہ کوشش بہت زیادہ بارآور نہیں ہوئی۔

صوفیہ کرام اور درباری تعلقات

صوفیہ کا ایک گروہ ایسا بھی تھا، جو حکمراں طبقہ سے میل جول بڑھا کر مخلوق خدا کو فائدہ پہنچانے میں لگا رہا، سہروردیہ سلسلہ کے بزرگوں نے سلاطین کے درباروں تک پہنچنے میں احتراز نہیں کیا حضرت بہاؤالدین زکریا ملتانی نے تو شیخ الاسلام کا عہدہ بھی قبول کیا، اور ان کے پوتے حضرت رکن الدین نے تو قطب الدین مبارک خلجی جیسے حکمرانوں کے یہاں بھی جانے میں تامل نہیں کیا اور جب وہ دربار تشریف لے جاتے، تو راستہ میں اپنی سواری تخت رواں کو ٹھہراتے چلتے، تاکہ اہل ضرورت اپنی درخواستیں سلطان کی خدمت میں پیش کرنے کے لئے ان کی سواری پر ڈال دیں، بعض ضرورت مندوں کی معروضات زبانی بھی سنتے تھے، اور جب دربار پہنچتے تو ان درخواستوں کو سلطان کی خدمت میں پیش کرتے، اور ان پر احکام صادر کراتے اس طرح شاہی قربت سے خلق اللہ کو بڑا فائدہ پہنچتا رہتا۔

صوفیہ کا ایک گروہ ایسا بھی ضرور تھا جو بادشاہت اور امارت سے بہت دور رہتا تھا کیونکہ وہ فقیری کی شان اپنی گمنامی اور بے نشانی میں سمجھتے تھے، سلاطین اور امراء کے تعلقات سے راحت پسندی اور ہزیمت پروری کا خطرہ محسوس کرتے تھے، ان کا قول تھا کہ اغنیا کی صحبت فقراء

کے لئے سم قاتل ہے، وہ سلاطین اور امراء کے نذرانے بھی قبول نہیں کرتے، بلکہ بادشاہوں کی ملاقات کو بھی دنیاوی نجاست تصور کرتے رہے، ایک بار حضرت رکن الدین دہلی سے واپسی میں پاک پٹن میں ٹھہرے اور حضرت بابا گنج شکر کے پوتے اور اس خانقاہ کے سجادہ نشین سے ملاقات کے وقت معانقہ کیا، تو آخر الذکر نے غسل فرمایا کہ ان میں بھی نجاست لگ گئی ہے، حضرت رکن الدین نے ان کے غسل فرمانے پر ان کی احتیاط کو سراہا، اور اپنی ذات سے ندامت کا اظہار کیا۔

صوفیہ کرام کی شان استغنا

لیکن کچھ صوفیہ ایسے بھی گزرے ہیں جن کا تعلق اگر شاہی دربار سے ہو جاتا، تو اس سے کوئی مالی فائدہ اٹھانے سے پرہیز کرتے، اور سلطان التمش حضرت بختیار کاکی کا مرید تھا، اس نے اپنے وزیر کے معرفت کچھ گاؤں کا فرمان لے کر ان کی خدمت میں بھیجا، خواجہ صاحب نے لینے سے انکار کیا اور فرمایا کہ ہمارے خواجگان نے کسی سے گاؤں قبول کیا ہوتا تو ہم بھی قبول کر لیتے، اگر ہم گاؤں لے لیں تو قیامت کے روز اپنے خواجگان کو کیا منہ دکھائیں گے۔ سلطان ناصر الدین محمود نے حضرت فرید الدین گنج شکر کی خدمت میں اپنے وزیر الغ خاں کو چار گاؤں کا فرمان اور ایک کثیر رقم بطور ہدیہ دے کر بھیجا، مگر انھوں نے یہ کہہ کر واپس کر دیا، کہ ان کو دو، جن کو ضرورت ہو، اسی طرح ایک بار ان کی خدمت میں دالی اجودھن نے کچھ گاؤں اور نقد رقم پیش کرنے کی کوشش کی، تو فرمایا کہ اگر میں یہ گاؤں اور رقم لے لوں تو مجھے لوگ درویش نہ کہیں گے مال دار کہیں گے، اور درویش ولیہ دار میرا لقب ہو جائے گا، اور اگر امراء کے سلاطین اور امراء کچھ نذرانے اکابر صوفیہ کو پیش کرتے، تو وہ ایک ہاتھ سے لے کر دوسرے ہاتھ سے مساکین اور غربا میں تقسیم کر دیتے۔"

سلطان محمد تغلق نے حضرت شیخ قطب الدین منور کے پاس شہزادہ فیروز اور ضیاء الدین برنی کو ایک لاکھ تنکہ دے کر ان کے پاس بھیجا، شیخ نے اتنی بڑی رقم دیکھ کر فرمایا: یہ درویش ایک لاکھ تنکہ لے کر کیا کرے گا، شہزادہ فیروز اور مولانا ضیاء الدین سلطان کے پاس واپس گئے،

سلطان نے پچاس ہزار تنکے دے کر پھر دونوں کو بھیجا، شیخ نے ان کو قبول نہیں کیا، اور بالآخر دو ہزار تنکے بھیجے گئے، لیکن ان کو بھی قبول نہیں کیا۔ اور فرمایا درویش کے لئے دو سیر کھچڑی اور ایک سیر روغن کافی ہے، لیکن بہت اصرار کیا، تو دو ہزار کی رقم لے لی، کچھ تو اپنے مرشد خواجہ نظام الدین اولیاء کے مزار کے لئے محفوظ رکھی، اور بقیہ فقراء میں تقسیم کر دی۔

اسی طرح محمد تغلق نے حضرت شرف الدین یحییٰ منیری کے اخراجات کے لئے پرگنہ جاگیر کا فرمان جاری کیا، اور اپنے مقطع کو حکم دیا، کہ اگر وہ قبول نہ کریں، تو زبردستی دیا جائے، شاہی مقطع کی جاں بخشی کی خاطر یہ جاگیر قبول کر لی، لیکن فیروز شاہ تغلق کے عہد میں دہلی جا کر یہ فرمان واپس کر دیا کہ یہ میرے کام کا نہیں، فیروز شاہ تغلق نے حصول برکت کے خاطر کچھ خدمت کرنی چاہی اور ایک بڑی رقم پیش کی۔ اس کو قبول تو فرما لیا، لیکن شاہی دربار سے نکلتے ہی فقراء اور مساکین میں تقسیم کر دیا، اور درویشانہ استغنا کے ساتھ خالی ہاتھوں وطن کی طرف مراجعت کی۔

حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء کا مطبخ ہمیشہ گرم رہتا، کئی ہزار فقراء اور مساکین ان کے مطبخ میں روزانہ کھانا کھاتے، اس لئے ان کے یہاں بہ کثرت نذرانے آتے، لیکن دن کو جو چیزیں خانقاہ میں آتیں شام تک تقسیم کر دی جاتیں، خانقاہ میں دنیاوی ساز و سامان جمع ہو جاتے تو اس کو دیکھ کر ان پر گریہ طاری ہو جاتا، اور اگر کسی وقت کوئی قیمتی چیز بطور تحفہ آ جاتی تو اور بھی زیادہ آہ و بکا کرتے، اور ہدایت دیتے کہ اس کو جلد از جلد تقسیم کر دیا جائے، اور جب سارا مال تقسیم ہو کر محتاجوں کو پہنچ جاتا تو ان کو اطمینان ہوتا، ہر جمعہ کے دن تجرید فرماتے، تمام حجروں اور انبار خانوں کو یہاں تک خالی کراتے، کہ جھاڑو دیدی جائے، اس کے بعد جامع مسجد تشریف لے جاتے، اور اطمینان سے نماز ادا فرماتے۔ وہ بادشاہوں اور شہزادوں سے تحفے اور ہدیے قبول نہیں کرتے، کوئی چیز کرتا تو ایک آہ سرد کھینچ کر فرماتے آہ! یہ لوگ درویشی کو غارت کرتے ہیں۔

درویشی کی غارت گری

آگے چل کر ان بزرگوں کی شان استغنا ان کے تمام سجادہ نشینوں اور ان کی اولادوں میں باقی نہیں رہی، اور انھوں نے مال دار اور دلیہ دار بن کر درویشی کو غارت کیا، اور ان کو اپنا تنا خوا

بنا کر سلاطین اور امراء ناجائز فائدے اٹھاتے رہے۔

دارا شکوہ کے پیر ملا جیو اپنے مریدوں سے کہا کرتے تھے، کہ جس طرح میں دارا کے حال کی طرف متوجہ رہتا ہوں، تم بھی رہا کرو، اگر تم اس کی طرف متوجہ نہ ہوگے تو خدا سے پھر جاؤ گے وہ اپنے مریدوں کو دارا شکوہ ہی کی صورت کا مراقبہ کرنے کی تلقین کرتے تھے۔

آخری دور میں حضرت شاہ کلیم اللہ دہلوی حضرت شاہ نظام الدین اورنگ آبادی حضرت شاہ فخر الدین دہلوی جیسے بزرگوں نے صوفیہ کرام کی عظمت، استغناء اور توکل کی شان کو برقرار رکھنے کی کوشش ضرور کی، لیکن دنیادار صوفیہ کی بدعات، عملیات، غیر شرعی حرکات کی ایسی بہتات ہوئی، کہ نہ صرف وہ بدنام ہوئے بلکہ تصوف پر بھی نکتہ چینی ہونے لگی۔ اور خود حضرت شاہ ولی اللہ کو یہ کہنا پڑا کہ اگر احبار یہود کی حالت دیکھنا چاہو تو آج کل کے علماء کو دیکھ لو اور اگر راہبوں کا نقشہ دیکھنا چاہتے ہو تو آج کل کے مشائخ کے سامنے بیٹھ کر کھینچ سکتے ہو، اور ان ہی دنیادار صوفیہ کی وجہ سے خانقاہوں کی اہمیت بھی جاتی رہی، اور جہاں علم، معرفت، تقویٰ، دین داری، اخلاص استغناء، توکل، حقوق العباد، حقوق اللہ اور تہذیب نفس کی بہترین تعلیمات حاصل ہوا کرتی تھیں، وہاں بدعات، عملیات اور تعویذ اور گنڈے کے سوا کچھ بھی نہیں رہا۔ مسلمان بزرگوں کی قبروں پر جاکر جانور چڑھاتے اور ان کی قربانی کرتے۔ مدار صاحب اور سید سالار کی قبروں کی زیارت کو فریضۂ حج کے برابر سمجھتے اور بزرگوں کی قبروں کو سجدہ گاہ بناتے، عورتیں پیروں کے نام پر نذرے رکھتیں، اور اس کو اپنی حاجت براری کا ذریعہ سمجھتیں، بعض علماء ان مرکزوں کو غیر اسلامی شعار کا اڈہ سمجھ کر تصوف کے بھی مخالف ہو گئے۔

نتائج

خانقاہوں کی مرکزیت اور اہمیت ختم ہونے کے ساتھ مسلمانوں کی مذہبی روحانی، اور اخلاقی زندگی بھی کھوکھلی ہوتی گئی، اور وہ اپنے عہد حکومت میں برابر ذہنی بحران میں مبتلا رہے، ان کا دماغ حکمراں طبقہ کی طرف رہا، کیونکہ ان ہی کے ذریعہ ان کو دنیا ملتی تھی، لیکن جن کے ذریعہ ان کو دین ملتا، وہ حکمراں طبقہ کو ایک نجس اور پلید جنس سمجھتے رہے، اور پھر جہاں ان کی روح کی جلا ہوتی،

وہ ان دونوں کو اپنے سے بالکل علیحدہ پاتا۔ اس سے مسلمان ایک ذہنی کش مکش میں مبتلا ہو گئے، و
کبھی اپنے جان و مال کے نگہبان، کبھی اپنے ایمان کے پاسبان اور کبھی اپنی روح کے محافظ کرتا کہ
اور زبان حال سے ان تینوں میں ہم آہنگی اور باہمی ربط کے خواہاں ہوتے، لیکن کوئی تحریک
قوت ایسی پیدا نہیں ہوئی، جو ان میں یگانگت پیدا کر دیتی۔ اسی لئے مسلمان کبھی بادشاہ کے
ہو جاتے۔ کبھی علماء کے سایۂ عاطفت میں پناہ لیتے اور کبھی صوفیہ کرام کا دامن تھامتے، اور اس
ذہنی بحران کی وجہ سے قوم میں اجتماعی اتحاد اور ملی یگانگت پیدا نہ ہو سکی، اور وہ نہ صرف
درباروں بلکہ علماء کے حلقوں اور خانقاہوں کے اندر بھی علیحدہ علیحدہ گروہوں میں تقسیم ہو
جماعتی، اور قومی زندگی کھوکھلی بناتے رہے، وہ برسر اقتدار اس وقت تک رہے، جب
ان کے حکمرانوں کی قوت برقرار رہی، اور جب یہ قوت کمزور ہو گئی تو انھوں نے خود محسوس
کیا، کہ ان کے قوائے عمل شل ہو کر رہ گئے ہیں اور ان میں وہ کردار اور بلند اخلاق، عادات
اور وہ فکر و عمل باقی نہیں، جس سے وہ اپنی حکومت کو برقرار رکھ سکیں۔

شیخ محمد عبدہ

(جناب ضیاء الحسن فاروقی)

تذکرہ نویسوں نے لکھا ہے کہ زندگی کے آخری لمحات میں شیخ محمد عبدہ کی زبان پر یہ اشعار تھے،

ولست أبالی ان یقال محمد — أبلّ أو اکتظت علیہ المآتم

ولکن دینا قد أردت صلاحہ — أحاذر ان تقضی علیہ العمائم

یعنی شیخ مرحوم کو نہ تو اپنی صحت یابی کی فکر تھی اور نہ اس کی کہ مرنے کے بعد لوگ اُن کے ماتم کرتے ہیں یا نہیں، فکر تھی تو صرف یہ کہ دین کی اصلاح اور ترقی کے لئے انھوں نے جو جد وجہد کی تھی، اس کا انجام کیا ہوگا، اور دستار اور عمامے والی قوم اس کے بارے میں کیا فتویٰ دے گی، دوسرے لفظوں میں یہ کہ انھیں نئی روشنی والوں کی طرف سے کوئی اندیشہ نہیں تھا، اندیشہ تھا تو بجز دستار کی طرف سے جس نے ہمیشہ اپنے ہی مصلحوں کی کاوشوں کو اپنی تنگ نظری کا ہدف بنایا ہے۔

شیخ محمد عبدہ (۱۸۴۹ء — ۱۹۰۵ء) کا جب انتقال ہوا تو ساری اسلامی دنیا نے اُن کا سوگ منایا، کیسا سوگ اور کس پایہ کا ماتم — اس کا اندازہ آج بھی ہم رشید رضا کی کتاب تاریخ الاستاذ الامام (الجزء الثالث) سے کر سکتے ہیں۔ جو مختلف ملکوں کے جرائد و رسائل کے مقالات اور علماء و فضلاء کے بیانات پر مشتمل ہے، سوال یہ ہے کہ دیارِ مصر کے اس مفتی کی شخصیت اور کارناموں میں کون سی ایسی بات تھی جس کی وجہ سے اس کی موت کو عالم کی موت تصور کیا گیا اور اس کی وفات کو مسلمانوں ہی کا نہیں بلکہ اسلام کا ایک حادثہ قرار دیا گیا۔

مشہور مسیحی صحافی اور مصنف جرجی زیدان نے مشاہیر الشرق (الجزء الاول) میں لکھا ہے کہ شیخ مرحوم کے والد کاشتکار تھے اور ان کے دوسرے بیٹے کاشتکاری کے پیشے میں لگے ہوئے تھے، لیکن انھوں نے محمد میں ذہانت اور ذکاوت کے آثار دیکھے اس لئے انھیں گاؤں کے مکتب میں بھیجدیا جہاں انھوں نے کلام مجید

حفظ کیا، اس کے بعد وہ ۱۸۶۲ء میں طنطا آئے اور الجامع الاحمدی میں داخل ہوگئے، یہاں ان کا قیام تین سال رہا، طنطا میں انھیں ذہنی آسودگی نہیں میسر آئی اور انھوں نے تعلیم ہی کو خیرباد کہنے کا ارادہ کر لیا، لیکن اس روحانی اور ذہنی اضطراب کی منزل میں ان کے چچا نے ان کا ہاتھ پکڑا، انھیں حصولِ تعلیم پر مائل کیا اور تصوف کی راہ دکھائی۔ اسی سال وہ آزہر آئے، قیام ازہر کے زمانے میں تصوف سے ان کا شغف بہت بڑھ گیا، ان کا زیادہ وقت ریاضت اور مراقبہ میں گزرتا یہاں تک کہ ترکِ دنیا کی منزل سے آگے، اس موقع پر ایک بار پھر ان کے چچا نے ان کو سنبھالا دیا اور ترکِ علائق سے انھیں باز رکھا۔ بہرحال ازہر کو جب انھوں نے چھوڑا تو بے اطمینانی کی حالت میں، غالباً وہ ازہر کے شیوخ سے بہت کم استفادہ کر سکے، اس کی وجہ یہ تھی کہ شیخ جامعہ ازہر کے طریقۂ تعلیم کی خرابیوں سے نالاں تھے، انھوں نے ازہر سے اپنے ہتھی داماں اٹھنے کا بڑا سبب "فساد طریقۃ التعلیم" ہی کو بتایا ہے۔

اس کے بعد وہ خود اپنے طریقے سے مطالعہ کرتے رہے، اس سے انھیں لذت علم کی دولت میسر آئی، ان کے علم کو گہرائی اور ان کے فکر کو گیرائی نصیب ہوئی، حسن اتفاق سے ۱۸۷۱ء میں مصر کی سرزمین پر جمال الدین افغانی نے قدم رکھا، یہ ایک بڑا واقعہ تھا، افغانی کی شخصیت میں وہ جاذبیت تھی جو بے چین روحوں کو پروانہ وار اپنی طرف کھینچ لیتی تھی، چنانچہ محمد عبدہ بھی مصری نوجوانوں کی ایک جماعت کے ساتھ ان کے حلقہ میں بیٹھنے لگے، محمد عبدہ نے اپنی جودتِ طبع کی بدولت افغانی کے درس میں ایک نئی زندگی محسوس کی کہ یہ مجتہد فیلسوف روایتی علم کو ایک نئے انداز سے پیش کرتا ہے، یورپ کے اُن علمی کارناموں کی قدر کرتا ہے جو ترجموں کے ذریعہ اس تک پہنچے ہیں، نوجوانوں کو اُن کے مطالعہ کا شوق دلاتا ہے وہ عہد جدید میں مسلمانوں کے مسائل کی نوعیت کو سمجھتا ہے اور مسلمانوں کو ان کی طرف متوجہ کرتا ہے۔ الغرض افغانی کے حلقہ میں انھیں امید کی کرن نظر آئی اور انھوں نے ادب، حکمت اور مذہب کو نئی روشنی میں دیکھنا شروع کیا۔ افغانی نے بھی ان کی صلاحیتوں کو پرکھ لیا اور دونوں ایک دوسرے کے بہت قریب آگئے، افغانی نے جب مصر چھوڑا تو اپنے حلقہ والوں سے کہا: "میں جا رہا ہوں لیکن اپنے پیچھے شیخ محمد عبدہ کو چھوڑے جا رہا ہوں، وہ تنہا مصر کے لئے کافی ہیں۔"

کہا جاتا ہے کہ افغانی اس عہد جدید میں عرب صحافت کے بانی اپنے شاگردوں کو تصنیف و تالیف

اور صحافت کی طرف متوجہ کیا اور خاص طور سے مصری صحافت کے اسرار و رموز ان پر واضح کئے، اسی کا اثر تھا کہ افغانی کے رخصت ہونے کے بعد محمد عبدہ نے بھی صحافت کی دنیا میں قدم رکھا، ۱۸۷۹ء میں وہ دارالعلوم میں استاد کی حیثیت سے مقرر کئے گئے، لیکن جلد ہی وہ وہاں سے الگ ہو گئے، اور اپنے وطن واپس چلے گئے، ۱۸۸۰ء میں جب مصر میں لبرل وزارت کی تشکیل ہوئی تو وہ قاہرہ بلائے گئے اور سرکاری گزٹ وقائع مصریہ کے مدیر مقرر ہوئے، محمد عبدہ نے اس کے ذریعہ لبرل خیالات کی اشاعت کی۔

۱۸۸۱ء میں اعرابی پاشا کی مشہور بغاوت ہوئی، محمد عبدہ اس کے حق میں نہیں تھے، لیکن انقلاب کی ناکامی کے نتیجہ میں انھیں بھی ماخوذ ہونا پڑا، اس کی وجہ غالباً ان کے لبرل خیالات اور افغانی سے ان کے تعلقات تھے، بہرحال ۱۸۸۲ء میں وہ جلاوطن کر دئے گئے۔ وطن سے نکل کر وہ پہلے بیروت اور وہاں سے سید جمال الدین کی طلبی پر پیرس چلے گئے۔ پیرس پہنچ کر انھوں نے بمعیت سید جمال الدین مشہور عربی اخبار العروۃ الوثقیٰ نکالا جس کے ابھی صرف چودہ ہی پرچے نکلے تھے کہ تمام یورپ کے سیاسی حلقوں میں کھلبلی مچ گئی۔ انگلستان نے ہندوستان اور مصر میں اس کی اشاعت روک دی، فرانس نے الجزائر اور تیونس میں قدغن کی، اور قصر یلدیز (ترکی) گو ابتدا میں خوش ہوا لیکن پھر اس کی صدائے اصلاح و حریت سے ڈر کر ممنوع الاشاعت قرار دیا۔ پانچ سال کے بعد محمد عبدہ مصر واپس آئے اور اپنی مذہبی اور تعلیمی اصلاح کا سلسلہ شروع کر دیا۔

مفتی مرحوم کی اس بہت ہی مختصر سوانح میں کوئی ایسی چیز نہیں ملتی جس میں انقلاب کی گھن گرج سنائی دے، یا افغانی جیسی "آتش زن" شخصیت کی چنگاریاں نظر آئیں، حقیقت یہ ہے کہ استاد اور شاگرد کی شخصیتوں کا یہی فرق تھا، افغانی انقلابی تھے، محمد عبدہ مصلح تھے، افغانی اپنی جد و جہد کا ثمرہ بہت جلد چاہتے تھے، محمد عبدہ تعمیر و اصلاح کی تخم ریزی کر کے نتائج کا انتظار کر سکتے تھے، افغانی میدانِ سیاست کے مرد تھے، محمد عبدہ کا خیال تھا کہ پہلے ذہنوں میں انقلاب پیدا کرنا چاہیے، ذہنی بیداری ہی پائدار سیاسی انقلاب کا ہراول بن سکتی ہے۔

انیسویں صدی میں مغربی استعمار کے دباؤ کے تحت اسلامی دنیا میں اصلاح و تغیر کی جو تحریکیں

پیدا ہوئیں سب کی بنیاد ایک اور سب کا مقصد ایک تھا، یعنی مسلمانوں کے اندر اُن تمام وسائل ارتقاء ذہنی و مادی کو پیدا کرنا جن کی وجہ سے وہ دوبارہ اپنی کھوئی ہوئی عزت حاصل کریں[1]۔"

مولانا آزاد نے ان تحریکوں کو تین حصوں میں تقسیم کیا ہے[2]:

(۱) سیاسی تحریکیں ـــــ یعنی سیاسی تبدیلی کی صورتیں پیدا کی جائیں، مسلم حکومتوں کے باہمی نزاعات دور کئے جائیں اور اسلام کے سیاسی اقتدار کا کوئی مضبوط مرکز قائم ہو۔ ان تحریکوں کے سلسلہ میں امیر نظام (ایران)، مدحت پاشا اور اُس کے ہم مسلک رفقاء کا نام آتا ہے، "ان سب کے بعد سید جمال الدین اسد آبادی کا ظہور ہوا جس نے اس طریق اصلاح کو اپنے پیشروؤں سے بھی زیادہ قوی اور سریع العمل بنانا چاہا۔"

(۲) "الاصلاح الافرنجی" کی تحریکیں ـــــ اصلاح افرنجی کی اصطلاح محمد عبدہ کی وضع کی ہوئی ہے۔ ان تحریکوں کی بنیاد مغربی تمدن کی تحصیل و اتباع پر رہی ہے۔ غالب تہذیب کی تقلید کی راہ بڑی آسان ہے، اس میں کسی کاوش فکر و اجتہاد کا بار گراں نہیں اٹھانا پڑتا، تہذیب حاضر کو اخذ و حصول کا سرچشمہ بنایا جائے اور باقی دوسری چیزیں جو تقلید کی اس راہ میں حائل ہوں متروک و مردود قرار دی جائیں۔ شیخ بیرم التونسی صاحب الافادۃ و الاعتبار اسی اصول کا داعی تھا۔ ابراہیم پاشا، سید ضمیر الدین پاشا اور علی پاشا مبارک وغیرہ اسی طرز کے لوگ تھے، اور ہندوستان میں سر سید احمد خاں کی تحریک کا مزاج بھی یہی تھا۔

(۳) دینی اصلاح کی تحریکیں ـــــ مجموعی طور پر ان تحریکوں کی اساس ان امور پر تھی کہ مسلمانوں کو اسلام کی صحیح تعلیم دی جائے اور تمام طبقات امت کا جہل دینی دور ہو، اور یہ کام انجام نہیں پا سکتا جب تک علماء کی اصلاح نہ ہو اور ان کا ذہنی جمود و تعطل نہ ٹوٹے۔ علماء نئے علوم اور نئی زبانوں کو سیکھیں اور علوم دینیہ و عربیہ کی تعلیم و طرز تعلیم کی اصلاح و تہذیب و تسہیل کی جائے[3]۔"

---

[1] مولانا ابوالکلام آزاد، الہلال، جلد ۴، نمبر ۴، ۲۸ جنوری ۱۹۱۴ء۔ [2] ایضاً۔ [3] ایضاً۔

مرحوم شیخ محمد عبدہ اس تحریک اصلاح کے ایک بہت بڑے داعی تھے۔ لیکن اس موقع پر یہ کہنا نہ ہوگا کہ مولانا آزاد جیسا نکتہ رس اور باریک بین عالم بھی مفتی محمد عبدہ کی تحریروں سے یہ نتیجہ نہیں نکال سکا کہ مفتی مرحوم کی دینی اصلاح کا جذبہ صرف اس لئے نہیں تھا کہ نئے زمانے کے تقاضوں کے مطابق کوئی نیا اسلامی علم الکلام پیش کیا جائے، بلکہ دینی اصلاح ایک ذریعہ تھا جس کے سہارے انیسویں صدی کا مسلم ریفارمر مسلمانوں کی اخلاقی اصلاح کرنا چاہتا تھا، مولانا کی تحریروں سے محمد عبدہ کے اصلاحی زاویوں کے اس پہلو پر روشنی نہیں پڑتی۔ ہوسکتا ہے کہ مولانا کے نزدیک دینی اصلاح کا مفہوم یہی رہا ہو کہ مذہبی اصلاح کا کام بھی ہو جائے گا، لیکن خالص علمی سطح پر دونوں اصطلاحوں کا مفہوم مختلف ہے، پھر ذریعہ کے مقابلہ میں مقصد، کم اہم نہیں ہوتا اس لئے مقصد کو بھی زیادہ واضح کرکے اور زیادہ زور دے کر پیش کرنا چاہیئے، افسوس ہے کہ عبدہ کے کم و بیش سارے عرب سوانح نگاروں نے بھی یہی بتانے کی کوشش کی ہے کہ ان کی زندگی کا خاص مقصد مذہبی اصلاح تھا، غالباً عثمان امین پہلے شخص ہیں جنھوں نے اس غلطی کی گرفت کی ہے اور کہا ہے کہ مفتی مرحوم کی اصلاحی تحریک کا یہ ایک پہلو تھا اور اہم پہلو تھا لیکن یہی ساری تحریک نہیں تھی،

شروع ہی سے محمد عبدہ کے سامنے مسلم سوسائٹی کا اخلاقی مسئلہ اپنی پوری اہمیت کے ساتھ تھا، اُن کی تحریروں میں، خاص طور سے العروۃ الوثقیٰ کے مقالوں میں جب اوطنی، آزادی اور قربانی و جانفشانی کی قدروں کی اہمیت اور افادیت تکرار کے ساتھ سامنے آتی ہے، وہ اپنے سماج کے افراد میں ان قدروں کو جلوہ گر دیکھنا چاہتے ہیں، مفتی اعظم کی حیثیت سے انھوں نے اجتہاد کی اہمیت اور اجتہاد کی ضرورت کو بہت زور دے کر بیان کیا، اور اس بات کو واضح طور پر پیش کیا کہ آزادی کے ساتھ تفکر و تدبر کا حق مہذب انسان کا بنیادی حق ہے، انھوں نے جرأت کے ساتھ اس کا بھی اعلان کیا اور بار بار کہ علماء کی علمی کاوشیں بے سود ہیں اگر اُن سے عمل کی تحریک نہیں ہوتی اور وہ اعمال و اخلاق سے بے تعلق رہتی ہیں۔[1]

---

[1] THE MUSLIM WORLD اپریل ۱۹۴۶ء، صفحہ ۱۵۳۔

بہر حال، اگر ہم مفتی مرحوم کی اصلاحی تحریک کا مجموعی طور سے جائزہ لیں اور اس کا خلاصہ بیان کریں تو اس سے بہتر نہیں بیان کر سکتے جو انھوں نے خود العروۃ الوثقیٰ کے پانچویں نمبر کے مقالہ افتتاحیہ کے آخر میں کہا ہے اور جسے مولانا آزاد نے اپنی زبان میں یوں لکھا ہے :

"یعنی اگر ہم قرآن کریم کا تدبر و تفکر کے ساتھ مطالعہ کریں اور پھر اُن تمام حوادث، انقلاب پر نظر ڈالیں جن کی وجہ سے آج تمام عالم اسلامی مبتلائے مصائب و آلام ہے تو ہم پر واضح ہو جائے گا کہ یہ سب کچھ نتیجہ صرف اس امر کا ہے کہ خدا کے حکموں سے ہم نے روگردانی کی، ہدایت قرآنی کی راہ سے ہٹ گئے، اور صراط مستقیم کو چھوڑ کر تابع ہوائے نفس و خطوات الشیطان ہو گئے، اور قرآن کہتا ہے کہ خدا کسی قوم کو کوئی نعمت دے کر پھر واپس نہیں لیتا جب تک کہ وہ خود اپنی صلاحیت کو ضائع نہ کر دے۔

پس علماء راسخین پر کہ فی الحقیقت جسم ملت کے لئے روح اور امت مرحومہ کے قدیم پیشوا ہیں، فرض ہے کہ سب سے پہلے بیدار ہوں اور غافلوں کو بیدار کریں ..... اگر انھوں نے قوم کو بیدار نہ کیا اور اس کی گذری ہوئی حالت تک نہ لوٹایا جو عصر نبوت اور صحابۂ کرام کا وقت تھی، اور نیز تمام بدعات و زوائد اور اعمال سیئہ خلاف قرآن و سنت کی ظلمت سے مسلمانوں کو باہر نہ نکالا، تو یہ یقینی ہے کہ وہ وقت آخر اس قوم کے لئے بھی آنے والا ہے جو امم ماضیہ پر آچکا ہے"[1]

دوسرے لفظوں میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ مفتی مرحوم کے اصلاحی پروگرام کے دو بنیادی اصول تھے (۱) کتاب و سنت کی پابندی اور (۲) علما کی بیداری اور شریعت کی اصلی و حقیقی تعلیم کی دعوت اور اشاعت، اُن کی تحریروں اور ان کی تمام سرگرمیوں میں اساسی طور پر یہی اصول کارفرما ہے۔ ازہر سے وہ مایوس تھے، سیکولر تعلیم سے بھی وہ کوئی امید نہیں رکھتے، ان کا یقین یہ تھا کہ اگر علماء کی اصلاح ہو جائے اور اُن کی ایک فعال اور با اثر جماعت بن جائے تو مسلمانوں کی اصلاح

---

[1] مولانا آزاد، الہلال، جلد ۴، نمبر ۴، ۱۱ فروری ۱۹۱۴ء

ہو سکتی ہے اور وہ اس عہد جدید میں ایک باوقار ملت کی حیثیت سے زندہ رہ سکتے ہیں۔

اعرابی کی بغاوت کے بعد جب وہ بیروت میں جلا وطنی کی زندگی گذار رہے تھے تو انھوں نے احیاء تعلیم علوم دینیہ اسلامیہ کی ایک مبسوط اور مفصل اسکیم لکھی اور لائحۃ الاصلاح والتعلیم الدینی کے نام سے بذریعہ شیخ الاسلام سلطان عبدالحمید کے حضور میں پیش کی[1]۔ مقصود یہ تھا کہ قسطنطنیہ میں سلطان کی سرپرستی میں ایک جامعہ اسلامیہ قائم ہو جس میں نئے طرز کا نصاب پڑھایا جائے، اور اس طرح رفتہ رفتہ بالغ النظر علماء کی ایک جماعت تیار ہو جائے، لیکن عبدالحمید کا عقیدہ یہ تھا کہ اصلاح و تجدید کی کوئی اسکیم خواہ وہ کسی نوعیت کی ہو اس کے استبداد کے لئے مہلک ہوگی، اس لئے اس نے اس طرف کوئی توجہ نہیں دی، اس کے بعد ازہر کی اصلاح کرنا چاہی مگر وہاں سے بھی انھیں استعفا دینا پڑا، پھر مدرسۂ دارالعلوم کا کام شروع کیا مگر اس سے بھی جو مقصود تھا وہ حاصل نہ ہوا بہرحال وہ تمام عمر اس کوشش میں سرگرداں رہے کہ مذہبی تعلیم کی اصلاح و تجدید ہو اور ایسے صالح علماء اور راسخین تیار کئے جائیں جو دین کی اساس پر نئے عہد کے تقاضوں کے مطابق مسلمانوں کی اصلاح کا کام کرتے رہیں۔

اعلیٰ مذہبی تعلیم کی اصلاح کے علاوہ مفتی محمد عبدہ نے مذہبی اصلاح و تجدید کی بھی کوشش کی اور بڑی حد تک اس مقصد سے کی کہ اس میں اور صرف اسی میں مسلمانوں کی اخلاقی اصلاح کے امکانات انھیں نظر آتے تھے، کتاب و سنت کی حقیقی تعلیم پر مضر صوفیانہ تصورات اور صدیوں کے تباہ کن اثرات کے جو پردے پڑے ہوئے تھے، مفتی مرحوم ان کو ہٹا کر اسلامی تعلیمات کے صحیح خدوخال نمایاں کرنا چاہتے تھے، رسالۃ التوحید کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ عقل کے دشمن نہیں تھے، توحید اور نبوت کے مباحث کو وہ عقلیت سے ماوراء نہیں تصور کرتے تھے، ان کا عقیدہ تھا کہ ان کو خالص عقل کے سہارے ثابت کیا جا سکتا ہے، ان کی نظر میں اسلام کی یہی وہ خصوصیت ہے جو دوسرے مذاہب میں نہیں ملتی، ان کا خیال تھا کہ عہد وسطیٰ میں اسلامی تعلیمات کا جو ڈھانچہ کھڑا کیا گیا تھا وہ پورے طور

---

[1] مولانا آزاد، الہلال، جلد ۴، نمبر ۴، ۱۱ فروری ۱۹۱۴ء

قرآنی نہیں تھا، مسلم فلسفیوں پر جو ہیلینی اثرات تھے، ان کی تہذیب وہ توازن اور ہم آہنگی کے ساتھ نہ
کر سکے، نتیجہ یہ ہوا کہ وہ ان کے قابو میں نہیں رہے، امام غزالی نے ان کی گرفت کی لیکن وہ بھی توازن
کھو بیٹھے اور امام مرحوم کے پیروؤں نے تو اور بھی غیر متوازن ہونے کا ثبوت دیا، اسلامی تھیالوجی کو
اس بات سے بھی نقصان پہنچا کہ اسلام کی سیاسی توسیع اور نئی عجمی قوموں میں اسلام کی اشاعت بڑی
تیزی کے ساتھ ہوئی، اور اس سرعت کا مقابلہ تھیالوجی کی ترتیب و تدوین کی تدریجی ترقی نہیں کر سکی
نتیجہ وہی ہوا جو ہونا چاہیے تھا، یعنی مختلف النوع افکار و خیالات عقائد و اعمال، رسم و رواج اور
عرف و عادات کا کوئی ایسا متوازن سسٹم نہیں بن سکا، جس کی اساس مطلق قرآنی ہوتی، اور یہی وجہ
کہ عہد جدید میں عہد وسطیٰ کے پورے کلامی نظام پر نظر ثانی اور جدید تصورات کی روشنی میں اسلامی عقائد
کی تشریح کی ضرورت ہے، یہ کام اس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک آرتھوڈوکس تھیالوجی پر
عمل جراحی نہ کیا جائے اور اس سے گذر کر قرآن و سنت کی اصل تعلیم کو نہ سمجھا جائے۔ اس سے یہ
نہیں سمجھنا چاہیے کہ مفتی محمد عبدہ عہد وسطیٰ کی تاریخ اور اس کے کارناموں سے منکر تھے، وہ انہیں تسلیم
کرتے تھے لیکن ساتھ ہی ساتھ تنقیدی نقطۂ نظر کی تبلیغ کرتے تھے، ان کا عقیدہ تھا کہ تاریخی نقد و
سے کام لے کر اور آرتھوڈوکس تھیالوجی کی تنگ نائیوں سے نکل کر علماء کو موڈرن ازم کی کھلی فضا میں آ
چاہیے، ہندوستان میں شبلی نے سرسید مکتب خیال کے ردعمل کے طور پر اس میدان میں ٹھوکر کھائی اور تجدید و اصلاح
کے بجائے یہ کوشش کی کہ آرتھوڈوکسی کو کسی قدر وسیع الخیال بنایا جائے، انجام یہ ہوا کہ وہ تمام عمر روایت
کے چکر سے نہیں نکل سکے اور جدیدیت سے بیزار رہے، برخلاف اس کے مفتی محمد عبدہ نے روایتی تھیالو
کی اصطلاحوں سے کام تو لیا لیکن اس لئے کہ جدیدیت کے لئے فضا ہموار کریں، اور یہی ان کا نمایاں کام ہے
یہ بات وہ جرأت کے ساتھ اس لئے کہہ سکے کہ وہ تقدیم العقل علی الظاہر الشرع کے اصول پر ایمان رکھتے
تھے، ان کا عقیدہ تھا کہ دین کی اساس تفکر و تدبر ہے اور تفکر و تدبر بغیر عقل کے ممکن نہیں، یہی وجہ ہے
کہ وہ اندھی تقلید کے سخت مخالف، پیر پرستی کے سخت دشمن اور اوہام و مضر روایات کے باغی تھے،
اور یہی سبب ہے کہ وہ "مغربی تہذیب" کی اچھی قدروں کو اپنانے کے لئے آمادہ رہتے تھے۔

دیا جب رنج بتوں نے.....

جناب عبداللہ ولی بخش قادری

بُت تراشی اور بُت پرستی انسانی فطرت میں داخل ہے۔ شعور کی بیداری کے ساتھ یہ کاروبار شروع ہوتا ہے اور حالات کے مطابق اس میں گرمی بازار آتی ہے۔ ہر کس و ناکس بقدرِ ظرف اپنے اصنام کی تخلیق کرتا ہے اور خود ہی اپنی مخلوق کا پجاری بن بیٹھتا ہے۔ بس۔ یہی متاعِ سوز و سازِ زندگی ہے اور یہی وہ دو سرے ہیں جن کے درمیان ساری داستانِ حیات بنتی اور بگڑتی ہے۔ انسان اپنے حقیقی بُت، مٹی یا پتھر سے نہیں بناتا۔ وہ کسی دھات کے بھی نہیں ہوتے۔ دراصل وہ کسی مادی پیکر کے رہینِ منت ہوتے ہی نہیں۔ انھیں واقعات و حادثات کے چاک پر رکھ کر کردار کے ردِ عمل سے بنایا جاتا ہے۔ ان کا خمیر فکر و نظر ہے۔ انھیں آپ آرزو کہیے یا خواہش، حسرت بتلیے یا تمنا امید کہیے یا ارمان۔ یہ سب وہی خود ساختہ بُت ہیں جن کی پرستش میں عمرِ عزیز بیتا کرتی ہے۔ ان سب کا مسکن خلوت کدۂ دل ہے جہاں ان سب کو سجایا جاتا ہے۔ ان میں بھی حفظِ مراتب ہوتا ہے اور یہ بھی وقتی یا مستقل، معین اور غیر معین ہوا کرتے ہیں۔ ہم میں سے ہر ایک شخص اپنے اپنے بُت سینے سے لگائے بیٹھا رہتا ہے۔ اُن سے مطلب براری بھی نہیں ہوتی تاہم لوحِ دل سے اپنے بنائے ہوئے نقوش مٹانے کا یارا نہیں ہوتا۔ جب کبھی حقائق کی چٹان پر گر کر کوئی بُت پاش پاش ہو جاتا ہے تب بھی اس کو بالکل جدا کرنے میں وقار مانع آتا ہے۔ کبھی کسی خذف ریزے کو دل میں رکھ لیا جاتا ہے، کبھی ضد کر کے از سرِ نو اس جیسے کئی اور صنم تیار کر لئے جاتے ہیں۔ اور کبھی کسی دوسرے قبیلے کے بُت کو مسند نشین بنا لیا جاتا ہے۔

دراصل یہ ماحول سے مطابقت پیدا کرنے کا معاملہ ہے۔ اس طرح جب کبھی آرزوؤں کی بساط قطعی طور پر درہم برہم ہو جاتی ہے اور حقائق سے آنکھ ملانے کی جرأت باقی نہیں رہتی تو

احساسِ محرومی و ناکامی کو قابلِ قبول بنانے کے لئے ہمارا ذہن رسا بہت سی دھوکے کی ٹٹیاں اپنے آگے کھڑی کر لیا کرتا ہے تاکہ شکست فاش کا گمان دل سے محو ہو جائے۔ اس ملمع سازی کے عمل سے خامیوں کے چہرے پر وقتی طور پر نقاب پڑ جاتی ہے اور اعتراف کی آزمائش سے بچ نکلنے کا موقع ہاتھ آ جاتا ہے۔ ان خود فریبیوں کی ایک شکل تلافی کی کوشش میں بھی نکل آتی ہے۔ اس صورت میں کسی خصوصیت پر بے جا زور دے کر اُسے طرۂ امتیاز بنا لیا جاتا ہے تاکہ دوسرے کمزور پہلوؤں پر نظر نہ پڑے اور ایک کمی کا دوسری زیادتی سے تدارک ہو سکے۔ آپ نے لکیر کے فقیر دیکھے ہوں گے جو بس ایک ہی ڈگر پر چلتے ہیں ان کا یہی یک طرفہ جھکاؤ اور طبیعت کی یک رنگی شدت اختیار کر جائے تو انھیں خبطی بنا دیتی ہے۔ اور آپ جانتے ہیں کہ دیوانہ لاکھ بکار خویش ہوشیار ہو، وہ بہرحال دیوانہ ہے۔ تلافی کی ایک صورت یہ بھی ہوتی ہے کہ اسی ایک کمی کو پورا کرنے کے لئے اپنے آپ کو تج دیا جائے اور وہ ایک نقطہ ہی مرکزِ حیات بن کر رہ جائے۔ جان جائے، آن نہ جائے والا معاملہ ہو، اس غیر معمولی جوش میں کبھی نوبت یہاں تک پہنچتی ہے کہ تلافی کے بجائے اضافہ ہو جاتا ہے لیکن اس تگ و دو سے اصل مقصد پھر بھی حاصل نہیں ہوتا۔ ذہنی توازن قائم نہیں ہو پاتا اور شخصیت کی ترازو کا پلہ کسی نہ کسی طرف جھکا ہی رہتا ہے۔ تلافی کے ان دو نمایاں طریقوں کی مختلف اور متعدد صورتیں ہوا کرتی ہیں۔ بچپن میں اس کیفیت کے مظاہرے بڑے کھلے دل سے کیے جاتے ہیں۔ بچوں کا دند پکار، مار پیٹ، چھیڑ چھاڑ سب اپنے وجود کو تسلیم کرنے کے مختلف ڈھنگ ہوا کرتے ہیں۔ جب ان پر بھی بڑوں کی گرفت ہونے لگتی ہے تو شرارت پر کمر باندھ لی جاتی ہے۔ ذرا سمجھ آئی تو باقاعدہ جھوٹ بولنے لگے، اُٹھائی گیرا پن پیدا ہو گیا۔ بدتمیزی کرنے لگے۔ گستاخ ہو گئے۔ نوجوانی کی امنگ آتے آتے اظہار جنسی پر اُتر آئے۔ طبیعت میں شہدہ پن داخل ہو گیا۔ اور ایسے ہی دوسرے کرتوت جنھیں طفلانہ حرکتوں سے تعبیر کیا جاتا ہے، اختیار کر لئے جاتے ہیں۔ ایک نحیف الجثہ لڑکا، فٹ بال کھیلنے کی ضد کرتا ہے دوسرا کھلاڑی لڑکا، کتابوں کی تحقیر کیا کرتا ہے۔ ایک محنتی اور ذہین طالب علم، میدانی کھیلوں میں اپنی عدم شرکت کو فخریہ بیان کرتا ہے۔ یہ سب کس لئے؟ دراصل یہ وہی ہیں جنھیں اپنی کسی کوتاہی کا بڑا قلق ہے اور صورتِ حال کی طرف ایک صحتمندانہ نظریہ رکھنے کے بجائے کچھ اس طرح تاؤ کھا گئے

ہیں کہ کسی اور طرف نظر اٹھا کر دیکھتے ہی نہیں۔ وہ ایک ہی میدان میں اپنی کارگزاری کا ایسا سکہ جمانا چاہتے ہیں کہ دوسری تمام کمزوریوں کا تدارک ہو جائے۔ بڑوں کے مسائل بھی بڑے ہوتے ہیں۔ تحصیل علم، فکر معیشت، غم روزگار، اس چند روزہ زیست میں سب ہی تقاضے سہنے پڑتے ہیں۔ مزید برآں ایسا محسوس ہوتا ہے کہ روز بروز زمین سخت اور آسمان دور ہوتا جاتا ہے، اور نوبت یہ آجاتی ہے کہ شوق کا سارا کاروبار لٹ کر رہ جاتا ہے اور امید کا سب کھیل بگڑ جاتا ہے ایسی صورت میں حقیقت سے آنکھیں چار کرنے کی جرأت باقی نہیں رہتی اور بہت سے مردان کار بھی خود کو کھلونوں سے بہلانے لگتے ہیں۔ بے کیف زندگی میں کچھ حرارت پیدا کرنے کے لئے بے سود مشاغل کا سہارا ڈھونڈ لیا جاتا ہے۔ یہ مشغلے ہی زندگی کے اصل کام کا جواز بن جاتے ہیں۔ نئی نئی دلچسپیاں پیدا کر لی جاتی ہیں، گپ شپ، تاش، شطرنج اور ایسی ہی دوسری تضیع اوقات کی ترکیبیں نکال لی جاتی ہیں۔ یہ سب گھڑی دو گھڑی کی ہلکی پھلکی تفریحیں چوبیس گھنٹے کا کام بن کر رہ جاتی ہیں۔ ایں دفتر بے معنی غرق مے ناب اولیٰ کا نعرہ لگا کر زندگی کے جھمیلوں سے کترا کر نکل جانے کی یہی صورت، سکون کا باعث بنتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ یوں تو تاریخ عالم میں ایسی بھی داستانیں نکل آئیں گی جو تلاش کی وہ خوشگوار مثالیں ہیں جن سے گلزار ہستی میں نکھار آیا۔ لیکن اسی احساس کی بدولت لباس انسانیت کے پرزے اڑانے والے بھی پیدا ہوئے۔ لیکن یہ تو وہ لوگ ہیں جو ایک دھن میں لگ کر رہ گئے۔ اگر راہ نیک تھی تو سماج کو فائدہ بھی پہنچا، اگر بے راہ روی تھی تو نقصان ہوا۔ لیکن وہ راہ صرف ایک ہی رہی۔ ان کی اپنی شخصیت ہر اک شے میں کسی شے کی کمی پاتی رہی اور بالآخر کسی حصار میں اپنے آپ کو ایسا مقید کر ڈالا کہ دنیا و مافیہا کی کوئی خبر ہی نہ رہی۔ یہ سب اپنے خبط میں مبتلا تھے۔ ترقی کی تو مجنوں اور دیوانہ ہو گئے۔ لیکن ایسے لوگ بکثرت ہیں جو محض فروعات میں اپنے آپ کو الجھا کر اپنی بے عملی کا تدارک کیا کرتے ہیں۔ یہ محض کاغذی پھولوں سے اپنے آپ کو تسلی دینے پر آمادہ ہو جاتے ہیں۔ ان کی زندگی کا کھوکھلا پن تیزی سے بڑھتا رہتا ہے اور یہ فریب کھاتے چلے جاتے ہیں۔ یہ محض ظاہری لیپ پوت پر زندگی کی عمارت کھڑی کرتے ہیں۔ عجیب عجیب مضحک اور مضحکہ خیز طور طریقوں سے اپنے آپ کو توجہ کا مستحق بناتے ہیں

اپنی ظاہری شکل و صورت میں کچھ ایسے سرخاب کے پَر لگا کر نمودار ہوتے ہیں کہ خواہ مخواہ ان
نظر پڑے۔ اس طرح روپ سے نہ سہی بہروپ سے ہی تھوڑی سی شانِ امتیاز کا خود کو حقدار
لیا جاتا ہے۔ اور دلِ ناصبور کو تھپ تھپانے کا موقع مل جاتا ہے۔ لباس کی انوکھی وضع قطع
مانگ پٹی کا بے جا اہتمام، ناز نخرے کا التزام جیسے تمام ہت کنڈے عموماً احساسِ کمتری کے
غماز ہوتے ہیں۔ معمولی معمولی چیزوں کا غیر معمولی انتظام، ذرا ذرا سی بات پر حد درجہ تو
بس ایسے ہی ڈھکوسلے ہیں جن کی اوٹ میں حقائق کی چمک دمک سے اپنی آنکھوں کو خیرہ
سے بچایا جاتا ہے۔ کوئی اپنی نااہلی کی خلش کو چھپانے کی غرض سے اپنے ماتحتوں پر حفظ ما
کے تحت ہر وقت گرم رہتا ہے، کوئی اپنا سارا رعب داب اپنے متعلقین پر ہی دکھا کر احو
میں اپنی بے اثری کی کمی پوری کر ڈالتا ہے۔ کوئی تنک چڑھا، تنک مزاج یا مرزا پھویا ہو کر
جاتا ہے۔ کسی کے ظرف کی تنگی اسے اترانے پر مجبور کر دیتی ہے۔ ذرا سی خوبی بھی انوکھی کا بڑا ہو کر
جاتی ہے۔ طبیعت کا پھچھورا پن معمولی معمولی حرکات سے ٹپکنے لگتا ہے۔ کسی کے پاس لے دے کے
بس گز بھر کی ایک زبان رہ جاتی ہے۔ ہر ایک پر اسی کی مار لگاتا ہے۔ کسی کے چوٹ لگے یا نہ
انھیں محض چونکا دینے سے مزا آجاتا ہے۔ یہ محض طنز کر کے خوش ہو جاتے ہیں۔ انھیں کچھ
حاصل نہیں ہوتا لیکن سمجھتے ہیں کہ بڑا تیر مارا۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ کارواں گزرتا چلا جاتا ہے اور
یہ ضلع جگت، پھبتی، طعن و تشنیع، اعتراض و تنقیص کے آلات سے مسلح اپنے ہوائی فیر کرتے رہتے
ہیں۔ اصل نقصان صرف ان کا ہوتا ہے، کسی دوسرے پر کوئی آنچ نہیں آتی۔ لہٰذا بجائے
کھسیانی بلی کی طرح ہر وقت کھمبا نوچتے ہی دکھائی دیتے ہیں۔ ذرا نظر دوڑائیے تو آپ کے آس
پاس ہی کوئی نہ کوئی ایسی مریضانہ شخصیت دکھائی دے جائے گی۔ ہمارے ایک شناسا ہیں جن
سارا زورِ طبیعت محض زبان کی غلطیاں پکڑنے اور تلفظ کی اصلاح کرنے کے کارِ خیر میں صرف
ہوا کرتا ہے، ذرا کسی نے زبان کھولی، اور انھوں نے زبان پکڑ لی۔ بولنے والے کو اپنی زبان
بگڑنے کا احساس نہیں ہوتا لیکن ان حضرت کا چہرہ ضرور بگڑ جاتا ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ اب
انھوں نے اس کا ٹیٹوا دبایا۔ مختلف طریقے سے پیچ و تاب کھایا کرتے ہیں اور جب تک اپنا

فرض انجام دے نہیں لیتے انھیں چین نصیب نہیں ہوتا۔ یہ سلوک تو محض آدابِ محفل کے خیال سے رکھتے ہیں ورنہ براہِ راست ایک ہی حملے میں سیدھے گردن پر سوار نظر آتے ہیں۔ اب عالم یہ ہے اگر کوئی بچہ بھی شامت اعمال سے داد فریاد کو حاضر ہو گیا ہے تو آپ کی توجہ اولاً اس کی ناہموار گفتگو کی طرف مرکوز ہوتی ہے اور اس کے بعد نفس مضمون پر توجہ فرماتے ہیں لیکن ان کی اس نکتہ چینی کا انجام یہ ہے کہ موصوف نے ورثے میں جو زبان پائی تھی، اسی پر آج تک یکسو ہے مگر جن کی حرف گیری فرماتے رہے ہیں ان میں سے اکثر بحرِ معنی کے جوہر شناس بن چکے ہیں۔ اپنی پستی اور دوسرے کی بلندی دیکھ کر طبیعت اور کڑھتی ہے اور وہ پھر اپنا عمل مزید شد و مد سے شروع کر دیتے ہیں۔ اب جس قدر بگڑ کر وہ اصلاح فرماتے ہیں، ستم ظریف احباب اتنی ہی کشادہ دلی سے قہقہہ لگاتے ہیں۔ ان کی جان جلتی ہے، لوگوں کو مزہ آتا ہے۔ کل تک جو عمل طرۂ امتیاز بن کر قدرے سکون پہنچایا کرتا تھا، اب چوٹ کے حدود میں داخل ہوتا جا رہا ہے۔ جس پتہ کیسہ تھا وہی پتے ہوا دینے لگے!

اس طرح اصل ٹانگوں کے بجائے بیساکھیوں پر چلنے والا اپنے متاع کا عشرِ عشیر بھی بمشکل حاصل کر پاتا ہے۔ اس کی خلش خود فریبی کے طفیل کم نہیں ہوا کرتی بلکہ جبلتِ نیا دی جذبے کی آزادگی کے لئے یہ جتن کئے جاتے ہیں، اسی بنیادی جذبے کو اس کے طرزِ عمل سے ٹھیس پہنچتی ہے۔ وہ احساسِ کمتری سے بچنا چاہتا ہے لیکن اس کے اوچھے وار اسے اور زیادہ ذلیل و خوار کرتے ہیں اگر آلامِ روزگار کو آسان بنانے کے لئے، ہر غم، غمِ جاناں، بنایا جاتا ہے تو زندگی کا توازن بگڑتا ہے۔ اگر محض ایک ہنگامے پر گھر کی رونق کو موقوف سمجھ کر نغمہ شادی کی تلافی نوحۂ غم سے کرنے کی فکر کی جاتی ہے تو پتا چلتا ہے کہ یہ بات تو بس شاعری ہے۔ جس طرح ٹوپی کی کمی، جوتوں میں اضافہ کر کے پوری نہیں کی جا سکتی، اسی طرح ایک بنیادی ضرورت کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ ہاں، یہ مناسب ہے کہ سر کو ایک قسم کی ٹوپی نہ ملے تو دوسری قسم کی ٹوپی سے ڈھک لیا جائے، یعنی غم البدل تلاش کر لیا جائے۔ ایسی صورت میں کوئی نقصان نہیں ہوتا اور شخصیت کا توازن قائم رہتا ہے۔

پہلے تلافی کے عمل کی واحد وجہ احساسِ کمتری کو سمجھا جاتا تھا۔ لیکن نئی تحقیقات نے واضح

کر دیا ہے کہ صرف احساس کمتری اس قسم کی حفاظتی تدابیر کی طرف رجوع نہیں کیا کرتا کیونکہ بہت سے احساس کمتری کے شکار ایسی کسی کوشش میں مشغول نظر نہیں آتے۔ اس کے برخلاف بہت سے اچھے خاصے بھلے مانس اس طرف جھک پڑتے ہیں۔ اس بنا پر یہ کہنا درست ہے کہ عزت بہ اندازہ ہے ازل سے۔ ہم اپنے آپ کو اپنے معمول کے طرزِ عمل سے بہت کچھ جانتے اور پہچانتے ہیں۔ بازار میں جو کچھ ہماری قیمت لگتی ہے، اس سے ہم متاثر ہوتے ہیں۔ کبھی لوگ ہمیں مغالطے میں ڈال دیتے ہیں اور کبھی ہم خود ہنس کی چال دیکھ کر اپنی چال بھول جاتے ہیں۔ ہمیں اپنا ٹھیک طور پر اندازہ نہیں ہو پاتا۔ اور یہی زندگی کا المیہ ہے۔ ہماری توقعات اگر ہمارے حالات سے میل نہیں کھاتیں تو پھر سارے دل میں آوازِ دور باش ہو کر ہی رہنا پڑتا ہے۔ حسرت نے کیا خوب کہا ہے:

غمِ آرزو کا حسرت سبب اور کیا بتاؤں　　مری ہمتوں کی پستی، مرے شوق کی بلندی

لہذا ضرورت یہ ہے کہ حالات کا جائزہ لیا جائے اور اپنی صلاحیتوں کا ٹھیک ٹھیک اندازہ لگا کر اپنی زندگی کا لائحہ عمل تیار کیا جائے اور موجِ حوادث سے ہنستے کھیلتے گزر جانے کی عادت ڈالی جائے۔ یاد رکھئے کہ شہ سوار ہی میدانِ جنگ میں گرتے ہیں۔ اس لئے نہ شکست میں ذلت ہے اور نہ کسی ایک ناکامی میں زندگی کی محرومی۔ کارزارِ حیات میں بہت سے مورچے لگتے ہیں جو فتح نصیب ہوتی ہے تو ان میں ناکام اور کامیاب سب ہی معرکے شامل ہوتے ہیں۔ ہمارے نظریے کی استواری ہماری حقیقت پسندی میں مضمر ہے۔ اگر دل کے صنم کدے میں خیالی پرستان بس گئے تو ان بتوں کا ہٹانا دشوار ہے اور وصال کا سوال نہیں اٹھتا۔ اب اگر ان بتوں سے آخر وقت منہ موڑ کر تلافی کی بھی کوئی صورت نکال بھی لی تاہم آسودگی محال ہے۔ اس وقت اس حقیقت کا انکشاف اور سوہان روح بن جائے گا:

خدا کی بے نیازی ہائے مومن　　ہم ایمان لائے تھے نازِ بتاں کر

کامن ویلتھ اور ہندوستان

جناب شاہ عبدالقیوم

سیاست کے میدان میں انگریز قوم کی فراست ایک مسلمہ حقیقت ہے۔ کامن ویلتھ کی تشکیل دراصل اس قوم کی سیاسی سوجھ بوجھ، مصلحت آمیزی، دور اندیشی اور حکمت عملی کا ایک بہترین نمونہ ہے۔ وہ تمام قومیں جو آزاد ہونے سے پہلے کسی نہ کسی صورت میں حکومت برطانیہ کے زیر اقتدار تھیں اور جن سے انگریزوں کے سیاسی، تجارتی اور ثقافتی تعلقات تھے اور جہاں یورپ کے کارخانوں کے لئے خام اشیاء کے خزانے اور تیار شدہ مال کی منڈیاں تھیں، انگریزوں نے سوچا کہ وہ آزادی پانے کے بعد برطانیہ سے اس طرح قطع تعلق نہ کریں کہ ساری تجارتی سہولتیں ختم ہو جائیں، تمام سیاسی رشتے ٹوٹ جائیں اور قوم جو کل تک حکمران تھیں آج بالکل بے دست و پا ہو کر رہ جائے۔ اسی مقصد کو سامنے رکھ کر کامن ویلتھ کی بنا رکھی گئی۔

ہندوستان کی آزادی سے پہلے یورپ افریقہ اور ایشیا کی جو بھی قومیں اس ادارے کی ممبر تھیں وہ اگرچہ اپنے داخلی معاملات اور خارجہ پالیسی کی تشکیل و تعمیل میں مکمل آزاد تھیں اور کوئی ممبر کسی کے ماتحت نہیں تھا، لیکن پھر بھی انفرادی حیثیت سے ہر ممبر تاج شاہی کا فرمانبردار تھا۔ اس انجمن کے ہر ممبر کے لئے برطانوی انداز کی پارلیمانی جمہوریت کا قیام لازمی تھا جس میں گورنر جنرل کا تقرر تاج برطانیہ کی منظوری سے ہوتا تھا، اور ہر ممبر ملک میں ایک دوسرے کے غیر ہائی کمشنر کہلاتے تھے، لیکن ہندوستان کی آزادی کے بعد اس انجمن کے ڈھانچے، دستور اور ہدایات میں نمایاں تبدیلیاں رونما ہوئیں۔ آزاد ہندوستان اس انجمن کا رکن تو بننا چاہتا تھا لیکن تاج برطانیہ کی رسمی پابندی کے لئے آمادہ نہیں تھا۔ بلکہ ایک مکمل آزاد اور خود مختار جمہوریت کرنا چاہتا تھا جس میں حکومت کا سربراہ گورنر جنرل کی بجائے عوام کا منتخب صدر ہو، جس میں

حکومت اپنے دستور اور روایات کی روشنی و ہدایت میں اپنے فرائض انجام دے نہ کہ برطانوی دستور کا پابند ہو۔

ان اہم تبدیلیوں کے بغیر ہندوستان اس انجمن کی ممبری کو کبھی گوارا نہیں کر سکتا تھا۔ ہندوستان اور انگریز قوم کا ایک عرصۂ دراز تک حاکم و محکوم کا تعلق رہا ہے، اور سیاسی لحاظ سے یہ تعلق کبھی خوشگوار نہیں رہا۔ دورِ غلامی کی کشمکش کی وجہ سے برطانیہ سے کوئی ایسا رشتہ قائم کرنا ممکن نہیں تھا۔ جس میں مساوی حیثیت نہ ہو۔ اس کے علاوہ دیگر ممبرانِ دولتِ مشترکہ مثلاً نیوزی لینڈ، کینیڈا اور اسٹریلیا وغیرہ کی طرح ہندوستان اور انگلستان میں کوئی تہذیبی، نسلی سماجی یا نظریاتی ہم آہنگی اور یکسانیت بھی نہیں تھی کہ جس کی بنا پر حکومتِ انگلستان سے وابستگی کسی اعزاز یا خوشی کا باعث ہوتی۔ اس کے برخلاف ۴۸، ۱۹۴۷ء تک اس میں بھی شبہ تھا کہ ہندوستان کامن ویلتھ میں کسی قسم کی دلچسپی لے گا۔ ملک کی تمام سیاسی پارٹیاں جن کے دل سے برطانوی حکومت کے مظالم کی یاد محو نہیں ہوئی تھی۔ دولتِ مشترکہ سے الحاق کی سخت مخالف تھیں۔ خود کانگریس کے اہم رہنما مخالف تھے، دستور ساز اسمبلی کے ممبران نے بھی اس رشتہ کو مناسب نہیں سمجھا۔ لیکن آزادی ملنے کے کچھ ہی عرصے کے بعد کانگریس کے صفِ اول کے رہنما اور قوم کے دیگر بہی خواہوں نے ان فوائد پر غور کیا کہ جو اس نو آزاد اور تقسیم شدہ قوم کو برطانیہ اور دوسرے ترقی یافتہ یورپی ممالک سے اس انجمن کے ذریعہ تعلق قائم رکھنے میں ہو سکتے تھے۔ چنانچہ جے پور کے اجلاس میں کانگریس نے کامن ویلتھ کا ممبر بننے کی قرارداد منظور کی۔ اس موقعے پر اور اس کے بعد کتنی ہی بار مختلف موقعوں پر پنڈت جی نے قوم کے سامنے ان فوائد اور تجارتی و سیاسی سہولتوں کا تذکرہ کیا ہے جو اس ملک کو کامن ویلتھ میں شریک رہنے سے حاصل ہو سکتے ہیں اور ہوئے ہیں۔ ان فوائد کا ایک سرسری جائزہ ذیل میں پیش کیا جاتا ہے:۔

(۱) ہندوستان ایک آزاد اور خود مختار ملک کی حیثیت سے اس انجمن میں خود اپنی مرضی سے شامل ہوا ہے، کسی کے دباؤ یا اثر سے مجبور ہو کر نہیں، اور آزاد ہے کہ

جب چاہے اپنی مرضی اور مصلحت کے پیش نظر اس سے ناطہ توڑ لے، کوئی مجبور نہیں کر سکتا کہ ہندوستان اپنے منشا کے خلاف اس ادارے کا ممبر رہے۔

(۲) اس انجمن کے سب ممبر مساوی حیثیت رکھتے ہیں، کسی ملک کی مادی ترقی معاشی خوشحالی اور تہذیبی و معاشرتی آسودگی کسی دوسرے پر فوقیت یا فضیلت نہیں رکھتی۔ سیاسی اعتبار سے اس انجمن کے سب ممبر ایک حیثیت رکھتے ہیں اور ایک حسن سلوک و رواداری کے مستحق ہیں۔

(۳) ممبر ملکوں نے آپس میں ایک دوسرے کی مدد کرنے اور ترقی کے منصوبوں میں تعاون کرنے کا "وعدہ" وعدہ، سخنے "وعدہ" کیا ہے۔ لیکن ایفاء کا دارومدار ہر ملک کی اپنی خواہش اور استطاعت پر منحصر ہے۔

(۴) اس قسم کے تعاون سے ہماری اندرونی اور بیرونی پالیسی کی آزادی پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ کتنے ملک ہیں جو اس انجمن کے ممبر ہونے کے ناطے ہماری بہتری، ترقی اور خوشحالی کے خواہاں ہیں، اور ہمارے پنج سالہ منصوبوں کی تکمیل میں ہماری مدد کر رہے ہیں، اور اس طرح وہ کام جو برسوں میں پورا ہوتا، اب مہینوں اور دنوں میں پورا ہو رہا ہے۔ ترقی اور خوشحالی کے کتنے خواب خود ہماری زندگی میں شرمندۂ تعبیر ہو رہے ہیں۔

(۵) شاہ (ملکہ) انگلستان اس انجمن کے ممبر ممالک کے درمیان دوستی اور یگانگت کی محض علامت ہیں۔ ہماری آزادی پر ان کی شخصیت یا رسمی سرداری کا کوئی اثر نہیں پڑتا۔ ہماری سیاسی پالیسی، زندگی کے طور طریقے اور دوسرے نظریات پر اس رشتہ سے کوئی پابندی عائد نہیں ہوتی۔

(۶) ہمارا اپنا دستور ہے، اپنے قانون ہیں۔ ہم آزاد ہیں کہ ان قوانین کو جب چاہیں ختم کر دیں یا بدل کر نئے وضع کر لیں، کامن ویلتھ کی شرکت اس آزادی میں کوئی رخنہ نہیں ڈالتی۔ ہماری اپنی پارلیمنٹ ہے جو اپنے بنائے ہوئے قوانین کے لئے برطانوی پارلیمنٹ کی منظوری کی محتاج نہیں بلکہ خود ہمارے منتخب صدر جمہوریہ

کے دستخطوں سے عمل میں آتے ہیں۔ شاہ انگلستان کی مہر کے منتظر نہیں رہتے۔

(۷) اس انجمن میں شامل رہنے سے ہم پر کوئی ایسی پابندی بھی نہیں آتی کہ ہماری بیرونی پالیسی یا دنیا کے دوسرے ممالک کے ساتھ وہی رویہ ہو جو برطانیہ یا کسی دوسرے ممبر کا ہے۔ یہ بھی ضروری نہیں کہ ہر ممبر ملک دوسرے ممبر ملک کے ہر سیاسی اقدام کو ہمیشہ سراہے! اختلاف تو ایک زندہ اور خوددار قوم کی نشانی ہے کتنے موقع ایسے آئے ہیں کہ جب ہندوستان نے حکومتِ برطانیہ کی سامراج پسندی اور ظلم و استبداد کے خلاف آواز بلند کی ہے، ۱۹۵۶ء میں نہر سوئز پر انگلستان کے حملے کی مذمت اس امر کی ایک مثال ہے۔

یہ بھی ضروری نہیں کہ ممبران کے آپسی جھگڑے صرف اسی انجمن کے ذریعہ طے ہوں گے۔ یہاں کے علاوہ بھی کسی دوسری انجمن یا ادارے جیسے یو۔این۔او۔ میں دو ممبر ممالک کے ذاتی اختلافات یا سیاسی مسائل کا حل تلاش کیا جا سکتا ہے مثلاً ہند و پاک کے درمیان کشمیر کا مسئلہ اقوامِ متحدہ میں پیش ہے۔

(۸) کامن ویلتھ میں شرکت کا مطلب یہ ہرگز نہیں ہے کہ ہندوستان جن باتوں کو اصولی طور پر امن و انسانیت کے خلاف سمجھتا ہے۔ ان کے خلاف اپنی جدوجہد چھوڑ دے ہم آج بھی نسلی امتیاز اور سامراجیت کے مخالف ہیں۔ بلکہ اس انجمن کے ذریعہ ہم نے اپنی اس تحریک میں کامیابی کا پتہ پایا ہے۔

ہندوستان کے وزیر اعظم آج بھی انگلستان کے دارالخلافہ میں افریقہ کے کالے باشندوں پر گوروں کے مظالم اور امتیازات کے خلاف اپنے غم و غصہ کا اظہار کر سکتے ہیں، اور مجبور کر سکتے ہیں کہ جنوبی افریقہ کی حکومت اپنی اس پالیسی کو خیرباد کہے یا اس انجمن کی رکنیت سے دستبردار ہو۔

(۹) کامن ویلتھ کا ممبر ہوتے ہوئے بھی ہندوستان نے فوجی گٹھ جوڑ اور معاہدوں کی مخالفت کی ہے، جبکہ برطانیہ اور دیگر ممبر ممالک اس قسم کے متعدد معاہدوں میں شریک ہیں مثلاً

نیٹو، سیٹو، بغداد پیکٹ وغیرہ۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہندوستان عالمی مسائل میں اپنی آزادانہ رائے رکھتا ہے اور اس کے اظہار پر بھی پوری قدرت حاصل ہے۔

(۱۰) یہاں یہ حقیقت بھی واضح ہو جاتی ہے کہ دنیا کی دو بڑی طاقتوں کے درمیان سرد جنگ کی گرما گرمی ہندوستان کے دولت مشترکہ کے تعلق پر کوئی اثر نہیں ڈالتی۔ اگرچہ اس انجمن کے سب ہی ممبر مغربی بلاک سے اپنی تقدیریں وابستہ کر چکے ہیں، لیکن ہندوستان آج بھی غیر جانب دار اور امن پسند ہے۔ ہم برطانیہ کے بھی دوست ہیں، اور روس کی ترقی اور خوش حالی کو بھی بہ نظر تحسین دیکھتے ہیں، امریکہ بھی ہمارا ہمدرد ہے اور روس بھی ہمارا بہی خواہ ہے۔

(۱۱) ہندوستان اس انجمن میں شامل ہوا تو محض اپنے فائدوں کے پیش نظر اس انجمن کے تعلق سے ہم کو دوسروں سے اور دوسروں کو ہم سے تجارتی اور ثقافتی فوائد اور سہولتیں حاصل ہیں۔ اور یہ صحیح ہے کہ آج کی ترقی یافتہ دنیا میں جہاں ضرورتیں کثیر اور ذرائع محدود ہیں کوئی بھی ملک دوسروں سے تعلق قائم کئے بغیر نہیں رہ سکتا ہندوستان دوسروں سے کتنی چیزیں لیتا ہے، غلہ، مشین، کپڑا، ادویات، دھاتیں اور روزانہ زندگی کی کتنی ضروریات ہیں جو ہم ابھی تک دوسروں سے لیتے ہیں، اور یہ سلسلہ کبھی ختم نہیں ہو سکتا، دنیا کا کوئی بھی ملک اپنی تمام ضروریات بذات خود پوری نہیں کر سکتا۔ اس قسم کے تجارتی لین دین کسی انجمن کے ذریعہ آسان ہو جاتے ہیں۔

(۱۲) ۱۷ مئی ۱۹۴۹ء کو ہندوستان کی دستور ساز اسمبلی کے سامنے دولت مشترکہ میں ہندوستان کی شمولیت کی ہمنوائی میں تقریر کرتے ہوئے وزیر اعظم پنڈت نہرو نے کہا تھا، میری خواہش ہے کہ دنیا دیکھے کہ ہندوستان اس قوم سے بھی خوشگوار تعلقات رکھ سکتا ہے جس سے وہ ماضی میں اپنے جائز حقوق کے لئے جنگ آزما رہا ہے۔ نیشنلزم کے تصور کو محدود کرنے سے عالمی مسائل کبھی حل نہیں ہو سکتے۔ اور محض اس بنا پر کہ ہم کل تک انگریز کے ساتھ دست و گریباں رہے ہیں، دولت مشترکہ میں شامل ہونے سے انکار نہیں کر سکتے۔"

"اور بالفرض اگر اس انجمن کی رکنیت سے ہمیں کوئی بڑا فائدہ نہیں ہے تو اس سے علیحدہ رہ
میں ہمارا نقصان یقینی ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ ہندوستان کو نہ صرف اس انجمن ہی میں ایک ممتاز حیثیت حاصل ہے
بلکہ اس کے ذریعہ ہندوستان نے سیاست عالم میں اپنے لئے ایک اعلیٰ مقام حاصل کیا ہے۔ آج
بین الاقوامی مسائل میں ہندوستان کی رائے اور رویہ کو جو نمایاں حیثیت حاصل ہو رہی ہے۔ اس میں
اس انجمن کی آواز اور تعاون کا بڑا حصہ ہے۔ ۱۹۵۱ء میں جنگ کوریا نے خوفناک شکل اختیار
کر لی تھی اور ہر گھڑی تیسری عالمی جنگ چھڑ جانے کا خطرہ تھا۔ روس اور امریکہ ایک طرح کھل کر میدان
میں آگئے تھے، اس وقت اس انجمن کے دیگر ممالک کے ساتھ ہندوستان نے جنگ بندی کی انتھک
کوشش کی اور کامیابی کے نتیجہ میں دنیا کی نظروں میں ایک ممتاز امن پسند قوم کا درجہ پایا۔
اسی طرح انڈوچائنا کے مسئلہ میں ہندوستان کی مشترکہ کوششوں سے ایک دیرینہ قضیے کا
تصفیہ ہو سکا۔

اس انجمن کے ذریعے ہندوستان نے دنیا کی سیاست میں ایک وقار اور عزت حاصل کی ہے۔
اس کے علاوہ کولمبو پلان اور دیگر کامن ویلتھ ممالک سے انفرادی طور پر ہمیں کس قدر مالی، صنعتی
اور اخلاقی مدد مل رہی ہے۔ اس سے کم ہی لوگ واقف ہیں، اس انجمن کے ممبر ممالک کا ایک
دوسرے کی ترقی اور خوشحالی کے منصوبوں میں تعاون کا وعدہ اور آپس میں جنگ کرنے اور
اپنے ذاتی مسائل کو خوش اسلوبی سے طے کرنے کے اقرار نے ایک کو دوسرے سے بے حد قریب
کر دیا ہے؛ اس انجمن سے قطع تعلق کرتے ہیں جذبات کی تسلی چاہے ہو جائے لیکن نقصانات
کا اندازہ مشکل سے کیا جا سکے گا۔

"دو کنارے"

جناب شمیم نوید علی گڑھی

دُور کچھ دُور اس ندی کے پار
پھُوس کی جھونپڑی میں اک سادھو
کیسا دھونی رمائے بیٹھا ہے
بے نیازِ مآلِ راحت و غم
اپنی دُنیا بسائے بیٹھا ہے

ادراک میں کہ اس کنارے پر
اپنے دل میں ہزار داغ لئے
غم کی تاریکیوں سے اُلجھا ہوں
یاس و امید کے چراغ لئے

اور کبھی میں اداس نظروں سے
تکنے لگتا ہوں ان نظاروں کو
کاش یہ فرق عیش و غم نہ رہے
ایک جا کر دوں دو کناروں کو

یا پھر اک میرا جھونپڑا بھی وہیں
ہوتا سادھو کی جھونپڑی کے پاس
میرے بھی گرد رقص کرتی خوشی
اور زمانے کے غم نہ آتے پاس
دُور کچھ دُور اس ندی کے پار

امتحانات

"کوئی پانچ سوال کیجئے۔ سب کے نشان برابر ہیں" ان دو مختصر جملوں میں لاکھوں طالب علم کے لئے آزمائش کی ایک بھیانک داستان پوشیدہ رہتی ہے۔ کم از کم سال کے دو مہینے فروری اور مارچ آموختہ دوہراتے ہی گزرتے ہیں تاکہ کسی طور پر کامیابی کے لئے تینتیس فیصدی نشان حاصل کر سکیں تاہم اس عرق ریزی کے باوجود بیشتر امیدواروں کے لئے امتحان کا نتیجہ ایک نعمت غیر مترقبہ ہی ہوا کرتا ہے۔ اگرچہ ہماری تعلیم کا میدان دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کے برابر وسیع نہیں ہوا ہے تاہم ہم اپنی تعداد کے لحاظ سے غیر معمولی ہیں۔ مدرسے کے اپنے نجی امتحانات سے درگزر ہمارا اتر پردیش بورڈ کا ہائی اسکول سرٹیفکیٹ امتحان اپنے اعداد و شمار کے اعتبار سے دنیا کا سب سے بڑا امتحان ہے۔ ہر سال کئی لاکھ طالب علم اس امتحان میں شریک ہوتے ہیں۔ اتنے بڑے امتحان نے تعلیمی سے زیادہ تنظیمی مسائل پیدا کر دئے ہیں۔ امتحان کے شرکا بے عنوانیاں ہی نہیں برتتے بلکہ فوجداری پر بھی آمادہ رہتے ہیں۔ اب صرف پرچے چوری نقل ہی نہیں ہوا کرتی بلکہ منظم طور پر کامیابی کے دوسرے ذرائع بھی استعمال کئے جاتے ہیں۔ امتحانات کے زمانے میں صرف اساتذہ کی مشغولیت میں ہی اضافہ نہیں ہوتا بلکہ امن و امان کے محافظوں کی مشغولیت بھی بڑھ جاتی ہے۔ چھوٹے چھوٹے امتحانات اپنی چھوٹی چھوٹی دشواریاں رکھتے ہیں۔ مدرسے کے اپنے اندرونی امتحانات کے کچھ اور مسائل ہیں۔ لیکن ایک بات طے ہے۔ خواہ کسی چھوٹی جماعت کا معاملہ ہو یا کسی مستند امتحان کی بات، سارا معاملہ قسمت کا کھیل ہو کر رہ گیا ہے! امتحانات کے پرچے، نصاب کی پورے طور پر عکاسی نہیں کرتے۔ اس لئے طلبہ تحصیل علم کے بجائے ہتھ کنڈے استعمال کرتے ہیں۔ اولاً اہم اور غیر اہم حصوں میں ابواب کی تقسیم ہوتی ہے پھر مخصوص اور محدود تیاری کی جاتی ہے اور تیر و نہ تکا کے مصداق شرکتِ امتحان کی

نوبت آتی ہے۔ اس میں مضمون نگاری اور عبارت آرائی کی عملداری ہے۔ اور آخر میں ممتحن کے ہاتھ ساری بات رہ جاتی ہے۔ اور حالات ایسے ہیں کہ وہ اپنی نیک نفسی کے باوجود سب کو آنکھ سے نہیں دیکھ پاتا۔ شخصی معتقدات کے علاوہ بہ یک وقت کام کا بار عموماً اس قدر ہوتا کہ دیانت داری سے فرائض کی ادائیگی واقعی دشوار ہو جاتی ہے۔ عملی امتحان کا معاملہ اور زیادہ غیر تسلی بخش ہے۔ خواہ سائنس یا کسی مضمون کا کوئی عملی امتحان ہو یا کسی حرفے کا یا آ سے آنے والے ممتحن کو بسا اوقات خانہ پوری کی فکر ہوتی ہے اور اساتذہ کو مہمان نوازی کی۔ اگر دونوں اپنی اپنی کوششوں میں کامیاب رہیں تو دونوں خوش رہتے ہیں اور طلبہ کا بس اللہ نگہبان رہ جاتا ہے۔

یہی جنگ عظیم کے دوران میں ذہانت کی جانچ کے طور طریقوں کی طرف خصوصی توجہ دی گئی اور ماہرین نفسیات نے جانچ کے پرچوں کو ایسی شکل دے دی جن میں مروجہ امتحان کے پرچوں کی بیشتر خامیاں جاتی رہیں۔ اس اصلاح سے تعلیم نے پورا فائدہ اٹھایا مگر اس طرح تمام مسائل پھر بھی حل نہ ہوئے۔ چھوٹی جماعتوں میں تو مختصر سوالات اور مختصر جوابات سے کام چل سکتا تھا لیکن جہاں پر ندرت فکر، مدلل اور مسلسل عبارت اور تحقیق و تنقید کی بات آجاتی ہے وہاں پرچے میں مسلسل مضمون لکھنے کے علاوہ کوئی اور چارہ کار باقی نہیں رہتا۔ لہٰذا تعلیمی میدان میں کام کرنے والوں کا مسئلہ بدستور قائم رہا۔ اور سب سے خراب بات یہ ہوئی کہ ہم نے امتحان کی غرض و غایت پر غور کرنا ہی چھوڑ دیا۔ ہمارے سامنے صرف طلبہ کے چھانٹنے کی بات رہ گئی تھی کسی طور پر ایک معیار مقرر کیا اور انٹکل پچو کچھ کو ناکام گردانا اور کچھ کو کامیاب قرار دیا لیکن آزادی کے بعد بجا طور پر ہماری نظر اپنے مقاصد کی طرف گئی اور اب سب سے اہم سوال یہی ہے کہ ہم کیونکر اپنے طلبہ کو حقیقی تعلیم دیں۔ ہمیں شخصیتوں کی تربیت کرنی ہے۔ صرف اسناد تقسیم کرنا نہیں ہے اور اسی نظریے کے تحت امتحان اور اس کے طریقۂ کار کو بھی بدلنا ہے۔ امتحان کے نئے طریقوں میں رد و بدل کر کے ہی طلبہ میں حصول تعلیم کے مناسب رجحانات پیدا کئے جا سکتے ہیں۔ اور اسی بنا پر درس و تدریس کے قاعدوں میں انقلاب آسکتا ہے۔ ہمیں اس بات کی پوری

طور پر سعی کرنی ہے کہ ہمارے طلبہ صالح روایات کے حامل ہو جائیں۔ ان کا مذاق سدھرے اور ان کے نظریات میں استواری آئے۔ وہ محض کتاب کا کیڑا بن کر نہ رہ جائیں بلکہ کام کے آدمی بن سکیں۔ یہ کام ظاہر ہے کہ صرف ایک سالانہ امتحان سے انجام نہیں پا سکتا۔ اس سلسلے میں استاد کی نگاہ التفات متواتر درکار ہے۔ اس لئے بہت سے ماہرین تعلیم نے، طلبہ کے سال بھر کے کام کو مفید ٹھہرایا۔ پچھلے دس سال میں مختلف اداروں نے اپنی اندرونی جانچ کو مختلف عنوان سے کچھ نہ کچھ جگہ ضرور دی ہے اور طلبہ کے دورانِ سال کی کارگذاری کو کسی قدر مدنظر رکھا ہے۔ جامعہ میں یہ کام ایک مدت سے ہو رہا ہے۔ اب تو بعض مضامین میں سالانہ امتحان کی وقعت سال بھر کے کام کے مقابلے میں صرف ایک چوتھائی رہ گئی ہے۔ لیکن اس صورت میں اساتذہ پر بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ اپنا کام نہ صرف پابندی اوقات سے کرانا ہے بلکہ اسے ترتیب کے ساتھ محفوظ رکھنا بھی ہے۔ ساتھ ہی ساتھ اس کام میں بڑی احتیاط درکار ہے۔ اور شکی طبیعتوں کو اطمینان بھی دلانا ہے۔ چند سال ہوئے کہ بڑے جوش و خروش سے ریاست پنجاب میں اس کام کا آغاز ہوا لیکن بدعنوانیوں کا کچھ ایسا بازار گرم ہوا اور اس قدر غلغلہ بڑھا کہ مجبوراً اس مستحسن اقدام کو بہت کچھ روکنا پڑا۔ تاہم ان دشواریوں کے باوجود اس طرف خصوصی توجہ درکار ہے اور ضرورت یہ ہے کہ رکارڈ رکھنے کے طریقوں کی درستی کی جائے، استادِ متعلقہ کی جانچ کو ایک ضابطہ دیا جائے اور ایسے طریقے برتے جائیں جن سے جائزہ معقول بن سکے اور شخصی تعصبات و معتقدات کا عمل دخل بڑی حد تک ختم ہو جائے۔ تاکہ سالانہ امتحان کا بھوت ہمیشہ کے لئے طلبہ کے سروں سے دُور ہو جائے۔ وہ کتابوں کو چھوڑ کر ان کی غیر ذمہ دارانہ اور گمراہ کن تلخیصوں کو حفظ کرنے کے چکر میں نہ پڑیں۔ کامیابی حاصل کرنے کے لئے ناجائز ذرائع کو استعمال نہ کریں۔ ناکامی کے خوف اور رسوائی کے ڈر سے جان نہ دیں۔ اور نہ انھیں دورانِ سال میں خالی الذہن رہ کر تضیعِ اوقات کرنے کا موقع ملے۔ تاکہ ہمارے مدرسے، صحیح معنی میں کام کے مدرسے کہلا سکیں۔

لیکن یہ تو طریقہ کار کا معاملہ رہا۔ اصل بات تو یہ تھی کہ ہم اپنے مقاصد کے تحت تعلیم دین

اور انھیں کے پیش نظر جانچ کریں۔ یہ ہمارا بنیادی سوال ہے۔ تین سال ہونے آئے؛ بات کو پُرزور طریقے سے شکاگو یونیورسٹی کے عالم ڈاکٹر بلوم نے ہمارے اساتذہ کی مخصوص مجلسوں میں پیش کیا۔ انھوں نے اصرار کیا کہ مناسب سوالات کے ذریعے طلبہ کی ان صلاحیتوں کو بخوبی جانچا جا سکتا ہے۔ جو ان کی اندر پیدا ہونی چاہئیں۔ اسی طرح امتحان کا صحیح فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے اور امتحان کے زاویے کو بدلنے سے تعلیم کے طریقوں اور حصول تعلیم کی عادتوں میں لازمی طور پر خوشگوار تبدیلی لائی جا سکتی ہے۔ اُن کی اس تحریک کا کسی قدر اثر ضرور ہوا۔ اور ثانوی تعلیم کی منزل پر توسیعی پروگرام کے تحت کچھ کام بھی کیا گیا۔ کہیں کہیں اساتذہ کے تربیتی اداروں میں بھی کچھ چرچا ہوا۔ لیکن ابھی تک اس معاملے میں ہمارے مدرسوں کی فضا قطعی متاثر نہیں ہوئی ہے۔ گذشتہ اپریل میں چند ماہران تعلیم کو توسیعی پروگرام کے مرکزی ڈائریکٹریٹ کے تحت امتحانات کے مسائل پر غور و خوض کرنے کے لئے دعوت دی گئی تھی۔ امید ہے کہ اس کے کچھ خوشگوار نتائج جلد برآمد ہوں گے۔

'معلم'

حالاتِ حاضرہ

جمہوریۂ ہند کے نئے پاسباں ـــــ علم اور خدمت کو اعزاز

اس ماہ میں ہندوستان میں بہت بڑی بات ہوئی ہے۔ وہ یہ کہ ملک کے عظیم فلسفی اور مفکر ڈاکٹر رادھا کرشنن صدر جمہوریہ اور مشہور و معروف ماہر تعلیم ڈاکٹر ذاکر حسین نائب صدر جمہوریہ منتخب ہوئے ہیں۔ بظاہر اس واقعہ میں اس سے زیادہ کچھ نہیں ہے کہ دو جلیل القدر عہدوں پر دو عظیم المرتبہ شخصیتوں کا انتخاب ہوا ہے لیکن اگر اس پر پوری طرح غور کیا جائے تو اندازہ ہوگا کہ یہ کوئی معمولی واقعہ نہیں ہے۔ اس کی ایک اہمیت تو وہ ہے جس کا ہمارے محبوب وزیر اعظم نے اپنی کسی تقریر میں ذکر کیا تھا کہ اتنی بڑی تبدیلی کا اتنی خاموشی اور خوش اسلوبی سے ہو جانا اس بات کی علامت ہے کہ قوم میں جمہوریت اور اس کی شاندار روایات کی جڑیں بہت گہری اور مضبوط بنیادوں پر استوار ہیں۔ انھوں نے یہ بھی فرمایا تھا کہ بہت سے ملکوں میں ایسے مواقع پر ہنگامے ہوتے ہیں اور اس کے نتائج قوم و ملک کے لئے بہت ہی ناخوشگوار ہوتے ہیں۔ دوسری اہمیت یہ ہے کہ یہ دونوں عہدہ دار اگرچہ عملی سیاست سے ہمیشہ بے تعلق رہے، مگر ان کی علمی اور تعلیمی خدمات کی بنا پر سیاست نے انھیں اپنا سربراہ منتخب کرنے میں فخر محسوس کیا۔ گویا خاموش اور بے لوث خدمت ہنگامہ خیز سیاست پر غالب آئی اور تعلیم گاہ کے یہ بوریہ نشیں، اقتدار اعلیٰ کی مسند پر جوڑ توڑ، سازباز اور سعی و کوشش سے نہیں، محض اپنی شرافت، نیکی، خلوص دیانتداری اور خدمت کی بنا پر بیٹھے ہیں۔

ڈاکٹر رادھا کرشنن کا انتخاب پھر بھی زیادہ حیرت انگیز نہیں ہے۔ کیوں کہ وہ بین اقوامی شہرت کے مالک ہیں اور ایک طویل عرصے سے اہم عہدوں پر فائز رہے ہیں اور شروع سے جب آزاد ہندوستان کا دستور نافذ ہوا ہے، وہ نائب صدر جمہوریہ کی حیثیت سے کام کر رہے تھے، اس لئے

صدر جمہوریہ کے عہدے کے لئے ان سے زیادہ کون مستحق ہو سکتا تھا، مگر تعجب ذاکر صاحب کے انتخاب پر ہے۔ وہ شروع سے گمنام زندگی بسر کرتے رہے ہیں۔ انھیں کئی مرتبہ بلند ترین عہدے پیش کئے گئے لیکن انھوں نے بلند مراتب پر بظاہر معمولی مگر ٹھوس خدمت کو ترجیح دی۔ ان کے اسی خلوص اور جذبۂ ایثار کا نتیجہ ہے کہ ان کی خدمت کا حلقہ وسیع سے وسیع تر ہوتا گیا اور

ہر کہ خدمت کرد آں مخدوم شد

ذاکر صاحب کا انتخاب اس لحاظ سے بھی اہم ہے کہ اس سے اس اہم مقام کی نشان دہی ہوتی ہے، جو ہندوستانی سیاست میں مسلمانوں کو حاصل ہے، نیز قومی یکجہتی کے لئے ایک اچھا شگون ہے اور اس کی طرف ایک اہم اور قابل مبارکباد اقدام۔

آتش نشاں پھٹنے کو ہے — لاؤس عالمی کش مکش کا شکار

ادھر ڈاکٹر رادھا کرشنن نے صدارت کی ذمہ داری سنبھالتے وقت اعلان کیا کہ "ہمیں قومی سلامتی کو عالمی سلامتی سے بلند نہیں سمجھنا چاہیئے۔ ایسی خود مختار ریاست کا تصور جو مختار مطلق ہو اب وقت کے تقاضوں کے خلاف ہے۔ تمام قومی جذبات اور امنگوں کے پیچھے ایسی مشترک قدریں ہیں، جو تمام بنی نوع انسان کا سرمایہ ہیں۔ اگر اخلاقی قدریں ہمارے اعمال کے لئے مشعل راہ نہ ہوں تو خواہ وہ قومی ہوں یا بین اقوامی مستقبل خطرے سے پر بھی ہو سکتا ہے۔" دوسری طرف جنوب مشرقی ایشیا میں ایسی کارروائیاں ہو رہی تھیں، جن سے امن عالم کے لئے دن بدن خطرہ بڑھ رہا تھا اور اب وہاں ایسی نازک صورت پیدا ہو گئی ہے کہ کسی وقت بھی سرد جنگ گرم جنگ میں تبدیل ہو سکتی ہے۔ سیام اور لاؤس میں بارود کے ذخیرے جمع ہیں، آس پاس چنگاریاں بھی جو بارود کے ان ذخیروں تک پہنچ جائیں۔

ہمیشہ کی طرح امریکا اور روس اس کش مکش کی ذمہ داری ایک دوسرے پر ڈال رہے ہیں۔ مغربی طاقتوں کا کہنا ہے کہ لاؤس کی کمیونسٹ فوجیں معاہدہ کے خلاف آگے بڑھ رہی ہیں اور انھوں نے کئی جگہوں پر قبضہ کر لیا ہے۔ ان میں "نام تھا" خاص طور پر قابل ذکر "نام تھا" اگرچہ ایک چھوٹا سا گاؤں ہے، مگر فوجی لحاظ سے اس کی بڑی اہمیت ہے۔

دوسری طرف روس کو شکایت ہے کہ امریکا نے سیام میں اپنی بری، بحری اور فضائی فوجیں بھیج کر اپنی طاقت کا جو مظاہرہ کیا ہے وہ بے جا اور نامناسب ہے۔ اس نے یہ بھی دھمکی دی ہے کہ اگر امریکا نے لاؤس کے معاملہ میں خدانخواستہ مداخلت کی تو لاؤس دوسرا کوریا ہوگا اور امریکا کو یہ سودا بڑا مہنگا پڑے گا۔

تادم تحریر کی اطلاعوں سے معلوم ہوتا ہے کہ کمیونسٹ دستے کامیابی کے ساتھ آگے بڑھ رہے ہیں اور برطانیہ نے بھی اپنی فوجیں بھیجنا شروع کر دی ہیں۔ سیٹو کے دوسرے ممبر ممالک بھی اس کی تقلید کریں گے۔ ان تمام دہشت ناک خبروں کے ساتھ ایک خبر یہ بھی ہے کہ خروشچوف نے وعدہ کیا ہے کہ وہ لاؤس میں غیر جانبدار مشترکہ حکومت کے قیام کے لئے پوری کوشش کریں گے۔ اگر دل سے یہ کوشش کی گئی تو امید ہے کہ یہ آئی بلا ٹل جائے۔

مغربی ایریان میں انڈونیشیا کی پیش قدمی

انڈونیشیا نے طویل گفت و شنید سے مایوس ہو کر مغربی ایریان کی آزادی کے لئے فوجی اقدامات شروع کر دئے ہیں اب تک اس کی فوجیں کامیابی کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہیں۔ ہالینڈ نے بھی جوابی کارروائی شروع کر دی ہے۔ مصالحت کی کوششیں بھی جاری ہیں۔ انجمن اقوام متحدہ کے قائم مقام جنرل سیکریٹری یو تھانٹ نے دونوں سے پُر امن رہنے اور گفت و شنید سے معاملے کرنے کی اپیل کی ہے۔ مگر مشکل یہ ہے کہ ابتدائی گفتگو کے لئے دونوں ایک دوسرے کی شرط کو ماننے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ انڈونیشیا اس شرط پر گفت و شنید کے لئے تیار ہے کہ مغربی ایریان کی آزادی کو اصولی طور پر تسلیم کر لیا جائے۔ ہالینڈ اس شرط کو کسی صورت میں بھی تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں ہے، وہ صرف اس شرط پر دوبارہ گفتگو کے لئے آمادہ ہو سکتا ہے کہ امریکی ثالث مسٹر بنکر کی تجاویز کو گفت و شنید کے لئے

بنیاد مان لیا جائے۔ ان حالات میں بھی اگر جارحانہ کارروائیاں روکی جا سکیں تو یہ معجزہ سے کم نہ ہوگا۔

غضب ہے باسی کڑھی میں ابال آیا ہے ـــــ مسئلہ کشمیر سلامتی کونسل میں

ایسے وقت میں جب سرد جنگ پورے شباب پر ہو، تو یہ نہ ٹوٹے اور عہد و پیمان کا احترام باقی رہے، کسی اور کے لئے تو جائز ہو سکتا ہے، مگر ایک سپاہی کے لئے یہی وقت اپنی مردانگی دکھلانے کا ہے۔ چنانچہ پاکستان نے موقع و محل سے فائدہ اٹھانے کے لئے سیکورٹی کونسل میں کشمیر کا مسئلہ بڑے زور شور سے اٹھایا ہے۔ موجودہ حالات سے پاکستان کو کیا کیا توقعات رہی ہوں، اس کا صحیح علم تو اسی کو ہوگا، مگر ابھی تک ہندوستان کی ڈپلومیسی پوری طرح کامیاب ہے۔

ہیں کواکب کچھ، نظر آتے ہیں کچھ

آج کل پاکستان میں نئے دستور کی حمایت بلکہ مدح و منقبت میں بڑھ بڑھ کر قصیدے کہے جا رہے ہیں۔ اس سلسلہ میں مختلف اخبارات و رسائل میں نظم و نثر میں جو کچھ شائع ہوا ہے، ان کے مختصر اقتباسات ملاحظہ ہوں:۔

صدر محمد ایوب خاں نے نیا آئین پیش کر کے قائداعظم کی توقعات کو پورا کر دکھایا ـــــ شاہد احمد دہلوی

یہ ہماری تاریخ ملت میں ایک ایسا اہم بالشان واقعہ اور ملی فکر و تدبر کا ایسا قابلِ فخر کارنامہ ہے، جس پر ہم سب انتہائی مسرت و شادمانی کا اظہار کئے بغیر نہیں رہ سکتے ـــــ رفیق خاور

یہ دستور جمہوریت کی طرف ایک جچا تلا قدم ہے۔ ایسی جمہوریت جو قابلِ عمل ہے اور قوم کی خواہشات جذبات اور عملی ضروریات کا مظہر ہے۔ دستور صاف صاف طور پر بتلاتا ہے کہ اقتدار اعلیٰ اسی رب العالمین الحاکمین کے دست قدرت میں ہے جو روئے زمین اور اس نوزائیدہ سلطنت خداداد کا مالک ہے۔

(سید الطاف علی بریلوی (مدیر العلم))

صرف آئین ہی خالص علمی اور دینی بنیادوں پر نہیں بنایا گیا بلکہ اس آئین کے تحت آئندہ تشکیل تمام قوانین بھی علمی اور دینی بنیادوں پر تشکیل پائیں گے۔۔۔ دستور کی اسلامی روح کی ایک اہم دلیل صدر مملکت کے لئے یہ لازمی قرار دیا گیا ہے کہ وہ مسلمان ہو ـــــ (مفتی انتظام اللہ شہابی)

ستان کے مشہور ادیب ڈاکٹر شوکت سبزواری نے ایک مضمون میں آیات اور احادیث کے

ذریعہ ثابت کیا ہے کہ یہ دستور اسلامی تعلیمات کے بالکل مطابق ہے۔ مضمون کے آخر میں لکھتے ہیں کہ پاکستان دستور کی اہم بنیادی دفعات کا جو جائزہ سطور بالا میں لیا گیا ہے، اس میں تفصیل کے ساتھ بتایا گیا ہے ان دفعات کی اسلامی بنیاد کیا ہے، کونسی دفعہ یا شق اسلام کے کس اصول، قرآن کے کس نص اور سنت اور اس کے اصحاب کے کس عمل پر مبنی ہے اور اسلام میں اس کی حیثیت کیا ہے۔۔۔ یہ تفصیلات اسلامی تعلیمات کے مطابق ہیں اس لئے اسے

نظر تھی جس کی منتظر وہ گلعذار آگیا
سکوتِ بزم توڑنے وہ نغمہ بار آگیا
لئے ہوئے لبوں پہ مژدۂ قرار آگیا
وہ زر نگار آگیا، وہ نو بہار آگیا

جلو میں زندگی لئے شعور و آگہی لئے
پیام صبح نو لئے نوید روشنی لئے
سکون دل لئے وہ جانِ انتظار آگیا
وہ زر نگار آگیا، وہ نو بہار آگیا

(محسن بھوپالی)

ایک شاعر نے دستور کی اشاعت سے قبل ہی فرمادیا:

آئینِ وطن اگرچہ ہے نادیدہ
پھر بھی جمہور اس کے ہیں گرویدہ
روزوں میں ملے تو لوگ ہوں اور بھی خوش
ان کے لئے پھر تو ہو گیا دو عیدا (ایل۔ ڈی۔ اظہر)

ان اقتباسات سے جو صورت حال سامنے آتی ہے حقیقت اس سے بڑی حد تک مختلف ہے۔ پرانے سیاست داں اس دستور کے سخت مخالف ہیں، اگر ان کا بس چلا تو وہ قومی اسمبلی کے ذریعہ سیاسی جماعتوں کو زندہ کرنے کی کوشش کریں گے۔ قومی اسمبلی میں مشرقی پاکستان کو مساوی نمائندگی ملی ہے اور وہاں کے بیشتر نمائندے اس نعرے کے ساتھ منتخب ہوئے ہیں کہ اس دستور کو بدلنا ہے۔ وہاں کی مذہبی جماعتوں میں جماعت اسلامی سب سے بااثر جماعت ہے، اور وہ اسے اسلامی دستور تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں ہے۔ جون کو قومی اسمبلی کا اجلاس شروع ہونے والا ہے۔ شاید اس وقت جذبات و خیالات کا صحیح اندازہ ہو سکے۔

تعارف وتبصرہ

(تبصرہ کے لئے ہر کتاب کے دو نسخے بھیجنا ضروری ہیں)

غالب (ابتدائی دور) از ڈاکٹر خورشید الاسلام

سائز ۲۲×۱۸/۸ حجم ۲۸۴ صفحات۔ کتابت، طباعت اور کاغذ عمدہ۔ مجلد مع گرد پوش
قیمت: چھ روپے۔ تاریخ طباعت ۱۹۶۰ء۔ ناشر: انجمن ترقی اردو (ہند) علی گڑھ۔

جناب خورشید الاسلام صاحب ایک خوش فکر شاعر ہیں اور تنقید کا ستھرا ذوق رکھتے ہیں۔ پیش نظر کتاب کا تعلق صرف تنقید سے نہیں تحقیق سے بھی ہے اور اس میں کوئی شبہ نہیں کہ مؤلف نے ان دونوں کا حق ادا کیا ہے۔ آج کل تحقیق و تفتیش کا بڑا چرچا ہے، مگر ہمارے ایک دوست، جو خود بھی ماشاء اللہ ایک اچھے ریسرچ اسکالر ہیں، موجودہ ریسرچ کو "گورکنی" سے تعبیر کرتے ہیں۔ ان کے اس طنز اور مزاح میں بڑی حد تک حقیقت ہے، مگر اس کتاب میں جو تحقیق پیش کی گئی ہے، وہ تخلیق کے ہم پلہ ہے۔

غالب پر آج کل بہت کافی کام ہو رہا ہے، مگر ان میں بہت سا "گورکنی" سے زیادہ نہیں، لیکن زیر تبصرہ کتاب واقعی غالبیات میں ایک مفید اضافہ ہے۔ مؤلف نے اس کتاب کا مقصد یہ بیان کیا ہے کہ "غالب کی ابتدائی شاعری میں جو اثرات کام کر رہے ہیں، ان کا ایک جائزہ لیا جائے اور ہر اس شاعر کو سمجھنے اور سمجھانے کی کوشش کی جائے، جس کا براہ راست اثر غالب کی ابتدائی شاعری پر پڑا ہے۔"

یہ کتاب چار ابواب پر مشتمل ہے۔ پہلے میں غالب کے خاندان اور ان کے عہد پر لکھا گیا ہے، دوسرے میں ان شعراء سے بحث کی گئی ہے۔ جن کے اسالیب کا غالب کی ابتدائی شاعری پر اثر

پڑا ہے۔ تیسرے میں تمثیل نگاری۔ خیال بندی اور مناسبات لفظی پر گفتگو کی گئی ہے۔ چوتھے میں خود غالب کے کارنامے پیش کئے گئے ہیں۔ آخر میں دو ضمیمے دئے گئے ہیں۔ پہلے میں ان شعراء کا منتخب کلام دیا گیا ہے، جن کا کسی نہ کسی نہج سے غالب نے اثر قبول کیا ہے، دوسرا ضمیمہ ان الفاظ اور ان تراکیب پر مشتمل ہے، جو غالب کی ابتدائی شاعری میں بار بار وقیع انداز سے استعمال ہوئے ہیں۔ مولف کے الفاظ میں "یہ ایک گونہ دیدہ سوزی کا کام تھا۔" فاضل مؤلف کے اس خیال سے بھی غالباً اختلاف کی گنجائش نہیں ہے کہ "یہ ان دوستوں اور نوجوانوں کے لئے شاید زیادہ مفید ثابت ہو جو نفسیات اور ادب دو کے طالب علم ہیں۔ ممکن ہے کہ اس ضمیمہ کی بنیاد پر غالب کے ذہنی عمل کا مطالعہ کیا جا سکے۔"

شاد کی کہانی شاد کی زبانی

مرتبہ: پروفیسر محمد مسلم عظیم آبادی

سائز ۲۲×۱۸/۸ حجم ۲۸۱، قیمت غیر مجلد پانچ روپے۔ تاریخ طباعت ۱۹۶۱ء
ناشر: انجمن ترقی اردو (ہند) علی گڑھ

یہ حضرت شاد عظیم آبادی مرحوم کی خود نوشت سوانح حیات ہے، جسے مرحوم نے کسی مصلحت کی بنا پر اپنے شاگرد رشید پروفیسر محمد مسلم عظیم آبادی کی طرف سے لکھا تھا۔ یہ سوانح حیات ۱۹۲۱ء کے لگ بھگ لکھی گئی ہے اور حضرت شاد کا انتقال ۸ر جنوری ۲۷ء میں ہوا ہے۔ مگر ۱۹۶۱ء تک اس کو شائع کرنے کی کوئی صورت پیدا نہ ہو سکی۔ بالآخر ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب کی توجہ اور عنایت سے اس کی اشاعت کا انتظام ہوا۔ مرتب نے لکھا ہے کہ ڈاکٹر ذاکر صاحب نے "اکثر منتشر اجزاء کو بدقت نظر دست خط سے نقل کیا ہے۔"

اس کتاب سے حضرت شاد کے صرف حالات زندگی پر ہی روشنی نہیں پڑتی، بلکہ ان کے علمی کارناموں اور شاعرانہ خصوصیات کا بھی اندازہ ہوتا ہے۔ بڑی بات یہ ہے کہ خود شاد نے بصیغۂ غائب اپنی شاعری کی خصوصیات بیان کی ہیں اور بہت سے شعروں کی توضیح و تشریح کی ہے۔ اپنی غزلوں کی خصوصیات کے سلسلے میں لکھتے ہیں:

"ان دنوں ہندوستان میں غزل سراؤں کے مختلف مذاق ہیں۔ کوئی غالب مرحوم کے

انداز غزل سرائی کو پسند کرکے اسی طرز پر طبع آزمائی کرتا ہے۔ بہتیرے جوان طبیعت مرزا داغ کی غزلوں پر مٹے ہوئے ہیں، لیکن سید صاحب[1] کی غزل سرائی کا انداز جداگانہ ہے ان کی غزلوں میں فلسفۂ الٰہیات اور اخلاقی مضامین، استعاروں کا پہلو لئے ہوئے نہایت سلیس و متین بندشوں کے ساتھ رہتے ہیں، تاکہ شعروں کے معنی ظاہر کے سمجھ لینے پر عامیوں کو دقت و خلل نہ ہو۔ اور گو کہ اس میں معنی بلند ہوں، مگر کوئی نہ کوئی محاورہ یا لفظ یا ترکیب بندش ایسی بھی ہو کہ خاص خاص لوگوں کے علاوہ عام فہم والا بھی اس سے متلذذ ہو۔" (صفحہ ۱۰۴)

ہر خود نوشت سوانح حیات دلچسپ اور اہم ہوتی ہے، اگر زیر تبصرہ کتاب چونکہ دوسرے شخص کی طرف سے لکھی گئی ہے، اس لئے سوانح نگار نے اپنے متعلق ذرا کھل کر لکھا ہے۔ اس کی وجہ سے اس کتاب کی اہمیت اور اس کا لطف دوبالا ہو گیا ہے۔

مرزا مظہر جان جاناں کے خطوط : مترجمہ و مرتبہ : ڈاکٹر خلیق انجم

سائز $\frac{20.8}{16}$، حجم ۲۷۲، مجلد قیمت چار روپے۔ تاریخ طباعت جنوری ۱۹۶۲ء
ناشر: مکتبہ برہان اردو بازار۔ دہلی

مرزا مظہر جان جاناں اٹھارہویں صدی عیسوی کے سلسلۂ نقشبندیہ کے مشہور صوفیوں میں سے ہیں۔ جناب خلیق انجم صاحب شکریہ کے مستحق ہیں کہ انھوں نے موصوف کے فارسی خطوط کو جمع کرکے انھیں اردو میں ترجمہ کیا۔ یہ خطوط کئی لحاظ سے بہت اہم ہیں۔ جو لوگ مرزا مظہر جان جاناں کی شخصیت اور ان کے خیالات و افکار کو سمجھنا چاہتے ہیں، ان کے لئے ان خطوط کا مطالعہ تو ناگزیر ہے ہی، لیکن اس کے علاوہ اس لحاظ سے بھی بہت اہم ہیں کہ ان سے تصوف کے اہم مسائل پر روشنی پڑتی ہے اور اس عہد کے مذہبی

---

[1] حضرت شاد عام طور پر سید صاحب کے نام سے مشہور تھے اس لئے اس کتاب میں ان کے اصل نام کی بجائے سید صاحب ہی لکھا ہے۔

خیالات و تصورات کو سمجھنے کے لئے ان سے قابل قدر مدد ملے گی۔

فاضل مرتب و مترجم نے ان خطوط کی زبان اور اسلوب کے بارے میں لکھا ہے کہ "مرزا صاحب نے فارسی مکتوب نگاری میں بھی سادہ گوئی کی بنیاد رکھی اور اس کی اصلاح کی۔ غالب نے اردو نگاری میں جو اصلاحیں کی تھیں اور جس سادگی اور بے تکلفی کی طرح ڈالی تھی، اس کی ابتدا، نثر میں قبل مرزا صاحب نے ہی کی تھی۔" (صفحہ ۴۲، ۴۳)

ایک جگہ اور لکھتے ہیں۔ "ایسی فارسی نثر کے نمونے پیش کئے، جن میں سادگی، سلاست و فصاحت، بے تکلفی، بے ساختگی، شیرینی اور روزمرہ کا لطف تھا۔ بڑا اچھا ہوتا، یہ سادگی اور سلاست اردو ترجمہ میں بھی ہوتی۔ اس میں شبہہ نہیں کہ بعض علمی مباحث کو آسان اور عام فہم زبان میں پیش کرنا مشکل ہوتا ہے، مگر ذیل کا ایک مختصر اقتباس ملاحظہ ہو۔ ایسا معلوم ہوتا کہ کسی ایسے شخص کی تحریر ہے، جس کی پوری زندگی کسی عربی مدرسہ کی چہار دیواری کے اندر گذری ہو۔

"صوفیہ لفظ وجود کا اطلاق تین معنوں پر کرتے ہیں۔ ایک وجود بمعنی کون (ہونا) اور حصول (حاصل ہونا)، جو کہ ایک امر انتزاعی اور معقول ثانوی ہے۔ دوسرے وجود بسیط جو پہلے معنی کے انتزاع کے تعبر کرنے والا ہے اور صادر اول ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ جو انتزاع معنی اول کے منشاء اور ظاہر وجود کا، دونوں وجود ذات باری تعالیٰ سے متاخر ہیں اور ذات ان دونوں وجود سے مصدر آثار نہیں ہو سکتی۔ تیسرا وجود وہ ہے جو اول الاوائل اور مبدء المبادی ہے ....." (صفحہ ۴۷)

اس طرح کی مشکل اور الجھی ہوئی زبان ہر جگہ نہیں ہے، صرف وہاں ہے، جہاں علمی خصوصاً متصوفانہ مسائل سے بحث کی گئی ہے۔ ویسے کتاب دلچسپ، مفید اور قابل مطالعہ ہے۔

ترتیل القرآن

مؤلفہ: خدیجہ بنت سیدنا طاہر سیف الدین طبع

اس مختصر رسالہ میں قرآن حکیم کو صحت اور صحیح مخرج کے ساتھ پڑھنے کے طریقے بتلائے

گئے ہیں۔ یہ کتاب چھوٹے طالب علموں کے لئے بڑی مفید ہے۔ اس لئے ان مدارس میں جہاں مذہبی تعلیم دی جاتی ہے، اس کو درس میں شامل کرنا چاہیئے۔ یہ کتاب گجراتی زبان میں بھی شائع ہوئی ہے، جس پر ہم رسالہ جامعہ میں دسمبر ۱۹۶۱ء کی اشاعت میں تبصرہ کر چکے ہیں۔

ملنے کا پتہ: الادارۃ الثقافیۃ العلمیہ۔ معرفت دارالبرکۃ۔ فیضی بلڈنگ، فرسٹ فلور نظام اسٹریٹ، گلی ۲۔ بمبئی ۳

ادب اور تہذیب از فرحت اللہ انصاری

سائز ۲۰×۳۰/۱۶، حجم ۱۹۲ صفحہ۔ تاریخ طباعت درج نہیں، دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ فروری ۶۲ء ہے۔ قیمت: تین روپے۔ ملنے کا پتہ: آزاد کتاب گھر کلاں محل دہلی ۶

مختلف قسم کے پندرہ مضامین کا یہ مجموعہ ہے۔ یہ مضامین عموماً مختصر، دلچسپ اور شگفتہ ہیں۔ پروفیسر احتشام حسین صاحب کا تعارف بھی شامل ہے۔ موصوف نے ان مضامین کے بارے میں لکھا ہے کہ "ان پندرہ مضامین میں چند مضامین شخصیتوں سے متعلق ہیں، چند ہماری مشترکہ تہذیب کے متعلق۔ کچھ ادبی ہیں اور کچھ انشائی انداز میں تحریر کئے ہوئے ہلکے پھلکے مضامین۔ لیکن جب پڑھنے والا ان تمام مضامین کو ختم کرے گا تو اسے محسوس ہوگا کہ فرحت اللہ انصاری نے اس کے ذہن پر کوئی بوجھ ڈالے بغیر اسے اپنی قومی تہذیب کی اعلیٰ ترین قدروں اور صحت مند جمہوریت کے بنیادی اصولوں کی جھلک دکھائی ہے۔"

معلوم ہوتا ہے کہ ان مضامین کو کتابی صورت میں شائع کرتے وقت ان پر نظر ثانی نہیں کی گئی ہے۔ لانکہ اس کی سخت ضرورت تھی۔ "ہندوستان کا جائزہ" ۱۵ اگست ۴۷ء کا لکھا ہے۔ ۶۲ء میں ہندوستان حالات اور اس کے مسائل بالکل بدل گئے ہیں، ضرورت تھی کہ اس مضمون کو از سر نو لکھ کر شامل کیا جاتا۔ ایک طنزیہ خاکہ — انجمن مصنفین اردو" اگر اس میں شامل نہ کیا جاتا تو اچھا تھا۔ یہ لکھنؤ ایک غیر معروف رسالہ یا اخبار "ادروطن" میں شائع ہوا تھا۔ بس یہ اسی کے لئے موزوں ہو سکتا تھا۔ حوالی خامیوں سے قطع نظر کتاب پر لطف اور قابل مطالعہ ہے۔

(ع ل ا)

کوائف جامعہ

ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب جامعہ میں

ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب، نائب صدر جمہوریہ منتخب ہونے کے بعد، ۱۰ مئی کو دہلی تشریف
مستقل قیام گاہ کے انتظام تک راشٹرپتی بھون میں قیام کیا۔ ایک طویل عرصے کے بعد وہ
بر دہلی میں تھے۔ جامعہ برادری کو بڑی خوشی ہوئی کہ موصوف نے نماز عید اپنے پرانے ساتھیوں
جامعہ میں ادا کی اور بعد نماز اساتذہ اور کارکنوں کے ساتھ عید پارٹی میں شرکت کی۔ ڈاکٹر صاحب
نائب صدر جمہوریہ ہند کی حیثیت سے دہلی آنے پر ملک کے ہر خطے اور ہر طبقے کے لوگوں نے خو
کیا ہے۔ رہے ہم اہل جامعہ تو ہماری خوشی کا کون اندازہ کر سکتا ہے۔ ہم نے تو پچھلے چودہ برس
آسرے پر گذارے ہیں۔

یوسف گم گشتہ باز آید کہ کنعاں غم مخور
کلبۂ احزاں شود روزے گلستاں غم مخور

ان کی تشریف آوری کے وقت جامعہ میں گرمیوں کی چھٹی ہوئی تھی، اس لئے باضابطہ خیر مقد
تقریب وسط جولائی تک ملتوی رکھی گئی، لیکن انجمن جامعہ ملیہ اسلامیہ (کورٹ) کے جلسہ منعقدہ ۱۰ مئی
میں جناب اکبر علی خاں صاحب کی تجویز اور کئی حضرات کی تائید سے متفقہ طور پر یہ رزولیوشن پاس ک
"انجمن جامعہ ملیہ اسلامیہ کا یہ جلسہ خدائے تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہے اور اپنے بھائی اور بزر
ذاکر صاحب کی خدمت میں ہدیۂ تبریک پیش کرتا ہے کہ جمہوریۂ ہند کی پارلیمنٹ نے،
ہمارے ملک کی رائے عامہ کی امین اور وکیل ہے، موصوف کو نائب صدر جمہوریہ کے منصب جلی
کے لئے چن کر اپنے حسن انتخاب کا ثبوت دیا ہے۔"

شیخ الجامعہ صاحب مغربی جرمنی میں

شیخ الجامعہ پروفیسر محمد مجیب صاحب ایک بین الاقوامی کانفرنس میں شرکت کے لئے ۱۲ مئی کو ہفتہ عشرہ کے لئے مغربی جرمنی تشریف لے گئے ہیں۔ اس کانفرنس کا موضوع اور اس کے انعقاد کا پس منظر حسب ذیل ہے:

ہندوستان کی طرف سے ۱۹۵۴ء میں یونسکو جنرل کانفرنس میں ایک تجویز پیش ہوئی تھی کہ مشرقی اور مغربی تہذیب کی وضاحت اور ان میں مفاہمت کی مختلف صورتوں پر غور کیا جائے۔ اسی کے ساتھ یہ تحریک بھی پیش ہوئی کہ مختلف ملکوں کی تاریخ کی درسی کتابوں میں، خاص طور پر ان ملکوں کی، جن کے درمیان لڑائیاں ہوتی رہی ہیں، ایسی ترمیمیں کی جائیں کہ ان میں عداوت کا جذبہ پیدا نہ ہو۔ جرمنی کے شہر برنس وک میں ایک ادارہ قائم ہوا ہے جو انٹرنیشنل ٹکس بک انسٹی ٹیوٹ کہلاتا ہے اور جس کے ذمے یہ کام ہے کہ جرمنی اور باقی تمام دنیا کے اہم ملکوں کے ماہرین تاریخ سے مشورہ کر کے تاریخ کی درسی کتابوں میں مناسب ترمیم کرے۔ جرمنی اور فرانس، نیز جرمنی اور جاپان کے ماہروں نے ایسی ترمیمیں کر لی ہیں۔ ۱۹۵۶ء میں ایک کانفرنس ہوئی تھی، جس میں ہندوستان کے ایک نمائندے سے مشورہ کر کے جرمنی کی درسی کتابوں کے لئے ہندوستان کے متعلق مواد فراہم کیا گیا۔ اسی تحریک کے سلسلے میں انگلستان سے مختلف ناشروں نے تاریخ کی کتابیں ہندوستان کے نیشنل کمیشن کو اس غرض سے بھیجیں کہ وہ ہندوستانی علماء سے مشورہ کر کے بتلائے کہ ان میں کوئی ایسی بات تو نہیں ہے جو تاریخی اعتبار سے صحیح نہ ہو یا جسے بیان کرنے میں آج کل کے بدلے ہوئے حالات کا پورا لحاظ نہ رکھا گیا ہو۔ یہ بین الاقوامی کانفرنس، جس کی شرکت کے لئے پروفیسر محمد مجیب صاحب کو مدعو کیا گیا ہے، تاریخ کی درسی کتابوں پر نظر ثانی کی تحریک سے تعلق رکھتی ہے اور ۱۴ مئی سے ۲۳ مئی تک مغربی جرمنی کے ایک شہر گوٹنگن میں منعقد ہو رہی ہے۔

حضرت اثر لکھنوی جامعہ میں

جن ادیبوں کو حکومت ہند کی طرف سے امسال خطابات ملے ہیں، ان میں نواب جعفر علی خاں اثر لکھنوی بھی ہیں۔ ان خطاب یافتہ معززین کو تمغے عطا کرنے کے لئے ۲۹ اپریل کو راشٹرپتی بھون

میں ایک بزم تقریب بنائی گئی۔ اس میں شرکت کے لئے حضرت اثر دہلی تشریف لائے، تو ابوالکاظم قیصر زیدی صاحب کی دعوت پر جامعہ بھی تشریف لائے اور ایک مخصوص اور مختصر میں اپنا کلام سنایا۔ ایک غزل کے کچھ منتخب اشعار ملاحظہ ہوں :

چلا آتا ہے اک مستِ شباب آہستہ آہستہ
دعائیں ہو رہی ہیں مستجاب آہستہ آہستہ

حیا کشتہ ہوں میں اٹھے نقاب آہستہ آہستہ
سکوں سے ہم بغل ہو اضطراب آہستہ آہستہ

شرابِ ناب دے لیکن ذرا رک رک کے جھک جھک کے
نگاہ مست کر مست و خراب آہستہ آہستہ

خود اپنے حسن کا پردا ہے نورِ سرمدی تیرا
بنے جس طرح مہر اپنی نقاب آہستہ آہستہ

تسلی کی یہ باتیں ہیں کہ تڑپنے کی باتیں ہیں
خموشی پھر تبسم پھر خطاب آہستہ آہستہ

بحمد اللہ شوخی سے ہوا شیر و شکر آخر
گھلا موجِ تبسم میں حجاب آہستہ آہستہ

شبابِ حسن کی گرمی میں ہے رنگِ حیا شامل
گلِ عارض سے کھنچتا ہے گلاب آہستہ آہستہ

محبت راہ کرتی ہے یوں ہی محبوب کے دل میں
کہ جیسے نشہ کرتی ہے شراب آہستہ آہستہ

کھلی جو آنکھ، افق پر اک ستارا جھلملاتا تھا
میں سمجھا تھا کہ جلے گا شباب آہستہ آہستہ

اثر اس طرح میں مصرعِ ولی کا تو سنا ہوگا
"خطاب آہستہ آہستہ جواب آہستہ آہستہ"

حضرت اثر کو عام طور پر صرف غزل گو شاعر سمجھا جاتا ہے، اور اس میں شبہ نہیں، تغزل ہی آپ کی شاعری کی جان ہے، مگر آپ نے نظمیں بھی کہی ہیں اور یہ نظمیں بھی آپ کی غزل کی طرح سادگی و پرکاری کی حامل ہیں۔ موصوف کئی سال تک کشمیر میں رہ چکے ہیں، اس لئے آپ کی بیشتر نظمیں کشمیر کے مناظر پر ہیں اور بقول خود حضرت اثر ان کے ذاتی مشاہدے اور تاثر پر مبنی ہیں۔ آپ نے جو نظمیں سنائیں، ان میں سے "جہلم" کے چند شعر ملاحظہ ہوں :

جہلم کے دمِ صبح وہ دلچسپ نظارے
بلّور بہا جاتا ہے کرنوں کے سہارے

اوپل کی طرح سطح پہ رنگوں کا چھلکنا
یا آڑ سے آنچل کی حسینوں کے اشارے

کھیتی کا وہ جھک جھک کے ہر اک موج سے کہنا
چھاتی سے لگا لوں اگر آجاؤ کنارے

وہ پیچ و خم ساحل و امواج کا عالم ۔ آئینے میں گیسو کوئی معشوق سنوارے
موجوں کو شرابور کئے دیتی ہیں موجیں ۔ قطرے ہیں کہ چھوٹی ہوئی افشاں کے ستارے
نالہ ہو کہ نغمہ ہو مزا دے کے رہے گا ۔ جب سینے میں دم رکنے لگے شوق کے مارے
کشمیر ترے نام پہ کچھ نغمے لٹا کر
سنتے ہیں اثر اپنے وطن آج سدھارے

یہ محفل چونکہ مختصر اور بے تکلف احباب کی تھی، اس لئے حضرت اثر اپنا کلام سنانے کے ساتھ ساتھ علمی اور ادبی باتیں بھی کرتے جاتے تھے، جابجا اشعار کی تشریح بھی کرتے اور موقع و محل بھی بتلاتے اور کبھی کبھی تنقید بھی کرتے۔ اس نظم کا جب یہ مصرع سنایا کہ

"جب سینے میں دم رکنے لگے شوق کے مارے"

تو فرمایا کہ میں نے "دم رکنے لگے" کہا ہے، کوئی اور "دم گھٹنے لگے" بھی کہہ سکتا ہے۔

محترمہ صالحہ عابد حسین صاحبہ کا سفر زیارت

ابھی حال میں محترمہ صالحہ عابد حسین صاحبہ تہران اور عراق کے مقدس مقامات کی زیارت کر کے واپس آئی ہیں۔ موصوفہ رسالہ جامعہ کے لئے اپنے سفر کے حالات لکھ رہی ہیں، جو امید ہے پر از معلومات ہونے کے ساتھ ساتھ دلچسپ بھی ہوں گے۔

نشاط افروز تازہ پھلوں کے رس۔ پھولوں کے لطیف جوہر اور دوسرے مخصوص اجزاء سے تیار کیا گیا ہے۔

نشاط افروز کا ایک گھونٹ پیتے ہی پیاس تکان اور گرمی کی تپش اور لو کی تکلیف میں سکون ہوتا ہے۔

نشاط افروز فرحت اور تازگی بخشتا ہے

دواخانہ طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

ایجنسیاں:- مرادآباد چوکھا پل (۲) کانپور ظہیر اینڈ سنس چمن گنج (۳) جمشید پور محمد مصطفےٰ بسٹور بازار (۴) محفوظ الرحمٰن عبدالحفیظ (۵) مئو ناتھ بھنجن صدر بازار، احمد مجتبیٰ (۶) ناندہ۔ ڈاکٹر فار

Accession Number 124833
Date 30.8.95

جامعہ ملیہ میں داخلے

مدرسہ ابتدائی، مدرسہ ثانوی، کالج ۱۶ جولائی ۱۹۶۲ء کو کھل رہے ہیں۔ ان میں داخلے کے درخواستیں متعلقہ اداروں کو آخر جون تک پہنچ جانی چاہئیں۔ درخواست کے ساتھ فیس داخلہ بھیجنا ہے۔ مدرسہ ابتدائی کی داخلہ فیس سات روپے اور ثانوی و کالج کی فیس داخلہ دس روپے ہے

پتہ: جامعہ ملیہ اسلامیہ۔ جامعہ نگر نئی دہلی ۲۵

تاریخ و ناشر: عبداللطیف اعظمی مطبوعہ: یونین پریس دہلی ٹائٹل: دیال پریس دہلی